UNIVERSAL
LIBRARY
OU_222852
UNIVERSAL
LIBRARY

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ١٩١ د ل ٣٠ ٥ معارف - Accession No. ١١٣٢٥٩

Author طبع ٦

Title معارف اعظم گڑھ

This book should be returned on or before the date last marked below.

U/327

دائرۃ المعارف

یعنی

رسالہ اعظم گڈھ معارف

کی

۶۴ ویں جلد

از جولائی سنہ ۱۹۴۹ء تا دسمبر سنہ ۱۹۴۹ء

مرتبہ

سید سلیمان ندوی و شاہ معین الدین احمد ندوی

مطبوعہ معارف پریس اعظم گڈھ

سنہ ۱۹۴۹ء

فہرست مضمون نگارانِ معارف

جلد ۶۴

جولائی ۱۹۴۹ء تا دسمبر ۱۹۴۹ء

(بہ ترتیب حروف تہجی)

شمار	اسمائے گرامی	صفحہ
۱	مولانا ابوالجلال ندوی	۴۲ - ۸۵، ۱۸۶، ۲۷۹، ۳۰۴، ۳۵۶، ۳۸۸
۲	مولانا سید ابوظفر صاحب ندوی	۱۲۶ - ۴۰۵
۳	جناب ابو محفوظ الکریم صاحب معصومی	۳۹۷
۴	مولانا سید ریاست علی ندوی	۲۲
۵	جناب سید صباح الدین عبدالرحمٰن صاحب ایم اے،	۲۶۳، ۳۲۵
۶	مولانا عبدالسلام ندوی	۱۰۴-۱۶۵، ۲۴۵-۳۴۸، ۴۳۰
۷	جناب سید عزیز مہدی صاحب بخاری بنگلوری	۳۷۶
۸	جناب محمد بشیر الحق صاحب دیسنوی	۱۳۵، ۲۱۵
۹	مولوی حافظ مجیب اللہ صاحب ندوی رفیق دارالمصنفین،	۲۹۳، ۳۶۷
۱۰	جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب ایم اے پی ایچ ڈی	۴۵۱
۱۱	جناب مولوی محمود علی خانصاحب جامعہ احمدیہ بھوپال	۱۹۹
۱۲	شاہ معین الدین احمد ندوی	۵۷۲، ۶۸۰، ۸۲، ۱۵۷، ۱۶۲، ۲۳۸، ۲۴۳، ۳۰۹، ۳۱۶، ۳۲۲، ۳۹۸، ۴۰۲، ۴۷۷
۱۳	جناب قاضی سید نورالدین حسین صاحب بھروچ	۵۸

شعرا

۱	جناب اخلاق احمد صاحب قریشی	۷۶	۵	قیصر، جناب سید محمود حسن صاحب قیصر مرزہوی	۱۵۵، ۲۱۱
۲	ثاقب، جناب سید ابو محمد صاحب ثاقب کانپوری		۶	جناب مائل خیرآبادی	۷۷
۳	سہیل، جناب مولانا اقبال احمد خان صاحب سہیل ایم اے	۲۳۶	۷	جناب ڈاکٹر محمد عزیر صاحب لکچرار اردو مسلم یونیورسٹی علی گڈھ،	۱۵۶
۴	جناب شفیق جونپوری	۳۰۳، ۷۵ ۴۷۵	۸	جناب سید شاہ ولی اللہ صاحب ایم اے آرہ	۴۷۶

فہرست مضامین معارف

جلد ۶۴

جولائی سنہ ۱۹۴۹ء تا دسمبر سنہ ۱۹۴۹ء

(بہ ترتیب حروف تہجی)

شمار	مضمون	صفحہ
	شذرات	۲، ۸۲، ۱۶۲-۲۴۲، ۳۲۳، ۴۰۲
	مقالات	
۱	ابو حنیفہ دینوری کی کتاب النبات	۴۵۱
۲	ارگجہ	۳۷۶
۳	السامری	۴۲
۴	اسلامی ہند کے تمدنی کارنامے	۱۰۴، ۱۶۵، ۲۴۵، ۳۴۸
۵	اصلاحاتِ اقبال	۱۳۵-۲۱۵
۶	تاریخ یمن کی ایک سطر	۴۶۴
۷	ترکی ادبیات کا نیا رجحان	۱۹۹
۸	حضرت ایوب علیہ السلام	۸۵، ۱۸۷
۹	حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلی	۲۶۳، ۳۲۵
۱۰	سنگ شبام	۲۷۹، ۳۵۶
۱۱	ضمیمہ مضمون گجرات کے کتب خانے	۵۸
۱۲	عربی نظم و نثر کی تاریخ	۴۳۰
۱۳	عہدِ اسلامی کا ہندوستان	۲۳
۱۴	کلچر کی وحدت کا مقصد	۵
۱۵	منصورہ کے حکام اور اُن کے سکے	۱۲۶
۱۶	ہندوستان میں توپ کی تاریخ	۴۰۵
۱۷	یحییٰ بن آدم اور ادب کی	۲۹۳
	کتاب الخراج	۳۶۷

شمار	مضمون	صفحہ
	ادبیات	
۱	انقلاب	۱۵۵
۲	حشر جذبات	۳۸۷
۳	درس حیات	۴۷۵
۴	عید قربان	۳۰۱
۵	غزل	۶۷،۷۵ ۱۵۶،۷۷ ۳۰۲،۲۳۶ ۴۷۶
	باب التقریظ والانتقاد	
۱	ترجمان السنۃ	۳۰۴
۲	مرآۃ الشعراء	۳۰۹
۳	مشکلات القرآن	۳۸۸
	وفیات	
۱	مولانا اصغر حسین صاحب مرحوم سابق پرنسپل مدرسہ شمس الہدیٰ پٹنہ	۹۷
		۱۵۷،۷۸ ۳۱۷،۲۳۸ ۴۷۷،۳۹۸

کتاب عاشق مطبوعہ جدید

جلد ۶۴ ماہ رمضان المبارک ۱۳۶۸ھ مطابق ماہ جولائی ۱۹۴۹ء عدد ۱

مضامین

شذرات	شاہ معین الدین احمد ندوی	۲-۴

مقالات

کلچر کی وحدت کا مقصد؟	شاہ معین الدین احمد ندوی	۵-۲۲
عہد اسلامی کا ہندوستان	مولانا سید ریاست علی صاحب ضا ندوی	۲۳-۴۱
السامری	مولانا ابو الجلال صاحب ندوی	۴۲-۵۷
	رفیق دار المصنفین	
ضمیمہ مضمون گجرات کے کتب خانے	جناب قاضی سید نور الدین حسین بھروچ	۵۸-۷۴

ادبیات

غزل	جناب شفیق جونپوری	۷۵-۷۶
"	جناب اخلاق احمد صاحب قریشی	۷۶-۷۷
"	جناب بائل خیرآبادی	۷۷
مطبوعات جدیدہ	"م"	۷۸-۸۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شذرات

ہندوستان کے مسلمان جس نازک دور سے گذر رہے ہیں وہ ان کے لیے تاریخ کا کوئی نیا واقعہ نہیں ہے، اس سے پہلے بھی ان کو بڑے بڑے مخالف حالات کا سامنا ہو چکا ہے لیکن ان میں اور موجودہ حالات میں یہ فرق ہے کہ وہ عارضی تھے اور مسلمانوں کو بھی برابر کی قوت آزمائی کا موقع تھا لیکن موجودہ صورت میں کوئی جنگ و تصادم بھی نہیں ہے بلکہ زبانوں پر اتحاد و اتفاق کا نعرہ ہے کہنے کو غیر مذہبی حکومت ہے لیکن واقعہ کے لحاظ سے دونوں میں طاقت اور حقوق کی مساوات کا کوئی سوال نہیں، قانون سازی اور طاقت اکثریت کے ہاتھ میں ہے جس پر کوئی پابندی نہیں، اور اصل چیز قانون نہیں بلکہ اس پر عمل ہے، اور اس کا جو حال ہے وہ سب پر عیان ہے، ہندوستان سے اسلامی عہد کے تمدن کو مٹانے اور پرانی ہندو تہذیب کو زندہ کرنے کی کوشش جاری ہے، مسلمانوں سے ایک زبان اور ایک کلچر کے قبول کرنے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے، اردو کو قانونی حیثیت سے ختم کر دیا گیا ہے، یہ اور بات ہے کہ اپنی سخت جانی سے زندہ رہ جائے، ہر شعبہ میں ایسی شکلیں اختیار کی جا رہی ہیں کہ مسلمان خود بخود جگہ خالی کرنے پر مجبور اور ان پر آئندہ ترقی کی راہیں بند ہو جائیں یہ حقیقت خواہ کتنے ہی تلخ ہو مگر واقعہ ہے جس سے انکار ممکن نہیں ہے،

ان حالات میں ایک کانگریس سے انصاف کی توقع ہو سکتی تھی لیکن اب وہ بھی عملاً فرقہ وارانہ ادارہ بن کر رہ گئی ہے، کچھ اشخاص ضرور ایسے ہیں جو کانگریس کے اصولوں پر قائم ہیں اور مسلمانوں

کے ساتھ انصاف پاتے ہیں لیکن ان کی تعداد بہت کم اور انکی آواز بالکل بے اثر ہے۔ بلکہ اب تو مسلمانوں کی حمایت بھی جرم ہوگئی ہے، مسلمانوں کے "بہادر" لیڈروں نے پاکستان کی راہ لی، قوم میں مسلمانوں کی کوئی شنوائی اور حیثیت باقی نہیں ہے، ان میں سے جو لوگ وزارت کی کرسیوں، حکومت کے عہدوں اور اسمبلیوں کے ایوانوں میں ہیں، ان کو اب صرف اپنے عہدوں کے تحفظ کی فکر ہے اور اسکی لذت وحلاوت کے لیے وہ ہر تلخ سے تلخ گھونٹ پی جاتے ہیں اور ان کی پیشانی پر شکن تک نہیں آتی، کچھ لوگ آیندہ کی امید میں لو لگائے بیٹھے ہیں، اور جن کو ان کی وفاداری کا صلہ ملتا جاتا ہے، وہ میدان چھوڑتے جاتے ہیں جو مرد قلندر ان پھندوں سے آزاد ہیں انہی سے آیندہ توقعات وابستہ ہیں لیکن وہ دن دور نہیں جب انکا شمار معتوبین کے زمرہ میں ہو جائے گا۔

مسلمانوں کو انسانی حقوق سے محروم کرنے میں ہندوستان کو ہمیشہ سے کمال حاصل رہا ہے۔ جس کی مثال اچھوت ہیں، مسلمانوں کی موجودہ حالت بھی ان سے کم نہیں ہے، بلکہ اچھوتوں کی اصلاح وترقی کی کوشش ہو رہی ہے، ان کو حقوق مل رہے ہیں، اور مسلمانوں سے ان کے پرانے حقوق بھی چھینے جا رہے ہیں جس کا ثبوت کونسلوں اور اسمبلیوں میں ان کی نشستوں کے تحفظ کا خاتمہ ہے، اس لیے اس کا خطرہ ہے کہ اچھوتوں کی اصلاح وترقی سے ہندوستان کے پرانے نظام میں جو خلا پیدا ہوگا وہ مسلمانوں سے نہ پر کیا جائے، تاہم ان حالات سے ان کو مایوس اور خوفزدہ نہ ہونا چاہیے، ناامیدی اور غیر اللہ کا خوف مومن کی شان کے خلاف ہے، البتہ اس نکبت وادبار کے اسباب کی تلاش اور ان کے ازالہ کی تدبیر ضروری ہے، ورنہ اگر یہ احساس بھی جاتا رہا تو پھر ان کی تباہی میں کوئی شک وشبہ باقی نہ رہ جائے گا۔

اگر مسلمانوں میں زندہ رہنے کی قوت باقی ہے تو پھر دنیا کی کوئی طاقت ان کو ختم نہیں کر سکتی

قوموں کی موت وزیست اور ترقی وتنزل کا مدار ان کی کمیت یعنی عددی قلت وکثرت پر نہیں بلکہ ان کی اندرونی کیفیت پر ہے، جو ہر فولاد کو پتھر کی چٹانیں بھی نہیں توڑ سکتیں، اور خاک کے ڈھیر کو ہوا کا جھونکا بھی اڑا سکتا ہے، ہر قوم کی حیات کا کوئی نہ کوئی سرچشمہ ہوتا ہے جس سے اس کو زندگی ملتی ہے، اور ہر قوم کسی نہ کسی نصب العین کے لیے زندہ رہتی اور اسی کے لیے آگے بڑھتی ہے، خواہ وہ وطنیت ہو، قومیت ہو، مذہب ہو یا اور کوئی نصب العین ہو، مسلمانوں کے لیے زندگی کا یہ سرچشمہ اور نصب العین مذہب ہے، انھوں نے دنیاوی عروج بھی اسی کے سہارے حاصل کیا ہے، اور آیندہ بھی اسی کے سہارے زندہ رہ سکتے ہیں، مذہب ہی ان میں ایمان وعمل کی اصلی روح، خدا کی ذات پر اعتماد وتوکل کے ساتھ اپنے نصب العین کے حصول کے لیے جد وجہد، سعی وعمل، اس کی راہ میں ایثار وقربانی، اخلاص وصداقت، سادگی، بےتکلفی وغیرہ اوصاف واخلاق فاضلہ پیدا کرسکتا ہے جو دین کے ساتھ دنیاوی ترقی کے بھی سب سے بڑے وسائل ہیں، اور جو قوم بھی ان اوصاف سے متصف ہوگی، اس کو کوئی طاقت نہیں دبا سکتی، اسی کیساتھ دین ہی ملک ووطن کی حق شناسی بھی سکھاتا ہے، اور انکی صحیح خدمت بھی دین ہی کے ذریعہ ہوسکتی ہے۔

اسلام میں دنیا بھی دین ہی کا ایک شعبہ ہے اور اسلام کا مقصد مسلمانوں کی دنیاوی ترقی اور سربلندی بھی ہے، اور اس کو ایمان اور عمل صالح کا لازمی نتیجہ قرار دیا گیا ہے، اس لیے اگر مسلمان دنیاوی عروج وترقی سے محروم ہیں تو سمجھ لینا چاہیے، کہ انکے مذہبی اعمال ناقص ہیں، اسلیے جس طرح مسلمانوں پر دوسرے مذہبی اعمال فرض ہیں اسی طرح کسب دنیا کے دنیاوی وسائل پر عمل اور ہر صالح ترقی کے میدان میں مسابقت کی جدوجہد بھی ان کیلیے ضروری ہے، لیکن قومی ترقی کا اصل معیار حکومت کے عہدے اور سرکاری ملازمتیں نہیں بلکہ تعلیم، اقتصادیات، صنعت ورفت اور تجارت وزراعت وغیرہ میں ترقی ہے، حکومت کے چند عہدوں سے پوری قوم کو کیا فائدہ پہنچ سکتا ہے اسلیے مسلمانوں کو حکومت کی ذرہ بین گیری چھوڑ کر ترقی کے اصلی میدانوں میں آگے بڑھنے کی کوشش کرنی چاہیے، اگر اسمیں وہ کامیاب ہوگئے، تو پھر حکومت بھی انکی قوت، اور انکی سیاسی حیثیت ماننے پر مجبور ہوگی، ورنہ محض ماتم گساری سے کچھ حاصل نہیں،

مقالات

کلچر کی وحدت کا مقصد!

از

شاہ معین الدین احمد

آزاد ہندوستان کی تعمیر کے سلسلہ میں جو نئے مسائل پیدا ہوئے ہیں ان میں ایک مسئلہ قومیت اور کلچر کی وحدت کا بھی ہے یعنی ہندوستان ایک ملک ہے، یہاں کے سارے باشندے ایک قوم ہیں، اس لئے بلا اختلاف مذہب وملت یہاں کا کلچر بھی ایک ہونا چاہئے۔ بظاہر یہ دعوی کوئی غیر معقول نہیں ہے، لیکن اس کی تفصیل بحث طلب ہے، اور محض اجمالی دعوی پر وحدت قومیت اور وحدت کلچر کے مسئلہ کا فیصلہ نہیں ہوسکتا، بلکہ علمی حیثیت سے اس پر بحث کی ضرورت ہے کہ ہندوستان کے تمام باشندے خصوصاً ہندو مسلمان ایک قوم ہیں یا دو قومیں، اور ایک ملک و قوم کیلئے وحدت کلچر کس حد تک ضروری ہے، پھر کلچر کے کن اجزاء کو بنیادی حیثیت حاصل ہے، جن پر کسی فرقہ کی جماعتی حیثیت کا مدار ہوتا ہے، اور جن کے بغیر اس کی انفرادیت قائم نہیں رہ سکتی، اور کس حد تک دوسری قوم کے کلچر کے اثرات قبول کئے جاسکتے ہیں، اس اعتبار سے ہندوستان کے مسلمانوں کا کلچر کہاں تک عربی یا اسلامی ہے، اور اس میں ہندو کلچر کے کیا اثرات ہیں، پورے ہندوستان کا کلچر کسی زمانہ میں بھی ایک رہا ہے یا مختلف، موجودہ ہندو کلچر کہاں تک

خالص ہندو ہے، اس میں بیرونی اثرات کیا ہیں، کسی قوم و ملک کیلئے پرانے کلچر پر قائم رہنا مفید ہے یا اس میں ترقی پسندی، اس قبیل کے اور بہت سے سوالات کی روشنی میں اس مسئلہ کا صحیح فیصلہ ہوسکتا ہے، ان مسائل پر معارف میں بارہا اظہار خیال کیا جا چکا ہے، لیکن شذرات میں تفصیلی بحث کی گنجایش نہیں ہوتی اس لئے اس مسئلہ پر مستقل مضمون لکھنا مناسب معلوم ہوا،

ہندو مسلمان ایک قوم ہیں یا دو قومیں

قومیت کے حسب ذیل عناصر ہیں، وطن، نسل، مذہب، زبان، روایات، تمدن، سیاست اور مقاصد کا اتحاد و اشتراک لیکن وحدت قومیت کے لئے ان تمام عناصر کا پایا جانا ضروری نہیں ہے، بلکہ ان میں سے چند چیزوں میں اشتراک بھی وحدت قومیت کے لئے کافی ہے، البتہ جس قدر اشتراک زیادہ ہوگا اسی قدر قومیت کا عمل مضبوط ہوگی، اس تعریف کے اعتبار سے قومیت کی کامل وحدت تو دنیا کے بہت کم حصوں میں پائی جاتی ہے، حتیٰ کہ یورپ کے چھوٹے چھوٹے مختلف ملکوں میں بھی قومیت کے تمام عناصر میں پوری وحدت نہیں ہے، اس کی تفصیل کی ضرورت نہیں، کسی باخبر شخص کو اس سے انکار نہیں ہوسکتا لیکن مطلق اور کسی نوع کی قومیت سے کوئی ملک و قوم بھی خالی نہیں ہے، اور ان سب میں قومیت کے چند یا بیشتر اجزا میں اشتراک موجود ہے، جو وحدت قومیت کے لئے کافی ہے، اس لحاظ سے ہندو مسلمان ایک قوم ہیں، وطنیت اور ملکی سیاست اور بیشتر مقاصد میں دونوں کا اتحاد ہے، نسل میں بھی بڑی حد تک وحدت پائی جاتی ہے، اگر مشترک زبان اور تمدن کو نہ مٹایا جائے تو بڑی حد تک ان دونوں میں بھی اشتراک ہے، صرف مذہب اور روایات دونوں کی مختلف ہیں، گویا عناصر قومیت میں سے صرف دو میں اختلاف اور باقی میں وحدت یا اشتراک ہے اس لئے بیشتر عناصر قومیت کے لحاظ سے دونوں ایک قوم ہیں، بشرطیکہ ان کو مٹایا نہ جائے جن قوموں کے تمام عناصر قومیت میں وحدت ہے ان کا کلچر بھی لازمی ایک ہوگا،

لیکن جن میں کامل وحدت نہیں ہے تو ان کے اختلافی عناصر کا بقا اور ان کا تحفظ خواہ وہ زبان ہو یا کلچر ہو یا مذہب، ان کا بین الاقوامی آئینی حق ہے، اس لئے مسلمانوں کا کلچر جس حد تک ہندوؤں سے مختلف ہے اس کا تحفظ حکومت کا قانونی فرض ہے،

کلچر کی تعریف کلچر ان افکار و تصورات اور نظام زندگی کو کہتے ہیں جس سے کسی قوم کے درجۂ تہذیب کا اندازہ ہو سکے، اور اس میں مابعد الطبیعی عقائد و خیالات سے لیکر حکومت و سیاست تہذیب و معاشرت اور علوم فنون سب شامل ہیں، آسانی کے خیال سے ان کی چار موٹی تقسیمیں کی جا سکتی ہیں، ایک مذہبی عقائد و عبادات جیسے توحید، رسالت، حشر و نشر، روزہ، نماز، حج اور زکوٰۃ، دوسری نیم مذہبی معاشرتی مراسم جیسے نکاح، طلاق، خلع، وراثت وغیرہ، تیسری ملی روایات اور زندگی کے مختلف شعبوں میں مذہب کے اثرات، چوتھی عام تہذیب و معاشرت، ان میں سے پہلی چیز یعنی عقائد و عبادات تو ہر فرقہ کیلئے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں، ان کے بغیر مذہب ہی کا وجود نہیں ہو سکتا اور نہ مسلمان مسلمان کہلا سکتا ہے اور نہ ہندو ہندو، دوسری چیز یعنی نیم مذہبی معاشرتی مراسم گو ارکان دین میں نہیں ہیں لیکن مذہبی قوانین کے مطابق ان کا انجام پانا ضروری ہے، ورنہ ان کا انعقاد ہی نہ ہوگا، تیسری چیز یعنی ملی روایات اور معاشرت میں مذہب کے اثرات گو یہ بھی دین کا رکن نہیں ہیں لیکن اس کے باوجود مذہب کی اصلی روح یہی ہیں اور عقیدہ کی پختگی یا ایمان کا فطری نتیجہ ہیں، جن کو مذہب سے کسی حال میں بھی الگ نہیں کیا جا سکتا، مثلاً اسلامی زندگی میں توحید، خدا پرستی اور اس پر توکل و اعتماد کے اثرات وغیرہ اور یہ اثرات اتنے متواتر ہیں کہ بے عمل مسلمانوں کی زندگی بھی ان سے یکسر خالی نہیں ہوتی، یا سچے اور باعمل مسلمانوں کی عام معاشرت میں اسوۂ رسول اور اسوۂ صحابہ کی تقلید اور اسلامی روایات کا احترام وغیرہ یہی حال دوسرے فرقوں کا بھی ہے چوتھی چیز عام تہذیب

معاشرت ہے، اس بارہ میں اسلام کا نقطۂ نظر معلوم کرنے کے لئے کسی قدر تفصیل کی ضرورت ہے،

اسلام دین کامل اور دین وحدت ہے

اسلام اور دوسرے مذاہب میں ایک بنیادی فرق یہ ہے کہ دنیا کے بیشتر مذاہب کو صرف خدا اور بندے کے تعلق سے بحث ہے، اس لئے ان کی تعلیم عقائد عبادات اور بعض اخلاقی باتوں تک محدود ہے، ان کو انسان کی دنیاوی زندگی سے بہت کم علاقہ ہے، اس لئے ان میں یا سرے سے دنیاوی زندگی کے قوانین ہی نہیں ہیں اور اگر ہیں بھی تو بہت ناقص، لیکن اسلام دین کامل ہے، اس لئے اس کا قانون زندگی کے تمام شعبوں پر حاوی ہے، اور اس میں عقائد عبادات دنیاوی معاملات حیات بعد الموت زندگی کے ہر شعبہ کے متعلق خواہ وہ دنیاوی یا مادی ہو یا اخلاقی و روحانی مکمل تعلیمات اور ضابطۂ حیات موجود ہے، جس پر عمل کے بغیر اسلامی زندگی کامل نہیں ہوتی،

اسی کے ساتھ اسلام دین وحدت بھی ہے، اور اس کا مقصد مسلمانوں کی زندگی کے ہر شعبہ میں وحدت و یکرنگی ہے، یعنی جس طرح تمام مسلمانوں کے عقائد عبادات میں وحدت ضروری ہے اسی طرح ان کی تہذیب و معاشرت میں بھی یکسانی ہونی چاہئے تاکہ وہ ایک ہی اصل کی شاخ اور ایک ہی درخت کا پھل نظر آئیں، گو ظاہر بیں اس کو تنگدلی اور تنگ نظری پر محمول کریں گے، لیکن اگر ضبط و نظام (ڈسپلن) کے نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو یہ اسلام کے کمال اور اس کی جامعیت کی دلیل ہے، اور ہر کامل مذہب کو ایسا ہی ہونا چاہئے، دنیا کا جو اجتماعی نظام جتنا منظم اور ترقی یافتہ ہوگا، اس میں تنوع کے باوجود ایک طرح کی یکرنگی پائی جائے گی، جس کا نمونہ فوج ہوتی ہے،

اصول کی وحدت کیساتھ فروع میں وسعت و تنوع کی اجازت

لیکن اسی کے ساتھ اسلام چونکہ دین فطرت اور عالمگیر مذہب ہے اور وہ ساری دنیا کی رہنمائی اور ابد تک کے لئے آیا ہے اور قانون ارتقا بھی خدا ہی کا بنایا ہوا ہے، جس پر یہ روشن ہے کہ کوئی قانون خواہ کتنا ہی جامع اور

لمل کیوں نہ ہو اپنی تمام جزئیات کے ساتھ ہر زمانہ کے لئے کارآمد نہیں ہو سکتا اور زمانہ کی رفتار و حالات کے تغیر کے ساتھ زندگی کے تقاضے اور اس کی ضرورتیں بدلتی رہتی ہیں، اس لئے اسلام میں وحدت و یکسانی کے تصور کے باوجود اس کے بنیادی عقائد اور ارکان کو چھوڑ کر جو اسلئے ناقابل تغیر ہیں کہ وہ زمان و مکان اور حال و مستقبل کی قید سے ماورا ہیں اور ان سے زمانہ کی ترقی کا کوئی تصادم نہیں ہوتا باقی بہت سے دنیاوی امور کے فقہی قوانین میں زمانہ کے حالات و ضروریات کے مطابق اسلامی اساس پر ترمیم و تبدیلی کی اجازت ہے، یہ بھی مسلم ہے کہ مختلف ملکوں کے جغرافی حالات اور ملکی و قومی خصوصیات جدا جدا ہیں جن میں ایک ہی تہذیب و معاشرت نہیں چل سکتی اور ہر قوم میں کچھ نہ کچھ اچھے اور قابل تقلید اوصاف ہوتے ہیں، اس لئے اسلام نے منیات شرعیہ کے علاوہ مسلمانوں کے لئے کسی خاص معاشرت کی پابندی ضروری نہیں قرار دی ہے، اور دوسری قوموں کی اچھی اور مفید باتوں کے اختیار کرنے کی نہ صرف اجازت دی ہے بلکہ اس کی حوصلہ افزائی کی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کا کہ "الحکمۃ ضالۃ المومن اخذھا اینما وجدھا" یعنی حکمت اور دانائی کی باتیں مسلمانوں کا گمشدہ مال ہیں، اس کو جہاں پائیں لے لیں یہی مقصد ہے، دنیا کے کسی مذہب میں انسانیت کی صالح ترقی کیلئے اس سے بہتر تعلیم نہیں مل سکتی، خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے سچے جانشینوں اور بڑے بڑے اصحاب نے دنیاوی غیر مذہبی امور میں دوسری قوموں کی مفید باتوں کو اختیار کیا ہے،

اس بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ اسلام کے بنیادی ارکان یعنی عقائد و عبادات اور حلال و حرام کے قوانین تو ناقابل تغیر ہیں جن کی پابندی مسلمانوں کے لئے ضروری ہے، اس لئے کلچر کے اس حصہ میں نہ صرف مسلمان بلکہ دنیا کا کوئی فرد بھی تبدیلی نہیں کر سکتا اور وحدت کلچر کے

داعیوں نے بھی اس کو مستثنیٰ کر دیا ہے، نیم مذہبی و معاشرتی مراسم کا بھی مذہبی طریقہ پر انجام پانا ضروری ہے، اس میں بھی تغیر نہیں ہو سکتا، معاشرت میں بھی ایک حد تک مذہبی اثرات فطری ہیں جو اس سے جدا نہیں ہو سکتے، یہ ایک نفسیاتی مسئلہ ہے کہ جس عقیدہ پر خواہ وہ دنیاوی ہی ہو پورا اذعان اور پختہ یقین ہوگا تو اس کے اثرات زندگی میں لازمی طور سے ظاہر ہونگے، یہ اصول نہ صرف مذہب بلکہ دنیا کے ہر عقیدہ میں کارفرما ہے،

رہ گئی تہذیب و معاشرت یعنی لباس، وضع قطع، رہنے سہنے، کھانے پینے اور ملنے جلنے کے طریقے اور آداب وغیرہ تو اس میں اسلام نے محرمات شرعیہ کے علاوہ اور کوئی پابندی نہیں رکھی ہے اور ہر وہ معاشرت اختیار کی جا سکتی ہے جو اسلامی قانون کے رو سے حرام نہ ہو مثلاً مردوں کے لئے سونے اور ریشم کا استعمال حرام ہے، لباس ساتر ہونا چاہیئے، اس کے علاوہ اور کوئی پابندی نہیں ہے، کھانے میں حرام چیزیں نہ ہونی چاہئیں اور ہر حلال اور پاک چیز کھائی جا سکتی ہے، اسی طریقہ سے معاشرت کے ہر شعبہ میں ممنوعات شرعیہ کے علاوہ ہر چیز کو اختیار کرنے کی پوری آزادی حاصل ہے، چنانچہ معاشرتی تنوع کا مشاہدہ آج بھی مختلف اسلامی ملکوں میں کیا جا سکتا ہے جن میں مذہبی وحدت کے علاوہ سب کی معاشرت جدا جدا ہے،

کسی تہذیب کی اشاعت و مقبولیت اور اس کے رد و قبول کے فطری اصول

لیکن کوئی تہذیب و معاشرت زبردستی نہیں منوائی جا سکتی، بلکہ اس کی اشاعت و مقبولیت اور رد و قبول کا تعلق اس کے حسن و خوبی، فوائد و ضرورت، ملکی حالات اور دوسری قوموں کے ساتھ اس کے میل و جول سے ہے، جس تہذیب میں ظاہری نفاست و دلآویزی اور معنوی افادیت ہوگی وہ خود بخود پھیل جائیگی اور جن قوموں کو اس سے سابقہ ہوگا وہ خود بخود اس کو اختیار کر لیں گی، اور جو تہذیب ان اوصاف سے خالی ہوگی اس کو جبر سے بھی نہیں منوایا جا سکتا،

بلکہ وہ اپنی قوم سے بھی رفتہ رفتہ ختم ہو جائے گی ہندوستان میں مسلمانوں اور انکے بعد انگریزوں کے تمدن کی اشاعت کا ایک بڑا سبب اس کی ظاہری نفاست و دلآویزی تھی،

جب دو قوموں اور دو تہذیبوں کا آپس میں میل جول ہوگا تو فطری طور پر دونوں نہ صرف ایک دوسرے کی خوبیوں بلکہ برائیوں سے بھی متاثر ہوں گی، اس کی زندہ مثال ہندوستان کے مسلمان ہیں، ان میں ہندوؤں کے اثر سے شریف و رذیل کے طبقے ہو گئے جو اسلامی مساوات کے سراسر خلاف ہے، بیوہ کی دوسری شادی معیوب قرار پا گئی، حالانکہ اسلام میں اس کی تاکید ہے، اسلامی قانون میں خاص حالات میں طلاق کی اجازت ہے لیکن ہندوستانی مسلمانوں خصوصاً شرفاء میں سخت معیوب سمجھی جاتی ہے اس لئے کہ ہندوستان میں نکاح ایک ناقابل تنسیخ رشتہ ہے، اودھ اور پنجاب میں لڑکیوں کو ان کا شرعی ترکہ نہیں ملتا، اس قسم کی اور بہت سی برائیاں جن کی اصلاح اب خود ہندو کر رہے ہیں، مسلمانوں میں ہندوؤں کے اثر سے پیدا ہو گئیں،

مسلمانوں میں ہندو کلچر کے اثرات | ہندوستانی مسلمانوں کی زندگی کا کوئی شعبہ بھی ہندو کلچر کے اثر سے خالی نہیں ہے، پیدائش سے لے کر موت تک کے رسوم میں ہندو اثرات نمایاں ہیں، پیدائش کے سارے مراسم چھٹی، چھلا، سوا پلی، ہنسور کے ٹوٹکے اور زچہ بچہ کے متعلق ساری رسمیں ہندوانہ ہیں، شادی میں مانجھا، منڈوا، بارات، سہرہ، بری، بدھاوا، ڈولہ، بابل، چوتھی، چالا نیگ وغیرہ ساری رسمیں ہندوانہ ہیں، ورنہ اسلامی نکاح کا تو سیدھا سادہ طریقہ ہے، اظہار مسرت میں زیادہ سے زیادہ بچوں کو گانے کی اجازت ہے، اور ایک دعوت ولیمہ ہے، اسی طریقہ سے موت میں تیجہ، دسواں، بیسواں، چالسی، تماہی، چھماہی، برسی، مردہ کی ہر چیز سے چھوت، قبض روح کی جگہ چراغ جلانا وغیرہ سب ہندوستانی اثرات ہیں، مسلمانوں میں خوشی کی تقریبوں کے سارے گانے ہندی ہیں، لڑکیوں کی رخصتی کے وقت ہر شریف گھرانے میں حضرت امیر خسرو

کا بابل گایا جاتا ہے، ان اثرات کی ہمہ گیری دیکھنا ہو تو مراثی پڑھئے جس میں اہل بیت کرام کی مخدرات عصمت تا اب تک خالص ہندوستانی تہذیب و معاشرت میں نظر آتی ہیں، اور حضرت قاسم کی شادی اور انکی شہادت کے سلسلہ کی ساری رسمیں ہندوانہ ہیں، ہولی اور بسنت کے تہوار تو غریبوں کے جھونپڑوں سے لیکر سلاطین کے ایوانوں اور صوفیہ و مشائخ کی خانقاہوں تک منائے جاتے تھے اور اب بھی منائے جاتے ہیں، ان دونوں تہواروں پر بہت سے قدیم شعراء کی نظمیں موجود ہیں، اب ہولی کا رواج تو عام طور سے ترک ہو گیا ہے، لیکن اب بھی نوجوان لڑکے اور لڑکیاں جن میں مذاق کا رشتہ ہوتا ہے ہولی کے موسم میں ایک دوسرے پر عبیر و گلال اڑاتے ہیں، مذاق کا رشتہ خود ہندوستانی اثر ہے عربوں میں اس کا کوئی وجود نہیں، بسنت آج بھی بزرگوں کے مزارات اور خانقاہوں میں منایا جاتا ہے، اور حضرت امیر خسرو کے بسنتی گیت قوالی کی محفلوں کو گرم کرتے ہیں، مسلمانوں کا مذہب تک ہندوانہ اثر سے محفوظ نہیں رہا، تصوف میں جو روح شریعت ہے یوگ اور ویدانت کے بہت سے طریقے رائج ہو گئے ہیں، بزرگان دین کے عرسوں کے بیشتر مراسم غسل، اگاگر، صندل، چراغاں، چادر، قوالی سب کے سب ہندو اثرات ہیں بعض مبلغ صوفیائے کرام کے ذریعہ جوش تبلیغ میں عام ہندوؤں کو مانوس کرنے کے لئے ان کی بہت سی ریت رسمیں خانقاہوں میں داخل ہو گئیں، مسلمانوں میں ہندی زبان کی اشاعت میں ان کو بڑا دخل ہے آج بھی ہندی کے گیت قوالی کی محفلوں کو گرم کرتے ہیں، ہندوؤں کے تقریباً سارے ٹونے ٹوٹکے اور شگون اور بدشگونی مسلمانوں میں رائج ہیں، ان کے جواز و عدم جواز سے بحث نہیں ہے، بلکہ صرف یہ دکھانا مقصود ہے کہ مسلمانوں کی زندگی کا کوئی شعبہ بھی ہندوانہ اثرات سے خالی نہیں ہے، یہ صرف چند سرسری مثالیں لکھدی گئیں، اس کی تفصیل کے لئے مستقل کتاب کی ضرورت ہے، اور اس سے ہر شخص واقف ہے، اسلئے مزید تفصیل کی ضرورت نہیں،

یہ اثر بالکل فطری ہے | اور یہ اثر بالکل فطری تھا، ایک ہزار سال سے ہندو مسلمانوں کا ساتھ ہے اور مسلمان اپنی حکومت کے زمانہ میں بھی انگریزوں کی طرح اجنبی حکمراں کی حیثیت سے ہندوستان میں نہیں رہے، بلکہ انھوں نے اس کو اپنا وطن بنا لیا، اور یہیں شادی بیاہ کرکے بالکل مل جل گئے، اس کے علاوہ ہندوستان کے مسلمانوں کی بڑی تعداد ہندی الاصل ہے جن کے اسلاف نے کسی زمانہ میں اسلام قبول کیا تھا، اس لئے ان کا دین تو اسلام ہوگیا، لیکن معاشرت وہی پرانی باقی رہی، چنانچہ دیہات کے ہندو مسلمانوں میں آج بھی مذہب کے علاوہ تہذیب و معاشرت کا کوئی فرق نہیں ہے، بلکہ ان مسلمانوں کا بڑا طبقہ ایسا ہے جس میں ختنہ اور گوشت خوری کے علاوہ اسلام کی اور کوئی نشانی نہیں ہے، بلکہ بہتوں میں یہ بھی نہیں ہے، تمدن زیادہ تر عورتوں کے ذریعہ پھیلتا ہے، جس گھر میں جس قوم کی عورت ہوگی اس میں اسی کے تمدن کا غلبہ ہوگا، ہندوستان میں جو مسلمان گھرانے باہر سے بھی آئے ان میں سے اکثروں نے ہندوستانی عورتوں سے شادیاں کیں، ان کے ذریعہ ہندو تمدن مسلمان گھروں میں پہنچ گیا، خصوصاً تیموری بادشاہوں نے تو راجپوت خاندانوں میں بکثرت رشتے قائم کئے، چنانچہ بہت سے تیموری سلاطین ہندو عورتوں کے بطن سے تھے، یہ عورتیں اپنا تمدن بھی ساتھ لائیں، اور خود ان بادشاہوں نے ان کی دلجوئی اور ان کو مانوس کرنے کیلئے ان کی بہت سی رسمیں اختیار کرلیں، اور ان کے پوجا پاٹ تک کا انتظام کردیا، اس طرح ہندو تمدن شاہی محلات میں پہنچ گیا، اور پھر "الناس علی دین ملوکھم" کے اصول حکومت کے امراء و اعیان اور سارے اونچے طبقہ میں پھیل گیا، جس سے علماء و مشائخ کے گھرانے بھی محفوظ نہ رہ سکے، اس طرح دیہات سے لیکر شہروں تک اور عوام و جہلا سے لیکر امراء و علماء تک ہندو تمدن عام ہوگیا، اکبری دور کی ہندو بیت تو مشہور عام ہے، اورنگ زیب جیسے بادشاہ کا زمانہ بھی ان اثرات سے خالی نہیں، بلکہ بعد میں اور زیادہ اثرات بڑھتے گئے، تاریخی بحث میں

پڑنے کا یہ موقع نہیں ہے، اس حقیقت سے ہر صاحب علم واقف ہے،

ہندوؤں میں اسلامی کلچر کے اثرات

اسی کے ساتھ ہندو بھی اسلامی اثرات سے محفوظ نہ رہے، اولاً حاکم قوم کے تمدن کو محکوم قوم خود فخریہ اختیار کرتی ہے، خصوصاً جب اس میں ظاہری نفاست اور دلآویزی اور معنوی افادیت بھی ہو، تو اس کی مقبولیت اور زیادہ بڑھ جاتی ہے، اس لئے ہندو بھی اسلامی اثر سے متاثر ہوئے، اور اس سے ان کی مذہبی و معاشرتی اصلاح میں ان کو بڑا فائدہ پہنچا، چنانچہ ہندوستان میں توحید خالص کا تصور مسلمانوں کے ذریعہ آیا، سکھ پنتھ، آریہ سماج، برہمو سماج سب اسی کے نتائج ہیں، معاشرت میں ستی کی رسم کا انسداد، عقد بیوگان، لڑکیوں کی وراثت، طلاق، اچھوت ادھار اور دوسری اصلاحات سب اسلامی اثرات ہیں، ورنہ ہندو شاستر کی رو سے یہ تمام اصلاحات ہندو مذہب کے سراسر خلاف ہیں، اسی طریقہ سے معاشرت کے ہر شعبہ میں ہندو اسلامی اثر سے متاثر ہوئے،

ہندو مسلمانوں کا مشترکہ تمدن

ان دونوں تمدنوں کے اختلاط اور ایک دوسرے کی اثر پذیری سے ایک نیا مشترک اور دلآویز تمدن پیدا ہوا، جو نہ خالص اسلامی یعنی عربی اور ایرانی ہے اور نہ شدھ ہندو، بلکہ ان سب کا عطر، اور تقریباً گنگا جمنی مرقع ہے، انگریزی عہد میں اس میں یورپین تمدن کے اثرات بھی شامل ہو گئے، اور اب یہی سہ آتشہ تمدن ہندو مسلمانوں کا مشترکہ تمدن ہے، جو زندگی کے ہر شعبہ میں جاری و ساری ہے،

ہمارے لباس میں کرتہ پائجامہ قمیص، شیروانی، انگرکھا، ہندوستانی کوٹ، دوپلڑی یا کشتی ٹوپی، سلیم شاہی یا انگریزی جوتا جو شہری تعلیم یافتہ طبقہ کا عام لباس ہے، نہ قدیم ہندوستانی کا لباس ہے اور نہ عربی و ایرانی ہے، اور کسی اسلامی ملک میں نہیں پایا جاتا، بلکہ خالص ہندوستانی ہے، اب انگریزی لباس بھی ہندوستانی ہو گیا ہے اسی طریقہ سے روزانہ کی عام غذا میں

گوشت کے علاوہ ترکاری دال چپاتی چاول، چار چٹنی چپاتی یا پوری سہالی مٹھائیوں کی بیشتر قسمیں سب ہندوستانی ہیں، بلکہ ہندوؤں کے بعض طبقے ہمیشہ سے گوشت کھاتے ہیں، اس لئے وہ بھی مسلمانوں کی مخصوص غذا نہیں ہے، البتہ مسلمانوں کے پرتکلف کھانے ایرانی ہیں، لیکن اب وہ بھی خالص ایرانی نہیں رہ گئے ہیں، اور موجودہ شکل میں وہ ہندوستان کے علاوہ اور کسی اسلامی ملک میں نہیں پائے جاتے، مسلمانوں نے ان کے اجزاء اور پکانے کے طریقہ میں ترقی دیکر ان کو ہندوستانی بنالیا ہے، اور یہ اتنے لذیذ ہیں کہ ہندو بھی ان کو مزے لے لے کر کھاتے ہیں، اور جن کے منہ لگ جاتے ہیں پھر نہیں چھوٹتے حتی کہ وہ گوشت کی کوئی قسم بھی نہیں چھوڑتے اور اب یہ کھانے عام طور سے اعلیٰ تعلیم یافتہ اور خوشحال ہندو گھرانوں میں رائج ہیں حتی کہ وہ بھگت بھی جو پلیٹ فارم پر ہندو مذہب اور ہندو تمدن کا پرچار کرتے ہیں چھپ چھپ کر ان کو کھاتے ہیں، ع چوں بخلوت میروند آن کار دیگر می کنند

دونوں کے رہنے سہنے کے طریقے اور ملنے جلنے کے آداب بھی یکساں ہیں، مکانات ان کے ساز و سامان اور طرز و آرائش میں بھی کوئی فرق نہیں ہے، دونوں کی ظاہری وضع قطع اب اتنی یکساں ہوگئی ہے کہ آج کے بہت سے ہندو مسلمانوں کو ظاہری لباس اور وضع قطع سے پہچاننا مشکل ہے، غرض دیہات سے لیکر شہر تک ہندو مسلمانوں کی عام معاشرت میں کوئی خاص فرق نہیں ہے، لیکن معاشرت میں اس عمومی اشتراک کے باوجود اس کلچر میں ہندو مسلمانوں کی مذہبی خصوصیات اور ان کی قومی و ملی روایات بھی موجود ہیں جس سے دونوں کی امتیازی حیثیت بھی قائم ہے، اس حیثیت سے ہندو مسلم کلچر کا ایک پہلو علٰحدہ بھی ہے لیکن تہذیب و معاشرت کے عمومی اشتراک پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑتا،

کیا ہندوستان کے مسلمانوں کا کلچر خالص اسلامی ہے

اس موقع پر ایک عام غلط فہمی کا ازالہ

ضروری ہے جس کی بنا پر مسلمانوں کو ہندوستان سے اجنبیت کا طعنہ دیا جاتا ہے، اور کہا جاتا ہے کہ اسلامی کلچر بیرونی ہے، اور مسلمانوں کی نگاہ ہمیشہ عرب اور ایران و توران پر لگی رہتی ہے، درحقیقت ہندوستان میں جس کلچر کو اسلامی کہا جاتا ہے وہ خالص اسلامی نہیں بلکہ عربی آمیز عجمی ہے جس میں اب ہندو کلچر کے اثرات بھی شامل ہو گئے ہیں، اسلامی کلچر تو نہایت سادہ ہے اس میں یہ تکلفات کہاں، بلکہ تکلفات تو اسلامی روح کے منافی ہیں، اس کے اسلامی کہلانے کا ایک سبب تو یہ ہے کہ ایرانی اور عربی تمدن کا میل بہت ابتدا میں ہو گیا تھا، لیکن اموی حکومت کے زمانہ تک بڑی حد تک عربی تمدن قائم رہا، ان کے بعد عباسی خلفاء نے مختلف اسباب و حالات کی بنا پر ایرانی تمدن اختیار کر لیا لیکن وہ حاکم تھے اور ان کا مذہب اسلام تھا اس لئے عجمی تمدن پر بھی گہرے اسلامی اثرات پڑے، اور جس طرح ہندوستان میں ایرانی عربی اور ہندو تمدن سے مل کر ایک مشترک تمدن پیدا ہوا، اسی طرح عباسی دور میں ایرانی اور عربی تمدن کی آمیزش سے مشترک تمدن پیدا ہوا تھا، اور عباسی خلافت کو ساری دنیائے اسلام میں مذہبی مرکزیت حاصل تھی، اس لئے اس کا تمدن اسلامی کہلایا،

دوسرا سبب یہ ہوا کہ ہندوستان میں اس تمدن کے لانے والے سلاطین مسلمان تھے، اس لئے ان کا تمدن بھی اسلامی کہلایا، حالانکہ وہ نسلاً اور وطناً ایرانی تورانی مغل پٹھان اور ترک تھے، اور گو ان کا مذہب اسلام تھا، لیکن ان کا تمدن اپنا قومی اور ملکی تھا، اسی لئے اس تمدن میں اسلامی کے مقابلہ میں عجمی اثرات زیادہ ہیں، اور یہ تمدن مسلمانوں کے لئے مذہبی نقطہ نظر سے وہی حیثیت رکھتا ہے جو مشترک ہندوستانی تمدن کی ہے، اس لئے ہندوستان کا اسلامی تمدن درحقیقت اسلامی نہیں بلکہ عربی آمیز عجمی ہے، اور رنجوں سیجوں، شیریں فرہاد اور ستم و سہراب کو نہ عرب سے کوئی تعلق ہے، اور نہ اسلام سے مسلمانوں کیلئے ان کی وہی حیثیت ہے

جو گنگا جمنا، نل دمن اور بھیم ورجن کی ہے، ہندوستان کے مسلمانوں میں ایرانی و تورانی روایات اس لئے پھیلیں کہ یہاں کے مسلمان بادشاہ ایرانی و تورانی تھے، جو اپنی قومی و ملکی روایات اپنے ساتھ لائے تھے، اور یہ چیزیں ہندوستان میں اسلام کے وسیلہ سے نہیں آئیں، چنانچہ آج بھی عربی ممالک میں ان کا کہیں وجود نہیں ہے، مسلمانوں کا مذہبی تعلق صرف عرب سے ہے، وہ ان کا مذہبی مرکز ہے، کاش ان کا تمدن خالص عربی اور اسلامی ہوتا تو ان کو یہ روز بد نہ دیکھنا پڑتا، رونا تو یہی ہے کہ ان کو اسلام کے ساتھ نسبت کے علاوہ بہت کم علاقہ رہ گیا ہے،

ہندوستان میں تو اسلام بھی اپنی اصلی شکل میں نہیں آیا، ورنہ آج اس کی تاریخ کچھ اور ہوتی، اس میں تو اتنی کشش ہے کہ جن ملکوں میں وہ اپنی شکل میں پہنچا، ان کی کایا پلٹ گئی، اور ان کا نہ صرف مذہب بلکہ پورا کلچر بدل گیا، آج بھی وہ سارے ملک جن میں اسلام عربوں کے ذریعہ پہنچا الحمد للہ اسلامی ہیں،

کیا ہندوستان کا کلچر کبھی ایک رہا ہے

آخر میں یہ بحث باقی رہ جاتی ہے کہ کیا کبھی پورے ہندوستان کا کلچر ایک رہا ہے، اور کیا آج بھی ایک ہے، اس میں تو ہندوستان کا حال دنیا کے تمام دوسرے ملکوں اور دوسری قوموں سے بالکل مختلف ہے، دنیا کی ہر قوم کے مختلف فرقوں اور طبقوں میں کچھ نہ کچھ بنیادی باتیں ضرور مشترک ہوتی ہیں، لیکن ہندوؤں میں تو یہ وحدت بھی نہیں ہے، اور ان کے مختلف فرقوں میں بنیادی اختلاف بلکہ تضاد ہے، سناتن دھرم برہمنی مذہب ہے، وہ مورتی پوجا کا قائل ہے، اور اس کا نظام معاشرت طبقات کی تقسیم پر قائم ہے، اصلی بدھ مذہب بت پرستی اور طبقاتی تقسیم دونوں کے خلاف ہے، لیکن اس میں خدا کا کوئی تصور نہیں ہے، بلکہ وہ خود انسان میں نروان کی صلاحیت مانتا ہے، لیکن اب اس میں بھی بت پرستی رائج ہو گئی ہے، جینی مذہب میں بھی خدا کا کوئی تصور نہیں ہے، آریہ سماج شکتی

ہیں، سکھوں کا مذہب گو ہندو نہیں ہے لیکن ہندوستان ہی کا پیدا شدہ ہے، اور اس کی اصل بنیاد توحید اور روحانیت پر ہے، گو اب اس میں بھی بیرونی اثرات شامل ہو گئے ہیں، برہمو سماج زیادہ تر عیسائیت اور کچھ اسلام اور ہندو مذہب سے ماخوذ ہے،

انکے مختلف طبقوں اور فرقوں کے دیوتا اور مندر الگ الگ ہیں، اچھوتوں کو مندروں میں داخلہ اور ہندوؤں کی مقدس کتابوں کی تلاوت اور ان کے چھونے کی بھی اجازت نہیں ہے، برہمن ان کے سایہ سے بھاگتے ہیں، ان میں شادی بیاہ قانوناً ناجائز ہے، ایک گائے کی تقدیس البتہ سب فرقوں میں مشترک ہے، لیکن چارمردہ گائے کا گوشت تک کھا جاتے ہیں، سب کی شادی بیاہ کی رسمیں جدا ہیں، بلکہ خود شدروں کی مختلف برادریوں کی یہ رسمیں بھی جدا جدا ہیں، یہ تو مذہب کے اختلاف کا حال ہے، تہذیب و معاشرت میں اس سے بھی ..... زیادہ اختلافات ہیں، شمالی ہند کا کلچر جنوبی ہند سے، کشمیر کا آسام سے، بنگال کا پنجاب سے، مدراس کا یوپی اور بہار سے، اسی طریقہ سے ہندوستان کے مختلف صوبوں کا کلچر باہم اتنا مختلف ہے کہ ان کے باشندے ایک دوسرے کی زبان تک نہیں سمجھ سکتے بلکہ خود ایک صوبہ کے ہندوؤں کے مختلف طبقوں کا کلچر یکساں نہیں ہے، اس لئے پورے ہندوستان کا کلچر کبھی ایک تھا اور نہ اب ہے، مسلمانوں کو ان مختلف کلچروں میں سے کس کلچر کے اختیار کرنے کی دعوت دی جاتی ہے، اور وہ ہندوؤں کے کس فرقہ، کس طبقہ اور کس صوبہ کا کلچر اختیار کریں، درحقیقت اگر کوئی مشترک کلچر کہا جا سکتا ہے تو وہی ہے جو اسلامی اور ہندو کلچر سے مل کر بنا ہے، اور اب اس میں یورپین تمدن کے اجزاء بھی شامل ہو گئے ہیں، یہ کلچر پنجاب سے لیکر بہار تک رائج اور ہر صوبہ میں کم و بیش پایا جاتا ہے،

کیا قدیم ہندو تمدن کا احیاء مفید ہے اور وہ اس زمانہ میں چل سکتا ہے | البتہ اگر وحدت کلچر سے یہ

مقصد ہے کہ ہندوستان کے ہزاروں سال پرانے تمدن کو پھر سے زندہ کیا جائے تو گو وہ بھی ایک نہیں ہے تاہم اگر اس میں کسی نوع کی وحدت مان بھی لی جائے تو وہ اس ترقی یافتہ دور میں قطعاً نہیں چل سکتا اور نہ ہندوستان اس کے بل پر زندہ رہ سکتا ہے، اور عالم خیال کے علاوہ عملاً اس کا زندہ کرنا ناممکن ہے حتیٰ کہ اس تمدن کے نقیب بھی اس پر عمل نہیں کر سکتے اور اس کا تصور ہی بے معنی ہے،

کوئی پڑھا لکھا شخص اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتا کہ تمدن ایک ارتقا پذیر چیز ہے، اور ابتدائے آفرینش سے اب تک اس میں ارتقار کا عمل برابر جاری ہے، جس سے دنیا کا کوئی تمدن بھی مستثنیٰ نہیں، پرانے تمدنوں کو لغو اور بے کار نہیں کہا جا سکتا، وہ سلسلۂ ارتقا کی ایک کڑی اور اپنے زمانہ کے لئے موزوں تھے، لیکن آج وہ بجنسہٖ نہیں چل سکتے اسلئے جو قوم بھی اپنے پرانے تمدن پر جمی رہے گی اور تمدنی ارتقا کا ساتھ نہ دے گی وہ یا تو ختم ہو جائیگی یا اس کا مار پس ماندہ قوموں میں ہوگا، اور وہ ترقی یافتہ قوموں کی ہمسری نہ کر سکے گی، اس سے انکار نہیں کہ ہر مذہب و ملت کے کلچر میں بعض ایسے بنیادی ارکان ہوتے ہیں، جو کبھی نہیں بدل سکتے، اور جن پر اس قوم کے وجود اور اس کی امتیازی حیثیت کا مدار ہوتا ہے، لیکن ان کے علاوہ زندگی کے اور شعبوں میں اگر صالح پیرونی اثرات نہ قبول کئے جائیں، تو کوئی قوم زندہ نہیں رہ سکتی، اس لئے ہندوؤں کا پرانا تمدن خواہ اس زمانہ کے ہندوستان کے لئے کتنا ہی موزوں رہا ہو لیکن اس زمانہ میں وہ نہیں چل سکتا، اور آج خود ہندو قوم زمانہ کے حالات کے مطابق ہر شعبہ میں اصلاح و تغیر کرنے پر مجبور رہی ہے، جس کی تفصیل اوپر گذر چکی ہے، اس کی تازہ مثال ہندو کوڈ بل ہے، اور جس قدر زمانہ ترقی کرتا جائے گا، ہندوؤں کو اپنا نظام بدلتا جائے گا،

ہندوستان میں شخصی زندگی سے لیکر نظام حکومت تک سب بیرونی تمدن پر قائم ہے

ہندوستان کی جاہل دیہاتی آبادی کو چھوڑ کر تعلیم یافتہ شہری طبقہ کی تہذیب و معاشرت میں جو کلچر کا اصلی نمایندہ ہوتا ہے، چند مذہبی اثرات کے علاوہ پرانی ہندو تہذیب کا کونسا اثر باقی ہے؟ اس کی تفصیل اوپر گذر چکی ہے، آج بڑے سے بڑے فرقہ پرست اور ہندو کلچر کے مبلغ اور نقیبوں کی زندگی میں بھی پرانے ہندو کلچر کا کوئی اثر نہیں پایا جاتا، بڑے بڑے کانگریسی نیتا وزرا، اور عمال کوٹھیوں میں رہتے موٹروں پر نکلتے، ہوائی جہازوں میں اڑتے اور ٹیلی فون سے بات کرتے ہیں، سب کی کوٹھیوں میں دیئے کے بجائے بلب جلتے ہیں، ان میں سے کوئی بھی ننگے بدن چوکے میں بیٹھ کر پتر ے میں نہیں کھاتا، ان کی میزوں پر انواع و اقسام کے کھانے ہوتے ہیں،

غرض مخصوص مذہبی مراسم اور بعض پرانی قومی و ملکی روایات کے علاوہ ان کی تہذیب و معاشرت میں خالص پرانے ہندو تمدن کا کوئی اثر باقی نہیں ہے، یہ تو معاشرت کا حال ہے حکومت اور سیاست پر نگاہ ڈالی جائے تو اس کا پورا ڈھانچہ ہی بدلا ہوا ہے، اس کے آئین و قوانین اور حکومت کے سارے شعبے اور عہدے سب انگریزی نظام کی نقل ہیں آزاد ہند کے دستور میں کوئی دفعہ بھی تو ہندو شاستر کی نہیں ہے، پارلیمنٹ اور کونسلوں و اسمبلیوں کے ایوان، سکریٹریٹ کے دفاتر، گورنر جنرل اور وزیر اعظم سے لیکر پولیس کی چوکیوں اور دیہات کے چوکیداروں تک حکومت کا سارا نظام، اس کے کل شعبے اور عہدے سب کے سب انگریزی ہیں، صنعت و حرفت، تجارت کے بڑے بڑے کارخانے ان کی مشینیں، ان کا نظام، ریل، جہاز، ہوائی جہاز، ٹیلی گراف، ٹیلی فون، ریڈیو، وائرلیس، سارے آلات و اسلحہ غرض حکومت کے سارے اجزا، اور ملک کی ترقی کے سارے وسائل، اور جملہ سر و سامان میں

کوئی چیز بھی تو پراچین بھارت کی نہیں، سب میں ماڈرن یورپ کی نقل و تقلید ہے، پھر آخر وہ کونسا شعبہ ہے جس میں پرانے ہندو تمدن کی تجدید ہوگی، اور وہ کون سے اجزا رہیں جن کے قبول کرنے کی دعوت دیجاتی ہے،

مشترک تہذیب اور اس کے آثار ہندوستان لیکن اگر اجنبی اور بیرونی تمدن سے مراد صرف اسلامی عہد کی عظمت کا نشان اور اس کی آبرو ہیں اثرات ہیں تو اس کا مٹانا بھی ناممکن ہے، زندگی کا کوئی شعبہ بھی تو ان سے خالی نہیں ہے، یہ اثرات تو ہندوستانی تہذیب کے رگ و ریشہ میں سرایت کئے ہوئے ہیں، ان کو مٹانا گوشت کو ناخن سے جدا کرنا ہے، ہندوستان کی ساری عظمت و شان اور حسن و دلآویزی اسی گنگا جمنی سنگم سے قائم ہے، اس کا جو نقش بھی مٹے گا اس سے تنہا اسلامی عہد کا نشان نہیں بلکہ ہندوستانی تمدن کا ایک دلفریب رخ مٹ جائے گا، اگر تاج محل دلی اور آگرہ کے قلعے، فتح پور سیکری کی عمارتیں..... کشمیر کا شالامار باغ اور اسلامی عہد کے دوسرے آثار مٹا دیے جائیں، تو ہندوستان کا حسن غارت ہو جائے گا، یہ عمارتیں محض اینٹ اور پتھر کا تودہ نہیں بلکہ ہندو مسلم آرٹ کا شاہکار ہیں جس میں دونوں کلچروں کی روح جھلکتی ہے، اور اس روح سے دلی کی جامع مسجد، آگرہ کی موتی مسجد، امرتسر کا گولڈن ٹمپل اور اسلامی عہد کے تعمیر شدہ مندر بھی خالی نہیں ہیں یہی روح اور یہی آرٹ ہندوستانی تہذیب و معاشرت کے ہر شعبہ میں موجود ہے، اس کے مٹانے کے معنی یہ ہیں کہ ہندوستانی تہذیب کا آرٹ اور حسن مٹ جائے گا،

کشمیر کی شال، نمدے، چاندی اور لکڑی کا کام، بنارس کی زردوزی، قالین بافی، پیتل کی نقاشی، ٹانڈہ کی جامدانی، مراد آباد کے برتن، حیدرآباد کا کمرواور بیدری، لکھنؤ کا چکن اور سادہ کا کام کے کام اور اس قسم کی سیکڑوں صنعتیں بیشتر اسلامی عہد کی یادگار ہیں، اور آج بھی ان کے

کاریگر مسلمان ہیں، کیا ان کو مٹانے سے ہندوستان کا نقصان نہ ہوگا، اس لئے جو لوگ اسلامی عہد کے آثار کو مٹانا چاہتے ہیں وہ ہندوستان کے دوست نہیں بلکہ دشمن ہیں،

نتیجۂ بحث | اس بحث کا مقصد اور خلاصہ یہ ہے کہ سارے ہندوستان کا کلچر کسی زمانہ میں بھی ایک نہیں رہا، اگر کوئی مشترک کلچر کہا جا سکتا ہے تو وہ وہی ہے جو ہندو مسلمانوں کے صدیوں کے میل جول سے پیدا ہوا، اور جس میں ان دونوں کے مساوی تمدنی اثرات ہیں، اور اس اشتراک کے باوجود دونوں کی امتیازی حیثیتیں بھی قائم ہیں، ہندوستانی تمدن کا سارا حسن و جمال اور اس کی عظمت و شان اسی تمدن سے وابستہ ہے، اور وہ ہندوستان کی رگوں میں خون کی طرح جاری ہے اس کو مٹانے کے معنی یہ ہیں کہ ہندوستان کی روح نکال لی جائے،

اس زمانہ میں ہزاروں سال پرانے ہندو تمدن کو زندہ کرنے کا تخیل نہ صرف بے معنی بلکہ عملاً بھی ناممکن ہے، ہندوستان اپنے پورے وجود میں بیرونی اثرات کی نقل و تقلید پر مجبور ہے، اور ہندو تمدن کے نعرہ کے باوجود آج بھی اشخاص کی زندگی سے لیکر حکومت کے نظام تک کوئی چیز بھی بیرونی اثر سے خالی نہیں ہے، اس لئے یہ خواب کبھی شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکتا،

یہ تصور قومی وحدت اور ملکی ترقی دونوں کے خلاف ہے، اور اس سے قومی تفریق اور ملکی تخریب کے سوا کچھ حاصل نہیں ہے، اس لئے ہندو مسلمان دونوں کو اپنی مذہبی و ملی خصوصیات قائم رکھتے ہوئے مشترک تمدن کو نہ صرف قائم رکھنا بلکہ اس کو فروغ دینا چاہیئے، اسی میں ہندوستان کی فلاح ہے، یہ تمدن درحقیقت "بھارتیہ مندر" ہے جس کا احترام دونوں کیلئے ضروری ہے،

عہد اسلامی کا ہندوستان

مملوک سلاطین دہلی

از

مولانا سید ریاست علی ندوی

(۳)

علماء | امام رضی الدین حسن بن محمد صغانی اس دور کے ان مشاہیر اہل علم میں سے ہیں جن پر عالم اسلام کو ناز تھا، وہ ۵۵۷ھ/۱۱۶۲ء میں لاہور میں پیدا ہوئے یہیں نشو و نما پائی، اپنے والد شیخ محمد بن حسن صغانی سے علوم کی تحصیل کی، اور ارباب فضل میں شمار کئے گئے، سلطان قطب الدین ایبک نے لاہور کی قضا رت پیش کی، مگر علوم کی تکمیل پیش نظر تھی، عہدہ قبول نہیں کیا، لاہور سے غزنی گئے، کچھ دنوں وہاں درس و تدریس کی خدمت انجام دی، پھر اس دور میں عالم اسلام میں علم و فن کے جو اہم مرکز تھے، اور جہاں ممتاز شیوخ علم نے اپنی مسند درس بچھائی تھی وہاں پہنچے اور علم و عرفان کی دولت سے مالا مال ہوئے، ۶۱۵ھ/۱۲۱۸ء میں خلیفۃ الناصر لدین اللہ عباسی نے خلعت سے نوازا، اور ۶۱۷ھ/۱۲۲۰ء میں فرمان دے کر سلطان شمس الدین التمش کی خدمت میں بھیجا، اور یہیں دار السلطنت دہلی میں بود و باش اختیار کر لی، ۷ برس کے قیام کے بعد ۶۲۴ھ/۱۲۲۷ء میں وہ حج کے لئے روانہ ہوئے، اور عالم اسلام میں علوم کی خدمت انجام دیتے رہے، اس کے بعد خلیفۃ المستنصر عباسی نے سلطانہ رضیہ کے پاس ہندوستان سفیر بنا کر بھیجا، اور یہاں دوبارہ

قیام فرما رہے، اس کے بعد ۶۳۳ھ میں پھر بغداد تشریف لے گئے، اور وہیں وفات پائی اور ابتداءً وہیں مدفون ہوئے۔ پھر وصیت کے مطابق نعش مکہ معظمہ لے جائی گئی، اور وہی ان کا ابدی خواب گاہ بنا،

علامہ صغانی علوم حدیث، فقہ اور لغت کے امام تھے، عالم اسلام کے جلیل القدر علماء و مصنفین نے ان علوم میں ان کے علو مرتبت کا عقیدت کے ساتھ اعتراف کیا ہے، شیخ شرف الدین دمیاطی محمود بن عمر ہروی، ابن صباغ، برہان الدین محمود بن اسعد لخمی وغیرہ ان کے ممتاز تلامذہ میں سے ہیں، انہی علوم میں ان کی بہت سی گراں قدر تصنیفات ہیں، علم حدیث میں ان کی شہرہ آفاق تصنیف مشارق الانوار کی ضیا پاشیوں سے ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں علم حدیث کی روشنی پہنچی، عالم اسلام کے ممتاز اہل علم نے اس کی بہ کثرت شرحیں لکھیں، جن کا تذکرہ حاجی خلیفہ نے کشف الظنون میں کیا ہے، حدیث میں ان کی دوسری تصنیف مصباح الدجی فی حدیث المصطفیٰ اور الشمس المنیرہ وغیرہ ہیں، اسی طرح فن لغت میں العباب الزاخر، مجمع البحرین، النوادر فی اللغۃ، التراکیب وغیرہ کو تمام شہرت حاصل ہے اسی طرح حدیث، فقہ اور لغت میں ان کی دیگر تصنیفات ہیں[1]

مولانا شہاب الدین بدایونی اس عہد کے ممتاز فاضل میں تھے، امیر خسرو نے ان کی شان میں قصائد لکھے ہیں، شیخ ضیاء الدین بخشی ان کے تلامذہ میں سے تھے، شیخ اسحٰق بن علی بخاری اس عہد کے ممتاز اہل صوفیہ میں سے تھے، وہ شیخ منہاج الدین علی بن اسحاق بخاری کے صاحبزادے تھے، دہلی میں پیدا ہوئے، وہیں نشو و نما پائی، مدرسہ معزیہ میں ایک مدت تک درس و تدریس کی خدمت انجام دی، شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر سے بیعت کی، انھوں نے خرقۂ خلافت

---

[1] نزہۃ الخواطر ص ۳۷ ج ۱

بھی عطا کیا، مختلف علوم میں دستگاہ رکھتے تھے، "اسرار الاولیا" کے نام سے اپنے شیخ کے ملفوظات جمع کئے تھے، علم صرف میں ایک منظوم رسالہ بھی لکھا، ۶۹۰ھ/۱۲۹۱ء میں وفات پائی[1]

علامہ برہان الدین محمود بن ابو الخیر السعد ملتانی اپنے دور کے افاضل روزگار میں سے تھے کہا جاتا ہے کہ نحو، لغت، فقہ، حدیث اور علوم عقلی میں ان کے زمانہ میں ہندوستان میں ان سے بڑا عالم کوئی دوسرا نہ تھا، فقہ کی تحصیل ہدایہ کے مصنف شیخ برہان الدین مرغینانی سے کی، حدیث امام صغانی صاحب مشارق الانوار سے پڑھی، اسی کے بعد ہندوستان وارد ہوئے اور غیر معمولی عزت و اکرام سے ان کی پذیرائی ہوئی، سلطان غیاث الدین ان کا احترام کرتا اور ان کی خدمت میں حاضر ہو کر فیض اٹھاتا تھا، ۶۸۵ھ/۱۲۸۶ء میں وفات پائی، دہلی میں حوض شمسی کے قریب دفن کئے گئے[2]

علامہ نجم الدین عبد العزیز بن محمد دمشقی دہلوی علوم عقلیہ کے ماہرین میں سے تھے امام فخر الدین رازی سے علوم کی تحصیل کی، اس کے بعد ہندوستان وارد ہوئے، اور یہاں کے ملوک و امرا نے ان کے ورود کو مغتنم سمجھا، سلطان غیاث الدین ہر ہفتہ ان کی خدمت میں آتا، اور ان کی صحبت سے حظ اٹھاتا تھا[3]

مولانا شمس الدین خوارزمی سلطان غیاث الدین کے عہد کے ممتاز اساتذہ میں سے تھے سلطان نے شمس الملک کا لقب عطا کیا، حضرت نظام الدین اولیاء، قطب الدین ناقلہ اور شیخ برہان الدین عبد الباقی وغیرہ جیسے اکابر ان کے تلامذہ میں سے تھے[4]

مولانا برہان الدین ہبر ارحنفی دہلوی دہلی کے ممتاز فقہا میں سے تھے، درس و تدریس کا مشغلہ جاری تھا، غیاث الدین بلبن عزت و اکرام سے پیش آتا تھا[5]

---

[1] نزہۃ الخواطر ص ۱۲۴، [2] ایضاً ۱۳۳، [3] ایضاً ۱۷۲، [4] ایضاً ۱۶۷، [5] ایضاً ص ۲۸،

مولانا برہان الدین بسنفی بھی دہلی کے فقہا میں تھے، مسند درس بچھی ہوئی تھی، جب کوئی طالب علم آتا تو اس سے تین باتوں کا اقرار لیتے تھے اوّل یہ کہ شب و روز میں صرف ایک مرتبہ کھائے گا، درس میں کسی دن بھی تاخیر سے نہ پہنچے گا، اگر اس کے خلاف ہوا تو پھر اس کو کبھی درس میں بیٹھنے کا حق نہ ہوگا، تیسرے یہ کہ اثنائے راہ میں بجز سلام مسنون کے تعظیم کا کوئی اور طریقہ ان کے ساتھ اختیار نہیں کرے گا، بڑے بڑے علماء و مشائخ ان کے حلقۂ درس سے فیضیاب ہوئے،[1]

حکیم حسام الدین مارینکلی عہد ملبن میں دار السلطنت کے ممتاز اطباء میں سے تھے، درس و تدریس کا مشغلہ بھی جاری تھا،[2]

شیخ ابو بکر بن یوسف سجزی دہلی کے ممتاز اساتذہ میں سے تھے، غیاث الدین بلبن بڑی عزت کرتا اور ہر جمعہ کو نماز کے بعد ان کی مجلس میں حاضر ہوتا تھا،[3]

سید صدر الدین محمد بن محمد سندھی اپنے عہد کے ممتاز علماء میں تھے، ۶۶۹ھ / ۱۲۷۰ء میں وفات پائی بچھکر میں مدفون ہوئے،[4]

اسی طرح اس دور کے ممتاز علماء، فقہا، محدثین میں شیخ کمال الدین احمد دمینی محدث متوفی ۶۷۱ھ / ۱۲۷۲ء، قاضی رفیع الدین کاذرونی فقیہ (نزھۃ الخواطر ص ۱۵۵) قاضی رکن الدین سمانی فقیہ (" ص ۱۵۵) مولانا زین الدین بدایونی (" ص ۱۷۰) مولانا سراج الدین ترمذی (" ص ۱۷۱) مولانا سدید الدین دہلوی فقیہ (" ص ۱۷۱) قاضی کمال الدین جعفری صاحب کتاب المغنی فی الفقہ (" ص ۱۷۱) مولانا شرف الدین دانوالحی فقیہ (" ص ۱۷۳) قاضی ظہیر الدین دہلوی فقیہ، (" ص ۱۸۱) شیخ مجد الدین بن خطیر الدین لاہوری صاحب تصانیف مشہورہ (" ص ۲۰۲) شیخ یعقوب

---

[1] نزھۃ الخواطر ص ۱۲۸ [2] ایضاً ۱۴۴ [3] ایضاً ۱۲۱ [4] ایضاً ۲۲۶

ابن احمد مہروانی متوفی ۶۵۵ھ (۱۲۵۷ء) وغیرہ تھے جنہوں نے اپنے زمانہ میں اپنی اپنی مسند درس بچھائی تھی، اور ان کے وجود سے علم کا عام فیض جاری تھا،

مشائخ اس دور کے اکابر مشائخ میں سے حضرت خواجہ فریدالدین مسعود بن سلیمان اجودھنی معروف بہ گنج شکرؒ کے وجود گرامی سے شرف حاصل تھا، وہ حضرت خواجہ بختیار کاکی علیہ الرحمہ کے اجل خلفاء میں سے تھے، ضلع ملتان کے قصبہ کتھوال میں پیدا ہوئے، یہیں نشو و نما پائی، اور ملتان میں تعلیم کی تکمیل فرمائی، حضرت بہاءالدین زکریا ملتانی سے فیض یاب ہوئے، یہیں حضرت بختیار کاکیؒ سے شرف نیاز حاصل ہوا، مزید تعلیم کی ہدایت پاکر قندھار، سیستان، بدخشاں اور بغداد تشریف لے گئے، حضرت شہاب الدین سہروردیؒ، شیخ سیف الدین باخرزی، شیخ سعدالدین حموی سے فیض حاصل کیا، واپسی کے بعد دہلی میں حضرت کاکیؒ کی خدمت میں اقامت اختیار فرمائی، اور مجاہدہ و ریاضت میں مصروف ہوئے، حضرت خواجہ اجمیریؒ نے فیض بخشا، اور حضرت کاکیؒ نے دستار خلافت سر پر باندھی، پھر شیخ کے حکم کے مطابق ہانسی تشریف لے گئے، اور وہیں بارہ سال قیام فرمایا، جب خلائق کا ہجوم بڑھا، تو اجودھن چلے گئے اور اسی کو اپنا مستقر بنایا، خوارق عادات و کرامات کثرت سے منقول ہیں، دنیا اور اس کی دولت و ثروت سے بے نیاز رہے، سلطان علاءالدین محمود آپ کی خدمت میں بار بار آیا، بلبن کے توسط سے چند گاؤں کی معافی کا پروانہ دیا، حضرت نے قبول کرنے سے انکار فرمایا، بلبن جو آگے چل کر سلطان غیاث الدین ہوا اسکی بیٹی حضرت کے عقد نکاح میں تھی، اور سریر سلطنت پر بیٹھنے کے بعد بھی خانقاہ میں حاضری دیتا رہا، مگر حضرت کی شان استغنا میں کبھی فرق نہ آیا، ایک مرتبہ کسی شخص نے سفارش کے لئے مجبور کیا تو حضرت نے سلطان غیاث الدین کو حسب ذیل تحریر لکھ بھیجی،

تیں نے اس کے معاملہ کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا، پھر تمہارے سامنے لایا ہوں، اگر تم نے اس کو عطا کیا، تو عطا فرمانے والا وہی اللہ تعالیٰ ہوگا، اور تمہارا شکریہ ادا ہوگا، اور اگر تم نے اس کو کچھ نہیں دیا، تو روکنے والا وہی اللہ ہوگا، اور تم معذور سمجھے جاؤ گے"

حضرت کے خلفاء میں حضرت نظام الدین محمد بدایونی ملقب بہ نظام الدین اولیاؒ حضرت علاء الدین علی صابر کلیری، حضرت جمال الدین خطیب ہانسوی، اور حضرت بدر الدین اسحٰق دہلوی تھے، حضرت نظام الدین اولیا نے حضرت سے قرآن مجید کے ۷ پارے اور کتاب العوارف اور کتاب التمہید کی قرأت کی تھی، ان خلفاء میں سے حضرت نظام الدین نے حضرت گنج شکر کے ملفوظات راحۃ القلوب کے نام سے اور حضرت بدر الدین اسحٰق دہلوی نے سیر الاولیاء کے نام سے جمع کئے تھے، حضرت گنج شکر نے ۶۹ سال کی عمر میں ۶۶۴ھ/۱۲۶۶ء میں وصال فرمایا،

شیخ ابو المؤید نظام الدین بن جمال الدین غزنوی بھی حضرت بختیار کاکیؒ کے مرید تھے حضرت نظام الدین اولیاء ان کی مجلس وعظ میں شرکت کرتے، اور ان کے پر اثر مواعظ کے مداح تھے، ۶۷۲ھ/۱۲۷۳ء میں وفات پائی،

شیخ جمال الدین احمد بن محمد ہانسوی متوفی ۶۵۹ھ/۱۲۶۱ء، حضرت گنج شکر کے ممتاز خلفاء میں تھے، حضرت شیخ فرماتے "الجمال جمالی" فارسی میں ایک دیوان یادگار چھوڑا[1]،

حضرت خواجہ علاء الدین علی بن احمد صابر قدس سرہٗ حضرت گنج شکر کے محبوب خلیفہ تھے وہ ۵۹۲ھ/۱۱۹۶ء میں بمقام کنجہ پیدا ہوئے، اور شیخ کی خدمت میں تعلیم و تربیت پائی، اور حضرت گنج شکر کے اجل خلفاء میں شمار کئے گئے، اور حضرت کے توسط سے چشتی سلسلہ کو پورے ملک

---

[1] (زبدۃ الخواطر ص ۱۲۲)

ں عام مقبولیت حاصل ہوئی، کہا جاتا ہے کہ ان پر کبھی شان جلالی کا غلبہ طاری ہوتا تھا،
بتدا، انھیں شیخ نے دہلی میں اقامت اختیار کرنے کا اجازت نامہ عطا کیا، لیکن ہدایت کی کہ
پلے جمال الدین کو اسے دکھا لینا، وہ ہانسی تشریف لائے، اجازت نامہ ان کے ہاتھ میں دیا
رتھوڑی دیر انتظار کرکے رخصت چاہی، شیخ جمال الدین نے کہا دہلی کیلئے بردبار صاحب
لایت چاہیے، تم ایک لمحہ کیلئے ٹھہر نہیں سکتے، انھوں نے کچھ شان استغنا سے جواب دیا
شیخ جمال الدین نے برہم ہوکر اجازت نامہ کو چاک کرکے پارہ پارہ کردیا، انھوں نے
بلال میں آکر کہا کہ اسی طرح آپ کا سلسلہ بھی پارہ پارہ ہوجائے گا، چنانچہ شیخ جمال الدین
ا سلسلہ آگے نہ بڑھ سکا، حضرت خواجہ علاء الدین ہانسی سے لوٹ کر حضرت گنج شکرؒ کی خا
یں واپس آئے، اور واقعہ سنایا، تو حضرت گنج شکر نے فرمایا جمال الدین نے جس کو ٹکڑے
کردیا ہو، میں اس کو جوڑ نہیں سکتا، اور دہلی کے بجائے کلیر جانے کی ہدایت کی چنانچہ ۶۵۲ھ
میں کلیر تشریف لے گئے اور وہیں اقامت اختیار فرمائی، اور ان کے توسط سے سلسلہ
چشتیہ کا عام فیض جاری ہوا، اور جب عام شہرہ ہوا تو خلائق اطراف ہند سے جوق در جوق
آکر فیض اٹھانے لگی، ۶۹۰ھ/۱۲۹۲ء میں واصل بحق ہوئے حضرت خواجہ شمس الدین ترک پانی پتی
حضرت کے ممتاز خلیفہ تھے[1]

شیخ بدر الدین اسحاق بن علی بخاری دہلوی حضرت گنج شکر کے ارشد خلفا میں سے
تھے، ان سے حضرت غایت الفت رکھتے تھے، اور اپنے قرب سے علیحدہ کرنا گوارا نہ
فرمایا، ۶۹۰ھ/۱۲۹۱ء میں احمد دھن میں واصل بحق ہوئے[2]

حضرت نظام الدین محمد بن احمد بدایونی معروف بہ محبوب الٰہی حضرت نظام

---

[1] نزہۃ الخواطر حصہ اول ص ۱۸۰ [2] ایضاً

اولیاء قدس سرہٗ حضرت گنج شکر کے وہ دوسرے ممتاز خلیفہ ہیں جن کے توسط سے چشتی نظامی سلسلہ کی پورے ملک میں اشاعت ہوئی، حضرت محبوب الٰہی ۶۳۴ھ/۱۲۳۶ء میں بدایوں میں پیدا ہوئے، پانچ سال کی عمر میں والد ماجد کا سایہ سر سے اٹھ گیا، والدۂ محترمہ کی آغوش میں تربیت پائی، شیخ علاء الدین اصولی سے فقہ، اصول، اور دوسرے دینی علوم کی تحصیل کی، ۱۵ سال کی عمر میں دہلی تشریف لائے اور یہاں کے اساتذہ شمس الدین خوارزمی، کمال الدین مارکلی وغیرہ سے تحصیل علم کی تکمیل فرمائی، پھر ۶۵۵ھ/۱۲۵۷ء میں دہلی تشریف لائے، اور یہیں اقامت کی اجازت عطا کی گئی، اور رشد و ہدایت کا فیض جاری ہو گیا، یہ مملوک سلاطین کا آخری دور تھا، حضرت کا قیام غیاث پور میں تھا، معز الدین کیقباد نے اس کے قریب کیلوکھری میں شاہی محل تعمیر کرایا، دربار کے قریب ہونے کی وجہ سے امراء و اکابر کی آمد و رفت یہاں شروع ہوئی، اس اثناء میں خلجی سلطنت کا آغاز ہوا، اور حضرت کے فیوض و برکات کا یہ سلسلہ اس دور میں جاری رہا، سلاطین و امراء نے سر نیاز خم کیا اور اپنی طرف حضرت کی نگاہ کرم منعطف کرانے کو ابدی سعادت تصور کیا، حضرت کی تصنیفات میں فوائد الفواد، افضل الفوائد، اور راحۃ المحبین ہیں، ۷۲۵ھ/۱۳۲۵ء میں واصل بحق ہوئے،[1]

حضرت شیخ صدر الدین عارف حضرت بہاء الدین زکریا ملتانی کے صاحبزادے اور جانشین تھے، سلطان غیاث الدین کے بیٹے شاہزادہ محمد کو ان سے عقیدت تھی، ان کی مجلس میں حاضر ہوا کرتا تھا، ۶۸۴ھ/۱۲۸۳ء میں وفات پائی،

شیخ ابو علی شرف الدین قلندر اس عہد کے ممتاز علماء و مشائخ میں سے تھے ۶۰۵ھ/۱۲۰۸ء میں پانی پت میں پیدا ہوئے، اکابر علماء سے علوم کی تحصیل کی، عالم اسلامی کی سیاحت فرما کر صلحائے امت کے فیوض سے بہرہ اندوز ہوئے، حضرت شمس الدین تبریزی اور

[1] نزہۃ الخواطر حصہ دوم ص ۱۲۲، طبع ۱۳۵۰ھ،

جلال الدین رومی سے خرقہ حاصل کیا، تیس سال تک درس و افادہ کی خدمت انجام دی، پھر سکر و مستی کا عالم طاری ہوا، اور آخر عمر تک باقی رہا، ان کی تصنیفات میں حکمت نامہ اور چند دیگر رسائل تصوف میں ہیں، ۷۲۴ھ/۱۳۲۴ء میں واصل بحق ہوئے[۱]

شیخ ایوب ترکمانی بہرام شاہ کے زمانہ میں با اقتدار مشائخ میں تھے، ماہرہ ان کا مرکز تھا، سلطان کو ان سے عقیدت تھی، دہلی آیا جایا کرتے تھے، اور مختلف امور میں بہرام شاہ سے اپنی مرضی کے احکام صادر کراتے تھے[۲]

شیخ ابوبکر طوسی بلبن کے عہد کے ممتاز مشائخ میں سے تھے، بلبن نے ان کے لئے ایک بڑی خانقاہ تعمیر کرائی تھی جہاں لنگر جاری تھا، شیخ جمال الدین ہانسوی ان کے فضل کے معترف تھے، اور ان کی مجلس میں تشریف لایا کرتے تھے[۳]

شیخ حسام الدین ملتانی حضرت صدر الدین محمد بن زکریا ملتانی کے مریدین میں سے تھے، ۶۸۷ھ/۱۲۸۸ء میں وفات پائی[۴]

حضرت خواجہ محمد بن حسن اجمیری حضرت خواجہ اجمیری کے خلف صدق تھے، اجمیر میں پیدا ہوئے، اور وہیں حضرت خواجہ کے دامن تربیت میں فیض اٹھایا، اور ان کے بعد مشیخت و ارشاد کے منصب پر سرفراز ہوئے، ۶۵۳ھ/۱۲۵۵ء میں وفات پائی[۵]

شیخ نجیب الدین بن عماد الدین فردوسی دہلوی، شیخ رکن الدین فردوسی کے مرید تھے، حضرت مخدوم شیخ احمد بن یحییٰ منیری ان کے مرید و خلیفہ تھے، ۶۹۱ھ/۱۲۹۲ء میں دہلی میں واصل بحق ہوئے[۶]

---

[۱] نزہۃ الخواطر ص ۵ [۲] ایضاً ص ۱۲۵ [۳] ایضاً ص ۱۲۳ [۴] ایضاً ص ۱۴۴ [۵] ایضاً ص ۱۲۳

[۶] ایضاً ص ۲۳۵،

شیخ بابا رجب گجراتی حضرت سید احمد کبیر رفاعی کے مرید تھے، ۶۱۶ھ میں گجرات میں آئے، نہروالہ میں قیام تھا، ایک خلق کثیر ان کے ہاتھ پر اسلام لائی، ۶۷۰ھ/۱۲۷۱ء میں وفات پائی[۱]،

شیخ عثمان بن حسن مروندی معروف بہ لعل شہباز ۶۶۲ھ/۱۲۶۴ء میں ملتان پہنچے، سلطان غیاث الدین کے بیٹے شاہزادہ محمد نے ان کے لئے ایک عظیم خانقاہ تعمیر کرائی، اور یہ رشد و ہدایت میں مصروف ہوئے، ۶۷۳ھ/۱۲۷۴ء میں سیوستان میں مدفون ہوئے[۲]،

شیخ فخر الدین میرٹھی حضرت خواجہ بختیار کاکیؒ کے مرید و خلیفہ تھے، رتبۂ شیخیت تک سرفراز ہوئے، کہا جاتا ہے کہ وہ سکندر یونانی کی نسل سے تھے[۳]،

شیخ نجیب الدین بن سلمان متوکل حضرت گنج شکر کے خلفا میں سے تھے، ۶۶۹ھ/۱۲۷۰ء میں دہلی میں وفات پائی[۴]،

شیخ حسین بن علی بخاری حضرت زکریا ملتانی کے مرید تھے، اور بھکر میں مستقل سکونت رکھتے تھے، ۶۹۵ھ/۱۲۹۶ء میں وفات پائی[۵]،

مولانا شیخ شرف الدین عراقی جو حضرت شہاب الدین سہروردی کے مرید تھے ۶۸۷ھ/۱۲۸۸ء میں وفات پائی[۶]،

اسی طرح اس دور کے ممتاز صوفیہ و مشائخ میں شیخ عبدالرشید کیتھلی متوفی ۶۳۸ھ/۱۲۴۰ء (نزہۃ الخواطر ۱/۱۷) شیخ خواجہ عزیز کرمی بدایونی فقیہ و صوفی متوفی ۶۶۲ھ/۱۲۶۴ء (۱/۱۸) سید محمد ابن شجاع مکی متوفی ۶۴۶ھ/۱۲۴۸ء (۱/۲۱۰) شیخ بدرالدین محمد بن محمد سندھی متوفی ۶۸۰ھ/۱۲۸۱ء بہ بھکر (۱/۲۲۳) سید صدرالدین محمد بن محمد بھکری متوفی ۶۶۹ھ/۱۲۷۰ء (۱/۲۲۰) شیخ نورالدین لاری متوفی ۶۹۵ھ/۱۲۹۶ء (۱/۲۳۰) وغیرہ کے وجود گرامی سے رشد و ہدایت کا عام فیض جاری تھا،

---

[۱] نزہۃ الخواطر ص ۱۵۴ [۲] ۱۸۰، [۳] ص ۱۹۵، [۴] ص ۲۱۳ [۵] ص ۱۴۲ [۶] ۱۴۲۰

مملوک سلاطین کا دور حکومت

مملوک سلاطین کے خاتمہ پر دہلی سلطنت کے ان سلاطین کے سلسلہ کا خاتمہ ہوا، جن کا آغاز سلطان شہاب الدین غوری سے ہوا تھا کہ اسی کے غلام در غلام تاجدار بن کر تخت نشین ہوتے گئے، اس کے ساتھ سلطان محمود غزنوی اور شہاب الدین غوری کے ہاتھوں سے ہندوستان کو زیر نگیں کرنے کی جو مہم شروع ہوئی تھی، وہ بھی اسی دور میں پایۂ تکمیل کو پہنچ گئی،

ہندوستان پر مسلمانوں کے حملہ آور ہونے کے محرکات

غزنوی اور غوری کشور کشاؤں کے ہندوستان پر حملہ آور ہونے کے محرکات کیا تھے، ہمیں اس پر بھی ایک نظر ڈال لینا چاہیئے، عام طریقہ سے محمود کی بت شکنی کے جذبہ کو شہرت دی گئی ہے، مگر یہ تمام تر یورپ کے مورخین کے ذہن کی پیداوار ہے، ان نومسلم ترکوں میں اس قسم کے کسی جذبہ کے بجائے در اصل اس زمانہ کی سماجی زندگی کے وہ مطالبے تھے، جو بلندی اور نام آوری حاصل کرنے کے لئے فوجی طاقتیں مہیا کرکے سپہ سالار ایک ملک سے دوسرے ملک میں جایا کرتے تھے، ہندوستان کی دولت کی شہرت عام تھی، اس میں بھی ایک خاص قسم کی کشش موجود تھی، ان قبائل میں اپنی نوآبادیاں قائم کرنے کا جذبہ بھی پایا جاتا تھا، وہ اپنے بڑے بڑے جرگوں کے ساتھ نکل جاتے، اور جہاں سرسبزی نظر آتی وہاں ڈیرے ڈال دیتے تھے، محمود نے ہندوستان کو خاص طور پر رہنے کیلئے پسند کیا تھا لیکن وہ یہاں اقامت اختیار نہ کرسکا،

تمام مسلمانوں کو ان کی زندگی کے تمام شعبوں میں عمومی آزادی

سلاطین دہلی کے زمانہ میں جن حکمرانوں کے ہاتھوں میں تلوار تھی، انھیں اس پر اتنا بھروسہ تھا کہ انھوں نے ہندوستان کے پرانے رہنے والے کو ہنٹا کرنے کا کبھی قصد نہیں کیا، یہاں انھوں نے قانون اسلم جاری کرنے کی ضرورت کبھی

محسوس نہیں کی، نا مسلمانوں کو عام اجازت تھی کہ وہ ہتھیار بند رہیں، اور اپنی مرضی کے مطابق جرگے تیار کریں، ان کی سماجی، معاشرتی و اہلی زندگی سے بھی کوئی تعرض نہیں کیا جاتا تھا، انھیں ہر قسم کی پوری آزادی حاصل تھی، انھیں اپنی اقتصادی و معاشی ترقی حاصل کرنے کے پورے مواقع دیئے گئے تھے، اور اسی زمانہ میں وہ حکومت کے شعبوں سے بھی کہیں کہیں وابستہ ہونے لگے تھے،

ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت کی حیثیت

درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے، اگر ہندوستان پر حملہ آوری میں کوئی دینی جذبہ کارفرما ہوتا تو وہ یہاں کی سلطنت کی بنیاد اسلامی اصول و شرائع پر قائم کرتے، اگرچہ بعض مورخین نے اس سلطنت کو خالص "اسلامی سلطنت" لکھا ہے جس کی بنیاد شرعی احکام پر قائم تھی، لیکن اہل نظر جانتے ہیں کہ عملی طور پر در اصل یہ اسلامی سلطنت نہ تھی، اور برنی جیسے مورخ کو بھی اپنی تصنیف "فتاوی جہانداری" میں یہ اقرار کرنا پڑا ہے کہ یہاں بادشاہی کا نظام خالص "دنیاداری" پر قائم تھا، جو "دینداری" کے قطعی خلاف تھا، جس کا قیام غیر اسلامی طور و طریق اور طرز حکومت کو اختیار کئے بغیر ممکن نہ تھا، سلطان اگرچہ خود اسلامی عقیدہ کا قائل اور شرائع کا پابند تھا، لیکن اس کی سلطنت کا نظام شرائع کے بموجب قائم ہونے کے بجائے خالص تسلط اور فوجی طاقت پر قائم تھا، اس نظام میں شرائع کو بھی وہی حیثیت حاصل تھی، جو دوسرے قوانین کو تھی، اس لئے در اصل یہاں مسلمانوں نے جس سلطنت کی داغ بیل ڈالی تھی، وہ مذہبی حکومت کے بجائے غیر مذہبی اور غیر جانبدار سلطنت (سیکولر اسٹیٹ) تھی، پروفیسر حبیب اللہ نے یہ صحیح لکھا ہے کہ

> مورخین کے بیانات سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ سلطنت خالص اسلامی ریاست تھی جو اپنی پالیسی کو شریعت کے مطابق بنانے کی کوشش کرتی رہی لیکن جیسا کہ گذشتہ باب سے معلوم ہوا ہوگا

عملاً ایسی نہ تھی، بادشاہت کے غیر اسلامی طرز کا مطالعہ ہم کر چکے ہیں، برنی نے اس کا اعتراف کیا ہے، کہ دنیا داری جس کا منتہا ہے کمال بادشاہت ہے، وہ دینداری کے خلاف ہے، برنی نے یہ بتایا ہے کہ بادشاہت کے مشرکانہ طریقے اسلام میں جاری رہے اور اسی کے بعد وہ اس نتیجہ پر پہنچا ہے کہ بغیر غیر اسلامی طریقہ کے بادشاہت ممکن نہیں، بعض خوش عقیدہ مذہبی گروہ اپنے کو یہ تسلی دے سکتا ہے کہ سلطان صرف مذہب کی اشاعت اور شریعت کی بقا ہی کیلئے ہوتا ہے، لیکن بغیر کسی شک وشبہہ کے یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس کے اعمال میں جو چیزیں فیصلہ کن ہوتی تھیں وہ قوت اور ضرورت کا قانون تھیں، برنی نے بادشاہت کی اصلیت اور نوعیت کی تفصیل بتائی ہے، وہ کہتا ہے، کہ بادشاہت کے معنی استیلا کے ہیں، چاہے وہ قانونی طریقہ سے ہو یا قوت سے ہو، اور شریعت کی عملی طور پر اس سے زیادہ توقیر نہ تھی جیسے دوسرے قوانین کی، برنی کو یہ اعتراف ہے کہ مسلمانوں کو جو سزائیں دی جاتی تھیں وہ قرآن پاک کے خلاف تھیں، لیکن ان کو روا رکھا جاتا تھا، اسی طرح قانون وراثت اور حلال وحرام کا امتیاز اور دوسری معروف امتناعی پابندیوں کو توڑ دیا جاتا تھا، مذہبی طبقہ اس کے خلاف احتجاج ضرور کرتا تھا، سود کے متعلق جو شرعی پابندیاں تھیں ان کا لحاظ مطلق نہیں کیا جاتا تھا، امیر خسرو نے واقعہ بیان کیا ہے کہ ایک تنکہ پر ایک جیتل سود ماہوار لیا جاتا تھا، اور طریقتیں میں جب تحریری معاہدہ ہو جاتا تھا تو اس کو قانونی درجہ حاصل ہو جاتا تھا، اور قاضی کو اس کو عمل میں لانا پڑتا تھا، وہ جو چار شرائط برنی نے بادشاہوں کو عمل کرنے کیلئے لکھے ہیں، ان میں سے ایک یہ ہے کہ وہ جب کسی ضابطہ کو جاری کرے، تو ان میں سے اگر کوئی شریعت کے خلاف ہو تو وہ

واپس نہ لئے جائیں، بلکہ جب تک ضرورت ہو اس کو قائم رکھا جا سکتا ہے[1]"۔

ہندوستان میں مسلمانوں کی اسی غیر مذہبی سلطنت کی تاسیس عمل میں آئی، اور بیشتر مسلمان سلاطین نے اپنے بیشتر زمانوں میں اپنے کو غیر مذہبی حکمراں تصور کیا، انھوں نے اپنی ذات اور مسلمانوں کیلئے دین کی عام پابندی کو لازم کر رکھا تھا، مگر مسلمانوں کے ساتھ اپنے سیاسی برتاؤ میں اس کا لحاظ نہیں رکھا تھا، اس طرح وہ دینداری اور دنیاداری دونوں کو دونوں پلڑوں پر رکھ کر نظم حکومت سنبھالے ہوئے تھے اور ان میں سے جو سلاطین دینداری کی طرف مائل ہوتے ان کا پلڑہ کسی قدر جھک جاتا، اور جو خالص دنیاداری کے رخ کو سامنے رکھتے وہ اس سمت کو جھک جاتے تھے، یہی طرز مملوک سلاطین ہند سے لے کر تیموری سلطنت کے چراغ کے بجھنے تک قائم رہا، تیموری دور میں دینداری و دنیاداری کے دونوں سروں کو دو حکمرانوں عالمگیرؒ اور اکبر نے اپنے اپنے دوروں میں اپنے کردار سے زیادہ نمایاں کر دیا تھا، اور اسی لئے ان دونوں کی بادشاہی کا طرز ایک دوسرے کے بالکل برعکس تھا، بایں ہمہ پورے اسلامی دور میں کسی ایک حکمراں کا بھی زمانہ ایسا مشکل سے مل سکتا ہے جس کو ہم خالص اسلامی حکومت سے تعبیر کر سکتے ہوں اور جس میں ہم عہد صدیقی و فاروقی کی مثالیں دیکھ سکتے ہوں، بلکہ یہاں اسلامی حکومت کے بجائے مسلمان بادشاہوں کی حکومت قائم تھی، جس میں جب حکمرانوں اور محکوموں میں ارتباط بڑھا تو دونوں کو یکساں حیثیت کے شہری حقوق حاصل ہو گئے اور حکومت کا کوئی عہدہ یا منصب محض نامسلمان ہونے کے سبب کسی کے لئے بند نہیں رہ گیا،

ہندوستان کی حفاظت مملوک سلاطین اپنے دور حکمرانی میں مغربی سرحد کی حفاظت کی

---

[1] فونڈیشن آف مسلم رول ان انڈیا ص ۲۱۵،

اہم خدمت انجام دیتے رہے، اس دور میں وسط ایشیا میں پے در پے انقلابات آئے، اور انکی لہریں دریائے سندھ تک بھی پہنچیں مگر ان سلاطین نے ان کی موجوں کو بکھیر دیا، اور پنجاب تک کے علاقہ کو مضبوطی سے زیر نگیں رکھا، ان کا یہ کارنامہ مغل سلاطین کے کارناموں سے بڑھا ہوا تھا اس لئے کہ مغلوں کے تسلط میں افغانستان اور قندھار کا علاقہ بھی تھا، اور انھیں آگے بڑھ کر ہندوستان کی سرحد کی حفاظت کا موقع حاصل تھا،

حکومت کا ڈھانچہ اس لئے ان سلاطین دہلی کی مرکزی حکومت پر ملکی حفاظت و مدافعت کا عظیم بار تھا، اور اسی لحاظ سے ان کے غیر معمولی مصارف بھی تھے، اور مرکزی حکومت سب سے زیادہ فوجی اخراجات ہی پر صرف کرتی تھی،

اس دور وسطی میں مسلمان سلاطین کی سلطانی کا استناد خلفاء کی منظوری سے حاصل ہوتا تھا ہندوستان کے یہ سلاطین بھی خلفاء سے اپنا رسمی رشتہ قائم رکھتے تھے، اور رسماً خلیفۃ المسلمین کو سب پر تفوق حاصل تھا، اور یہ سلاطین گویا اس کی طرف سے نیابۃً حکومت کرتے تھے اسلئے خطبہ میں خلفاء اسلام کے ساتھ ان کے نام بھی لئے جاتے تھے،

حکومت کے شعبے سلطان کے بعد قدرۃً وزراء کو اہمیت حاصل تھی جنھیں نظام الملک، مؤید الملک، صدر الملک، عین الملک وغیرہ کے خطابات دیئے جاتے تھے، لیکن یہ وزراء صرف کشوری امور کے مالک تھے، شعبۂ عسکری، شعبۂ مال، دیوان انشاء، معاملات خارجہ، اطلاعات، و زارت انصاف کے شعبے علٰحدہ قائم تھے، ان کے علاوہ امیر حاجب، وکیل دار، سار جاندار اور کبھی نائب مملکت کے عہدہ دار مقرر ہوئے، پھر آخر میں نیابت کے عہدے مستقل کر دیئے گئے، جس میں نائب وزیر، نائب وکیل وغیرہ عہدہ دار تھے،

فوج فوج کی کئی قسمیں تھیں، ایک تو شاہی فوج تھی، جو ملک اور خصوصاً سرحد کی حفاظت

پر مامور رہتی تھی، دوسرے صوبائی فوجیں صوبہ داروں کے ماتحت تھیں، کبھی ضرورت کے وقت نئی بھرتی ہوتی تھی، فوج کے افسروں کو تنخواہیں نہیں دی جاتی تھیں، جاگیریں سپرد تھیں، البتہ قائم فوج کے سپاہیوں کی تنخواہیں، جو مواجب کہلاتی تھیں مقرر تھیں،

آئین وعدالت | قانون شریعت بنیادی آئین سمجھا جاتا تھا، مگر ضرورت کے مطابق اسکے خلاف عمل ہوا کرتا تھا، ہندوؤں کے لئے ہندو کوڈ کے مطابق قانون نافذ تھے خصوصاً پرسنل لا میں انھیں کامل آزادی حاصل تھی، صدر جہاں کا عہدہ ہندوستان کی مرکزی عدالت کے چیف جسٹس کے لئے تھا، امرا و وزرا سے رتبہ و احترام میں اس منصب کا درجہ اونچا تھا، چنانچہ مورخین نے فہرست میں شاہزادوں کے بعد ان کے نام لکھے ہیں، وہ صدر جہاں کے علاوہ قاضی قضاۃ، قاضی ممالک یا شیخ الاسلام بھی کہے جاتے تھے، عدالتی نظام و انصرام و تقرر کے سارے اختیارات اسی کو حاصل تھے[1]

پھر اس کے ماتحت عہدہ دار تھے، دیوانی کے مقدمات قاضی اور فوجداری کے مقدمات امیر داد سماعت کرتے تھے، کوتوال اور محتسب پولیس کا کام کرتے تھے،

زکوٰۃ کا نظم بھی قائم تھا، اور دوسرے محاصل بھی لئے جاتے تھے، مسی، نقرئی اور طلائی سکے کئی قسم کے جاری تھے، "ہندوستان کے عہد اسلامی میں زکوٰۃ کا نظام" کے عنوان سے اس مجموعہ میں ایک مستقل تحریر علیحدہ مندرج ہے،

ڈاک کا نظم | ڈاک کے نظم کا بڑا عہدہ دار "برید ممالک" کہا جاتا تھا، اس کا صدر دفتر پایہ تخت میں تھا، اس کے ماتحت راستوں کا معقول نظم قائم رہتا تھا،

صوبوں کا نظم | صوبوں کا نظم اس طرح قائم تھا کہ صوبہ دار اپنے حدود کے کامل ذمہ دار ہوتے

---

[1] طبقات ص ۱۲۵، ۱۷۷، برنی ص ۲۴، ۱۲۶، آئین

تھے، کبھی نائب والی بھی مقرر ہوتے تھے، صوبوں میں بھی چھوٹے پیمانہ پر حکومت کے وہ سب شعبے موجود تھے، جو مرکز میں قائم تھے، اس زمانہ میں صوبوں کے لئے اقطاع کی اصطلاح قائم تھی، صاحب اقطاع کو عدالتی نظام میں دخل دینے کا اختیار حاصل تھا، صوبہ دار شحنہ و کوتوال کی مدد سے نظم و امن قائم رکھتا تھا، اور مرکزی حکومت کی طرف سے خطبہ و سکہ جاری رہتا تھا، کبھی باجگذار صوبے اپنا سکہ علٰحدہ بھی جاری کرتے تھے،

سلاطین کا طرز بود و ماند | مورخین نے مملوک سلاطین کے شاہانہ طرز بود و ماند کی نہایت دلکش تصویر کھینچی ہے، سلطان کے گرد صدہا نقیب و چاؤش، پیادہ و سرہنگ، امرار و فوجی سردار جمع رہتے تھے، اور ایسا دبدبہ چھایا رہتا تھا کہ کبھی بڑی بڑی سلطنتوں کے امرا، و سفرا "خاکبوسی"، یعنی سلام کے وقت شدت تاثر سے لڑکھڑا کر گر جاتے اور بے ہوش ہو جاتے تھے، اس طریقہ سے رعب و دبدبہ قائم کرکے فتنہ انگیزی کو روکنا مقصود تھا، حالانکہ خود پرستی و عظمت نمائی کے یہ طریقے اسلام اور اس کی تعلیمات کے منافی تھے، لیکن بلین خود کہتا ہے کہ ان کو جائز اس لئے رکھا گیا کہ قیام امن و عدل میں ان سے مدد ملتی ہے، مظلوموں کی دادرسی ان سلاطین کا خاص شیوہ رہا، نیز وہ امور دین میں دینداری کو راہ دینے کا جذبہ بھی رکھتے تھے، لیکن انھوں نے اپنی حکومت کو اسلام کی اشاعت کا ذریعہ نہیں بنایا،

اسلام کی اشاعت | اس دور میں اسلام کی اشاعت ضرور ہوئی، مگر وہ حکومت کے بل پر ہونے کے بجائے مسلمانوں کے ہندوستان کی منتشر آبادیوں میں گھل مل کر رہ بس جانے سے ہوئی، ہندوؤں میں "مورتی پوجا" پر عقیدہ کمزور ہوتا گیا، توحید اور مساوات انسانی کے جذبات کی ان میں پرورش ہوئی، ہندوؤں کے مختلف فرقوں نے بعض اس زمانہ میں اور بعض آگے چل کر توحید کی تعلیمات کو اصول کے طور پر مانا، ادر دیش، شودر، کھتری اور برہمن کی

فقر نقیوں کو ستایا، صوفیۂ کرام شمالی ہند کے گوشہ گوشہ میں پہنچ چکے تھے، اور اسلامی تصوف کے ذریعہ ہندوستان میں اسلام کو فروغ ہوتا جاتا تھا، خصوصاً خانوادۂ چشتیہ نے وہ خدمات انجام دیئے جو سلاطین دہلی سے انجام نہ پا سکے، کلاہ تتری رکھنے والے درویش صفت امیر اور خواجہ حسن نے سلطان نظام الدین اولیاء کی چوکھٹ چومی،

اس دور میں علمائے دین بڑی وقعت کی نگاہ سے دیکھے جاتے اور خدمتیں انجام دیتے تھے، مسجدیں اور مدرسے ان کی سیادت میں معمور تھے،

علوم کی ترقی جیسا کہ اوپر گذرا مملوک سلاطین نے علوم کی ترقی میں غیر معمولی دلچسپی لی، ضیاء الدین برنی نے ہر ایک سلطان کے عہد حکومت کے بیان میں شعراء، علماء، فضلاء، فقہا، محدثین وغیرہ کی طویل فہرست درج کی ہے، تذکرہ کی کتابوں میں مختلف مدارس کا حال ملتا ہے، اس دور میں جو علمی و تعلیمی ترقیاں ہوئیں ان کا ذکر اجمالاً اوپر گذرا اور تعلیمی ترقیوں کا تفصیلی بیان اس مجموعہ کے دو مستقل مقالوں میں علیحدہ آیا ہے،

ایک نئے کلچر کی تخلیق اور انسانی آبادی کے طبقات ہندوستان کے شمالی حصہ میں اس دور میں ایرانیوں، افغانیوں اور ترکوں نے عربوں کے تمدن سے آمیزش کے بعد مسلمانوں کی سوسائٹی میں یہاں ایک طبقۂ اعلیٰ قائم کر لیا تھا، اور پھر ہندوؤں میں سے ایک بڑا طبقہ اسلام میں داخل ہوا اور جیسا کہ گذرا وہ ترقی کر کے نیابت مملکت کے منصب تک پہنچا، اس طرح شمالی ہند میں ایک ایسے کلچر کی بنا پڑی جس میں عرب تمدن آمیز ایرانی افغانی ترکی کلچر میں ہندی کلچر کی آمیزش ہوئی، اور ایک نئے کلچر کی تشکیل عمل میں آئی، دوسری طرف سندھ میں عربوں کے غالب اثرات سے ہندی کلچر کی آمیزش سے ایک جداگانہ کلچر کی تشکیل ہو رہی تھی، اس طرح شمالی ہند کے نئے کلچر میں ایرانی اور سندھ کے نئے کلچر میں عربی اثرات نمایاں تھے، مملوک سلاطین کے دور میں

شمالی ہند اور سندھ و ملتان کے ان دونوں کلچروں کو ایک دوسرے سے ملنے کا موقع ملا، اور ایک نیا ہندوستانی کلچر عالم وجود میں آیا، اور سوسائٹی میں طبقۂ اعلیٰ کے وہ مسلمان جو مختلف نسلوں کے تھے، اس کلچر کے روح رواں رہے، اس سوسائٹی میں اہل سیف اور اہل قلم کی دو قسمیں تھیں، اہل سیف میں ارباب حکومت اور اہل قلم میں ارباب علم داخل تھے، عدالت و قضا کا نظم مؤخر الذکر طبقہ ہی کے قبضہ میں تھا، تیسرا گروہ "عوام" اور "خلق" کا تھا، تجار کا طبقہ ان ہی میں سے تھا جن میں ملک التجار بھی ہوتے تھے، اور امتیازی شان حاصل کرتے تھے، عوام کا بڑا طبقہ کاشتکاری اور کارخانوں میں کام کرتا تھا، مذہبی حیثیت سے ملک میں سنی، شیعہ، صوفیہ اور نامسلمانوں کا طبقہ تھا، شیعوں میں کاغالی طبقہ موسوم بہ ملاحدہ و قرامطہ تھا، اسی طرح سنیوں میں حنفی و شافعی دونوں تھے،

تجارتی ترقی اس عہد میں ہندوستان کے تجارتی تعلقات ایران و عرب سے قائم تھے، حالانکہ مملوک سلاطین کے قبضہ میں کوئی بندرگاہ نہ تھی، ملکی تجارت بھی فروغ پر تھی مختلف قسم کے کارخانے قائم تھے جن میں سامان تیار ہوتا تھا، زرعی ترقی اس ملک کی جان تھی، حکومت امن و امان قائم رکھ کر اور کسانوں کو آسانیاں مہیا کر کے زراعت کو ترقی دیتی تھی۔

اندرون ملک میں راستوں کا معقول نظم قائم تھا، تجارتی راستے زیادہ تر دریائی تھے، بحری اور بری راستوں اور ان کے وسیلوں کا نظم قائم رکھا جاتا تھا، جن سے ملک میں غیر معمولی تجارتی و صنعتی ترقیاں عمل میں آئیں،

ہندوستان کی مرکزیت عالم اسلامی میں ہندوستان کی تجارتی و صنعتی ترقیوں اور فراغ بالیوں کا شہرہ ایسا ہوا کہ وسط ایشیا و دوسرے اسلامی ملکوں سے لوگ نقل وطن کر کے آنے لگے اور مختلف صناع، کاریگر اور اہل حرفہ اس ملک میں آباد ہو گئے، اس تمدن کا سب سے اہم مرکز خود پایہ تخت دہلی تھا، چنانچہ اس دور کے خاتمہ کے چند سال بعد جب ۷۳۴ھ/۱۳۳۳ء میں مشہور سیاح ابن بطوطہ ہندوستان آیا، تو اس کو اعتراف کرنا پڑا کہ

"دہلی کو نہ صرف بلاد ہند بلکہ تمام مشرقی دنیائے اسلام کے شہروں پر تفوق حاصل ہے"

السّامری

از

مولانا ابوالجلال صاحب ندوی رفیق دارالمصنفین

جس شخص کے بہکانے سے بنی اسرائیل نے گوسالہ کی پرستش کی تھی، اس کا ذکر قرآن میں خدا نے السامری کے لقب سے کیا ہے، اس قصہ میں بائبل کا بیان قرآن سے مختلف ہے، مسلمان ایسی صورتوں میں بائبل کو اور اہل کتاب قرآن کو مسترد کر دیا کرتے ہیں، اہل انصاف کا فرض ہے کہ قرآن کے بیان کا بائبل کے بیان سے مقابلہ کرتے وقت قرآن کے اس دعویٰ کا بھی لحاظ رکھا کریں کہ

ان ھذا القرآن یقص علی بنی اسرائیل اکثر الذی ھم فیہ یختلفون (نمل)	یہ قرآن بنی اسرائیل کو اکثر وہ باتیں سناتا ہے جن کے متعلق وہ باہم مختلف ہوتے ہیں،

قرآن کریم بائبل کے بیانوں کی اصلاح کے ساتھ تصدیق کیا کرتا ہے، اصلاح و تصدیق کی خوبیاں سمجھنے کیلئے ہم کو اس موقع پر قرآن سے پہلے بائبل پر نظر ڈالنی چاہیئے،

سفر تثنیہ | یہ قصہ بائبل کے جن صحیفوں میں مذکور ہے، ان میں سب سے قدیم سفر تثنیہ ہے، ۶۲۵ ق م میں جب یوشیاہ بنی یہوداہ پر حکومت کرتا تھا حلقیاہ المقدس کے سردار کاہن نے "خداوند کے گھر میں توریت کی کتاب پائی" (۲ سلاطین ۲۲: ۸) جو کہ خود حضرت موسیٰؑ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی تھی (۱ ایام ۳۴: ۱۴) یہ وہی کتاب تھی جو حضرت موسیٰؑ نے اپنے

ہاتھ سے لکھ کر عہد کے صندوق میں رکھوائی تھی، (تثنیہ ۳۱: ۲۶) ۶۲۵ء قم اس کے توراۃ ہونے پر اجماع ہوا، آخری فصلوں کے اضافہ کے ساتھ یہی کتاب وہ ہے جسے موسیٰ کی پانچویں کتاب کہا جاتا ہے، یہ کتاب حضرت موسیٰؑ کا وصیت نامہ ہے، اس کے اندر حضرت موسیٰؑ فرماتے ہیں:-

یاد رکھنا بھول نہ جانا کہ تم نے خداوند اپنے خدا کو بیابان میں کیونکر غصہ دلایا تھا (۹: ۷) تم نے خداوند اپنے خدا کا گناہ کیا تھا، اپنے لئے ایک ڈھالا ہوا بچھوا بنایا تھا، اور بہت جلد اس راہ سے پلٹ گئے تھے جو خدا نے تمھیں بتائی تھی (۹: ۱۶) وہ تم پر بہت خفا تھا، تم کو نابود کر دینا چاہتا تھا، لیکن خداوند نے اس وقت میری سنی (۹: ۱۹) اور خداوند کا غصہ ہارون پر بھی بھڑکا اور اسے ہلاک کرنے پر تھا، لیکن میں نے اس وقت ہارون کے لئے بھی دعا مانگی (۹: ۲۰) اور میں نے تمہارے گناہ کو یعنی اس بچھڑے کو جو تم نے بنایا تھا لیا اور آگ میں جلایا اور اسے کوٹا اور مہین پیسا ایسا کہ وہ غبار ہو گیا، اور میں نے اس راکھ کو اس چشمے میں جو پہاڑ سے نکلا تھا ڈال دیا، (۹: ۲۱)

سفر اعمال | سفر تثنیہ کے اس بیان سے دو باتیں معلوم ہوئیں ایک یہ کہ عام بنو اسرائیل نے بچھوا پوجا تھا، اور دوسری یہ کہ حضرت ہارونؑ سے بھی ان ہی دنوں کسی بات پر خدا ناراض ہوا تھا، اس کتاب میں یہ مذکور نہیں ہے کہ حضرت ہارونؑ کا قصور کیا تھا، سفر اعمال میں ہے کہ حضرت استفنس شہید پر ایک بار یہود نے حضرت موسیٰؑ اور خدا کے خلاف کفر بکنے کا الزام لگایا، عدالت میں اپنے عقائد کا اظہار کرتے ہوئے انھوں نے قدیم تاریخ کے کچھ واقعات بھی سنائے جن کے درمیان فرمایا،

"اسی موسیٰ کو جس سے انھوں نے یہ کہکر انکار کیا تھا کہ تجھے کس نے ہمارا حاکم اور قاضی بنایا ہے، خدا نے اس فرشتہ کی معرفت جو اسے جھاڑی میں نظر آیا تھا مبعوث فرمایا تاکہ وہ حاکم اور چھٹکارا دینے والا ہووے، انھیں نکال لایا، اور ملک مصر میں، لال سمندر میں اور ۴۰ برسوں تک بیابان میں معجزے اور نشانیاں دکھاتا رہا (۷: ۳۵ و ۳۶) مگر ہمارے باپ دادوں نے اس کا تابعدار ہونا نہیں چاہا اور ان کے دل مصر کی طرف مائل ہوے، اور انھوں نے ہارون سے کہا کہ ہمارے لئے ایسے معبود بنا جو ہمارے آگے آگے چلیں، کیونکہ ہم نہیں جانتے کہ اس موسیٰ کو کیا ہو گیا ہے جو ہم کو مصر سے نکال لایا ہے، اور انھوں نے انہی دنوں ایک بچھوا بنایا اور اس بت کو قربانی چڑھائی، اور اپنے ہاتھ کے کاموں پر خوشی منائی، (۷: ۳۹ تا ۴۱)

سفر خروج سفر تثنیہ سے یہ معلوم ہوا کہ حضرت ہارونؑ سے خدا ناراض تھا، سفر اعمال سے یہ معلوم ہوا کہ بنی اسرائیل نے بچھوا بنا دینے کی حضرت ہارونؑ سے فرمایش کی تھی، ان دونوں باتوں کو ملا کر یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ حضرت ہارونؑ نے ان کی فرمایش پوری کر دی تھی، لیکن حضرت استفنس شہید کا یہ قول کہ انھوں نے ان ہی دنوں ایک بچھوا بنایا، حضرت ہارونؑ کو بچھوا بنا دینے کا مجرم قرار نہیں دیتا، حضرت استفنس کے بیان سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ حضرت ہارونؑ نے ان کی درخواست کا کیا جواب دیا تھا، سفر خروج کے موجودہ صورت بیان کے متعلق حضرت ہارونؑ نے ان کی درخواست پوری کر دی تھی، لیکن غور اور تحقیق کے ساتھ سفر خروج کو پڑھنے کے بعد ہم قطعی طور پر اس نتیجہ تک پہنچتے ہیں کہ بچھوا بنا دینے کا جرم حضرت ہارونؑ پر لگانے کی ذمہ داری سفر خروج

کے مولف نے یہ الزام حضرت ہارونؑ پر نہیں بلکہ ایک اور شخص پر لگایا تھا جس کا نام حور ہے،

سفر خروج ان پانچ کتابوں میں سے ایک ہے جن کو موسیٰ کی کتابیں کہا جاتا ہے، لیکن محققین نے متعدد دلائل سے ثابت کیا ہے کہ یہ کتاب تین مختلف تحریروں کا مخلوط مجموعہ ہے، غالباً یہ کتاب ۴۰۰ ق م میں یا اس کے بعد تالیف کی گئی مگر اس میں قدیم تحریریں بھی ہیں،

سفر خروج کے سترہویں باب میں جو ایک قدیم کتاب سفر زکرون سے منقول ہے، فیدیم نام ایک مقام میں عمالقہ و بنی اسرائیل کی جنگ کا ذکر ملتا ہے، اس موقعہ پر ہم کو حضرت موسیٰؑ کے ساتھ ان کے چپ و راست حضرت ہارونؑ اور ایک شخص حور ملتے ہیں، پھر آگے چل کر چوبیسویں باب میں ہم کو حضرت موسیٰؑ کے طور پر جانے کا قصہ ملتا ہے، طور پر جاتے وقت حضرت موسیٰؑ نے بنی اسرائیل سے فرمایا تھا کہ ہم واپسی تک یہیں ہمارا انتظار کرو،

وھنه ابرون وحور عاکم ھی	اور دیکھو ہارون و حور تمہارے ساتھ ہیں
بعل دیریم یجش الیھم	اور تم میں سے کسی کو کچھ کہنا ہو تو ان کے پاس
(خروج ۲۴: ۱۴)	آئے،

قرآن مجید قصہ کے اس حصہ کی تصدیق نہیں کرتا، قرآن کے بیان کے مطابق

قال موسیٰ لاخیه ہارون اخلفنی	موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا میری
فی قومی واصلح ولا تتبع سبیل المفسدین	قوم میں میری نیابت کرنا اور حالت
(ع ۱۶ اعراف)	سدھارتے رہنا اور مفسدوں کی راہ نہ چلنا

لیکن سفر خروج کا جامع اس بات پر یقین کامل رکھتا تھا کہ حضرت موسیٰؑ نے حضرت ہارونؑ کے علاوہ ایک اور شخص کو بھی اپنا جانشین بنایا تھا اور یہ واقعہ ہے کہ اسکے بیان کے مطابق بعد کے قصہ سے اس حور کا بھی ضرور تعلق تھا، لیکن کسی خاص وجہ سے اس کے نام کو بعد میں بالکل حذف کر دیا گیا ہے

قصہ کے ربط کے لحاظ سے چوبیسویں باب کے عین بعد تیسویں باب کو ہونا چاہئے، ان دونوں بابوں کے درمیان ایک ایسے ماجرا کو رکھ دیا گیا ہے جس کا تعلق نہ تو بظاہر ماجرائے طور سے ہے اور نہ گوسالہ پرستی سے، اور نہ اس باب کے احکام کا زمانہ وہ باور کیا جا سکتا جو حضرت موسیٰ کے طور پر جانے کے عین بعد گذرا، اگر اس بے تعلق باب کو ہم باب ۳۲ کے بعد کر دیں تو ایک طرف یہ قصہ مربوط ہو جائے گا اور دوسری طرف باب ۲۵ تا ۳۱ اپنے سلسلۂ بیان سے ملحق ہو جائے گا، اور سفر خروج کے جامع کا بیان یوں ہو جائے گا،

اور خداوند نے موسیٰ کو کہا کہ میرے پاس پہاڑ پر آ۔۔۔۔ اور موسیٰ خدا کے پہاڑ پر گیا اور وہ بزرگوں سے کہہ گیا کہ جب تک ہم تمہارے پاس نہ جائیں یہیں ٹھہرو اور دیکھو ہارون و حور تمہارے ساتھ ہیں، اگر کسی کو کچھ کہنا ہو تو ان کے پاس جائے، (خروج ۲۴: ۱۲ تا ۱۴)

اور جب لوگوں نے دیکھا کہ موسیٰ نے پہاڑ پر سے اترنے میں دیر کی تو وے سب (××) کے پاس جمع ہوئے اور کہنے لگے کہ اٹھ اور ہمارے لئے دیوتا بنا دے جو ہمارے آگے آگے چلیں

(خروج ۳۲: ۱)

فرض کرو کہ جس جگہ ہم نے دو چلیپائیں رکھی ہیں، وہاں کے الفاظ واقعی دیمک چاٹ گئی ہے، اور اب ہم کو عقل سے اس کی خانہ پری کرنی ہے، تو اس جگہ ہم حور و ہارون دو میں سے ایک کا نام فرض کرنے پر مجبور ہیں، دونوں کا اس لئے نہیں کہ انھوں نے کہا تھا "قُوْمُ" یعنی اٹھ" اور یہ بات شخص واحد ہی سے کہی جا سکتی ہے، یہاں جس کا بھی نام رکھو اس نے لوگوں سے کچھ زیورات لئے، اور

"ایک بچھڑا ڈھال کر اس کی صورت مکاکی کے ہتھیار سے درست کی" (۳۲: ۴) اور ہارون نے یہ کہہ کر منادی کی کل خداوند کی عید ہے، (۳۲: ۵)

تب خدا نے موسیٰ سے کہا کہ اتر جا کیونکہ تیرے لوگ جنھیں تو مصر کے ملک سے چھڑا لایا ہے، خراب ہو گئے ہیں (۳۲: ۷)، انھوں نے اپنے لئے ڈھالا ہوا بچھڑا بنایا اور پوجا (۳۲: ۸) اور موسیٰ پہاڑ پر سے اترا (۳۲: ۷) اور اس نے بچھڑے کو جسے انھوں نے بنایا تھا لیا اور اس کو آگ سے جلایا (۳۲: ۲۰) اور موسیٰ نے دیکھا لوگ بے قید ہو گئے ہیں، اور ہارون نے ان کو ان کے مخالفوں کے آگے رسوا ہونے کیلئے بے قید چھوڑ دیا ہے، تو لشکر گاہ کے دروازے پر کھڑے ہو کر آواز دی کہ جو خداوند کی طرف ہو سو میرے پاس آوے، تب سب بنی لاوی اس پاس جمع ہوئے، اور اس نے انھیں کہا کہ خداوند خدا نے اسرائیل نے فرمایا ہے کہ تم میں سے ہر ایک اپنی کمر میں تلوار باندھے اور ایک دروازے سے دوسرے دروازے سے تمام لشکر گاہ میں گذرے اور ہر مرد اپنے بھائی اور اپنے آدمی اور اپنے دوست اور اپنے قریب کو قتل کرے اور بنی لاوی نے موسیٰ کے کہنے کے مطابق کیا، اور اس دن لوگوں میں سے تین ہزار کے قریب مرد مارے گئے (۳۲: ۲۵ تا ۲۸)۔

اس عبارت کو نقل کرتے وقت ہم نے اس سوال و جواب کو حذف کر دیا ہے جو گوسالہ بنا دینے والے مجرم اور حضرت موسیٰؑ کے درمیان ہوا تھا، کیونکہ قرآن کریم نے اس سوال و جواب میں بھی ترمیم کی ہے جس کے ذکر کا یہ موقع نہیں تورات کے اس بیان کو غور سے پڑھو، جامع خروج کے بیان کے مطابق

(۱) حضرت موسیٰؑ نے دو جانشین مقرر کئے تھے ہارونؑ اور حورؑ،

(۲) ان میں سے ایک نے قوم کی درخواست پر بچھوا بنا لیا اور اس کی پرستش کی عید کا اعلان کر دیا،

(۳) ایک کے اوپر یہ الزام ہے کہ اس نے قوم کو بے قید چھوڑ دیا،

ظاہر ہے کہ یہ دونوں الزام ایک شخص پر نہیں ہو سکتے، جس نے بے قید چھوڑا وہ حضرت ہارونؑ تھے، یہی ان کی وہ خطا تھی جس کی بنا پر سفر تثنیہ کے مطابق خدا ان پر بھی ناراض ہوا تھا،

دوسرے کو یقیناً حور ہونا چاہیئے، اگر حضرت ہارونؑ وہ مجرم ہوتے جس نے بچھوا پوجوایا تھا تو وہ ان تین ہزار مقتولوں میں سے ہوتے جن کو بنی لاوی نے قتل کیا، برخلاف اس کے وہ نہ صرف زندہ رہے بلکہ ان کو زندگی بھر موسیٰ علیہ السلام کے برابر تقدس حاصل رہا، خدا نے حضرت موسیٰؑ سے فرمایا تھا کہ

"جس نے میری خطا کی اس کا نام کتاب سے میٹ دونگا" (۳۲: ۳۳)

حضرت ہارونؑ کا نام کتاب ابرار سے مٹایا نہیں گیا بلکہ بعد کے تمام انبیاءؑ نے ان کی عزت کی اس لئے یقینی امر ہے کہ جامع خروج نے بچھوا بنا دیکر اسے پوجوانے کا الزام حضرت ہارونؑ پر نہیں بلکہ حور پر لگایا تھا،

سفر خروج کے جامع نے اس حور کا نسب نامہ نہیں بتایا ہے، لیکن باب ۲۴ اور باب ۳۲ کے درمیان بے ربط طور پر جس نے باب ۳۱ لغایۃ باب ۳۵ کو رکھ دیا ہے، اس کا منشا یہی بتانا تھا کہ یہ حور وہی ہے جس کے پوتے بضلی ایل بن اوری بن حور کا ذکر ایک نہایت ماہر عجیب حکمت کے کام کرنے والے سنار کی حیثیت سے آیا ہے، حضرت یوشع بن نون بن الیشمع کے دادا الیشمع جب حضرت موسیٰؑ کے مصر سے خروج کے وقت زندہ تھے، تو بضلی ایل کے دادا کا زندہ رہنا تعجبات سے نہیں ہے، لیکن واقعہ یہ ہے کہ حور جسے بضلی ایل کا دادا کہا جاتا تھا وہ حضرت موسیٰؑ سے تقریباً دو سو برس پہلے گذرا، حضرت موسیٰؑ اسے اپنا جانشین نہیں قرار دے سکتے تھے، غالباً اسی بنا پر خروج باب ۳۲ میں حور کے نام کو کاٹ کر حضرت ہارونؑ کا نام رکھ دیا گیا، محرف نے اس جگہ دست درازی تو کر دی مگر

ستر ہوئیں اور چوبیسویں باب پر اس کی نظر نہیں پڑی،

سرسری نظر رکھنے والے قرآن اور بائبل میں اس جگہ یہی فرق پاتے ہیں کہ خروج کے مولف نے بچھوا پوجوانے کا الزام حضرت ہارونؑ پر لگایا، قرآن اس کی تردید کرتا ہے، لیکن جس تحریف نے حضرت ہارونؑ کو مجرم بنایا ہے وہ غالباً اتنی قدیم نہیں ہے کہ اسے قرآن کی کسی آیت کا سبب نزول قرار دیا جاسکے، سفر خروج کے مولف نے ہارون علیہ السلام پر نہیں بلکہ حور پر یہ الزام لگایا تھا جو اس کے بیان کے مطابق حضرت ہارونؑ کی طرح حضرت موسیٰؑ کے ایک نائب تھے، قرآن کریم میں خدا نے سفر خروج کی اس روایت کو یہ بتا کر جھٹلایا ہے کہ حضرت موسیٰؑ نے صرف اپنے بھائی ہارونؑ کو خلیفہ بنایا تھا،

سفر ہوشیع حضرت سلیمانؑ کے مرنے کے بعد بنی اسرائیل کے دس قبائل نے مرتد ہوکر گوسالہ پرستی اختیار کرلی اور یربعام کو اپنا بادشاہ مقرر کیا، یربعام کی قائم کی ہوئی حکومت کے ایک فرماں روا عمری نے اپنا پایہ تخت ایک پہاڑ پر بنا کر اس کا نام شمرون رکھا، اس وقت سے یہوداہ اور شمرون یا بالفاظ دیگر یہودی اور سامری دو مذہبی نام ہوگئے لفظ سامری کی تحقیق آگے آتی ہے، سامریوں کے درمیان جن بزرگوں نے توحید کی بار بار تبلیغ کی ان میں سے ایک بزرگ جناب ہوشیع تھے وہ اپنے صحیفہ میں فرماتے ہیں،

زانح عجلک شمرون حرا انی	اے شمرون تیرے بچھوے نفرت خیز ہیں،
بام (۸: ۵) شلہبیم رہیہ عجل شمرون	ان پر میرا غضب بھڑکا ہے، شمرون کے
(۸: ۶) کی نعر لشریئل واحبیہو	بچھڑے ٹکڑے کئے جائیں گے اسرائیل جب
ممصریم قراتی للبنی (۱۱: ۱)	لڑکا تھا میں نے اسے چاہا اور اپنے بیٹے
وہلبئی معلہ یہوہ ابت لبشریئل معطو	کی طرح اسے مصر سے بلایا ایک نبی کے ذریعہ خداوند

وبنی منشی (۱۲:۱۴) هکیم افرایم	اسے مصر سے نکال لایا، اور ایک نبی
تمرمر ربیو ودمایو علاو لو یطش	کی بدولت وہ محفوظ رہا افرایم نے بڑے
ودمیو علاو لو ادوناو (۱۲:۱۵)	کام کئے اس کا خون اسی پر ہوگا، اس کا
کدبر افرایم ویت نشاسوا	کرتی اس کا خداوند اس پر لوٹائے گا جو اس ہی
بیشرائیل ویا سبل ویت	افرایم بولا (زمین) لرزی کیونکہ وہ اسرائیل
یوسف لحاو یعشو بهم مسکه	کا سردار تھا مگر بعل کی بدولت گناہ گار ہوا
کتبو نام عصبیم	وہ خطاکاری میں بڑھتے ہیں اور اپنے
معشه حرا شم کلهم	لئے اپنی چاندی سے ڈھلی ہوئی مورت
هم امریم زبحی آدم	بناتے ہیں، اپنی فہمید کے مطابق بت
یشقون	بناتے ہیں، جو سب کے سب ان کی دستکاری
(۱۳:۲)	ہیں، کہتے ہیں کہ قربانی کرنے والے
	لوگ بچھڑے کو چومیں،

اس بیان کے مطابق وہ شخص جس کے زمانہ موسیٰ میں بنی اسرائیل سے گوسالہ پوجنے کا الزام عائد ہوتا ہے، افرایم بن یوسف کی نسل سے تھا، یہ بیان نہ تو ہمارے صادق آتا ہے جو بنی یہوداہ میں سے تھا اور نہ حضرت ہارونؑ پر، واقعہ یہ ہے کہ جس طرح سفر خروج میں اس کے مولف کی مرضی کے خلاف حضرت ہارونؑ کا نام بعد میں رکھا گیا اسی طرح اس موقع پر افرایم کا نام بھی غلط ہے، بنی افرایم یہ بعام کے زمانہ میں تو گمراہ ہوئے لیکن حضرت موسیٰؑ کے زمانہ میں قطعی طور پر راہ راست پر رہے، حضرت موسیٰؑ کے بعد ان کی خلافت بنی افرایم ہی کے رئیس حضرت یوشع بن نون کو ملی تھی، جس کے معنی یہ ہیں

کہ قیادت اقوام کے حق دار اپنے فضائل کی بنا پر ان دونوں بنو افرایم تھے، اسی لئے حضرت موسیٰؑ نے مرتے وقت بنی یوسف کے حق میں فرمایا،

مکورشو دوھدر لو وقرنی	اس کی شاندار اس کے نوپلے سانڈ کی
رام قرنایو بھم عمیم	سی ہے اس کے سینگ گینڈے کے سے
بنیھم یحدا دافی ارص وھم	ہیں وہ ان کی قوموں کو ریلے گا ایک
ربیوت افرایم وھم الفی	ساتھ انتہائی زمین تک اور وہ لاکھوں
منی (تثنیہ ۳۳: ۱۷)	افرایم اور ہزاروں منسی ہیں

قرآن مجید میں خدا نے گوسالہ پوجنے والے کو السامری کا لقب دے کر حور، ہارون، اور افرایم کے رئیس تینوں پر سے الزام دفع کر دیا ہے،

زبور | عہد موسیٰ کی گوسالہ پرستی کا ذکر ایک زبور میں بھی ہے، یہ حضرت داؤدؑ کا زبور نہیں بلکہ کسی نامعلوم بزرگ کا ہے، جو اسیران بابل میں سے ایک تھا، (۱۰۶: ۶ ۴۸) اس زبور کا مولف لکھتا ہے

ہمارے باپ دادا نے مصر میں تیری عجیب قدرتوں کو نہیں سمجھا انھوں نے تیری رحمتوں کی بہتات کو یاد نہیں کیا،

ویمر وعل یم بیم سوف	بلکہ سمندر پر لال سمندر پر بغاوت کی،

لیکن اس نے اپنے نام کی خاطر انھیں بچایا تاکہ اس کی قدرت ظاہر ہو اور اس نے لال سمندر کو ڈانٹا اور وہ خشک ہو گیا،

ویولیکھم بتھوموت کمو بدبر	اور انکو گہرائیوں کے اندر چٹیل میدان میں چلایا

اس نے ان کو بدخواہوں کے ہاتھ سے اور دشمنوں کے ہاتھ سے بچایا،

اور پانیوں نے ان کے بیڑوں کو غرقاب کر لیا جن میں سے ایک نہیں بچا تب وہ اس پر ایمان لائے اور اس کی حمد و ثنا گانے لگے مگر جلد اس کے کاموں کو بھول گئے، اور اس کی نصیحت کا انتظار نہیں کیا، انھوں نے حرص کا مظاہرہ کیا اور بیابان میں خدا کو آزمایا، اس نے ان کا مطلب پورا کر دیا، مگر ان کی جانوں پر لاغری بھیجی،

انھوں نے خیمہ گاہ میں موسیٰ پر اور خداوند کے قدوس ہارون پر حسد کیا پھر زمین پھٹی اور اس نے داتن کو نگل لیا اور ابرام کے گروہ کو ڈھانپ لیا، ان کی جماعت میں آگ بھڑکی جس کے شعلوں نے شریروں کو بھسم کر دیا،

بعشو عجل بحورب ولشجو بمثکه	انھوں نے حورب میں بچھوا بنایا اور ڈھالی
وبمیروات کبودام بتبنیت شود	ہوئی مورت کو سجدہ کیا اور اپنی شوکت
اُکل عشب (۱۰۶: ۷ تا ۳۰)	کو بیل کی مورت دی جو گھاس کھاتا ہے،

اس زبور کے مولف کا خیال یہ تھا کہ داتن اور ابرام کے ہم مسلک اور ان کی جماعت کے لوگ باغی تھے جنھوں نے موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کے خلاف حسد اور ان کی روز افزوں عظمت سے چڑھ کر بغاوت کی تھی اور ان ہی باغیوں نے گوسالہ بنایا تھا، اس زبور سے صاف ظاہر ہے کہ گوسالہ بنا دینے کا الزام ۵۰۰ ق م تک حضرت ہارونؑ پر نہیں تھا،

سفر عدد | اس زبور میں جس بغاوت کا ذکر ہے اس کا تذکرہ سفر عدد میں بھی ہے، سفر عدد کو حضرت موسیٰؑ کی کتاب کہا جاتا ہے، کیونکہ اس میں عہد موسیٰ کے احوال ہیں، لیکن اس کا مولف عرصہ بعد کا آدمی ہے، محققین کے نزدیک یہ متعدد کتابوں سے التقاط کر کے لکھی گئی ہے خود اس کتاب کے اندر ایک قدیم کتاب "جنگ نامہ خداوند" کا حوالہ آیا ہے (عدد ۲۱: ۱۴) یہ کتاب زبور ۱۰۶ کے برابر قدیم نہیں ہے اور نہ اس کے برابر قابل اعتماد ہے صاحب زبور

نے اس بغاوت کا زمانہ بنی اسرائیل کے سمندر پار کرنے کے وقت بتایا ہے، سفر عدد کے مولف نے اس کا زمانہ سنہ ۲ خروج کو قرار دیا ہے، اس کا بیان ہے کہ جن دنوں حضرت موسیٰؑ نے عمالقہ کے ساتھ جنگ کا حکم دیا

سارے گروہ نے اپنی آواز بلند کی اور سب لوگ چلانے اور رونے لگے، سارے فرزندان اسرائیل نے موسیٰ اور ہارون کے خلاف بڑبڑانا شروع کیا، اور ایک دوسرے سے کہا کہ خدا کرتا ہم مصر ہی میں مر گئے ہوتے ہم میں نہیں تو بیابان ہی میں فنا ہو گئے ہوتے اور انھوں نے آپس میں رائے کی اور ایک دوسرے سے کہا کہ آؤ ہم ایک کو "راس" (سردار) مقرر کریں اور مصر کو لوٹ چلیں، (عدد ۱۴: ۱، ۴)

سفر تثنیہ | سفر عدد کے مولف کو یہ نہیں معلوم تھا کہ اس مشورہ پر بنی اسرائیل کے کسی حصہ نے عمل کیا یا نہیں اس کے بیان کے مطابق حضرت موسیٰؑ حضرت ہارونؑ اور حضرت یوشعؑ ابن نون نے خوشامد کر کے لوگوں کا غصہ دھیما کر دیا لیکن سفر تثنیہ میں ہے کہ

ان لوگوں نے اپنی گردنیں سخت کیں اور اپنی سرکشی سے انھوں نے ایک کو اپنا سردار مقرر کیا تاکہ اپنی بندگی میں لوٹ جائیں" (نحمیاہ ۹: ۱۷)

حاصل کلام | سفر عدد، سفر نحمیاہ، زبور اور اعمال کے مشترک سالوں کا خلاصہ یہ ہے کہ بنو اسرائیل نے ایک وقت حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ کے خلاف سرکشی کر کے ایک تیسرے شخص کو اپنا رئیس بنایا، یہ واقعہ سفر عدد کے بیان کے مطابق خروج سے ۲ سال بعد کا ہے، مگر زبور کے بیان کے مطابق یہ بغاوت بحر قلزم کے کنارے گوسالہ پرستی کے واقعہ سے پہلے کا ماجرا ہے،

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دو حیثیتیں تھیں، ایک حیثیت یہ تھی کہ وہ خدا کے رسول

تھے، دوسری حیثیت یہ تھی کہ وہ یسورون میں بادشاہ تھے" (استثنیہ ۳۳: ۵) پہلی حیثیت کے لحاظ سے ان پر ان کی قوم کے صرف چند لڑکے ایمان لائے تھے، (یونس ۹: ۱) دوسری حیثیت پر اس بغاوت کے وقت تک سب کا اتفاق تھا، فرعون سے نجات پانے کے بعد عوام نے ان کی اس حیثیت سے بھی انکار کر دیا، اور انھوں نے ایک اور شخص کو اپنا سردار مقرر کر لیا یہی سردار قرآن کا السامری ہے،

"السامری" نام نہیں بلکہ نسب ہے بعض لوگ اپنے نام سے نہیں بلکہ اپنے نسبی لقب سے مشہور رہوتے ہیں، قرآن پر اعتراض کرنے والے بعض مدعیان علم کا دعویٰ ہے کہ عہد موسیٰ میں کوئی سامری تھا ہی نہیں، بنو اسرائیل کا ایک طبقہ حضرت سلیمانؑ کے بعد سے سامری کہلانے لگا، لیکن اس ادعا میں صرف بے جا تعصب نظر آتا ہے،

السامری یائے نسبت اور لام تعریف کے اضافہ کے ساتھ عبرانی (شومرء پاسبان) کی تعریب ہے، حضرت موسیٰؑ سے پہلے نبی یعقوب میں شومر (پاسبان قوم) کہلانے والے کئی افراد گذرے ہیں، جن میں سے ہر ایک کی نسل کا ہر فرد السامری کہلا سکتا تھا، خود عہد موسیٰ میں بھی ایک شخص ایسا تھا جو شمری کہلاتا تھا اگرچہ اس کا اس نام سے قصۂ موسیٰ میں ذکر نہیں ملتا ہے لیکن نسب نامہ پشتیں اس کا وہی زمانہ مقرر کرتی ہیں، جو حضرت موسیٰؑ کا زمانہ ہے، ذیل میں سفر ایام سے چند اہم فرزندان اسرائیل کا شجرۂ نسب نقل کیا جاتا ہے، یہ شجرہ نسب قرآن کے السامری کو نہایت آسانی سے پہچنوا دے گا

شمرون	جیر	یعقوب	لاوی	قہات	عمرام	شاؤل بن	عمرونا		افرائیم
شومر	اہود	موشی	شلوم	کالب	رام	برحم ال	ہ		
سحریم	محلی	بنشام	حور		اوتام	تیخ			

افعی	شومر	مشیع	سمعی	قحن ۱۵۰ھ
شومر	حوایل		ندب	العودان ۲۰۰ھ
	ذکور		افائیم	عیبود ۲۵۰ھ
سمعی	ادری	عمی ندب	لسعی	الیشیع ۳۰۰ھ
شمری	بصلی ایل	نحشون	سیسان	نون ۳۵۰ھ
	سلمون	اخلی	یوشع	

پہلی سطر میں ایسے افراد کے نام ہیں جو ۱۴۳۰ھ دخول یعنی ۱۴۳۰ھ قبل خروج سے پہلے پیدا ہو چکے تھے، نویں سطر میں حضرت موسیٰ کے معاصرین کا نام ہے، اس سطر کے سامنے حضرت موسیٰ کا سال ولادت لکھا ہوا ہے، افرائیم و تلح کے درمیان ایک پشت کی جگہ ہم نے اس لئے خالی رکھی ہے کہ جناب تلح جناب افرائیم کے بیٹے ہونے کے باوجود ان کے پوتوں بلکہ پر پوتوں کے ہم عمر تھے، ادری اور حور کے درمیان دو نام اور عمی ندب اور رام کے درمیان تین نام کی جگہ دوسرے نسب ناموں کا مقابلہ خالی رکھنے پر مجبور کرتا ہے،

اس نسب نامہ میں آپ کو ایک شمرون، تین شومر اور ایک شومری یا قرآنی لفظوں میں السامری ملتا ہے، یہ شخص حضرت موسیٰ اور نون بن الیشع کا ہم پشت ہے، قرآن مجید نے اسی شخص کو اس جرم کا مرتکب بتایا ہے، جسے سفر خروج کے مولف نے حور نام ایک شخص کا جرم بتایا تھا، پھر ایک تحریف نے اس حور کو حورین کالب بنا دیا، پھر دوبارہ تحریف نے اس کے نام کو حضرت ہارون کے نام سے بدل دیا، ممکن ہے کہ اس السامری کا بھی حور ہی نام رہا ہو، قرآن مجید کے اندر جس شخص کا ذکر السامری کے نام سے اس کے خاندان کو پہچاننے کی

ایک صورت عہد موسیٰ کی دو مردم شماریوں پر غور کرنا ہے،

حضرت موسیٰ کے زمانہ میں بنو لاوی کو چھوڑ کر باقی اسباط کی دو بار مردم شماری ہوئی تھی ایک بار خروج سے کچھ دنوں بعد ہی ہوئی تھی، اس وقت کی مجموعی تعداد ۶ لاکھ تین ہزار پانچسو تھی اور دوسری مردم شماری اس وبا کے بعد ہوئی جو بعل پرستی کی بنا پر خدا نے بنی اسرائیل میں بھیجی تھی، اس بار کی مجموعی تعداد چھ لاکھ ایک ہزار سات سو ثابت ہوئی، اس وبا میں کئی قبیلوں کی تعداد ..... بہت گھٹ گئی، اور کئی قبیلوں کی تعداد میں اس وبا کے باوجود اضافہ ہو گیا، تفصیل اس کمی اور بیشی کی قابل غور ہے،

نام قبیلہ	پہلی تعداد	دوسری تعداد	گھٹے	بڑھے
شمعون	۵۹۳۰۰	۲۲۲۰۰	۳۷۱۰۰	۰
نفتالی	۵۳۴۰۰	۴۵۴۰۰	۸۰۰۰	۰
افرائیم	۴۰۵۰۰	۳۲۲۰۰	۸۰۰۰	۰
جسد	۴۵۶۰۰	۴۰۵۰۰	۵۱۰۰	۰
روس	۴۶۵۰۰	۴۳۷۰۰	۲۸۰۰	۰
دان	۶۲۷۰۰	۶۴۴۰۰	۰	۱۷۰۰
یہوداہ	۷۴۶۰۰	۷۶۵۰۰	۰	۱۹۰۰
زبولون	۵۷۴۰۰	۶۰۵۰۰	۰	۳۱۰۰
اشکار	۵۴۴۰۰	۶۴۳۰۰	۰	۹۹۰۰
بنیامین	۳۵۴۰۰	۴۵۵۰۰	۰	۱۰۳۰۰
منشی	۳۲۲۰۰	۵۲۷۰۰	۰	۲۰۵۰۰

آپ نے دیکھا کہ جس خاندان میں ہم کو السامری ملتا ہے سب سے زیادہ سخت سم، شرک و بت پرستی کی بنی مردم شماری کے مطابق اسی خاندان کو ملی،

زمری بن سلو جس نے کزبی بنت صور سے نکاح کر کے بعل پرستی کو رواج دیا تھا، اور جس کے مارے جانے کے بعد ربا کو خدا نے دفع کیا اسی خاندان بنی شمعون کا فرد تھا جس کے اندر ہم کو حضرت موسیٰؑ اور حضرت نونؑ کی پیڑھی میں شومری ملتا ہے،

حاصل کلام یہ ہے کہ جس شخص نے بنی اسرائیل سے بچھوے کی مورت بچوائی تھی سفر ہوشیع کے اشارہ کے مطابق وہ نبوا فرائیم میں سے تھا سفر خروج قبل تحریف کے مطابق وہ حور نامی ایک شخص تھا جسے تحریف اول نے فرزند کالب سے تطبیق دلائی پھر اس کا نام کٹوا کر ہارون علیہ السلام کا نام رکھ دیا ہے،

حور کا گناہ ہارون کے نامۂ اعمال میں جس وجہ سے لکھا گیا وہ یہ ہے کہ حور بن کالب کو اور سلمان بن حور کو بیت اللحم کا باپ بھی کہا جاتا تھا (۱ ایام ۲: ۵۱ و ۴: ۴) حور کا نام اگرچہ آبائی نسب نامۂ مسیح و داود میں داخل نہیں لیکن باشندگان بیت اللحم کا نسب نامہ کسی نہ کسی طرح حور بن کالب پر ضرور منتہی ہوتا تھا، نسب نامہ مسیح کی تطہیر کے لئے نصرانیوں نے حور کو مورت مسیح سمجھ کر اس کے نام کی جگہ حضرت ہارونؑ کا نام رکھ دیا ہے، ورنہ دراصل خروج ۳۲: ۲۱ میں حور سامری کا نام تھا، جو بنی شمعون میں سے تھا،

تاریخ صقلیہ اوّل

اس میں صقلیہ کے جغرافی حالات، سسلی، اٹلی اور جزائر سسلی پر اسلامی حملوں کی ابتدا، اسلامی حکومت کا قیام، عہد بعہد کے دوروں کا عروج اور مسلمانوں کے مصائب اور جلاوطنی کا مرقع دکھایا گیا ہے، قیمت صرف "پینسٹھ"

ضمیمہ مضمون گجرات کے کتب خانے

از

جناب قاضی سید نور الدین حسین بھروچ

گذشتہ فروری و مارچ کے معارف میں جناب مولانا سید ابو ظفر ندوی صاحب کا مضمون "ہندوستان کے کتب خانے" کے عنوان سے شائع ہوا ہے، اس میں گجرات کے کتب خانوں کے حالات میں چند نامی کتب خانوں اور کتابوں کے حالات کے اضافہ کی ضرورت محسوس ہوتی ہے، یہ مضمون اسی کا تکملہ ہے،

سیٹھ بھولا ناتھ کا کتبخانہ سیٹھ بھولا ناتھ احمد آباد کے باشندے اور شاہی متصدیوں میں تھے، جن کا کتبخانہ بھی مشہور تھا، اس کی چند قلمی کتابیں جو عرصہ سے احمد آباد کی بھولا ناتھ لائبریری میں تھیں، وہ اب ورناکیولر سوسائٹی میں منتقل کر دی گئی ہیں، راقم الحروف کو چند سال پہلے اس کتب خانے کو دیکھنے کا موقع ملا تھا، اس میں حسب ذیل کتابیں نادر قلمی موجود تھیں،

(۱) **تاریخ مظفر شاہی** مؤلفہ ملا ملالی یہ نسخہ بڑودہ میں ۱۲۲۳ھ میں نقل کیا گیا ہے، مولانا سید ابو ظفر ندوی نے اس نسخہ کی نقل گجراتی ترجمہ کے ساتھ ورناکیولر سوسائٹی کی جانب سے طبع کرا کے شائع کی ہے،

(۲) **ایک فارسی کتاب** بطور دیوان "رپورٹ" احکام شاہی کے ہے، اور اس کے مؤلف کا نام نہیں تحریر ہے، اس میں ۱۱۶۲ھ تک کے گجرات کے انتظامات اور اہل حرفہ وغیرہ کے حالات ہیں، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نسخہ شاہی کتب خانے کا ہوگا، اس میں سلاطین گجرات کے عہد سے لیکر مغلیہ زمانہ تک کے حالات ہیں، خصوصیت کے ساتھ اہل حرفہ محکمۂ قضائت یعنی قاضی، مفتی، قاضی القضاۃ، محتسب، فوجدار وغیرہ کی فہرست اُن کے اور ان کے ماتحت ملازمین کے نام اُن کی تنخواہوں وغیرہ کا مفصل ذکر ہے،

اسی قسم کی ایک کتاب مراۃ السند بمبئی کی پٹٹ لائبریری میں بھی ہے جس کو محمد لطیف بن علی بن محمد شاہ صدیقی بھروچی نے ۱۱۵۸ھ میں مرتب کیا ہے، اس میں نظام حکومت، اسناد داروغگی، گزرہائے دستورالعمل فوجداری، دستورالعمل پرگنات، دستورالعمل کارکنی، دستورالعمل فوطہ داری وغیرہ کے حالات تحریر ہیں، گجرات کے شہروں پرگنوں وغیرہ کی آمدنی کا بھی ذکر ہے،

(۳) دیوان ولی، یہ احمد آباد کے اردو کے مشہور شاعر، شاہ ولی اللہ المتخلص بہ ولی کے دیوان کا قلمی نسخہ ہے، اس میں ولی کے دو مشہور شاگرد رضی اور اشرف کا کلام بھی ہے،

محکمۂ قضاۃ بھروچ کے کتبخانے کی چند مزید قلمی کتابیں

مولانا ابوظفر صاحب نے بھروچ کے محکمۂ قضاۃ کے جس کتب خانہ کا ذکر کیا ہے اس کا تعلق راقم ہی سے ہے، اسکی چند مزید کتابوں کا نام لکھا جاتا ہے،

(۱) مبارق الازہار فی شرح مشارق الانوار . . . . . .

شارح عبداللطیف بن عبدالملک المعروف بہ داور الملک متوفی ۹۱۵ھ (امیر کبیر سلطان محمود بیگرہ) احمد آباد کے باشندے اور بڑے عالم و محدث تھے، انھوں نے احادیث کی شرح عربی میں لکھی ہے، حاشیہ میں احادیث کی تعداد معلوم کرنے کے لئے دائرہ بنا کر صحیحین اور روایات کے لئے ہندسے لکھے ہیں، احمد آباد کے قاضی محمد صالح نے اس پر فارسی میں حاشیہ لکھا ہے، شرح کی ابتدائی عبارت یہ ہے،

"الحمد للہ علی ہدایت الاسلام وعطیۃ الدرایۃ والہ العلام خصوصاً من بیان حدیث خیر الانام محمد المختص بمقام اعلی المقام . . . . . ویقول الفقیر الضعیف العزیز عبداللطیف بن عبدالعزیز المعروف بابن الملک المخرف بحیف الفلک غفر اللہ لہ ولوالدیہ" الخ

(۲) نور القاری فی شرح البخاری، شارح علامہ نورالدین بن حاجی محمد صدیق احمد آبادی متوفی ۱۱۵۸ھ، ابتدائی عبارت یہ ہے،

"ہذا التسمیۃ لیکون الکریم وجیب الرحیم ولیعتد بہ شرعاً ولا یقطع برکتہ قطعاً ..... وبہ قال مولانا مقبول عالم حدثنی مولانا خلیل محمد العباسی البنبانی حدثنی عبد اللطیف حدثنی والدی عبد الملک حدثنی محمد المدعو بجار اللہ عن والدہ" الخ

(۳) **تفسیر شاہیہ**، مولفہ سید محمد مقبول عالم بن سید جلال الدین ابو محمد شاہ عالم الشاہی الرضوی، متوفی ۱۱۱۱ھ مؤلف نے فارسی میں یہ تفسیر لکھی ہے، اس میں اہل بیت علیہم السلام کی روایات کی تفسیر کی ہے، یا دایام حتے میں اسی تفسیر کا ذکر ہے، یہ کتاب تین جلدوں میں ہے جنمیں سے ایک کاتبہ نہیں چلتا، حاشیہ میں جا بجا تصحیح بھی ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف کے قلم کا اصل مسودہ ہے،

(۴) **خزانۃ الروایات**، مولفہ قاضی جگن، کتابت ۱۰۳۳ھ،

(۵) **فتاوی حمادیہ**، مصنفہ مفتی رکن الدین ناگوری سہروالی، پرانا نسخہ ہے، آخر کے چند ورق غائب ہیں،

(۶) **مفاتیح الجنان شرح شراحۃ الاسلام**، شارح یعقوب بن سید علی، اخیر کا ایک ورق ناتمام ہے،

(۷) **کتاب التقی**، مصنفہ شیخ الاسلام ابو الحسن علی بن حسین،

(۸) **غرر الشروط و درر السموط**، مصنفہ شیخ حسن بن جعفر (بحث تفسیر الختم کے خیر کے ورق ناتمام)

(۹) **زبدۃ القضا**، رسالہ در احکام قضاۃ وغیرہ کامل،

(۱۰) **مختار الاختیار**، مولفہ اختیار بن غیاث الدین الحسینی، فارسی میں احکام قضاۃ پر نایاب نسخہ ہے، کتابت ۱۱۱۷ھ یہ کتاب مبحث و مقطفی میں منقسم ہے، پھر مبحث کو مجلس میں اور مجلس کو قضیوں میں تقسیم کیا ہے، ابتدا اس طرح ہے،

"خطبۃ الکتاب الکریم اختیار کل مختار و مختار کل اختیار و ہو حمد علیم ..... و بعد
فیقول العبد الفقیر الی اللہ الغنی اختیار بن غیاث الدین الحسینی ختم اللہ تعالی عواقبہ بالحسنی
و بلغہ ما ینبغی" الخ

(۱۱) **نصاب الاحتساب**، مولفہ عمر بن محمد بن عوض، کتابت ۱۰۸۲ھ کاتب کا نام عبد الملک ولد کریم محمد بن راجی محمد بن حسن محمد بھروچی کتاب کے سرورق پر احمد عبد الملک صدیقی کی ۱۱۰۰ھ کی مہر ہے

(۱۲) **نصاب الاحتساب**، عربی متن مع فارسی ترجمہ کے ہے، فارسی ترجمہ کا نام تورید ہے مترجم شیخ فتح اللہ معنون بہ نور محمد ہے، یہ کتاب اکبر آباد میں ۱۱۱۱ھ میں ختم ہوئی،

(۱۳) **دستور الاحتساب**، نصاب الاحتساب کا دوسرا ترجمہ ہے، مترجم کا نام خواجہ ابن احمد بن محمود ہے، فارسی ترجمہ سوال و جواب کے پیرایہ میں ہے، مترجم نے دیباچہ میں تحریر کیا ہے، کہ یہ ترجمہ اُس نے سلطان مظفر[1] کی خدمت میں پیش کیا تھا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ۹۱۷ھ میں پیش کیا ہوگا، دیباچہ میں ہے کہ

"میگوید بندہ حضرت معبود خواجہ بن احمد محمود کہ امر معروف و نہی از منکر کار انبیا را خدائے تعالی بر امت محمد فرض گردانید از بہر ایشان مضمون مسائل نصاب الاحتساب پارسی ساختہ بحضرت مظفر شاہ گذرانیدم،

خدایا تا جہاں را پادشاہی	مظفر شاہ را دہ تاج شاہی
ز عدلش مملکت آباد گردان	دلش از ہر چہ خواہد شاد گردان
گلے آراستہ از بوستانش	نگہداری ز تاراج خزانش
ہر آنکہ بخت بد بانے ستیزد	چناں افتد کہ ہرگز بر نخیزد

---

[1] سلطان مظفر شاہ علیم بن محمود شاہ سلطان گجرات،

ہمیشہ دولتش معمور یا دا معاندرا بما مقہور یا دا

و بطریق سوال و جواب انجامیدم بنام دستور الاحتساب نامیدم و بجائے سوال اگر ترا پرسند س، وضع کردم، و جواب بگو، ج "نہادم تا ہر یکے از پارسی بہرہ می گردد" الخ

آخر کے ایک دو ورق گم ہیں، کتاب پر احمد آباد کے قاضی القضاۃ قاضی نظام الدین خاں سنہ ۱۱۵۲ھ کی مہر ہے،

(۱۴) **مجموعۃ الاصول**، جز اوّل و دوم و سوم، جز سوم کے دو نسخے ہیں، ایک نسخہ میں ولد محمد عارف کے قلم کا سنہ ۱۰۹۴ھ کا لکھا ہوا ہے، اور دوسرے پر شہنشاہ عالمگیر کے عہد کے مفتی و قاضی القضاۃ محی الدین بن عبد الوہاب کی مہر اور ان کے دستخط ہیں، دستخط کی عبارت یہ ہے،

"صاحبہ مالکہ شیخ محی الدین ابن اقضی القضاۃ قاضی عبد الوہاب صدیقی قدس اللہ روحہ"

(۱۵) **اشباہ والنظایر**، کتابت سنہ ۱۰۶۱ھ کاتب زین بن نجم مصری[۵] نے مؤلف کی اصل کتاب سے اس کو نقل کیا ہے، اس کی عبارت یہ ہے،

"نقل ہذہ من نسخۃ المکتوبۃ من کتاب مولفہ الذی بیدہ المبارک زین بن نجم المصری الحنفی غفر اللہ لہ لجمیع المومنین..... و قد کان الفراغ من کتابۃ ہذہ النسخۃ فی یوم الاحد من شہر رجب المرجب فی التاریخ سبع و عشرین سنۃ الف و احدی سنین، ملک میاں شیخ عبد الوہاب مفتی ولد شیخ احمد ولد قدوۃ المحققین زبدۃ المتقین شیخ الاسلام مولانا شیخ محمد طاہر الصدیقی المودۃ المفتی قدس اللہ روحہ العزیز"

---

[۵] معارف:- زین بن نجم مصری کاتب نہیں بلکہ اصل مصنف ہیں وہ مشہور حنفی عالم اور الاشباہ والنظائر فقہ میں ان کی مشہور و معروف تالیف ہے جو چھپ کر شائع ہو چکی کاتب کی عبارت سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اس نے یہ نسخہ مصنف کے ہاتھ کے لکھے ہوئے اصل نسخہ سے نقل کیا ہے،

(۱۶) رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمۃ، مولفہ علامہ صدر الدین محمد بن عبد الرحمن الحسینی القرشی العثمانی الشافعی، کتابت سنہ ۹۶۹ھ

(۱۷) شرح فتوحات مکیہ المسمی بسانا فتوحات المکیۃ فی معرفۃ الاسرار الملکیۃ الملکیۃ الشارح سید شریف شیخ بن عبد اللہ العیدروس قدس سرہٗ متوفی سنہ ۹۹۰ھ، شرح کی جلد اول کے دو جزو ہیں، دونوں کرم خوردہ ہیں، سر ورق گئی جگہ سے پھٹ جانے سے پوری عبارت صحیح پڑھی نہیں جاتی، وہ عبارت یہ ہے،

"عارف باللہ محی الدین محمد بن علی بن عربی نفع اللہ بہ وبعلوم .. .. .. العلیۃ ذوالکرامات .. .. .. والمقامات السیر مولانا الشریف شیخ عبد اللہ العیدروسی نفع اللہ بہ .. .. .. اہل بیت البنوی جعفر بن جلال المقصود عالم الشاہی الرضوی"

کتاب پر احمد آباد کے شیخ محمد صالح بن نور الدین صدیقی کی سنہ ۱۱۴۹ھ کی مہر ہے، کتاب کے آخر حصہ میں، کتبہ ملوک اہل بیت البنوی جعفر بن جلال الدین محمد مقصود عالم الشاہی الرضوی" مرقوم ہے، دوسرے نسخہ کے صد ۱۸۲ پر یہ عبارت ہے،

"وکان الفراغ من نساخۃ ضحی یوم الخمیس ثانی یوم من ربیع الثانی سنۃ اربع وسبعین وتسعما ئۃ من البجرۃ النبویہ علی صاحبہا افضل الصلوٰۃ والسلام بخط اضعف عباد اللہ وافقرہم واحوجہم الی کرمہ وعفوہ محمد بن عون بن محمد بن علی .. .. .. غفر اللہ لوالدیہ والمسلمین، آمین، (حاشیہ پر یہ عبارت ہے) بلغ المقابلۃ علی حسن الطاقۃ ولا مکان علی ـــــ السید الشیخ .. .. .. العارف باللہ سیدی عبد اللہ بن الشیخ العطف الشیخ ابن عبد اللہ العیدروس والسید عبد اللہ بن علوی ـــــ الملوک ـــــ لو سعد اللہ علیہم، جمادی الثانی سنہ ۱۰۷۴ھ، پھر یہ عبارت ہے، ہو تمت مطالعہ ۲۰ ذی القعدہ

کتبہ جعفر بن جلال الدین محمد مقصود عالم الشاہی الرضوی"

(۱۸) **عین الوفا فی ترجمۃ الشفا**، یہ کتاب قاضی ابوالفضل عیاض بن موسیٰ بن عیاض متوفی ۵۴۴ھ کی مشہور سیرۃ النبی کا فارسی ترجمہ ہے، جس کو مترجم ابوبکر بن احمد بحر وجی نے خود مصنف کے ایماء سے کیا تھا، اس پر قاضی محمد صالح احمد آبادی کی ۱۰۲۹ھ کی مہر ہے،

(۱۹) **لطائف شاہیہ** (اوراد) مولفہ سید محمد بن سید جلال الشاہی رضوی متوفی ۱۰۴۵ھ یہ کتاب ۶۳ بابوں میں منقسم ہے، جو لطیفہ سے منسوب ہے، مولف رسالہ دیباچہ میں

"وجمع ایں لطائف و وظائف تبرکاً بحساب سنین عمر مبارک حضرت خاتم صلی اللہ علیہ وسلم و تیمناً بشمار سالہائے حیات صوری شاہ عالم درشصت و سہ لطیفہ وارد و بہ الاستعانۃ والاستمداد فی العمل والاعتقاد۔ الخ فہرست لطائف، لطیفہ اولیٰ در یقظہ، دویم در استعداد، سیوم در طہارت، چہارم در لباس، پنجم در ذکر سحر، ششم در استماع اذان، ہفتم در سعی بہ مسجد، ہشتم در نماز فجر، نہم در ورد فجر، دہم در اذکار فاطمیہ، یازدہم در دعاے استعانۃ، دوازدہم در ذکر کشف سیزدہم در قرأت آیات، چہاردہم در اذکاے کہ بعد از فریضہ وارد ست، پانزدہم در اذکار اربع الہیہ، ہفدہم کلمات ثلاث ساہیہ، ہژدہم در پنج گنج اول، نوزدہم در پنج گنج آخر، بستم در قرأت سورۃ فاتحہ غیر"

یہ نسخہ خوشخط ہے لیکن چند اوراق گم ہیں، مگر اسی رسالہ کا دوسرا کامل نسخہ راقم الحروف کے جد حضرت قاضی سید احمد حسین بن سید محمد کے قلم خط کا ہے، جو کسی کامل نسخہ کی نقل ہے،

(۲۰) **اعمال و اشغال فوائد**، مرتبہ سید جعفر بدر عالم بن سید جلال مقصود عالم منقول از نقل بدر عالم، رسالہ کے اخیر ورق پر، مقابلہ و تصحیح کردہ شدہ ۱۱۶۵ھ لکھا، اس میں حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت، اور حضرت قطب عالم قدس سرہما کے اقوال و اوراد

کو جمع کیا ہے،

(۲۱) **خلاصۃ الارشاد**، مولفہ سید نورالدین بن سید عبداللہ بن محمد نوراللہ، سنہ تالیف ۹۰۸ھ اور سنہ کتابت ۱۰۷۷ھ ہے، اوراد و اشغال شاہیہ میں ہے، ہر ماہ کے نوافل اور اوراد کی تعداد و تعویذات وغیرہ کا ذکر ہے،

(۲۲) **تہنیۃ الاسلام بخبر الاکمال والاتمام**، مولفہ سید محمد بن سید جعفر بدر عالم، (مع رسالہ حسن المقصد فی عمل المولد از شیخ جلال الدین سیوطی) یہ چھوٹا سا رسالہ حضور نبی کریم صلعم کی سیرت میں ہے،

(۲۳) **سفینۃ السادات**، مولفہ سید محمد قاسم بن سید عبدالرحمن بدہ الحسنی بخاری، در ذکر سادات بخاریاں، کتاب کے ۳۲ ابواب ہیں، باب اول سے ہشتم تک حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور ائمہ اثنا عشر وغیرہ کے نسب اور حالات ہیں، باب ہشتم میں ابی الحسین کبیرالدین کے حالات ہیں، باب ہشتم و نہم سے حضرت ابی عبداللہ جلال الدین مخدوم جہانیاںؒ کے حالات ہیں، باب سی و دویم میں ابی عبداللہ جلال الحق والدین محمد حسین بن سراج الدین محمد عابدؒ کے احوال ہیں، خاتمہ میں آپ کے خلافت نامہ کا ذکر ہے، تالیف ۱۰۷۳ھ کتابت ۱۱۸۲ھ،

(۲۴) **صحائف السادات**، تین جلدوں میں ہے جنکو صحائف سے منسوب کیا ہے (ضمیمہ اول دوم، سوم) حالات سادات بخاری، بھکری و شیرازی، مؤلفہ ہاشم بن کمال الدین محمد المشہور بکرار، کتابت ۱۱۱۴ھ

(۲۵) **رسالہ شاذلیہ کے دو اوراق**، اجازت نامہ از مولانا عبدالحق بن سیف الدین محدث دہلوی، اس میں آپ کے دست مبارک سے حاشیہ میں یہ عبارت تحریر ہے،

"بقدر الوسع والامکان علی ید مولفہ الفقیر المسکین العفو الی اللہ عبدالحق بن

سیف الدین الدہلوی ۔ ۔ ۔ ۔ البخاری غفر اللہ لہ ولوالدیہ الخ

سید جعفر بن سید مقصود عالم کے ہاتھ کی ۱۰۶۴ھ کی تحریر بھی ہے، یہ اوراق پھٹے ہوئے ہیں، اس لئے یہ نہ معلوم ہو سکا کہ اجازت نامہ کس کے نام ہے،

(۲۶) **شرح نیۃ العارفین**، شارح سید احمد بن سید رفیع الدین بن سید جلال محمد بن سید احمد جعفر شیرازی قدس سرہٗ (تصوف عربی) کتاب کی ابتدا بسم اللہ کے بعد اسطرح ہوتی ہے،

"الحمد للہ الذی من علی اولیائہ بمحبتہ والتعلیم بالوحشۃ عما سواہ برحمتہ ۔ ۔ ۔ ۔

اما بعد فیقول العبد الذلیل علی باب الملک الجلیل الملتجی الی المولی الغنی احمد ابن السید رفیع الدین بن سید جلال محمد بن السید احمد جعفر الحسینی المدنی ثم الشیرازی ثم السندی ثم الہندی بصرہ اللہ بعیوب نفسہ وجعل یوم خیرا من امسہ الخ"

یہ تالیف ۹۹۲ھ کی اور کتابت ۱۰۲۰ھ کی ہے، کتاب کے سرورق پر سید جعفر بن جلال الشاہی الرضوی اور (علامہ) نور الدین بن محمد صالح احمد آبادی کے دستخط بھی ہیں، آپ کے صاحبزادے محمد صالح بن نور الدین بن محمد صالح کے دستخط بھی ہیں، اس کی نقل حضرت پیر محمد شاہ احمد آبادی کی درگاہ کے کتب خانہ میں موجود ہے،

(۲۷) **فتوحات احمدی و رفیعی** مولفہ سید احمد بن سید رفیع الدین بن سید جلال ابن سید احمد جعفر شیرازی قدس سرہٗ بخط مؤلف (فارسی) در مناقب حضرت سید احمد جعفر الحسینی الشیرازی و سید رفیع الدین، کتاب کی ابتدا اس طرح ہے،

"الحمد للہ علی انعامہ المبین والصلوۃ علی نبیہ وحبیبہ سید المرسلین ۔ ۔ ۔ ۔

بعد میگوید بندہ ضعیف نحیف خاکسار ۔ ۔ ۔ احمد رفیع الدین سید جلال محمد ابن سید السادات صاحب اشرف المقامات السید شاہ احمد جعفر الحسینی الشیرازی بصرہ اللہ

بعیوب نفسہ وجعل یوم خیرا من امسہ آنکہ ایں بندہ طالب آں بود، در قطار مکان اولیاء اللہ خود را منسلک سازد، ولیکن حیثیت مکتسب ہیچ نداشت" الخ

کتاب کے سرورق پر محمد صالح شیخ نورالدین صدیقی کی مہر ۱۱۳۰ھ کی اور دیتا، عفرلہ والی سیحا کی مہر بھی ہے،

(۲۸) **شجرۂ مبارک**، (عربی) سلسلہ من طبقات الاربع عشر مولفہ سید جلال بن سید رفیع الدین ابن سید جلال محمد بن سید احمد جعفر الحسینی الشیرازی، یہ عربی میں چار پیروں اور چودہ خانوادوں کا شجرہ ہے (نمبر ۲۶، ۲۵، ۲۸) کے نسخے راقم الحروف کے خاندانی تبرکات میں سے ہیں جن کا تعلق حضرت سید احمد جعفر الشیرازی احمد آبادی متوفی ۹۴۲ھ سے ہے،

(۲۹) **نورالعرفان** مولفہ شیخ محمد صالح عرف پیر بابا المتخلص بہ عرفان متوفی ۱۱۴۷ھ منقول از کتاب مؤلف، کاتب قاضی سید محمد نورالدین حسین ابن قاضی سید احمد حسین رضوی مرحوم ۱۲۷۰ھ، یہ رسالہ مؤلف نے احمد آباد کے مشہور مدرسہ ہدایت بخش کی تعریف میں ہے، جس کو احمد آباد کے صدر صوبہ نواب اکرم الدین خاں نے ایک لاکھ چوبیس ہزار کے صرف سے علامہ نورالدین صدیقی کے لئے تیار کیا تھا،

(۳۰) **نورالمعرفت**، مؤلفہ شاہ محمد ولی المتخلص بہ ولی، یہ رسالہ بھی مؤلف نے مدرسہ مذکور ہدایت بخش کی تعریف میں لکھا ہے،

(۳۱) **رسالہ نظامیہ**، مؤلفہ قاضی القضاۃ نظام الدین خاں، احمد آبادی، یہ چھوٹا سا رسالہ فارسی میں مؤلف نے تمسک نکاح کی اجرت کے جواز میں لکھا ہے، نقل از رسالہ مؤلف کاتب قاضی سید احمد حسین بن سید محمد رضوی الشیرازی (جد راقم الحروف) سنہ کتابت ۱۲۴۳ھ

(۳۲) **تحفۃ العرفان**، مرتبہ محمد صالح عرف پیر بابا المتخلص بہ عرفان یہ چھوٹا سا رسالہ چہل حدیث کا فارسی ترجمہ ہے، مترجم نے یہ رسالہ شاہزادہ محمد معظم شاہ کی فرمائش سے ترجمہ کیا تھا،

کتب خانہ قاضی سید نورالدین حسین (یعنی محکمہ قضاۃ بھروچ کے کتب خانہ کی کتابیں،

(۳۳) **شرح فتوح الغیب**، شارح کا نام عبدالعزیز بن ولی ہے، اس کا خط باریک اور نسخہ نادر ہے جو شارح سے سید جعفر شاہی رضوی کو اور ان سے شارح کے بھانجے احمد فاروقی کو ملا

۳) **تذکرۃ الاعراس** مصنف کا نام معلوم نہیں ربیع الاول سے صفر تک کے نامی بزرگوں کی وفات کی تاریخوں کا مجموعہ ہے، سرورق پر ۱۱۵۵ھ سید ابو طالب بن سید مشایخ ویوانجی الحسینی چشتی کے دستخط ہیں،

۳) **مخزن الاعراس**، مولفہ شیخ نظام الدین چشتی اورنگ آبادی، مرتبہ ۱۱۵۵ھ منقول از نقل مولف، مولف نے اس مخزن کو چند نامی کتب مثل نفحات الانس، مراۃ الجنان، آداب لطائف بین سیر الاولیاء، اخبار الاخیار، گلزار ابرار، سفینۃ الاولیاء، طبقات شاہجہانی وغیرہ کے حالات جمع کرکے مرتب کیا ہے، ربیع الاول سے صفر تک کامل ہے،

بھروچ کا کتب خانہ

حکیم سید روح اللہ بھروچی جہانگیری حکیم میر روح اللہ بن سید صبغۃ اللہ بھروچی شطاریؒ، بھروچ کے نامور حکیم اور عالم بزرگ تھے، شہنشاہ اکبر، جہانگیر اور شاہجہاں کے دور میں شاہی طبیب تھے، بھروچ کے باشندے تھے، علامہ حضرت شاہ وجیہ الدینؒ گجراتی سے آپ کو شرف تلمذ و ارادت تھا، شہنشاہ جہانگیر اور نورجہاں کے معالج بھی رہے تھے، ان کو انعام میں جاگیریں بھی عطا ہوئی تھیں چنانچہ تھانب، کوکڑواڑہ، سورواڑی، اور چاوج مواضع آپ کی شاہی عطیہ میں تھے، مآثر رحیمی اور تزک جہانگیری میں آپ کے حالات ہیں، بھروچ میں آپ کا بڑا کتب خانہ تھا جس میں زیادہ تر طب کی کتابیں تھیں، مرور زمانہ اور تقسیم وراثت کی وجہ سے یہ علمی خزانہ منتشر ہو گیا، ان میں کی کچھ بچی کھچی حسب ذیل طب میں نادر ہیں،

(۱) **فوائد الانسان**، مولفہ حکیم میر روح اللہ الحسینی بھروچی (فارسی) ۹۹۷ھ کی تالیف ہے، اور

صنعت توشیح میں منظوم ہے، اس کا تاریخی نام شہنشاہ اکبر نے شدہ اسمش فواید الانسان رکھا جس سے ۹۹۷ھ سنہ تالیف نکلتا ہے، کتاب ۲۰ ابواب میں منقسم ہے، اس میں ادویہ کے نام ان کے خواص، مفردات مرکبات وغیرہ نظم کئے ہیں، کتاب کی ابتدا اس طرح ہے،

"اللہ واکبر ایخہ حکمت ہمایوں و نعمت گوناگوں است کہ حکیم ذوالجلال و منعم بے زوال عم نوالہ و جل جلالہ از نہ سپہر و ہفت کشور در نظر والا گہر خدایگاں داور خدیو داد..... الخ

ذیل کی نظم سے کتاب کا نام اور سنہ تالیف وغیرہ کا پتہ چلتا ہے، مؤلف نے عبارت شدہ اسمش فوائد الانسان کو اس طرح نظم میں بیان کیا ہے،

ش	شکر حق گو دولے از دل و جاں	کہ بنام خدایگان جہاں
د	در حکمت بہ نظم آوردی	وردد یرین خود دوا کردی
ہ	ہر چہ شہ گفت آنچناں گفتی	در مدح و ثنائے شہ سفتی
ا	آفریں شہ کہ آفرینش گفت	توچہ گوہر توانی از پے سفت
س	سر ہمت کہ پیش کردۂ ماست	ہر در شاہ سجدہ را اولی است
م	محنت اینجا رسیدہ و راحت شد	مرہم سینہ جراحت شد
ش	شادمانی کنیم دست زنیم	کلمۂ فخر بر فلک فگنیم
ن	فکر تم چوں بامر اکبر شاہ	گشت بر نظم ایں گہر آگاہ
د	وقت خود را سہ سال پرورد م	از گہر سہ ہزار آوردم
ا	از غذائے و دوائے خلق جہاں	جمع کردم فواید الانساں
ی	یاور خود چو بخت شہ دیدم	نام آں راز شاہ پرسیدم
د	داد پاسخ کہ مصرعے است رواں	شدہ اسمش فوائد الانساں

ا	اسم و تاریخ ہر دو نہیدم	مصرعہ کاں ز شاہ بشنیدم
ل	لازم آمد کہ سر بسجدہ نہم	داد و شکر و ثنائے شاہ دہم
ا	از خدا عمر و دولتش جوئیم	ہر چہ گوئیم دعائے شہ گوئیم
ن	ناظم این گھر دولت تو	در رہ بندگی فدائے تو
س	سر زند در بن افتادہ نبرد	باری از سنگ استفادہ نبرد
ا	آملش آنکہ بسپرد بجہاں	یادگارے بنام شاہ زماں
ن	نام شہ باد زینت دفتر	ہست تا از دوا بدہر اثر

(۲) **تقویم الابدان**، مولفہ و مرتبہ یحییٰ ابن عیسیٰ ابن جزلہ، کتابت ۵۸۸ھ بحوالہ نفوس سلیمانی

یہ کتاب بخط عربی شیرۂ خرما سے لکھی ہوئی ہے، اس کی ابتدا اس طرح ہے،

"کتاب تقویم الابدان بمداواۃ الامراض المجتمعۃ فی ثلاثۃ اجناس متشابہۃ و الیہ و انفصال الاتصال و اسباب کل مرض و علاماتہ و تدبیرہ و ما یکثر فیہ من الامراض حتہ و الاسنا و الازمنۃ و البلدان۔۔۔۔۔

(۳) **مرحمت نامہ**، مصنفہ محمود بن برہان بن محمود بن جلال الحسینی (در راہ داد فارسی) سنہ تالیف ۷۷۰ھ ہے، کتاب ۸۰ ابواب میں منقسم ہے، جس کو مرحمت سے منسوب کرکے مرحمت نامہ نام رکھا ہے، ابتدائی عبارت یہ ہے،

"اما بعد بندہ غریب بیچارہ محمود بن برہان بن محمود بن جلال الحسینی جعلہ من المتقین ۔۔۔۔ حضرت مقدسہ ابوی و شیخی و مرشدی قطب الاقطاب بندگی حضرت قطب العالم و ملازمت بابرکت اعظم خلفاء القطبیہ شرفہم و اکرمہم سیدنا غوث الوری حسن الفقیہ القطبی الحسینی مدظلہ مستفید و مستفیض بودہ پارہ تبرکات بشمار سنین حسنات صعدی

جلال الحق والشرع والدین مخدوم جہانیاں قدس اللہ سرہ العزیز فی سنہ سبعۃ وسبعین وثمانمایۃ وہفت وہشت مرحمت دربیاض آوردہ مرحمت نامہ برہانیہ مسمی کردہ الخ"

حکیم روح اللہ مرحوم کے خاندان میں بڑے بڑے نامور اطبا گذرے ہیں جن میں حکیم میر لطف اللہ حسینی، حکیم میر ابوالمکارم، حکیم سید مصطفےٰ، حکیم میر ابوالقاسم اور حکیم میر روح اللہ ثانی قابل ذکر ہیں، موخر الذکر حکیم روح اللہ ثانی نے فن طب میں لذت الحیات نامی فارسی کتاب ۱۱۸۰ھ میں تالیف کی تھی، اس میں زیادہ تر مجرب نسخوں کا ذخیرہ ہے، چنانچہ اس کے دیباچہ میں اسطرح رقمطراز ہیں

"چنیں گوید کمترین خلق اللہ الکریم اضعف العباد روح اللہ ولد حکیم میر مصطفےٰ الکریم از فرزندان حکمت وعذاقت پناہ ... ... حکیم روح اللہ بھروچی، شاہ جہانگیری نور اللہ مرقدہ ... ... بنا برآں ایں حقیر آنچہ تدبیر ونسخہ جات دریں باب از کتب متقدمین ومتاخرین من الجربات آنچہ استادی قبلہ گاہی واز دیگر مجربات حکمائے ہند کہ رسیدہ است از روئے انتخاب وتراکیب نادر دیدہ در سنہ ۱۱۸۰ھ یکہزار ویکصد وہشت ہجری مقدسہ در سلک تحریر وتقریر درآوردہ الخ"

مذکورۂ بالا کتابوں میں سے بھروچ میں حکیم مرحوم کے خاندان اور سیسے بھوہ کے جاگیردار سید حیدر صاحب بن سردار سید پیر صاحب کے کتب خانہ میں اور نمبر ۲ و ۳ سید محمود علی بن سید غلام علی صاحب جاگیردار آمولی وڈھڈال کے کتب خانہ میں ہے،

شاہ کمال بھروچی قزوینی کا کتب خانہ بھروچ میں حضرت شاہ کمال الدین بن صفی الدین قزوینی بھروچی قدس سرہٗ متوفی ۸۸۱ھ بڑے پایہ کے بزرگ اور ولی اللہ تھے، حضرت سید محمد گیسو دراز اورنگ آبادی قدس سرہ سے سلسلہ چشتیہ میں آپ کو شرف ارادت حاصل تھا، آپ کی تصانیف کا صحیح پتہ چلانا مشکل ہے، تاہم آپ کی بعض تصنیف کی عبارت سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کا بھی

بڑا کتب خانہ ہوگا، آپ کی دو تصنیفیں قابل ذکر ہیں،

(۲) رسالہ بازار مصطفیٰ و خریدار خدا، یہ چھوٹا رسالہ فارسی میں تصوف میں ہے، حضرت شاہ عالم احمد آبادی قدس سرہٗ متوفی ۸۸۰ھ آپ کی ملاقات کے لئے احمد آباد سے بھروچ تشریف لائے تھے اور آپ کے یہاں چالیس یوم قیام فرمایا تھا، اور حضرت شاہیہ نے "بازار مصطفیٰ و خریدار خدا" کے بارہ میں حضرت شاہیہ کے سوال کے جواب میں یہ رسالہ تالیف فرمایا تھا، جس کا ذکر تذکرۃ الصالحین میں ہے، مولفہ منشی عبدالحکیم سورتی (تاریخ سورت) میں مذکور ہے،

(۱) مظہر الحق فی بیان اباحۃ السماع، یہ کتاب مذاہب اربعہ کی رو سے سماع کی اباحت میں فارسی میں تالیف کی ہے، دس بابوں میں منقسم ہے، (۱) در بیان مقدمہ دلیل احادیث و اقوال مشایخ کرام (۲) اباحت سماع در مذہب امام اعظمؒ بروایت صریح، (۳) اباحت سماع در مذہب امام شافعیؒ و امام مالکؒ و امام حنبلؒ وغیرہم، یہ کتاب بمبئی جامع مسجد کے کتب خانہ میں ہے، مولانا اسحٰق بن عبدالوہاب کا کتب خانہ بھروچ میں مولانا اسحاق بن عبدالوہاب قدس سرہٗ متوفی ۱۰۲۲ھ بڑے کامل بزرگ تھے، آپ حضرت فرید شکر گنج کی اولاد سے تھے، احمد آباد کے مشہور عالم مولانا عبدالغنی تلمیذ حضرت علامہ شاہ وجیہ الدین علوی گجراتی سے آپ کو شرف تلمذ و ارادت حاصل تھا، قلعہ بھروچ (موجودہ متصل بیگم باڑی) میں آپ کا ایک بڑا عربی مدرسہ اور کتب خانہ تھا، آپ کی عربی تالیف شرب الدخان، تمباکو کی حرمت میں ہے، یہ کتاب ۱۰۴۷ھ میں تالیف ہوئی جس کا حوالہ مولانا عبدالحیؒ لکھنوی مرحوم نے اپنی کتاب ترویح الجنان بہ تشریح شرب الدخان مطبوعہ مصطفائی میں دیا ہے، کتاب کی عبارت بسم اللہ کے بعد یوں ہے،

"الحمد للہ الذی خلق الاشیاء کما شاء بعلمہ وحکمتہ و اصل ما شاء لمن شاء بامرہ وحرم ما شاء لمن شاء بنہیہ وارسل الانبیاء لیبلغوا الی الناس،

موضع بھوہ بطور جاگیر آپ کو حکومت کی جانب سے عطا ہوا تھا، جواب بھی آپ کی درگاہ کے سجادہ نشین سید حیدر صاحب ابن سردار سید پیر صاحب کے قبضہ میں ہے، بھروچ کے دو موضع محمد پورہ اور اسحٰق پورہ آپ کے صاحبزادے مولانا محمد انور اور آپ کے پوتے مولانا اسحٰق ثانی کے نام سے منسوب ہیں، آپ کے داماد ملا محمد علی ۱۱۰۸ھ میں بادشاہ کی جانب سے شہر احمد آباد کے قاضی و مفتی مقرر ہوئے تھے،

آمود ٹھاکر صاحب کا کتب خانہ ۱۷۸۷ء

بھروچ ضلع میں دریائے ڈھاڈھر کے کنارہ سے تھوڑے فاصلہ پر قصبہ آمود واقع ہے، یہاں کے نومسلم گرایسہ ٹھاکر صاحب تھے، جن کا خاندان گجرات میں مولی اسلام کے نام سے مشہور ہے، ان کا بڑا کتب خانہ تھا، اس میں بقول ڈاکٹر ہو (Hove) ۱۷۸۷ء میں تین ہزار فارسی کی خوشخط و منقش چرم کی مجلد کتابیں موجود تھیں، ان کی قیمت اس زمانہ میں چوبیس لاکھ اندازہ کی گئی تھی ڈاکٹر ہو اپنے سفرنامہ میں مورخہ ۳ نومبر ۱۷۸۷ء کے واقعات میں لکھتے ہیں[1]،

"میں مسٹر گرنفس سے سفری اجازت نامہ حاصل کرنے کے بعد اور کھمبایت کے ریزیڈنٹ مسٹر ہولفرڈ سے سفارشی خط لیکر مسلح کشتی (Ahmed boat) میں سوار ہوکر جمبوسر میں علی الصباح پہونچا، وہاں سے دریائے ڈھاڈھر پار کرکے صبح آٹھ بجے کنارے اترا اور آمود کی مسجد کے سامنے اپنا خیمہ ڈالا صبح ۱۰ بجے میں نے راجہ (ٹھاکور) سے ملاقات کی انھوں نے اس ملک کے رواج کے موافق خیر مقدم کرتے ہوئے مجھ سے معانقہ کیا اور اپنے مکان کے قریب ایک جگہ جہاں کتب خانہ ہے لے گئے اور

---

[1] Bombay Government Records No XVI New Series.

بڑی خوشی سے اپنی کتابیں دکھلائیں، اور کہا ان کے والد نے ان کی قیمت ۱۲ لاکھ تخمینہ کی تھی، مگر ان کے نزدیک ان کی قیمت اس سے دگنی ہے، کتب خانہ میں تین ہزار جلدیں ہیں، جن میں فارسی کی مرقش چرم کی خوشخط قلمی کتابیں خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں الخ"

اس بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ مسلمان اس گئی گذری حالت میں بھی کتنے علم دوست تھے، اور کتب خانوں پر کتنا خرچ کرتے تھے،

میری محسن کتابیں

دوسرے دور کے رسالہ الندوہ نے ملک کے مشاہیر اصحاب علم و کمال سے ان کتابوں کے نام دریافت کئے تھے، جن کا اُن کی ذہنی تعمیر اور تشکیل سیرت میں خاص حصہ رہا ہے، اس کے جوابات موصول ہوئے تھے، وہ الندوہ میں میری محسن کتابوں کے عنوان سے شائع ہوئے تھے، اور بعد میں ان کو کتابی صورت میں شائع کر دیا گیا تھا، اس میں نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا حبیب الرحمن خاں شروانی، مولانا سید سلیمان ندوی، مولانا عبدالماجد دریابادی، مولینا عبیداللہ سندھی، مولانا مناظر احسن گیلانی وغیرہ ہندوستان کے بہت سے اکابر اور اصحاب علم کے مضامین ہیں، جن سے عربی، فارسی اور انگریزی کی بہت سی اہم کتابوں کی خصوصیت اور متفرق معلومات حاصل ہوتے ہیں، قیمت عہ،

پچاس سے زیادہ نسخوں کے خریداروں کو معقول کمیشن دیا جائیگا، دارالمصنفین اعظم گڈھ سے طلب فرمائیے،

"منیجر"

ادبیات

غزل

از جناب شفیق جونپوری

پھر اپنی زیست پہ کیا شوق خود نمائی ہو
کہ زندگی بھی جب اپنی نہ ہو پرائی ہو

زہے وہ رات کہ یاد حبیب آئی ہو
دراز اور بھی عمر شب جدائی ہو

فلک پہ چاند ہو درباں کو نیند آئی ہو
تمام رات اسی در پہ جبہہ سائی ہو

بچائے کون اسے اے ہوائے دامن دوست
کہ جس چراغ کو تو خود بجھانے آئی ہو

یہ کیا ستم ہے زمانہ کہے کہ صبر کرو
کسی غریب نے سینے پہ چوٹ کھائی ہو

پھر ایسے خانۂ ویراں میں روشنی معلوم
جلی ہو شمع تو تقدیر مسکرائی ہو

وہ نامراد سہی نامراد کون کہے
ترے سپرد جو اے شان کبریائی ہو

مری فغاں سے جگر چاک ہونگے اے بلبل
وہ تو نہیں کہ گلوں نے ہنسی اڑائی ہو

غضب ہو قافلۂ رنگ و بو کا لٹ جانا
کہ جب بہار کی منزل قریب آئی ہو

فلک کے تارے ہوں تلووں کے آبلے پہ نثار
ذرا دلوں میں مذاق شکستہ پائی ہو

ہزار ہونگے ہم ایسے نگاہ و دل والے
جہاں میں تو ہو تری شان دلربائی ہو

جگا سکین نہ مجھے باد تند کے جھونکے
وہ غم کی چھاؤں میں آنکھوں کو نیند آئی ہو

U/3 9 7

نگاہیں کھیل رہی ہوں شکستہ قبروں سے
صبا نے گورِ غریباں میں خاک اڑائی ہو

وہ نامراد کہاں داد خواہ ہو یارب
کہ جس کی جان کے پیچھے تری خدائی ہو

نہ چھیڑ بادِ سحر اس غریب غنچے کو
جسے چمن میں جوانی نہ راس آئی ہو

سلام اہلِ نظر اس کلی کی حسرت پر
بہار میں بھی جو دم بھر نہ مسکرائی ہو

وہیں سے فلسفۂ عشق کا سمجھ آغاز
جہاں خرد نے جنوں سے شکست کھائی ہو

وہ موت بھی بخدا دیکھنے کے قابل ہے
جو اے شباب ترے ساتھ ساتھ آئی ہو

جگہ خود آپ نہ دیں اپنے آستانے پر
قصور وارِ مقدر کی نارسائی ہو

وہی نگاہ کسی کو تباہ کر ڈالے
وہی نگاہ جدھر ہو ادھر خدائی ہو

شفیقؔ اور شبِ ماہ و نغمہ لب جو،
وہ جانے جس کے چمن میں بہار آئی ہو

غزل

از

جناب اخلاق احمد صاحب قریشی،

جنونِ عشق کے ہاتھوں کہیں سوا نہ ہوجائے
مجھے ڈر ہے کہ رازِ ضبطِ غم افشا نہ ہوجائے

ہماری التجاؤں کا اثر الٹا نہ ہوجائے
کہیں وہ اس سے بڑھ کر اور بے پروا نہ ہوجائے

غرورِ حسن بڑھ کر خود ہی اک پروانہ ہوجائے
ہمارے عشق کا چرچا کہیں اتنا نہ ہوجائے

تلاطم عشق کی دنیا میں اک برپا نہ ہوجائے
ہمارا ذکر بھی افسانۂ فردا نہ ہوجائے

جنونِ عشق بڑھ کر اضطراب افزا نہ ہوجائے
مری دنیائے غم میں حشر پھر برپا نہ ہوجائے

قیامت اور کوئی آج پھر برپا نہ ہو جائے
ہمارے ضبط کی دنیا تہ و بالا نہ ہو جائے

ابھی تو ہوش باقی ہے مجھے جیب و گریباں کا
تمہاری یاد کیف نشۂ صہبا نہ ہو جائے

نشاط انگیز ہے کتنی تمناؤں کی دنیا بھی
الٰہی التفاتِ نرگسِ شہلا نہ ہو جائے

تمہارے حسنِ رنگیں کی لئے سرمستیاں تم سے
فضائے دہر بھی پیمانہ و صہبا نہ ہو جائے

یہ نسیم انکو دل محزوں کی کیفیت سناتا ہے
کہیں روداد غم بھی شکوۂ بیجا نہ ہو جائے

غزل

از مائل خیر آبادی

گلستاں میں لاکھ آئیں انقلاب
مستقل ہے فطرتِ خار و گلاب

ہو کلیمی حزب تو پتھر بھی آب
ہو یقیں محکم تو آتش بھی گلاب

مرد مومن ہوں مٹا سکتا ہے کون؟
میرے ہی دم سے ہے عالم فیضیاب

دے رہی ہے مجھ کو کیف آور پیام
وہ نظر جس کا فسانہ ہے شراب

گنگناتا ہے کوئی رگ رگ میں یوں
دور بجتا ہو کہیں جیسے رباب

آ رہی ہے پھر ہوائے پُربہار
اے چمن والو! نوید انقلاب

کیا ضرورت ہے ہمارے خون کی
پھیکا پھیکا سا ہے کچھ رنگِ گلاب

باغبانی یہ ہے دیکھ اے باغبان
ہے مری نظروں میں کانٹا بھی گلاب

نام کانٹوں کی بدولت ہو گیا
ورنہ تھا اک پھول گلشن میں گلاب

ہو رہا ہے پھر بھی کچھ ہوتا نہیں
ہائے اس دنیائے بیداری کے خواب

چاک دامن پر مرے ہنستا ہے کیا؟
دیکھ تو اپنا گریباں اے گلاب

کیا دل مائل کو پھر چھیڑا گیا
کروٹیں لینے لگا ہے انقلاب

مطبوعاتِ جدیدہ

تصوّف کی اہمیت :- از جناب وحید احمد صاحب پارلیمنٹری سکریٹری تقطیع چھوٹی، ضخامت ۱۴۸ صفحے کاغذ کتابت و طباعت بہتر قیمت ۱۲ ؎ پتہ فرید احمد صاحب ۲ ہیولاک روڈ لکھنؤ

یہ کتاب مصنف نے اس عامیانہ خیال کی تردید میں لکھی ہے کہ تصوف کو اسلام سے علاقہ نہیں ہے اور وہ دوسری قوموں سے ماخوذ ہے، اور یہ دکھایا ہے کہ تصوف "اسلام کی روح" ہے اور اس کے عامل صحابہ، تابعین اور تبع تابعین کی مقدس جماعت میں موجود تھے، جو دورِ اوّل کی خانہ جنگی کے زمانہ میں خانہ نشین ہو گئے تھے، اور یہ جماعت ہر زمانہ میں رہی اور اموی اور عباسی دور کی سیاسی پارٹیوں کے جدال و قتال اور مذہبی فرقوں کی قیل و قال سے جب اسلامی روح کمزور پڑنے لگی تو اسی جماعت نے اسکو بچایا اور اس کو زندہ رکھنے کی تدبیریں اختیار کیں، اور عہد صحابہ سے لیکر حضرت سید احمد بریلویؒ اور مولانا اسمٰعیل شہیدؒ کے زمانہ تک تصوّف و صوفیہ کی مختصر تاریخ اور ان کے بعض مسائل و احوال پر اجمالی تبصرہ کیا گیا ہے، اور ان پر جو اعتراضات کئے جاتے ہیں، ان کے جوابات دیئے ہیں، اصلی تصوّف کو مختصر طور سے سمجھنے کے لئے مفید کتاب ہے، البتہ امام ابن تیمیہ اور ابن قیم کو مخالفین تصوف میں شمار کرنا صحیح نہیں ہے، ابن تیمیہ احسان کے منکر نہ تھے، بلکہ ان معنوں میں وہ خود صوفی تھے، البتہ تصوّف کے بعض مروجہ غیر شرعی طریقوں کے خلاف تھے اور ابن قیم تو بڑے صوفی صافی تھے، تصوّف کے معارف و حقائق پر ان کی معرکۃ الآرا اور ضخیم کتاب مدارج السالکین تصوّف کی امہات کتب میں ہے، اسی طریقہ سے وحدۃ الوجود اور تصوّر شیخ وغیرہ کے مسائل کو درحقیقت

نفس تصوف سے تعلق نہیں، بلکہ یہ احوال و کیفیات اور ذوقی و وجدانی معاملات ہیں، جن کو علمی بحث کی قید میں لانا صحیح نہیں ہے،

فانی: ۔ مولفہ جناب دیبی پرشاد صاحب سریواستو، ایم اے، منشی کامل، پکچرار اے ایس کالج فیجور، تقطیع اوسط ضخامت ۱۵۸ صفحے کاغذ کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد ۱۲ ہے،

پتہ:۔ کتابستان الہ آباد،،

موجودہ دور کے شاعروں میں شوکت علی خاں مرحوم فانی کے کلام پر جس قدر لکھا گیا ہے وہ اس زمانہ کے اور کسی شاعر کے حصہ میں نہیں آیا، مصنف نے فانی پر یہ مستقل کتاب لکھی ہے اس میں ان کے سوانح حیات اور ان کے کلام پر مفصل تبصرہ ہے، کتاب کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ مصنف صاحب ذوق سخن سنج بھی ہیں، اور اردو شاعری پر بھی اُن کی نگاہ ہے، اس کتاب میں انھوں نے فانی کے کلام پر ذوقی اور فنی دونوں حیثیتوں سے اچھا تبصرہ کیا ہے، اور ان کے کلام کی خصوصیات دکھائی ہیں، انداز بیان دلکش اور ادیبانہ ہے، اس کتاب کو پڑھکر بے اختیار دل میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اسی زبان کے ساتھ جس پر ایک ہندو کو اتنی قدرت حاصل ہے اور جس میں وہ ایسی ادیبانہ اور معیاری کتاب لکھ سکتا ہے اجنبی زبان کا برتاؤ کیا جا رہا ہے، اور اس کو مٹانے کی کوشش کی جا رہی ہے، یہ کتاب اہل ذوق کے مطالعہ کے لائق اور اردو ادب میں اچھا اضافہ ہے،

سلک گوہر: ۔ میر انشاء اللہ خاں انشاء دہلوی، تقطیع اوسط ضخامت ۴۰ صفحے، کاغذ نفیس، قیمت تحریر نہیں، پتہ کتب خانہ ریاست رامپور،

مشہور شاعر انشاء اللہ خاں کی شخصیت بڑی ہمہ گیر اور جدت پسند تھی، ان کو نظم و نثر کی ہر شاخ پر یکساں قدرت حاصل تھی، ان کی جدت پسندی کے نمونے ان دونوں صنفوں میں موجود ہیں، سلک گوہر بھی ان کی جدت طرازی کا ایک نمونہ ہے، یہ ان کی ایک بے نقط کہانی

ہے، اس کا قلمی نسخہ ریاست رامپور کے کتبخانہ میں ہے مولانا امتیاز علی خاں صاحب عرشی نے اسکی تصحیح کرکے شائع کیا ہے، اس قسم کی جدتوں کی حیثیت ذہنی اپج سے زیادہ نہیں ہوتی، سلک گوہر بھی اسی قبیل کی اپج ہے، اس میں نقطہ دار حروف کے علاوہ ٹ، ڈ اور ڑ بھی جن پر اس زمانہ میں ط کے بجائے نقطے لگائے جاتے ہیں استعمال نہیں کئے ہیں، اس سے مصحح کے بقول، عبارت کی سانس درگھٹ گئی ہے، اور کتاب چیستان بن کر رہ گئی ہے، تاہم عبارت کا اجمالی مفہوم سمجھ میں آجاتا ہے، اور یہ کتاب ایک قدیم ادبی یادگار کی حیثیت سے قابل قدر ہے،

سلک گہر جلد اوّل مولفہ جناب جاوید انصاری تقطیع چھوٹی ضخامت ۳۰۸ صفحے، کاغذ کتابت وطباعت بہتر، قیمت عکر پتہ:- جاوید انصاری صاحب برہان پور،

دکن کا علاقہ اردو زبان کا مولد ومنشا ہے، اس کے اثر سے اس کے پڑوسی صوبہ متوسط و برار میں بھی ہمیشہ شعر وسخن کا مذاق رہا، جو اب بھی قائم ہے، خصوصاً برہان پور کو تو ایک زمانہ تک اس نواح میں علمی وادبی مرکز کی حیثیت حاصل رہی ہے، اسی سرزمین کے ایک نوجوان صاحب قلم جاوید انصاری نے صوبہ متوسط وبرار کے قدیم شعراء کا یہ تذکرہ مرتب کیا ہے، اس میں بیاسی ۸۲ شعراء کے مختصر حالات اور ان کے کلام کا نمونہ دیا ہے، مؤلف کی یہ ادبی خدمت قابل قدر ہے،

نعت حضور از جناب بہزاد لکھنوی تقطیع چھوٹی ضخامت ۶۴ صفحات، کاغذ کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد ۱۲، پتہ مکتبہ برہان جامع مسجد دہلی،

مصنف کے کلام کی شہرت تعارف سے مستغنی ہے، ان کی نعتیں خصوصیت کے ساتھ زیادہ پرکیف ہوتی ہیں، اس میں وہ اپنے معاصرین میں ممتاز ہیں، نعت حضور جیسا کہ اسکے نام سے ظاہر ہے ان کی ۷۰ نعتیہ نظموں کا مجموعہ ہے، یہ نعتیں حسن ظاہر اور جمال معنی سے آراستہ اور نہایت موثر ودلپذیر ہیں، ان میں شاعر کے اخلاص عقیدت کی روح جھلکتی ہے،

جلد ۶۴ ماہ شوال المکرم ۱۳۶۸ھ مطابق ماہ اگست ۱۹۴۹ء عدد ۲

مضامین

شذرات — شاہ معین الدین احمد ندوی — ۸۲ - ۸۴

مقالات

حضرت ایوب علیہ السلام — مولانا ابو الجلال ندوی رفیق دار المصنفین — ۸۵ - ۱۰۳

اسلامی ہند کے تمدنی کارنامے — مولانا عبد السلام ندوی — ۱۰۴ - ۱۲۵

منصورہ کے حکام اور اُن کے سکے — جناب مولانا سید ابو ظفر صاحب ندوی — ۱۲۶ - ۱۳۴

اصلاحاتِ اقبال — جناب محمد بشیر الحق صاحب دیسنوی عظیم آبادی — ۱۳۵ - ۱۵۴

ادبیات

انقلاب — جناب سید محمود حسن صاحب قیصر امروہوی — ۱۵۵ - ۱۵۶

غزل — جناب ڈاکٹر محمد عزیر صاحب لکچرار اردو مسلم یونیورسٹی علی گڈھ — ۱۵۶

مطبوعاتِ جدیدہ — "م" — ۱۵۷ - ۱۶۰

شذرات

یادش بخیر ٹنڈن جی نے ادھر چند دنون سے کلام مجید کی جانب توجہ کی ہے اور اس کے متعلق ایک مزخرفہ دہلی اور حال مین بلند شہر کی ایک تقریر مین اظہار خیال فرمایا ہے جس مین انھون نے مصطفےٰ کمال کی جانب منسوب اس قول کو سراہا ہے، کہ "تیرہ سو سال پرانی کتاب اس زمانہ مین کام نہین دے سکتی" اور کلام مجید کو بھی ان مذہبی کتابون مین شامل کیا ہے جو انسانون کی بنائی ہوئی ہین جن سے غلطیان ممکن ہین اور کلام مجید کی خوبی کے اعتراف کے باوجود اس کے ان مقامات مین ان کو انسانی ہمدردی کی سچی خوبصورتی مین کمی نظر آتی ہے جہان انکے خیال کے مطابق کافرون سے نفرت کی تبلیغ ہے، (نیشنل ہیرلڈ، ۱۷ اگست) ان مین سے ہر چیز قابل بحث ہے، اولاً مصطفےٰ کمال کی جانب منسوب قول کی نسبت کی صحت کی کوئی دلیل نہین، اور اگر بالفرض اس کو صحیح مان بھی لیا جائے، تو اسکی حیثیت خرافات سے زیادہ نہین، قرآن کے بارہ مین مصطفےٰ کمال کیا اُن سے بھی بڑے کسی انسان کی رائے کی کیا وقعت ہوسکتی ہے، غالباً ٹنڈن جی کو یہ سُن کر دکھ ہوگا کہ اب انہی مصطفےٰ کمال کے وطن مین حکومت کی جانب سے اسی تیرہ سو سال پرانی کتاب کی تعلیمات کو زندہ کرنے کی کوشش ہو رہی ہے، ٹنڈن جی کے ذاتی خیال سے بحث نہین لیکن ہر مسلمان کا یہ عقیدہ اور ایمان ہے کہ قرآن انسان کی نہین بلکہ خدا کی بنائی ہوئی کتاب ہے، جو اس کے خلاف عقیدہ رکھتا ہے وہ مسلمان نہین نفرت پھیلانے کا مفہوم و مقصد بھی بحث طلب ہے،

اسلام اور قرآن مجید کا سب سے بڑا اور بنیادی مقصد توحید کی تعلیم ہے جس مین خدا کی وحدانیت کے اقرار کے ساتھ سارے فضائل اخلاق پر عمل داخل ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مین مکارم اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہون گویا توحید ایک تخم ہے جس مین مکارم اخلاق کے سارے برگ و بار پنہان ہین، ان پر عمل کے بغیر توحید کی تکمیل نہین ہوتی

اس کے مقابلہ مین کفر نام ہو خدا اور اس کے احکام کے انکار، شرک اور اُن سے پیدا شدہ رذائل کا، اور دنیا مین کسی نیکی اور بھلائی کی تعلیم و تبلیغ اس کی ضد کی بُرائی ظاہر کئے بغیر نہین ہوسکتی جب سچائی، اخلاص، دیانت یا اور اس قبیل کی کسی چیز کی تعلیم دیجائیگی تو جھوٹ، نفاق اور خیانت وغیرہ کی خرابی بھی ظاہر کیجائیگی، اس قسم کی بُرائی یا مذمت سے دنیا کی کوئی تعلیم و تبلیغ بھی خالی نہین ہو اور بُرائی اور اسمین مبتلا انسان کی مذمت مین کوئی فرق نہین، اگر چوری بُری چیز ہو تو چور کو بُرا کہنے مین کیا قباحت ہو قرآن نے اس سے زیادہ اور کچھ نہین کیا ہو کہ کفر اور شرک کیا تھا اس پر اڑے رہنے والون کی مذمت کی ہو اگر اسکو نفرت سے تعبیر کیا جاسکتا ہو تو ایسی نفرت کو دنیا کا کوئی اخلاقی ضابطہ قابلِ اعتراض نہین کہہ سکتا، ورنہ پھر کسی بُرائی کی اصلاح ہی نہین ہوسکتی، اگر نہایت پست سیاسی مقاصد کے لئے انسانون مین نفرت پھیلانا خدمتِ وطن کہا جاسکتا ہو تو دین و ملت، حق و صداقت اور عالم انسانیت کی فلاح کے لئے برے انسانون کے خلاف نفرت پھیلانا کیون بُرا ہے،

یہ تو ہمارا خود ساختہ مفروضہ ہو کہ ایسی نفرت بھی سچی انسانی ہمدردی کی خوبصورتی کے خلاف ہو برائیون مین مبتلا انسانون کی سچی ہمدردی تو یہ ہو کہ اُن کی اصلاح کے لئے اُن برائیون کی خرابیان برملا ظاہر کیجائین اور جو لوگ اس سے باز نہ آئین انکی مذمت کیجائے ورنہ اگر ٹنڈن جی کی مفروضہ انسانی ہمدردی کی خوبصورتی کا لحاظ رکھا جائے تو خرابیون کی اصلاح ہی ممکن نہین ہو، درحقیقت ٹنڈن جی کو کفر و شرک یا کفار و مشرکین کی مذمت اس لئے قابلِ اعتراض نظر آئی اور انھون نے اسکو نفرت سے تعبیر کیا ہو کہ انھون نے کفار و مشرکین سے مراد موجودہ زمانہ کے غیر مسلمون کو لے لیا ہو جو نہین ہو قرآن کی دعوت توحید کے مخاطب تو بلاشبہہ ہر زمانہ کے منکرین خدا اور مشرکین ہین لیکن جن کفار کے خلاف نفرت کی تبلیغ پر ان کو اعتراض ہو اس سے مراد عرب کے وہ کفار ہین جو اسلام اور مسلمانون کے دشمن اور اُن کے مٹانے کے درپے تھے اور تبلیغ اسلام مین رکاوٹین ڈالتے تھے، اس کے باوجود قرآن نے ان دشمنانِ اسلام کے ساتھ بھی جادۂ اعتدال پر قائم رہنے کا حکم دیا ہو "کسی قوم کی دشمنی کے سبب سے انصاف کو ہرگز نہ چھوڑو عدل پر قائم رہو یا اگر وہ صلح و آشتی کے لئے آمادہ ہون تو تم بھی اس کا جواب صلح و آشتی سے دو" اس سے زیادہ انسانی ہمدردی کی سچی خوبصورتی اور کیا ہوسکتی ہے،

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس مسلمانون کا پرانا ادارہ ہی اور ایک زمانہ مین اُن کی مفید تعلیمی خدمات انجام دیچکا ہی

لیکن ادھر عرصہ سے بے جان تھا، اب اسکی جدید تنظیم عمل میں آئی ہے اور اسکی جانب سے امداد کے لئے اپیل شائع ہوئی ہے مسلمانوں کی موجودہ ضروریات کے پیش نظر اس ادارہ کا بقا ضروری ہے اسلئے انکو اسکے لائف ممبر یا معاون خاص و عام بنکر جس کی فیس علی الترتیب ۱۲۵، اک مشت یا دس اور پانچ روپئے سالانہ ہے اس کی مدد کرنا چاہئے اور ادارہ کا فرض ہے کہ وہ کاغذی تجویزون اور رزولیشنون کے بجائے تعلیمی کامون میں عملی جدوجہد کو کام میں لائے،

اس وقت سب سے زیادہ اہم مسئلہ مسلمان بچون کی ابتدائی تعلیم کا ہے ڈسٹرکٹ بورڈون اور میونسپلیٹیون کے پرائمری اسکول خالص دیہاتی ہیں جن کا مقصد ہندو تہذیب و تمدن کا احیا ہے اسلئے ان کا نصاب طریقہ تعلیم ماحول سب اسی کے مطابق ہے ان میں مسلمانون کی ضروریات کا نطق کوئی لحاظ نہین زبان تمامتر ہندی ہے تاریخ جغرافیہ اور حساب وغیرہ فنون کے نام تک بدل دیئے گئے ہین، اس کی ریڈرون میں ہندو دیون کے قصص و حکایات کے علاوہ مسلمانون کی تاریخ و روایات کا کہین گذر نہین اُن کو پڑھکر مسلمان بچون کا کیا انجام ہوگا، مسلمانون کے جن مکاتب کی گورنمنٹ مدد کرتی ہے ان میں بھی مذکورۂ بالا نصاب پڑھانا ضروری ہے البتہ نصاب سے الگ دوسری کتابین بھی پڑھائی جاسکتی ہین لیکن ایسی کتابین ہر جگہ نہین ملتین، اس بارہ میں گورنمنٹ سے کسی قسم کی توقع رکھنا سخت نادانی ہے زبانی وعدون کا کوئی اعتبار اسکے طے شدہ پالیسی کے خلاف کچھ نہین ہوسکتا جمعیۃ العلما نے ابتدائی تعلیم کو اپنے پروگرام میں رکھا ہے مسلم ایجوکیشنل کانفرنس جدید تنظیم میں جمعیۃ سے قریب ہوگئی ہے اس لئے ان دونون کو مل کر اس کام کو اپنے ہاتھ میں لینا چاہئے اور اس کے لئے پوری تنظیم کے ساتھ عملی جدوجہد کو کام میں لانا چاہئے اگر ابتدائی تعلیم کا مسئلہ حل نہ ہوسکا تو چند پشتون میں مسلمان مسلمان باقی نہ رہینگے اس شنیع کو گردنی است چارۂ مجنون کنون کنید،

حضرت الاستاذ مدظلہ ایک مرتبہ حج بیت اللہ کے شرف سے مشرف ہوچکے ہین اس سال دوسری مرتبہ مع اہل و عیال حج و زیارت کا ارادہ رکھتے ہین ان سطور کی اشاعت کے وقت سفر کا آغاز ہوگیا ہوگا اللہ تعالیٰ حج مبرور عطا فرمائے اور بخیر و عافیت واپس لائے،

مقالات

حضرت ایوب علیہ السلام

از

مولانا ابو الجلال صاحب ندوی

"مولانا ابو الجلال صاحب ندوی اعلام القرآن کے نام سے جو کتاب لکھ رہے ہیں اس کے بعض ٹکڑے معارف میں چھپ چکے ہیں، ان کو اہلِ علم نے پسندیدگی کی نظر سے دیکھا اس لئے آج اس کی ایک اور قسط ہدیۂ ناظرین کی جاتی ہے"

سورۂ نساء میں چند پیغمبروں کے نام لے کر خدا نے فرمایا کہ ہم نے آپ پر بھی اسی طرح وحی نازل کی ہے جس طرح فلاں فلاں انبیاء پر وحی نازل کی تھی، ان پیغمبروں میں سے ایک حضرت ایوب علیہ السلام ہیں، اُن کا ذکر سورۂ انعام میں بھی ان پیغمبروں کے ذکر کے ساتھ وارد ہے جن کی بابت خدا نے فرمایا کہ

"یہ وہ لوگ ہیں جن کو خدا نے ہدایت دی تھی تم بھی اُن کی رہنمائی کی اقتدا کرو"

سورۂ انبیاء اور سورہ صاد میں حضرت ایوبؑ کی زندگی کے کچھ واقعات مذکور ہیں، ان دونوں سورتوں کو ملا کر بھی اُن کی زندگی کا پورا حال نہیں معلوم ہوتا، قصہ کے اندر واقعات کی خلائیں تقریباً ہیں جن کو روایت سے پر کرنے میں بے حد احتیاط کی ضرورت ہے،

سورۂ صاد میں خدا نے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ کفار جو باتیں بولتے ہیں اُن پر صبر کرو،

پھر حضرت داؤد وغیرہ چند انبیاء کا جن میں سے ایک حضرت ایوبؑ ہیں، تذکرہ سنا کر یہ بتانے کا حکم دیا کہ

کل من الاخیار	سب کے سب بھلے لوگ تھے،

پھر بُروں اور بھلوں کا انجام بتا کر فرمایا کہ جہنم میں شریر لوگ ایک دوسرے سے پوچھیں گے کہ

مالنا لا نری رجالاً کنا نعدھم	ہم کو کیا ہو گیا ہے کہ ہم اُن مردوں کو
من الاشرار اتخذناھم سخریا	نہیں دیکھ رہے ہیں، جن کو ہم اشرار سمجھتے
ام زاغت عنھم الابصار	تھے، کیا واقعی ہمارا قول مذاق ہی تھا، یا
	ان کو دیکھنے سے ہماری آنکھیں چوک رہی ہیں

اس سے ظاہر ہے کہ سورۂ صاد کی آیتیں اس لئے اُتریں کہ کچھ کفار نے حضرت ایوبؑ وغیرہ کو اشرار اور اہلِ نار میں سے بتایا تھا، ان کفار کو حضرت ایوبؑ کا قصہ معلوم تھا، اس قصہ میں کچھ باتیں قابلِ اصلاح تھیں، قرآن میں خدا نے پورا قصہ دہرانے کی بجائے صرف قابلِ اصلاح اجزاء کی اصلاح پر اکتفا کیا ہے، بائبل میں ایک کتاب سفر ایوب ہے، مفسرین نے قصہ ایوب میں جو روایتیں نقل کی ہیں، اُن کا بڑا حصہ اسی کتاب سے ماخوذ نظر آتا ہے، اس لئے ہم مفسرون کی روایتون کے بدلے اسی کتاب کو سامنے رکھ کر ان کا وہ قصہ معلوم کریں گے جس کی قرآن مجید نے اصلاح کی ہے،

سفر ایوب | سفر ایوب ۴۲ ابواب کا مجموعہ ہے، اس کتاب کا مختصر خلاصہ یہ ہے کہ حضرت ایوبؑ پر بپتا پڑی اُن کے تین دوست اُن کی عیادت کو آئے، اُن کی آمد کے بعد حضرت ایوبؑ نے اپنی مصیبت کا دکھڑا اُن کو سُنایا اُن دوستون کا خیال یہ تھا کہ خدا کا قہر بے سبب نہیں ہو سکتا، ضرور حضرت ایوبؑ سے دانستہ یا نادانستہ خدا کا گناہ سرزد ہوا ہے، یہ احباب اُن کو سمجھانے لگے کہ خدا کی تنبیہ سے اثر لو، اور اپنی بُرائی کو دور کرو، حضرت ایوبؑ کو اپنی بے گناہی کا پورا یقین تھا، ان کا خیال یہ تھا کہ ایسی مصیبتیں بُرون ہی پر نہیں، بلکہ اچھون پر بھی آتی ہیں، اس پر حضرت ایوبؑ اور اُن کے دوستون میں بحثیں ہوئیں، بالآخر ان بحثون کا

فیصلہ خود خدا نے یہ فرمایا کہ حضرت ایوبؑ کی باتین ان سے بحث کرنے والون سے زیادہ حق بجانب تھین،

سفر ایوب کو تین حصون پر تقسیم کیا جا سکتا ہے،

۱- باب ۱ تا ۲ : ۱۳ ۔ حضرت ایوبؑ کے تین دوستون کی حضرت ایوبؑ کے ساتھ بحث اور ۴۲ : ۷ تا ۸ : خدا کا فیصلہ، یہ حصہ نظم ہے،

۲- باب ۱ و باب ۲ و ۴۲ : ۹ تا ۱۶ یہ حصہ نثر ہے، اس کا مؤلف کوئی اور ہے جس نے کتاب کا مقدمہ اور تتمہ لکھا ہے،

۳- باب ۳۲ تا ۳۷، ایک چوتھے شخص الیہو کا کلام ہے جس نے حضرت ایوبؑ کو یہ کہنے پر سخت ملامت کی کہ "مین پاک ہون گناہ سے مبرا ہون مجھ مین بدی نہین ہے" اور بڑی بلاغت کے ساتھ اُن کو گناہ گار ثابت کرنے کی کوشش کی، یہ حصہ بھی نظم ہے، مگر مقدمہ اور تتمہ لکھنے والے نے اس شخص کا ذکر نہین کیا ہے، اس کو بعد کا اضافہ قرار دیا جا سکتا ہے،

سورہ صاد کے نزول کے پیشتر جن لوگون نے حضرت ایوبؑ کو اشرار مین سے بتایا تھا، وہ الیہو کے کلام پر یقین رکھتے تھے، انہی کی تردید کے لئے خدا نے سورۂ صاد مین فرمایا

"لوگ جو باتین بولتے ہین اس پر صبر کر و ..... (۳۸ : ۲)

اور ہمارے بندہ ایوب کا ذکر کر و ..... (۳۸ : ۴۴) وہ اچھا بندہ تھا

ترجمۂ اسم | سورۂ صاد مین حضرت ایوبؑ وغیرہ کو اخیار مین سے بتانے کے بعد خدا نے کفار کی بابت جو یہ کہا ہے کہ یہ لوگ باہم جہنم مین ایک دوسرے سے پوچھین گے کہ بات کیا ہے جو ہم کو وہ مرد نہین دکھائی دیتے ہین جن کو ہم اشرار خیال کرتے تھے، اس سے ظاہر ہے کہ کفار آپ کو جہنم کا حقدار بھی بناتے تھے، ان کے اس خیال کی بنیاد بھی ہم کو سفر ایوب مین ملتی ہے، حضرت ایوبؑ کا یہ نام عبرانی لفظ اعیہ (دشمنی) سے مشتق ہے، اُدیب کے معنی ہین دشمن، چنانچہ سفر ایوب کا مؤلف ایک موقع پر حضرت ایوبؑ کی زبان

سے کہتا ہے،

لما فنیك تستیر وتحشبنی لعدیب — تو اپنا چہرہ کیون چھپاتا ہے، اور مجھے اپنا دشمن جانتا ہے،

ملک (۱۳-۲۴)

ایوب اور ایئوب کے معنی ہین "وہ جس کے ساتھ دشمنی برتی گئی"، کفار کا خیال تھا کہ ان کو ایوب اس لئے کہا گیا کہ خدا ان کا دشمن تھا، مگر لفظ ایوب کا ایک مفہوم ستم رسیدہ بھی ہے، قرآن مین ایک جگہ حضرت ایوبؑ کا قول مذکور ہے کہ انی مسنی الضر، اس کا عبرانی ترجمہ "انو کی ایوب" ہوسکتا ہے، حضرت ایوبؑ کی وجہ تسمیہ یہی ہے،

عقیدۂ اشرار | جن اشرار نے حضرت ایوبؑ کو منجملہ اشرار اور مستحق نار بتایا تھا، ان کے خیال کی ایک بنیاد یہ بھی ہے، کہ سفر ایوب کے مؤلف نے حضرت ایوبؑ کی زبان سے یہ بھی کہا ہے کہ

"اپنا ہاتھ اٹھا اور مجھسے الگ رہ کہ مین نہ ادوم لیلون، اس سے پہلے کہ مین صلموت اور تاریکی کے دیس مین جاؤن، اس دیس مین جہان تاریکی اور صلموت ہے، اور جہان کی روشنی بھی تاریکی کی سی ہے (ایوب ۱۰: ۲۱ و ۲۲)

صلموت اگر ایک لفظ ہے تو عربی "ظلمات" کا مرادف ہے، ورنہ ظلِ موت (موت کی چھاؤن) کا مرادف ہے، صلموت سے حضرت ایوبؑ کی مراد عدم آباد ہے، لیکن اللات کی بحث مین ہم بتا چکے ہین کہ مشرکین کے تصور مین ظلمات کا دیس وہی چیز تھا جس کو ہم جہنم کہتے ہین، سفر ایوب کی ان باتون کی بنا پر کفار نے حضرت ایوبؑ کی شان مین گستاخی کی تھی، اس لئے سورۂ صاد مین خدا نے کفار کی باتون کو صبر سے سن کر حضرت ایوبؑ وغیرہ کا ٹھیک ٹھیک ذکر سنانے کا حکم دیا،

قرآن مین خدا نے چونکہ حضرت ایوبؑ کا پورا قصہ نہین بیان کیا ہے صرف چند مختصر فقرے اس قسم کے نازل فرمائے جن سے اندازہ ہوتا ہو کہ ان کے قصہ مین جس قدر قابلِ اصلاح باتین تھین انہی

کی اصلاح پر خدا نے اکتفا کر کے یہ حکم دیا ہو کہ حضرت ایوبؑ کا ٹھیک ٹھیک قصہ سُنا ؤ اس لئے قرآنی آیتون کا صحیح مطلب سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ اُن کے قصہ کی قدیم شکل سامنے رکھ کر قرآن پر غور کیا جائے،

روایت قدیم | سفر ایوب کے اس حصہ نظم سے جس مین حضرت ایوبؑ اور اُن کے دوستون کی بحث مذکور ہے حضرت ایوبؑ کی بابت حسب ذیل باتین معلوم ہوتی ہین،

۱- ایک زمانہ مین وہ اپنی قوم کے اندر حاکمانہ شان رکھتے تھے، چنانچہ سفر ایوب کا ناظم اُن کی زبان سے بولتا ہے،

"کاش مین ایسا ہوتا جیسا پچھلی تاریخون[1] مین تھا (۲۹:۲) جب مین اپنے قدم دودھ سے دھوتا تھا، ..... جب مین شہر سے ہو کر پھاٹک کی عدالت گاہ کو جاتا، اور چوک مین اپنی کرسی رکھتا تھا، تو جوان مجھے دیکھ کر چھپ جاتے تھے، بوڑھے کھڑے ہو جاتے تھے، رئیس بولنے سے باز رہتے تھے، اور اپنے ہاتھ اپنے مینون پر رکھتے تھے، امرا چپ ہو جاتے تھے، اور اُن کی زبانین تالو سے لگ جاتی تھین (۲۹:۷،۱۰) صداقت میرا لباس تھی عدالت میرا پردہ تھی، انصاف میرا عمامہ تھا، مین اندھون کی آنکھین تھا، لنگڑون کے پاؤن تھا، (۲۹:۱۴) مین نے بے انصاف کے داڑھ توڑے اور لوٹ کا مال اس کے دانتون سے نکال لیا (۲۹-۱۷) مین اُن کے لئے راہ چنتا تھا، سرداری کرتا تھا، اور لشکرون مین بادشاہ کی طرح رہتا تھا، اس کی طرح جو کہ غمگینون کو تسلی دیتا ہے (۲۹:۲۵)

---

[1] عبرانی لفظ یاریخون بمعنی مہینون، تاریخ کو بعض لوگ مورخ سے اور مورخ کو فارسی لفظ ماہ ور روز سے مشتق مانتے ہین، یہ ویسا ہی اشتقاق ہے، جیسا ڈیکوریشن کو دیکھورے شان بتانا دراصل لفظ تاریخ قدیم عبرانی لفظ یارِیح تھا،

"مین رحم کے اندر ہی مرکیون نہ گیا، پیٹ سے نکلتے ہی مین نے جان کھودی ہوتی، (۳: ۱۱)

تاکہ اب تک چپ چاپ پڑا رہتا، سوتا رہتا، آرام کرتا ہوتا، بادشاہون اور مشیران ملک

کے ساتھ جنھون نے اپنے لئے خرابات[1] بنوائے، (۳: ۱۲)

۲- پھر حضرت ایوبؑ پر کچھ ایسی افتاد پڑی کہ سفر ایوب کا ناظم حضرت ایوبؑ کی زبان سے کہتا ہے،

"مین اُن پر ہنستا تھا مگر وہ نڈر نہ ہوتے تھے، میرے چہرے کا نور گرانہ دیتے تھے، (۲۹: ۲۴)

اب تو چھوٹے چھوٹے بچے بھی مجھ سے ٹھٹھول کرتے ہین، (۳۰: ۱)

۳- یہ حالت اس لئے ہوگئی تھی، کہ اُن کی حکومت جاتی رہی چنانچہ ناظم مباحثہ حضرت ایوبؑ کی

زبان سے کہتا ہے،

"زمین شریرون کے ہاتھ مین چھوڑی گئی (۹: ۲۴) نئی نئی فوجین مجھ پر چڑھ آئین (۱۶: ۱۴)

خدا نے مجھے بے انصافون کے حوالہ کیا، اور بے دینون کے ہاتھ میں ڈال دیا ہے (۱۶: ۱۱)

اس کے تیر اندازون نے مجھے گھیرا (۱۶: ۱۲) اس نے مجھے شکست پر شکست دیکے توڑا، (۱۶: ۱۴)

۴- یہ مصیبت تو تھی ہی، اس پر اضافہ یہ ہوا کہ اس نے میرے بھائیون کو مجھ سے دور کیا، میرے

ہمدم بے گانے ہوگئے، میرے رشتہ دار مجھ سے دور ہوگئے، (۱۹: ۱۳) خداوندا تونے میرا سارا خاندان

برباد کردیا ہے، (۱۶: ۷)

(۵) حکومت گئی، اقربا بچھڑے، بے دینون کے قبضہ مین گرفتار ہوگئے، ان مصائب پر ایک

چوتھی مصیبت کا اضافہ ہوا، وہ یہ کہ ان کا بدن بگڑ گیا، چنانچہ حضرت ایوبؑ کی زبان سے ناظم کہتا ہے،

لبش بشری رمه وجیشی عوفر	میرا بدن کیڑون سے اور خاک کے ڈھیلون
عوری راجع ویماس (۷: ۵)	سے ملبس ہے میرا چمڑا سمٹتا ہے اور گھنتا ہے،

---

[1] عبرانی حروبوت مراد مقبرے،

۷۔ ان تمام مصیبتون پر غم بالائے غم ان کو یہ تھا کہ

لعبدی قواتی ولا یعنه بصوتی اتحنن	مین نے اپنے چاکر کو پکارا اس نے جواب
لروحی زاریه لاشتی وحنوتی لبنیو بطنی	نہ دیا، مین نے اپنی زبان سے اس کی منت
(۱۹: ۱۷)	کی، میری جان سے میری جورو کو، اور میری
	منت سے میرے پیٹ کے بیٹون کو نفرت ہی

یہ ہے حضرت ایوبؑ کے حالات کا خلاصہ جو حضرت ایوبؑ اور ان کے دوستون کی اس گفتگو سے ماخوذ ہے، جسے سفر ایوب کے ناظم نے بیان کیا ہے، نثر مین جس نے مقدمہ اور تتمہ لکھا ہے، اس کا بیان یہ ہے۔ کہ حضرت ایوبؑ سرزمین عوص کے باشندے تھے، اور بنی قدم مین سب سے زیادہ معزز تھے لیکن ایک دن شیطان چند اور بنی الوہیم کے ساتھ خدا کے دربار مین حاضر ہوا، خدا نے اس کے سامنے تعریف کی کہ دنیا بھر مین ایوب جیسا نام (کامل)، یاسر (راستباز)، یارئی الوہیم (خداترس) اور سرمرع (متقی) نہین ہے، شیطان نے ان کو آزمانے کی اجازت مانگی، جو مل گئی، تب اس نے ایوب پر آفتین نازل کین

حصۂ نظم کے مؤلف کے بیان کے مطابق حضرت ایوبؑ پر دشمنون نے حملہ کیا تھا، مقدمہ نویس ان حملہ آورون کو اول، سبا کسدی لوگ قرار دے کر ڈاکو بناتا ہے،

حصۂ نظم کے مؤلف کے بیان کے مطابق حضرت ایوبؑ کا بدن بگڑ گیا تھا، اس کی وجہ مقدمہ نویس یہ بتاتا ہے کہ شیطان نے ایوب کو مارا، ایسا کہ تلوے سے چاندی تک اُن کے بدن مین جلتے پھوڑے نکل آئے (۲: ۷)

ناظم کے بیان کے مطابق حضرت ایوبؑ کی بی بی اُن سے نفرت کرنے لگی تھین، مقدمہ نویس کا بیان ہے کہ اُن کی بی بی نے کہا،

عدلك محزیق بتومتك مارک	ابتک تو اپنے دین پر قائم ہے، خدا کو
الوهم وموت	سلام[1] بول اور مرجا (۲: ۹)

---

[1] لفظی ترجمہ "مبارک بول" محل کلام بتاتا ہے، کہ مراد اس سے ناتا توڑلے،

حضرت ایوبؑ نے اسے یہ کہہ کر ڈانٹ دیا کہ تو ایک بے وقوف عورت کی طرح بولی، کیا ہم خدا کی نعمتوں کو تو قبول کریں اور اس کی بدی کو قبول نہ کریں"

مقدمہ نویس نے ان مصائب پر جن کا ذکر ناظم نے کیا ہے، دو مصیبتوں کا اور اضافہ کیا ہے اور وہ یہ ہے :-

۱- آسمان سے آگ برسی، سارے نوکر چاکر جل مرے،

۲- آندھی سے گھر گرا، حضرت ایوبؑ کے سات بیٹے اور تین بیٹیاں دب مریں،

آخر میں نظم نقل کرنے کے بعد مقدمہ نویس لکھتا ہے کہ حضرت ایوبؑ اور اُن کے دوستوں کے درمیان جو گفتگو ہوئی اس کے بعد خدا نے حضرت ایوبؑ پر نوازش فرمائی، اُن کے سب بھائی بہن اور جان پہچان اُن سے آملے، خدا نے اُن کو پہلے سے زیادہ دولت مند بنا دیا، اور پھر سے اُن کو سات بیٹے اور تین بیٹیاں عطا کیں،

یہ ہے قصۂ ایوب جو ان لوگوں کے پیش نظر رہا ہوگا، جن کے حضرت ایوبؑ وغیرہ کو اشرار کہنے کی بنا پر سورہ صاد کی آیتیں اتریں، اسی قصہ کی بعض باتوں کی خدا نے قرآن میں اصلاح فرمائی ہے،

قرآنی فیصلے | ہم نے ابھی بتایا ہے کہ سفر ایوب کے حصۂ نظم سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ایوبؑ ایک نبی نہ میں حاکمانہ شان رکھتے تھے، اس کی تصدیق صاف لفظوں میں تو نہیں مگر اشارۃً قرآن مجید بھی کرتا ہے، چنانچہ سورۂ انعام میں حضرت ابراہیمؑ کے ذکر کے بعد خدا نے فرمایا :-

ووهبنا له اسحاق ویعقوب کلا	اور ہم نے ان کو اسحاق اور یعقوب عطا
هدینا ونوحا هدینا من قبل و	کئے، ہر ایک کو ہدایت دی، پہلے نوح کو
من ذریته داؤد وسلیمان و	ہدایت دی تھی، اور ان کی ذریت میں
ایوب ویوسف وموسی وهارون	سے (۱) داؤد اور سلیمان، اور ایوبؑ

وکذلک نجزی المحسنین و زکریا	یوسفؑ اور موسیٰ اور ہارون (دیئے) اور
ویحییٰ وعیسیٰ والیاس وکل من	بھلے کام کرنے والون کو ہم یون جزا دیتے
الصالحین ،	ہین اور زکریا اور یحییٰ اور عیسیٰ اور الیاس
	اور ان مین سے ہر ایک صالح تھا ،
واسمٰعیل والیسع ویونس ولوطا	اور اسمٰعیل اور الیسع اور یونس اور
وکلاً فضّلنا علی العٰلمین	لوطؑ (دیئے) اور ہر ایک کو سارے جہان
(انعام ع ۱۰)	پر فضیلت بخشی ،

ان آیتون مین حضرت نوح کے علاوہ جن کے نام کے ساتھ (من قبل) کا لفظ بڑھا کر خدا نے اُن کو حضرت ابراہیمؑ سے قدیم بتایا ہے ، باقی تمام افراد حضرت ابراہیمؑ کے بعد گذرے ، ترتیب ذکر ان کی تاریخی نہین ہے ، حضرت نوحؑ سے پہلے جن دو پیغمبرون کا ذکر کیا ہے ، وہ آج یہان بستے تھے اور کل وہان ، اُن کے بعد جن پیغمبرون کے نام ہین ، وہ مستقل شہرون اور بستیون کے باشندے تھے ، ان کو تین گروہون مین تقسیم کیا گیا ہے ،

گروہ اوّل مین سے حضرت داؤدؑ اور حضرت سلیمانؑ بنی اسرائیل کے مشہور بادشاہ تھے ، اُن کے بادشاہ ہونے کا ذکر بائبل اور قرآن مین بصراحت وارد ہے ، حضرت یوسفؑ کے باب مین اتنا کہنا کافی ہے ، کہ وہ خدا کا شکر کرتے تھے کہ

"ربّ آتیتنی من الملک ، (یوسف) خدایا تو نے مجھے بادشاہی عطا کی ہے ،

حضرت ہارون حضرت موسیٰؑ کے وزیر یعنی اُن کے کامون مین اُن کا ہاتھ بٹانے والے تھے ، حضرت موسیٰؑ کی بابت سفر تثنیہ مین ہے ،

" وہ یسورون مین بادشاہ تھا ، جب قوم کے سردار اکٹھے ، اور اسرائیل کے اسباط

ایک تھے، (تثنیہ ۳۳: ۵)

یسورون بنی اسرائیل کا قدیم لقب ہے (یشعیاہ ۴۴: ۲) اس لفظ کے معنی ہین راستباز لوگ،

گروہ دوم کے سارے پیغمبر وہ ہین، جو دوسرے بادشاہون کے ماتحت محکومانہ زندگی بسر کرتے تھے،

گروہ سوم مین سے حضرت اسماعیل ؑ اور حضرت لوط ؑ نہ خود بادشاہ تھے، نہ کسی بادشاہ کی رعایا، حضرت الیاس ؑ اور حضرت الیسع ؑ اپنے زمانہ کے بادشاہون کے مخالف اور ان کے باغی تھے ان کی بابت بھی کہا جاسکتا ہے، کہ وہ نہ حاکم تھے اور نہ محکوم، حضرت یونس ؑ جس شہر کے باشندون کی اصلاح پر مامور ہوئے، اس کے نہ وہ خود بادشاہ تھے، اور نہ وہان کے بادشاہ کی رعایا تھے، الغرض حضرت نوح کے بعد جن پیغمبرون کا ذکر ہے، ان کو خدا نے تین گروہون مین تقسیم کیا ہے،

۱۔ ملوک وامرار

۲۔ محکوم رسل

۳۔ ایسے رسل جو نہ حاکم تھے نہ محکوم،

حضرت ایوب ؑ کا ذکر گروہ اول مین ہے، اس لئے ہم ان آیتون کو ایوب باب ۲۹ کے مضمون کی تصدیق بادر کرتے ہین،

خاندان ایوب | سورۂ انعام کی ان آیتون مین حضرت نوح ؑ کے ذکر کے بعد جن انبیاء کے نام ہین ان مین سے حضرت لوط ؑ حضرت ایوب ؑ اور حضرت یونس ؑ کے علاوہ سب کے سب بنی ابراہیم مین سے ہین، خدا نے حضرت نوح ؑ کے نام کے بعد ان کے ذکر سے پہلے "ومن ذریتہ" اس لئے بڑھایا ہے کہ کہ سب کو ذریت ابراہیم نہ سمجھ لیا جائے تاہم سب کے سب حضرت ابراہیم کے لئے بمنزلہ ذریت ہونی چاہئین کیونکہ ان سب کا ذکر اس دین کی تفویض کے طور پر آیا ہے جس سے خدا نے حضرت ابراہیم کو نوازا تھا،

حضرت لوطؑ حضرت ابراہیمؑ کے بھتیجے تھے، اس لئے وہ حضرت ابراہیمؑ کے لئے بمنزلہ ذریت تھے، سورۂ بقرہ مین ایک جگہ ( ) فرزندان یعقوب کی زبان سے آبائے یعقوب مین حضرت ابراہیم اور حضرت اسحاق کے ساتھ حضرت اسماعیلؑ کا ذکر بھی آیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے، کہ ان دونون کے محاورہ کے مطابق آبا مین عمام بھی داخل تھے جس طرح حضرت اسماعیلؑ کا شمار آبائے یعقوب مین روا تھا، اسی طرح حضرت ابراہیم کو بھی آبائے لوط مین شمار کیا جا سکتا ہے، حضرت ایوبؑ اور حضرت یوشعؑ کا نسب بحث طلب ہے لیکن اتنی بات یقینی ہے کہ یہ دونون بھی اگر حضرت ابراہیمؑ کی اولاد نہین تو قرابتمند بمنزلہ اولاد ضرور تھے،

حاکم نے حضرت سمرہ بن جندبؓ سے کعب بن مالک کے ایک قول کی تخریج کی ہے جس مین حضرت ایوبؑ کے والد بزرگوار کا نام اموص وارد ہے، اس کے بعد محمد بن اسحاق کا ایک قول نقل کیا ہے کہ ان کو وہب بن منبہ کا ارشاد ایک غیر متہم کے توسط سے معلوم ہوا، کہ وہ تھے ایوب بن اموص ابن زارح بن عیص بن اسحاق بن ابراہیم (ج ۲ ص ۵۸۱) طبری نے بھی ابن اسحاق کے اس قول کو نقل کیا ہے، مگر طبری مین اموص کی بجائے موص چھپا ہے، ( ) اموص اصل مین موص تھا، یہ نام عوص کی تصحیف ہے، حضرت ایوبؑ کو ابن عوص کہا جاتا تھا، لیکن عوص اُن کے باپ کا نام نہ تھا، بلکہ سفر ایوب مین ہے کہ وہ سرزمین عوص کے باشندے تھے، (۱:۱) پرانے زمانہ مین ایک مقام کے باشندے کو اس مقام کا فرزند کہا جاتا تھا، چنانچہ سفر ایوب مین باشندگان قدم کے معنی مین بنی قدم کا لفظ آیا ہے، (۱:۳) اس کی اور مثالین بھی ہین، حضرت ایوب کو باشندہ عوص ہونے کی وجہ سے ابن عوص کہا جاتا تھا، اس لئے نسب نامہ سے یہ نام حذف کر دینا چاہئے، طبری نے ابن اسحاق کا قول نقل کرنے کے بعد یہ بھی لکھا ہے کہ ابن اسحاق کو علاوہ دوسری روایات مین موص کے باپ کا نام زارح بن عیص کی بجائے یوزب ابن عیص ہے، توراۃ مین زارح کو رعوایل کا اور ان کو عیسو کا بیٹا بتایا گیا ہے، اس لئے ہم یقین کرتے ہین

کہ وہب بن منبہ نے ایوب بن موص کو زارح بن رعوائل بن عیص کا بیٹا بتایا تھا، موص کا نام حذف کرنے کے بعد حضرت ایوبؑ کا پورا نسب نامہ یون بن جاتا ہے کہ

ایوب بن زارح بن رعوائل بن عیسو،

اس نسب نامہ کو صحیح مان لینے کے بعد حضرت ایوب علیہ السلام توراتی یوبب بن زارح (تکوین ۳۶: ۳۳) یا اُن کے حقیقی بھائی تھے، فارسٹر نے ایک سریانی تفسیر کے عربی ترجمہ کا حوالہ دیکر حضرت ایوبؑ کو یوبب قرار دیا ہے، یوبب بن زارح ان آٹھ بادشاہون مین سے دوسرے بادشاہ تھے جنھون نے ادوم کے علاقہ مین بنی اسرائیل کے درمیان کسی بادشاہ کے برپا ہونے سے پہلے حکومت کی تھی (تکوین ۳۶: ۳۱)

اس نسب نامہ کی صحت کی صورت مین جس کے غلط ہونے کی کوئی وجہ نہین ہے، حضرت ایوبؑ نہ صرف آل اسحاق سے تھے، بلکہ آل اسماعیل سے بھی تھے، کیونکہ رعوائل کی مان کا نام بشامہ تھا، (تکوین ۳۶: ۳) اور یہ حضرت اسماعیلؑ کی بیٹی تھین (تکوین ۳۶: ۳)

طبری نے لکھا ہے کہ


"بعض کا قول ہے کہ وہ تھے ایوب بن موص رعوائل اور ان کے باپ ان میں سے تھے جو حضرت ابراہیمؑ پر اس دن ایمان لائے تھے، جس دن اُن کو نمرود نے آگ میں ڈالا تھا"

یہ قول ہمارے لئے دو وجہون سے ناقابل قبول ہے، ایک تو یہ ہے کہ اس قول کے مطابق حضرت ایوبؑ الیفز تیمانی کے معاصر نہین ثابت ہوتے جن کا ذکر سفر ایوب مین ہے، دوسری یہ ہے کہ اس قول کے مطابق وہ حضرت ابراہیمؑ کی ذریت یا قرابت دار بمنزلہ ذریت نہین ثابت ہوتے حالانکہ آیات انعام مین اس کی طرف صریح اشارہ ہے کہ وہ حضرت یعقوبؑ جیسے نہین تو حضرت لوطؑ جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قرابت مند ضرور تھے،

طبری نے ایک قول غیاث بن ابراہیم کا نقل کیا ہے کہ ذکر کیا گیا ہے کہ ان کی ماں لوط کی بیٹی تھیں اور اُن کی جورو لیاہ بنت یعقوب تھیں،

یہ قول بھی قابلِ تردید ہے اس قول کے مطابق حضرت ایوبؑ الیفز تیمانی سے صدیوں قبل کے آدمی ثابت ہوتے ہیں علاوہ بریں توراۃ کے مطابق لیاہ حضرت یعقوبؑ کی بی بی حضرت یہوداہ کی ماں اور حضرت یوسفؑ کی خالہ تھیں، اور حضرت لوطؑ کے وہی نواسے تھے، مواب اور عمون؛

حضرت ایوبؑ کا نسب نامہ | صحیح نسب نامہ وہی ہے جو وہب بن منبہ نے بیان کیا اس نسب نامہ کے مطابق حضرت ایوبؑ اور الیفز تیمانی ہم عصر ثابت ہو سکتے ہیں، دونوں کا نسب نامہ حسب ذیل ہے،



محمد بن جریر طبری نے تاریخ الرسل واللوک میں حضرت ایوبؑ اور حضرت شعیبؑ کا ذکر حضرت یوسفؑ سے پہلے کیا ہے، اور لکھا ہے،

"ہم نے ان کی خبر اور قصہ کو یوسف علیہ السلام کی خبر اور قصہ پر پہلے اسلئے بیان کیا ہے کہ ذکر کیا جاتا ہے، وہ حضرت یعقوب والد یوسف کے زمانہ میں تھے،

حاکم نے مستدرک میں لکھا ہے کہ لوگوں نے حضرت ایوبؑ کے زمانہ بعثت میں اختلاف کیا ہے

وہب بن منبہ کا بیان ہے کہ وہ فرزندان ابراہیم سے تھے، یوسف کے بعد..... محمد بن جریر نے ذکر کیا کہ وہ شعیب کے پہلے تھے، ابوبکر بن ابی خیثمہ نے اس بات کو ترجیح دیا ہے کہ ان کا زمانہ حضرت سلیمانؑ کے بعد تھا،

ہمارے نزدیک مرجح قول وہب بن منبہ کا ہے، ابوبکر بن ابی خیثمہ کے قول کی بنیاد یہ ہے کہ انعام، انبیاء اور ص مین حضرت ایوبؑ کا ذکر حضرت سلیمانؑ کے بعد آیا ہے، اس لئے اکثر لوگ حضرت سلیمانؑ کے بعد اُن کے زمانہ کا خیال اور ذکر کے عادی تھے، لیکن ان سورتون مین انبیاء کا ذکر تاریخی ترتیب سے نہین آیا ہے، انعام کی آیتون کے بارے مین بتایا جا چکا کہ خدا نے ترتیب ذکر مین اُن کی نوعیتون کا لحاظ رکھا اور اُن کو چار مجموعون مین تقسیم کیا، مجموعۂ اول مین دو پیغمبر ہین جو یک مقامی نہ تھے، مجموعۂ دوم مین وہ انبیاء مذکور ہین، جو ملوک یا امرا تھے، اس مجموعہ کی ترتیب اس حقیقت پر مبنی ہے جس کی وجہ سے خصوصیت کے ساتھ ان کو حضرت ابراہیم کے حق مین جزائے احسان بتایا ہے، اور وہ حقیقت ہین ان کا ملوک ہونا ہے، ترتیب مین اُن کے حاکمانہ اقتدار کے پیمانون کا لحاظ ہے، مجموعۂ سوم مین صالحیت کے لحاظ سے اور مجموعہ چہارم مین سارے جہان پر فضیلت کی ترتیب مرعی رکھ کر حضرت الیاسؑ اور حضرت لوطؑ کے تاریخی مقامات بدل دیئے،

سورۂ انبیاء مین انبیاء کے محامد مذکور ہین، اور ترتیب مین محامد کا لحاظ رکھا گیا ہے،

سورۂ صاد کی بابت بتایا گیا ہے، کہ کفار کے چند انبیاء کو اشرار کہنے کی بنا پر اسی سورہ مین اُن کے تذکرے آئے، اس سورہ مین ۹ انبیاء کا ذکر ہے،

۱۔ حضرت داؤدؑ، حضرت سلیمانؑ اور حضرت ایوبؑ کے قصون مین سے چند واقعات دہرائے گئے ہین

۲۔ حضرت ابراہیمؑ، حضرت اسحاقؑ اور حضرت یعقوبؑ کی بابت قصہ سنائے بغیر اُن کو برگزیدہ اخیار مین سے بتایا، اس جگہ اتفاق کی بات یہ ہے کہ برگزیدگی کی ترتیب اور تاریخی ترتیب ایک ہے،

۳۔ حضرت اسماعیلؑ حضرت الیسعؑ اور حضرت ذوالکفلؑ "برگزیدہ اخیار" کہنے کی جگہ صرف اخیار کہا کیونکہ مجموعۂ دوم کے انبیاء کا درجہ ان سے بلند تھا، اس مجموعہ کی ترتیب میں بھی ان انبیاء کے مدارج خیر و خوبی کا لحاظ ہے اتفاق کی بات ہے کہ تاریخی ترتیب بھی یہی ہوا

مجموعۂ اولیٰ کی ترتیب میں کفار کے اقوال کی ترتیب کا لحاظ کیا گیا ہے، اور جس پر جتنا زیادہ سخت اعتراض تھا اتنا ہی قبل اس کا ذکر کیا گیا، حضرت داؤدؑ پر قتل اور بدکاری کی بنا پر اخلاقی اتہام کیا جاتا تھا، جس کی قرآن کریم نے اپنے طرز بیان سے اصلاح کی ہے، حضرت سلیمانؑ پر جیسا کہ سورۂ بقر کی آیت (ما کفر سلیمان) سے ظاہر ہے کہ کفر کا الزام تھا، حضرت ایوبؑ کو جس دلیل سے شریر کہا جاتا تھا وہ یہ تھی،

"خدا سچے آدمیوں کو مردود نہیں کرتا (ایوب ۸: ۲۰) تو نے میرے سنتے ہوئے کہا میں نے تیری آواز سنی جو یہ باتیں کہتی تھیں کہ میں پاک ہوں گناہ سے مبرا ہوں، صاف ہوں مجھ میں بدی نہیں، (ایوب ۳۳: ۹) کیا کوئی شخص اپنی زبان سے بے گناہ ٹھہرے گا، (۱۱: ۲) خیال کر کیا کوئی بے گناہ ہوتے ہوئے ہلاک ہوا ہے، صادق کہاں مارے گئے، (۴: ۷)

ان پر کوئی متعین اعتراض نہ تھا، صرف اُن کے مصائب کو اس بات کی دلیل قرار دیا جاتا تھا کہ ضرور اُن سے کوئی خطا ہوئی ہے، اس لئے اعتراض کی اہمیت کو ملحوظ رکھتے ہوئے حضرت ایوبؑ کا ذکر حضرت داؤدؑ اور حضرت سلیمانؑ کے بعد آیا ہے، حضرت ایوبؑ العضر یمانی کے معاصر تھے جو حضرت سلیمانؑ کے مورث اعلیٰ رام کے ہم پشت تھے جن کا زمانہ حضرت موسیٰؑ سے بہت پہلے گذرا ہے،

جن لوگوں نے حضرت ایوبؑ کو حضرت یوسفؑ سے قرار دیا ہے، ان کے قول کی بنا دو وہمی تعین ہیں جن کو ہم مسترد کر چکے ہیں، حضرت ایوبؑ کا ذکر انعام انبیاء میں کے علاوہ سورۂ نساء [illegible]

جس کے تذکرہ سے ہم نے اس مضمون کی ابتدا کی ہے، اس آیت مین بھی کئی انبیاء کے نام ہین، اس کی ترتیب ذکر پر بھی غور کر لینا ضروری ہے،

انا اوحینا الیک کما اوحینا الی نوحٍ	ہم نے تم پر وحی اتاری جس طرح نوح
والنبیین من بعدہ واوحینا الی	اور ان کے بعد کے پیغمبرون اور ابراہیم
ابراھیم واسمٰعیل واسحاق	اور اسمٰعیل اور اسحاق اور یعقوب
ویعقوب والاسباط وعیسٰی	اور اسباط اور عیسٰی اور ایوب اور یونس
وایوب ویونس وھارون و	اور ہارون اور سلیمان پر وحی اتاری تھی
سلیمان وآتینا داؤد زبورا ۔	اور داؤد کو زبور دیا تھا نیز چند رسولون
ورسلاً قد قصصناھم علیک	کو جن کے قصے ہم نے تم کو سنائے، اور
من قبل ورسلاً لم نقصصھم	کچھ رسولون کے قصے ہم نے تم کو نہین
علیک وکلم اللہ موسٰی تکلیما	سنائے، اور اللہ نے موسٰی کے ساتھ[1]

اس آیت مین چند کے سوا باقی انبیا کے نام تاریخی ترتیب سے ہین، اصل موضوع یہ بتانا ہے کہ آپ پر بھی خدا نے انھی طرق سے وحی اتاری جن طرق سے ان انبیا پر اتاری، حضرت موسٰیؑ کا ذکر تاریخی ترتیب کے مطابق حضرت ہارونؑ کے قریب ہونا چاہیئے لیکن ان کا ذکر موخر کر دیا، وجہ تاخیر نوعیت وحی کی اہمیت سے اس اہمیت کو سمجھنے کے لئے ہم کو توراۃ پر نظر کرنی چاہیئے سفر تثنیہ کے مولفہ کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ حضرت مریمؑ اور حضرت ہارونؑ نے کہا کیا خداوند نے موسٰی ہی سے باتین کی ہین، اور ہم سے نہین کی ہین؟ خدا نے یہ بات سنی اور فرمایا کہ اگر تم مین کوئی نبی ہو تو

بمرایا الا یراتو دع بحلوم اویرو	رویا مین اس پر نمودار ہوتا ہون خواب
لا کین عبدی موسٰی لکل شیئی	مین اس سے بولتا ہون، لیکن میرا بندہ

[1] لفظی ترجمہ ایسا نہیں ہے،

فنشن هوا - فی الی فی اذنہ بود	موسیٰ میرے سارے گھرانے مین منہ
مراہ ولا بحیدوت وتمونت	سے منہ تک اس سے باتین کرتا ہون،
یھوہ یبیط (عدد ۱۲: ۶ تا ۸)	نیز رویا مین مگر رمز و کنایہ مین نہین اور
	وہ خدا کی شبیہ دیکھتا ہے،

قرآن کریم نے ایک دوسرے موقع پر شبیہ دیکھنے کے قصہ کی تردید کی ہے، جو جامع عدد کا شارحانہ اضافہ ہے، جن لوگون کے قول کی بدولت یہ توراتی آیت اُتری تھی، ان مین ہم حضرت ہارون ؑ کو بادر نہین کرتے لیکن جس قول کی وجہ سے یہ آیت اُتری تھی، اسمین حضرت ہارون ؑ کا لفظاً نہ سہی معناً ذکر ضرور تھا، چونکہ حضرت ہارون ؑ پر جس طریق سے وحی اترتی تھی، وہ اس طریق سے مختلف تھی جس سے حضرت موسیٰ پر اترتی تھی، اس لئے حضرت موسیٰ ؑ کے ذکر کو اُن کے طریق وحی کے اوضح ہونے کی بنا پر حضرت ہارون کے قریب سے ہٹا دیا، اور اہمیت کا خیال کرکے اسے موخر کر دیا،

حضرت ہارون ؑ پر جس طریقہ سے وحی اترتی تھی، اس کا توراتی نام حیدوت ہے، جس کا لغوی ترجمہ "رمز" یا اشارہ ہے، قرآن مین حضرت زکریا ؑ کی بابت مذکور ہے کہ خدا نے جب اُن کو یحییٰ کی بشارت دی تو انھون نے درخواست کی، اے میرے رب! میرے لئے ایک نشان مقرر کر دے، خدا نے فرمایا،

آیتک الا تکلم الناس ثلاثۃ ایام الا رمزا، (عمران - ۴)

اس کے بعد انھون نے بطریق رمز اپنے لوگون کو حکم دیا کہ

سبحوہ بکرۃ وعشیا۔ (غ - عربیہ)

اس "امر بطریق رمز" کا ذکر خدا نے ایک موقع پر یون فرمایا ہے کہ

فاوحی الیھم (غ - عربیہ)

اس سے معلوم ہوا کہ قرآنی اصطلاح مین اوحی کا مطلب وہی ہے جسے توراتی بولی مین

قرین بر بحیں وحی" کا لفظ ادا کرتا ہے،

انبیاء پر عالم رویا اور عالم بیداری دونوں مین تین طریقون سے وحی اترتی ہے،

۱۔ کبھی ایسا ہوتا.... کہ وہ نہ آواز سنتے نہ تحریر دیکھتے بلکہ پُرسرار طریقہ پر کلام الٰہی اُن کے دل مین اتر جاتا، یہی وحی ہے،

۲۔ کبھی وہ کانون سے کلام سنتے پھر کچھ عرض کرتے، اور اس کا جواب پاتے، یہ ہے "تکلم من وراء حجاب"

۳۔ کبھی عالم رویا یا عالم بیداری مین اُن کو زُبر (مٹی، پتھر یا دھات کی لوحون پر لکھی ہوئی عبارتین نظر آتی تھین، اس طریق وحی کا نام "آیتاے زبور" ہے، حضرت داؤدؑ کا نام تاریخی ترتیب کے مطابق حضرت سلیمانؑ سے قبل ہونا چاہئے تھا لیکن چونکہ یہ طریق وحی جدوت سے افضل اور تکلم سے فروتر تھا، اس لئے ان کا نام سلیمان و موسیٰ کے درمیان رکھا گیا،

حضرت یونسؑ کا نام حضرت سلیمانؑ کے بعد ہونا چاہئے تھا لیکن اُن کا نام حضرت ایوبؑ کے بعد ہے، یہ تقریباً حضرت ایوبؑ کے ہم قسمت تھے، انھون نے بھی اپنے دکھ مین حضرت ایوبؑ کی طرح خدا کو پکارا تھا۔ دونون کی پکار مین جو فرق تھا، اس کا لحاظ کر کے حضرت یونسؑ کا نام حضرت ایوبؑ کے بعد رکھا، کیونکہ دونون کے صبر و عزم مین ایسا ہی فرق تھا، حضرت عیسیٰؑ کا نام سب کے آخر مین ہونا چاہئے تھا، مگر یہ بھی حضرت ایوبؑ کے ہم قسمت تھے، حضرت ایوبؑ کو بے دینون کے حوالہ کیا گیا تھا (ایوب ۲: ۱۲) حضرت عیسیٰؑ پر بھی کچھ ایسی ہی گذری، صبر و رضا مین حضرت مسیح کا درجہ حضرت ایوبؑ سے اس لئے بلند تھا کہ وہ دشمن سے محبت رکھتے تھے، ان کے درجۂ صبر کا لحاظ کر کے خدا نے ان کا ذکر حضرت ایوبؑ سے مقدم کیا، غالباً حضرت عیسیٰؑ حضرت ایوبؑ اور حضرت یونسؑ پر جس طرح وحی اترتی تھی وہ طریق بھی بہت زیادہ یکسان تھا،

حضرت عیسیٰؑ اور حضرت یونسؑ کے نامون کی تاریخی جگہین بدلنے کی وجہ ظاہر ہے، حضرت ایوبؑ کا نام جس جگہ ہے، وہ ان کی تاریخی جگہ ہی، وہ اسباط یعنی فرزندان یعقوب کے بعد اور حضرت ہارونؑ سے پہلے گذرے، وہب بن منبہ کے قول کے مطابق یہی ان کا تاریخی مقام ہی،

ہم نے حضرت ایوبؑ اور اُن کے دوست الیفز کا جو شجرہ دیا ہے، اس مین حضرت ابراہیمؑ، حضرت اسحاقؑ اور حضرت یعقوبؑ اور حضرت یوسفؑ کے سنین پیدائش بھی دیئے ہین، جناب حضرون اور افراہیم بن یوسف ۲۸۸۰ خلیل سے پہلے پیدا ہو چکے تھے، تقریباً یہی زمانہ ولادت حضرت ایوبؑ کا فرض کیا جاسکتا ہے، وہ اسباط کے بعد مبعوث ہوئے، اسباط مین سے ایک حضرت یوسفؑ تھے، جنھون نے ۱۱۰ برس کی عمر مین وفات پائی، ان کا سال وفات ۳۵۵۰ خلیل ہے، اسی سال کو حضرت ایوبؑ کا سال بعثت قرار دیا جائے، تو چونکہ اُن کی عمر ۱۴۰ برس بتائی جاتی ہے (ایوب ۴۲/۱۶) جس مین سے ۷۰ برس پہلے گذر چکے ہون گے، اس لئے حضرت ایوبؑ کا زمانہ ۳۵۵۰ خلیل تا ۴۲۲۰ خلیل قرار دیا جاسکتا ہے، اُن کی وفات کا زمانہ ولادت موسیٰ علیہ السلام سے تقریباً ۲۰۰ برس پہلے فرض کیا جاسکتا ہے، سفر ایوب سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ایوبؑ پر جن ایام مین آفتین نازل ہوئین، اس وقت تک وہ وحی والہام سے مشرف نہین ہوئے تھے، خدا نے ان کو وحی والہام سے اس وقت نوازا جب وہ امتحان و آزمایش میں پورے اترے،

سیرۃ النبی جلد اوّل

جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے لیکر فتح مکہ تک کے حالات مبارکہ اور غزوات کا ذکر ہے، مع مقدمہ ضخامت ۶۲۲ صفحے، قیمت:- ۴ روپے

اسلامی ہند کے تمدنی کارنامے

رفاہِ عام کے کام

از

مولانا عبد السلام صاحب ندوی

"مسلمانون نے اپنے عہد حکومت مین ہندوستان کو تمدنی حیثیت سے جس قدر ترقی دی، اور اس صحرا کو جس طرح گلستان بنایا، اس کے آثار و مظاہر سے اگرچہ ہندوستان کا کوئی حصہ اور ہندوستانی تمدن کی کوئی شاخ بھی خالی نہین ہے، پھر بھی اس دور کے بہت سے تمدنی کارنامے صرف تاریخ کے صفحات مین ملتے ہین، اگرچہ علامہ شبلی اور بعض دوسرے اہل علم و اصحاب قلم نے اردو اور انگریزی مین اس کے مختلف پہلوؤن پر مضامین اور کتابین لکھی ہین، لیکن اس موضوع پر اب تک کوئی جامع کتاب نہین لکھی گئی ہے، اور ابھی اس کے بہت سے رُخ نگاہون کے سامنے نہین آئے ہین، اور المصنفین مین تاریخ ہند کے سلسلہ مین ایک جلد ہندوستان مین اسلامی تمدن کی تاریخ پر بھی لکھی جارہی ہے، اس مین ان سب کی پوری تفصیل ہوگی، آج جب کہ ہندوستان کے پرانے تمدن کے زندہ کرنے کا شور ہے، اس کتاب کے جستہ جستہ ٹکڑے پیش کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے، اس نمبر مین اس کی پہلی قسط شائع کیجاتی ہے۔ "م"

تمدن کے ضروری اجزا مین چند چیزین ایسی ہین، جن سے تمام مخلوق یکسان طور پر فائدہ اٹھاتی ہے،

اور اس مین امیر و غریب، ہندو اور مسلمان کی کوئی تفریق نہین ہوتی، انہی چیزون کو رفاہِ عام سے تعلق ہوتا ہے، اور مسلمانون نے اپنے دورِ حکومت مین رعایا کے آرام و آسایش کے لئے ہندوستان مین نہایت وسیع پیمانے پر تمدن کے ان ضروری اجزا کو ترقی دی، چنانچہ ان سب کی تفصیل یہ ہے؛

شفاخانہ | اسلامی عہد حکومت مین سب سے پہلے فیروز شاہ تغلق نے جو ۷۵۲ھ مین تخت سلطنت پر بیٹھا تھا، ایک بہت بڑا شفاخانہ جس کو صحت خانہ بھی کہتے تھے، قائم کیا، اور اس مین بہت سے طبیب، جراح اور کحال مقرر کئے، مریضون کی دوا اور غذا کا انتظام کیا، اور شفاخانے کے مصارف کے لئے بہت سے دیہات وقف کئے[۱]

تاریخ فیروز شاہی مین صرف اسی ایک شفاخانہ کا حال لکھا ہے، لیکن تاریخ فرشتہ مین ہے کہ فیروز شاہ نے پانچ شفاخانے قائم کئے تھے[۲]

اس کے بعد سلطان علاؤ الدین بن سلطان احمد شاہ بہمنی المتوفی ۸۵۵ھ نے احمد آباد بیدر مین ایک نہایت عمدہ شفاخانہ قائم کیا اور مریضون کی دوا و غذا کے مصارف کے لئے اس پر چند گاؤن وقف کئے[۳]

تاریخ دکن مین لکھا ہے کہ سلطان علاؤ الدین پہلا شخص تھا جس نے دکن کے شہرون مین شفاخانے قائم کئے، اور اطبا کی تنخواہ اور دوا کے مصارف کا انتظام سرکاری خزانہ سے کیا[۴]

اسی صدی مین سلطان محمود خلجی نے جو ۸۳۹ھ مین یعنی سلطان علاء الدین کی تخت نشینی کے چند ہی سال بعد مالوہ کے تخت سلطنت پر بیٹھا تھا، ۸۴۹ھ مین شادی آباد مین ایک شفاخانہ قائم کیا، اور دوا اور دوسرے ضروری سامان کے لئے اس پر چند گاؤن وقف کئے، اور حکیم مولانا

---

[۱] تاریخ فیروز شاہی حصہ دوم از ص ۳۵۲ تا ص ۳۵۹ [۲] فرشتہ جلد اول ص ۱۵۱ [۳] ایضاً جلد اول ص ۳۳۴ [۴] تاریخ دکن ص ۸۰

فضل اللہ کو مرفینون اور مجنونون کے علاج و نگرانی کے لئے مقرر کیا[۱]،

ان بادشاہون کے بعد سلاطین تیموریہ مین سب سے پہلے جہانگیر نے شفاخانون کے قیام کی طرف توجہ کی، اور اپنی تخت نشینی کے ساتھ ہی جو احکام جاری کئے، ان مین نوان حکم یہ تھا،

"نہم در شہرہاے کلان دار الشفاہا ساختہ اطبا بجہت معالجہ بیماران تعین نمایند وانچہ صرف وخرچ می شدہ باشد از سرکار خالصہ شریفہ می دادہ باشند"[۲]

اس کے علاوہ دور اکبری و جہانگیری مین ایک مشہور طبیب حکیم علی تھے، جو ذاتی طور پر تقریباً ہزار سالانہ کی دوائین مستحقین کو تقسیم کرتے تھے[۳]،

جہانگیر کے بعد شاہجہان کا دور حکومت شروع ہوا تو گو اُس نے خود کوئی جدید شفاخانہ نہین قائم کیا، لیکن امراے شاہجہانی مین وزیر خان نے جو سات سال سے زیادہ مدت تک پنجاب کے صوبہ دار رہے، اپنی یادگار مین جو آثار خیر چھوڑے، ان مین شفاخانے بھی تھے[۴]،

عالمگیر کے زمانہ مین بھی متعدد شفاخانے قائم تھے، اگرچہ تاریخون مین اس کا مفصل حال نہ سہی نہین ہے تاہم جابجا ضمنی طور پر ان کا تذکرہ آجاتا ہے، مثلاً مراۃ احمدی مین ایک موقع پر لکھا ہے،

"و یک ہزار و پانصد و ہشتاد روپیہ بموجب برآورد بنا بر تعمیر مدرسہ، مسجد و حمام و دار الشفاے بنا کردہ سیف خان تنخواہ گردید"[۵]،

اسی کتاب مین ایک دوسرے موقع پر لکھا ہے،

"و خدمت دار الشفا سے بلدہ از تغیر حکیم محمد تقی شیرازی بحکم رضی الدین مقرر گشت"[۶]

---

[۱] فرشتہ جلد دوم ص ۲۲۸ [۲] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۵۳ [۳] ماثر الامرا حصہ اول ص ۵۱۳، [۴] ایضاً حصہ سوم ص ۹۳۶۔ [۵] مراۃ احمدی جلد اول ص ۳۰۹ [۶] ر ص ۳۰۵،

عالمگیر کو چونکہ یہ خاص خیال تھا کہ تمام سرکاری کام نہایت دیانت اور ایمانداری کے ساتھ انجام پائیں، اس لئے اُس نے ایک بار ایک سوانح نگار اور شفاخانے کے ایک طبیب کو جو ان اوصاف سے معرا تھے، برطرف کر دیا۔ ملا سعد اللہ نے جو بندر سورت میں رہتے تھے، اور عالمگیر کو اُن کے ساتھ اس قدر عقیدت تھی کہ وہ جن لوگوں کی سفارش کرتے تھے، اُن کو ضرور قبول کرتا تھا، اور خود اپنے ہاتھ سے ان کے خطوط کا جواب لکھتا تھا، ان دونوں کی بحالی کی سفارش کی، اور عالمگیر نے ان کی سفارش سے اُن کو بحال کر دیا، تاہم اس کی عقیدت میں بہت کچھ فرق آگیا، پہلے اُن کے خطوط کا جواب خود اپنے ہاتھ سے لکھا کرتا تھا، لیکن اس معاملہ میں اہلکاروں سے خط لکھوایا کہ آپ جیسے فاضل فقیر اور پرہیزگار کو صرف فقرا و علما، کی سفارش کرنی چاہیئے، یہ ظالم لوگ ہیں، اور ظالموں کی اعانت ممنوع ہے، بہرحال اس دن سے اُن کے خطوط کا جواب اپنے ہاتھ سے لکھنا کم کر دیا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عالمگیر کو اور تمام محکموں کی طرح شفاخانوں کے انتظام کا کس قدر خیال تھا۔[1]

سرائے | اسلامی دور حکومت میں سب سے پہلے سلطان محمد تغلق شاہ کے زمانہ میں جو ۷۲۵ھ میں تخت سلطنت پر بیٹھا تھا، سرایوں کا پتہ چلتا ہے، جب اس کے عہد میں فتوحات کا دائرہ وسیع ہوا، تو اس نے ایک ایسے شہر کو دارالسلطنت بنانا چاہا، جو دائرے کے ساتھ مرکز کی نسبت رکھتا ہو، تاکہ وہاں ممالک محروسہ کی تمام بُری بھلی خبریں یکساں طور پر پہنچتی رہیں، اور اگر کوئی حادثہ یا کوئی مرض پیدا ہو جائے، تو اس کا تدارک و علاج آسانی کے ساتھ کیا جا سکے، راجہ بکرماجیت نے اوجین کو جو وسط ہند میں واقع ہے، اسی غرض سے اپنا دارالسلطنت بنایا تھا، اور سلطان محمد تغلق شاہ

---

[1] خافی خان جلد دوم ص ۵۶۰ و ۵۶۱،

کو بھی اس کے ارکان دولت نے یہی مشورہ دیا لیکن بعض لوگون نے اس مقصد کے لئے دیوگر کا انتخاب کیا، اور بادشاہ نے بھی اسی رائے کو پسند کیا، اور حکم دیا کہ دلی کے تمام لوگ دیوگر مین جاکر آباد ہو جائین، اب دیوگر کا نام دولت آباد قرار پایا، اور دلی اور دولت آباد کے درمیان ہر منزل مین سرائین بنائی گئین اور راستون کے کنارے سایہ دار درخت نصب کئے گئے تاکہ مسافرون کو آمد و رفت مین آسانی ہو[۱]

اس کے بعد سلطان محمود بیگڑہ نے گجرات مین مسافرون کی آرام و آسایش کے لئے نہایت کثرت سے عمدہ عمدہ سرائین بنوائین[۲]، اسی صدی مین سکندر لودی نے جو ۸۹۴ھ مین تخت سلطنت پر بیٹھا تھا، ان تمام مقامات مین جہان ہندو اشنان یعنی غسل کرتے تھے، سرائے مسجد، مدرسہ، اور بازار بنوائے[۳]

سکندر لودی کے بعد شیر شاہ المتوفی ۹۵۲ھ نے دہلی سے لاہور تک دو دو کوس کے فاصلے پر سرائین بنوائین، اور حکم دیا کہ ان مین مسافرون کو کھانا دیا جائے[۴]

خافی خان لکھتا ہے کہ

"در سراہا طعام پختہ و خام برائے مسافرین و مترددین مسلمین و ہنود قرار دادہ جہت پختن آن غلامان و نوکران نگاہ داشتہ بود گویند آش پزان سراہائے ہندکہ بہ بھٹیارہ و بھٹیاری زبان زد مردم ہند گردیدہ اند از اولاد ہمانہا مانده اند، و مقرر نمودن اسپان سرکار در سراہا برائے زود رسیدن اخبار مختلفہ روزگار بدریار بطریق ڈاک از اختراعات اوست[۵]

تاریخ فرشتہ مین ہے کہ شیر شاہ نے بنگالہ اور سنار گاؤن سے آب سندھ تک جس کی درمیانی مسافت

---

[۱] فرشتہ جلد اول ص ۱۳۶ [۲] مرآت سکندری ص ۵، [۳] فرشتہ جلد اول ص ۱۸۶ [۴] ایضاً جلد دوم صفحہ ۲۷
[۵] خافی خان حصہ اول ص ۱۰۲،

ڈیڑھ ہزار کوس کی ہے، کوس کوس بھر کے فاصلے پر سرائین بنوائین، اور ہر سرائے مین مسلمانون اور ہندوؤن کے لئے کھانے کا انتظام کیا، اور راستہ مین دو طرفہ پھل دار درخت مثلاً جامن اور کھرنی وغیرہ نصب کرائے، اسی طرح آگرہ سے منڈو تک جس کی مسافت تین سو کوس کی ہے، سرائین اور مسجدین بنوائین، اور راستہ مین میوہ دار درخت لگوائے[۱]، اس حساب سے بنگال اور سند کے راستہ مین ڈیڑھ ہزار اور آگرہ سے منڈو تک تین سو سرائین تعمیر ہوئین،

شیر شاہ کی وفات کے بعد جب سلیم شاہ اس کا جانشین ہوا، تو اس نے بنگال کے راستہ مین شیر شاہ کی بنوائی ہوئی ہر دو سراؤن کے درمیان ایک اور سرائے کا اضافہ کیا، اور ہر سرائے مین شیر شاہ کی طرح مسافرون کے لئے کھانا مقرر کیا، چنانچہ فرشتہ لکھتا ہے،

از نیلاب تا بنگالہ درمیان سرایہائے شیر شاہ یک سرائے دیگر آباد ان ساخت و در ہر سرا طعام پختہ و خام بطریق شیر شاہ جہت مسافران خواہ فقیر خواہ غنی مقرر کردہ بود[۲]

خافی خان لکھتا ہے:-

"مابین دو سرا از سرایہائے شیر شاہ سرائے دیگر ساختہ بدستور پدر طعام پختہ و خام مقرر نمودہ بود"[۳]

اس کے بعد اکبر کا دورِ سلطنت شروع ہوا، تو اس نے جا بجا نہایت کثرت سے سرائین بنوائین، ابو الفضل آئین اکبری مین لکھتا ہے،

"دسرایا کہ سرمایۂ آسودگی جہان نوردان، آسایش جائے غریبان کم مایہ است جا بجا ساختہ گردد"[۴]

---

[۱] فرشتہ جلد اول ص ۲۲۸ [۲] ایضاً جلد اول ص ۲۳۰ [۳] خافی خان حصہ اول ص ۱۰۷ [۴] آئین اکبری جلد اول ص ۱۱۵،

اکبر کے علاوہ اس کے عہد حکومت مین اس کے امرا، و متوسلین مین بھی بعض لوگون نے سرائین بنوائین، چنانچہ امرائے اکبری مین ایک شخص شیخ عبدالرحیم لکھنوی تھے جنھون نے ایک عورت کو جس کا نام کشنا تھا، گھر مین ڈال لیا تھا جب اُن کا انتقال ہوگیا، تو اس عورت نے بہت سے پرتکلف مکانات، باغ، سرا، اور تالاب بنوائے، اور جس باغ مین شیخ موصوف دفن تھے، اس کے اردگرد کے گاؤن کو لگان پر لیکر اوس باغ کی رونق بڑھاتی رہی، اور پنج ہزاری منصبدارون سے لے کر سپاہی تک جب اس راستہ سے گذرتے تھے، تو حسب حیثیت ان کو پرتکلف دعوت دیتی تھی، صاحب مآثرالامرا، ان واقعات کو لکھ کر لکھتے ہین،

شیوۂ مرضیہ را از دست نداد تا شصت سال کم وبیش احیائے نام شوہر خود نمود

ع نہ ہر زن زن است و نہ ہر مرد مرد"[۵۱]

امرائے اکبری مین ایک اور شخص صادق محمد خان ہروی تھے جنھون نے دھولپور مین جو آگرہ سے تھوڑے فاصلہ پر واقع ہے، توطن اختیار کرلیا تھا، اور اس مین ایک سرائے ایک عمارت اور ایک مقبرہ بنوایا تھا، اور اس کے اردگرد کے دیہات آباد کئے تھے[۵۲]

اکبر کے بعد جہانگیر کا دور حکومت آیا، تو اُس نے اپنے جلوس کے ساتھ ہی چند احکام جاری کئے، ان مین تیسرا حکم یہ تھا، کہ جو لوگ لاوارث مرجائین، اُن کے مال و جائداد سے سرکاری طور پر مسجدین اور سرائین بنوائی جائین، ٹوٹے ہوے پلون کی مرمت کیجائے، اور تالاب اور کنوئین کھدوائے جائین، انھی مین دوسرا حکم یہ تھا کہ جن راستون مین چوری اور راہزنی واقع ہوتی ہو، اور وہ آبادی سے دور ہون، وہان اطراف وجوانب کے جاگیردار سرائے مسجد اور کنوئین تیار کرائین، تاکہ وہان آبادی قائم ہوجائے، اور کچھ لوگ ان سرایون مین جاکر آباد ہوجائین[۵۳]

---

[۵۱] مآثرالامرا، حصہ دوم ص ۵۶۵ [۵۲] ایضاً ص ۲۹، [۵۳] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۵،

جہانگیر کے زمانہ مین اس کے امرائے سلطنت نے بھی متعدد سرائین بنوائین، چنانچہ امرائے جہانگیری مین سعید خان چغتا جو پنجاب کے صوبہ دار تھے، خواجہ سراؤن کے بڑے شیدائی تھے، اور ایک ہزار سے زیادہ خواجہ سرا جمع کر رکھے تھے، جن مین دو خواجہ سرا یعنی اختیار خان اور اعتبار خان اُن کے سب سے زیادہ معتمد تھے، اور اُن مین اختیار خان نے پٹنہ اور بہار مین پل اور سرائے بنوائی تھی[۵۱]

امرائے جہانگیری مین ایک اور بزرگ شیخ فرید مرتضیٰ خان بخاری تھے، جنھون نے بہ کثرت سرائین بنوائی تھین، مآثر الامرا مین ہے،

"رباط و سرا بسیار بنا گذاشتہ"[۵۲]

ایک اور امیر اللہ وردی خان تھے، جن کو جہانگیر نے معتقد خانی کا خطاب دیا تھا، اور قراول بیگی کی خدمت پر مامور تھے، اور سیر و شکار مین ہمیشہ جہانگیر کے ساتھ رہتے تھے، انھون نے دِلی مین ایک باغ اور ایک سرائے بنوائی تھی[۵۳]

شاہ جہان کے زمانہ مین اکبر و جہانگیر کے دورِ حکومت کی طرح اس کے امرائے سلطنت نے بھی بہت سی سرائین بنوائین، چنانچہ اعظم خان نے اسلام آباد متھرا مین ایک سرائے بنوائی[۵۴]، خان دوران نصرت جنگ نے سرو بنج سے برہان پور تک دس دس کوس کے فاصلہ پر[۵۵]، اور قلیچ خان تورانی نے لاہور سے ملتان تک بہ کثرت سرائین بنوائین[۵۶]

ان تمام سرایون کے باوجود ہندوستان کے بہت سے راستے سرایون سے خالی تھے، بالخصوص اورنگ آباد سے اکبرآباد تک اور لاہور سے کابل تک کے راستے مین مسافرون کو سخت تکلیف ہوتی تھی، اس لئے جب عالمگیر کا دورِ حکومت آیا، تو اُس نے عام حکم دیا، کہ جن راستون مین سرائے اور

---

[۵۱] مآثر الامرا جلد دوم ص ۸۰۴۔ [۵۲] ایضاً ص ۶۳۹ [۵۳] ایضاً حصہ اول ص ۲۱۵ [۵۴] ایضاً ص ۱۷۹

[۵۵] ایضاً ص ۵، [۵۶] ایضاً حصہ سوم ص ۹۵،

رباط نہ ہون، ان مین خاص سرکاری خزانے سے پختہ اور وسیع سرائین جو بازار، مسجد، پختہ کنوئین اور حمام پر مشتمل ہون بنوائی جائین، اور ہر مرحلے مین منزل گاہین تیار کرائی جائین، جہان مسافر اتر کر اپنے مال و اسباب کو حفاظت کے ساتھ رکھ سکین، اسی کے ساتھ یہ بھی حکم ہوا، کہ جو پرانی سرائین مرمت طلب ہون اُن کی مرمت کرائی جائے[۱]

امرائے عالمگیری مین بھی بعض لوگون نے سرائے بنوائی، چنانچہ ایرج خان نے ایلچپور کے قریب ایک سرائے بنوائی، اور ایک گاؤن آباد کیا[۲]

عالمگیر کے بعد بھی بہت سی سرائین تعمیر ہوئین، چنانچہ شاہ عالم کے زمانہ مین اُن کے وزیر خانخانان نے چاہا کہ ہر شہر مین اُن کے نام سے ایک سرا، ایک مسجد اور ایک خانقاہ تعمیر ہو، اور اس غرض سے جابجا صوبہ دارون کے نام احکام بھی پہنچ گئے، اور ساتھ ساتھ روپیہ بھی روانہ کیا گیا، اور وسیع پیمانہ پر کام بھی شروع ہو گیا، لیکن اُن کے انتقال سے اس کی تکمیل نہ ہو سکی[۳]

محمد شاہ بادشاہ کے زمانہ مین امین الدین خان سنبھلی نے اپنے وطن سنبھل مین ایک نہایت عمدہ سرائے بنوائی[۴] حسین علی خان نے بھی جو سادات بارہہ مین تھے، اپنے وطن مین ایک سرائے بنوائی، خافی خان لکھتا ہے۔

"و در وطن بارہہ نیز بناے سرا و پل و دیگر بناہاے عاقبت بخیر گذاشتہ"[۵]

اسی عہد مین نواب آصف جاہ نے جو ۳۰ سال تک دکن کے چھ صوبون کے حاکم رہ چکے تھے ایک کاروان سرا بنوایا، مآثر الامرا مین ہے،

"و مسجد و کاروان سرا و دولت خانہ و پل تعمیر نمود"[۶]

---

[۱] عالمگیر نامہ ص ۱۰۸۴ [۲] مآثر الامرا حصہ اول ص ۲۷۱ [۳] خافی خان جلد دوم ص ۶۷۵، ۶۷۶، [۴] مآثر الامرا حصہ اول ص ۳۵۰ [۵] بقیہ خافی خان ص ۹۴۲ [۶] مآثر الامرا حصہ سوم ص ۸۸۲،

مہمان خانے سرائین اکثر راستون مین قائم کی جاتی تھین، اور اُن کے ساتھ ساتھ مسجد، بازار، کنوئین اور حمام بھی تیار کرائے جاتے تھے، بلکہ بعض سرایون کے متصل دیہات بھی آباد کرائے جاتے تھے تاکہ فرد کی ضروریات کے تمام سامان آسانی کے ساتھ میسّر آسکیں، لیکن مہمان خانے سرایون سے مختلف ہوتے تھے، اور وہ راستون کے بجائے شہرون مین قائم کئے جاتے تھے، اور ان مین مسافر مستقلاً قیام کرسکتے تھے، لیکن ہمارے مؤرخین نے ان کا ذکر مہمان خانے کے نام سے نہین کیا ہے، کیونکہ اس زمانہ مین یہ کام رباطون اور خانقاہون سے لیا جاتا تھا، یہی وجہ ہے کہ تاریخون مین سرایون کے ساتھ ساتھ جابجا رباط کا ذکر بھی آتا ہے، مثلاً

"رباط و سرا بسیار بنا گذاشتہ"[1]

اس قسم کی ۱۲۰ خانقاہین فیروز شاہ نے دہلی اور فیروزآباد مین اس غرض سے قائم کی تھین کہ جو مسافر یہان آئین، وہ ہر خانقاہ مین تین روز تک جو مہمانی کی شرعی مدت ہے، قیام کرسکین، اور اس طرح ۱۲۰ خانقاہون مین تین تین روز قیام کرکے سال بھر کی پوری مدت بسر کرسکین، کیونکہ سال کے تین سو ساٹھ دن ہوتے ہین، اور وہ ۱۲۰ خانقاہون کے سہ روزہ قیام سے پورے ہوجاتے ہین،

ان تمام مہمان خانون کے متولی و عہدہ دار سُنّی ہوتے تھے، اور ان کے مصارف سرکاری خزانہ سے ادا ہوتے تھے، تاریخ فیروز شاہی مین ہے،

"و خانقاہا و رباطہا برائے صادر و وارد بنا کردہ در شہر دہلی و فیروزآباد صد و بست خانقاہ برائے آسایش بندگان الٰہ برآوردہ بدین نیت کہ چون مسافران از اطراف و اکناف جہان درین مکان بیایند، در ہر خانقاہ کسان سہ روز مہمان باشند، و در

---

[1] مآثر الامرا، جلد دوم ص ۶۳۹،

ہر خانقاہ سلطان فیروز شاہ متولیان سُنّی و عہدہ داران سنّی تعین کردہ و خرچ خانقاہا نقداً از خزانہ دہانیدہ[۵۱]

معلوم ہوتا ہے کہ مہمانوں کے مستقل قیام سے بعض اوقات یہ خانقاہیں مستقل آبادی کی صورت اختیار کر لیتی تھیں، اگرچہ تاریخوں میں اس کی کوئی تصریح نہیں ہے، تاہم ہمارے ضلع اعظم گڈھ میں ایک موضع خانقاہ کے نام سے موسوم ہے اور غالباً وہ اسی طرح آباد ہوا ہے،

لنگر خانے | فرمانروایانِ اسلام نے ہندوستان میں فقیروں اور محتاجوں کی اعانت و امداد کے لئے مالوہ میں لنگر خانے قائم کئے تھے، جہاں سے اُن کو خام غلہ یا پکا پکایا کھانا ملتا تھا، چنانچہ سلطان محمود خلجی نے بہت سے لنگر خانے قائم کئے تھے جن سے فقراء و مساکین کو غلہ اور کھانا ملتا تھا[۵۲]،

علاء الدین سید حسین شریف مکی المتوفی ۹۲۷ھ نے بنگال میں بکثرت لنگر خانے قائم کئے تھے، اور بعض لنگر خانوں پر متعدد گاؤں وقف کئے تھے، ریاض السلاطین میں ہے،

"و مساجد و لنگر خانہ در ہر سرکار جا بجا تعمیر و مقرر ساختہ، فقراء و غربت گزینان را املاک بسیار عنایت فرمود و بجہت خرچ لنگر خانہ قدوۃ المشائخ شیخ نور قطب العالم قدس اللہ سرہ، مواضع متعددہ تعین فرمود و آثار خیر او درین ملک مشہور افواہ خواص و عام است[۵۳]"

اس کے بعد جہانگیر نے تمام بڑے بڑے شہروں مثلاً احمد آباد، الہ آباد، لاہور، آگرہ اور دہلی وغیرہ بلکہ تمام ممالکِ محروسہ میں فقراء کے لئے غلہ خانے قائم کئے[۵۴] جن سے فقیروں مجاوروں، اور مسافروں کو درویشانہ کھانا ملتا تھا،

---

[۵۱] تاریخ فیروز شاہی حصہ دوم ص ۳۰۳ [۵۲] فرشتہ حصہ دوم ص ۲۴۲ و ہر ہانپور لنگر طعام جاری داشت ص ۳۶ و ۱۰۰

[۵۳] ریاض السلاطین ص ۱۳۵، ۱۳۶ [۵۴] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۳۶ - و ۱۰۰،

یہ لنگر خانے تو مستقل تھے لیکن قحط کے زمانہ مین تمام شہرون بلکہ قصبون مین ان کے علاوہ عارضی لنگر خانے قائم کردیئے جاتے تھے، اور اُن سے قحط زدہ لوگون کو بڑی مدد ملتی تھی، چنانچہ ایک بار سلطان بہادر گجراتی کے زمانہ مین جو ۹۳۲ھ مین تخت نشین ہوا تھا، گجرات مین سخت قحط رونما ہوا، تو اوس نے فقراء و مساکین کی امداد و اعانت کے لئے ہر شہر مین متعدد لنگر خانے قائم کئے، اور اس کے ساتھ حکم دیا کہ جو شخص اُسکی سواری کیوقت سوال کرے، اس کو ایک مظفری دیجائے، اور اس غرض سے اس زمانہ مین چوگان بازی کے لئے دوبار سوار ہوتا تھا، تاکہ مستحقین کو اس فیاضی سے زیادہ فائدہ اٹھانے کا موقع ملے، فرشتہ اس واقعہ کو لکھ کر لکھتا ہے،

"در ترفیہ احوال بندیا کوشش می نمود، تا دران مدت در بلاد گجرات رونق و رواج تازہ پدید آمد"[۵۱]

ایک بار شاہجہان کے زمانہ مین دکن اور گجرات مین سخت قحط پڑا، تو اُس نے برہانپور احمد آباد اور سورت مین بکثرت لنگر خانے جاری کئے، اور اس کے ساتھ یہ حکم دیا کہ خاص برہانپور مین جہان ان کا قیام تھا، ہر دوشنبہ کو (یہ شاہ جہان کے جلوس کا دن تھا) اور اس وجہ سے ایام متبرکہ مین شمار کیا جاتا تھا، پانچ ہزار روپیہ مستحقین کو دیا جائے، چنانچہ اس حساب سے ۲۰ ہزار روپئے ماہوار کے حساب سے مستحقین کو پانچ مہینہ مین ایک لاکھ روپئے تقسیم کئے گئے، چونکہ احمد آباد مین قحط کا اثر اور مقامات سے زیادہ تھا، اس لئے اس صوبہ کے ناظمون کو حکم ہوا کہ قحط زدہ لوگون کو مزید پچاس ہزار روپیے بھی دیئے جائین، اس کے علاوہ دو سال کے لئے ستر لاکھ روپئے مالگذاری مین سے معاف کردیئے[۵۲]

اس زمانہ مین بعض امراء نے بھی شاہ جہان کی تقلید مین لنگر خانہ جاری کیا، چنانچہ صاحب مآثر الامراء میر جملہ کے حال مین لکھتے ہین،

---

[۵۱] فرشتہ حصہ دوم ص ۲۱۵ [۵۲] بادشاہ نامہ حصہ اوّل ص ۳۶۳، ۳۶۴ [۵۳] مآثر الامراء حصہ سوم ص ۴۱۶،

دران ہنگام میر جملہ نامبی بسخاوت برآورد، شب و روز در پاتور لنگر طعام جاری داشت"[۵۱]

ایک بار کشمیر میں سخت سیلاب آیا، اور تمام فصل برباد ہوگئی، بلکہ غلہ کے پرانے ذخیرے بھی ضائع ہوگئے، ۳۰ ہزار قحط زدہ لوگ دارالسلطنت میں آکر فریادی ہوئے، تو شاہ جہان نے اُن کو ایک لاکھ روپئے دیئے، اور حکم دیا کہ ان غریبوں کے لئے دو تین جگہ لنگر خانے قائم کئے جائیں، ان کے علاوہ مزید ۳۰ ہزار روپئے کشمیر کے مستحقین کو عطا فرمائے، اور تربیت خان کو اُن کی ہمدردی و نگرانی کے لئے مقرر کیا، لیکن چونکہ اُن سے یہ کام نہ آیا، اس لئے ظفر خان کو کشمیر کا صوبہ دار مقرر کیا، اور ۲۰ ہزار روپیے اور مستحقین کشمیر کو دیئے[۵۲] اس کے بعد ظفر خان کی عرضداشت سے معلوم ہوا کہ اس ڈیڑھ لاکھ روپیہ کی امداد سے قحط کا اثر تو بالکل زائل ہوگیا، اور قحط کے دن عید اور نوروز کے دن سے بدل گئے، لیکن مویشیوں کے خریدنے اور تخم ریزی کے لئے اگر ۳۰ ہزار روپئے اور دلوائے جائیں، تو ویران شدہ مواضع بالکل آباد ہو جائیں، شاہجہان نے فوراً یہ درخواست منظور کرلی[۵۳]

ایک بار پنجاب میں اسقدر سخت قحط پڑا کہ لوگوں نے اپنے لڑکوں کو فروخت کر دیا، بلکہ ذبح کرکے کھا گئے، شاہجہان کو اطلاع ہوئی تو حکم دیا کہ دس مقامات پر دس لنگر خانے جاری کئے جائیں، اور ہر لنگر خانہ پر روزانہ دو سو روپیہ صرف کیا جائے، چنانچہ دو ہزار روپیہ روزانہ کے صرف سے یہ لنگر خانے جاری ہوگئے اور پچاس ہزار روپئے ناداروں کو تقسیم کئے گئے اور حکم ہوا کہ جس شخص نے اپنے لڑکے کو فروخت کیا ہو، اگر وہ اس کا پتہ چلا سکے تو خزانۂ شاہی سے اس کی قیمت واپس کر دی جائے، اور لڑکا اس کے ماں باپ کے حوالہ کر دیا جائے[۵۴]

محتاجوں کی امداد کے مختلف طریقے | قحط کے ساتھ جنگ و جدل، فتنہ و فساد اور فوجوں کی آمد و رفت کا جو سلسلہ جاری رہتا تھا، اس کی وجہ سے بعض اوقات سخت گرانی پیدا ہو جاتی تھی، اور لوگ سخت

---

۵۱ مآثر الامرا حصہ سوم ص ۱۶، ۱۲ ۵۲ خافی خان حصہ اوّل ص ۵۸۷ ۵۳ ایضاً ص ۵۹۵ ۵۴ ایضاً ص ۶۲۰،

مفلوک الحال ہوجاتے تھے، ایک بار عالمگیر کے عہدِ حکومت مین ان تمام اسباب نے لوگون کو اس قدر مفلوک الحال بنا دیا، کہ اکثر پرگنے ویران ہوگئے، اور دارالسلطنت مین محتاجون کا اس قدر ہجوم ہوا کہ راستے بند ہوگئے۔ عالمگیر کو اس کا حال معلوم ہوا تو حکم دیا، کہ علاوہ مستقل غلہ خانون کے شہر مین دس لنگر خانے اور جاری کئے جائین، اور تمام امرا بھی حسب دستور لنگر خانے جاری کرین، ان کے علاوہ دارالسلطنت کے اطراف اور فرارون کے آس پاس ۱۲ غلہ خانے قائم کئے جائین، اس کے ساتھ غلون کی فراہمی کے لئے محصول کی معافی کے احکام صادر کئے[۵۱]

عالمگیر کے بعد بھی یہ سلسلہ جاری رہا، چنانچہ محمد شاہ بادشاہ کے زمانہ مین امیر الامرا سید حسین علی خان المتوفی ۱۱۳۲ھ نے بہت سے غلہ خانے قائم کئے، چنانچہ صاحب مآثر الامرا اُن کے تذکرہ مین لکھتے ہین :-

"در ہمت و مروت یکتا و فور طعام و کثرت اطعام سرکار او مشہور است اجرائے بلنور خانہا از غلہ خام و پختہ و احداثِ مجلس یازدہم و دوازدہم ہر ماہ در بلاد عظیمہ دکن نمودہ کہ تا حال جاری است[۵۲]"

لنگر خانون کے علاوہ فرمانروایانِ اسلام نے اہلِ حاجت کی اعانت و امداد کے سیکڑون طریقے اختیار کر رکھے تھے، مثلاً سلطان غیاث الدین بلبن کے زمانہ مین جو ۶۶۴ھ مین تخت نشین ہوا تھا، ملک الامرا فخرالدین کوتوال ایک نہایت فیاض اور عالی حوصلہ امیر تھے، اُن کا دستور یہ تھا کہ جو لباس ایک بار زیب تن کر لیتے تھے، اس کو دوبارہ نہین پہنتے تھے، بلکہ صدقہ و خیرات کر دیتے تھے، اسی طرح بستر اور پلنگ اور فرش و فروش وغیرہ ہمیشہ نئے استعمال کرتے تھے، اور جو سرمایہ اس طرح جمع ہوتا تھا، اس کو یتیمون اور مستحق لوگون کی لڑکیون کی شادی کے مصارف مین صرف کرتے تھے، تاریخ فیروز شاہی

---

[۵۱] خافی خان حصہ دوم ص ۱۲۴، ۱۲۵ : [۵۲] مآثر الامرا، جلد اول ص ۳۳۸،

مین لکھا ہے کہ اس طرح وہ ہر سال ایک ہزار نادار لڑکیون کی شادی کا سامان کرتے تھے[۱]

اس کے بعد فیروز شاہ تغلق نے نادار لڑکیون کی نکاح کے لئے ایک مستقل محکمہ قائم کیا، اور اس مین متدین اور ایماندار عہدہ دار مقرر کئے، اور حکم دیا کہ جن نادار اشخاص کے یہان بالغہ لڑکیان ہون وہ اس محکمہ مین آکر اس کی اطلاع دین، اور اس محکمہ کے عہدہ دار اس کی پوری تحقیق کرکے ہر شخص کو اس کی حالت کے مناسب مالی امداد دین،

اس مالی امداد کے تین درجے مقرر کئے گئے تھے،

درجہ اول	پچاس تنکہ نقرئی،
درجہ دوم	تیس تنکہ نقرئی،
درجہ سوم	پچیس تنکہ نقرئی،

چنانچہ اس محکمہ کے قائم ہوجانے کے بعد ہزارون محتاج مسلمانون اور بیوہ عورتون نے اپنی اپنی لڑکیون کے نام درج رجسٹر کرائے، اور مالی امداد حاصل کی[۲]

فیروز شاہ کے بعد دور اکبری مین شیخ فرید مرتضی خان بخاری نے گجرات مین سادات کے تمام ذکور و اناث کی فہرست مرتب کی، اور اُن کے لڑکون کی شادی کا سامان اپنی سرکار سے کیا یہانتک کہ حاملہ عورتون کو روپیہ دیا کہ وہ اس کو امانتہً رکھین، اور جب بچے پیدا ہون تو اُن کی شادی مین صرف کرین[۳]

شاہجہان کا معمول یہ تھا کہ روزانہ قیلولہ اور نماز ظہر سے فارغ ہونے کے بعد نقد و جنس اراضی مزروعہ، اور تقرر وظیفہ کے ذریعہ سے بے شوہر اور بوڑھی عورتون کی حاجت روائی کرتا تھا، کنواری اور بیوہ عورتین جن کے ساتھ غربت و افلاس کی وجہ سے کوئی شخص نکاح کرنا پسند نہین کرتا تھا،

---

[۱] تاریخ فیروز شاہی جلد اول ص ۱۱۱ [۲] ایضاً حصہ دوم ص ۳۴۹ [۳] مآثر الامرا جلد دوم ص ۶۳۹،

سیتی النساخانم کے ذریعہ سے روزانہ اس کی خدمت مین پیش ہوتی تھین، اور وہ اُن کے نکاح کا سامان کرتا تھا، اور زیور اور لباس وغیرہ سب کچھ دیتا تھا، اور اکثر اوقات جو لوگ اس خدمت پر مامور تھے وہ خود شاہجہان کے حکم سے اُن کے اقران وامثال سے اُن کا نکاح کرا دیتے تھے، اور اس کار خیر مین روزانہ کافی روپیہ صرف ہوتا تھا، چنانچہ محمد صالح کنبوہ عمل صالح مین لکھتا ہے،

"چنانچہ مسبغاے گرانمند، ہر روزہ باین رہ گذر کہ بہین طریق خیرات و مجاری مبرات است صرف می شود"[1]

"اور لڑکیون کے علاوہ، بوڑھے، یتیم، اندھے، اپاہج، بیوہ عورتین، اور جسمانی عیوب رکھنے والے لوگ اعانت و امداد کے محتاج ہوتے ہین، اور فرمانروایان اسلام کا فیض عام ان تمام لوگون کو شامل تھا، تاریخ فیروز شاہی مین فیروز شاہ تغلق کی نسبت لکھا ہے،

"وصدقات خداوند عالم بر پیران ونزالان وبیوگان ویتیمان وکوران ومعیوبان دجائے ماندگان علی الدوام والاستمرار میرسید"[2]

فیروز شاہ کے بعد سلطان محمود شاہ بہمنی نے گلبرگہ، بیدر، قندھار، ایلچپور، دولت آباد، خیبر، جیول، واہل، اور دوسرے بڑے بڑے شہرون اور قصبون مین یتیمون کی تعلیم کا خاص انتظام کیا، اور اندھون کے مشاہرے مقرر کئے، اور اس مین اس قدر فیاضی سے کام لیا کہ لوگ قصداً آنکھین پھوڑ پھوڑ کر اندھے بنتے تھے، اور ماہوار تنخواہ لیتے تھے[3]

سلطان محمود کے بعد سکندر لودی نے فقرا و مستحقین کی امداد و اعانت کا خاص نظام قائم کیا، اور حکم دیا کہ سال مین دو بار تمام ملک کے فقرا و مستحقین کے نام کی فہرست اس کی خدمت مین پیش کی جائے، چنانچہ جب یہ فہرست پیش کی جاتی تھی، تو ہر شخص کی حالت وحیثیت کے مطابق اس کے پاس

---

[1] عمل صالح جلد اول ص ۲۴۹ [2] فیروز شاہی جلد اول ص ۱۶۱ [3] فرشتہ جلد اول ص ۳۰۲،

ششماہی کی رقم روانہ کر دیتا تھا، اس کے ساتھ جاڑوں مین اُن کو شال اور کپڑے دیتا تھا، ہفتے مین جمعہ کے روز فقرائے شہر کو جمعگی کے نام سے بھی ایک رقم مرحمت کرتا تھا، اور روزانہ مختلف مقامات پر خام غلہ اور پکا پکایا کھانا تیار کرا کے شہر مین تقسیم کرواتا تھا، اور کوئی سال ایسا نہین گذرتا تھا کہ فتوحات اور کامیابی کے بہانہ سے فقیرون کو چند بار معقول رقمین نہ دیتا ہو، ذاتی فیاضیون کے علاوہ اہلِ دولت اور ارباب جاہ مین سے جو لوگ فقیرون اور مسکینون کے لئے وظائف مقرر کرتے تھے، اُن کو نہایت معزز سمجھتا تھا، اور اس اعزاز کے حاصل کرنے کے لئے بہت سے لوگ مستحقین کو مترجمت کے مطابق مال و دولت دیتے تھے[1]

سکندر لودی کے بعد اس کا بیٹا سلطان ابراہیم لودی اس کا جانشین ہوا، اور اس معاملے مین اوس نے بھی اپنے باپ کی روش کو قائم رکھا، چنانچہ تاریخ فرشتہ مین ہے،

"و نیز بر فقرا و مساکین ابواب خیرات و مبرات کشادہ و وظائف مقرر فرمود و ادرارات ائمہ را زیادہ کردہ بگوشہ نشینان و متوکلان فتوح و نذور فرستادہ[2]"

سلطان ابراہیم لودی کے بعد سلطان محمود خان ثانی نے جو ۹۴۳ھ مین گجرات کے تخت سلطنت پر بیٹھا تھا، فقیرون اور محتاجون کی خبر گیری کے لئے بہت سے مکانات بنوائے، اور وہان اس غرض سے ملازم مقرر کئے، کہ فقیرون اور محتاجون کے رنج و راحت سے باخبر رہ کر اُن کی ضروریات کے سامان مہیا رکھین، اکثر اوقات ایسا ہوتا تھا کہ جو غذا اس کو پسند آتی تھی، اس کی نسبت پوچھتا تھا کہ فقیرون کو بھی اس قسم کی غذائین میسر آتی ہین، حاضرین جواب دیتے تھے کہ بھلا ان غریبون کو اس کا مقدور کہان؟ اس کے بعد حکم دیتا تھا کہ اس قسم کی غذا نہایت عمدہ طریقہ پر پکوا کر فقرا کے پاس بھی جائے، جو نیک لوگ مسجدون اور مدرسون مین قیام رکھتے تھے، اُن کو جاڑون مین نہایت عمدہ قبائین، اور

---

[1] فرشتہ جلد اول ص ۱۸۶ [2] تاریخ فرشتہ جلد اول ص ۱۸۹،

لحاف انعام دیتا تھا، چونکہ بعض قلاش لوگ ان کو فروخت کر ڈالتے تھے، اس لئے حکم دیا کہ ایسے لحاف بنوائے جائیں جن کو ایک جماعت اوڑھ سکے، اور سب کے سب اوس کے فروخت کرنے پر متفق نہ ہوں، راتوں کو تمام گلیوں اور بازاروں میں بہت سی لکڑیاں جلوا تا تھا تاکہ جاڑوں میں بے سروسامان لوگ آگ تاپ سکیں معمول تھا کہ تمام موسمی میوے پہلے فقیروں کے پاس بھیجے جاتے تھے، اس کے بعد شاہی محل میں آتے تھے[۱]

سلطان محمود خان ثانی کے بعد امرائے اکبری میں شیخ فرید بخاری نے اس معاملے میں نہایت فیاضی سے کام لیا، اور اپنا یہ خاص معمول کر لیا کہ جب دربار کو جاتے تھے، تو راستے میں فقرا کو قبا، کُل، چادر اور جوتے تقسیم کرتے جاتے تھے[۲]

اس کے بعد جہانگیر نے موسم سرما میں فقرائے کشمیر کے لباس کا خاص انتظام کیا، چنانچہ جب اسکو اطلاع دیگئی کہ فقرائے کشمیر جاڑوں کے موسم میں سخت تکلیف برداشت کرتے ہیں، تو اس نے حکم دیا کہ صوبہ کشمیر کا ایک گاؤں جس کی مالگذاری تین چار ہزار روپیہ ہو ملا طالب اصفہانی کے حوالہ کیا جائے تاکہ اس سے فقرا کے لباس اور مسجدوں میں پانی گرم کرنے کا انتظام کریں[۳]

عالمگیر کا دورِ حکومت آیا تو اس کے سامنے سلطان محمود کی نظیر تھی، اس لئے اوس نے عام حکم دیا کہ جاڑوں کے موسم میں ہر سال ڈیڑھ ہزار قبا اور ڈیڑھ ہزار کمل صوبہ احمد آباد کے فقرا و مساکین کو بطور خیرات کے دیئے جائیں، اور اس پر تین ہزار روپیہ صرف کیا جائے، اس حساب سے فی قبا ڈیڑھ روپیہ اور فی کمل آٹھ آنے پڑتے تھے[۴] جس سے ہم اس زمانے میں کپڑوں کی ارزانی کا بھی اندازہ کر سکتے ہیں، عالمگیر ہی کے زمانہ میں نواب معظم خان خان خانان المتوفی ۱۰۶۳ھ کے بعد

---

[۱] مرآت احمدی جلد اوّل ص ۹۱۔ [۲] مآثر الامرا حصہ دوم ص ۶۳۹ [۳] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۳۵۲ [۴] مرآت احمدی جلد اوّل ص ۳۵۶۔

نواب امیر الامرا شایستہ خان ممالک بنگالہ کے صوبہ دار مقرر ہوئے، اور شرفا اور غربا کی بیواؤں کی خاص طور پر پرورش کی اور دیہات اور زمینیں معافی میں دے کر اُن کو صاحب جائداد بنا دیا، ریاض السلاطین میں ہے :-

"بیوہائے شرفا و نجبا و بے مایگان را دیہات و زمینہا معاف کردہ مالک املاک ساخت"[1]

سلاطین تیموریہ کے یہاں فقرا و مستحقین کی اعانت کی ایک مستقل صورت یہ تھی کہ سال میں دو بار یعنی شمسی اور قمری دونوں سنون کے حساب سے اپنی سالگرہ کا جشن مناتے تھے، اور اس موقع پر زر و گوہر اور دوسری قیمتی اشیاء سے اپنا وزن کراتے تھے، اور ان تمام چیزوں کو خیرات کر دیتے تھے، جہانگیر تزک میں

"دو مرتبہ خود را بہ طلا و نقرہ و سائر فلزات و از قسم ابریشم و پارچہ و از اقسام جوہرات وغیرہ وزن می کنم یک مرتبہ در سر سال شمسی و یک مرتبہ در سر سال قمری و زر این وزن را بہ تحویلداران علحدہ می سپارم کہ بہ فقرا و ارباب احتیاج رسانند"[2]

یہ طریقہ اکبر کے زمانہ سے شروع ہوا، اور عالمگیر کے زمانہ تک قائم رہا۔ چنانچہ اس دور کے تمام مورخین اس جشن کا ذکر مزے لے لے کر کرتے ہیں، عبدالحمید لاہوری بادشاہ نامہ میں لکھتا ہے،

"چون صدقات در دفع مضار بدنی و جانی و جلب منافع روحانی و جسمانی باتفاق اصحاب ملل و نحل و اطباق ارباب دین و دول، نتائج و آثار دارد، حضرت عرش آشیانی آئین وزن وزن اختیار نمودہ ذات مقدس خویشتن را دو مرتبہ یکے بعد از انقضائے سال شمسی و دیگر پس از انتہائے سنہ قمری وزن می فرمودند، لیکن در وزن شمسی دوازدہ بار نخستین بار بہ طلا و یازدہ بار بدیگر اشیاء و در وزن قمری ہشت بار اولین بار بنقرہ و ہفت بار باشیائے دیگر وزن فرزندان کامگار یکبار با عتبار سال شمسی بوقوع می آید و وجوہ وزن در مصارف تصدق

---

[1] ریاض السلاطین ص ۲۲۲ [2] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۳۰،

صرف می شد، و حضرت جنت مکانی پیروی حضرت عرش آشیانی نموده هر سال این رسم منفعت وسهم را بعمل می آورند از آنجا که این کار میمنت آثار سبب روائی حاجات نیازمندان است، حضرت جهانبانی دو مرتبه شخص اکمل خود را وزن می فرمایند و از هر نوعی جواهر گستری در هر مرتبه وزن طلا و نقره مقرر نموده اند، در وزن شمسی نخستین بار بطلا و دوم بار به نقره و ده بار باجناس دیگر و در وزن قمری اولین بار بطلا و دیگر بار به نقره و شش بار به دیگر اجناس و پادشاه زاده های سعادت پر در ایک مرتبه بر می سنجند[۱]

متفرق صدقات و خیرات کی اس قدر کثرت تھی کہ اگر ان سب کو جمع کیا جائے، تو ایک مستقل کتاب لکھنی پڑی گی، اس لئے ہم صرف تزک جہانگیری سے چند واقعات نقل کرنے پر اکتفا کرتے ہین، جہانگیر لکھتا ہے :-

" مین نے یہ قاعدہ مقرر کیا ہے کہ راتون کو ارباب استحقاق اور درویش میرے سامنے پیش کئے جائین، تاکہ ہر ایک کی حالت کو دیکھ کر زمین، روپیہ نقد، پوشاک اُن کو مرحمت کرون[۲]"

چونکہ مین نے یہ قاعدہ مقرر کیا ہے، کہ جو درویش اور ارباب حاجت میری درگاہ مین جمع ہون ان کو دوپہر رات گذر جانے کے بعد میرے سامنے پیش کرین، اس لئے مین نے اس سال اسی طریقہ پر اپنے سامنے اور اپنے ہاتھ سے ۵۵ ہزار روپیہ ایک لاکھ نوّے ہزار بیگہ زمین، چودہ گانون، ۲۶ ہل، اور ہزار کھلیان دھان درویشون کو دیئے[۳]

یہ فیاضیان صرف مسلمانون کے ساتھ مخصوص نہ تھین، بلکہ اُن سے ہندو بھی یکسان طور پر متمتع ہوتے تھے، چنانچہ جہانگیر ایک موقع پر لکھتا ہے،

" مین نے شیخ فضل اللہ اور راجہ دھیر دھر کو روپیے دیئے، کہ راستہ مین فقیرون، اور

---

[۱] بادشاہ نامہ عبدالحمید لاہوری جلد اوّل ص ۲۴۴ [۲] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ۱۲۵ ۱۳۵ ھ ص ۱۳۰،

برہمنون کو دین[۵۱]،

دوسرے موقع پر لکھتا ہے،

"ہردوار ہندوؤن کی ایک مسلّم تیرت گاہ ہے، اور بہت سے برہمن اور تجرد پسند لوگ اس جگہ عزلت گزین ہوکر اپنے دین کے اصول کے مطابق خدا پرستی کرتے ہین، مین نے ہر ایک کو اُن کے استحقاق کے موافق نقد و جنس بطور صدقہ کے دیئے[۵۲]"

شاہ جہان کے زمانہ مین صدقات و خیرات کی مذہبی حیثیت زیادہ نمایان نظر آتی ہے، چنانچہ محمد صالح کنبوہ لکھتا ہے،

"ضعیفون، اپاہجون، یتیمون، بوڑھی عورتون، بوڑھے سپاہیون کو روزانہ جو کچھ ملتا ہے اور خزانۂ عامرہ سے جو کچھ تمام دنیا کے حاجت مندون کو بطور انعام کے دیا جاتا ہے، یہانتک کہ مین از روے تخمین و قیاس کے کہہ سکتا ہون کہ ولایت ہندوستان کا عشر جو ایران اور توران کے خراج کے برابر ہے، علما، صلحا، ارباب عمائم، اصحاب سعادت اور ائمہ کی جاگیر و وظائف کیلئے مقرر ہے، اس کے علاوہ اس ماہ مبارک رمضان مین موسوی خان صدر الصدور کو از سر نو تاکیدی حکم دیا گیا کہ ہمیشہ فقرا، مساکین اور ارباب استحقاق کو خدمت مین پیش کرتے رہین کہ اگر کوئی پریشان روزگار بدقسمتی سے ہماری فیاضی سے محروم رہ گیا ہو، تو اس کی حالت کے مطابق نقد روپیا سالیانہ لگانون اور کھیت بطور مدد معاش کے دیا جائے، اس مہینہ مین خصوصًا اور ہر سال کے رمضان مین عمومًا جمعرات کو پریشان حال حاجت مندون کو باری باری درگاہ والا مین حاضر کرکے، ۳۰ ہزار روپیہ عطا کرین، اسی طرح مولود مسعود کے زمانہ مین ۱۲ ہزار روپیے شب برات اور نیز شب معراج مین بھی اسی قدر روپیہ ارباب استحقاق

---

[۵۱] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۲۰۰، [۵۲] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۳۴۳،

پر خیرات کیا جائے،[1]

سلاطین کے ساتھ اگر امرا و اعیان دولت کی فیاضیوں کے واقعات لکھے جائیں تو یہ داستان اور طویل ہو جائے گی، اس لئے ہم صرف ایک واقعہ کے لکھنے پر اکتفا کرتے ہیں، صاحب مآثر الامرا شیخ فرید بخاری کے تذکرے میں لکھتے ہیں،

"شجاعت را با سخاوت جمع نمودہ بخشش عام او در فیض بروے خلق باز کردہ ہر کہ با و رسیدے چہرۂ ناکامی در آئینہ خیال ندیدے تا رسیدن دربار قبا و کمل و چادر و پا افزار بدرویشان رہ گذرے قسمت می شد، و ریزگی اشرفی و روپیہ بدست خود می داد، روزے در ویشے ہفت مرتبہ از شیخ گرفت نوبت ہشتم آہستہ بدو گفت کہ آنچہ ہفت مرتبہ گرفتہ مخفی دار تا درویشان از تو فستانند با اہل خانقاہ و ارباب توکل و احتیاج و بیوہ زنان دریومیہ تا سالانہ مقرر داشتہ و حضور و غیبت او سند و پروانگی مجدد می رسید در جاگیرش بیشتر مدد معاش بود اطفال آنہا (کہ در نوکری او مردہ بودند) در خور ہر کدام در ماہ مقرر کردہ مثل فرزندان در کنار و بغل شیخ بازی می کردند و معلم نگاہ داشتہ تربیت می نمود، اما بیاد فروش و کلاونت نمی داد[2] (باقی)

---

[1] عمل صالح جلد اوّل ص ۲۸۸ و ۲۸۹، [2] مآثر الامرا حصہ دوم ص ۶۳۹،

شعرالہند جلد اوّل

جس میں قدما کے دور سے لے کر دور جدید تک اردو شاعری کے تمام تاریخی تغیرات و انقلابات کی تفصیل کی گئی ہے، اور ہر دور کے مشہور اساتذہ کے کلام کا باہم موازنہ و مقابلہ کیا گیا ہے،

قیمت :- للعہ

"منیجر"

منصورہ کے حکام اور اُن کے سکے

از جناب مولانا سید ابوظفر صاحب ندوی مصنف تاریخ سندھ

سندھ ۹۵ھ میں مکمل طور پر فتح ہوگیا تھا، لیکن حجاج بن یوسف ثقفی کی موت اور محمد بن قاسم کی گرفتاری نے ملک میں بدنظمی پیدا کردی، پھر یزید بن ابی کبشہ والی سندھ کی اچانک موت نے نظام حکومت کو اور زیادہ ابتر کردیا، پورے سندھ میں بغاوت پھوٹ پڑی، اور مختلف مقامات پر سندھیوں نے دوبارہ قبضہ کرلیا، ادھر خود عربوں میں نااتفاقی پھیلی ہوئی تھی، جس سے سندھ میں بدامنی کو اور زیادہ تقویت پہنچی، دمشق کے اموی خلیفہ کی طرف سے متعدد والی (حاکم) بھیجے گئے، لیکن نہ تو سندھیوں نے اطاعت قبول کی، اور نہ مقبوضات واپس ہوئے،

۱۰۷ھ میں جنید بن عبدالرحمٰن سندھ کا حاکم ہوا، یہ ایک بڑا مدبر حاکم تھا، اس نے تمام سندھ پر دوبارہ قبضہ کرکے امن وامان قائم کردیا، ۱۱۰ھ میں تمیم بن زید حاکم ہوا، اس میں حکومت کا مادہ نہیں تھا، اس لیے لوگ اس سے ناراض ہوگئے، یہ اپنے حریف سے خوفزدہ ہوکر سندھ سے بھاگا، لیکن راستہ میں وفات پاگیا، اس سے پھر سندھ میں بدامنی پھیل گئی، اس کے بعد حکم بن عوانہ سندھ کا حاکم ہوا، جو بیحد سست اور کاہل آدمی تھا، لیکن خوش قسمتی سے فاتح سندھ محمد بن قاسم کے لڑکے عمر بن محمدؒ کو ساتھ لیتا آیا تھا جو حکومت کے لیے نہایت موزوں تھا، سندھیوں کی بغاوت اور یورش کے سبب عربوں نے

تمام اہم مرکز خالی کر دیے تھے۔ اور سندھیوں نے اس پر قبضہ کر لیا تھا، اس لیے اس کی ضرورت محسوس ہوئی، کہ عربوں کے لیے کوئی ایسا مضبوط شہر آباد کیا جائے کہ غنیم کے حملہ کے وقت پناہ کا کام دے سکے، اس لیے حکم والی سندھ نے سب سے پہلا کام یہ کیا کہ دریائے سندھ کے دہانہ پر مشرق جانب ایک شہر آباد کیا اور ہر طرح اس کو مضبوط بنایا، اور اس کا نام "محفوظہ" رکھا،

منصورہ کی آبادی | جب محفوظہ کے قلعہ میں تمام عرب محفوظ اور مطمئن ہو گئے، تو سندھ کے حاکم حکم بن عوانہ نے عمر بن محمد ثقفی کو فوج دیکر اطراف میں روانہ کیا جس نے ہر جگہ امن و امان قائم کر دیا، اور باغیوں کو زیر کر کے مطیع بنایا، عمر ثقفی نے جب سندھ میں دوبارہ اقتدار قائم کر دیا اور پایہ تخت کو واپس آنے لگا تو ان فتوحات کی یادگار کے طور پر دریائے سندھ کے دہانے کے قریب، ایک جزیرہ نما میں ایک شہر آباد کیا، اور اس کا نام "منصورہ" رکھا، جو آگے چل کر سندھ کا پایۂ تخت قرار پایا،

حکم کے انتقال پر عمر بن محمد بن قاسم ثقفی سندھ کا حاکم ہوا، اس کے بعد یزید بن عوار کا تقرر ہوا، یہ دونوں لائق حاکم تھے، لیکن اسی زمانہ میں بنی عباس نے بنی امیہ کا خاتمہ کر کے اپنی سلطنت قائم کر لی، اور سندھ میں اپنا گورنر (ناظم) بھیجا،

انقلاب سلطنت کے زمانہ میں منصور بن جمہور کلبی پایۂ تخت منصورہ پر قبضہ کر کے سندھ کا حاکم بن گیا تھا، عباسی حاکم موسیٰ بن کعب نے اس کو یہاں سے نکال دیا، اور عرصہ تک حکمرانی کی، پھر بغداد واپس جاتے وقت اپنے لڑکے کو قائم مقام بنا گیا، بغداد پہنچ کر اس کا انتقال ہو گیا، تو ایک لائق گورنر عمر بن حفص بھیجا گیا، جو اپنی شجاعت اور تدبر کے سبب "ہزارمرد" کہلاتا تھا، اس نے سندھ میں بہترین حکومت کی، ۱۵۱ھ میں افریقہ تبدیل کر دیا گیا، اس کے بعد یکے بعد دیگرے مختلف والی آئے اور منصورہ میں قیام کرتے رہے، یہ سلسلہ ۳۰۹ھ تک برابر قائم رہا۔

اس عرصہ میں سندھی تو اپنی قسمت پر شاکر ہو کر خاموش ہو گئے، البتہ کبھی کبھی جاٹ اٹھ کھڑے ہوتے

مگر خود عربون مین نااتفاقی بڑھ گئی، اس کا انجام یہ ہوا کہ جو والی آتا، وہ اگر کافی طاقتور نہ ہوتا، تو وہ یا قتل ہو جاتا، یا معزول ہو کر واپس چلا جاتا،

بنو ہاشم کی سازش اموی حکومت کے قیام کے بعد سے بنو ہاشم برابر اس کی کوشش کرتے رہے کہ سلطنت میں انقلاب برپا کر کے خود قابض ہو جائیں، اس سلسلہ مین ان کے متعدد امام حکومت کے مقابلہ مین اٹھے اور آخر کامیاب ہو گئے، لیکن اس وقت حکومت ان کے بجائے بنی عباس کی ..... قائم ہو گئی اسلئے بنی ہاشم عباسیون کے خلاف انقلابی کارروائیون مین مصروف ہو گئے، مگر ان کو کامیابی نہین ہوئی، اس وقت انھون نے اس کی کوشش کی کہ یمنیون اور حجازیون (قحطانی اور نزاری) مین نسلی تفوق اور عصبیت کا جھگڑا پیدا کر کے دونون مین تفریق اور نفرت کا بیج بو کر اس سے فائدہ اٹھایا جائے، چنانچہ انھون نے اپنے مبلغین بھیجکر اس کی تبلیغ کی، اور پھر ہر جگہ یمنی اور حجازیون کا جھگڑا شروع ہو گیا، سندھ بھی اس سے محفوظ نہ رہا، یہان بھی اس تنازعہ نے آپس مین نفاق اور فساد پھیلا دیا، جس والی مین ذرا کمزوری دیکھتے اس کو دبانے کی کوشش کرتے، یہان تک کہ والی یا معزول ہو کر چلا جاتا یا مفسد اس کو قتل کر دیتے۔

سندھ مین حجازیون کا پلہ بھاری تھا، اور وہ بڑے طاقتور ہو گئے تھے، ۲۳۵ھ مین جب ہارون ابن ابی خالد ناظم سندھ پہنچا تو اس نے سندھ کا حال اچھا نہین دیکھا، حجازیون کی طاقت بہت بڑھی ہوئی تھی، عمر بن عبد العزیز ان کا سردار تھا، یہ بڑا ہوشیار اور مدبر تھا، اس کی شخصیت اس قدر بلند ہو گئی تھی کہ سندھ کا حاکم اس سے دبنے لگا تھا، چنانچہ سابق گورنر (حاکم) جب تک سندھ مین رہا، حجازیون سے اس نے کوئی تعرض نہیں کیا، اور عمر بن عبد العزیز ہباری کو ہمیشہ ملائے رکھا، قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے بعد ہارون بن خالد حاکم سندھ نے اس پالیسی پر عمل نہیں کیا، جس سے اختلافات بڑھتے گئے اور نوبت یہانتک پہنچی کہ ۲۴۰ھ مین ہارون قتل کر دیا گیا،

عمر بن عبد العزیز نے اس موقع سے فائدہ اٹھا کر شہر منصورہ پر قبضہ کر لیا، اور خلیفہ متوکل کو ایک عرضداشت

بغداد روانہ کی، جس میں والی سندھ پر بد انتظامی کا اتہام لگا کر اپنی وفاداری کا یقین دلایا، اور یہ درخواست کی کہ اگر سندھ کی حکومت اس کے سپرد کر دی جائے، تو وہ اس کا بہترین انتظام کرے گا، کیونکہ وہ یہاں کے حالات سے بخوبی واقف ہے،

اس وقت خلافت بغداد میں بڑا خلفشار تھا، ہر صوبہ سے پریشان کن خبریں اس کو مل رہی تھیں، اس لیے خلیفہ متوکل نے عمر کی درخواست منظور کر لی، اور صوبہ سندھ کی حکومت کی سند اس کو بھیجدی، اور عمر نے اسی وقت سے خلیفہ کی برائے نام اطاعت کے ساتھ خود مختارانہ حکومت شروع کر دی، اس طرح سلطنت منصورہ قائم ہوئی اور عمر کے خاندان میں چوتھی صدی ہجری کے آخر تک حکومت رہی،

خاندان ہباری کی حکومت قبیلہ قریش کی ایک شاخ بنی اسد میں ایک شخص ہبار بن اسود تھا، جو ۱۳ھ میں مسلمان ہوا تھا، اسکی اولاد میں سے ایک شخص منذر بن زبیر، سندھ کے والی "حکم بن عوانہ" متوفی ۱۲۱ھ کے ساتھ سندھ پہنچا، اور یہاں متوطن ہوگیا، عمر بن عبد العزیز اسی کا پوتا تھا، اس کا نسب نامہ یہ ہے: عمر بن عبد العزیز ابن منذر بن زبیر بن عبد الرحمٰن بن ہبار بن اسود،

یہ خاندان اموی اور عباسی دونوں عہد میں سلطنت کے کامون میں شریک رہا، [1] اور آہستہ آہستہ حجازی قبیلہ کا سردار بن گیا، ۲۴۰ھ میں جب وہ سندھ کا والی ہوا تو اس نے سندھ کے زیرین حصہ پر بھی قبضہ کر لیا، گو اس نے پایہ تخت منصورہ پر بھی قبضہ قائم رکھا، مگر وہ خود اپنے مقام "بانیہ" ہی میں رہتا تھا، جو منصورہ سے تھوڑے فاصلہ پر جنوب جانب تھا، [2] جب اس کو ایک گونہ اطمینان ہوگیا تو پھر اس نے پورے سندھ کو اپنا باجگذار بنایا، گو عمر بن عبد العزیز اندرونی طور پر خود مختار رہا، لیکن خطبہ عباسی خلیفہ کا پڑھتا رہا،

تاریخوں سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ عمر بن عبد العزیز نے کب تک حکومت کی، اور اس کا طرز جہانبانی کیسا تھا، لیکن مشرقی ممالک میں باوجود متعدد انقلاب کے عمر بن عبد العزیز کا اپنی جگہ قائم رہنا اس کے تدبر اور لیاقت

---

[1] ابن خلدون ج ۲ ص ۳۲۷ مصر، [2] سفرنامہ ابن حوقل ذکر سندھ،

کی بڑی دلیل ہے، اس لیے یہ یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ اس نے ساری عمر نہایت سکون و اطمینان کے ساتھ سندھ پر حکومت کی، اور چونکہ ۲۷۰ھ میں اس کا لڑکا عبداللہ تخت حکومت پر نظر آتا ہے اس لیے قیاس ہوتا ہے کہ اسی سنہ یا اس سے کچھ قبل عمر بن عبدالعزیز وفات پا گیا،

عبداللہ بن عمر مہباری | عبداللہ بن عمر مہباری غالباً ۲۷۰ھ میں تخت نشین ہوا[1]، اس نے ایک منظم سلطنت اپنے باپ سے ورثہ پائی تھی، اس لیے خیال گذرتا ہے کہ وہ آرام پسند ہوگا، کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ ۲۷۹ھ میں بنو کندہ کے ایک آزاد کردہ غلام "ابو الصمہ" کے لڑکے صمہ نے جو تیسری صدی کے شروع میں عباسی والی سندھ عمر بن حفص ہزارمرد کے ساتھ سندھ آیا تھا، بغاوت کر کے منصورہ پر قبضہ کر لیا[2]، اور عبداللہ چونکہ خود بانیہ میں رہتا تھا، اس لیے غالباً محفوظ رہا لیکن کچھ دنوں کے بعد عبداللہ نے پھر منصورہ واپس لے لیا، اور غالباً اسی وقت سے بجائے بانیہ کے پایہ تخت منصورہ میں رہنا شروع کیا،

پایۂ تخت منصورہ | منصورہ جب سے آباد ہوا، اس وقت سے سندھ کا پایۂ تخت رہا، اس کی قدیم ترین شہادت بلاذری متوفی ۲۷۹ھ سے ملتی ہے، جس نے لکھا ہے کہ یہ وہی شہر ہے جہاں آج کل حکام ٹھہرتے ہیں، اسکا طول مغرب سے ۶۹ درجہ اور عرض بلد جنوب سے ۲۲ درجہ ہے[3]، ابن حوقل لکھتا ہے کہ یہ شہر دریائے سندھ کے کنارے ایک ایسی جگہ پر آباد ہے کہ دریا کی ایک شاخ نے نکل کر اس کو جزیرہ بنا دیا ہے، خوش قسمتی سے ابن حوقل کا وہ نقشہ بھی موجود ہے، جو اس نے اپنے زمانہ کے سندھ کا تیار کیا تھا، اس کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ دریائے سندھ جو پنجاب کی طرف سے چل کر جہاں سمندر میں گرتا ہے، اس مقام سے تھوڑی دور پیچھے، موجودہ حیدرآباد سے جنوب کی جانب خشکی کی سمت ایک جگہ دریا کی ایک شاخ نکلتی ہے، جو پھر گھوم کر اسی دریا میں مل جاتی ہے، اس طرح بیچ میں اس شاخ کے حصار سے تھوڑی سی زمین جزیرہ کی صورت میں بن گئی ہے، اسی میں یہ شہر آباد ہوا، جو ہر طرف سے پانی سے گھرے ہونے کی وجہ سے بیرونی حملہ آوروں سے

---

[1] عجائب الہند ص ۳ لیڈن [2] بلاذری ص ۴۴۰ [3] ایضاً ص ۴۴۴

محفوظ تھا، یہ اسی قسم کا مقام تھا جیسا کہ سیوستان کا دیبری ندی گھوم جانے سے سرنگا پٹم نکل آیا ہے، پرانے زمانے کے فن جنگ کے لحاظ سے اس قسم کے مقامات بہت محفوظ خیال کیے جاتے تھے، منصورہ غیاث الدین بلبن کے عہد ۶۴۳ھ تک موجودہ تھا[1]

یہ شہر برہمن آباد سے دو فرسخ (۶ میل) پر تھا، اور غالباً اس کے آباد ہوتے ہی برہمن آباد کی رونق جاتی رہی، آئین اکبری مین اس کا نام "بکریا بھکر" لکھا ہے[2] جو کسی طرح صحیح نہین، کیونکہ آج بھکر ضلع سکھر مین واقع ہے، یہ ایک جزیرہ ہے، جہان قدیم قلعہ اب تک موجود ہے، حالانکہ منصورہ اور برہمن آباد ابو الفضل کے زمانہ سے کئی سو برس قبل زلزلہ سے تباہ ہو چکے تھے،

عمر بن عبد اللہ بن عمر ہباری بن عبد العزیز | یہ عمر بن عبد اللہ بن عمر بن عبد العزیز کا پوتا ہے، اس کے باپ کی تاریخ وفات کسی کتاب مین نظر سے نہیں گذری لیکن ۳۰۳ھ مین ہم اس کو تخت نشین دیکھتے ہیں، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس سے قبل عبد اللہ کا انتقال ہو چکا تھا، اس کی کنیت ابو المنذر ہے، تخت نشینی کے بعد یہ بڑا لائق ثابت ہوا، اس نے ملک مین امن و امان کے قیام کے ساتھ بڑا رعب قائم کر لیا، بڑی شان و شوکت سے سلطنت کرتا تھا، اس کا ایک وزیر بھی تھا جس کا نام ریاح تھا، اور اس کے دو لڑکے محمد اور علی تھے، ارکین سلطنت مین ایک شخص "حمزہ" نامی بڑا با اثر اور غالباً امیر الامرا کے عہدہ پر فائز تھا، یہان سادات کی ایک بڑی جماعت رہتی تھی جو عمر بن علی اور محمد بن علی کی طرف منسوب تھی، ایک قاضی بھی رہتا تھا، جو آل ابی الشوارب کے خاندان سے تھا[3]، عربی تاریخون اور سفرنامون سے ہباری خاندان کے صرف تین ہی حکام کے نام معلوم ہوئے، باقی نام آج تک پردۂ خفا مین تھے، لیکن خوش قسمتی سے حال ہی مین سندھ اور مارواڑ کی سرحد سے چھ ہزار پانچسو پچاسی (۶۵۸۵) سکے "ہباری" خاندان کے برآمد ہوئے ہیں، یہ کل چاندی کے اور چھوٹے چھوٹے ہیں، لیکن ان پر یا تو سنہ ہے ہی نہیں ہے، یا پڑھے نہیں جا سکے،

---

[1] طبقات ناصری ص ۲۸۷ کلکتہ [2] آئین اکبری ج ۲ ص ۱۰ [3] مروج الذہب مسعودی ص ۷۷ تا ص ۳۸۰ ج اول لیڈن،

یہ سب فی الحال جودھپور کے عجائب خانے مین ہین، سکے کے پڑھنے والے نے ان کی جو فہرست شائع کی ہے، اس مین عبداللہ بن عمر کا نام پہلے درج کیا ہے، اور اس کے باپ عمر بن عبدالعزیز کا نام دوسرے نمبر پر دیا ہے، جو صحیح نہین ہے، اس لیے مندرجۂ ذیل فہرست مین عمر کا نام پہلے اور اس کے ولیعہد لڑکے عبداللہ کا نام بعد کو دوسرے نمبر پر دیا ہے،

نمبر	رخ اول	رخ ثانی	سنہ	
۱	اللہ محمد رسول اللہ عمر	یا اللہ ولی عبداللہ وناصر	سنہ ۲۴۰	ہباری خاندان کا پہلا حاکم، عمر بن عبدالعزیز، عبداللہ اور ناصر اس کے دونون لڑکے ولی عہد ہین، عام تاریخون مین اس کا سنہ ملتا ہے،
۲	لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ	محمد رسول اللہ الامیر عبداللہ	سنہ ۲۷۰	یہ عمر بن عبدالعزیز کا لڑکا ہے، بزرگ بن شہریار نے اپنی کتاب عجائب الہند مین اس کا ذکر کیا ہے، اس نے اپنے سکے مین کسی ولیعہد کا نام درج نہین کیا، حالانکہ اس کا لڑکا عمر موجود تھا،
۳	اللہ محمد رسول اللہ عمر	یا اللہ بنو عمرویہ النصر	سنہ ۳۰۳	اسکی کنیت ابو المنذر ہے، مسعودی نے اس کا ذکر کیا ہے، اور "النصر" غالباً عبداللہ کے بھائی کا لڑکا ہے، اور اسکے لڑکے کا نام محمد اور علی ہے،
۴	اللہ محمد رسول اللہ محمد	یا اللہ بنو محمد وناصر	سنہ ۳۴۰	۱۲ تک نسبی سلسلون کی تائید تاریخون سے ہوتی ہے اور ۵ سے مین کہہ نہین سکتا کہ یہی ترتیب ہے یا مرتب فہرست نے مقدم و مؤخر کر دیا ہے، جیسا کہ ۱ و ۲ مین کیا ہے، اور یہ بھی معلوم نہین کہ علی ۵، محمد ۴ کا بھائی ہے یا لڑکا ہے، البتہ ولی عہدی کا سلسلہ صحیح نظر آتا ہے، کیونکہ عربی دستور کے مطابق دادا اور پوتے کا ایک نام ہوتا ہے۔
۵	اللہ محمد رسول اللہ علی	یا اللہ بنو علی ویہ النصر	سنہ ۳۶۷	۱۲، ۵، ۶ کے سنہ مین نے قیاس سے تحریر کر دیے ہین، اصطخری، ابن حوقل اور بشاری کے بیان سے صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ خاندان ہباری کی سلطنت موجود تھی،
۶	اللہ محمد رسول اللہ عبدالرحمن	یا اللہ بنو عبدالرحمن وناصر	سنہ ۳۷۵	

۷	اللہ محمد رسول اللہ محمد	یا اللہ نصر محمد، وناصر	غالباً یہ آخری بادشاہ ہے، متعدد دعویداروں کی خانہ جنگی نے سلطنت کا خاتمہ کر دیا۔

بشاری مقدسی نے لکھا ہے کہ جب میں شیراز میں تھا تو ایک باغی کے مقابلہ میں عضد الدولہ (۳۶۷ھ) کے لڑکے سے منصورہ کا حاکم مدد مانگنے آیا تھا، عضد الدولہ کی وفات ۳۷۲ھ میں ہوئی ہے، اس لیے ۳۷۰ھ سے لیکر ۳۷۲ھ کے اندر منصورہ کا یہ وفد شیراز گیا ہوگا، اور میرا خیال ہے کہ منصورہ کا وفد ناکام واپس آیا، اور باغیوں نے کچھ حصہ ملک کا دبالیا، عبدالرحمن بن علی (۶۸) کے بعد اس کا لڑکا محمد تخت نشین ہوا، لیکن نصر، محمد اور ناصر اس کے تین دعویدار پیدا ہوگئے، اور ان سب کی خانہ جنگی کا نتیجہ یہ نکلا کہ اس کے باپ کے زمانہ کے کسی پرانے حریف نے منصورہ پر قبضہ کرکے اس خاندان "ہباری قریشی" کا خاتمہ کر دیا،

یہ باغی حریف کون تھا؟ میرا خیال ہے کہ خفیف کا خاندان (اسماعیلی) تھا، اور چونکہ آل بویہ (عضد الدولہ) فاطمی خلفا کے طرفدار تھے، اس لیے انھوں نے منصورہ کے حاکم کو قطعاً مدد نہیں دی، بلکہ اس نے یا تو حریف کو فائدہ اٹھانے کا پورا موقع دیا، یا دونوں میں مفتوحہ ملک کو تقسیم کرکے صلح کرا دی،

ان باغیوں کے اسماعیلی ہونے کا یقین اس لیے ہوتا ہے کہ اس عہد میں تمام سندھ، ملتان، اور مکران میں اسماعیلی چھا گئے تھے، اور ان تینوں سلطنتوں کے زوال پذیر ہونے کے باعث اسماعیلیوں کا زور بہت بڑھ گیا تھا، چنانچہ بشاری مقدسی کے عہد ۳۷۵ھ میں ملتان پر ان کا قبضہ ہو چکا تھا، اور جلم بن شیبان (عرب) اس پر قابض تھا، اسی طرح مکران کا علاقہ بھی اسی عہد میں بنو فاطمہ کے زیر اثر آچکا تھا، اور سندھ یعنی منصورہ کے دو ضلعوں قیقبلی اور ارمائیل کو بھی حاکم مکران نے دبالیا تھا، ممکن ہے اسی زمانہ میں خفیف کے خاندان نے بھی بغاوت کرکے ملک کا کچھ حصہ دبالیا ہو، اور شاید اسی

کی واپسی کے لیے حاکم منصورہ شیراز وفد لے گیا ہو،

غرض اس عہد مین منصورہ شمال مشرق، اور جنوب مغرب دونون سمتون سے بنو فاطمہ مصر کے حاکمون مین گھر گیا تھا، عبدالرحمن (۳۱۶) اور اس کے لڑکے محمد (۳۵۰) نے بمشکل بیس پچیس برس تک منصورہ کے تخت کو سنبھالے رکھا، پھر جس طرح اسپین کے آخری خلیفہ ابوعبداللہ نے اپنے چچا سے خانہ جنگی کرکے اپنی سلطنت کھودی، اسی طرح محمد نے اپنے چچازاد بھائیون سے لڑکر سلطنت کا خاتمہ کردیا ہوگا، خفیف کے خاندان نے اس موقع سے یقیناً فائدہ اٹھایا ہوگا خصوصاً ۴۰۱ھ مین جب ملتان پر محمود غزنوی کا قبضہ ہوگیا، تو اس شکست خوردہ لشکر نے خفیف کی ماتحتی مین منصورہ پر فتح کرلیا ہوگا۔ اوپر کے بیان سے اس بات کی تائید ہوتی ہے کہ منصورہ کی حکومت ۴۰۱ھ مین ختم ہوئی، اور ۴۱۶ھ مین محمود غزنوی نے منصورہ پر قبضہ کرکے خفیف کے خاندان کا خاتمہ کردیا جسکے بعد سومرہ خاندان برسر عروج آیا، مرتب فہرست نے ہماری خاندان کے جو نام تحریر کیے ہین، اس مین ایک بات قابل غور ہے کہ سکے کے دوسرے جانب بنو عمرویہ یا بنو علی ویہ" تحریر ہے، یہ لفظ "ویہ" کیا ہے؟ فارسی مین "سیبویہ" ایک مشہور لفظ ہے، جو ایک بڑے نحوی کا نام تھا، جسکے معنی "سیب کی طرح" کے ہیں لیکن یہان یہ معنی بنتے نہین، اس لیے میرا گمان ہے کہ یہ لفظ صحیح نہین پڑھا گیا، دراصل یہ لفظ "ولی" ہوگا۔ جس "ل" اور "ی" کے گھس جانے سے "ویہ" کی شکل نظر آتا ہے۔

دوسری بات قابل ذکر یہ ہے کہ آج تک کسی مسلمان حکمران خاندان کی تاریخ مین یہ نظر نہین آتا کہ اس کے فرمانروا کے ساتھ ابتدا سے آخر تک چچازاد خاندان بحیثیت ولی عہد شریک سلطنت رہا ہو، درآنحالیکہ حکمران کا لڑکا بحیثیت ولی عہد کے بھی موجود ہو، بنو فاطمہ کے ایک سکہ مین البتہ مستنصر باللہ کے لڑکے قاسم ولی عہد اور الحافظ کا نگران ہونے کی حیثیت سے نام موجود ہے، دوسرا سکہ "فیروز شاہ تغلق دہلی" کا نظر سے گذرا جس مین فتح خان ولی عہد کا نام بھی ساتھ ساتھ ہے، اس لیے اگر مین نے صحیح سمجھا ہے تو کم از کم ہندوستان مین یہ پہلا عرب خاندان ہے جو چچا بھتیجون کی شرکت سے سلطنت کا انتظام کرتا تھا، اور جس کی دوسری مثال ملنی مشکل ہے،

اصلاحاتِ اقبال

از جناب محمد بشیر الحق صاحب دسنوی عظیم آبادی

مین ۱۹۴۵ء کی گرمیون مین کتب خانۂ الاصلاح دسنہ (ضلع پٹنہ) مین بیٹھا منشی ونایک پرشاد طالب بنارسی کا کلام رسالۂ "خدنگ نظر" لکھنؤ ماہ مئی ۱۹۰۲ء مین تلاش کر رہا تھا کہ اتفاقیہ اقبال کی نظم "آفتاب سحر" پر نظر پڑی جو رسالۂ مذکور مین درج تھی، اس نظم کو "بانگ درا" مین تلاش کیا تو "آفتاب صبح" کے عنوان سے ملی، جب دونون نظمون کا ایک دوسرے سے مقابلہ کیا تو معلوم ہوا کہ جو نظم "بانگ درا" مین درج ہے وہ ترمیم و اصلاح کے بعد شائع ہوئی ہے، اس سے مجھے خیال ہوا کہ "بانگ درا" کی اشاعت سے پہلے جو غزلین یا نظمین اخبار زمیندار و رسالہ مخزن لاہور وغیرہ مین شائع ہوئی ہین ان سب مین نظر ثانی کے وقت ترمیم و تنسیخ کے بعد علامہ اقبال نے ان کو بانگ درا مین شامل کیا ہوگا،

کتب خانۂ الاصلاح مین رسالہ مخزن سلسلہ قدیم کی مکمل جلدون کے علاوہ دوسرے مشہور رسائل کی بھی مکمل و نامکمل جلدین محفوظ ہین، مین نے سب سے پہلے رسالہ مخزن کی کل جلدون کو دیکھا تو بانگ درا کی درج شدہ نظمون کا بہت بڑا حصہ مخزن ہی کے اوراق مین بکھرا ہوا ملا، ان کا مقابلہ بانگ درا مین شائع شدہ غزلون اور نظمون سے کیا تو ان دونون مین بڑا فرق نظر آیا، چنانچہ ان ترمیمون اور اصلاحون کو نوٹ کرتا گیا، اس سے تلاش و جستجو کا حوصلہ بڑھا اور دوسرے رسائل و کتب کی ورق گردانی سے اور بہت سی غزلین اور نظمین دستیاب ہوئین جو "اصلاحات اقبال" کے نام سے ہدیۂ ناظرین ہین،

"اصلاحات اقبال" کی اشاعت سے یہ فائدہ ہوگا کہ اس سے کلام اقبال کا تدریجی ارتقاء سامنے آجائیگا،

اور یہ معلوم ہوگا کہ علامہ کو منزل مقصود تک پہنچنے میں کتنے دشوار گذار راستے طے کرنے پڑے، اور پہلے ان کے کلام میں کیا کیا خامیاں تھیں جن کو انھوں نے نظر ثانی میں دور کیا، جس سے ان کا کلام کہاں سے کہاں پہنچ گیا،

اس کی ترتیب اس طرح رکھی گئی ہے کہ بانگ درا میں غزل یا نظم کا جو عنوان ہے پہلے اس کو جلی حرفوں میں دیا گیا ہے اور اس کے نیچے حوالے درج کرکے اصل اور اصلاحات کو بالمقابل کالموں میں تقسیم کر دیا ہے، اصل پرانا کلام پہلے کالم میں ہے اور اصلاح شدہ دوسرے میں، اگر کسی شعر یا مصرع میں صرف ایک مصرع میں اصلاح ہے تو سیاق کلام کو سمجھنے کے لیے پورا شعر اور پورا بند نقل کر دیا گیا ہے، اور جس مصرع میں اصلاح ہے اس کے مقابل میں اصلاح دکھا دی گئی ہے، اور بقیہ مصرعوں کے سامنے صرف نقطے دیدیے گئے ہیں

ہمالہ

(۱)

رسالہ مخزن، لاہور، ماہ اپریل ۱۹۰۱ء	بانگ درا صفحہ ۳
(۱)	(۱)
اے ہمالہ! اے فصیل کشور ہندوستان	...
چومتا ہے تیری پیشانی کو جھک کر آسمان	...
تجھ پہ کچھ ظاہر نہیں دیرینہ روزی کے نشان	تجھ میں کچھ پیدا نہیں دیرینہ روزی کے نشان
تو جواں ہے گردش شام و سحر کے درمیان	تو جواں ہے گردش شام و سحر کے درمیان
تیری ہستی پر نہیں بادِ تغیر کا اثر	ایک جلوہ تھا کلیم طور سینا کے لیے
خندہ زن ہے تیری شوکت گردش ایام پر	تو تجلی ہے سراپا چشم بینا کے لیے
(۲)	(۲)
امتحان دیدۂ ظاہر میں کوہستان ہے تو	
پاسبان اپنا ہے تو دیوار ہندوستان ہے تو	...

رسالہ مخزن لاہور ماہ اپریل ۱۹۰۱ء

سوئے خلوتگاہِ دل دامن کشِ انسان ہو تو
مطلع اول فلک جس کا ہو وہ دیوان ہو تو

برف نے باندھی ہے دستارِ فضیلت تیرے سر
خندہ زن ہے جو کلاہِ مہرِ عالمتاب پر

(۳)

سلسلہ تیرا ہے یا بحرِ بلندی موج زن
رقص کرتی ہے مزے سے جس پہ سورج کی کرن

تیری ہر چوٹی کا دامانِ فلک مین ہے وطن
چشمۂ دامن مین رہتی ہے مگر پرتو فگن

چشمۂ دامن ہے یا آئینۂ سیال ہو
دامنِ موجِ ہوا جس کے لیے رومال ہو

(۴)

ابر کے ہاتھون مین رہوارِ ہوا کے واسطے
تازیانہ دیدیا برقِ سرِ کوہسار نے

اے ہمالہ کوئی بازی گاہ ہے تو بھی جسے
دستِ قدرت نے بنایا ہے عناصر کے لیے

ہائے کیا جوشِ مسرت مین چلا جاتا ہے ابر
فیلِ بے زنجیر کی صورت اڑا جاتا ہے ابر

بانگ درا صفحہ ۳

مطلع اول فلک جس کا ہو وہ دیوان ہو تو
سوئے خلوتگاہِ دل دامن کشِ انسان ہو تو

...

...

(۳)

تیری عمرِ رفتہ کی اک آن ہے عہدِ کہن
وادیون مین ہین تری کالی گھٹائین خیمہ زن

چوٹیان تیری ثریا سے ہین سرگرمِ سخن
تو زمین پر اور پہنائے فلک تیرا وطن

چشمۂ دامن ترا آئینۂ سیال ہے

...

(۴)

...

...

...

...

ہائے کیا فرطِ طرب مین جھومتا جاتا ہے ابر

...

رسالہ مخزن، لاہور ماہ اپریل سنہ ۱۹۰۱ء

(۵)

جنبشِ موجِ نسیم صبح گہوارہ بنی
جھومتی ہے کیا مزے لے لے کے ہر گل کی کلی
یون زبان برگ سے کہتی ہے اسکی خامشی
دستِ گلچین کی جھٹک میں نے نہیں دیکھی کبھی
کہہ رہی ہے میری خاموشی ہی افسانہ مرا
کنجِ خلوت خانۂ قدرت ہے کاشانہ مرا

(۶)

نہر چلتی ہے سرود خامشی گاتی ہوئی
آئینہ ساشاہدِ قدرت کو دکھلاتی ہوئی
کوثر و تسنیم کی مانند لہراتی ہوئی
ناز کرتی ہے فرازِ راہ سے جاتی ہوئی
چھیڑتا جا اس عراقِ دل نشین کے ساز کو
اے مسافر! دل سمجھتا ہے تری آواز کو

بانگ درا صفحہ ۳

(۵)

جھومتی ہے نشۂ ہستی میں ہر گل کی کلی
یون زبان برگ سے گویا ہے اس کی خامشی

(۶)

آتی ہے ندی فرازِ کوہ سے گاتی ہوئی
کوثر و تسنیم کی موجون کو شرماتی ہوئی
آئینہ ساشاہدِ قدرت کو دکھلاتی ہوئی
سنگِ رہ سے گاہ بچتی گاہ ٹکراتی ہوئی
چھیڑتی جا اس عراقِ دل نشین کے ساز کو
اے مسافر! دل سمجھتا ہے تری آواز کو

گل رنگین

رسالہ مخزن، لاہور ماہ مئی سنہ ۱۹۰۱ء

(۲)

(۱)

تو شناسائے خراشِ عقدۂ مشکل نہیں
اے تو افسونِ گہائے طائرِ بسمل نہیں

بانگ درا صفحہ ۶

(۱)

اے گل رنگین ترے پہلو میں شاید دل نہیں

...

رسالہ مخزن لاہور ماہ مئی سنہ ۱۹۰۱ء

زیبِ محفل ہے شریکِ شورشِ محفل نہین
کیون یہ تسکینِ خموشی زا مجھے حاصل نہین
سوز باتون پر بھی خاموشی تجھے منظور ہے
راز وہ کیا ہے ترے سینہ مین جو مستور ہے

(۲)

توڑ لینا شاخ سے تجھ کو مرا آئین نہین
یہ نظر غیر از نگاہِ چشمِ صورت بین نہین
آہ! یہ دستِ جفا جو اے گلِ رنگین نہین
کس طرح تجھ کو یہ سمجھاؤں کہ مین گلچین نہین
آشنائے سوزِ فریادِ دلِ مہجور ہون
پھول ہون مین بھی مگر اپنے چمن سے دور ہون

(۳)

آہ اے گل تجھ مین بھی جو ہر وہی مستور ہے
جو دلِ انسان مین مضمر مثلِ موجِ نور ہے
میری صورت تو بھی اک برگِ ریاضِ طور ہے
ہائے پھر مجھ سے جدائی کیون تجھے منظور ہے
دل مین کچھ آتا ہے لیکن منہ سے کہہ سکتا نہین
اور تکلیفِ خموشی کو بھی سہہ سکتا نہین

بانگ درا صفحہ ۶

...

یہ فراغت بزمِ ہستی مین مجھے حاصل نہین
اس چمن مین مین سراپا سوز ساز آرزو
اور تیری زندگانی بے گداز آرزو

(۲)

کام مجھکو دیدۂ حکمت کے الجھیڑون سے کیا
دیدۂ بلبل سے مین کرتا ہون نظارہ ترا

(۳)

سوز باتون پر بھی خاموشی تجھے منظور ہے
راز وہ کیا ہے ترے سینہ مین جو مستور ہے

مین چمن سے دور ہون تو بھی چمن سے دور ہے
مطمئن ہے تو پریشان مثلِ بو رہتا ہون مین
زخمیٔ شمشیرِ ذوقِ جستجو رہتا ہون مین

رسالہ مخزن لاہور ماہ مئی سنہ ۱۹۰۱ء

(۴)

یہ پریشانی مگر جمعیتِ عرفان نہ ہو
یہ حنا بندِ کفِ محبوبۂ ایمان نہ ہو
یہ خزاں اپنی بہار گلشنِ رضوان نہ ہو
یہ جگر سوزی چراغ خانۂ انسان نہ ہو
ہے یہ تاریکی مگر اک شمع دل افروز ہے
تو سنِ ادراکِ انساں کو خرام آموز ہے

بانگ درا صفحہ ۶

(۴)

یہ پریشانی مری سامانِ جمعیت نہ ہو
یہ جگر سوزی چراغِ خانۂ حکمت نہ ہو
ناتوانی ہی مری سرمایۂ قوت نہ ہو
رشکِ جامِ جم مرا آئینۂ حیرت نہ ہو
یہ تلاشِ متصل شمعِ جہاں افروز ہے

...

عہد طفلی

(۳)

رسالہ مخزن ماہ جولائی سنہ ۱۹۰۱ء

(۱)

تھے دیار و نو زمین و آسمان میرے لیے
وسعتِ آغوشِ مادر اک جہان میرے لیے
تھی ہر اک جنبش نشانِ لطفِ جان میرے لیے
خالی از مفہوم خود میری زبان میرے لیے
درد اس عالم میں جب کوئی رلاتا تھا مجھے
شورشِ زنجیرِ در میں لطف آتا تھا مجھے

بانگ درا صفحہ ۸

(۱)

حرف بے مطلب تھی خود میری زبان میرے لیے
درد طفلی میں اگر کوئی رلاتا تھا مجھے

رسالہ مخزن لاہور ماہ جولائی ۱۹۰۱ء

(۲)

تکتے رہنا ہائے! وہ پہروں تلک سوئے قمر
وہ پھٹے بادل مین بے آواز پا اس کا سفر
پوچھنا رہ رہ کے اس کے کوہ و صحرا کی خبر
اور وہ حیرت در و غِ مصلحت آمیز پر
آنکھ وقفِ دید تھی لب مائلِ گفتار تھا
دل مرا جامِ شرابِ ذوقِ استفسار تھا

بانگ درا صفحہ ۸

(۲)

•
•
•
•
•
دل نہ تھا میرا سراپا ذوقِ استفسار تھا

مرزا غالب

(۴)

رسالہ مخزن لاہور ماہ ستمبر ۱۹۰۱ء

(۱)

فکرِ انسان کو تری ہستی سے یہ روشن ہوا
ہے پرِ مرغِ تصور کی رسائی تا کجا
روح تھا تو اور تھی بزمِ سخن پیکر ترا
زیبِ محفل بھی رہا محفل سے پنہاں بھی رہا
دید تیری آنکھ کو اس حسن کی منظور ہے
صورت روح روان ہر شے مین جو مستور ہے

بانگ درا صفحہ ۹

(۱)

فکرِ انسان پر تری ہستی سے یہ روشن ہوا
ہے پرِ مرغِ تخیل کی رسائی تا کجا
تھا سراپا روح تو بزمِ سخن پیکر ترا
•
•
بن کے سوزِ زندگی ہر شے مین جو مستور ہے

رسالہ مخزن لاہور ماہ ستمبر ۱۹۰۱ء

(۲)

معجز کلکِ تصور ہے دیا دیوان ہے یہ
یا کوئی تفسیر رمز فطرت انسان ہے یہ
بارشِ موسیٰ کلامی ہائے ہندوستان ہے یہ
نورِ معنی سے دل افروز سخندانان ہے یہ
نقش فریادی ہے تیری شوخیٔ تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا

(۳)

لطفِ گویائی میں تیری ہمسری ممکن نہیں
ہو تصور کا نہ جب تک فکر کامل ہم نشین
ہائے! اب کیا ہو گئی ہندوستان کی سرزمین!
آہ! اے نظارہ آموزِ نگاہِ نکتہ بین!
گیسوئے اُردو ابھی منت پذیرِ شانہ ہے
شمع یہ جویندۂ دل سوزیِ پروانہ ہے

(۴)

اے جہان آباد اے گہوارۂ علم و ہنر
ہیں سراپا نالۂ خاموش تیرے بام و در
ترے ہر ذرہ میں خوابیدہ ہیں سو شمس و قمر
یوں تو پوشیدہ ہیں تیری خاک میں لاکھوں گہر

بانگ درا صفحہ ۹

(۲)

محفل ہستی تری بربط سے ہے سرمایہ دار
جس طرح ندی کے نغموں سے سکوتِ کوہسار
تیرے فردوسِ تخیل سے ہے قدرت کی بہار
تیری کشتِ فکر سے اگتے ہیں عالم سبزہ زار
زندگی مضمر ہے تیری شوخیٔ تحریر میں
تابِ گویائی سے جنبش ہے لبِ تصویر میں

(۳)

ہو تخیل کا نہ جب تک فکر کامل ہم نشین

ذرے ذرے میں ترے خوابیدہ ہیں شمس و قمر

رسالہ مخزن لاہور ماہ ستمبر ۱۹۰۱ء

بانگ درا صفحہ ۹

دفن تجھ مین کوئی فخر روزگار ایسا بھی ہے؟
تجھ مین پنہان کوئی موتی آبدار ایسا بھی ہے؟

ابر کوہسار

(۵)

رسالہ مخزن لاہور ماہ نومبر ۱۹۰۱ء

بانگ درا صفحہ ۱۱

(۱)

ہے بلندی سے فلک بوس نشیمن میرا
سرِ کوہسار پہ دیکھے کوئی جوبن میرا
غیرتِ تختۂ گلزار ہے مسکن میرا
کہ گل افشان ہے سرِ گوشۂ دامن میرا
کسی وادی مین جو منظور ہو سونا مجھکو
سبزۂ کوہ ہے مخمل کا بچھونا مجھکو

(۱)

ابر کہسار ہون گل پاش ہے دامن میرا
کبھی صحرا کبھی گلزار ہے مسکن میرا
شہر و ویرانہ مرا، بحر مرا، بن میرا

(۲)

مجھ کو قدرت نے سکھایا ہے دُر افشان ہونا
ناقۂ شاہد رحمت کا حدی خوان ہونا
غم زدائے دل افسردۂ دہقان ہونا
سبزۂ بخت جوانانِ گلستان ہونا
بن کے گیسو رخ ہستی پہ بکھر جاتا ہون
شانۂ موجۂ صرصر سے سنور جاتا ہون

(۳)

. . . . . .

. . . . . .

. . . . . .

رونق بزم جوانانِ گلستان ہونا

رسالہ مخزن لاہور ماہ نومبر ۱۹۰۱ء

(۳)

دور سے دیدۂ امید کو ترساتا ہون
جب افق پر کبھی چپکے سے چمک جاتا ہون
سیر کرتا ہوا جس دم لبِ جو آتا ہون
بالیان نہر کو گرداب کی پہناتا ہون
وادیِ کوہ کے چشمون سے مجھے بھاتی ہے
زندگی اپنی اسی طرح گذر جاتی ہے

بانگ درا صفحہ ۱۱

(۳)

کسی بستی سے جو خاموش گذر جاتا ہون
سبزۂ مزرعِ نوخیز کی امید ہون مین
زادۂ بحر ہون، پروردۂ خورشید ہون مین

پرندے کی فریاد

(۶)

رسالہ مخزن لاہور ماہ فروری ۱۹۰۷ء

(۱)

(۱) آتا ہے یاد مجھکو گذرا ہوا زمانہ
وہ جھاڑیان چمن کی وہ میرا آشیانہ
(۲) آزادیان کہان وہ اب اپنے گھونسلے کی
اپنی خوشی سے جانا اپنی خوشی سے آنا
(۳) لگتی ہے چوٹ دل پر آتا ہے یاد جس دم
شبنم کا صبح آکر پھولون کا منہ دھولانا
(۴) آتی نہین صدائین اُنکی مرے قفس مین
ہوتی مری رہائی اے کاش میرے بس مین

بانگ درا صفحہ ۲۳

(۱)

(۱) آتا ہے یاد مجھکو گذرا ہوا زمانا
وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا چہچہانا

(۲)

اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا

(۳)

شبنم کے آنسوؤن پر کلیون کا مسکرانا
(۴) آتی نہین صدائین اُسکی مرے قفس مین

خفتگانِ خاک سے استفسار

(۷)

رسالہ مخزن لاہور ماہ فروری ۱۹۰۲ء

(۱) رنگِ خاموشی مین ہے ڈوبی ہوئی موجِ ہوا
ہان مگر اک دور سے آتی ہے آوازِ درا

(۲) اے مئے غفلت کے پروانو! کہان رہتے ہو تم
کچھ کہو اُس دیس کی آخر جہان رہتے ہو تم

(۳) دل مین ہوتے ہین اسی صورت سے پیدا ولولے؟
اس ولایت مین بھی کیا مجبور رکھتے ہین اسے؟

(۴) خرمنِ دہقان کو ہے بجلی کا ڈر ایسا ہی کیا؟
اُس جہان مین ہے تبسم پر خطر ایسا ہی کیا؟

(۵) فکر اینٹون کی وہان بھی ہے مکان کے واسطے؟
تنکے چنتے ہین وہان بھی آشیان کے واسطے؟

(۶) باغ ہے جنت وہ یا اک منزلِ آرام ہے؟
یا رخِ بے پردۂ حسنِ ازل کا نام ہے؟

(۷) کیا عوض رفتار کے اس دیس مین پرواز ہے؟
موت کہتے ہے جسے انسان وہ کیا راز ہے؟

(۸) کیا دلِ انسان کو وان بھی ذوقِ استفہام ہے؟
کیا وہان بھی جستجو مین روح کو آرام ہے؟

بانگ درا صفحہ ۲۴

(۱) غوطہ زن دریائے خاموشی مین ہے موجِ ہوا

...

(۲) اے مئے غفلت کے سرمستو! کہان رہتے ہو تم

...

(۳) آدمی واں بھی حصارِ غم مین ہے محصور کیا؟
اُس ولایت مین بھی ہے انسان کا دل مجبور کیا؟

(۴) کیا وہان بجلی بھی ہے دہقان بھی ہے خرمن بھی ہے؟
قافلے والے بھی ہین؟ اندیشۂ رہزن بھی ہے؟

(۵) تنکے چنتے ہین وہان بھی آشیان کے واسطے؟
خشت و گِل کی فکر ہوتی ہے مکان کے واسطے؟

(۶) باغ ہے فردوس یا اک منزلِ آرام ہے؟

...

(۷) ...

موت کہتے ہین جسے اہلِ زمین کیا راز ہے؟

(۸) جستجو مین ہے وہان بھی روح کو آرام کیا؟
وہان بھی انسان ہے قتیلِ ذوقِ استفہام کیا؟

شمع و پروانہ

(۸)

کلیات اقبال صفحہ ۱۳۰

۱۔ پروانہ تجھ کو کرتا ہے اے شمع پیار کیون؟
کرتا ہے اپنی جانکو تجھ پر نثار کیون؟

۲۔ کیون بیقرار کرتی ہے تیری ادا اسے؟
آدابِ عشق تو نے سکھائے ہین کیا اسے؟

بانگ درا صفحہ ۲۷

۱۔ پروانہ تجھ سے کرتا ہے اے شمع پیار کیون؟
یہ جانِ بیقرار ہے تجھ پر نثار کیون؟

۲۔ سیماب وار رکھتی ہے تیری ادا اسے؟

...

عقل و دل

(۹)

رسالہ مخزن لاہور ماہ مئی سنہ ۱۹۰۲ء

بانگ درا صفحہ ۲۸

(خطِ منظوم منجانب مخزن کا ڈسٹریکٹر)

۱۔ ہون زمین پر، گذر فلک پہ مری
دیکھ تو کس قدر رسا ہون مین

۲۔ رہبری دہر مین ہے کام مرا
رشکِ خضرِ خجستہ پا ہون مین

۳۔ دل نے سن کر کہا کہ سب سچ ہے
پر مجھے بھی تو دیکھ، کیا ہون مین

۴۔ ہے تجھے واسطہ مظاہر سے
اور باطن کو دیکھتا ہون مین

۱۔ ہون زمین پر، گذر فلک پہ مرا

...

۲۔ کام دنیا مین رہبری ہے مرا
مثلِ خضرِ خجستہ پا ہون مین

۳۔ دل نے سنکر کہا یہ سب سچ ہے

. . . . .

۴۔ . . . . .

اور باطن سے آشنا ہون مین

زسالہ مخزن لاہور ماہ مئی ۱۹۰۲ء	بانگ درا صفحہ ۲۸
۵۔ علم کی انتہا ہے بے چینی اس مرض کی مگر دوا ہون مین	۵۔ علم کی انتہا ہی بے تابی ...
۶۔ تو ہے وابستۂ زمان و مکان اور اس قید سے رہا ہون مین	۶۔ تو زمان و مکان سے رشتہ بپا طائرِ سدرہ آشنا ہون مین

شمع

(۱۰)

رسالہ مخزن ماہ دسمبر ۱۹۰۲ء	بانگ درا صفحہ ۳۲
۱۔ تیری طرح سے مین بھی ہون اے شمع دردمند فریاد درگرہ صفتِ دانۂ سپند	۱۔ بزمِ جہان مین مین بھی ہون اے شمع دردمند
۲۔ تو جل رہی ہے اور تجھے کچھ خبر نہین دانائے بیقراریٔ محشر اثر نہین	۲۔ . . . . . بینا ہے اور سوزِ دمدون پر نظر نہین
۳۔ یہ امتیازِ رفعت و پستی اسی سے ہے خوشبو ہی گل مین بادہ مین مستی اسی سے ہے	۳۔ . . . . . گل مین مہک شراب مین مستی اسی سے ہے
۴۔ بستان و بلبل و گل و بو ہے یہ آگہی اصلِ نظارۂ من و تو ہے یہ آگہی	۴۔ . . . . . اصلِ کشاکشِ من و تو ہے یہ آگہی

ایک آرزو

(۱۱)

رسالہ مخزن ماہ دسمبر ۱۹۰۲ء	بانگ درا صفحہ ۳۵
۱۔ آزاد فکر سے ہون عزلت مین دن گذارون دنیا کے غم کا کانٹا دل سے نکل گیا ہو	۱۔ . . . . . دنیا کے غم کا کانٹا دل سے نکل گیا ہو

آفتابِ صبح

(۱۳)

رسالہ خدنگ نظر لکھنو ماہ مئی ۱۹۰۲ء

"آفتابِ سحر"

(۱)

شورش مے خانۂ انسان سے بالاتر ہے تو
زینتِ بزمِ ملک ہو جس سے وہ ساغر ہے تو
ہو درِ گوشِ عروسِ صبح وہ گوہر ہے تو
جس پہ رخسارِ افق نازاں ہو وہ زیور ہے تو
تو وہ مطلع ہے سرِ دیوانِ عالم کے لیے
خامۂ قدرت نے آبِ زر سے لکھا ہے جسے

(۲)

بستۂ رنگِ خصوصیت نہ ہو میری زباں
نوعِ انسان قوم ہو میری وطن میرا جہاں
دیدۂ باطن پہ رازِ نظمِ قدرت ہو عیاں
ہوشناسائے فلک شمعِ تصور کا دھواں
عقدۂ اضداد کی کاوش نہ تڑپائے مجھے
حسنِ عشق انگیز ہر شے میں نظر آئے مجھے!

(۳)

تو اگر رحمت کشِ ہنگامۂ عالم نہیں
یہ فضیلت کا نشاں اے نیرِ اعظم نہیں

بانگ درا صفحہ ۳۷

(۱)

...

زینتِ بزمِ فلک ہو جس سے وہ ساغر ہے تو

...

جس پہ سیمائے افق نازاں ہو وہ زیور ہے تو
صفحۂ ایام سے داغِ مداوِ شب مٹا
آسمان سے نقشِ باطل کی طرح کوکب مٹا

(۲)

...

...

...

ہوشناسائے فلک شمعِ تخیل کا دھواں

...

...

(۳)

...

...

رسالۂ خدنگ نظر لکھنؤ ماہ مئی ۱۹۰۲ء

ہائے تو اپنی تجلی کا اگر محرم نہیں
ہمسر یک ذرۂ خاکِ درِ آدم نہیں
نورِ مسجود ملک گرمِ تماشا ہی رہا
اور تو منت پذیرِ صبحِ فردا ہی رہا
آرزو نورِ حقیقت (۴) کی ہمارے دل میں ہے
لیلیٰ ذوقِ طلب کا گھر اسی محمل میں ہے
ہائے کیا لذت کشودِ عقدۂ مشکل میں ہے
لطفِ صد مقصد رسی اس سعیِ بے حاصل میں ہے
وہ دلِ استفہام سے واقف ترا پہلو نہیں
جستجو سے رازِ قدرت کا شناسا تو نہیں

بانگ درا صفحہ ۳۷

اپنے حسنِ عالم آرا سے جو تو محرم نہیں
...
...
...
(۴)
...
...
کس قدر لذت کشودِ عقدۂ مشکل میں ہے
لطفِ صد حاصل ہماری سعیِ بے حاصل میں ہے
...
...

دردِ عشق

(۱۳)

کلیات اقبال صفحہ ۱۴۲

۱۔ خالی تری شراب سے گلشن کا جام ہو
پانی کی بوند گریۂ شبنم کا نام ہو
۲۔ پوشیدہ کنجِ دل میں کہیں راز ہو ترا
اشکِ جگر گداز نہ غماز ہو ترا
۳۔ ہر دم مئے خیال کی مستی سے چور ہے
کچھ اور آجکل کے کلیموں کا طور ہے

بانگ درا صفحہ ۳

۱۔ خالی شرابِ عشق سے لالے کا جام ہو
...
۲۔ پنہاں درونِ سینہ کہیں راز ہو ترا
...
۳۔ ہر دل مئے خیال کی مستی سے چور ہے
...

سید کی لوح تربت

(۱۴)

رسالہ مخزن ماہ جنوری ۱۹۰۳ء

۱۔ ہے خموشی بیان رہین لذتِ تقریر دیکھ
دیدہ باطن سے تو اس لوح کی تحریر دیکھ

۲۔ وصل کے سامان پیدا ہوں تری تقریر سے
دیکھ! کوئی دل نہ دکھ جائے تری تحریر سے

۳۔ ہو اگر ہاتھوں میں تیرے خامۂ معجز رقم
دل تراگیتی نما ہو گر مثالِ جام جم

۴۔ پاک رکھ اپنی زبان تلمیذ رحمانی ہے تو
ہو نہ جائے دیکھنا تیری صدا بے آبرو

بانگ درا صفحہ ۴۲

۱۔ سنگ تربت ہے مرا گر دیدہ تقریر دیکھ
چشم باطن سے ذرا اس لوح کی تحریر دیکھ

۲۔ وصل کے اسباب پیدا ہوں تری تحریر سے
دیکھ! کوئی دل نہ دکھ جائے تری تقریر سے

۳۔ ...

شیشۂ دل ہو اگر تیرا مثال جام جم

۴۔ پاک رکھ اپنی زبان تلمیذ رحمانی ہے تو

...

انسان اور بزم قدرت

(۱۵)

رسالہ مخزن ماہ ستمبر ۱۹۰۳ء

۱۔ صبح سورج کو جو چڑھتے ہوئے دیکھا میں نے
بزم معمورۂ ہستی سے یہ پوچھا میں نے

۲۔ مہر نے نور کا گہنا تجھے پہنایا ہے
تیری محفل کو اسی شمع نے چمکایا ہے

۳۔ صبح اک گیت سراپا ہے تری عظمت کا
زیر خورشید نشاں تک بھی نہیں ظلمت کا

بانگ درا صفحہ ۴۵

۱۔ صبح خورشید درخشاں کو جو دیکھا میں نے

...

۲۔ مہر نے نور کا زیور تجھے پہنایا ہے

...

۳۔ صبح اک گیت سراپا ہے تری سطوت کا

...

رسالہ مخزن ماہ جنوری ۱۹۰۳ء — بانگ درا صفحہ ۴۵

۴۔ نور کے واسطے محتاج ہے ہستی میری — ۴۔ نور خورشید کی محتاج ہے ہستی تیری
اور بے منتِ خورشید چمک ہے تیری

پیامِ صبح

(۱۶)

کلیات اقبال صفحہ ۱۲۱ — بانگ درا صفحہ ۴۷

۱۔ صدا دی اِس طرح دیوارِ گلشن پر کھڑی ہو کر — ۱۔ پکاری اس طرح دیوارِ گلشن پر کھڑے ہو کر
چٹک او غنچۂ گل تو موذن ہے گلستاں کا — ...

۲۔ گئی گورِ غریباں کو جو وہ زندوں کی بستی سے — ۲۔ سوئے گورِ غریباں جب گئی زندوں کی بستی سے
تو یوں بولی نظارہ دیکھ کر شہرِ خموشاں کا — .....

عشق اور موت

(۱۷)

رسالہ مخزن ماہ نومبر ۱۹۰۳ء — بانگ درا صفحہ ۴۸

۱۔ سہانی نمود جہاں کی گھڑی تھی — .....
کہ خود ناخوشی مست جامِ خوشی تھی — تبسّم فشاں زندگی کی کلی تھی

زہد اور رندی

(۱۸)

رسالہ مخزن ماہ دسمبر ۱۹۰۳ء — بانگ درا صفحہ ۵۰

۱۔ لیکن یہ سنا اپنے مریدوں سے ہمیں نے — ۱۔ .....
بے لوث ہے جوبن نگہتِ گل اس کی جوانی — بے داغ ہے مانندِ سحر اس کی جوانی

رخصت اے بزم جہان

(۱۹)

رسالہ مخزن ماہ مارچ ۱۹۰۴ء بانگ درا صفحہ ۵۶

۱۔ باغ عالم مین ہے سب کو محفل آرائی پسند
ہے دلِ شاعر کو لیکن کنجِ تنہائی پسند

۱۔ بزم ہستی مین ہے سب کو محفل آرائی پسند
. . .

طفل شیر خوار

(۲۰)

رسالہ مخزن ماہ فروری ۱۹۰۴ء بانگ درا صفحہ ۶۰

۱۔ تیرا آئینہ تھا آزاد غبار آرزو
وصل ہستی سے چمک اٹھا شرار آرزو

۱۔ . . . .
آنکھ کھلتے ہی چمک اٹھا شرار آرزو

نالۂ فراق

(۲۱)

رسالہ مخزن ماہ مئی ۱۹۰۴ء بانگ درا صفحہ ۶۴

۱۔ ذرہ میرے دل کا خورشید آشنا ہونے کو تھا
شکستہ آئینہ عالم نما ہونے کو تھا

۱۔ . . . .
آئینہ ٹوٹا ہوا عالم نما ہونے کو تھا

چاند

(۲۲)

رسالہ مخزن جولائی ۱۹۰۴ء بانگ درا صفحہ ۶۷

۱۔ مین رہ منزل مین ہون تو بھی رہ منزل مین ہے
تیری محفل مین ہے جو سنسان میرے دل مین ہے

۲۔ پھر بھی اے ماہ مبین مین اور ہون تو اور ہے

۱۔ . . .
تیری محفل مین جو خاموشی ہے میرے دل مین ہے

۲۔ . . .

جو [illegible] ہے

بلال

(۲۳)

رسالہ مخزن ماہ ستمبر ۱۹۰۴ء

۱۔ نظر تھی مثل سلیمان اداشناس تری
شراب دید سے بڑھتی تھی اور پیاس تری

۲۔ خوشا وہ وقت کہ یثرب مقام تھا اس کا
خوشا وہ روز کہ دیدار عام تھا اس کا

بانگ درا صفحہ ۷۸

۱۔ نظر تھی صورت سلمان اداشناس تری
...

۲۔ ...
خوشا وہ دور کہ دیدار عام تھا اس کا

جگنو

(۲۴)

رسالہ مخزن ماہ دسمبر ۱۹۰۴ء

۱۔ پروانہ اک پتنگا جگنو بھی اک پتنگا
وہ روشنی کا جویا یہ روشنی سراپا

بانگ درا صفحہ ۸۳

...
وہ روشنی کا طالب یہ روشنی سراپا

صبح کا ستارہ

(۲۵)

رسالہ مخزن ماہ دسمبر ۱۹۰۴ء

۱۔ ہے چمکنے میں مزہ جس کا زیور ہو کر
زینت تاج سر کیانوے قیصر ہو کر

۲۔ لاکھ وہ ضبط کرے پر میں ٹپک ہی جاؤں
دل سے مانند مئے تند چھلک ہی جاؤں

بانگ درا صفحہ ۸۵

۱۔ ہے چمکنے میں مزہ جس کا زیور ہو کر
زینت تاج سر کیانوے قیصر ہو کر

۲۔ ...
ساغر دیدۂ پرنم سے چھلک ہی جاؤں

ہندوستانی بچوں کا قومی گیت

(۲۶)

رسالہ مخزن ماہ فروری ۱۹۰۵ء — بانگ درا صفحہ ۷۰

۱۔ بندے کلیم جس کے پربت جہان کے سینا — ۱۔ . . . . .

نوح نبی کا ٹھیرا آکر جہان سفینا — نوح نبی کا آکر ٹھیرا جہان سفینا

نیا شوالہ

(۲۷)

رسالہ مخزن ماہ مارچ ۱۹۰۵ء — بانگ درا صفحہ ۸۸

۱۔ آ غیرت کے پردے اک بار پھر اٹھا دیں — ۱۔ آ غیرت کے پردے اک بار پھر اٹھا دیں

بچھڑوں کو پھر ملا دیں نقش دوئی مٹا دیں — . . .

۲۔ سوئی پڑی ہوئی ہے مدت سے جی کی بستی — ۲۔ سوئی پڑی ہوئی ہے مدت سے دل کی بستی

آ اک نیا شوالہ اس دیس میں بنا دیں — . . .

۳۔ ہے پریت عاشقوں کی تن من نثار کرنا — ۳۔ شکتی بھی شانتی بھی بھگتوں کے گیت میں ہے

رونا ستم اٹھانا اوروں کو پیار کرنا — دھرتی کے باسیوں کی مکتی پریت میں ہے

(باقی)

لغاتِ جدیدہ

چار ہزار جدید عربی الفاظ کی ڈکشنری۔ قیمت عہ ضخامت ۲۵۷ صفحے

"مینیجر"

ادبیات

انقلاب

از جناب سید محمود حسن صاحب قیصر امروہوی

اے وقت! اچاہئے کوئی پھر تازہ انقلاب — ہے تیز نبض دہر، عناصر مین پیچ و تاب
مائل ہے جبر و ظلم پہ سر ہنگ روزگار — ہر دم ہے قلب سینۂ گیتی مین اضطراب
ہے خار چشم حق مین یہ دنیا کی رنگ و بو — تلوار کی بہار ہے انسان کا خون ناب
انکار دین بن گیا معیار اوج فکر — الحاد ہے کتاب شرافت کا ایک باب
ہر دم نیا نظام ہے دنیا کے سامنے — ہر سانس اک پیام ہو ہر دم اک انقلاب

حبل المتین کو دست خرد سے دئے ہوئے
میدان ارتقا مین تمدن ہے رخش تاب

عزم و ضمیر، رد و کش آہنگ بو لہب — تخئیل آرزو گنہ اہرمن کا خواب
لطف خرام ساقی و ذوق نوای چنگ — رقص و سرود و منجہ و شاہد و شراب
آلودۂ تصور عصیان دماغ و فکر — ہر سانس اک گناہ کبیرہ کا ارتکاب
بے آگہی بہ نغمہ، ضمیر و حواس و عقل — رنگین بیاوہ سبحہ و سجادہ و کتاب
ارزانی متاع نظارہ وہ ہر قدم — رقص صنم وہ دعوت بدمستی و شراب
نذر بتان کئے ہوئے نقد متاع علم — واعظ عبا کی اوٹ مین پینے لگا شراب

اعلانِ فسق ننگ کا موجب نہیں رہا — معمول روز و شب ہے کبائر کا ارتکاب
جسم نفاق و شرک پہ اسلام کی قبا — تہذیبِ نو کے جام میں احکام کی شراب
الجھے ہوئے مجاز میں اندیشہ و خرد — افکار پر محیط ہے پندار کا سحاب
تنگ آگئی ہے جور سے دنیا کی آب و گل — بیزار ہو چکا ہے ایاغِ شکیب و تاب
بیدار ہو چکا ہے جہان، دیر ہو گئی — اب چاہتی ہے چشمِ زمانہ سکونِ خواب
اے روح بیقرار نہ ہو انتظار کر — بدلا ہی چاہتا ہے سکون سے یہ اضطراب
سمجھے ہوئے ہیں جس کو خزاں وہ خزاں نہیں — ترتیبِ نو کا ہے چمنستان کا فتح باب

ہر ایک برہمی ہے پیامِ نظامِ نو
یعنی کہ انقلاب کو لازم ہے انقلاب

غزل

از جناب ڈاکٹر محمد غریب صاحب

سوز نہاں سے، لذتِ آہ و فغاں سے دور — ہم تجھ سے دور ہو کے رہے لطفِ جاں سے دور
کیا مرتبہ ہے صاحبِ تسلیم و صبر کا — تجھ سے قریب، دسترسِ آسماں سے دور
کیا طرفہ ماجرا ہے محبت کا ماجرا — سود و زیاں عشق ہے سود و زیاں سے دور
مقتل سہی وہ کوچہ مگر اہلِ شوق نے — پایا اُسے نہ زندگیِ جاوداں سے دور
پھر سجدہ ہائے شوق میں مصروف ہے جبیں — پھر وہ نگاہِ لطف ہے شرح و بیاں سے دور

قربِ حضورِ دوست بہت دور ہے غریب
جب تک مقامِ دل نہ ہو دونوں جہاں سے دور

مطبوعات جدیدہ

مسلمان شاہی خاندان اور اُن کے سلسلے | مترجمہ جناب عبدالرحمٰن خان صاحب سابق وائس چانسلر جامعہ عثمانیہ تقطیع اوسط ضخامت ۳۶۴ صفحے، کاغذ، کتابت وطباعت بہتر، قیمت پانچ روپے، پتہ ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد دکن۔

مسلمانوں نے اپنے دورِ عروج میں دنیا کے مختلف حصوں میں بہت سی حکومتیں قائم کیں، اور یکے بادیگرے اُن کے بہت سے خانوادے حکمران ہوئے، ان میں سے بڑی بڑی حکومتیں تو عام طور سے معلوم ومشہور ہیں لیکن بہت سی چھوٹی چھوٹی حکومتوں کے نام سے بھی لوگ کم واقف ہیں، عربی میں بھی کوئی ایسی جامع کتاب نہیں ہے جس میں چھوٹی بڑی تمام حکومتوں کا استقصا کیا گیا ہو، رزق اللہ منفلوطی مصری کی تاریخ دول الاسلام میں بھی جو انیسویں صدی کے آغاز کی تصنیف اور اس موضوع پر سب سے زیادہ جامع کتاب ہے، بہت سی حکومتوں کے حالات نہیں ہیں، مشہور انگریز مستشرق اسٹینلی لین پول نے جن کو اسلامی تاریخ کے مورخ کی حیثیت سے خاص شہرت حاصل ہے، دی محمڈن ڈائنا سٹیز کے نام سے انگریزی میں ایک کتاب لکھی تھی، مذکورۂ کتاب اسی کا ترجمہ ہے اس میں آغاز اسلام سے اٹھارہویں صدی کے آخر تک کے ایک سو اٹھارہ مسلمان حکمران خاندانوں اور اُن کی حکومتوں کا مختصر ذکر ہے، مصنف کا مقصد صرف ان کا نقشہ مرتب کرنا تھا اس لئے اس میں انکے سیاسی معاملات نہیں ہیں، بلکہ ہر حکومت کی بقدر تعارف تاریخ اور اُن کے حکمرانوں کی فہرست ہے، اس کتاب کی تالیف کے زمانہ یعنی اٹھارہویں صدی سے اس وقت تک اسلامی دنیا میں جو تغیرات ہوئے ہیں، اور جو پرانی حکومتیں ختم ہوکر اُن کی

نئی حکومتیں قائم ہوگئی ہیں، مترجم نے دیباچہ میں ان کا مختصر تذکرہ کردیا ہے، اور اب اس کتاب سے خلافتِ راشدہ سے لیکر اس وقت تک کی تمام اسلامی حکومتوں کا نقشہ معلوم ہوجاتا ہے، اس حیثیت سے یہ کتاب قابلِ قدر ہے،

معدنی دباغت از جناب سید امداد علی صاحب دباغ سیلانوی تقطیع بڑی ضخامت ۱۸۹ صفحے کاغذ کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد عہ، مجلد عہ، پتہ مصنف مقام مراد ریاست گوالیار سے ملے گی،

جانوروں کی کھال بھی ملک کی آمدنی کا ایک معقول ذریعہ اور اس کی دباغت ایک معاشی صنعت اور مستقل فن ہے، اردو میں اس فن پر کوئی کتاب نہیں تھی، مصنف نے جو اس فن کے ماہر اور ریاست گوالیار کی لیدر فیکٹری کے منیجر رہ چکے ہیں، اس موضوع پر یہ کتاب لکھی ہے، اس میں فنِ دباغت کی مختصر تاریخ، کھالوں کی حفاظت اور ان کی دباغت کے طریقوں، اور اُن سے متعلق جملہ معلومات کو بڑی تفصیل کے ساتھ لکھا ہے، اور اُن کی عملی تشریح کے لئے بہت سی تصویریں اور نقشے بھی کتاب میں دیدیئے ہیں، اردو میں اس موضوع پر یہ پہلی کتاب ہے، جس میں بڑے کارخانوں کی اعلیٰ دباغت سے لے کر دیہاتوں کے سادہ طریقوں تک کے لئے یکساں مفید معلومات ہیں جو اس فن کے کاریگروں کے لئے نہایت مفید ہیں،

قانون بین الممالک از جناب ڈاکٹر حمید اللہ صاحب استاذ قانون بین الممالک جامعہ عثمانیہ تقطیع چھوٹی ضخامت ۲۵۶ صفحے، کاغذ کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد تین روپے، پتہ احسان بک ڈپو، رسالہ عبداللہ حیدرآباد دکن،

مصنف کی علمی شہرت تعارف سے مستغنی ہے، عرصہ ہوا انھوں نے قانون بین الممالک اور ان کے اصول ونظیروں یعنی مختلف سلطنتوں کے باہمی تعلقات کے دستور العمل اور اُن سے متعلقہ قوانین پر یہ کتاب لکھی تھی اب مزید ترمیم واضافوں کیساتھ اس کا دوسرا اڈیشن شائع کیا ہے، ہندوستان کی آزادی کے بعد خارجہ تعلقات کی بنا پر اب ہندوستان

مین بھی قانون بین الممالک کی اہمیت بڑھ گئی ہے اور متحدہ یونیورسٹیون مین اس کے شعبے قائم ہو گئے ہین، اس لئے اردو مین ایسی کتابون کی ضرورت ہے، طلبہ بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہین،

تحقیقی مقالے از جناب محمد معین الدین صاحب دردائی تقطیع چھوٹی ضخامت ۱۵۶ کاغذ کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد عہ پتہ محمد مظفر الدین بی اے پاکستان کتاب گھر پٹنا،

یہ کتاب اردو زبان وادب سے متعلق مصنف کے چار مقالون کا مجموعہ ہے، پہلے مقالہ مین اردو کی تاریخی اہمیت دکھائی گئی ہے، دوسرے مین اس کی پیدائش اور ترقی کی تاریخ بیان کی گئی ہے، تیسرے مین اردو نثر کی سرگذشت ہے، چوتھے مین دکن کے قدیم مثنوی گو شعراء کا مختصر تذکرہ اور ان کی مثنویون پر تبصرہ ہے، ان مقالون مین اگرچہ کوئی نئی تحقیق نہین ہے، بلکہ پرانے معلومات کو سلیقہ کے ساتھ جمع کر دیا گیا ہے، تاہم اردو زبان وادب کی تاریخ سے دلچسپی رکھنے والون کے اجمالی معلومات کے لئے اس کا مطالعہ مفید ہے،

حضور انور از مولانا صبغۃ اللہ صاحب فرنگی محلی تقطیع چھوٹی ضخامت ۱۰۴ صفحے کاغذ کتابت وطباعت بہتر قیمت قسم اول بہر قسم دوم ایک روپیہ پتے مکتبہ جامعہ ملیہ وصدیقی بک ڈپو امین آباد لکھنؤ، انصاری لائبریری فرنگی محل لکھنؤ، وانوار بک ڈپو نبدر روڈ کراچی،

اس کتاب مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مختصر سیرت پاک قلمبند کی گئی ہے، مصنف کی تصریح سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا کچھ حصہ مصر کے ایک اہل قلم احمد تاجی کی کتاب النبی الاعظم کا ترجمہ اور کچھ حصہ خود اُن کی تالیف ہے، زبان صاف اور سلیس اور انداز بیان شگفتہ اور بچون کے پڑھانے کے لائق ہے، اگر سوانح نبوی کے ساتھ اسوۂ حسنہ کے کچھ واقعات بھی بڑھا دیئے جاتے، تو کتاب اور زیادہ مفید ہو جاتی،

آئینہ از جناب حاجی اصطفا خان صاحب مالک کارخانہ عطر اصغر علی ومحمد علی لکھنؤ، تقطیع اوسط ضخامت ۳۲۰ صفحے کاغذ کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد عہ پتہ: خانہ بلڈنگ لکھنؤ،

مصنف کو فنون لطیفہ سے خاص ذوق ہے، بعض فنون مین ان کی مہارت کل ہند شہرت

رکھتی ہے، شعر و سخن سے بھی اُن کو ذوق ہے، آئینہ اُن کے کلام کا مجموعہ ہے، اس کے شروع مین مصنف کے قلم سے اُن کے مختصر حالات اور جناب نکہت شاہجہانپوری کے قلم سے کلام پر تبصرہ ہے، اصل مجموعہ، حمد، نعت، منقبت، غزلیات، نظمون، رباعیات، قطعات، سہرے، تاریخ وغیرہ سے اضافہ سخن پر مشتمل ہے، جو مصنف کی قدرتِ کلام کا ثبوت ہے، اور ہر صنف مین مشق سخن کی پختگی نمایان ہے، زبان صاف و شستہ اندازِ بیان شگفتہ، خیالات مین حسن مذاق کے ساتھ تغزل کی رنگینی، اور جابجا وہ معرفت کی چاشنی بھی ہے، نعت و منقبت اور صوفیانہ مضامین مین اعتدال قائم رکھنا بہت مشکل ہے، اس لئے مصنف سے بھی کہین کہین بے اعتدالی ہوگئی ہے، مجموعی حیثیت سے آئینہ اصحاب ذوق کے مطالعہ کے لائق ہے،

مفتاح العربیہ از جناب مولانا محفوظ الرحمٰن صاحب پارلیمنٹری سکریٹری تقطیع اوسط، ضخامت، ۱۲ صفحے، کاغذ معمولی کتابت وطباعت بہتر قیمت ہدیہ، پتہ:- الکلیل پرنٹنگ پریس، بہرائچ،

آج کل بڑے بڑے تعلیم یافتہ مسلمان تک کلام مجید کے معنی و مطالب کو نہین سمجھ سکتے، مذہب سے بے توجہی کے علاوہ اسکی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ عربی کی باقاعدہ تعلیم مین بڑا وقت صرف ہوتا ہے، اس لئے جن لوگون کو مذہب کا ذوق بھی ہے ان کو بھی عربی کی تعلیم کا وقت نہین ملتا، اس مشکل کو حل کرنے کے خاص طور سے کلام مجید کی تعلیم اور اسکے ترجمہ کی استعداد پیدا کرنے کے لئے بہت سی کتابین لکھی گئی ہین، اور اس سلسلہ مین لکھنؤ کا ادارہ تعلیمات اسلامی بڑا کام کر رہا ہے، مصنف نے بھی جن کو عربی کی تعلیم و تدریس کا وسیع تجربہ ہے اس مقصد کے لئے مفتاح العربیہ لکھی ہے اس مین صرف و نحو کے ضروری قواعد کو کلام مجید ہی کے الفاظ و فقرون سے سمجھایا گیا ہے اور اسکی مشقین لغات اور کچھ فقرے بھی اسی سے دیئے گئے ہین جس سے بقدر ضرورت عربی کی تعلیم کے ساتھ ہی ساتھ کلام مجید کے ترجمہ کی استعداد بھی پیدا ہوتی جاتی ہے، اور ایک پڑھا لکھا شخص اس کتاب کی مدد سے چند مہینون مین کلام مجید کا معمولی ترجمہ آسانی کیساتھ کر سکتا ہے

جلد ۶۴ ماہ ذیقعدہ ۱۳۶۸ھ مطابق ماہ ستمبر ۱۹۴۹ء عدد ۳

مضامین

شذرات — شاہ معین الدین احمد ندوی — ۱۶۲-۱۶۴

مقالات

اسلامی ہند کے تمدنی کارنامے — مولانا عبدالسلام ندوی — ۱۶۵-۱۸۶

حضرت ایوب علیہ السلام — مولانا ابوالجلال ندوی رفیق دارالمصنفین — ۱۸۷-۱۹۸

ترکی ادبیات کا نیا رجحان — جناب مولوی محمود علی خان صاحب مولوی فاضل بی اے مہتمم جامعہ احمدیہ بھوپال، — ۱۹۹-۲۱۴

اصلاحات اقبال — جناب محمد بشیر الحق صاحب دسنوی — ۲۱۵-۲۳۵

ادبیات

غزل — جناب مولوی اقبال احمد صاحب سہیل بی اے — ۲۳۶-۲۳۷

مطبوعات جدیدہ — "م" — ۲۳۸-۲۴۰

تاریخ اسلام حصہ سوم

(خلافت عباسیہ اول) یعنی ابوالعباس سفاح ۱۳۲ھ سے ابواسحاق مستعین ۲۴۸ھ تک

دو صدیوں کی سیاسی تاریخ ۴۰۰ صفحات، قیمت معہ (طبع دوم)

شذرات

زبان کے بارہ مین گو ابھی دستور ساز اسمبلی مین آخری فیصلہ نہین ہوا ہے، لیکن اس کے قریب قریب کل ہندو ممبر ہندی زبان اور دیوناگری رسم الخط کیلیے مصر ہین، زبان کی مسودہ کمیٹی نے بھی جسکے ایک ممبر مولانا ابوالکلام تھے، ان کے احتجاجی استعفی کے باوجود یہی فیصلہ کیا ہے، اس سے بھی بڑھکر کانگریس کی ورکنگ کمیٹی اور دستور ساز اسمبلی کی کانگریس پارٹی نے بھی جن سے ہندوستانی کی حمایت کی توقع ہوسکتی تھی، ہندی ہی زبان اور دیوناگری رسم الخط کی تائید کی ہے، ان حالات مین دستور ساز اسمبلی کا جو فیصلہ ہوگا وہ ظاہر ہے، اب اس بارہ مین بحث و گفتگو اور شکوہ و شکایت بیکار ہے، ممکن ہے آیندہ حالات موجودہ ذہنیت اور اس فیصلہ کو بدلنے پر مجبور کرین لیکن اسوقت ہندو تہذیب کی تجدید کے خواب اور قوت و اقتدار کے نشہ مین یہ باب حکومت سے زبان کے مسئلہ مین معقولیت کی توقع رکھنا عبث ہے

لیکن اس فیصلہ سے اردو زبان ختم نہین ہوسکتی بلکہ ایک حیثیت سے یہ فیصلہ خالص اردو کے حق مین مفید ہے، اگر "ہندوستانی" حکومت کی زبان قرار دیجاتی تو اردو کے حامی بھی اس پر ٹوٹ پڑتے، اور آنی تو جہ اردو کی جانب بہت کم رہ جاتی لیکن ہندی کے ملک کی زبان قرار پاجانے کے بعد گو اردو کے حامی بھی اسکو سیکھینگے لیکن اردو سے انکا تعلق منقطع نہ ہوگا خصوصاً مسلمان تو کسی حال مین بھی اردو کو نہین چھوڑ سکتے، اسکے چھوڑنے کے معنی یہ ہین کہ وہ اپنے کلچر اور جماعتی وجود کو خیر کہدین، اور اب انھین اردو کو اسکی تمام خصوصیات کے ساتھ زندہ رکھنے کا حق ہے، اسمین شبہہ نہین کہ زبان کی ترقی مین حکومت کی سرپرستی کو بڑا دخل ہے لیکن وہ عام بول چال کی زبان کو نہین مٹا سکتی، اسلیے روزمرہ کی اردو کے مٹنے کا کوئی امکان نہین ہے، کوئی مصنوعی زبان اسکی جگہ نہین لے سکتی، وہ زیادہ سے زیادہ ایک محدود حلقہ کی علمی و ادبی زبان ہوکر رہ جائیگی، اس سے زیادہ اسکی اور کوئی حیثیت نہین ہوسکتی، جو کچھ سوال ہے وہ علمی و ادبی اردو کی بقا کا ہے لیکن اگر اسکے حامی اسکو باقی رکھنا چاہینگے تو وہ بھی ختم نہین ہوسکتی۔

اُردو مین آگے بڑھنے اور ترقی کرنے کی فطری صلاحیت ہی، وہ خود روپودے کی طرح پیدا ہوئی، عوام کی بدولت پھیلی اور عام شاعرون اور اہل علم وقلم نے اسکو علمی زبان بنایا، حکومت سے اسکا تعلق تو اس وقت قائم ہوا جب یہ زبان بن چکی تھی، اور حکومت بھی بڑے نام کی لگی تھی، اسمین اتنی کشش اور ایسا تیر ہی کہ وہ دوسری زبانون کو متاثر کرتی رہی ہی، چنانچہ ہندوستان کی کوئی زبان بھی اسکے اثرات سے خالی نہین ہی، اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ عوام کی زبان ہی اور اسمین قریب قریب ہندوستان کی ہر زبان کے الفاظ ہین، اسلیے وہ کم وبیش ہر جگہ سمجھی جاتی ہی، وہ سب سے اسکا دامن نہایت وسیع ہی، اس نے مختلف زبانون کے ہزارون الفاظ واصطلاحات کو اپنایا ہی اور وہ مدتون سے ایک اعلیٰ اور بلند تمدن کی نمایندہ ہی، اسلیے اس مین حکومت وسیاست کے ہر شعبہ علوم وفنون، اور تہذیب ومعاشرت کی ہر شاخ اور اسکے لطیف سے لطیف مظاہر کے متعلق ہزارون دلکش الفاظ اور اصطلاحین موجود ہین جو ہندوستان کی کسی زبان کو نصیب نہین، اسلیے وہ ان کو لینے پر مجبور ہین، چنانچہ آج بھی ہندی زبان مین اس قسم کے اُردو کے بہت سے الفاظ موجود ہین، جنکو نکالکر نا مانوس الفاظ گڑھے جارہے ہین، لیکن جب اردو کی مخالفت کا بخار دور ختم ہوگا تو وہ ہندی کو متاثر کرے رہیگی، اسلیے اُردو کو باقی رکھنے کیلیے بہت تھوڑے سے سہارے کی ضرورت ہے۔

حکومت زیادہ سے زیادہ خود اردو کی امداد اور سرپرستی نہ کرے گی لیکن اس نے اسکی خدمت تو جرم نہین قرار دی ہے، زبانین حکومت کے سہارے نہین بلکہ اپنے بولنے والون کے بل بوتے پر زندہ رہتی ہین، اسلیے اگر اردو کے حامی اسکو زندہ رکھنا چاہین گے تو اسکو کوئی طاقت ختم نہین کرسکتی، لیکن جو کچھ خطرہ ہی وہ انہی سے ہی، ان مین سے تعصب، عامون کے بھڑکے اور ملازمتون کے دیوانے اردو سے منہ موڑکر انگریزی کی طرح ہندی کی جانب ٹوٹین گے، حالانکہ ہندی کیساتھ اردو کا تعلق قائم رکھنا بہت آسان ہی، جن لوگون کو اردو سے دلچسپی تھی وہ انگریزی کیساتھ جو بالکل اجنبی زبان تھی، اردو کا تعلق قائم رکھتے تھے، تو ہندی کیساتھ جو اردو سے بہت قریب ہی اور دونون مین بہت سی چیزین مشترک ہین اردو سیکھنا بہت آسان ہی، لیکن یہ اس وقت ممکن ہی جب اردو کے حامی اسکو زندہ رکھنا چاہین، اولاً وہ کروڑون ہندو مسلمانون کی زبان ہی، لیکن اگر بالفرض اس کو تنہا مسلمانون ہی کی زبان مان لیا جائے تو اگر تین ساڑھے تین کروڑ مسلمان مل کر بھی اسکو زندہ نہین رکھ سکتے تو اردو کیا معنی ان کی ہر چیز کو مٹ جانا چاہیے۔

اردو کی بقا کیلیے کسی بڑی جد وجہد اور ایثار و قربانی کی ضرورت نہین، محض تھوڑی سی توجہ درکار ہے، اسکی چند موٹی تدبیرین یہ ہین کہ اردو کے حامی اپنے بچون کو ہندی کے ساتھ اردو کی تعلیم دلانا بھی اپنا فرض تصور کرین، اگر سرکاری اسکولون مین اس کا انتظام ممکن نہ ہو تو پرانے مکتبی طریقہ کے مطابق گھر پر ابتدائی تعلیم دیجائے، ضروری اور ناگزیر صورتون کے علاوہ تحریر و تقریر اور خط و کتابت وغیرہ مین اردو ہی استعمال کی جائے، اردو اخبارات و کتابون کا مطالعہ کیا جائے، جا بجا اردو کی لائبریریان اور ادبی مجلسین قائم کی جائین، مشاعرون کو ترقی دیجائے، ابتدائی تعلیم کے لیے ایسی ریڈرین تیار کی جائین جن کے ذریعہ بچے کم سے کم وقت مین اور آسانی کے ساتھ اردو لکھنا پڑھنا سیکھ سکین، بالغون کی تعلیم کا نظام قائم کیا جائے، اردو کا ہر حامی کم سے کم ایک ناخواندہ کو اردو سکھانا اپنا فرض بنالے، اردو کے غیر سرکاری امتحانون کا طریقہ رائج کیا جائے، بلکہ جامعہ اردو اگرہ کو جسکا مرکز اب علی گڈھ ہو گیا ہے اور جو عرصہ سے اس کام کو انجام دے رہی ہے، ترقی دیجائے، اور گورنمنٹ سے مطالبہ کیا جائے کہ وہ اس کی سندون کو اردو کی سرکاری سندون کے برابر قرار دے، اس کے علاوہ اردو کے تحفظ اور ترقی کی اور بہت سی صورتین ہین، لیکن سب سے پہلی شرط عمل ہے۔

ابتدائی تعلیم کی زبان اور ثانوی اسکولون مین مختلف زبانون کی تعلیم کے بارہ مین وزارت تعلیم کی کانفرنس اور یونیورسٹی کمیشن کا یہ فیصلہ کہ بچون کی ابتدائی تعلیم ان کی مادری زبان مین دیجائیگی اور مادری زبان وہ مانی جائیگی جو بچون کے والدین بتائین گے، اور جس ثانوی اسکول مین چالیس طالب علم یا کسی درجہ مین دس طالب علم کسی زبان کو سیکھنا چاہین گے تو اس کا انتظام کیا جائے گا، تعلیمی نقطہ نظر سے بھی نہایت مناسب اور مفید ہے، اور اس سے مختلف صوبون کے باشندون کو بھی اطمینان ہو جائے گا، بشرطیکہ اس پر عمل بھی ہو، درحقیقت بچون کو غیر مادری زبان مین ابتدائی تعلیم دینا تعلیم سے دشمنی ہے، ضرورت ہے کہ جمعیتہ العلماء، مسلم ایجوکیشنل کانفرنس اور انجمن ترقی اردو مذکورۂ بالا فیصلہ کے نفاذ کی نگرانی کا فرض انجام دین، جہان اس پر عمل نہ ہو رہا ہو وہان کے باشندے ان اداروں کے ذریعہ حکومت تک شکایت پہنچائین، ورنہ جیسا کہ تجربہ ہے محض مقامی کوشش بے سود ہوگی۔

مقالات

اسلامی ہند کے تمدنی کارنامے

رفاہِ عام کے کام

از مولانا عبدالسلام ندوی

(۲)

نہر | رفاہِ عام کی جن چیزون کا ذکر اوپر کیا گیا، اگرچہ اُن کا فیض نہایت وسیع و عام تھا، تاہم خاص خاص طبقون تک محدود تھا، شفاخانون سے صرف مریض فائدہ اٹھا سکتے تھے، سرایون اور مہمان خانون سے صرف مسافرون کو فائدہ پہنچتا تھا، اور لنگر خانون سے صرف فقرا و مساکین متمتع ہوتے تھے، لیکن نہر، تالاب، کنوئین، اور پل وغیرہ کا فائدہ کسی خاص طبقے تک محدود نہین ہے، بلکہ اس سے مریض و صحیح اور غریب و امیر سب یکسان طور پر فائدہ اٹھا سکتے ہین، اور فرمانروایانِ اسلام نے ہندوستان مین اس قسم کے بکثرت آثار خیر اپنی یادگار چھوڑے ہین،

ان چیزون مین ہندوستان جیسے زرعی ملک کے لئے نہرین سب سے زیادہ ضروری ہین، اور غالباً سب سے پہلے فیروز شاہ تغلق نے متعدد نہرین جاری کین، چنانچہ اس نے ۷۵۵ھ مین جب دلّی کے پاس دریاے جمنا کے کنارے فیروزآباد کو آباد کیا، تو ستلج سے جھجھر تک جس کی مسافت ۱۵۰ کوس ہے، ایک بڑی نہر نکالی، اور ۷۵۶ھ مین دریاے جمنا سے ایک نہر نکال کر اس کے ساتھ سات نہرین اور ملائین، اور اُن کو ہانسی تک لے گیا،

اور اس کے بعد حصار فیروزہ کے نام سے ایک حصار قائم کیا، اور اس حصار کے نیچے محل کے پاس ایک تالاب کھدوایا، اور اس کو نہر کے پانی سے پر کیا، آب کمکر سے ایک اور نہر نکالی اور اس کو حصار سرستی سے آگے بڑھا کر نہر سرکھتر تک پہنچایا، اور اس جگہ فیروزآباد کے نام سے ایک شہر آباد کیا، اور جمنا سے ایک نہر نکال کر اس شہر کے تالاب مین ملایا[۱]، اس کے بعد سلطان زین العابدین نے کشمیر مین نہایت کثرت سے زرعی نہرین جاری کین، چنانچہ تاریخ فرشتہ مین ہے،

"اکثر اوقات او بتعمیر ولایات و تکثیر زراعات دیر آورون آبہا بجاے رود مصروف می گشت"[۲]

در کالپور وغیرآن آبہا از دور آورده، جویہا میکند، و بلہا می بست و زراعتہا بسیار می فرمود، و

در مملکت کشمیر ہیچ زمینے بے آب و زراعت نماند"[۳]

اس کے بعد تیموری دور مین ایرانی طرز کی نہرون کا رواج ہوا اور اکبر کے دور حکومت مین اُس کی ابتدا ہوئی، ایران مین نہرین اور چشمے باغون اور گھرون مین جاری رہتے ہین، اور لوگ اُن سے بآسانی فائدہ اٹھاتے ہین لیکن ہندوستان مین اس قسم کی نہرون اور چشمون کا وجود نہ تھا، چنانچہ بابر تزک مین لکھتا ہے:-

"در باغ و عمارتہا آب روان نے"

یہان کے لوگون کا دارومدار صرف کنوون، تالابون اور ندیون کے پانی پر تھا جن کی نہایت کثرت تھی، اور بعض شہرون اور دیہاتون کے متصل واقع تھین لیکن اُن سے نہرین اور چشمے نکال کر گھرون، اور باغون مین نہین لائے جاتے تھے، بلکہ لوگ کنوون اور تالابون کی طرح ندیون سے پانی نکال کر اپنے گھرون مین لاتے تھے، اور اس کو استعمال کرتے تھے، لیکن دور تیموری مین خانخانان نے بالکل ایرانی طرز پر برہانپور مین اس قسم کی ایک نہر نکالی اور لعل باغ سے مسجد جامع تک جو برہانپور کے میدان کے بیچ یعنی وسط شہر مین واقع ہے، اس کو پختہ کرایا، اور مسجد مین ایک حوض اور ایک عمارت تیار کرائی، کہ اس مین اس نہر کا پانی جمع رہے، اور لوگ آسانی کے ساتھ وضو کر سکین، اور وہان سے اہل شہر اپنے مکانون مین پانی

[۱] فرشتہ جلد ۱ صفحہ ۱۶۱
[۲] ایضاً جلد ۲ ص ۴۴۲
[۳] ایضاً صفحہ ۴۴۳

لے جاسکین، اور وہ اہلِ شہر کے اکثر مکانون مین جاری ہوسکے۔

مولانا فریدالدین منجم دہلوی نے اس نہر کی تاریخ بنایہ نکالی ہے۔

سپہ سالار گیتی خانخانان ستون بارگاہِ شہریاری
کفِ راد شش پلِ ردِ سوال است نم دستش زجود ابر بہاری
روان کردہ بشہر اندر قناتے کز و سیراب کرد سوتی و واری
درایام جہانگیر جہان بخش کہ از فرقش بناز د تاجداری
گرفت انجام کار چشمۂ خیر مبادا انجام جریانش زیاری
بود چون دولت نامیش لازال بود تا دور ہاے روزگاری
دلِ دانا ز تاریخش بہ پرسید جوابش داد ہاتف خیر جاری[1]
۱۰۴۴

اس کے بعد ۱۰۴۹ھ مین علی مردان خان کشمیر سے شاہجہان کی خدمت مین حاضر ہوئے، اور عرض کی کہ میرے ساتھ ایران کے چند اشخاص ہین، جو نہرون کے کھودنے مین مہارت رکھتے ہین اگر حکم ہو تو دریاے راوی سے ایک نہر نکال کر شہر مین لائی جائے، جس سے شہر کے مزروعات اور باغات سرسبز و شاداب ہون، اور شہر کی رونق کے ساتھ زمینون کے محاصل مین بھی اضافہ ہو، شاہجہان نے اس تجویز کو پسند کیا، اور اس کے مصارف کے لئے لاکھ روپے عطا کئے، علی مردان خان نے اس کام کے لئے ایک معتبر شخص کو مقرر کیا، اور اُس نے ۴۰ کوس جریبی کی مسافت سے کہ راوی اور لاہور مین اسی قدر فاصلہ تھا، نہر نکالنی شروع کی[2] لیکن چونکہ اس سے لاہور کے آس پاس کے باغون مین اچھی طرح پانی نہین پہنچتا تھا، اس لئے شاہجہان نے لاکھ روپے اور دیئے، لیکن اس سے بھی نہر کی مرمت نہ ہوسکی اور پچاس ہزار روپیہ صرف کرنے کے بعد بھی کوئی نتیجہ نہین نکلا، اب ملا علاء الملک تونی نے جو فنون ریاضی

---

[1] مآثر رحیمی جلد دوم ص ۲۰۱، ۲۰۲، ۲۰۳، [2] خافی خان جلد اوّل ص ۵۷۱،

کے ماہر تھے، اور علم آب نرازو سے بھی واقفیت رکھتے تھے، اس نہر کو پانچ کوس تک قائم رکھکر ۳۰ کوس تک اور کھدوایا، اور اس ترمیم واصلاح کے بعد شہر مین کافی پانی آنے لگا۔[۵۱]

اس کے بعد قطب الملک سید عبداللہ خان نے جو فرخ سیر کے وزیر اعظم تھے ۱۱۲۷ھ مین شاہجہان آباد مین ایک نہر نکالی جس کی نسبت صاحب مآثر الامراء لکھتے ہین،

"از آثار اوست نہر پٹہ پر گنج واقع شاہجہان آباد (کہ از بے آبی حکم گربلا داشت) قطب الملک در سنہ (۱۱۲۷ھ) سبع وعشرین ومائۃ والف نہرے از اصل نہر شاہجہانی بریدہ آوردہ آن خطہ را در وفور آب احیا نمود"

میر عبدالجلیل بلگرامی نے اس نہر کے متعلق دو شعر کا ایک تاریخی قطعہ لکھا ہے،

بحر جود وفیض قطب الملک عبداللہ خان — نہر خیرے کرد جاری آن وزیر محتشم
بہر آن عبدالجلیل واسطی تاریخ گفت — نہر قطب الملک مدبحر احسان وکرم[۵۲]

تالاب | نہرون کی طرح آب پاشی اور دوسری ضروریات کے لئے تالابون کی بھی ضرورت ہے، اور فرمانروایان اسلام مین سلطان علاؤالدین خلجی نے سب سے زیادہ اس طرف توجہ کی، اور دوسری عمارتون کے ساتھ بکثرت تالاب کھدوائے، چنانچہ فرشتہ مین ہے،

"آن قدر عمارت کہ در عہد او بنا یافت از مسجد وخانقاہ وحوض ومنار وحصار در ہیچ عصرے بوقوع نیامدہ"[۵۳]

اس کے بعد تیموری دور مین شہنشاہ اکبر نے تعمیرات کا ایک مستقل محکمہ قائم کیا، اور اس کے ذریعہ سے بکثرت تالاب کھودے گئے، آئین اکبری مین ہے،

"وفرمودند آب گیر وچاہ کہ جان دار وے زندگان وآبروے زمینہا است بروے کار آید"[۵۴]

---

[۵۱] مآثر الامراء حصہ سوم ص ۳۳۳ [۵۲] ایضاً ص ۳۳۴ [۵۳] فرشتہ جلد اول ص ۱۷۱ [۵۴] آئین اکبری جلد اول صفحہ ۱۵۰

اس محکمہ کے علاوہ دورِ اکبری مین انفرادی کوششون سے بھی متعدد تالاب کھودے گئے، چنانچہ امرائے اکبری مین شیخ عبدالرحیم لکھنوی نے ایک برہمن عورت کشنا نامی کو گھر مین ڈال لیا تھا، اور جب ان کا انتقال ہوا تو اُس نے بہت سے پُرتکلف مکانات بنوائے، اور تالاب کھدوائے[1]، اسی دور مین شاہ قلی خان المتوفی ۱۰۱۰ھ نے اپنے وطن نارنول مین ایک بہت بڑا تالاب کھدوایا[2]،

امرائے اکبری مین ایک اور نہایت فیاض بزرگ شیخ فرید مرتضیٰ خان تھے، انھون نے دلّی مین فریدآباد کو آباد کیا تھا، اور اس مین بہت سی عمارتون کے ساتھ ایک تالاب بھی اپنی یادگار مین چھوڑا، چنانچہ مآثرالامرا مین ہے :

"در دہلی فریدآباد با عمارات و تالاب یادگار گذاشت[3]"

امرائے اکبری مین اعتماد خان نے بھی آگرہ سے ۶ کوس کے فاصلہ پر ایک گاؤن اعتماد پور کے نام سے آباد کرایا، اور اس مین ایک تالاب کھدوایا، اور اسی گاؤن مین اپنا مقبرہ بھی تعمیر کرایا[4]، جو آج زیارت گاہِ عام و خاص ہے،

ان مثالون سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ مین دیہاتون کی آبادی اور رونق کا ایک ضروری جزو تالاب بھی تھے، اس لئے جو لوگ دیہاتون کو آباد کرتے تھے، وہ وہان اور چیزون کے ساتھ تالاب بھی کھدواتے تھے،

اکبر کے بعد جہانگیر نے تالابون کے کھدوانے کا ایک خاص نظام قائم کیا، اور اپنی تخت نشینی کے ساتھ ہی عام اعلان کیا کہ

"در ممالکِ محروسہ از کافر و مسلمان ہر کس کہ فوت شود مال و منالِ او بورثہ او واگذارند، ہیچ کس دران دخل ننماید و اگر وارث نداشتہ باشد بجہت ضبطِ آن امول مشرف و تحویلدار

---

[1] مآثرالامرا و حصہ دوم ص ۶۷۵ [2] مآثرالامرا، حصہ دوم ص ۶۰۰ [3] ایضاً ص ۶۳۹ [4] ایضاً حصہ اول ص ۹

علوفہ تعین نمایند تا آن وجہ بمصارف شرعی کہ ساختن مساجد و سرا ہا و مرمت پلہائے شکستہ و احداث تالابہا و چاہ ہا باشد صرف شود"[۵۱]

اسی زمانے مین ملک عنبر نے دکن مین ایک تالاب کھدوایا، اور اس سے ایک گانون کی رونق و آبادی مین اضافہ کیا، چنانچہ صاحب مآثر الامرا لکھتے ہین،

"با این ہمہ فساد و ہنگامہ (کہ پیوستہ با فوج مغل و لشکر دکن زد و خورد داشتہ) موضع کھرکی پنج کروہی دولت آباد را کہ الحال بخجستہ بنیاد اورنگ آباد موسوم است) باحداث تالاب و طرح باغ و عمارات عالیہ معمورۂ عظیم ساخت"[۵۲]

جہانگیر کے بعد شاہجہان نے عمارتون اور باغون کی رونق و سرسبزی کے لئے متعدد حوض و تالاب بنوائے، چنانچہ حافظ رحمت نے سہرند مین اکبر کے زمانہ مین ایک نہایت عمدہ باغ لگوایا تھا، ایک بار شاہجہان نے اس مین قیام کیا، تو اس کے متصل ایک نہایت عمدہ تالاب کھدوایا[۵۳]، اسی مقام پر دیانت خان فوجدار سہرند کو حکم دیا کہ ایک نہایت عمدہ عمارت تیار کرائین، جس کے ایک طرف باغ اور دوسری طرف تالاب ہو[۵۴]، کشمیر کے ایک گاؤن اچول مین جس کا نام شاہجہان نے صاحب آباد رکھا تھا، جہانگیر نے جو شاہی عمارتین تیار کرائی تھین، وہ شاہجہان کو پسند نہ آئین، اس لئے حکم دیا کہ اُن کے بجائے دوسری عمارتین آبشارون اور حوضون کے ساتھ تعمیر کرائی جائین[۵۵]

شاہجہان کے بعد اگرچہ عالمگیر نے خود کوئی حوض یا تالاب نہین کھدوایا، لیکن امرائے عالمگیری مین خان زمان نے قصبہ نارنول مین ایک عظیم الشان تالاب کھدوایا، جس کے سامنے شاہ قلی خان کے تالاب کی کوئی وقعت نہین رہی، چنانچہ صاحب مآثر الامرا لکھتے ہین،

---

۵۱ تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۵ ۵۲ مآثر الامرا حصہ سوم ص ۹۳۵ بادشاہ نامہ حصہ دوم ص ۵۳ ایضاً ۵۴ ایضاً حصہ دوم ص ۱۵،

"و در ظاہر آن قصبہ خلیل ساگر تالابے بر ساخت کہ تال شاہ قلی خان محرم را پیشتر آبرو نماند"[۵۱]

عالمگیر کے بعد محمد شاہ بادشاہ کے زمانہ مین حسین علی خان نے اورنگ آباد مین ایک حوض بنوایا جس کو عضد الدولہ عوض خان المتوفی ۱۱۴۳ھ نے اور بھی زیادہ وسیع کیا، چنانچہ خافی خان لکھتا ہے:

"و حوض آب در خجستہ بنیاد بنا گذاشتہ اوست، اگرچہ عضد الدولہ عوض خان بہادر در وسعت ارتفاع عمارت مسجد افزودہ اما اصل بانی بناے خیر جاے آن حوض دریا موج در ایام تابستان از قلت آب سکنہ خجستہ بنیاد در عذاب بودند حسین علی خان گردیدہ"[۵۲]

کنوئین فرمانروایانِ اسلام نے ہندوستان مین تالابون کی طرح نہایت کثرت سے کنوئین بھی کھدوائے، تاریخ فرشتہ مین لکھا ہے کہ

"..... فیروز شاہ تغلق نے اپنے دور حکومت مین ڈیڑھ سو کنوئین کھدوائے تھے"[۵۳]

اس کے بعد شیر شاہ نے بنگال سے لے کر آگرہ تا ملتان و سیہوت تک مسافرون کے لئے راستون مین پختہ کنوئین تیار کرائے[۵۴] شیر شاہ کے بعد اکبر نے ایک مستقل محکمہ تعمیرات قائم کیا، اور اس کے ذریعہ بکثرت کنوئین کھدوائے[۵۵]

خلاصۃ التواریخ مین ہے کہ اکبر نے اجمیر سے فتح پور تک ایک ایک کوس کے فاصلے پر پختہ کنوئین کھدوائے تھے، تاکہ وہ کوس کی علامت قرار پائین، اور اسی کے ساتھ منارے بھی بنوائے تھے، اور اُن پر شکار شدہ ہرنون کی سینگین لگوائی تھین تاکہ رہروان را اعتقادے و دلیلے بودہ باشد"

اکبر کے بعد جہانگیر نے ایک عام قاعدہ مقرر کر دیا کہ جو لوگ لاوارث مرجائین، اُن کے مال سے سرکاری طور پر مسجدین اور سرائین تعمیر کرائی جائین، ٹوٹے ہوئے پلون کی مرمت کرائی جائے اور

---

۵۱ مآثر الامرا، حصہ اوّل ص ۸۶، ۵۲ خافی خان حصہ سوم ص ۴۲۹ ۵۳ فرشتہ جلد اوّل ص ۱۵۱ ۵۴ خافی خان جلد اوّل ص ۱۰۲ ۵۵ آئین اکبری جلد اول ص ۱۱۵،

کنوئین اور تالاب کھدوائے جائین، یہ تو خاص سرکاری انتظام تھا لیکن جاگیرداروں کے لئے یہ حکم تھا کہ جو راستے آبادی سے دور ہون، اور وہان چوریان اور ڈکیتیان ہوتی ہون، وہان سرائے مسجد اور کنوئین تیار کرائین تاکہ کچھ لوگ وہان آباد ہو جائین[۵۱] اس کے علاوہ جہانگیر نے آگرہ سے لاہور تک ایک ایک کوس پر سنگ میل نصب کرائے، اور تین تین کوس کے فاصلہ پر کنوئین کھدوائے، چنانچہ تزک مین لکھتا ہے:-

"پیش ازین حسب الحکم از دار الخلافہ آگرہ تا دریاے اٹک دو طرفہ درخت نشانیدہ خیابان ترتیب دادہ اند و ہمچنین از آگرہ تا بنگالہ و دیگر جا حکم کردم کہ از آگرہ تا لاہور بر سر ہر کروہی میلے بسازند کہ علامت کردہ باشد و بفاصلہ سہ کروہ چاہ آبے تا مترددین آسودہ و مرفہ الحال آمد و رفت نمایند از تشنگی و تابش آفتاب محنت و صعوبت نکشند"[۵۲]

عالمگیر نے جیسا کہ اوپر گذر چکا ہے، راستون مین جو سرائین تعمیر کرائی تھین، اُن کے ساتھ پختہ کنوئین بھی کھدوائے تھے،

حمام | ہندوستان مین حمام صرف اسلامی دورِ حکومت کی تمدنی پیداوار ہے، ہندوؤن کے یہان حمام کا مطلق رواج نہ تھا، چنانچہ ملا عبد الباقی نہاوندی مآثر رحیمی مین لکھتے ہین،

"در ولایت ہندوستان و امصار و بلاد آن بجہت آنکہ این وسعت آباد در تصرف کفرہ و ہنود بودہ، و نزد آن گروہ حمام ساختن ظاہرا منع است، ازین سعادت محروم بودہ اند و مسلمانان کہ درین دیار بودہ اند ازین رہگذر مشقت و آزار بسیار میکشیدہ اند"[۵۳]

بابر نے اپنی تزک مین ہندستان کی تمدنی حالت پر جو اجمالی ریویو کیا ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے زمانہ تک ہندوستان مین حمام کا وجود نہ تھا، چنانچہ وہ لکھتا ہے،

"یخ و آب سرد نے در بازار ہاے او طعام خوب و نان خوب نے، حمام نے و مدرسہ نے"

---

[۵۱] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۵ [۵۲] ایضاً ص ۲۸۰ [۵۳] مآثر رحیمی جلد دوم ص ۶۰۰، ۶۰۱،

شمع و مشعل نے، و شمعدان نے،

لیکن تاریخ فرشتہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بابر سے پہلے ہندوستان مین فیروز شاہ دس حمام تعمیر کرچکا تھا،[۱] تاہم آرام و آسایش کے ساتھ حمام تکلف و نفاست کی چیز بھی ہے، اور تیموری تکلف و نفاست مین اور مسلمان فرمانروایان ہندوستان سے بڑھے ہوئے تھے، اور یہ تکلف بابر ہی کے زمانہ سے شروع ہوچکا تھا، چنانچہ خافی خان ایک موقع پر لکھتا ہے :

"بعدہٗ ہمراہ سلطان جنید بخدمت و ملازمت حضرت فردوس مکانی محمد بابر شاہ غازی رفتہ روشناس گشت و چند گاہ در رکاب ماندہ از اطوار سلطنت مغلیہ واقف و محرم گشتہ اکثر بزبان می آورد کہ از اندازۂ روش و نسق چنین معلوم می شود کہ اینہا را از ہندوستان بیرون کردن چندان کار نیست و نفار بتمسخر و ہذیان گفتن، اورا مطعون می ساختند، و او مکرر بزبان می آورد کہ چون مغلان باسباب و تزک و گرد آوری اشیاے خود آرائی و تن پروری آن قدر پرداختہ اند کہ ہمہ کار کلی و جزوی با مراو نوکران مرتشی واگذاشتہ اند،[۲]

اس بنا پر تیموری دور مین حمام کا زیادہ رواج ہوا، اور بکثرت حمام تعمیر ہوئے، چنانچہ اکبری دور مین عبدالرحیم خانخانان نے برہان پور کے میدان مین ایک نہایت عمدہ حمام بنوایا، جس کی نسبت ملا عبدالباقی نہاوندی لکھتے ہین :—

"در ایران بصفا و پاکیزگی آن بہم نمی رسد و فقرا و مساکین ازان فیض می برند،[۳]

جہانگیر نے اگرچہ خود کوئی حمام نہین بنوایا، تاہم اس کے دور مین بھی بعض حمام تعمیر ہوئے، وہ خود تزک مین لکھتا ہے،

"حسب الالتماس آصف خان بمنزل او کہ در کنار جمنا اساس یافتہ رفتہ شد حمامے ساختہ

---

[۱] فرشتہ جلد دوم ص ۱۵۱ [۲] خافی خان حصہ اول ص ۹۱ [۳] مآثر رحیمی جلد دوم ص ۶۰۱،

درنہایت صفا و نفاست بغایت محظوظ گشتم"[۵۱]

اس کے بعد شاہجہان نے کشمیر مین شالہ مار یعنی باغ فرح بخش کے متصل شمالی جانب ایک نہایت عمدہ حمام بنوایا[۵۲] اور اس کے ارکان سلطنت مین وزیر خان نے بھی لاہور مین ایک حمام تعمیر کیا[۵۳]، شاہجہان کے بعد عالمگیر کے زمانہ مین نہایت کثرت سے حمام تعمیر ہوئے، چنانچہ اس نے یہ حکم دیا کہ جن راستون مین سرائین نہ ہون اُن مین سرائین قائم کیجائین، اور ہر سرائے کے ساتھ ایک حمام بھی ہو[۵۴]، امرائے عالمگیری مین امانت خان میرک نے بھی لاہور مین ایک حمام بنوایا جس کی نسبت صاحب مآثر الامرا لکھتے ہین،

"حمام طرح نمودہ کہ مشہور عالم است"[۵۵]

عالمگیر کے زمانہ مین ایک مشہور حمام تھا جس کو سنجر بیگ نے بنوایا تھا"[۵۶]

پل | فرمانروایان اسلام کے دور حکومت مین ہندوستان مین نہایت کثرت سے پل تیار ہوئے تاریخ فرشتہ مین لکھا ہے کہ فیروز شاہ تغلق نے ایک سو پل بنوائے تھے[۵۷]، اس کے بعد سلطان زین العابدین نے کشمیر مین نہایت کثرت سے پل بنوائے[۵۸]

شہنشاہ اکبر نے اگرچہ خود کوئی پل نہین تعمیر کرایا تاہم اس کے امراء مین خانخانان نے جونپور مین جو پل تعمیر کیا، اس کی شہرت آج بھی قائم ہے، چنانچہ صاحب مآثر الامرا لکھتے ہین،

"از ابنیۂ خانخانان کہ بمرور دہور و منعی ایام یادگار خواہد ماند) پل جونپور است کہ صراط المستقیم[۵۹] تاریخ آنست و از اعاظم جسور ممالک محروسہ است"[۵۹]

جہانگیر نے جیسا کہ ابھی لکھا جا چکا ہے، لاوارث لوگون کے مال کا ایک مصرف شکستہ پلون کی مرمت

---

۵۱ تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۲۸۸ ۵۲ بادشاہ نامہ حصہ دوم ص ۲۴ ۵۳ مآثر الامرا حصہ سوم ص ۹۳۵
۵۴ عالمگیر نامہ ص ۱۰۸۴ ۵۵ مآثر الامرا حصہ دوم ص ۲۶۳، ۵۶ ایضاً ص ۲۶۶، ۵۷ فرشتہ جلد اول ص ۱۵۱
۵۸ ایضاً جلد دوم ص ۳۲۳ ۵۹ مآثر الامرا حصہ اول ص ۶۴۵

و اصلاح قرار دیا تھا، اس کے علاوہ اس نے بذاتِ خود بھی بعض پل تعمیر کرائے، چنانچہ تزک میں لکھتا ہے،

"پنج ہزار روپیہ دیگر از زر وزن بجہت تعمیر پل باباحسن ابدال و عمارتے کہ در آن جا واقع است حوالہ ابوالوفا پسر حکیم ابوالفتح شد کہ اہتمام نمودہ پل و عمارات مذکور را در غایت استحکام بہ انصرام رساند"[۵۱]

جہانگیر کے بعد عالمگیر نے نہایت کثرت سے پل تعمیر کرائے، اور عام حکم دیا کہ

"در ہر موضع کہ پل در کار باشد نیز باستحکام تمام بسازند"[۵۲]

عالمگیر کے دورِ حکومت میں شایستہ خان امیر الامرا نے بھی نہایت کثرت سے پل تعمیر کرائے، چنانچہ صاحبِ مآثر الامرا، ان کے تذکرہ میں لکھتے ہیں،

"آثارِ خیرات قبیل رباط و مسجد و جسر (کہ لکھا بصرف آن رفتہ) در چار دانگ ہندوستان بسیار یادگار"[۵۳]

اس کے بعد محمد شاہ بادشاہ کے زمانہ میں حسین علی خان نے اپنے وطن بارہہ میں پل تعمیر کروائے[۵۴]

اسی دور میں نواب آصف جاہ نے دکن کے ایک مقام میں ایک پل تعمیر کیا، چنانچہ مآثر الامرا میں ہے،

"و آبادی نظام آباد بالائے کتل فرد اپور (کہ در ویرانہ محض بود) طرح انداخت و مسجد و کاروان سرا و دولت خانہ و پل تعمیر نمود"[۵۵]

پلوں کے علاوہ فیروز شاہ تغلق نے پچاس بند بھی بندھوائے تھے[۵۶]

بازار اسلامی دورِ حکومت میں بہ کثرت بازار قائم کئے گئے، بالخصوص سکندر لودی نے ان تمام مقامات پر بازار قائم کئے، جہاں ہندو غسل کرتے تھے[۵۷] عالمگیر نے ہندوستان کے جن راستوں میں سرائیں تعمیر

---

۵۱ تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۷۷، ۵۲ عالمگیر نامہ ص ۱۰۸۵، ۵۳ مآثر الامرا حصہ دوم ص ۵۰، ۵۴ بقیہ خافی خان ص ۹۴۲ ۵۵ مآثر الامرا حصہ سوم ص ۸۸۲ ۵۶ فرشتہ جلد اول ص ۱۵۱ ۵۷ فرشتہ جلد اول ص ۱۸۶،

کروائی تھیں، اُن کے ساتھ بازار بھی قائم کئے تھے[1]،

اس کے علاوہ رفاہ عام کی اور بھی بہت سی چیزیں وجود میں آئیں، مثلاً فیروز شاہ نے سو مقبرے بنوائے، جہانگیر نے تمام بڑے بڑے شہروں میں ڈھائی تین گز کی بلند دیواریں اس غرض سے بنوائیں کہ جب بوجھ اٹھانے والوں کو سستانے کی ضرورت پیش آئے، تو اپنے سر کے بوجھ کو اتار کر خود اُس پر رکھ سکیں اور پھر دوبارہ اٹھانے میں اُن کو کسی مددگار کی حاجت نہ پڑے، چنانچہ تزک میں لکھتا ہے،

"روز جمعہ بست و دوم چہار کروہ مسافت طے نمودہ در موضع باریکہ سعادت نزول اتفاق افتاد و درین راہ دیوار ہا بنظر در آمد از دو نیم گز تا سہ گز بعد از تحقیق معلوم شد کہ مردم بقصد ثواب ساختہ اند کہ چون جائے در راہ ماندہ شود بار خود بران دیوار نہادہ نفسے راست سازد و باز بے مدد غیر بفراغت برداشتہ متوجہ مقصد گردد و این تصرف خاصہ اہل گجرات است، بسیار مرا این دیوار ساختن خوش آمد، فرمودم کہ در جمیع شہر ہائے کلان ہمین دستور دیوار ہا از طرف بادشاہی بسازند[2]"

راستوں اور گلیوں کی صفائی

ہندوستان میں فرمانروایانِ اسلام نے راستوں اور گلیوں کی صفائی اور روشنی کا ضرور کوئی انتظام کیا ہوگا لیکن افسوس ہے کہ تاریخوں میں اس کی تفصیل نہیں ملتی، البتہ سلاطین میں فرمانروایانِ سلسلۂ عادلشاہیہ کے جو ضوابط سلطنت مذکور ہیں، ان میں اس کا بھی ایک خاص ضابطہ موجود ہے، چنانچہ اس ضابطہ کے الفاظ یہ ہیں،

"از دربار بادشاہی راستہائے بازار تا ہر دو دروازہ از دو جانب باتمام کمال برسانند و معمور دارند چہ بازار ہا از دو طرف معمور باشد ہر جانب سودا خریدی، نزدیک خواہد شد، و درمیان راستہ بازار ہا نگذارند کہ خیمہ و چھپر و دوکانہا بدارند، بجز دو راستہ درمیان ہیچ دوکان حاجت نیست، و دران کوشند کہ بقال و زیات و بزاز و خیاط و زین خیمہ دوز و طباق و ہر قوم

---

[1] عالمگیر نامہ ص ۸۴۰ [2] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۲۱۰،

پہلوے ہمدیگر یک راستہ بماند و دو دکان داشتہ باشد و تا کہ راستہ و بازار ہا با تمام معمور می شوند محلہ ہا و کوچہ ہا منظور بدارند و پیوستہ شاہراہ ہا و کوچہ ہا و بازار ہا تاکید پاک و صاف نگہداشتہ در منظور سراہاے راہ ہیچ خاشاک و خاشاک افتادن ندہند و از دو راستہ ہا زاویچ دوکانے ناآباد و خراب نگذارند[۵۲]

اس تفصیل سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ مین راستون کی صفائی اور دوکانون کی ترتیب کا انتظام اس زمانہ سے کم نہ تھا،

موذی جانورون کا مارنا موذی جانورون کے حملون سے رعایا کا محفوظ رکھنا رفاہ عام کی ایک صورت ہے، اور بعض فرمانروایان اسلام نے اس مین اس قدر کوشش کی تھی کہ اپنے حدود سلطنت کو موذی جانورون سے بالکل پاک و صاف کر دیا تھا، چنانچہ سلطان محمود غزنوی کے زمانہ مین کسی مسافر کو شیر نے پھاڑ ڈالا، اس کی ماں اور بچے اس کے مزار مین آئے اور درندون کے حملون کی شکایت کی، سلطان نے اپنے حدود سلطنت مین ہر جگہ فرمان بھیج دیا کہ تمام درندہ جانور مار ڈالے جائین، اور اس کے بعد اگر کہین درندے نظر آئین تو ان کے عوض وہان کے حاکم کو قتل کر دیا جائے، نتیجہ یہ ہوا کہ

"ازین رہگذر در زمان دولت فرخندہ او و بعد از و سالہا کس در ولایت مالوہ شیر و گرگ و دیگر سباع نمی دید"[۵۳]

سودی قرض لینے کی ممانعت رفاہ عام کے متعلق اوپر جن جن چیزون کا ذکر کیا گیا، وہ تمامتر مادی صورتون مین موجود تھین، لیکن اُن کے علاوہ رفاہ عام کی اور بھی بہت سی شکلین ہین جن کی کوئی مادی صورت نہین ہے لیکن وہ ان مادی چیزون سے بھی زیادہ مفید خلق ہین، مثلاً سود خواری ایک ایسی لعنت ہے کہ جو شخص اس کے شکنجے مین گرفتار ہو جاتا ہے وہ بہ مشکل اس سے رہائی حاصل کر سکتا ہے اس

---

[۵۲] بساتین السلاطین ص ۳۵۴، [۵۲] ایضاً ص ۳۵۵ [۵۳] فرشتہ دوم ص ۲۵

وقت ہندوستان نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام دنیا مین یہ وبا پھیلی ہوئی ہے، اور اس کے انسداد کے لئے ہر طرف سے شور وغل کیا جارہا ہی، تاہم اس کے دفعیہ کی کوئی صورت نظر نہین آتی، لیکن سلاطین اسلام مین سلطان محمود بیگڈہ نے اپنے سپاہیون کو عام حکم دیا تھا کہ ان مین کوئی شخص سودی قرض نہ لے، صرف یہی نہین بلکہ ایک مستقل خزانہ اس غرض سے قائم کر دیا تھا کہ جس سپاہی کو قرض کی ضرورت پیش آئے وہ ایک میعاد معین کے لئے اس سے لے لے، مرآت احمدی مین ہے،

"وحکم کردہ بود کہ ہیچ کس از لشکریان من قرض بر بانگیرد، وخزانہ علحدہ مقرر کردہ بود کہ از سپاہی ہر کس بقرض حاجت داشتہ باشد بدہد و بوعدہ بگیرد، می فرمود کہ اگر مسلمانان قرض بر بانجور ند از دست ایشان غذا چگونہ آید"[1]

بیروزگاری کا انسداد | بیروزگاری سے مختلف اخلاقی برائیان مثلاً گداگری، آوارگی، رہزنی، اور چوری وغیرہ پیدا ہوتی ہین، اور اس زمانہ مین تو بیروزگاری سیاسی شورشون کا بھی ایک بڑا سبب بن گئی ہے، موجودہ سلطنتون کو اگرچہ قوم وملک کے اصلاح اخلاق اور تہذیب نفس کی کوئی پروا نہین لیکن وہ سیاسی شورشون کو ہر ممکن طریقہ سے دبانا چاہتی ہین، باین ہمہ وہ اس زمانہ کے بیکارون کے بسر روزگار کرنے کی کوئی تدبیر نہین کر سکتین لیکن فرمانروایان اسلام مین سب سے پہلے تغلق شاہ نے اس طرف توجہ مبذول کی، اور رعایا کے ہر فرد کو کسی نہ کسی کام مین لگانا چاہا، لیکن اس کا مقصد خودغرضی یعنی کسی سیاسی شورش کا دبانا نہ تھا، بلکہ محض رعایا کی بہبودی مدنظر تھی، چنانچہ تاریخ فیروز شاہی مین ہے،

"وعجب نیکخواہی عام کہ در ذات سلطان تغلق شاہ مجبول بودہ است کہ ہم اہل مملکت خود را آسودہ وغنی خواستے و محتاج دیے نوانتوانستے دید، و در ان کوشیدے کہ رعایا ولشکری وکل طوائف دیگر ہمہ ہمیشہ در فراغ باشند و باراحت زیند و ایں عادت قدیم و عادت خوب

---

[1] مرآت احمدی جلد اول ص ۶۰،

سلطان تغلق شاہ بودہ است کہ رعایا و لایت او و ملک او مسلمان و ہندو کارے و کسبے و زراعتے و حراثتے کنند کہ ازان کار کسب آسودہ شوند و از احتیاج سوال و بیچارگی و درماندگی مضطر نشوند و نیک خواہی عام سلطان در باب رعایا بحدے بودے کہ در باب گدایان درہا خواستے، کہ ترک گدائی گیرند و بکارے و کسبے مشغول شوند و از خواری سوال و ننگ بینوائی و احتیاج و بیخلاص یابند و جماہیر طوائف مملکت از دنیال کسب و کار خود آسودہ و مرفہ الحال باشند، و کارے و فعلے و گناہے و تباہی از ایشان در وجود نیاید[۵۱]

اس کے بعد فیروز شاہ نے اس صیغہ کو اور بھی ترقی دی اور کوتوال کو حکم دیا کہ شہر مین جس قدر بیکار لوگ ہون، وہ دربار مین حاضر کئے جائین، اس حکم کے بعد کوتوال شہر نے ہر محلہ دار کو طلب کیا، اور اُن سے ہر ایک کے حالات دریافت کئے، اور محلہ دارون نے بڑے بڑے شرفا کو جو ناداری سے کسی کو منتک نہین دکھلا سکتے تھے، کوتوال کے سامنے پیش کیا، کوتوال نے ان لوگون کے نام اور حالات لکھے، اور ان کو دربار مین حاضر کیا، اور فیروز شاہ نے ہر ایک کو کسی نہ کسی کام سے لگا دیا[۵۲]

ارزانی | رعایا کی فلاح و بہبود کا تمامتر دارومدار اسباب معاش اور ضروریات زندگی کی ارزانی پر ہے، بالخصوص غلے اور کپڑے کی ارزانی ایک ایسی چیز ہے، جس سے ملک و قوم کا غالب حصہ خوشحالی اور فارغ البالی کی زندگی بسر کرسکتا ہے، لیکن جب تک اس کے لئے خاص آئین و ضوابط نہ منضبط کئے جائین یہ مقصد حاصل نہین ہوسکتا،

سلطان علاء الدین کے زمانے مین مغلون کے حملون کا خوف ہمیشہ لگا رہتا تھا، اور وہ اُن کے انسداد کی ہر ممکن تدبیر سوچتا رہتا تھا، اس کی سب سے موثر تدبیر اس کی سمجھ مین یہ آئی، کہ فوج کی تعداد زیادہ بڑھائی جائے، اور ان کو اسپ و سلاح اور دوسرے فوجی ساز و سامان سے آراستہ کیا جائے،

---

۵۱ تاریخ فیروز شاہی جلد اول ص ۴۳۵-۴۳۶ ۵۲ ایضاً جلد دوم ص ۳۳۴،

لیکن اس کے لئے کافی روپیہ کی ضرورت تھی، اور سلطان کا خزانہ اس عظیم الشان فوجی مصارف کا زیادہ دنون تک متکفل نہین ہو سکتا تھا، اس لئے اُس نے فوجی معاملات مین شان چنگیزی پیدا کرنی چاہی، اور ترکی ممالک کی طرح فوجی سپاہیون کو بہت کم تنخواہ پر ملازم رکھنا چاہا۔ اُس نے ارکان سلطنت کے سامنے اس خیال کو ظاہر کیا، تو سب نے بالاتفاق یہ رائے دی کہ اگر ضروریات زندگی ارزان ہو جائین، تو تھوڑی سی تنخواہ مین بہت سے مسلح سپاہی ملازم رکھے جا سکتے ہین، سلطان نے یہ رائے پسند کی اور سب سے پہلے غلہ کی ارزانی کے لئے تمام غلون کا حسب ذیل نرخ مقرر کیا،

گیہون	فی من ساڑھے سات جیتل[1]	
جو	"	چار جیتل
چنا	"	پانچ جیتل
چاول	"	"
ماش	"	"
موٹھ	"	تین جیتل

اور اس نرخ کے قائم رکھنے کے لئے چند ضوابط بنائے، جو حسب ذیل ہین،

(۱) غلے کی منڈیون مین سرکاری عہدہ دار جن کو شحنہ کہتے تھے، مقرر کئے کہ وہ نہایت ہوشیاری سے سرکاری نرخ کو قائم رکھین، اور تاجرون کو اس مین کمی بیشی کا موقع نہ دین،

(۲) سرکاری محاصل میں جو غلہ وصول ہو تو اس کو جمع رکھا جائے، تاکہ اگر بازار مین غلہ کی کمی ہو، تو سرکاری غلہ مقررہ نرخ کے موافق فروخت کیا جا سکے، اس غرض سے بعض جگہ مالگذاری مین صرف غلہ لیا جاتا تھا، اور اس طریقہ سے دلی مین اس قدر غلہ آتا تھا کہ کوئی محلہ ایسا نہ تھا، جس کے دو تین گھر

---

[1] جیتل تانبے کا ایک پیسہ تھا، اور اس زمانہ مین من ۴۰ سیر کا اور سیر ۲۴ تولہ کا ہوتا تھا،

سرکاری غلہ سے پر نہ ہون، اگر قحط پڑجاتا تھا یا تاجران غلہ کسی وجہ سے غلہ نہین لاتے تھے، تو منڈی مین یہی سرکاری غلہ فروخت ہوتا تھا، اور اس مین غلہ کی کمی نہین ہوتی تھی،

۳۔ ملک کے تمام غلہ فروش شحنہ کی رعایا بنا کر جمنا کے کنارے بسائے جائین تاکہ اطراف ملک سے غلہ لاکر سرکاری نرخ کے موافق فروخت کرین، اور اس معاملہ مین ان سے تحریری معاہدہ لیا جائے کسی شخص کو احتکار یعنی غلہ کے روک رکھنے کا موقع نہ دیا جائے، اور اس بارے مین اس قدر سختی کی گئی کہ اگر یہ معلوم ہوجاتا تھا کہ کسی شخص نے غلہ روک رکھا ہے، تو اس غلہ کو سرکاری غلون مین داخل کرلیا جاتا تھا، اور اس سے مواخذہ کیا جاتا تھا،

۴۔ کاشتکار اپنی ضرورت سے زیادہ غلہ کھیت ہی پر فروخت کردین، اور اس سے زیادہ ایک دانہ بھی گھر پر نہ لے جائین، اس کے ساتھ عمال رعایا سے مالگذاری کھیت ہی پر وصول کرلین، تاکہ کاشتکار اپنے حصہ سے زائد غلہ گھر مین لے جاکر جمع نہ کرسکین،

۷۔ روزانہ غلہ کے نرخ اور منڈی کے تمام معاملات کی اطلاع بادشاہ کو دیجائے اور قحط کے زمانہ مین ہر شخص صرف اپنی ضرورت کے موافق غلہ خریدے، اور اس پر اس شدت سے عمل کیا گیا، کہ اگر مقررہ ضوابط مین ذرہ برابر بھی خلل پڑتا تھا، تو منڈی کا تمام عملہ سزایاب ہوتا تھا، اور جو لوگ ضرورت سے زیادہ آدھ سیر غلہ بھی خریدتے تھے، وہ معتوب ہوتے تھے، اس کے لئے خاص خاص گماشتے اور جاسوس مقرر تھے، جو شدت سے اس حکم پر عمل کراتے تھے، اور بادشاہ کو خفیہ طور پر تمام معاملات کی اطلاع دیتے تھے اس کا نتیجہ یہ تھا کہ قحط کے زمانہ مین بھی یہی نرخ قائم رہتا تھا، اور غلہ کے انبار مین کوئی کمی نہین ہوتی تھی،

غلہ کی طرح تمام سوتی اور ریشمی کپڑون کی بھی حسب ذیل قیمتین مقرر کی گئین،

چیرہ دہلی	۱۶ تنکہ	چیرہ کونکہ	۶ تنکہ

سرے صاف اعلیٰ	۵ تنگہ[1]	خز دہلی	۱۶ تنگہ
سرے صاف میانہ	۳ تنگہ	خز کوتلہ	۲ تنگہ
سرے صاف ادنی	۲ تنگہ	مشروع شعری مہین	۳ تنگہ
سلائی اعلیٰ	۴ تنگہ	برد مہین یا دوال لعل	۲ چیتل
سلائی میانہ	۳ تنگہ	برد ادنی	۳ چیتل
سلائی ادنی	۲ تنگہ	استر لعل ناگوری	۲۴ چیتل
کرپاس اعلیٰ ۲ گز	۱ تنگہ	استر ادنی	۱۲ "
کرپاس میانہ ۳ گز	۱ تنگہ	شیرین بافت مہین	۵ تنگہ
کرپاس ادنی ۴ گز	۱ تنگہ	شیرین بافت متوسط	۳ تنگہ
کرپاس سادہ	۱۰ چیتل	شیرین بافت ادنی	۲ تنگہ

اور اس نرخ کو قائم رکھنے کے لئے حسب ذیل ضوابط وضع کئے،

۱۔ دروازہ بدایون کے قریب ایک وسیع صحرا مین سرائے عدل کے نام سے ایک سرائے قائم کی، اور حکم دیا کہ اطراف وجوانب سے سوداگر جو کپڑے لائین، اُن کو کسی بازار یا کسی کے گھر مین نہ اتارین، بلکہ براہ راست سرائے عدل مین لاکر شاہی نرخ کے مطابق صبح سے ظہر کے وقت تک فروخت کرین، اس ضابطہ کے خلاف اگر کوئی شخص کسی کے گھر یا کسی بازار مین اپنا مال اتار کر نرخ شاہی سے زیادہ قیمت پر فروخت کرتا تھا، یا خرید و فروخت کے مقررہ وقت کی پابندی نہین کرتا تھا، تو اس کا مال بحق شاہی ضبط کرلیا جاتا تھا، اور اس کو سزا دی جاتی تھی،

۲۔ شہر و اطراف ممالک کے تمام سوداگران پارچہ کے نام درج دفتر کرائے اور ان کو حکم دیا کہ بدستور

---

[1] تنگہ سونے اور چاندی کا ایک سکہ تھا جس کا وزن ایک تولہ ہوتا تھا، اس جگہ تنگہ سے چاندی کا تنگہ مراد ہے،

معمولی کپڑوں کو لاکر سرائے عدل میں شاہی نرخ کے مطابق فروخت کریں، اس ضابطہ کا یہ اثر ہوا کہ شاہی کپڑوں کی ضرورت باقی نہیں رہی، بلکہ خود تاجران پارچہ اس کثرت سے کپڑے لانے لگے جو مدتوں سرائے عدل میں پڑے رہتے تھے، اور فروخت نہیں ہوتے تھے،

۳- امرا و رؤسا کو حکم دیا کہ جب وہ عمدہ باریک اور قیمتی کپڑے خرید کرنا چاہیں، تو رئیس بازار سے پروانہ حاصل کریں، چنانچہ اس ضابطہ کے مطابق رئیس بازار امرا و رؤسا کی حیثیت اور ضرورت کے مطابق پروانہ دیتا تھا، اور جس شخص کی نسبت معلوم ہوجاتا تھا کہ وہ کپڑے کا تاجر نہیں ہے، بلکہ سرائے عدل سے عمدہ کپڑے ارزان قیمت پر خرید کر باہر زیادہ قیمت پر فروخت کرنا چاہتا ہے، اس کو پروانہ نہیں دیتا تھا، اس بندش سے تاجران پارچہ بھی عمدہ کپڑے ارزان قیمت پر خرید کر باہر نہیں لیجا سکتے تھے، اور اس طرح ان کو گران قیمت پر اُن کے فروخت کرنے کا موقع نہیں ملتا تھا،

۴- ۴۰ لاکھ تنکہ ملتان کے تاجران پارچہ کو شاہی خزانہ سے دلوایا تاکہ اطراف ملک سے کپڑے لاکر سرائے عدل میں شاہی نرخ کے مطابق فروخت کرسکیں،

غلے اور کپڑے کی طرح گھوڑوں کی بھی حسب ذیل قیمتیں مقرر کیں،

اول درجہ کا گھوڑا	سو سے ایک سو بیس تنکہ تک
دویم درجہ کا گھوڑا	اسی سے ۹۰ تنکہ تک
سویم درجہ کا گھوڑا	پینسٹھ سے ستر تنکہ تک
ٹٹو	دس بارہ سے بیس پچیس تنکہ تک

ان قیمتوں کے قائم رکھنے کے لئے بھی چند ضابطے مقرر کئے،

(۱) حکم دیا کہ کیسہ دار (وہ لوگ جو ارزانی کے وقت سستے دام پر چیزیں خریدتے ہیں، اور گرانی کے زمانہ میں مہنگے دام پر فروخت کرتے ہیں) سوداگروں سے گھوڑے نہ خریدیں، اور سوداگر بھی ان کے

بجائے بازار مین خرید و فروخت کرین، اور اس معاملہ مین دونون سے معاہدہ لیا گیا، لیکن جو لوگ ارزان خری اور گران فروشی کی لذت سے آشنا تھے، وہ اس سے باز نہین آتے تھے. اس لئے ان کو سخت سزائین دین، اور بعض کو قتل اور بعض کو جلاوطن کیا،

۲- دلالون پر اس قدر تشدد کیا کہ اگر یہ معلوم ہو جاتا تھا کہ ایک گھوڑا بھی نرخ بادشاہی کے مطابق فروخت نہین کیا گیا ہے، تو تمام دلالان شہر معتوب ہوتے تھے، اور مجرم اور غیر مجرم مین کوئی فرق نہین کیا جاتا تھا،

۳- ہر چالیسوین روز گھوڑون کی جنس اور قیمت کی تحقیقات کرتا تھا، اور اگر اس مین ذرہ برابر بھی فرق و تفاوت معلوم ہوتا تھا، تو تمام دلال معتوب ہوتے تھے،

اسی طرح چھوٹی بڑی تمام چیزون کا ایک خاص نرخ مقرر کیا گیا، فرشتہ لکھتا ہے،

"ہر چہ کہ در بازار بخرید و فروش آن احتیاج می باشد پادشاہ نرخ آن قرار دادے و نظر بر اینکہ این چیز محقرات مثل سوزن و شانہ و کفش و کوزہ گلی نینداختے، و بہاے ہمہ چیز از زنان تا بریان واز حلواے صابونی تا پوڑی واز پودینہ تا بنبول بحضور خویش مشخص ساختے"

اس اصول کے مطابق ذیل کی چیزون کے حسب ذیل نرخ مقرر کئے،

مصری	فی سیر دو جیتل
شکر تری	" " ایک "
شکر سرخ	" آدھی "
روغن کنجد	تین سیر ایک "
روغن ستور	ڈیڑھ سیر "
نمک	پانچ سیر "

دودھ پانچ سیر ایک چیتل

غرض اسی طرح بھیڑ بکری، گائے، بیل اور بھینس وغیرہ کی بھی مناسب قیمتیں مقرر کی گئیں، اور سلطان علاء الدین نے ان قیمتوں کے قائم رکھنے کے لئے اس قدر اہتمام کیا، کہ سوداگرون کے حالات، اور قیمت کی تحقیقات کے لئے روزانہ تین جگہون سے اطلاعات حاصل کرتا تھا، ایک تو منڈی کے شحنہ سے دوسرے رئیس بازار سے، تیسرے ان جاسوسون سے، جو خاص طور پر اسی کام کے لئے مقرر کئے گئے تھے، اس پر تسکین نہین ہوتی تھی تو کبھی کبھی چھوٹے چھوٹے بچون کو جو خرید و فرخت کے معاملات سے ناواقف ہوتے تھے، چند تنکہ دیکر بازار بھیجتا تھا، کہ لڑکون کے پسند کی چیزین خرید کر بادشاہ کے پاس لائین، اگر معلوم ہوتا کہ نرخ یا وزن مین کمی بیشی کی گئی ہے، تو دوکاندار کو کم سے کم جو سزا دیتا تھا، وہ یہ تھی کہ اُن کے ناک کان کاٹ لیتا تھا[۵۱]

سلطان علاؤالدین کے بعد یہ نرخ قائم نہ رہ سکا، اور دوبارہ کسی نے اس کی طرف توجہ نہ کی، البتہ اسلامی سلطنت کے دور تنزل مین نواب جعفر خان المتوفی ۱۱۳۹ھ نے اس کی طرف شدت سے توجہ کی، اور اس مین حسب ذیل طریقون سے کامیابی حاصل کی،

۱۔ متمول لوگون کے پاس غلہ کے ذخیرے نہین رہنے دیتے تھے،

۲۔ ہر ہفتہ غلون کا نرخ دریافت کرتے تھے، اور خود رعایا سے نرخ پوچھتے تھے،

۳۔ اگر بیوپاری ذرہ برابر بھی نرخ مین کمی کرتے تھے، تو ان کو سزا دیتے تھے، اور اُن کی تشہیر کرتے تھے،

۴۔ جہازون پر ضرورت یعنی خوراک سے زیادہ غلہ لادنے نہین دیتے تھے، جس سے غلہ

---

۵۱ فرشتہ جلد اوّل ص ۱۱۲، ۱۱۳، ۱۱۴۔ و تاریخ فیروز شاہی جلد اوّل ص ۳۰۴-۳۰۵-۳۰۶-۳۰۷-۳۰۸-۳۰۹-۳۱۰-۳۱۱-۳۱۲-۳۱۳-۳۱۴-

کی برآمد بند ہوگئی تھی،

ان بندشوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ

"در عہد او نرخ برنج فی روپیہ پنج شش من ارزیدہ بود و اجناس دیگر بہمین قیاس، چنانچہ بخرچ یک روپیہ در ماہ پلاؤ قلیہ ہر روز می خوردند، ازین ہمہ فقیر و مسکین مرفہ الحال بودند"[1] (باقی)

---

[1] ریاض السلاطین، ص ۲۰۳

سلسلۂ سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

جلد اول

جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے لے کر فتح مکہ تک کے حالاتِ مبارکہ اور غزوات کا ذکر ہے، مع مقدمہ ضخامت ۶۲۲ صفحہ قیمت ۴ روپے

جلد دوم

اس میں اقامتِ امن، تاسیس خلافت، تکمیل شریعت، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات واخلاق وعادات کا مفصل بیان ہے، ضخامت (زیر طبع)

جلد سوم

اس کے مقدمہ میں نفس معجزہ کی حقیقت اور اس کے امکان وقوع پر فلسفہ قدیمہ، فلسفۂ جدیدہ، علم کلام اور قرآن مجید کی روشنی میں مفصل بحث وتبصرہ ہے، اس کے بعد خصائص نبوت یعنی مکالمۂ الٰہی، وحی نزول ملائکہ، عالم رویا، معراج اور شرح صدر کا بیان ہے، (زیر طبع) قیمت ۴ روپے

"منیجر"

حضرت ایوبؑ علیہ السلام

از

مولانا ابو الجلال ندوی

(۲)

مصائب و آفات حاصل کلام یہ کہ حضرت ایوب علیہ السلام نبی ابراہیم مین سے تھے، اُن کا زمانہ حضرت یوسف کے بعد ہے، اپنے زمانہ مین وہ شاہ اودوم تھے، اگر وہ یوبب بن زارح تھے، تو اُن کا شہر بصریٰ ہے، اُن پر ان کے نبی ہو کر مبعوث ہونے سے پہلے کچھ آفتین آئین، جیسا کہ اُن کے عرف ایوب سے ظاہر ہے پہلی آفت یہ تھی کہ اُن سے اُن کی حکومت چھن گئی، اور وہ بے دینون کے ہاتھ مین اسیر ہو گئے،

سفر ایوب کے حصۂ نظم کے خلاصہ مین بتایا گیا ہے، کہ آفتون مین اُن کے مبتلا ہو جانے کے بعد لوگ اُن کا مذاق اُڑانے لگے تھے، اس بیان کی بھی خداوند عالم نے قرآن مین اس طرح تصدیق کی ہے کہ سورۂ انبیاء مین پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ

"منکرین جب آپ کو دیکھتے ہین تو آپ کا مذاق اُڑاتے ہین، (۲۱: ۳۶)

"آپ سے پہلے بھی رسولون کا مذاق اُڑایا گیا (۲۱: ۱۲)

اس کے بعد حضرت ایوبؑ وغیرہ انبیاء کا ذکر کیا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت ایوبؑ بھی اُن مین سے تھے جن کا مذاق اُڑایا گیا،

سفر ایوب کے حصۂ نظم کے خلاصہ مین دکھایا گیا ہے، کہ حضرت ایوب سے اُن کا خاندان بچھڑ

گیا تھا، حصۂ نثر کے خلاصہ میں بتایا گیا ہے کہ مکان کے دب جانے سے اُن کے سات بیٹے، اور تین بیٹیاں دب کر مر گئی تھیں، تتمہ نویس نے بتایا کہ اللہ جب اُن پر مہربان ہوا تو اُن کے تمام بچھڑے ہوئے بھائی بند اور اقربا اُن سے آملے، اور خدا نے اُن کو از سر نو سات بیٹے اور تین بیٹیاں دیں،

اس بیان پر ایک سوال پیدا ہوتا ہے، وہ یہ کہ اللہ نے مہربانیاں تو کیں اور از سر نو سات بیٹے اور تین بیٹیاں دیں، لیکن جو بیٹے اور بیٹیاں دب کر مر گئی تھیں، اُن کا غم تو نہ بھولا ہوگا، سورۂ انبیاء کی آیت سے جس میں حضرت ایوبؑ کا نام ہے، یہ سوال خود بخود اٹھ جاتا ہے، کیونکہ خدا نے فرمایا کہ ہم نے فلاں فلاں تمام انبیاء کو دانش اور علم عطا کیا،

وایوب اذ نادیٰ ربہ انی	نیز ایوب کو جس وقت انھوں نے اپنے
مسنی الضر وانت ارحم	رب کو آواز دی کہ مجھے ضرر نے چھو لیا ہے
الراحمین، فاستجبنا لہ فکشفنا	اور تو سب رحم والوں سے بڑا رحیم ہے
ما بہ من ضر واتینا ہ اھلہ	پھر ہم نے وہ ضرر دور کر دیا جو اُن کو
ومثلھم معھم رحمۃ من عندنا	پہنچا تھا، اور ان کو ان کے اہل دیئے
وذکری للعٰبدین،	اور اتنے ہی اور اپنی طرف سے رحم
	فرما کر اور عبادت گذاروں کے یاد رکھنے
	کے لئے کہ ہم عابدوں کی پکاریوں سنا
	کرتے ہیں، (۲۱: ۸۳-۸۴)

اس آیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ روایت غلط ہے کہ اُن کے بیٹے اور بیٹیاں دب کر مر گئی تھیں اور اُن کی بجائے خدا نے اُن کو دوسرے بیٹے اور بیٹیاں عطا فرمائیں، اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ایوبؑ کو جو خاص ضرر پہنچا تھا وہ یہ تھا کہ اُن کے اہل جن میں اولاد کے علاوہ اقربا بھی

ہون گے، اُن سے بچھڑ گئے تھے، اللہ جب اُن پر مہربان ہوا، تو بچھڑے ہوے لوگ دونے ہوکر ملے[1]

سورۂ صاد مین خدا نے فرمایا،

واذکر عبدنا ایوب اذ نادیٰ ربہ	اور ہمارے بندہ ایوبؑ کا ذکر کرو جبکہ
انی مسنی الشیطان بنصب وعذاب	انھون نے اپنے رب کو آواز دی کہ مجھے چھو
(۴۱:۱)	دیا ہے شیطان نے دکھ اور عذاب کے ساتھ

اس آیت مین اور سورۂ انبیاء کی آیت مین جو اس سے پہلے اُتری تھی دو باتون کا فرق ہے،

۱۔ انبیا مین شیطان کا ذکر نہ تھا، اس مین شیطان کا ذکر ہے،

۲۔ انبیاء مین صرف ایک مصیبت کا ذکر تھا، اور وہ تھی اہل و عیال سے بچھڑ جانا، جسے حضرت ایوبؑ کی زبان سے الضر کہا گیا ہے، اس آیت مین نصب اور عذاب ... دو طرح کے دکھون کا ذکر ہے،

قرآنی قصون مین جو خلائین نظر آتی ہین، ان کو اسرائیلی روایات سے پر کرنے مین بہت خرابیان پیدا ہوجاتی ہین، اس آیت مین حضرت ایوبؑ کا جو یہ قول مذکور ہے کہ "انی مسنی الشیطان" اس کی تفسیر مین عموماً مختلف اکابر سے یہ قصہ مذکور ہے کہ ایک بار شیطان خدا کے دربار مین حاضر ہوا، اور حضرت ایوبؑ کو آزمانے کی اجازت طلب کی، یہ قصہ بڑے بڑے صحابہ سے بھی مروی ہے مگر اس کہانی کی بنیاد سفر ایوب کے مقدمہ نویس کا خیالی بیان ہے، اس قصہ کو قرآن کی تفسیر قرار دے کر دہرانا ہرگز مناسب نہین ہے، کیونکہ قرآن پاک مین خدا نے اس کو حذف ہی نہین کیا ہے، بلکہ اس کی مخالفت بھی کی ہے،

---

[1] بعض عجائب پسند ون نے قرآن اور سفر ایوب سے ماخوذ دو باتون کو باہم تطبیق دے کر یہ نتیجہ نکالا ہے کہ اُن کے اہل اس طرح دونے ہوے کہ (ایوب ۱: ۹) مین مذکور بیٹے اور بیٹیان پھر سے جی اٹھین، علاوہ برین (ایوب ۴۲: ۱۳) کے مطابق اتنے ہی بیٹے اور بیٹیان اور پیدا ہوئین، یہ بات ناممکن نہین مگر محض تطبیق ہی تطبیق ہے، اور یہ تطبیق معروف روایت بن گئی ہے، قرآن عموماً بائبل کی تصحیح کرتا ہے اس لئے بائبل اور قرآن مین تطبیق کی ضرورت نہین،

حقیقتِ واقعہ یہ ہے کہ نزولِ قرآن کے وقت یہ قصہ مشہور تھا کہ حضرت ایوبؑ پر جو آفتین آئین وہ شیطان نے دربارِ خدا مین حاضر ہوکر اور اس سے اجازت لے کر اُن پر ڈھائین، اور اس لئے حضرت ایوبؑ کہا کرتے تھے کہ خدایا مجھے شیطان نے دکھ پہنچایا ہے، اس قصہ مین جہان تک حضرت ایوبؑ کے قول کا تعلق ہے، خدا نے اس کی تصدیق کی، جہان تک خدا کے دربار مین حاضر ہوکر شیطان کے اجازت لینے کا تعلق ہے قصۂ ایوب مین بزبان سکوت و شیطان کے ذکر مین بصراحت اس کی تردید فرمادی چنانچہ خدا نے فرمایا،

لقد زینا السّماء الدّنیا بمصابیح وجعلناھا رجوماً للشیاطین و اعتدنا لھم عذاب السعیر (ملک ع)	آسمان دنیا کو ہم نے چراغون سے سجایا ہے، اور ان چراغون کو شیطانون کے لئے پتھر بنا دیا ہے، اور اُن کے لئے جہنم کا عذاب مہیا کر رکھا ہے،
ولقد جعلنا فی السّماء بروجاً و زیّناھا للناظرین وحفظناھا من کل شیطان رجیم الا من استرق السمع فاتبعہ شھاب مبین، (ع - ۲ حجر)	ہم نے آسمان مین برج بنائے اور اسے دیکھنے والون کے لئے خوشنما کیا، اور اُسے ہر شیطان رجیم سے محفوظ رکھا ہے، کوئی چپکے سے بات سُن لینا چاہے گا، تو ایک چمکتا انگارا اس کا تعاقب کرے گا،
لا یسمعون الی الملأ الاعلیٰ و یقذفون من کل جانب دحوراً ولھم عذاب واصب الا من خطف الخطفۃ فاتبعہ شھاب	ملأ اعلیٰ تک جاکر شیاطین نہین سن سکتے انکو ہر طرف سے ڈھیلے مارے جاتے ہین بھگانے کو اور ان کے لئے عذابِ جاوید ہے البتہ اگر کوئی بات لے اُڑنے کی کوشش کریگا

ثاقب (ع صافات) تو ایک چمکتا ہوا انگارا اس کا پیچھا کریگا،

ان آیتوں کا سفر ایوب سے مقابلہ کرکے دیکھو تو صاف نظر آئے گا کہ یہ آیتیں انہی لوگوں کی تردید کرتی ہیں، جو سفر ایوب کے مقدمہ نویس کے اس بیان کو صحیح تسلیم کرتے تھے کہ شیطان بنی الوہیم کے ساتھ خدا کے دربار میں حاضر ہو کر خدا سے باتیں کرتا ہے، اور اس کے حکم سے دنیا میں شرارتیں کیا کرتا ہے،

(انی مسنی الشیطان) کہنے کی معروف توجیہ کو مسترد کر دینے کے بعد یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضرت ایوبؑ نے مسنی الشیطان کیوں کہا، اس سوال کا جواب نہایت واضح ہے،

قرآن میں شیاطین صرف ابلیس اور اس کی ذریت ہی کا نام نہیں ہے، شیاطین الانس والجن (انعام) کے لفظ سے ظاہر ہے کہ شریر انسانوں کو بھی شیاطین کہا جاتا تھا (واذا خلوا الی شیاطینھم) میں لفظ شیاطین سے شریر المطبع افراد یہود کے مراد ہیں، عبرانی زبان میں شاطان کے معنی ہیں (دشمن) دشمن اور مخالف کو شاطان کہا جاتا تھا، حضرت ایوب کے قول انی مسنی الشیطان بنصب وعذاب میں الشیطان سے مراد ان کے زمانہ کا ایک شریر النفس انسان ہے، جو ان کا دشمن تھا، حضرت ایوبؑ کی جس دعا کا اختصار کے ساتھ قرآن مجید نے ذکر کیا ہے، اس کے الفاظ سفر ایوب کے نظم نویس نے حسب ذیل بتائے ہیں،

"اس کا غصہ تو مجھے پھاڑتا ہے، اور میرا کینہ تو مجھ پر دانت پیستا ہے، میرا دشمن میرے اوپر اپنی آنکھیں تیز کرتا ہے، وہ اپنے منہ مجھ پر پسارتے ہیں، میری بے عزتی کرتے ہیں، میرے گال پر تھپڑ مارتے ہیں، وہ مجھ پر اکٹھے ہو کر سمٹتے ہیں، (ایوب ۱۶: ۹ و ۱۰)

حضرت ایوبؑ نے جس شخص کو اپنا دشمن اور کینہ توز کہا ہے اسی کا ذکر قرآن میں الشیطان کے لقب سے آیا ہے، بتایا جا چکا ہے کہ حضرت ایوبؑ ایک بادشاہ تھے، ان پر دشمن نے حملہ کیا، وہ کامیاب رہا، اور یہ اس دشمن کے ہاتھ میں گرفتار ہو گئے تھے، دشمن کے تیر اندازوں نے ان کے بدن کو چھلنی کر دیا،

ان کے زخم جو سفر ایوب کے نظم نویس کے بیان کے مطابق جنگلی اونٹوں کے زخم تھے، مگر مقدمہ نویس کے بیان کے مطابق خدا کے دربار مین حاضری دینے والے شیطان کے لگائے ہوئے زخم تھے، جو اس دعا کے وقت اتنے گھناونے ہوگئے تھے کہ حضرت ایوبؑ نے خدا سے عرض کیا،

"لوگ مجھ سے گھن کھاتے ہین، مجھ سے دور بھاگتے ہین، میرے منہ پر تھوکنے سے باز نہین آتے ہین، ان مین سے ہر ایک مجھے دکھ دیتا ہے،..... ان کے بچے میرے دہنے ہاتھ کھڑے کرتے ہین، اور میرے پاؤن کو ٹھیل دیتے ہین، (ایوب ۳۰: ۱۰ و ۱۱) مصیبت کے ایام نے مجھے گھیر لیا ہے، (۳۰: ۱۶) مرض کی شدت سے میرا پیراہن اور طرح کا ہوگیا ہے، میری قبا کے گریبان کی طرح میرے گلے پر گرداگرد لگ گیا ہے، (۳۰: ۱۸) مین تجھ سے فریاد کرتا ہون اور تو نہین سنتا، مین تیرے آگے کھڑا ہوتا ہون، اور تو میری طرف رُخ نہین کرتا،

تحفك لا كزر لى بعصم يدك تشطنى — تو مجھ پر بے رحمی کرتا ہے اپنے ہاتھ کے زور سے مجھے توڑتا ہے،

(۳۰: ۲۰ و ۲۱)

سورۂ انبیا اور سورۂ صاد مین انہی دعاؤن کا ذکر ہے، مگر نہایت اختصار کے ساتھ سورۂ انبیا کے اندر (وانت ارحم الراحمین) فرما کر سفر ایوب کے نظم نویس کے اس بیان کی خدا نے اصلاح کردی ہے کہ حضرت ایوبؑ نے کہا "تو مجھ پر بے رحمی کرتا ہے"

حضرت ایوبؑ کی اس دعا سے صاف ظاہر ہے کہ الشیطان سے مراد وہ ابلیس نہین ہے جس کی بابت قرآن مین ہے کہ وہ جنون مین سے تھا، بلکہ حضرت ایوبؑ نے اپنے دشمنون کے سردار کو الشیطان کہا تھا، ان کی زبان مین شیطان کے معنی دشمن تھے، قرآن مین بھی ہے اِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ، یہ آیت نہ صرف یہ بتاتی ہے کہ شیطان انسان کا دشمن ہے، بلکہ اس لفظ کے اشتقاقی مفہوم

کی طرف بھی اشارہ کرتی ہے،

سورۂ انبیاء مین ایک ہی مصیبت کا ذکر تھا، اور وہ مصیبت تھی اُن کے اہل وعیال کا بچھڑ جانا، سورۂ صاد مین حضرت ایوبؑ کی زبان سے خدا نے مصیبت کے لئے دو لفظ استعمال کئے، (۱) نصب، (۲) عذاب،

نُصب اور نَصب مرادف اور ہم مادہ الفاظ ہین، نَصَب کا لفظ (فاطر ۳۵: ۹) مین لغوب کے ساتھ (توبہ ۹: ۱۲۰) مین ظمأ و مخمصہ کے درمیان وارد ہے، سورۂ کہف (ع - ۹) مین حضرت موسیٰؑ کی زبان سے سفر کی تکلیف کے معنی مین یہ لفظ آیا ہے، ان آیتون سے ظاہر ہے کہ نصب نام ہے ایسی جسمانی تکلیف کا جو بھوک ہے، نہ پیاس ہے، نہ تکان ہے، سفر مین جو تکلیف بھوک پیاس اور تکان کے علاوہ ہوتی ہے، وہ بدن کا دکھنا ہے، نصب کہہ کر حضرت ایوبؑ نے اپنی اس جسمانی اذیت کا ذکر کیا تھا جس کا تذکرہ صاحبِ سفر ایوب نے ان الفاظ مین کیا ہے کہ مرض کی شدت سے میرا بیرا ہن اور طرح کا ہو گیا ہے،

سفر ایوبؑ کے تتمہ نویس نے یہ تو بتایا کہ آخر عمر مین اللہ نے پھر سے اُن کو پہلے سے زیادہ دولتمند بنا دیا، اور پھر سے ان کو بیٹے بیٹیان دین، مگر مرض کی بابت کچھ نہین کہا، سورۂ صاد مین حضرت ایوبؑ کی دعا و ہرانے کے بعد خدا نے فرمایا،

ارکض برجلك هذا مغتسل	اپنے پاؤن سے مار یہ رہا نہانے اور
بارد وشراب،	پینے کا ٹھنڈا پانی،

مطلب یہ ہے کہ ان کو دفع مرض کے لئے ایک صحت بخش چشمے کا پتہ دیا، یہ بیان قرآن کا بائبل پر اضافہ ہے، اس اضافہ کے بغیر قصۂ حضرت ایوبؑ کا نامکمل رہ جاتا تھا،

عذاب کے معنی سب کو معلوم ہین، عذاب کے لئے جسمانی ہونا ضرور نہین، روحانی صدمہ، اور

تکلیف کو بھی عذاب کہتے ہیں، حضرت ایوبؑ نے عذاب کا ذکر کرکے اپنے اسی دکھ کا اظہار کیا ہے، جس کا تذکرہ سفرِ ایوب کے ناظم نے یوں کیا ہے کہ حضرت ایوبؑ نے کہا،

"تو نے میرا سارا خاندان برباد کر دیا ہے" (۱۶ : ۷)

"میرے رشتہ دار مجھ سے جدا ہو گئے ہیں" (۱۹ : ۱۴)

حضرت ایوبؑ کی اس فریاد کا جواب خدا نے زبانی نہیں دیا ہے، فرمایا،

وَوَهَبْنَا لَهٗ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ،	اور ہم نے اُن کو اُن کے اہل دیدیئے، اور اون کے ساتھ اتنے ہی اور اپنی طرف سے رحمت کے طور پر، اور سمجھداروں کے یاد رکھنے کے لئے،

یہ وہی بات ہے جو سورۂ انبیا میں فرمائی تھی، اس آیت میں اور انبیا کی آیت میں فرق صرف یہ ہے کہ انبیا میں اولی الالباب کے بجائے عابدین کا لفظ ہے، وجہ فرق یہ ہے کہ سورۂ انبیا میں قصصِ انبیا کے مخاطب اہلِ ایمان ہیں، چنانچہ قصوں کو ختم کرنے کے بعد خدا نے فرمایا،

"یہ ہے تمھاری امت (یعنی راہِ عمل) واحد راہِ عمل (جس کے سوا کوئی دوسری راہ نہیں) اور میں تمھارا رب ہوں سو میری پرستش کرو، (۲۱ : ۹۲)

برخلاف اس کے سورۂ صاد میں ذکرِ انبیا کے ابتدائی مخاطب وہ کفار ہیں جو ان کو اشرار کہتے تھے اس لئے یہاں اولوالالباب کا لفظ استعمال کیا، مطلب یہ کہ عقل سے کام لو، صرف ان مصائب کا خیال نہ کرو جو حضرت ایوبؑ پر نازل ہوئے تھے، ان رحمتوں کا تصور بھی کرو، جو انھوں نے مصیبتیں جھیل کر حاصل کیں،

اہل و عیال کے دگنے ہو کر واپس ملنے کا ذکر چونکہ انبیا اور صاد دونوں میں ہے اس لئے سورۂ

صاد کی خاص بات یہ رہی کہ حضرت ایوبؑ کو خدا نے مرض کا علاج کرنے کے لئے ایک صحت بخش چشمہ کا پتہ دیا،

ایک روایت مین ہے کہ حضرت جبرئیلؑ نے حضرت ایوبؑ کو ایک مقام پر لے جا کر کہا اس جگہ اپنے پاؤن سے ٹھوکر مارو انھون نے ٹھوکر ماری اور چشمہ نکل پڑا، (درمنثور بروایت ابن عساکر)

ظاہر ہے کہ یہ روایت اسرائیلی نہین ہے، کیونکہ صحت بخش چشمہ کا ذکر سفر ایوبؑ کے بیان پر قرآن کا اصلاحی اضافہ ہی، یہ روایت دراصل ارکض برجلک کی قیاسی تفسیر ہے،

سورۂ انبیا مین "اذا ھم منھا یرکضون" کا فقرہ اس معنی مین آیا ہے کہ "ناگاہ بھاگنے لگے" ارکض برجلک کا صحیح ترجمہ یہ ہی کہ "اپنے پاؤن سے دوڑ جاؤ" لیکن مین نے معروف ترجمہ اور تفسیر کو اپنے ذاتی خیال پر ترجیح دی، میرا اپنا خیال یہ ہے کہ خدا نے ایک صحت بخش چشمہ تک سفر کا حکم دیا تھا لیکن قدیم تفسیر کو غلط قرار دینے کی بھی کوئی وجہ نہین ہی،

سورۂ صاد مین قصۂ ایوب کے انھی عناصر کو خدا نے دہرایا ہے جو سفر ایوب مین یا تو مذکور نہین یا مذکور ہین مگر قابل اصلاح ہین، جو باتین سفر ایوب مین مذکور ہین، اور قابل اصلاح نہین، اُن کا تذکرہ موجود نہین، سفر ایوب کے ناظم و ناشر دونون نے حضرت ایوبؑ کی بی بی کا ذکر کیا ہے، اور ان کو برے رنگ مین پیش کیا ہے، سفر ایوب کے ناظم نے حضرت ایوبؑ کی زبان سے کہا کہ

"میری جان سے میری جورو کو نفرت ہی"

مقدمہ نویس کے بیان کے مطابق اُن کی جورو نے اُن سے کہا تھا کہ

"تو اب تک اپنے دین پر قائم ہے، خدا کو سلام بول اور مرجا"

سفر ایوب کے بیان کے مطابق حضرت ایوبؑ نے اس کو صرف ڈانٹ دینے پر بس کی تھی، کہا تھا کیا ہم خدا کی رحمتین تو قبول کرین زحمتین رد کر دین؟ سورہ صاد مین خدا نے

اس بات کو دہرائے بغیر بتایا کہ حضرت ایوبؑ پر جو وحی نازل ہوئی تھی اس مین بھی یہ تھا کہ

وخذ بیدک ضغثا اور اپنے ہاتھ مین ایک گٹھا تنکون کا لے

و اضرب بہ ولا تحنث اور اس سے مار اور قسم توڑنے کی خطا کر،

اس سے ظاہر ہے کہ حضرت ایوبؑ نے کسی کو جھاڑو سے مارنے کی قسم کھائی تھی مگر کسی وجہ سے اس قسم کو پوری کرنے سے ہچکچاتے تھے، خدا نے تاکید کی کہ ہچکچاؤ نہین قسم ضرور پوری کرو،

مفسرین کی روایت ہے کہ حضرت ایوبؑ نے اپنی بی بی کو سو کوڑے مارنے کے لیے قسم کھائی تھی، خدا نے اس قسم کو پورا کرنے کی یہ ترکیب بتائی کہ سو تنکون کی جھاڑو لے کر مارو، یہ روایت معقول نہین ہے، یہ تو ایک حیلہ کی تعلیم ہوئی، صحیح بات یہی ہے کہ انھون نے ایک خطا کی بنا پر (اور وہ خطا ہی ہو سکتی تھی جس کا ذکر سفر ایوب کے مقدمہ نویس نے کیا ہے) اپنی عورت کو صفث (جھاڑو) سے مارنے کی قسم کھائی تھی، خدا نے قسم پوری کرنے کا کوئی آسان حیلہ نہین سکھایا بلکہ جو قسم انھون نے کھائی تھی اسی کو پورا کرنے کی تاکید فرمائی تھی،

صبر ایوب | اس قسم کی تکمیل کے حکم کے بعد قرآنی قصۂ ایوب ختم ہو جاتا ہے، قصہ ختم ہونے کے بعد خدا نے فرمایا،

انا وجدناہ صابرا ہم نے اس کو صابر بنایا،

سفر ایوب پڑھ جاؤ، عام اثر تم پر یہ ہوگا کہ حضرت ایوبؑ نہایت بے صبری سے اپنے مصائب پر واویلا کرتے تھے، قرآن مجید کی یہ آیت اس کی تردید کرتی ہے، اور اس روایت کی تصدیق کرتی ہے جس کا تذکرہ حضرت عیسیٰؑ کے ایک حواری یعقوب نے اپنے خط مین یون کیا ہے، کہ

دیکھو ہم ان کو جو صبر کرتے ہین نیک بخت سمجھتے ہین، تم نے ایوب کا حال سنا ہے، خداوند کی طرف سے جو انجام ہوا تم جانتے ہو وہ بڑا رحیم اور مہربان ہے (یعقوب ۵: ۱۱)

حضرت ایوب کے صبر کا تذکرہ فرماکر خدا نے فرمایا،

نعم العبد وہ اچھا بندہ تھا،

یہ تردید ہے اُن کی جو حضرت ایوبؑ کو اشرار مین سے بتاتے تھے،

انہ اوّاب، بے شک وہ اواب تھا،

اوّاب کے معنی ہین بہت لوٹنے والا گناہ سے باز رہنے والے کو بھی اواب کہتے ہین، اور اُسے بھی جو گناہ سے تائب ہو جائے، علاوہ برین اس بے گناہ کو بھی جس کا دل ہمیشہ خدا کی طرف متوجہ رہتا ہے اواب کہتے ہین،

سورۂ صاد مین چونکہ خدا نے کفار کے قول پر صبر کرکے حضرت ایوبؑ وغیرہ کا قصہ سُنانے کا حکم دیا ہے، اور سورۂ صاد مین اُن کے حالات کے صرف ایسے چند اجزا بیان کئے ہین، جو پہلے سے مشہور قصہ مین اصلاحین کرتے ہین، اس لئے قرآنی اصلاحون کے ساتھ ان کا پورا قصہ بیان کر دینا ضروری ہے، ماحصل اس ساری تحریر کا حسب ذیل ہے،

حضرت ایوبؑ ایک زمانہ مین شہر بصریٰ مین حکومت کرتے تھے وہ حضرت عیسو بن اسحاق اور بشماء بنت اسماعیل کی نسل سے تھے، ان کا زمانہ حضرت یوسفؑ کے بعد اور حضرت موسیٰؑ کے پہلے تھا، وہ نہایت صابر اور خدا سے لو لگانے والے بزرگ تھے، اُن پر خدا نے ایک آفت ڈھائی، دشمن نے اُن پر حملہ کیا، اس حملہ مین انھون نے شکست کھائی، شریرون نے ان کو قید کر لیا، اپنے اہل وعیال سے وہ بچھڑ گئے، البتہ ان کی بی بی اُن کے ساتھ تھین، ایام اسیری مین اُن کے بدن کے زخم نہایت گھنونے قسم کا مرض بن گئے، ان مصائب کو دیکھکر اُن کی بیوی نے اُن کو مشورہ دیا، کہ خدا کو سلام بولو اور مر جاؤ حضرت ایوبؑ نے اس پر ناراض ہوکر اُسے جھاڑو مارنے کی قسم کھالی، مگر ناتوانی نے اُن کو اس کا موقع نہین دیا تمام مصائب کو حضرت ایوبؑ نے صبر وشکر کے ساتھ برداشت کیا، ایک مدت تک وہ خاموشی

سے دکھ سہتے رہے، لیکن بالآخر خدا سے دعا کی اور کہا کہ بار الٰہا! میں دکھ میں مبتلا ہوں، اور تو بڑا رحیم ہے، اس دعا کا اثر جلد ظاہر ہوا، دشمن کی قید سے رہائی پائی، اہل و عیال دونے ہو کر اُن کو طے مرض جو پیدا ہو گیا تھا، اس کے علاج کے لئے خدا نے اُن کو ایک صحت بخش چشمہ کا پتہ دیا، اور انھوں نے اس مرض سے بھی نجات پائی، بی بی نے مصیبت کے ایام میں چونکہ نہایت وفاداری سے ساتھ دیا تھا، اس لئے وہ اس کو مار کر اپنی قسم پوری کرنے سے ہچکچاتے تھے، خدا نے اُن کو تاکید کی کہ ضرور قسم پوری کرو،

(قرآنی کتابیں)

ارض القرآن حصہ اوّل

عرب کا قدیم جغرافیہ عاد، ثمود، سبا، اصحاب الایکہ، اصحاب الحجر، اصحاب الفیل کی تاریخ اس طرح لکھی گئی ہے جس سے قرآن مجید کے بیان کردہ واقعات کی یونانی رومی اسرائیلی لٹریچر، اور موجودہ آثار قدیمہ کی تحقیقات سے تائید و تصدیق کی ہے،

ضخامت ۳۲۴ صفحے، قیمت: ۔ے ر

ارض القرآن حصہ دوم

قرآن مجید کے اندر جن قوموں کا ذکر ہے، ان میں سے مدین اصحاب الایکہ، قوم ایوب، بنو اسماعیل، اصحاب الرس، اصحاب الحجر، بنو قیدار، انصار اور قریش کی تعریف، اور عرب کی تجارت زبان اور مذہب پر تفصیلی مباحث،

ضخامت: ۲۴۰ صفحے، قیمت: ۱۲ عہ

"منیجر"

ترکی ادبیات کا نیا رجحان

از

جناب مولوی محمود علی خان صاحب مولوی فاضل بی اے مہتمم جامعہ احمدیہ بھوپال

مولوی صاحب موصوف علوم مشرقیہ کے عالم، عربی ادب مین تحریر و تقریر پر قادر، اُر
اردو، فارسی، ترکی، پشتو کے ماہر اور انگریزی کے گریجوایٹ ہین، ہماری زبان مین ترکی
کے متعلق بہت کم مواد ہے، موصوف نے میرے فرمایش پر یہ مضمون لکھا ہے، امید ہے کہ وہ
اپنے علمی و علمی فیوض سے کبھی کبھی بہرہ ور فرمائین گے، "س"

ہر قوم کا ادب عکس ہے اس کی ذہنیت کا، اور ذہنیت نتیجہ ہے، ایک مسلسل تاریخی واقعات
کا، جو اُس قوم پر گذرتے رہتے ہین، ترکی ادبیات کے قدیم دور مین مذہبی رنگ غالب تھا، اور زبان
مین عربی اور فارسی الفاظ کی کثرت تھی، کیونکہ یہ ایک ایسا زمانہ تھا، جب کہ عثمانی سلطنت عراق
سے لیکر مراکو کے حدود تک اور اسٹریا سے لیکر سوڈان اور یمن تک پھیلی ہوئی تھی، ترکی قوم کے
علاوہ اُس کے ماتحت فارسی، عربی، یونانی، بلغاری وغیرہ بولنے والی قومین تھین، لیکن عثمانی
سلطنت کا اقتدار چونکہ خلافت اسلامی، اور بلاد مقدسہ پر حکومت کرنے کی وجہ سے تھا، اس لئے
ترکی ادب مین عربی و فارسی کے الفاظ کا کثرت سے استعمال ہونا اس کا ایک قدرتی نتیجہ تھا، قوم
مین مذہبی روح، علماء کا احترام، عربی و فارسی سے محبت، علوم دینیہ کا رواج یہ سب چیزین
ایسی تھین جن کی وجہ سے عربی و فارسی الفاظ اور مذہبی و علمی اصطلاحات کثرت سے ترکی زبان

مین داخل ہوگئی تھین، اور ادبی رجحان فارسی و عربی ادب کی مشترکہ روایات پر مبنی ہوگیا تھا، ذیل مین ایک شعر مثال کے طور پر لکھا جاتا ہے، اس مین سوائے ضمائر و روابط اور ایک آدھ فعل کے باقی سب فارسی و عربی الفاظ ہین، ان پر ایک خط امتیاز کے لئے کھینچ دیا گیا ہے،

تمام اصفہان اولماز، ستانبول شہر ینگ نصفی اگرچہ حجلۂ نصف جہان وصف صفاہان

اصفہان کا پورا شہر استانبول کے آدھے کے برابر نہین ہو سکتا، اگرچہ پوری نصف دنیا صفاہان کی تعریف مین بھری پڑی ہے،

اس دور کی تصنیفات مین اسلامی علوم کی کتابین، انبیا و اولیا کے قصے، کچھ تاریخی کتابین شامل ہین، ذیل مین قدیم زمانہ کا ایک نمونہ پیش کیا جاتا ہے، یہ یازیجی محمد کا کلام ہے، جو سلطان محمد فاتح قسطنطنیہ (۱۴۵۳ء) کے زمانہ مین تھے، بڑے عالم اور صوفی گذرے ہین، ان کے کلام مین عربی اور فارسی الفاظ کی کثرت ملاحظہ فرمایئے،

چو اولدر عالم غیب و شہادت پس اولدر قادر و خلاق و مولیٰ

جب کہ وہ ہے پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا، پس وہی قادر ہے، پیدا کرنے والا ہے اور مالک ہے،

جمع کائناتی قیلدی ابداع دلائل قیلدی ذاتینہ معلیٰ

اُس نے تمام کائنات کو پیدا کیا، اور اپنی بلند ذات پر دلائل قائم کئے

قوادیانی دینی قیلدی منسوخ انکون شرعی در خیر و ابقیٰ

تمام دینون کو اُس کے دین نے منسوخ کر دیا، اسی وجہ سے اُس کی شریعت سب سے بہتر اور زیادہ باقی رہنے والی ہے،

چو مداحی اولہ اللہ +عظمہ قیاس ایت کیم در اول سلطان اعلیٰ

جب خدائے بزرگ اُس کا تعریف کرنیوالا ہوا تو قیاس کرو کہ وہ سلطان اعلیٰ کون ہے (صلی اللہ علیہ وسلم)

اس کے بعد ہم کئی صدی نیچے اتر کر ایک ادیب کے کلام کا نمونہ پیش کرتے ہین، جو اُس نے بطور قطعۂ تاریخ کے سلطان عبدالحمید خان کی تخت نشینی (۱۸۷۶ء) کے موقع پر لکھا تھا، ابھی تک عربی و فارسی کی وہی کثرت چلی آرہی ہے، وہ کہتا ہے،

طوغدی خورشید سعادت ازسر نو عالمہ طولدی انوار مسرت ہر کس ایتدی رسم عید

آفتاب سعادت نئے سرے سے دنیا پر طلوع ہوا، انوار مسرت پھیل گئے، اور ہر شخص نے عید کی رسم ادا کی،

چونکہ تخت عالی عثمانی یہ گچدی بوگون عدل و انصاف و کرملہ مشتہر ذات فرید

اس لئے کہ آج تخت عثمانی پر جلوہ افروز ہوا، (وہ جو کہ) عدل، انصاف، کرم سے مشہور ایک ذات فرید ہے،

اس کے بعد ترکی مین انقلابات کا دور شروع ہوتا ہے، اور شخصی حکومت ختم ہو کر اُس جگہ دستوری حکومت قائم ہوتی ہے، بادشاہ پرستی کے خیالات دماغون سے نکل کر اس کی جگہ وطن پرستی اور قوم پرستی کے جذبات پیدا ہوتے ہین لیکن لفظی اعتبار سے زبان پر کچھ زیادہ اثر نہین پڑا، کیونکہ ابھی تک ترکی مین ایسے لوگ موجود تھے، جو ترکی زبان سے زیادہ عثمانی زبان کے حامی تھے، اور عثمانی زبان اُس ترکی کو کہتے تھے، جو ترکی، عربی اور فارسی الفاظ کا مجموعہ تھی، افعال و ضمائر وغیرہ ترکی کے استعمال ہوتے تھے، لیکن بقیہ الفاظ تمامتر عربی و فارسی ہوتے تھے، جیسا کہ آپنے اوپر کے نمونون مین دیکھا، دستوری دور مین اگر کوئی فرق پڑتا ہے، تو وہ صرف مضمون کا، کیونکہ اب وطنی و قومی جذبات روز بروز ترقی اختیار کرتے جارہے تھے، ۱۹۱۱ء کا ایک نمونہ ملاحظہ فرمائیے،

بزعسکر زعثمانیلیلر زشیر و غایز سرحدده سرد شمنہ شمشیر قضایز

احیاے وطن اوغرینہ ہر لحظہ فدایز

ترجمہ: ہم سپاہی ہین عثمانی ہین شیر و غا ہین سرحد پر دشمنون کے سر پر شمشیر قضا ہین
احیاے وطن کی راہ مین ہر لحظہ فدا ہین

قورشون یا غیور کن صولہ لرزون صاچیلیر سنجاغمزدن انوار شجاعت

داہنے طرف بائین طرف سے گولیان برستے وقت انوار شجاعت پھیلتے ہین ہمارے جھنڈے سے،

عثمانی جھنڈے کے متعلق اسی زمانہ کی ایک نظم ہے جس کا ترجمہ یہ ہے،

ارطغرل کے خاندان سے بیدار ہوا ہے تو کس طرح دشمنون کے قلعون پہ لہرایا ہے تو
شہیدون کے خون سے رنگین ہوا ہے تو تجھ پر سلام اے عثمانی جھنڈے
تیرے بازو ہوا میں لہرا رہے ہین کیا آسمان سے بھی بلند ہو جانیکا قصد ہے تیرا
تیرے سایہ مین ہر عثمانی جان دینا چاہتا ہے تجھ پر سلام ہو اے عثمانی جھنڈے
اے شرافت اور عظمت کے فرمان اور اے لڑائیون والی تاریخ کی داستان
اس ملک کا ہر ہر گوشہ تجھے چاہتا ہے تجھ پر سلام ہو اے عثمانی جھنڈے

اسی زمانہ کی ایک درسی کتاب مین جو بچون کو دوسری جماعت مین پڑھائی جاتی تھی بچون کے لئے چند شعر لکھے ہین جن کا ترجمہ یہ ہے،

"چھوٹا سپاہی ہتھیار لے کر آگے بڑھتا ہے، سارا شہر اس سے کہتا ہے "چھوٹے سپاہی زندہ باش" ان ننھے کاندھون پر کل بندوق رکھی جائے گی "بندوق کیا بلکہ پورے وطن کا بوجھ ان پر رکھدیا جائے گا"

اس کے بعد ۱۹۱۴ء کی جنگ عظیم شروع ہو جاتی ہے، ترک لڑائیون مین شریک ہوتے ہین، جرمن کے عرب جن پر لاکھون ترکی پونڈ صرف ہوتے تھے، باغی ہو جاتے ہین چار سال کی مسلسل جنگ کے بعد ترکون کو شکست ہوتی ہے ملک کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتے ہین یونان ایشیائے کوچک

مین گھس آتا ہے، ترکی سلطان اتحادی قیدی سے زیادہ حیثیت نہین رکھتا، اور ملک بالکل تباہ ہوجاتا ہے، اسی اثنا مین کمال اتاترک اٹھ کھڑا ہوتا ہے، اور ترکی کو غلامی سے نجات دلاکر اُس کے ہر شعبۂ زندگی مین ایک انقلاب برپا کردیتا ہے، اس موقع پر اس انقلاب کی تفصیل بیان کرنا ہمارے موضوع سے خارج ہے، ہم صرف اس کے ادبی پہلو پر کچھ لکھنا چاہتے ہین،

ترک اس حقیقت کو بخوبی سمجھ گئے کہ اگر دنیا مین بحیثیت ایک زندہ قوم کے رہنا ہے، تو جدید علوم وفنون کو رواج دینا، فوج کی جدید اصول پر تربیت، جدید اسلحۂ جنگ کا استعمال، صنعتی، زراعتی، اور اقتصادی ترقی بالکل اُنھی اصولون پر لازمی ہے، جن کو مغربی دنیا اختیار کئے ہوئے ہے، چونکہ اُن کو قدامت پسند علما سے نفرت ہوگئی تھی، جو ہر اصلاح کے مخالف تھے، اس لئے اس جدید تحریک کا ایسا ردعمل ہوا کہ ترک قوم اسلام کو بھی بڑی حد تک کھو بیٹھی، اور اُس کے خیال مین تقریباً ہر اسلامی چیز ترقی کی راہ مین حائل ہونے لگی، اگر علما اپنے جمود کو چھوڑ کر ترقی کی رفتار مین قوم کی مدد کرتے، اور یقیناً کرسکتے تھے، کیونکہ اسلام بشرطیکہ اس کو اصلی صورت مین پیش کیا جائے، ہرگز انسانی ترقی کا مخالف نہین، وہ تو یہ کہتا ہے کہ "کائنات کی ہر چیز تمھارے لئے مسخر کردی گئی ہے"! اس سے زیادہ "سائنس" کی تعلیم کی طرف کیا چیز رغبت دلاسکتی ہے، کیونکہ سائنس نام ہے، قدرت کے راز معلوم کرنے، اور اُن کو انسان کے نفع کے لئے استعمال کرنے کا، اور یہی اسلامی تعلیمات کا صحیح منشا ہے،

علما نے ایسا کیون نہین کیا، اس کا جواب بھی نہایت صاف ہے، اور وہ یہ کہ جس تعلیمی ماحول میں اُن کے دماغون نے تربیت پائی تھی، وہ سائنس کی دنیا اور موجودہ ٹھوس حقائق سے بالکل الگ تھا، ناقص مذہبی تعلیم، قدیم یونانی منطق وفلسفہ کے خرافات سے اُن کی ذہنیت کی تعمیر ہوئی تھی، اور اگر اُن مین سے بعض جدید حالات سے متاثر ہوکر کچھ سمجھنے بھی لگے تھے، تو وہ قصداً اپنے مرکز سے ہٹنا نہین چاہتے تھے، کیونکہ ایسا کرنے سے وہ علمی اعتبار سے دیوالیہ ہوئے جاتے تھے،

اور زندگی کے ہر شعبہ مین قیادتِ عامہ کا منصبِ جلیل جو انھین حاصل تھا ختم ہو جاتا تھا،

علما اپنی جگہ پر رہے، اور جدید ترکون نے آگے بڑھ کر اپنی پوری معاشرت مغربی سانچہ مین ڈھالدی، اور ایسے بھی آگے بڑھے کہ اپنی مشرقی روایات اور اسلامی تعلیمات کی بعض بنیادی چیزون کو بھی پیچھے چھوڑ گئے، اور اس انقلاب کو انھون نے ایسی ٹھوس بنیاد پر قائم کیا، کہ بچہ سے لے کر بوڑھا تک ایک ہی رنگ مین رنگ گیا، انھون نے ابتدا ہی سے بچون کے دماغ مین یہ باتین بٹھانا شروع کرین کہ دنیا مین جمہوریت ہی بہترین طرزِ حکومت ہے، ہمارے پرانے ملا عقل کے دشمن تھے، اور ہم کو ترقی سے روکتے تھے، جمہوریت نے ترکی قوم پر کیا کیا احسانات کئے وغیرہ وغیرہ، ذیل مین ہم ترکی کی پانچوین کتاب سے اسی مضمون کا ایک سبق ترجمہ کرکے پیش کرتے ہین، اس سے آپ کو بخوبی اندازہ ہوگا کہ کس طرح ابتدا ہی سے بچون کی تعلیم مین قومی تعمیر کی بنیاد رکھی جاتی ہے، سبق کا عنوان ہے: جمہوریت،

"میرے بچو! تم جانتے ہو کہ جمہوریت کو ہر شخص پسند کرتا ہے، ہر طرف سے "زندہ باد جمہوریت" کی آوازین آتی ہین، چھوٹا اور بڑا ہر ایک اپنی جان سے زیادہ اُس کی حفاظت کی قسم کھائے ہوئے ہے، جمہوریت کی بقا ہمارے لئے کیون اس قدر عزیز ہے، ہمارے رہنما اتاترک اعظم نے نوجوانون کو اس چیز کا انعام دینا کیون ہر شخص پر مقدم سمجھا، مین جمہوریت سے پہلے کا زمانہ بھی دیکھے ہوئے ہون اس لئے اس کے اسباب ایک ایک کرکے تمھین سمجھاتا ہون!

بادشاہت کے تاریک زمانہ مین جو تکلیفین ہم نے اٹھائی ہین، وہ کسی دوسری قوم نے نہین اٹھائین، ہم ایسی حالت مین اپنی آواز تک نہین اٹھا سکتے تھے، اور اپنے کلیجہ پر پتھر رکھے ہوئے تھے، جنگ عظیم (۱۹۱۴ء) مین ہم نے بڑی بڑی قربانیان کرکے اپنا خون بہایا، دوست اور دشمن دونون ہماری بہادری کو دیکھکر انگشت بدندان تھے جو قومین ہمارے ساتھ متحد تھین، وہ

چار سال لڑنے کے بعد سمجھ گئین کہ آیندہ وہ دشمن کی طاقت کا مقابلہ نہین کر سکتین، انھون نے ہتھیار ڈال دیئے، ہم بھی بہت تھک گئے تھے، کیا ہم اس وقت دنیا کے سامنے اپنا سر اونچا کر سکتے تھے، دشمن ہم سے کہتے تھے، اپنے ہتھیار رکھدو، اپنی مادر وطن کی سرزمین، اپنی جان، اور اپنی عزت و ناموس سب کچھ چھوڑ دو، ہم اُس وقت تک اپنی کہی ہوئی بات سے نہ پھرے، اور ایک بہادر قوم ہونے کی وجہ سے دوسری قوم کو بھی اپنی طرح سمجھتے رہے، ہم نے اپنے ہتھیار رکھدیئے، اور اپنے دروازے کھولدیئے،

مگر انسان کو دشمن کی باتون پر یقین نہ کرنا چاہئے، اپنا ہتھیار اپنے ہاتھ سے نہ دینا چاہئے، اپنے دروازون کو (غیرون کے لئے) نہ کھولنا چاہئے، انھون نے اندر داخل ہونے کے بعد ایک دم ہم پر حملہ بول دیا، انھون نے ہمارے سب سے زیادہ زرخیز علاقون کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا، اور ادھر سے اُدھر تقسیم کرنا شروع کر دیا، وہ ہم کو خود ہمارے وطن مین غلامون کی نظر سے دیکھنے لگے، اور ہمارے وجود کو اپنے پیرون کے نیچے کچلنے لگے، سب سے زیادہ دردناک بات یہ تھی کہ بادشاہ بھی اُن کے ساتھ مل گیا تھا، وہ بادشاہ جس کے باپ دادا کو ہم سینکڑون سال سے اپنے سرون پر اُٹھائے ہوے تھے، اور ہم نے اپنے خون دل سے اُن کی پرورش کی تھی،

اناترک کو یہ باتین برداشت نہ ہوسکین، ملک کے ایک گوشہ مین اُس نے قوم کے نہایت پاکیزہ اور نہایت دلیر فرزندون کو ایک جلسہ منعقد کیا، اور اپنا مقصد سمجھایا، برسون سے دل پر زخم کھائی ہوئی قوم کو اس کار عظیم مل گیا، جوان بڈھے، عورتین، مرد حکم کی تعمیل مین اُس کے آس پاس جمع ہوگئے، اور جیسے کہ پہاڑ کی بلندی سے ایک بڑا برف کا تودہ گرتا ہے، وہ دشمن پر آپڑے، اور صرف دشمن ہی کو نہین بلکہ بادشاہ کو بھی جو اس کے ساتھ اتفاق کئے ہوئے تھا، نکال باہر کیا، جمہوریت، ہماری آزاد اور خود مختار قوم کی قوت اور اُس کے ارادے سے قائم کی ہوئی حکومت ہے، اسی لئے ہم اُسے چاہتے ہین، اور وہ ہمین بیحد پیاری ہے،"

بادشاہی زمانہ مین ہم کس طرح دوسری قومون سے پیچھے رہ گئے، اب مین تم کو یہ سمجھاتا ہون،

بادشاہ ملک کو اُس کھیت کی طرح سمجھتا تھا جو ماں کی طرف سے اسے میراث مین ملا ہو، اور قوم کو اپنا غلام خیال کرکے اس کے افراد کو غلامون کی نظر سے دیکھتا تھا، ترکون سے زیادہ عرب اور ارناؤط جیسی اجنبی قومون کے فرزندون سے اس کو زیادہ محبت تھی، اور وہ اُن کی زیادہ پرورش کرتا تھا، بڑے عہدون کے لئے اکثر اوقات انہی مین سے انتخاب کرلیتا تھا، اگر کبھی کوئی شریف، عقلمند، اور ذی علم ترک فرزند کسی بڑے کام تک پہنچ جاتا اور ملک کو نجات دلانے کے لئے مفید کام کرنا چاہتا، تو اُس کی راہ مین پرانے خیال کے بے علم ملا حائل ہوجاتے تھے،

اب مین تمھارے سامنے ایک نئے خیالات رکھنے والے روشن دماغ ترک افسر اور ایک مُلّا کے درمیان گفتگو کراتا ہون، تم اُسے غور سے سُنو،

روشن دماغ ترک کبھی کبھی کسی اجنبی قوم کے ساتھ ہم کو لڑائی کا اتفاق ہوتا ہے، ہماری سپاہی اُن کے سپاہیون سے بہت زیادہ بہادر ثابت ہوتے ہین، لیکن اُن کی فوج جدید فنون حرب کے مطابق تربیت یافتہ ہوتی ہے، اور ذی علم افسرون کے انتظام کے ماتحت مشین کی طرح کام کرتی ہوئی حملہ آور ہوتی ہے، اُن کے ہاتھون مین جدید اسلحہ ہوتے ہین، اور ان کے جسم پر لڑائی کے لئے نہایت موزون اور آرام دہ لباس ہوتا ہے، اسی لئے وہ بہت کم جانی نقصان اٹھاکر بہت زیادہ کامیابی حاصل کرلیتے ہین، ہم کو بھی چاہئے کہ اُن کی طرح اپنی فوج کو ترقی دین، اپنی فوج کے ہتھیار اور اس کی وردیان بدل ڈالین، بڑے اور چھوٹے افسرون کو تعلیم دے کر انھین ماہر بنائین، اور مفید فوجی تربیت گاہین قائم کرین،

مُلّا:- ایسا نہین ہوسکتا یہ گناہ ہے، ہمارے اسلاف جیسا کرتے تھے، ہم اسی طرح کرین گے،

روشن خیال ترک: یورپ اور امریکہ مین علم نے بہت ترقی کی ہے، ایسے قانون بنائے

گئے ہین کہ کوئی انسان بے پڑھا لکھا باقی نہ رہے، ہمارے ہان پڑھے لکھے اتنے کم ہین کہ انگلیون سے بتائے جاسکتے ہین، ہمارے بچون کو پڑھانے کے لئے اونچی تعلیم حاصل کئے ہوئے استاد نہین ہین، ہمارے ملک کے گانون اور شہرون کو بارونق بنانے کے لئے اور راستون اور پلون کو تیار کرنے کے لئے انجینیر نہین ہین تندرستی کی حفاظت کے لئے ہمارے ہان ڈاکٹر نہین، ان سب کو تیار کرنے کے لئے نئے کالج قائم کرنا ضروری ہے،

ملا: یہ نہین ہوسکتا، یہ گناہ ہے، ہم کافر ہوجائین گے، کیا ہمارے مدرسے ہماری ضروریات کے لئے کافی نہین، ہمارے گانون اور شہرون کو بارونق بنانے سے کیا فائدہ، کل مرنے کے بعد جنت مین اللہ ہم کو بہت سے محل عطا فرمائے گا،

روشن خیال ترک: ہم کو چاہئے کہ چند ہسپتال قائم کرین،

ملا: یہ بھی نہ ہوگا یہ کافرون کا کام ہے، ڈاکٹر کے علاج سے بیماری نہین جاتی ہم اپنے بیمارون کی بزرگون سے جھاڑ پھونک کرائین تو یہ زیادہ مفید ہے،

روشن خیال ترک: ہم کو چاہئے کہ ہم اپنے بچون کو غیر زبانین سکھائین، تاکہ وہ ترقی یافتہ قومون کی مفید کتابین پڑھ سکین،

ملا: یہ نہ ہوگا، یہ گناہ ہے،

روشن خیال ترک: اگر یہ بات ہو تو ہم کو چاہئے کہ ہم اپنی مادری زبان ترکی کو اچھی طرح پڑھین،

ملا: جس کو ترکی کہین ایسی کوئی زبان نہین ہے، البتہ عثمانی زبان ہے جس مین زیادہ حصہ عربی اور فارسی الفاظ کا ہے، اگر ان زبانون کو حاصل کرلیا جائے تو کافی ہے،

روشن خیال ترک: ہمارے ہم وطنون مین آدھے سے زیادہ عورتین ہین، وہ پنجرے کے

اندر اور سیاہ نقاب کے نیچے زندگی بسر کرتی ہین، اور ایسے پھولونکی طرح زرد ہو کر مرجھا جاتی ہین جن کو دن کی روشنی نصیب نہ ہو، اور اسی وجہ سے وہ بچے جن کی وہ پرورش کرتی ہین، روز بروز کمزور ہوتے چلے جاتے ہین، ہم کو چاہئے کہ ہم اُن کو آزاد کر دین، وہ بھی ہماری طرح اپنا منہ کھول کر سورج کی روشنی مین پھرین، مدرسون مین داخل ہون، اور اُن کے خیالات ترقی کرین،

ملا: یہ نہین ہوسکتا، عورت کو گھر ہی مین بند رہنا چاہئے، اور دنیا سے اُس کو بے خبر رہنا چاہئے،

اس طرح پر ملا لوگ ہر وقت دنیوی امور مین دخل دیتے، اور ملک کو ترقی دینے کی نئی چیزون کے راستہ مین حائل ہوتے تھے، نامکمل عربی جاننے کے علاوہ اُن مین کوئی قابلیت نہ تھی، دین کے نام پر وہ لوگون کو دھوکا دیتے تھے، اور خود اپنے بھائیون کو آپس مین لڑایا کرتے تھے، جمہوری حکومت کی خوبیون مین سے ایک یہ بھی ہے، کہ اُس نے ملاؤن کو بیچ مین سے نکال کر دینی امور کو دنیوی اُمور سے علیحدہ کر دیا،

اب مین یہ بتانا چاہتا ہون کہ اِس گیارہ سال کی مدت مین جمہوری حکومت نے کیا کیا کام کئے،

۱- بادشاہ رعایا کو غلامون کی طرح استعمال کرتا تھا، اب ملک کے کامون سے واقفیت رکھنے والے، اور وطن سے محبت کرنے والے لوگون کا انتخاب کیا جاتا ہے، اور وہی لوگ حکومت کا کام دیکھتے ہین،

۲- امور مذہبی امور دنیوی سے الگ کر دیئے گئے،

۳- پرانے مدرسے بند کر دیئے گئے، اب ملک کے تمام بچے نئے مدرسون مین ایک ساتھ پڑھتے ہین،

۴- بادشاہت نے غیر قومون کو بہت سے حقوق دے رکھے تھے، ان کی علیحدہ عدالتین تھین، اور ڈاکخانے تھے، اگر وہ کوئی جرم کرتے تھے، تو ہماری پولیس اُن کو گرفتار کرکے عدالت مین نہین لاسکتی تھی، ہماری جمہوریت نے ان حقوق کو ختم کر دیا، اب ترکون کے وطن مین صرف ترکون ہی کا حکم چلتا ہے،

۵ - ہمارے ملک مین پرانے زمانہ سے دو علیحدہ علیحدہ عدالتین، اور دو علیحدہ قانون پائے جاتے ہین ایک دین کا قانون اور ایک دنیا کا قانون، اب یہ دوئی بھی بیچ مین سے اٹھ گئی، اب لوگ صرف ایک عدالت کو جانتے ہین، جہان وہ خود اپنی قوم کے بنائے ہوئے، قانون کی بنا پر اپنے حقوق طلب کرتے ہین،

۶ - پرانے زمانہ مین عورت اپنے گھر مین بند رہتی تھی، کوئی کام نہیں کرتی تھی، وہ صرف مرد کی دست نگر تھی، اُب اس نے اپنی کمزوریون کو محسوس کر لیا، اب وہ مرد کی طرح کھلے منہ پھرتی ہے، محنت کرتی ہے، اور کماتی ہے، اس کو میونسپل وغیرہ کی ممبری کا حق بھی دیدیا گیا ہے، جو اس وقت تک بہت سے ترقی یافتہ ملکون مین بھی اُس کو حاصل نہین ہے،

۷ - اس سے پہلے صرف مالدار لڑکے ہی پڑھ سکتے تھے، اب ہمارے ملک کے تمام بچون کو مفت تعلیم دیجاتی ہے، اور مدرسون کی تعداد سال بسال بڑھتی جاتی ہے،

۸ - پُرانا رسم خط ایک نہایت مشکل رسم خط تھا، ہمارا اپنا رسم خط آسان ہے، تم جتنا ایک سال مین پڑھ لیتے ہو اُس کو ہم پانچ سال مین پڑھا کرتے تھے،

۹ - آج جس طرح کی صاف اور ستھری ترکی زبان مین نوشت وخواند ہوتی ہے، اُس زمانہ مین اس کی کوئی قدر نہ تھی، ہم کو عربی اور فارسی الفاظ سے ملی ہوئی ایک بناوٹی زبان پڑھائی جاتی تھی، جس کو عثمانی زبان کہا جاتا تھا، اس مشکل زبان کو سیکھنے مین ہمارے کئی سال صرف ہو جاتے تھے، اور دوسرے علوم کو ہم بہت دیر مین شروع کرتے تھے، اور تمھاری طرح جلد ترقی نہین کر سکتے تھے،

۱۰ - پہلے ہم اپنے سر پر سرخ کپڑے کی بنی ہوئی ایک مضحکہ خیز ٹوپی لگاتے تھے، جس کو "فیز" کہتے ہین، گرمی اور جاڑے کے موسم مین یہ ٹوپی ہم کو بہت تکلیف پہنچاتی تھی، اُس کے اوپر ایک لٹکتا ہوا پھندنا ہوتا تھا، جسے دیکھ کر ساری دنیا ہم پر ہنستی تھی، جمہوریت نے اُس کو بھی پھاڑ پھینکا

اور تمام متمدن دنیا جو ٹوپی اپنے سر پر لگاتی ہے، ہم بھی اب وہی استعمال کرتے ہین،

۱۱۔ پہلے مجسمہ بنانا ممنوع تھا، تصویر اور موسیقی کی بھی کوئی قدر نہ تھی، اب جمہوری حکومت نے ان کو نہایت ضروری خیال کرتے ہوئے، نصاب تعلیم مین اُس کو ایک بڑی جگہ دی ہے،

۱۲۔ اناطولیہ کے راستوں کی طرف بالکل توجہ نہ تھی، ایک سرے سے دوسرے سرے تک پہونچنے مین مہینے گذر جاتے تھے، جنگ کے زمانہ مین سپاہیون کو اُن کے گانوون سے نکال کر جب تک میدان جنگ مین پہنچایا جاتا تھا، دشمن سرحد کو عبور کر چکا ہوتا تھا اب بارہ سال کے عرصہ مین جیسا کہ ہم سب جانتے ہین، اناطولیہ مین کیسے اچھے اچھے راستے بن گئے، اور ریلون کا جال بچھ گیا،

۱۳۔ پہلے زمانہ مین ہمارے ملک کے ایک گوشہ مین تنہا ایک بڑا شہر استنبول تھا، دوسرے شہرون کی طرف کوئی توجہ نہ تھی، شہرون سے زیادہ وہ بڑے گانون سے مشابہ تھے، انقرہ بھی اناطولیہ کے بیچ مین ایک بڑا گانوں تھا، جمہوری حکومت نے اس مین بارہ سال کی مدت مین نہایت ترقی یافتہ عمارتین بالکل یورپ اور امریکہ سے ملتی ہوئی بنا ڈالین، راستے، مدرسے، عجائب خانے اور کارخانے بنا کر شہر کی رونق بڑھائی گئی، اسی طرح ملک کے دور دراز گوشون مین بھی جو شہر آباد ہین، وہ بھی ترقی کرتے جارہے ہین"

یہانتک ترکی کی پانچوین کتاب (مطبوعہ ۱۹۳۷ء) کے ایک سبق کا ترجمہ ہم نے پیش کیا، اس سے آپ نے اندازہ کیا ہوگا کہ کس طرح ابتدا ہی سے بچون کی ذہنی تربیت کیجاتی ہے، اور بچون کی ذہنیت کے مطابق عام فہم اور آسان طریقے سے جمہوریت اور جدید تمدن کے فوائد اُن کے ذہن نشین کئے جاتے ہین، ہمارا مطلب اس سے یہ نہین ہے، کہ ہم کو ترکون کی ہر بات سے اتفاق ہے، اور انھون نے مشرقی تہذیب کو چھوڑ کر جو مغربی رنگ اختیار کیا ہے، وہ ہمارے لئے بھی قابل تقلید ہے، کیونکہ اوّل تو یہ بحث ہمارے موضوع سے خارج ہے، اور دوسرے ہمارے ملک کی منتشر حالت اور

مسلمانون کی موجودہ ذہنیت اس بحث کے لئے سازگار نہین ہے، ہمارا موضوع ترکی ادب کے رجحانِ جدید پر منحصر ہے، اور اسی کو ہم آگے بھی ذرا تفصیل سے بتانا چاہتے ہین،

سیاسی انقلاب کا جو اثر ترکی ادبیات پر پڑا اُس نے ترکی کو قدیم رسم خط کو بھی باقی نہیں چھوڑا پہلے ترکی زبان عربی رسم خط مین لکھی جاتی تھی، اور اب رومن حروف اختیار کر لئے گئے ہین لیکن حقیقت یہ ہے کہ رسم خط کی تبدیلی مین ترک بالکل حق بجانب ہین، اس لئے کہ عربی رسم خط مین ترکی زبان صحیح طریقہ پر نہین لکھی جا سکتی تھی، کیونکہ عربی کے حروف علت اور حرکات یعنی واؤ الف اور یے، اور زبر زیر اور پیش ترکی تلفظ کے ادا کرنے سے بالکل قاصر تھے، مثلاً ترکی زبان مین ایک حرکت زیر اور زبر کے درمیان ہوتی ہے مثلاً "Ben" یعنی "مین" اب اس کو پرانے رسم خط مین یا تو زبر کے ساتھ بَن لکھ سکتے ہین، یا زیر کے ساتھ بِن اور دونون غلط ہین، اسی طرح عربی مین صرف ایک واؤ ہوتا ہے، واؤ معروف، اور اگر فارسی کا واؤ مجہول بھی لے لیا جائے، تو دو قسم کے واؤ ہوے، حالانکہ ترکی مین اس کے علاوہ دو قسم کے اور واؤ ہین، ایک واؤ ہے جس کا تلفظ واؤ مجہول اور یائے مجہول کے درمیان ہے، مثلاً Ölek متعدی مرض Ölmez غیر فانی، اور ایک واؤ ہے جس کا تلفظ واؤ معروف اور یائے معروف کے درمیان ہے، مثلاً Üke = سرحد Üfürük = جھاڑ پھونک، پہلے واؤ رومن O پر دو نقطے لگا کر اور دوسرا پر دو نقطے لگا کر ظاہر کیا جاتا ہے، علاوہ ترکی کے یہ دونون تلفظ جرمن اور ہنگرین وغیرہ زبانون مین بھی ہین، اس کے علاوہ ترکی کا قدیم رسم خط یعنی عربی رسم خط، مرکب ہونے کی وجہ سے نہایت مشکل تھا جس مین ایک حرف کی کئی کئی صورتین ہوتی ہین، زبر زیر اور پیش عام طور پر نہین لگائے جاتے محض قرینہ اور حافظہ کی مدد سے لفظ صحیح پڑھا جاتا ہے، ت ط، ز ذ ض ظ، ث، س، ص، کا جھگڑا بھی بچے کے لئے کچھ کم مشکل نہین، لہذا زبان کے رسم خط کو آسان بنانے اور اُس کو تلفظ کے عین مطابق کرنے کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ نہین تھا، کہ اس کو رومن

حروف مین لکھا جائے، بلکہ طوالت کے بچنے کے لئے یہان تک کیا گیا کہ ش کے لئے Sh دو حروف لکھنے کے بجائے S کے نیچے ایک نشان اس طرح S کا لگا دیا جاتا ہے، C ترکی مین ج کی آواز دیتا ہے اور چ کے لئے بجائے Ch دو حرفون کے C نیچے ایک نشان اس طرح C لگا دیتے ہین اس اصلاح کا یہ نتیجہ ہوا کہ اب بچہ نہایت تیزی سے پڑھنے لکھنے لگتا ہے، غیر زبان والے بھی آسانی سے ترکی پڑھنے لگتے ہین، اب ترکی دنیا کی اُن چند زبانون مین ہے جو تلفظ کے عین مطابق لکھی جاتی ہین،

ذیل مین ہم ایک جملہ قدیم اور جدید دونون رسم خطون مین لکھتے ہین، اب آپ تمام مذہبی اور تاریخی تعصب کو چھوڑ کر انصاف سے فیصلہ کیجئے کہ کونسا رسم خط آسان ہے،

"Yüksek Türk, Senin için Yüksekliğin
hududu yoktur. Kemal Atatürk"

"یوکسك ترك، سنك ایچون یوکسكلكك حددی یوقدر (کمال اتاترك)

ترجمہ: "اے بلند ترک، تیرے لئے بلندی کی کوئی حد نہین ہے، (کمال اتاترک)

ترکی ادبیات کا مذہبی رنگ تو عرصہ ہوا ختم ہو چکا تھا، اور جیسا کہ ہم نے اوپر لکھا ہے، اُس کی جگہ قومی اور وطنی ادبیات نے حاصل کر لی تھی، ۱۹۱۴ء کی جنگ عظیم کے بعد جب ترکی کا ہر شعبۂ زندگی تقریباً مغربی سانچہ مین ڈھل گیا تو ادبیات نے بھی وہی رنگ اختیار کرنا شروع کیا، جو مغربی ادب کی خصوصیت ہے، عشق و محبت کے جذبات کا اظہار قدیم روایات اور محدود تشبیہات و استعارات کا پابند نہین رہا، زبان کی سادگی اور سلاست بڑھ گئی، غیر ضروری عربی اور فارسی الفاظ کی بھرمار نہین رہی، بیانیہ شاعری نے بھی بڑی ترقی کی، قدرت کے مناظر اور فطرت کی نقاشی کا عکس بھی ترکی ادبیات مین نمایان طور پر نظر آنے لگا،

ہم کو افسوس ہے کہ جملہ اصنافِ سخن کی مثالین ہم آپ کے سامنے پیش نہین کر سکتے، اس لئے کہ

نہ تو ہمارے پاس اس کا کافی ذخیرہ ہے اور نہ مضمون کو زیادہ طول دینے کی گنجایش ہے، لہذا اب ہم جستہ جستہ صرف چند ایسے انتخابات درج کرتے ہین، جو قومی شاعری سے متعلق ہیں، کیونکہ انقلاب کے بعد شاعری کی اسی صنف نے زیادہ ترقی کی ہے، اس انتخاب کا زیادہ حصہ ہم نے ترکی ریڈرون سے ترجمہ کیا ہے، لہذا اس کے پڑھنے مین یہ بات ملحوظ رہے کہ یہ بچون کی ذہنیت کے مطابق ان کی قومی تربیت کے خاطر لکھی ہوئی چھوٹی چھوٹی نظمین اور عبارتین ہین، آپ اُن کو اپنی تربیت یافتہ ذہنیت سے مطابق کرنے کی کوشش نہ فرمائیے،

وطن اور اتاترک | "یہ سمندر، یہ پہاڑ، یہ جنگل، یہ باغ، یہ چاندی کی طرح سفید پانی، یہ آبشارین، یہ خوبصورت بے مثل وطن، میرے بچے! یہ تیرا ہے، یہ تیرا ہے،

جب کہ تو گہوارہ مین تھا، تیری مان لوریان سنا کر تجھے سلاتی تھی، تیرا وطن جو ہر ملک سے اونچا ہے، دشمنون سے بھر گیا تھا، اور وہ ایک قید خانہ تھا،

جب کہ دشمن ہم کو پیرون تلے روندرہے تھے، اتاترک آگے بڑھا، اور ایک ایسا سورج نکلا جو کبھی ڈوبنے والا نہین، اُس نے تمام تاریکیون کو مٹا دیا، اور ملک کو روشن کر دیا، اور ہم سب کو سیدھے راستہ پر لگا دیا"

سرحد | تمھارا باغ ہر جانب سے باڑھ سے گھرا ہوا ہے، باغ مین ایک سرے سے دوسرے سرے تک درخت ہی درخت ہین، جو شخص چوری کی نیت سے اندر گھسنا چاہتا ہے، باڑھ اُس سے کہتی ہے، یہان سے دور ہو، یہ خوبصورت باغ تمھارا نہین ہے" یہ سُن کر بھی اگر وہ اندر گھسنا چاہتا ہے، تو باڑھ اُس کو اپنے کانٹون مین پھنسا لیتی ہے، اور اندر جانے نہین دیتی، تمھارے وطن کی حفاظت کے لئے بھی ایسا ہی باڑھ موجود ہے، لیکن وہ باغ کی باڑھ کی طرح نہین بنائی گئی ہے، سرحدون پر قلعے ہوتے ہین، ہماری سرحدون پر بھی

اسی طرح لوہے کے قلعے موجود ہین، وہ ہماری بڑی بڑی توپین ہین لیکن سب سے زیادہ
حفاظت کرنے والا قلعہ ترک سپاہی کا سینہ ہے"

جھنڈا | "آسمان کا چاند اور ستارہ، تیرے سینہ پر چمکتا ہے"

"اس ملک کے لڑکے اور لڑکیان، ہر جگہ تجھے ڈھونڈتی ہین"

"زندہ باش اے اونچے جھنڈے، تو کیا ہی شاندار ہے"

"صرف تیرے ہی سایہ مین، ہمارے دل خوشی محسوس کرتے ہین"

میرا جھنڈا | "میرے باپ دادا نے آسمان سے زمین پر، اتارا چاند اور ستارا"

"اور ایک ابر کے ٹکڑے کو لپیٹ لائے، جس کا رنگ شفق سے بھی زیادہ سرخ ہے"

"آگ کی طرح اُس کا سُرخ رنگ، نہ گلاب کے پھول سے نہ کسی اور سرخ پھول
سے لیا گیا ہے"

"وہ ترک قوم کے فرزندون کا اپنا خون ہے جس نے اُس کو یہ رنگ دیا ہے"

"اس کا چاند اور ستارہ، آسمان کے چاند تارے سے اونچا ہے،

"ترکون کی پیشانی پر یہ تحریر ہے، ترک ہی اُسے بلند کرتے رہین گے"

"میرا فرض ہے کہ اپنے جھنڈے کو، ہر جھنڈے سے بلند رکھون"

"جان دے ڈالون، اپنا خون بہاؤن، لیکن اپنے فرض کو ہرگز نہ چھوڑون"

شعر الہند حصہ دوم

جس مین اردو شاعری کے تمام اوصاف یعنی غزل قصیدہ، مثنوی، اور مرثیہ وغیرہ پر تاریخی وادبی
حیثیت سے تنقید کی گئی ہے، قیمت:- ہے، مکمل سٹ سے

اصلاحاتِ اقبال

از

جناب محمد بشیر الحق صاحب دسنوی عظیم آبادی

(۲)

۲۸ - داغ

رسالۂ مخزن ماہ اپریل ۱۹۰۵ء — بانگ درا صفحہ: ۸۹

۱- تھی زبانِ داغ پر جو آرزو ہر دل میں ہے
یعنی یہ لیلا وہاں بے پردہ یاں محمل میں ہے

۱- ... ...
لیلیٰ معنی وہاں بے پردہ یاں محمل میں ہے

۲- آہ! اے بیت الحرامِ مذہبِ اہلِ سخن
ہو گیا پھر آج پامالِ خزاں تیرا چمن

۲- اے جہان آباد اے سرمایۂ بزمِ سخن
..

۳- وہ گلِ رنگیں ترا رخصت مثالِ بو ہوا
یعنی خالی داغ سے کاشانۂ اردو ہوا

۳- ..
آہ! خالی داغ سے کاشانۂ اردو ہوا

۲۹- بچہ اور شمع

رسالۂ مخزن ماہ ستمبر ۱۹۰۵ء — بانگ درا ص ۹۴-

۱- محفلِ قدرت ہو اک دریائے بے پایانِ حُسن!
دیکھتی ہے آنکھ ہر قطرے میں یاں طوفانِ حُسن!

۱- ..
آنکھ اگر دیکھے تو ہر قطرے میں ہو طوفانِ حسن!

۳۰۔ غزل

رسالۂ مخزن ماہ فروری ۱۹۰۳ء — بانگ درا ص ۱۰۲

۱۔ کیا کہوں اپنے وطن سے میں جدا کیونکر ہوا — ۱۔ کیا کہوں اپنے چمن سے میں جدا کیونکر ہوا
اور اسیرِ حلقۂ دامِ ہوا کیونکر ہوا ..

۳۱۔ غزل

رسالۂ مخزن ماہ اکتوبر ۱۹۰۳ء — بانگ درا ص ۱۰۵

۱۔ جرس ہوں میں صدا خوابیدہ ہے میری رگ و پے میں — ۱۔ جرس ہوں نالہ خوابیدہ ہے میری ہر رگ و پے میں
یہ خاموشی مری وقتِ رحیل کارواں تک ہے ..

۲۔ جوانی ہے تو ذوقِ آرزو بھی لطفِ ارماں بھی — ۲۔ جوانی ہے تو ذوقِ دید بھی لطفِ تمنا بھی
ہمارے گھر کی آبادی قیامِ میہماں تک ہے ..

۳۲۔ غزل

رسالۂ مخزن ماہ جنوری ۱۹۰۴ء — بانگ درا صفحہ ۱۰۶

۱۔ جنھیں ڈھونڈا تھا میں نے آسمانوں میں زمینوں میں — ۱۔ جنھیں میں ڈھونڈتا تھا آسمانوں میں زمینوں میں
وہ نکلے میرے ظلمت خانۂ دل کے مکینوں میں ..

۳۳۔ غزل

۱۔ رسالۂ مخزن ماہ مئی ۱۹۰۵ء — بانگ درا ص ۱۱۲

لطفِ کلام کیا جو نہ ہو دل میں زخمِ عشق — ۱۔ لطفِ کلام کیا جو نہ ہو دل میں دردِ عشق
بسمل نہیں ہے تو تو تڑپنا بھی چھوڑ دے ..

۳۴۔ محبت

رسالۂ مخزن ماہ جنوری ۱۹۰۶ء — بانگ درا ص ۱۱۵

۱۔ قمر اپنے لباس نو میں بیگانہ سا لگتا تھا — ۱۔ ..
ابھی واقف نہ تھا گردش کے آئینِ مسلّم سے — نہ تھا واقف ابھی گردش کے آئینِ مسلّم سے

۲۔ سُنا ہے عالمِ بالا پہ کوئی کیمیا گر تھا — ۲۔ سُنا ہے عالمِ بالا میں کوئی کیمیا گر تھا
صفا تھی جس کی خاکِ پا میں بڑھکر ساغرِ جم سے — ..

۳۔ لکھا تھا عرش کے پایے پہ اک اکسیر کا نسخہ — ۳۔ ..
چھپاتے تھے فرشتے جس کو چشمِ لوحِ آدم سے — چھپاتے تھے فرشتے جس کو چشمِ روحِ آدم سے

۴۔ نگاہیں تاک میں رہتی تھیں لیکن کیمیا گر کی — ۴۔ ..
وہ اک نسخہ کو پڑھ کر جانتا تھا اسمِ اعظم سے — وہ اس نسخہ کو پڑھکر جانتا تھا اسمِ اعظم سے

۳۵۔ پیام

رسالۂ مخزن ماہ فروری ۱۹۰۶ء — بانگ درا ص ۱۱۷

۱۔ قسمت ہی ہو گیا ہو تو ذوقِ تپش سے آشنا — ۱۔ عشق نے کر دیا تجھے ذوقِ تپش سے آشنا
پروانہ وارِ بزم کو تعلیمِ سوز و ساز دے — بزم کو مثلِ شمع بزم حاصلِ سوز و ساز دے

۲۔ اس عشق خانہ سوز کا شانِ کرم یہ ہے مدار — ۲۔ شانِ کرم یہ ہے مدارِ عشق گرہ کشا ہی کا
با قیدِ کفر و دین نہیں جس کو وہ بے نیاز دے — دیر و حرم کی قید کیا جس کو وہ بے نیاز دے

۳۔ مانندِ شمع نور کا ملتا نہیں لباس اُسے — ۳۔ صورتِ شمع نور کی ملتی نہیں قبا اسے
جس کو خدا نہ دہر میں گریۂ جانگداز دے — ..

۴۔ تارے میں وہ قمر میں بجلی میں وہ شفق میں وہ — ۴۔ تارے میں وہ قمر میں وہ جلوہ گہِ سحر میں وہ
چشمِ نظارہ میں نہ تو سرمۂ امتیاز دے —

۵ رفعتِ ہے عجز مین نہان یعنی نیاز کرشماً ۵۔ عشق بلند بال ہی رسم و رہِ نیاز سے
وہ محو ناز ہے اگر تو بھی جوابِ ناز دے حسن ہے محوِ ناز اگر تو بھی جوابِ ناز دے

۶۔ محفل جو تھی بدل گئی ساقی تجھے خبر بھی ہے ۶۔ تجھ کو خبر نہین ہو کیا؟ بزم کہن بدل گئی
اب نہ خدا کے واسطے اس کو مے حجاز دے ..

۳۶۔ طلبۂ علی گڈھ کالج کے نام

رسالۂ مخزن ماہ جون ۱۹۰۷ء بانگ درا ص ۱۱۹

۱۔ اوروں کا ہے پیام اور میرا پیام اور ہے ۱۔ ..
غربت کے دردمند کا طرزِ کلام اور ہے عشق کے دردمند کا طرزِ کلام اور ہے

۲۔ مرغانِ زیرِ دام کے ہنگامے سُن چکے ہو تم ۲۔ طائرِ زیرِ دام کے نالے تو سُن چکے ہو تم
یہ بھی سنو کہ نالۂ طائرِ بام اور ہے ..

۳۔ تمکین جو ہے سکون سے ہی آئی تھی کوہ کو ۳۔ آتی تھی کوہ سے صدا رازِ حیات ہی سکون
کہتا تھا مورِ ناتوان لطفِ خرام اور ہے ..

۴۔ جذبِ عرب کے بل پہ ہے انجم قوم کا قیام ۴۔ جذبِ حرم سے ہی فروغ انجمنِ حجاز کا
یثرب کے آفتاب کا یعنی نظام اور ہے اس کا مقام اور ہے اس کا نظام اور ہے

۵۔ باقی ہے زندگی مین کیا ذوقِ نمو اگر نہ ہو ۵۔ موت ہی عیش جاودان ذوقِ طلب اگر نہ ہو
حرکتِ آدمی ہے اور حرکتِ جام اور ہے گردشِ آدمی ہے اور گردشِ جام اور ہے

۶۔ شمعِ سحر یہ کہہ گئی ہے سازِ زندگی کا سوز ۶ شمعِ سحر یہ کہہ گئی سوز ہی زندگی کا ساز
اس محفلِ نمود مین میں شررِ دوام اور ہے غنچۂ نمود مین شررِ دوام اور ہے

۷۔ عجلت کردنے مے کشو یاد ہو نارسا ابھی ۷۔ بادہ ہی نیم رس ابھی بھی شوق ہی نارسا ابھی

رہنے دو خم کے سر پہ تم خشت کلیسا ابھی

۳۷۔ وصال

Iqbal by Atiya Begum Page - 31 بانگ درا صفحہ ۱۲۶

۲۔ عشق کے کانٹے سے لالے بن گئے چھالے مرے ۱۔ عشق کی گرمی سے شعلے بن گئے چھالے مرے
کھیلتے ہیں بجلیوں کے ساتھ اب نالے مرے ..

۳۸۔ نوائے غم

رسالہ مخزن ماہ جون ۱۹۱۲ء بانگ درا صفحہ ۱۳۲

۱۔ محشرستانِ نوا کا ہے امین جس کا سکوت ۱ ۱۔ ..
اور شرمندۂ ہنگامہ نہیں جس کا سکوت اور منت کشِ ہنگامہ نہیں جس کا سکوت

۲ آہ! امید محبت کی بُرائی نہ کبھی ۲ ..
چوٹ اس ساز نے مضراب کی کھائی نہ کبھی چوٹ مضراب کی اس ساز نے کھائی نہ کبھی

۳۔ چھیڑ آہستہ سے دیتی ہو مری تارِ حیات ۳۔ چھیڑ آہستہ سے دیتی ہو مرا تارِ حیات
جس سے ہوتی ہے رہا روح گرفتارِ حیات ..

۴۔ نغمۂ یاس سے دھیمی سی صدا اٹھتی ہے ۴۔ نغمۂ یاس کی دھیمی سی صدا اٹھتی ہے
اشک کے قافلے کو بانگ درا اٹھتی ہے ..

۳۹۔ ایک شام

کلیات اقبال (خاموشی) صفحہ ۱۰۸ بانگ درا ص ۱۳۶

۱۔ وادی کے صدا فروش خاموش ۱۔ وادی کے نوا فروش خاموش ۔

کہسار کے سبز پوش خاموش ..

۲۔ خاموش ہین کوہ و دشت و دریا ۲۔ ..

فطرت ہے مراقبے میں گویا، قدرت ہے مراقبے میں گویا

۳۔ اے دل! خاموش تو بھی ہو جا ۳۔ اے دل! تو بھی خموش ہو جا

آغوش مین غم کو لے کے سو جا، ..

۴۰۔ پیامِ عشق

رسالۂ مخزن ماہ اکتوبر ۱۹۰۱ء بانگ درا ص ۱۳۷

۱۔ وجود افراد کا مجازی ہستی قوم ہے حقیقی ۱۔ ..

فدائے ملت ہو یعنی آتش زنِ طلسمِ مجاز ہو جا فدا ہو ملت پہ یعنی آتش زن طلسمِ مجاز ہو جا

۴۱۔ فراق

کلیاتِ اقبال (کنج تنہائی) ص ۹۵ بانگ درا ص ۱۳۹

۱۔ شگفتہ گیت کے چشموں کی دلبری ہے کمال ۱۔ شگفتہ گیت ہین چشمون کی دلبری ہے کمال

دعائے طفلک گفتار آتما کی مثال ..

۲۔ ہے تختِ لعلِ فلک پر ظہور اخترِ شام ۲۔ ہے تختِ لعل شفق پر جلوسِ اخترِ شام

بہشتِ دیدۂ بینا ہے، حسنِ منظرِ شام ..

۴۲۔ صقلیہ

جزیرۂ سسلی

رسالہ مخزن ماہ اگست ۱۹۰۲ء بانگ درا ص ۱۴۱

۱۔ یہ محل خیمہ تھا اُن صحرا نشینوں کا کبھی ۱۔ تھا یہان ہنگامہ اُن صحرا نشینون کا کبھی

بحر بازی گاہ تھا جن کے سفینوں کا کبھی ..

۲- زلزلے جن سے شہنشاہوں کے درباروں میں تھے ۲- ..

شعلۂ جانسوز پنہاں جن کی تلواروں میں تھے بجلیوں کے آشیانے جن کی تلواروں میں تھے

۳- آفرینش جن کی دنیائے کہن کی تھی اجل ۳- اک جہانِ تازہ کا پیغام تھا جن کا ظہور

جن کی ہیبت سے لرز جاتے تھے باطل کے محل کھا گئی عصرِ کہن کو جن کی تیغِ ناصبور

۴- زندگی دنیا کو جن کی شورشِ قم سے ملی ۴- مردہ عالم زندہ جن کی شورشِ قم سے ہوا

مخلصی انسان کو زنجیرِ توہم سے ملی آدمی آزاد زنجیرِ توہم سے ہوا

۵ جس کے آوازے سے لذت گیر اب تک گوش ہے ۵- غلغلوں سے جس کے لذت گیر اب تک گوش ہے

وہ جرس کیا اب ہمیشہ کے لئے خاموش ہے کیا وہ تکبیر اب ہمیشہ کے لئے خاموش ہے

۴۳- غزل

رسالۂ مخزن ماہ اپریل ۱۹۰۶ء بانگ درا ص ۱۴۷

۱- ریاضِ ہستی کے ذرّے ذرّے سے ہو محبت کا جلوہ پیدا ۱- ..

حقیقتِ گل کو تو جو دیکھے تو یہ بھی سامان ہے رنگ و بو کا حقیقتِ گل کو تو جو سمجھے تو یہ بھی سامان ہے رنگ و بو کا

۴۴- بلادِ اسلامیہ

رسالۂ مخزن ماہ اپریل ۱۹۰۹ء بانگ درا ص ۱۵۵

۱- یہ چمن وہ ہے کہ تھا جس کے لئے سامانِ ناز ۱- ..

لالۂ صحرا ہے یثرب یعنی تہذیبِ حجاز لالۂ صحرا جسے کہتے ہیں تہذیبِ حجاز

۲- کشورِ اسلام کا اے مسلمو دل ہو یہ شہر ۲- اے مسلمان ملتِ اسلام کا دل ہو یہ شہر!

سیکڑوں صدیوں کی کشت و خوں کا حاصل ہو یہ شہر ..

۴۵۔ گورستانِ شاہی

رسالۂ مخزن جون ۱۹۱۰ء	بانگ درا ص ۱۶۰
۱۔ آسمان بادل کا پہنے خرقۂ دیرینہ ہے	۱۔
یعنی دھندلا سا جبینِ ماہ کا آئینہ ہے	کچھ مکدر سا جبینِ ماہ کا آئینہ ہے
۲۔ فطرتِ نظارۂ امکاں سراپا درد ہے	۲۔ باطنِ ہر ذرۂ عالم سراپا درد ہے
اور خاموشی لبِ ہستی پہ آہِ سرد ہے	،،
۳۔ گرچہ باغِ زندگی سے گل بدامن ہے زمیں	۳۔ رنگ و آبِ زندگی سے گل بدامن ہے زمیں
سیکڑوں خونِ گشتہ تہذیبوں کا مدفن ہے زمیں	،،
۴۔ شورشِ بزمِ طرب کیا عود کی تقریر کیا	۴۔ ،،
قیدیِ زندانِ غم کا نالۂ شبگیر کیا	دردمندانِ جہاں کا نالۂ شبگیر کیا
۵۔ یہ قمر جو ناظمِ عالم کا اک اعجاز ہے	۵۔ چاند جو صورتِ گرِ ہستی کا اک اعجاز ہے
پہنے سونے کی قبا محوِ خرامِ ناز ہے	پہنے سیمابی قبا محوِ خرامِ ناز ہے
۶ زندگی کی مے سے مینائے جہاں لبریز ہے	۶۔ زندگی سے یہ پرانا خاکداں معمور ہے
۷ منظرِ حسرت بھی ہے کوئی تو حسن آمیز ہے	موت میں بھی زندگانی کی تڑپ مستور ہے

۴۶۔ فلسفۂ غم

رسالۂ مخزن جولائی ۱۹۱۰ء	بانگ درا ص ۱۶۸
۱۔ گو بظاہر تلخیِ دوراں سے آرامیدہ ہے	۱۔ کلفتِ غم گرچہ اُس کے روز و شب پر دہ ہے
زندگی کا راز اُس کی آنکھ سے پوشیدہ ہے	زندگی کا راز اُس کی آنکھ سے مستور ہے
۲۔ اے کہ نظمِ مہر کا ادراک ہے حاصل تجھے	۲۔ ،،

کیون نہ ہو آسان غم و اندوہ کی منزل تجھے | کیون نہ آسان ہو غم و اندوہ کی منزل تجھے

۳- عشق کے خورشید سے شام اجل شرمندہ ہے ۳- ..

ظلمت ہستی مین یہ سورج سدا تابندہ ہے | عشق سوز زندگی ہے تا ابد پایندہ ہے

۴- عقل جس دم دہر کی افتاد مین مصروف ہو ۴- عقل جس دم دہر کی آفات مین مصروف ہو

یا جوانی کی اندھیری رات مین مستور ہو ..

۴۷- ایک حاجی مدینے کے راستے مین

کلیات اقبال ص ۱۸۰ | بانگ درا ص ۱۷۵

۱- خنجر رہزن اُسے گویا ہلال عید تھا ۱- ..

ہائے یثرب دل مین لب پہ کلمۂ توحید تھا | ہائے یثرب دل مین لب پر نعرۂ توحید تھا

۲- خوف کہتا ہے کہ یثرب کی طرف تنہا نہ چل ۲ ..

شوق کہتا ہے کہ مسلم ہے تو بے باکانہ چل | شوق کہتا ہے کہ تو مسلم ہے بے باکانہ چل

۴۸- قطعہ

کلیات اقبال ص (مسافران حرم کو ظالم رہ کلیسا بتا رہے ہین) | بانگ درا ص ۱۷۶

۱- غضب ہین یہ مرشدان خود بین خدا تری قوم کو بچائے ۱- ..

مسافران حرم کو ظالم رہ کلیسا بتا رہے ہین | بگاڑ کر تیرے مسلمون کو یہ اپنی عزت بنا رہے ہین

۴۹- شکوہ

رسالہ مخزن ماہ جون ۱۹۱۱ء (بند ۶) | بانگ درا ص ۱۷۷

۱- تھے ہمین ایک تیرے معرکہ آرا ؤن مین ۱- ..

کبھی خشکی مین لڑے اور کبھی دریا ؤن مین | خشکیون مین کبھی لڑتے کبھی دریا ؤن مین

۵۰ - رات اور شاعر

پنجاب ریویو ماہ ستمبر ۱۹۱۰ء — بانگ درا ص ۱۸۸

۱- دریا کی تہ مین چشمِ گرداب سو رہی ہے
ساحل سے لگ کے موجِ بے تاب سو رہی ہے

۱- دریا کی تہ مین چشمِ گرداب سو گئی ہے
ساحل سے لگ کے موجِ بے تاب سو گئی ہے

۵۱ - نصیحت

رسالہ مخزن ماہ مئی ۱۹۱۱ء عنوان "قطعہ" — بانگ درا ص ۱۹۴

۱- کل ملا مجھ سے جو اقبال تو پوچھا مین نے
عاملِ روزہ ہے تو اور نہ پابندِ نماز

۱- مین نے اقبال سے انداز نصیحت یہ کہا
..

۵۲ - خطاب بہ جوانانِ اسلام

کلیاتِ اقبال ص ۱۵۸ (خطاب بہ مسلم) — بانگ درا ص ۱۹۸

۱- گدائی مین بھی وہ اللہ والے تھے غیور اتنے
کہ منعم کو گدا کے در پہ بخشش کا نہ تھا یارا

۱- ..
کہ منعم کو گدا کے ڈر سے بخشش کا نہ تھا یارا

۲- مگر وہ علم کے موتی، کتابین اپنے آبا کی
جو دیکھو اُن کو یورپ مین تو دل ہوتا ہے پارا

۲- ..
جو دیکھیں اُن کو یورپ مین تو دل ہوتا ہے پارا

۵۳ غرّۂ شوّال یا ہلالِ عید

رسالہ مخزن ماہ اکتوبر ۱۹۱۱ء — بانگِ درا ص ۱۹۹

۱- تیری پیشانی پہ تحریر پیامِ عید ہے
یعنی تیری شام صبحِ عیش کی تمہید ہے

۱- ..
شام تیری کیا ہو صبحِ عیش کی تمہید ہے

۲- زندگی تیری جبیں بوسی اسی رایت کی ہے

۲- تیری قسمت مین ہم آغوشی اسی رایت کی ہے

حسن رنگ افزون سے تیرے آبرو بت کی ہے ..

۵۴۔ شمع اور شاعر

کلیات اقبال ص ۲۰۳ (بند اول) بانگ درا ص ۲۰۱

۱۔ می تپد صد جلوہ در جان اہل فرسودن ۱۔ ..

برنمی خیزد ز محفل یک دل دیوانۂ برنمی خیزد ازین محفلِ دل دیوانۂ

(بند دوم)

۲۔ قیس ہون پیدا تری محفل مین یہ ممکن نہین ۲۔ قیس پیدا ہوں تری محفل میں یہ ممکن نہین

تنگ ہے صحرا ترا محمل ہے بے لیلا ترا ..

(بند نہم)

۳۔ دیکھ آکر کوچۂ چاک گریبان کبھی ۳۔ دیکھ آکر کوچۂ چاکِ گریبان مین کبھی

قیس تو لیلا بھی تو، صحرا بھی تو محمل بھی تو ..

(بند یازدہم)

۴۔ آ ملین گے سینہ چاکان چمن سے سینہ چاک ۴۔ ..

یعنی گل کی ہم نفس باد صبا ہو جائیگی بزمِ گل کی ہم نفس بادِ صبا ہو جائیگی

۵۵۔ مسلم

رسالہ مخزن ماہ جولائی ۱۹۱۲ء بانگ درا ص ۲۱۶

۱۔ نبض موجودات مین رقصان حرارت اس سے ہے ۱۔ نبض موجودات مین پیدا حرارت اس سے ہے

اور مسلم کے تخیل مین جسارت اس سے ہے ..

آشکارا ہین مری آنکھون پہ اسرارِ حیات ۲۔ ..

کر نہیں سکتی مجھے مایوس پیکارِ حیات کہ نہیں سکتے مجھے نومید پیکارِ حیات

۵۶۔ شفاخانۂ حجاز

کلیاتِ اقبال ص ۸۸ بانگ درا ص ۲۱۹

۱۔ دین اور کو حضور یہ پیغامِ زندگی اور ون کو دین حضور یہ پیغامِ زندگی

مین موت ڈھونڈھتا ہون زمین حجاز مین

۵۷۔ جوابِ شکوہ

کلیاتِ اقبال ص ۱۹۰ بانگ درا ص ۲۲۰

خاک سے اٹھی ہے گردوں پہ گذر رکھتی ہے

اُڑ کے آواز مری تا بہ فلک جا پہنچی عشق تھا فتنہ گر و سرکش و چالاک مرا

یعنی اس گل کی مہک عرش تلک جا پہنچی آسمان چیر گیا نالۂ بے باک مرا

کہین تہذیب کی پوجا کہین تعلیم کی ہے بادہ آشام نئے، بادہ نیا خم بھی نئے

قوم دنیا مین یہی احمد بے میم کی ہے حرم کعبہ نیا، بت بھی نئے تم بھی نئے

یعنی ہونے کو ہے کانٹون سے بیابان خالی خس و خاشاک سے ہوتا ہے گلستان خالی

گل برانداز ہے خونِ شہدا کی لالی ..

پیرہن کیون نہ فلک پیر کا عنابی ہو رنگ گردون کا ذرا دیکھ تو عنابی ہے

یہ نکلتے ہوئے سورج کی افق تابی ہے ! ..

ختم کا ہے کو ہوا کام ابھی باقی ہے، وقتِ فرصت ہے کہان کام ابھی باقی ہے

نورِ توحید کا اتمام ابھی باقی ہے ..

شوقِ وسعت ہے تو ذرے سے بیابان ہو جا ہے تنک مایہ تو ذرے سے بیابان ہو جا

نغمۂ موج سے ہنگامۂ طوفان ہو جا ..

بول اس نام کا ہر قوم میں بالا کر دے قوتِ عشق سے ہر پست کو بالا کر دے
اور دنیا کے اندھیرے میں اجالا کر دے دہر میں اسمِ محمدؐ سے اجالا کر دے
ہو نہ افسردہ اگر دل گئی تعمیر تری عقل ہے تیری سپر عشق ہے شمشیر تری
رازِ توحید حکومت نہیں تفسیر تری میرے درویش خلافت ہی جہانگیر تری
تو وہ سربازِ ہے اسلام ہی شمشیر تری ماسوا اللہ کے لئے آگ ہی تکبیر تری
نظمِ ہستی میں ہے کچھ اور ہی تقدیر تری ..

۵۸ - نوید صبح

رسالہ مخزن ماہ جنوری ۱۹۱۲ء بانگ درا ص ۲۳۶

۱- مسلم خوابیدہ اٹھ ہنگامہ آرا تو بھی ہو ..
وہ نکل آئی سحر گرمِ تقاضا تو بھی ہو وہ چمک اٹھا افق گرمِ تقاضا تو بھی ہو
۲- دورۂ عالم میں رہ پیما ہو مثلِ آفتاب ۲- وسعتِ عالم میں رہ پیما ہو مثلِ آفتاب
دامنِ گردوں سے ناپیدا ہوں یہ داغِ سحاب ..
۳- تو سراپا نور ہے زیبا ہے عریانی تجھے ۳- تو سراپا نور ہے خوشتر ہے عریانی تجھے
اور عریاں ہو کے لازم ہی خود افشانی تجھے ..

۵۹ - فاطمہ بنت عبداللہ

کلیات اقبال ص ۹۰ (فاطمہ) بانگ درا ص ۲۳۹

۱- فاطمہ تو آبروئے اُمتِ مرحوم ہے ۱- فاطمہ تو آبروئے اُمتِ مرحوم ہے
ذرہ ذرہ تیری مشتِ خاک کا معصوم ہے ..

۲۔ ہے عبارت آفرینِ شوقِ شہادت کس قدر ۲۔ یہ جہاد اللہ کے رستے میں بے تیغ و سپر!
دل کہ برگِ نازکِ گل سے بھی تھا پاکیزہ تر ہے عبارت آفرینِ شوقِ شہادت کس قدر!

۳۔ یعنی نورِ دیدۂ تاروں کا فضا میں ہے ظہور ۳۔ تازہ انجم کا فضائے آسمان میں ہے ظہور
دیدۂ انسان سے نامحرم ہے جن کی موجِ نور ..

۴۔ جن کی تابانی میں اندازِ کہن بھی نو بھی ہے ۴۔ ..
اور خونِ بنتِ عبداللہ کا پرتو بھی ہے اور تیرے کوکبِ تقدیر کا پرتو بھی ہے!

۶۰۔ شبنم اور ستارے

کلیاتِ اقبال ص ۱۲۷ بانگ درا ص ۲۴۰

۱۔ زہرہ نے سُنی ہے یہ خبر ایک ملک سے ..
انسانوں کی ہستی ہے بہت دور فلک سے انسانوں کی بستی ہے بہت دور فلک سے

۲۔ آتی ہے صبا دان تو پلٹ جانے کی خاطر ۲۔ آتی ہے صبا دان سے پلٹ جانے کی خاطر
بیچاری کلی کھلتی ہے مرجھانے کی خاطر ..

۳۔ بنیاد ہے کاشانۂ عالم کی ہوا پر! ۳۔ ..
فریاد کی تصویر ہے قرطاسِ فنا پر! فریاد کی تصویر ہے قرطاسِ فضا پر!

۶۱۔ غلام قادر روہیلہ

کلیاتِ اقبال صفحہ ۳۳ (زوالِ حکمت) بانگ درا ص ۲۴۳

۱۔ دلِ نازک لرزتے تھے قدم مجبورِ جنبش تھے ۱۔ لرزتے تھے دلِ نازک قدم مجبورِ جنبش تھے
روانِ دریائے خونِ شہزادوں کے دیدہ تر سے ..

۲۔ کمر سے پھر وہ تیغِ جاں ستاں آتش فشاں کھولی ۲۔ کمر سے اُٹھ کے تیغِ جاں ستاں آتش فشاں کھولی

سبق آموزِ تابانی ہو انجم جس کے جوہر سے
سبق آموزِ تابانی ہون انجم جس کے جوہر سے

۳- رکھا خنجر کو آگے، اور کچھ پھر سوچ کر لیٹا
۳- ..

تقاضا کر رہی تھی نیند گو یا چشمِ اخگر سے
تقاضا کر رہی تھی نیند گو یا چشمِ احمر سے

۴- بجھائے خواب کے پانی نے اخگر اسکی آنکھون سے
۴- بجھائے خواب کے پانی نے اخگر اسکی آنکھون کے

نگہ شرما گئی ظالم کی درد انگیز منظر سے
..

۵- مرا مسند پہ سو جانا بناوٹ تھا تکلف تھا
۵- مرا مسند پہ سو جانا بناوٹ تھی تکلف تھا

کہ غفلت دور ہے نامِ صف آرایانِ لشکر سے
کہ غفلت دور ہے شانِ صف آرایانِ لشکر سے

۶- مرا مقصد یہ تھا اس سے کوئی تیمور کی بیٹی
۶- یہ مقصد تھا مرا اس سے کوئی تیمور کی بیٹی

نہ سمجھے غافل سمجھ کر اڑا دے یہ خبر سے
..

(۶۲- صدیق

کلیاتِ اقبال ص ۹، (دیباچہ) (ایضاً رصدق)
بانگ درا ص ۲۵۰

اتنے مین وہ رفیقِ نبوت بھی آگیا
۱- ..

شاہد ہے جس کی مہر و وفا پر حرا کی غار
جس سے بنائے عشق و محبت ہے استوار

پروانون کو چراغ عناد ل کو پھول بس
۲- پروانے کو چراغ ہے بلبل کو پھول بس

صدیقؓ کے لیے ہے خدا کا رسول بس
..

۶۳- والدۂ مرحومہ کی یاد مین

کلیات اقبال ص ۱۰۹
بانگ درا ص ۲۵۲،

۱- زندگی کی اوج گاہون سے اُتر آتے ہین ہم
۱- ..

سایۂ مادر مین طفلِ سادہ رہ جاتے ہین ہم
محبتِ مادر مین طفلِ سادہ رہ جاتے ہین ہم

۶۴۔ شعاعِ آفتاب

رسالۂ زمانہ ماہ جون ۱۹۲۰ء ص ۲۹۳ بانگ درا ص ۲۶۷

(آفتاب کی پہلی شعاع)

۱ ۱۔ برق آتش خو نہیں فطرت میں گو ناری ہوں میں
ہیں کوئی بجلی نہیں فطرت میں گو ناری ہوں میں
نہرِ عالم تاب کا پیغامِ بیداری ہوں میں
..

۶۵۔ عرفی

کلیاتِ اقبال ص ۵۸ بانگ درا ص ۲۶۸

۱ ۱۔ مزاجِ اہلِ عالم میں تغیر آگیا ایسا
تغیر آگیا ایسا۔ مزاجِ اہلِ عالم میں
کہ رخصت ہو گئی دنیا سے کیفیت وہ سیمابی
..

۲ ۲۔ صدا ترتب سے آئی شکوۂ اہلِ جہاں کم کن
صدا ترتب سے آئی شکوۂ اہلِ جہاں کم کن
نوا را تلخ تر می زن چو ذوقِ نغمہ کم یابی
..

۶۶۔ بلالؓ

کلیاتِ اقبال (نوائے اذان) ص ۱۶۸ بانگ درا ص ۲۷۲

۱ ۱۔ جس کا امین ازل سے ہوا سینۂ بلالؓ
جس کا امین ازل سے ہوا سینۂ بلالؓ
محکوم اس صدا کے ہیں شاہنشہ و وزیر
محکوم اس صدا کے ہیں شاہنشہ و فقیر

۶۷۔ پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ

کلیاتِ اقبال (شجرِ ملت) ص ۱۵۶ بانگ درا ص ۲۸۰

۱ ۱۔ ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور
فصلِ خزاں ہے تیرے گلستاں میں خیمہ زن
خالی ہے جیبِ گل زرِ کاملِ عیار سے
..

۲- شاخِ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو ۲-
واقف نہیں ہے قاعدۂ روزگار سے ناآشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

۳- مذہب کے ساتھ واسطہ اُستوار رکھ ۳- ملت کے ساتھ رابطہ استوار رکھ
پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ ..

۶۸- پھول

کلیاتِ اقبال (گل) ص ۱۳۸ بانگ درا ص ۲۸۱

۱- تنک بخشی کو استغنا ہی پیغامِ خجالت ہے ۱- تنک بخشی کو استغنا سی پیغامِ خجالت دے
نہ رہ منت کشِ شبنم نگون جامِ سبو کر لے ..

۶۹- میں اور تو

کلیاتِ اقبال (ترانہ) ص ۸۶ بانگ درا ص ۲۸۴

(اقبال نامہ ص ۸۲

۱- تری راکھ میں ہے اگر شرر تو خیالِ فقر و غنا نہ کر ۱- تری خاک میں ہے اگر شرر تو خیالِ فقر و غنا نہ کر
کہ جہان میں نانِ شعیر پر ہے مدار قوتِ حیدری ..

۲- گلۂ وفائے جفا نما کہ حرم کو اہلِ حرم سے ہے ۲- گلۂ جفائے وفا نما کہ حرم کو اہلِ حرم سے ہے
کسی بتکدہ میں بیان کروں تو کہے صنم بھی ہری ہری ..

۷۰- خضرِ راہ

کلیاتِ اقبال ص ۲۱۲ بانگ درا ص ۲۸۸

(بندِ سوم)

۱- ریت کے ٹیلے پہ وہ آہو ہے بے پروا خرام ۱- ریت کے ٹیلے پہ وہ آہو کا بے پروا خرام

وہ گدا بے برگ و ساماں وہ سفر بے سنگ و میل وہ خضر بے برگ و ساماں وہ سفر بے سنگ و میل

۷۱ - غزل

رسالہ مخزن ماہ مئی ۱۹۱۷ء بانگ درا ص ۳۱۸

۱- شیوۂ عشق ہے آزادی و دہر آشوبی ۱- ..

تو ہے ہندو ے صنم خانۂ ایام ابھی تو ہے زناری بت خانۂ ایام ابھی

۷۲ - غزل

رسالہ مخزن ماہ فروری ۱۹۱۷ء بانگ درا ص ۳۱۹

(سحر حلال)

۱- نفسِ گرم کی تاثیر ہے اعجاز حیات ۱- نفسِ گرم کی تاثیر ہے اعجاز حیات

میرے سینے میں اگر ہے تو مسیحائی کر ..

۲- تو بجلی ہے تو یہ چشمک پنہاں کیسی ۲- تو بجلی ہو تو یہ چشمک پنہاں کیسی

بے حجابانہ مرے دل سے شناسائی کر ..

۳- تا کجا طور پہ دریوزہ گری مثلِ کلیم ۳- کب تلک طور پہ دریوزہ گری مثلِ کلیم

اپنی مٹی سے عیاں شعلۂ سینائی کر اپنی ہستی سے عیاں شعلۂ سینائی کر

۷۳ - غزل

رسالہ مخزن ماہ مئی ۱۹۱۲ء بانگ درا ص ۳۲۰

۱- نہ کہیں جہان میں اماں ملی جو اماں ملی تو کہاں ملی ۱- ..

مرے جرم ہائے سیاہ کو تری عفو بندہ نواز میں مرے جرم خانہ خراب کو تری عفو بندہ نواز میں

۲- نہ وہ عشق میں رہیں گرمیاں نہ وہ حسن میں رہیں شوخیاں

نہ وہ غزنوی میں تڑپ رہی نہ وہ خم ہے زلفِ ایاز میں نہ وہ غزنوی میں تڑپ رہی نہ وہ خم ہے زلفِ ایاز میں

۷۴ - غزل

کلیاتِ اقبال ص ۲۲		بانگ درا ص ۳۲۱
۱- نہ خدا رہا نہ حرم رہا نہ رقیب دیر و حرم رہے	۱	نہ خدا رہا نہ صنم رہے نہ رقیب دیر و حرم رہے
نہ رہی کہیں اسد اللّٰہی نہ کہیں وہ بولہبی رہی		نہ رہی کہیں اسد اللّٰہی نہ کہیں ابولہبی رہی
۲- مرا ساز گرچہ ستم رسیدہ ز خم ہائے عجم رہا	۲	مرا ساز اگرچہ ستم رسیدہ ز خمہ ہائے عجم رہا
ہیں وہ ہون شہید وفا کہ مگر کہ نوامری عربی رہی		وہ شہید ذوق وفا ہون ہیں کہ نوامری عربی رہی

۷۵ - اشعار مثنوی اسرار خودی

		مثنوی اسرار خودی طبع چہارم ص ۹
۱-	آتش است بزم عالم از شرر	۱
	دیگران را ہم از ین آتش بسوز	دیگران را ہم ز سوز خود بسوز
۲-	سینہ را سرمنزل صد نالہ ساز	۲ خندہ را سرمایہ صد نالہ ساز
	اشکِ خونین را جگر پرکالہ ساز	"
۳-	پشت پا بر شورش دنیا بزن	۳- بر جگر ہنگامہ محشر بزن،
	موجہ بیرون ازین دریا بزن	شیشہ بر سر دبدبہ بر نشتر بزن

۷۶ - اشعار مثنوی رموز بیخودی

اقبال نامہ ص ۲۱۴		مثنوی رموز بیخودی طبع چہارم
۱-	دست او یک ملتِ گیتی نورد	حکمتش یک ملتِ گیتی نورد
	بر اساس کلمہ تعمیر کرد،	"

۲- پس چرا از مسکنِ آبا گریخت، ۲- ..

تو چہ پنداری کہ از اعدا گریخت تو گمان داری کہ از اعدا گریخت

۳- صورتِ ماہی بہ بحر آباد شو ۳- ..

یعنی از قیدِ وطن آزاد شو یعنی از قیدِ مقام آزاد شو

۴- ہر کہ از بندِ جہات آزاد شد ۴- ہر کہ از قیدِ جہات آزاد شد

چون فلک در شش جہت آباد شد ..

۷۷- دریائے نیئن

اقبال نامہ (مجموعۂ مکاتیب اقبال) ص ۲۹۳

۱- لمعہ[1] ہے نیئن[2] ہے اور آرزوئے وصال ہے ۱- ..

مشق خرام نیئن موسم برشگال ہے موجین ہین زور زور کی موسم برشگال ہے

۲- موجین ہین نغمہ زن ادھر ابر ادھر ہوا سکبا ۲- ..

دونون کی کشمکش مین آج حسن بھی پائمال ہے دونون کی کشمکش مین آج ذوق بھی پائمال ہے

۳- جان کے دل کا راز وہ مجھ سے یہ پوچھتے ہین پھر ۳- جان کے بھی وہ رازِ دل مجھ سے یہ پوچھتے ہین پھر

آپ چھپا رہے ہین کیون آپ کا کیا سوال ہے ..

۷۸- شبنم کا قطرہ

(اقبالنامہ ص ۳۴۰-۳۴۱)

۱- دیکھنے کو اک ذرا سا قطرۂ بے رنگ ہون ۱- قطرۂ بے رنگ ہون یا قلزمِ نیرنگ ہون

مختلف رنگون مین لیکن قطرۂ یکرنگ ہون سننے والے سُن کہ مین بھی اک خموش آہنگ ہون

---

[1] ڈاکٹر محمد عباس علی خان لمعہ [2] بمبئی کے ایک دریا کا نام جو لمعہ کی تفریح کا مرکز تھا،

۲۔ پر نہین ہے چین میرے قلبِ مضطر کے لئے
مین بنا ہون چرخ کی مانند چکر کے لئے

۲۔ وقف بے تابی ہے میری جانِ مضطر کے لئے
..

۳۔ گردشِ ہفت آسمان پنہان ہے میرے سینے مین
ہے نہان رازِ حیات روح میری جینے مین

۳۔ ..
زندگی کا راز پوشیدہ ہے میرے جینے مین

۴۔ اک ذرا سنئے مری آوارگی کی داستان
مین کہان تھا؟ کس لئے؟ اور کس طرح پہنچا یہان!

۴۔ سُن ذرا غافل مری آوارگی کی داستان
..

۵۔ دیکھ کر اس شعلہ رو کو آگ سی دل مین لگی
آہ! پھر کیا ہوتا؟ مین تھا اور تھی از خود رفتگی

۵۔ ..
کیا کہون پوشیدہ تھی فطرت مین از خود رفتگی

۶۔ شام ہونے سے تو بس میرا مقدر سو گیا
بخت دنیا کی طرح تاریک منظر ہو گیا

شام آئی جس گھڑی میرا مقدر سو گیا
میری قسمت کی طرح تاریک منظر ہو گیا

۷۔ مین بھی ساتھ اس ابر کے اشک چکان بنکر گرا
اور گرا کس چیز پر مین اک پہاڑی پر گرا

مل گیا بوندون مین اشکِ مضطرب بنکر گرا
رفعتِ گردون سے آخر اک پہاڑی پر گرا

۸۔ اس پہاڑی سے مین بہ کر ہمرہِ دریا ہوا
جوشِ وحشت مین روانہ جانبِ صحرا ہوا

۸۔ کوہ مین بھی دل نہ بہلا ہمرہِ دریا ہوا
..

۹۔ اس طرح سے پھرتا پھرتا مین تلاشِ یار مین
سرد دل ہو کر گرا آخر یہان گلزار مین

۹۔ اس طرح پھرتا پھراتا جستجوئے یار مین
تھک کے آخر گر پڑا ہون گوشۂ گلزار مین

۱۰۔ ہون وہی قطرہ جو تھا اک دن بحر بیکران
ہون وہی قطرہ جو تھا ہمراہِ دریا روان

۱۰۔ ہون وہی قطرہ جو تھا اک دن سمندر مین نہان

ادبیات

غزل

جناب مولوی اقبال احمد صاحب سہیل ایم اے علیگ

ملی تھی نام کو اک زیست محرومِ سکون وہ بھی
سوا یہ ہے کہ نذرِ عشوۂ قاتل کروں وہ بھی

ہر اک غم آفتِ جاں ہے غمِ دنیائے دوں وہ بھی
مگر ہے شرمِ عصیاں کے مقابل میں سکوں وہ بھی

یہ گردن دوش پر ہے پرچمِ ملت ہے ہاتھوں میں
وہ ہمت دے کہ یارب یہ بھی میں جھکنے نہ دوں وہ بھی

غرض کیا تھی ترے طالب کو سیر دیر و کعبہ سے
کہ تھی خاکم بسر اک لغزشِ گامِ جنوں وہ بھی

ہوئے سب معرکے طے اک مہم تفویضِ جاں کی ہے
مرے مولا وہ ایماں دے کہ میں سرکر سکوں وہ بھی

وہاں مشقِ تغافل ہے یہاں طعنے رقیبوں کے
وفا کا ہے صلہ اچھا کہ میں یہ بھی سہوں وہ بھی

ملامت قلبِ مومن کی شہامت حسنِ کافر کی
مرے کرتوت کا پھل ہے کہ میں یہ بھی سنوں وہ بھی

یہ طعنے سن رہا ہوں جان دے کر ان کے قدموں پر
کہ تھی میری طرف سے ایک تدبیر سکوں وہ بھی

وہ فردوسِ تصور، جو مرادِ دیدۂ و دل تھا
کھلی آنکھیں تو نکلا ان نگاہوں کا فسوں وہ بھی

کسی سرکش کی گنجایش نہیں اس بزمِ ہستی میں
فلک کو دیکھیے اس اوج پر ہے سرنگوں وہ بھی

جنھیں دعویٰ تھا صیادی کا عبرت گاہِ عالم میں
ہوئے آخر قتیلِ ناوکِ چرخِ حروں وہ بھی

وہ چشمک دیدۂ و دل کی یہ ٹکر موج و ساحل کی
انھیں کا سحر ہے یہ بھی انھیں کا تھا فسوں وہ بھی

ترے قربان غمِ الفت کی وہ دولت عطا کر دی
لے کونین بھی اسکے عوض مین تو نہ لون وہ بھی

نگاہِ ناز جانان کیا حقیقت اس دل و جان کی
لین سو جان و دل ایسے تو مین صدقے کرون دو بھی

یہ حسن و عشق کیسے زیر و بم ہین ایک نغمے کے
جان کیا کچھ نہین جز اک نوائے کاف و نون دو بھی

ہین جام مرگ کو بھی جرعۂ آب بقا سمجھون
جو وقت واپسین پیشِ نگاہ شوق ہون دو بھی

ڈراتا کیا ہے واعظ تابشِ خورشیدِ محشر سے
بہت ہوگا تو ہوگا ذرۂ سوزِ درون دو بھی

دمِ رخصت نئے فتنے اٹھائے اس نے ٹھوکر سے
جو پہلے اٹھ چکے تھے رہ گئے سب جون کے تون دو بھی

مرے نالون کا ظالم پر اثر ہوتا تو کیون ہوتا
ہے اس کی بزمِ عشرت مین صدائے ارغنون دو بھی

خرد سے دل نے پوچھی راہ جب تکمیلِ مقصد کی
ہوئی صحرائے وحشت ہی کی جانب رہنمون دو بھی

یہ سنکر اور غم تازہ ہوا اپنی تباہی کا
سنا ہے رو دیے سنکر مرا حال زبون دو بھی

معاذ اللہ جنابِ شیخ اور الزام مے خواری
مرا کیا پوچھتے ہو حال کیا ہون مین کہان ہون مین

بس اک دو گھونٹ پی لی تھی برائے آزمون دو بھی

یہ مانا روح پرور ہے حریمِ صلح و مدارا کا
فدا ہون جسکے جلوون پر ہے بے چون و چگون دو بھی

مگر ملتا نہین ہے بے عبور جوئے خون دو بھی

سہیل نکتہ دان کو ادعا تھا ہوشمندی کا
ہوا اس دور مین آوارۂ دشتِ جنون وہ بھی

کلیاتِ شبلی (اردو)

مولانا کی تمام اردو نظمون کا مجموعہ جس مین مثنوی صبح امید، قصائد جو مختلف مجلسون مین پڑھے گئے اور وہ تمام اخلاقی، سیاسی، مذہبی اور تاریخی نظمین جو کانپور، ٹرکی، طرابلس، بلقان، مسلم لیگ، مسلم یونیورسٹی وغیرہ کے متعلق لکھی گئی ہین، یہ نظمین درحقیقت مسلمانون کی چھل سالہ جد وجہد کی ایک مکمل تاریخ ہے۔ قیمت :- عہ

"مینیجر"

مطبوعات جدیدہ

منصب امامت مترجمہ جناب حکیم محمد حسین صاحب علوی تقطیع اوسط، ضخامت ۱۵۲ صفحے، کاغذ کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد عہ غیر مجلد ۱۲ پتہ بترجم وادی روڈ، مومن پورہ، لاہور،

اسلام مین امامت سب سے بڑا دینی اور دنیاوی منصب ہے، جو دین وملت، حکومت وسیاست، تعلیم وتزکیہ اور اخلاق وروحانیت سب کا جامع ہے، اس کا سب سے بلند درجہ نبوت ہے، جس مین امامت کے سارے کمالات جمع ہوتے ہین، اور انبیاء کے جانشینون مین نبوت کے علاوہ دوسرے تمام اوصاف مجتمعاً یا منفرداً پائے جاتے ہین، اس لیے امامت درحقیقت نبوت کی جانشینی اور اس کا عکس اور پرتو ہے منصب امامت فارسی مین مولانا اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور تصنیف ہے، اس مین امامت کی حقیقت، اس کے اعلیٰ سرچشمہ نبوت کے اوصاف وکمالات اور امامت کے جملہ دینی ودنیاوی اقسام کی تفصیل بیان کی گئی ہے، اور ان کے اوصاف وخصوصیات اور اس سے متعلق جملہ امور ومسائل پر دقیق ومتکلمانہ بحثین ہین، جن سے امامت کی حقیقی عظمت واہمیت ظاہر ہوجاتی ہے، ان مباحث کی قدر وقیمت کا اندازہ کتاب کے مطالعہ ہی سے ہوسکتا ہے، ایسی کتابون کا صاف اور سلجھا ہوا ترجمہ بہت مشکل ہے، ترجمہ سے عموماً یہ مفہوم ومقصد ظاہر نہین ہوتا، اس لیے ترجمہ کے بجائے ہر بحث کو پوری طرح سمجھ کر اس کا مفہوم اپنے الفاظ مین لکھ دینا زیادہ بہتر ہوتا ہے، اس کتاب مین بھی ترجمہ کی پابندی کی وجہ سے یہ نقص رہ گیا ہے، کہ جا بجا مطلب سمجھنا مشکل ہے، بلکہ فارسی مین اس کا سمجھنا زیادہ آسان ہے، یہ کتاب پاکستان مین شائع ہوئی ہے، اور وہین کے لیے کارآمد بھی ہوسکتی ہے، اب دنیائے اسلام مین کہین بھی منصب امامت کا وجود باقی نہین ہے،

ہندوستان مین لے دے کر ایک مسجد کی امامت رہ گئی ہے، اس کا بھی یہ حال ہے کہ عموماً ہر بستی یا محلہ کی مسجد کا امام وہان کا حقیر ترین انسان ہوتا ہے، حالانکہ اس کا سلسلہ بھی نبوت ہی کی جانشینی سے ملتا ہے، اسلیے امام صاحبِ علم و وجاہت شخص کو ہونا چاہیے، جو نمازیون کو تعلیم دے سکے اور ان کی غلطیون پر ٹوک سکے، جہان ایسے لوگ نہ مل سکین وہان کم سے کم کسی ممتاز آدمی کو امامت کا فرض انجام دینا چاہیے، اس سے شرمانا یا اس کو اپنے رتبہ سے فروتر سمجھکر محلہ کے بیکسون اور جاہل اور کم مایہ لوگون کو امام بنانا امامت کی تحقیر ہے،

اسلامی اصولِ قانون اور نظریہ دستوری کا ارتقاء

مترتبہ جناب محمد حمید اللہ صاحب، تقطیع بڑی، ضخامت ۲۰۰ صفحے، کاغذ، کتابت وطباعت معمولی، قیمت تحریر نہین،
پتہ:- احسان بک ڈپو رسالہ عبد اللہ حیدرآباد، دکن،

ایک امریکن مستشرق پادری ڈی، بی میگڈانلڈ نے اسلامی الہیات، اس کے اصول قانون، اور دستوری ارتقاء پر انگریزی مین ایک کتاب لکھی تھی، مذکورۂ بالا کتاب اس کے دو ابواب کا جو اسلامی اصول قانون اور دستوری ارتقاء پر ہین، اردو ترجمہ ہے، دستوری ارتقاء مین خلفائے راشدینؓ کے عہد سے لے کر خلافت عثمانیہ تک سلسلہ خلافت کی تمام حکومتون کے نظامون پر تبصرہ ہے، اور خلافت کے بارہ مین اہل سنت، خوارج، اثنا عشری، زیدی، اسمٰعیلی وغیرہ شیعی فرقون کے نقطہ نظر بیان کرنے کے بعد خلافتِ راشدہ، اموی، عباسی عثمانی اور فاطمی خلافتون کے زمانہ مین خلفاء کے انتخاب اور خلافت کے اصولون، اور اس کے دستور مین جن جن اسباب کی بنا پر جو جو تبدیلیان ہوئین اور ان کے جو نتائج نکلے ان سب کی تفصیل بیان کی گئی ہے،

دوسرے حصہ یعنی اصول قانون یا فقہی قوانین کی ترقی مین عہد رسالت مین اسلامی قانون کے سرچشمہ اور آپ کے بعد اس کے ماخذون قرآن، حدیث، سنت، اجماع وقیاس کی وضاحت کرنے کے بعد اجماع وقیاس کے بارہ مین فقہا و محدثین اور اصحاب رائے و اہل ظاہر کے اختلافات، روایت حدیث، کتب احادیث کی تدوین، ائمہ اربعہ اور ان کے مذاہب کی پیدائش اور قانون سازی کے بارے مین ان کے

نقطہائے نظر کی تفصیل ہے، ان بحثون مین فقہ واصول فقہ کے متعلق بہت سے معلومات آگئے ہین، کتاب کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام کی تاریخ پر تو مصنف کی نظر ہے، اس لیے اسلامی دستور حکومت کے ارتقا و تغیر کی تاریخ تو ایک حد تک صحیح بیان کی ہے، گو وہ بھی اغلاط سے یکسر خالی نہین ہے لیکن فقہ کے تغیرات اور ارتقاء کے اسباب و نتائج پر یا مصنف کی نظر نہین ہے یا عمداً غلط بیانون سے کام لیا ہے، اور اس مین ایسی فاش غلطیان اور تدلیسات ہین کہ ان کی تاریخ کا معمولی واقف کار بھی نہین کرسکتا، مترجم نے دیباچہ مین لکھا ہے کہ حاشیہ مین مصنف کی غلط بیانیون پر متنبہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن یہ کوشش دو چار مقامون سے زیادہ نظر نہین آتی وہ بھی محض طالب علمانہ، حالانکہ اس باب کا کوئی صفحہ مشکل سے اغلاط سے خالی ہوگا، سرورق پر مترجم کا نام نہین ہے، کتاب کے آخر مین محمد حمید اللہ صاحب کا نام ہے، اگر یہ کوئی طالب علم ہین تو خیر کوئی مضائقہ نہین لیکن اگر ہمارے فاضل دوست ڈاکٹر محمد حمید اللہ ہین، تو ان سے اس قسم کی فروگذاشت کی توقع نہین کی جاسکتی تھی۔

آبگینۂ شعر از بشیر النساء بیگم، تقطیع بڑی، ضخامت ۲۳۲ صفحے، کاغذ، کتابت وطباعت نفیس، قیمت مجلد چھ روپے، پتہ: سب رس کتاب گھر، حیرت آباد، حیدرآباد دکن،

مصنفہ دکن کی مشہور شاعرہ ہین، آبگینۂ شعر ان کے کلام کا مجموعہ ہے، جو سات عنوانون، نذر رسالت، افکار واذکار، حدیث دکن، خانوادہ آصفی، ساز غزل، یاد رفتگان اور سوز وساز کے ماتحت ۲۲۸ منظومات پر مشتمل ہے، گو مصنفہ کی شہرت دکن کے اندر تک محدود ہے لیکن ان کا کلام اپنے محاسن وخصوصیات کے لحاظ سے ہندوستان کی نسوانی دنیائے ادب مین ممتاز حیثیت کا مستحق ہے، اور مذکورہ بالا مجموعے کی تمام نظمین جذبات وخیالات کی پاکیزگی اور زبان وبیان کی صفائی وسلاست ہر لحاظ سے قابل قدر ہین،

"م"

جلد ۶۴ ماہ ذیحجہ ۱۳۶۸ھ مطابق ماہ اکتوبر ۱۹۴۹ء عدد ۴

مضامین

شذرات — شاہ معین الدین احمد ندوی — ۲۴۲-۲۴۴

مقالات

اسلامی ہند کے تمدنی کارنامے — مولانا عبد السلام ندوی — ۲۴۵-۲۶۲

حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلیؒ — جناب سید صباح الدین عبد الرحمن صاحب ایم اے — ۲۶۳/۲۷۸

سنگ شبام — مولانا ابو الجلال ندوی رفیق دار المصنفین — ۲۷۹-۲۹۲

یحیٰی بن آدم اور اُن کی کتاب الخراج — مولوی حافظ مجیب اللہ صاحب ندوی رفیق دار المصنفین — ۲۹۳-۳۰۰

ادبیات

عید قربان — جناب سید محمود حسن قیصر امروہوی — ۳۰۱-۳۰۲

غزل — جناب شفیق صدیقی جونپوری — ۳۰۲-۳۰۳

باب التقریظ والانتقاد

"ترجمان السنۃ" — مولانا ابو الجلال ندوی — ۳۰۴-۳۰۹

"مرآۃ الشعراء" — شاہ معین الدین احمد ندوی — ۳۰۹-۳۱۶

مطبوعات جدیدہ — "م" — ۳۱۷-۳۲۰

شذرات

بالآخر دستور ساز اسمبلی نے بھی دیوناگری رسم الخط مین ہندی کو حکومت کی زبان قرار دیدیا اور اردو بلکہ ہندوستانی تک کو قانونی زبان کی حیثیت بھی نہین دی گئی اور ہندو رائے عامہ کے سامنے بڑی بڑی آزاد خیال اور حق پسند شخصیتون کو بھی سپر ڈال دینا پڑی، اور ہندوستانی کی حمایت مین پنڈت جواہر لال نہرو اور مسلمانون کے علاوہ ایک آواز بھی نہین اٹھی۔ اردو زبان پر یہ ظلم تو غلامی کے زمانہ مین اجنبی اور غیر ملکی حکومت نے بھی نہ کیا تھا جو اس دور آزادی مین اپنی قومی و ملکی حکومت کے ہاتھون ہوا، انگریزون نے کسی ملکی زبان کو نہین مٹایا بلکہ اُن کی سرپرستی کی خصوصاً اردو اور ہندی کی ترقی مین اُن کا بڑا حصہ ہی،

زبان بلکہ کلچر کشی کی ایسی مثال دنیا کے کسی ملک مین نہین مل سکتی، یورپ کے بعض بعض ملکون مین بہت سی چھوٹی چھوٹی زبانین رائج ہین جن کے بولنے والے چند لاکھ سے زیادہ نہین، اس کے باوجود وہان کی حکومتین، یا ان سب کی حیثیت مساوی مانتی ہین، یا اگر ان مین سے ایک حکومت کی زبان مانی جاتی ہے تو دوسری زبانون کو بھی درجہ ضرور دیا جاتا ہی، حکومت ان سب کی سرپرستی کرتی ہے، اور تعلیمگاہون مین اُن کی تعلیمی اہمیت قائم رکھتی ہے، لیکن ہماری جمہوری حکومت مین اردو جیسی وسیع و ترقی یافتہ زبان کے لئے جس کے بولنے والے کرورون ہندو مسلمان ہین کوئی گنجایش نہین ہے، یہ ہین آزادی اور جمہوریت کے کرشمے، یہ ایسی صریح زیادتی اور ناانصافی تھی کہ مولانا ابوالکلام جیسے عالی ظرف اور ٹھنڈے دل و دماغ کے انسان کو بھی اس کے خلاف سخت احتجاج کرنا پڑا، اور اُن کی خاموش زبان سے بھی اُن کے مسلک کے خلاف تلخ لیکن سچی حقیقتین نکل گئین لیکن اُن کی بھی کون سنتا ہے ع

رات کی بات گئی صبح کا افسانہ گیا،

اس سے بھی زیادہ افسوس ناک پہلو یہ ہو کہ صوبائی زبانون کو جو حقوق ملے ہین، اُن سے بھی اردو کو کوئی فائدہ نہین پہنچ سکتا، اس لئے کہ ہندوستان کی اور سب زبانین تو مسلم ہین یعنی ان کے بولنے والے

صوبے اور یہاں کی حکومتیں دونوں اُن کو اپنی زبان مانتی ہیں، اس لئے صوبائی حکومتوں کا کاروبار اسی زبان میں ہوگا، صوبہ کی تعلیم گاہوں میں اُن کی تعلیم لازمی ہوگی، ان کے ذریعہ حصول ملازمت میں سہولت ہوگی، اس لئے اُن کے صوبوں میں اُن کی پوری اہمیت قائم رہے گی، اس کے مقابلہ میں اردو کی بدقسمتی یہ ہے کہ اس کے بولنے والے صوبوں دلّی، صوبہ متحدہ اور بہار کے ہندو اور یہاں کی حکومتیں بھی اس کو اپنی زبان نہیں مانتیں، اس لئے اب اس کا ٹھکانا کہاں ہوگا، اس لئے صوبائی زبانوں کو جو حقوق ملے ہیں، اردو اُن سے بھی محروم رہے گی بجز اس کے کہ مسلمان اس کو اپنی زبان کہتے رہیں لیکن اُن کی حیثیت ہی کیا رہ گئی ہے، اگر اس ملک اور یہاں کی حکومت میں اُن کا کچھ حق بھی سمجھا جاتا، تو اردو اس طرح یہاں سے نہ نکالی جاتی،

یہ کس قدر عبرت کا مقام ہے، کہ ہندوستان کی تمام چھوٹی سی چھوٹی اور معمولی سے معمولی زبانوں کا ایک وطن ہے، ان کو بولنے والی اور اپنی زبان کہنے والی ایک قوم ہے، اُن کی سرپرستی کرنے والی ایک حکومت ہے لیکن اردو جیسی ہندوستان گیر زبان کا کوئی وطن نہیں، اسکی سرپرست کوئی حکومت نہیں اردو دلّی، صوبہ متحدہ اور بہار کے ڈرے، اور سہمے ہوئے مسلمانوں کے علاوہ کوئی اس کو اپنی زبان کہنے والا نہیں، یہ ہے ہماری سکولرائیٹ کا کارنامہ جس پر آپ کو فخر بھی ہے،

بہرحال جو کچھ ہونا تھا، وہ ہو چکا، اب اردو کی حفاظت کی ذمہ داری اس کے حامیوں خصوصاً مسلمانوں پر ہے، موجودہ ذہنیت میں اردو ہندی سمجھوتے کی امید میں اردو کو ہندی سے قریب لانے کی کوشش بالکل بے کار ہے، اردو کی مخالفت کا جو مقصد اور اس کی دشمنی میں جو جذبہ کارفرما ہے، اس میں جب ہندوستانی بلکہ آسان ہندی تک کی گنجایش نہیں ہے، تو اردو کا کیا سوال ہو سکتا ہے، یہ اور بات ہے کہ ہندی کے نام سے جو زبان رائج کی جا رہی ہے، وہ طبعی اسباب کی بنا پر نہ چل سکے، اور یقیناً نہ چلے گی، اس وقت یہ شدت قائم نہ رہے اور خود حالات ایک عام مشترک اور آسان زبان کے قبول کرنے پر مجبور کریں، اس کے علاوہ جب اردو ہندی دونوں ایک ساتھ چلیں گی، تو دونوں ایک دوسرے سے لازمی متاثر ہوں گی، اور جس طرح عربی، فارسی، ہندی، سنسکرت اور ہندوستان کی دوسری زبانوں کے میل جول سے اردو بنی ہے اسی طرح ہندی اور اردو کے میل سے بھی ایک تیسری زبان ضرور بنے گی وہی اصلی ہندوستانی زبان ہوگی، اس لئے اردو ہندی کو اپنے اپنے راستے پر چلنے دینا چاہیے، اور نتائج کو فطرت کے حوالہ کر دینا چاہیے،

اس وقت ہندوستان خصوصاً دہلی اور صوبہ متحدہ مین اردو کے کئی بڑے ادارے ہین جو اپنے اپنے دائرے مین اردو زبان کی مفید خدمت انجام دے رہے ہین، ان سب کا کام جاری رہنا چاہئے لیکن اسی کے ساتھ اس وقت اردو کی بقا کے لئے اس کی تعلیمی ضرورتون کی جانب زیادہ توجہ کی ضرورت ہے، ورنہ جب بنیاد ہی نہ ہوگی، تو عمارت کس پر کھڑی کیجائے گی، ان مین سے ایک کام سرکاری اسکولون مین اردو کی تعلیم کی نگرانی کا ہے، اس بارہ مین خواہ حکومت اپنے وعدون کو پورا نہ کرتی ہو، یا ماتحت حکام اس کے احکام پر عمل نہ کرتے ہون لیکن بہرحال یہ ہے کہ سرکاری تعلیم کا ہون بن اردو کی کوئی پرسش نہین ہے، اور ہر مقام پر اور ہر شخص کے لئے متعلقہ حکام تک شکایت پہنچانا دشوار ہے اگر دو چار شکایتین پہنچ بھی جائین تو اُن کی شنوائی مشکل ہے، اس لئے اس کی نگرانی کا کام اشخاص کے بجائے اداروں کو انجام دینا چاہئے گو موجودہ ذہنیت مین اُن کے ذریعہ بھی پوری کامیابی مشکل ہے تاہم اردو یکسر نظرانداز نہ کیجا سکے گی، اور اسکی کچھ نہ کچھ حیثیت باقی رہے گی،

دوسرا کام نصاب کی ترتیب کا ہے، اس وقت دو قسم کے نصابون کی ضرورت ہے، ایک خالص اردو زبان کا نصاب جس کو ہر مذہب و ملت کے طالب علم پڑھ سکین، دوسرے مسلمان بچون کی ابتدائی تعلیم کا جو اسلامی مکاتب مین اور گھرون پر پڑھایا جا سکے، اس مین دینیات اور اسلامی تاریخ کے ساتھ وہ تمام فنون ہونے چاہئین جو پرائمری اسکولون مین پڑھائے جاتے ہین، تاکہ ثانوی اسکولون کے داخلہ مین دقت نہ ہو، اس سلسلہ مین اردو حروف اور اُن کے رسم الخط کی پیدگیون کو بھی حل کرنا ہے تاکہ بچے آسانی کے ساتھ اردو لکھنا پڑھنا سیکھ سکین لیکن ان کامون کو صلاح و مشورہ کے بعد تقسیم کار کے اصول پر اشتراک عمل کے ساتھ کرنے کی ضرورت ہے، اس مین دارالمصنفین کے متعلق جو خدمت کیجائے اس کو وہ بخوشی انجام دینے کے لئے تیار ہے،

یہ معلوم کرکے مسرت ہوئی کہ انجمن ترقی اردو ہند جس کا مرکز اس کی نشأۃ ثانیہ کے بعد علی گڈھ ہوگیا ہے اپنا جلد شروع کرنے والی ہے اور اس کا رسالہ بھی عنقریب نکلے گا، اور مرکزی حکومت نے انجمن کے لئے چالیس ہزار سالانہ امداد بھی منظور کی ہے، یہ اردو زبان کا خوش نصیبی ہے، یہ بھی غنیمت ہے،

آفرین بر دل نرم تو کہ از بہر ثواب ۔۔۔ کشتۂ غمزۂ خود را بہ نماز آمدۂ

امید ہے کہ انجمن ڈاکٹر ذاکر حسین خانصاحب اور قاضی عبدالغفار صاحب جیسے اصحاب علم و قلم کی نگرانی مین مرحوم انجمن کی جانشینی کا صحیح فرض انجام دے گی،

مقالات

اسلامی ہند کے تمدنی کارنامے

عمارتیں

از

مولانا عبدالسلام ندوی

(۳)

ہندوستان مین اسلامی عمارات کی بنیاد اگرچہ مسلمان فاتحین کی آمد کے پہلے ہی دن سے پڑگئی تھی، اور سب سے پہلے ناصرالدین سبکتگین اور اس کے بعد سلطان محمود غزنوی نے تعمیر مساجد سے اس کا آغاز کیا تھا لیکن اس سلسلے کو سلطان علاءالدین خلجی نے جو ۶۹۵ھ مین تخت نشین ہوا تھا بہت زیادہ وسعت اور ترقی دی، اور مسجدون کے علاوہ اور بھی نہایت کثرت سے مختلف قسم کی عمارتین بنوائین، چنانچہ تاریخ فرشتہ مین ہے،

"وآن قدر عمارت کہ در عہد او بنا یافت از مسجد و خانقاہ و حوض و منار و حصار و دریچ عصرے بوقوع نیامدہ"[1]

سلطان علاءالدین کے بعد سلطان غیاث الدین تغلق نے بھی اس معاملہ مین نہایت نامور ی حاصل کی اور قلعہ تغلق آباد کے علاوہ اور بھی نہایت کثرت سے عمارتین بنوائین، مآثر رحیمی اور تاریخ فرشتہ مین ہے:-

---

[1] تاریخ فرشتہ جلد اول ص ۱۲۱،

"وبسا نقش عمارت رغبت تمام داشت، عمارت قلعہ تغلق آباد و دیگر بناہا فرمودہ، و بنہایت عمارت دوست بود، و بیشتر اوقات او صرف عمارت شدے[1]"

اس کے بعد فیروز شاہ نے نہایت کثرت سے مسجدین بنوائین اور سلاطین گذشتہ کی تعمیر کردہ عمارتون کی مرمت اور اصلاح کروائی، چنانچہ خود لکھتا ہے،:-

"و مساجد بنا نہادم، و دیگر بقاع خیر پادشاہان ماضیہ را از مسجد و خانقاہ، و مدرسہ و چاہ و حوض و پل و مقبرہ کہ مندرس شدہ، در تجدید معمور ساختم، و اہل خدمت بر جمیع مساجد و مدارس و خوانق و حمام و چاہ معین ساختہ وظیفہ مقرر نمودم"

ان تمام عمارتون کی صحیح تعداد تو معلوم نہین تاہم فرشتہ کو جو تعداد معلوم ہو سکی، وہ حسب ذیل ہے:-

مسجد	۴۰	شفاخانہ	۵
مدرسہ	۳۰	مقبرہ	۱۰۰
خانقاہ	۲۰	حمام[2]	۱۰
محل	۱۰۰		

جونپور کی مشہور مسجدین اسی کی بنوائی ہوئی ہین،

فیروز شاہ کے بعد سلطان سکندر نے ۱۴۹۵ء مین کشمیر مین ایک نہایت عالیشان مسجد بنوائی لیکن ایک مدت کے بعد یہ مسجد جل گئی، تو سلطان حسین نے اس کو از سر نو تعمیر کروانا شروع کیا لیکن اثنائے تعمیر ہی مین اس کا انتقال ہو گیا، تو اس کے وزیر ابراہیم باکرے نے ۱۵۰۹ء مین تعمیر کے کام کو درجۂ تکمیل تک پہنچایا، جہانگیر نے اس کی نسبت لکھا ہے،:-

---

[1] تاریخ فرشتہ جلد اول ص ۱۳۰ و مآثر رحیمی جلد اول ص ۳۲۱

[2] تاریخ فرشتہ جلد اول ص ۱۵۱،

آنکہ از حکام کشمیر اثرے بہتر ازین نماندہ"[1]

فرمانروایان کشمیر مین سلطان سکندر کے بعد اس سلسلہ مین سلطان زین العابدین نے نہایت ناموری حاصل کی، اور کشمیر مین نہایت کثرت سے عمارتین تعمیر کروائین، جو سلاطین تیموریہ کے زمانہ تک قائم تھین چنانچہ جہانگیر ایک جگہ پر تزک مین لکھتا ہے:-

"آثار و علامات و عمارات او در کشمیر بسیار است"

ان مین سے جہانگیر نے ایک خاص عمارت کا تذکرہ کیا ہے، جو سلطان زین العابدین کے تعمیری کارنامون مین نہایت اہمیت رکھتی ہے وہ لکھتا ہے کہ "ان تمام عمارتون مین ایک عمارت جس کا نام زین لنکا ہے، اور نامی تالاب کے اندر بنائی گئی ہے، اس تالاب کا عرض و طول تین کوس سے زیادہ ہے، اور اس کا چشمہ ایک گہرے دریا کے اندر ہے، اس عمارت کے بنانے مین اوس نے بڑی کوشش کی، اور پہلی بار کشتی مین بھر کر بہت سے پتھر منگوا کر اس مقام پر گروائے، جہان یہ عمارت تعمیر ہوئی ہے لیکن نتیجہ کچھ نہ نکلا، اسی طرح پتھر سے لدی ہوئی کئی ہزار کشتیان ڈبوئی گئین، اور بڑی محنت کے بعد گیارہ سو گز کا ایک قطعۂ زمین پانی سے نکلا جس پر ایک چبوترہ بنایا گیا، اور اس چبوترہ کے ایک کنارہ پر اس نے ایک عمارت بنوائی جس مین وہ عبادت کیا کرتا تھا، کشمیر کے حکام مین سے تین شخصون نے اس چبوترے کے تین ضلعون پر عمارتین بنوائین، لیکن ان مین کوئی سلطان زین العابدین کی عمارت کا مضبوطی مین مقابلہ نہین کر سکتی"[2]

فرشتہ نے بھی کسی قدر اختلاف کے ساتھ اس عمارت کا ذکر کیا ہے، اور اس کے بیان سے معلوم ہوتا ہے، کہ اس چبوترے پر باغ، مسجدین اور دوسرے مکانات بھی بنوائے گئے تھے، اور ان سب کے مجموعہ نے ایک ایسا دلکش منظر پیدا کر دیا تھا، کہ فرشتہ کے الفاظ مین

"بدان نزاہت و لطافت و غرابت جائے کم خواہد بود، و فی الواقع بخوبی آن عمارت

---

[1] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۳۰۲، [2] ایضاً ص ۳۰۴-۳۰۷-

شاید کہ درگم جائے از عالم بودہ باشد"[۵۱]

فرشتہ نے سلطان زین العابدین کی ایک اور عمارت کا ذکر کیا ہے، جو بارہ منزلہ تھی اور اس کی بعض منزلون پر پچاس حجرے، ایوان اور حجرہ وغیرہ تھے، اور باوجود اس وسعت اور بلندی کے پوری عمارت لکڑی کی تھی،[۵۲]

اس کے بعد سکندر لودی نے نہایت کثرت سے مسجدین بنوائین، اور اپنی سلطنت کی تمام مسجدون مین قاری خطیب، اور جاروب کش مقرر کئے، اور اُن کی تنخواہین مقرر کین،[۵۳]

اس کے بعد بابر ۹۳۲ھ مین تخت نشین ہوا تو جو مسجدین اور خانقاہین جنگ کے زمانہ مین ویران ہوکر غیر مسلمون کے بیلون اور گھوڑون کا استھان بن گئی تھین، اُن کو نئے سرے سے تعمیر کروایا، اور اُن مین موذن اور جاروب کش مقرر کئے، چنانچہ خافی خان ۹۳۲ھ کے واقعات کے سلسلہ مین لکھتا ہے،

"و مساجد و خانقاہ کہ جا بجا نگاہ اسپان و گاوان کافران گشتہ بود ہمہ را صاف و تعمیر نمودہ موذن و جاروب کش مقرر فرمود"[۵۴]

اسی صدی مین سلطان ناصر الدین خلجی نے اس سلسلہ مین نہایت نام پیدا کیا، اور مالوہ مین اس کثرت سے عمارتین تعمیر کروائین، کہ مالوہ کے محاصل سے سترہ کرور روپئے جو اس کو ملے تھے، اس مین سے پانچ کرور روپیے تعمیرات مین صرف ہوگئے، صاحب مآثر رحیمی نے اس کے ایک محل کا جو باغ فیروزہ مین تعمیر ہوا تھا، ذکر کیا ہے اور لکھا ہے، کہ

"در باغ فیروزہ قصرے طرح انداخت کہ سیاحان ربع مسکون نشان نداوہ اند"[۵۵]

جہانگیر نے بھی اس کی بعض عمارتین دیکھی ہین، اور تزک مین ان کا ذکر کیا ہے،[۵۶]

---

۵۱ فرشتہ جلد دوم ص ۳۲۵، ۳۲۴ ۵۲ فرشتہ جلد دوم ص ۳۲۵ - ۵۳ ایضاً جلد اول ص ۱۸۶، ۱۸۷،
۵۴ خافی خان حصہ اول ص ۶۳، ۵۵ مآثر رحیمی جلد اول ص ۱۶۱ ۵۶ تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۲۰۴،

قلعہ رہتاس بھی جس کی بنیاد شیر شاہ نے ڈالی تھی، اور سلیم شاہ نے اس کی تکمیل کی، اسی صدی کی یادگار ہے، جہانگیر نے اس قلعہ کو دیکھا ہے، اور لکھا ہے کہ اس کے تمام دروازون پر تعمیر کا خرچ ایک پتھر پر کندہ ہی جس کی مجموعی تعداد سولہ کرور دو لاکھ دام یعنی ہندوستان کے حساب سے ۴۰ لاکھ پچیس ہزار روپیہ ہی[1]

ان سب کے بعد ۹۶۳ھ سے اکبر کا دور سلطنت شروع ہوا، اور اس دور کی تمدنی ترقیون نے ہندوستان قدیم کو بالکل بدل کر ایک نیا ہندوستان پیدا کر دیا، چنانچہ خافی خان لکھتا ہی

"در سیدن صاحب کمالان ایران و توران و روم و درجرگہ جان نثاران این سلسلہ عالیہ داخل گردیدن و ہندوستان را زینت تغیر و تبدیل از وضع سابق دادن مخصوص عہد سلطنت عرش آشیانی بود[2]

اور اس دور ترقی کا جو اثر عمارات وغیرہ پر پڑا، اُن کے متعلق خافی خان لکھتا ہے،

"در تمام سواد اعظم ہندوستان عمارات عالی و لباسہاے فاخرہ و منازل خوش و بستانہاے دلکش و دیگر ما یحتاج لذت زندگانی در عہد آن واضع آئین دولت و بانی نسق سلطنت[3] رواج گرفت"

لیکن اس تمدنی انقلاب کے زمانہ مین جو عمارتین تعمیر ہوئین، ان کی مختلف قسمین تھین،

۱- عام رعایا نے عمدہ پاکیزہ اور بلند عمارتین بنوائین،

۲- خود اکبر نے شاندار عمارتین تعمیر کروائین،

۳- امرا نے اس مین بادشاہ کی تقلید کی، اور عمدہ عمارتین تعمیر کروائین،

لیکن تاریخون مین پہلی قسم کی عمارتون کا کوئی ذکر نہین ہے، البتہ خود اکبر اور اس کے امراء نے جو عمارتین تعمیر کروائین، ان مین مشہور عمارتون کا ذکر مورخین نے کیا ہے جن مین سب سے مشہور قلعہ آگرہ ہی جسکو سب سے پہلے سکندر لودی نے پتھر اینٹ اور چونے کا تعمیر کرایا تھا لیکن اکبر نے ۹۷۳ھ مین سنگ سرخ سے اس کی تعمیر

---

[1] تزک جہانگیر ص ۲۰۵ [2] خافی خان حصہ اول ص ۱۸۹ [3] ایضاً ص ۲۳۶،

کروائی، اس کے اندر سنگ مرمر کی ایک مسجد اور دوسری عمارتین بنوائین، اور ۹۸۳ھ مین ۲۰ لاکھ روپے کے خرچ سے تیار ہوگیا،[۵۱] لیکن صاحب مآثر الامرا نے لکھا ہے کہ یہ قلعہ آٹھ سال مین قاسم خان میر بحر کے اہتمام مین سات کروڑ تنکہ یعنی ۳۵ لاکھ روپیہ کے صرف سے تیار ہوا، اور ۹۷۲ھ مین دریاے جمنا کے کنارے شہر کے مشرقی جانب پہلے قلعہ کی جگہ جو بوسیدہ ہوگیا تھا، اس کی بنا ڈالی گئی، اس کی دیوار کا عرض ۳۰ گز اور بنیاد سے کنگرہ تک کی بلندی ساٹھ گز ہے، سنگ سُرخ کو تراش کر باہم اس طرح جوڑا ہے کہ اس کی درزمین ایک بال کی بھی گنجایش نہین ہے، اسکی بنیاد ہر جگہ پانی کی تہ تک پہنچائی گئی ہے، اور مزید احتیاط کے لئے آہنین حلقے لگا کر پتھرون کو ایک دوسرے پر بٹھایا ہے،[۵۲]

اکبر نے جب الہ آباد کو آباد کیا تو وہان بھی دریاے گنگا و جمنا کے درمیان ایک نہایت مضبوط قلعہ تعمیر کروایا،[۵۳]

اکبری دور کی ایک اور مشہور یادگار فتحپور سیکری کی مسجد ہے،

جہانگیر نے تزک مین لکھا ہے،:

"کے از اعاظم آثار کہ در عہد دولت و زمان خلافت حضرت عرش آشیانی بظہور آمدہ این مسجد در روضہ است مثل این مسجد در ہیچ بلادے نیست عمارتش ہمہ از سنگ در کمال صفا اساس نہادہ پنج لک روپیہ از خزانہ عامرہ صرف شدہ،[۵۴]

اس کے بعد اس کے تمام جزئیات کی تفصیل کی ہے،

مؤرخین نے اس دور کی انہی تین مشہور عمارتون کا ذکر تصریح کے ساتھ کیا ہے، اُن کے علاوہ اکبر نے اور جو عمارتین تعمیر کروائین، ان کا ذکر ابوالفضل نے آئین اکبری مین اجمالاً کیا ہے، چنانچہ آئین عمارت مین لکھتا ہے:-

---

۵۱ خافی خان حصہ اول ص ۱۶۵، ۵۲ مآثر الامرا حصہ سوم ص ۶۳ ۵۳ خلاصۃ التواریخ و خافی خان حصہ اول ص ۲۳۶،

۵۴ تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۲۶۴،

"ازین رو گنجی خدیو پیوستہ عالی بنا ہا طرح فرماید"

لاہور کے متعلق لکھا ہے،

چون چند گاہ پائے تخت شدہ والا کاخہا برافراختہ آمد"[۵۱]

اکبر کے علاوہ اس دور مین امراے اکبری نے بھی متعدد عمارتین بنوائین، چنانچہ اعتماد خان نے آگرہ سے چھ کوس کے فاصلہ پر اعتماد پور کے نام سے ایک گاؤن آباد کیا، اور اس مین ایک تالاب ایک عمارت اور اپنا مقبرہ بنوایا[۵۲]، آج بھی یہ مقبرہ موجود ہے، اور اعتماد الدولہ کے نام سے مشہور ہے،

خداوند خان دکنی نے قصبہ رونھکیرہ مین ایک مسجد بنوائی جس کی نسبت صاحب مآثر الامرا نے لکھا ہے کہ باوجود امتداد زمانہ کے اب تک شکست وریخت سے محفوظ ہے[۵۳]،

یہ ایک عجیب بات ہے کہ اس دور مین بعض ہندو امرا نے بھی مسجدین بنوائین، چنانچہ راجہ بھگونت داس نے لاہور مین ایک جامع مسجد بنوائی جس مین اکثر لوگ نماز جمعہ پڑھتے تھے[۵۴]،

شاہ قلی خان محرم نے نارنول مین توطن اختیار کیا، تو وہان بہت سی شاندار عمارتین بنوائین اور ایک تالاب کھدوایا[۵۵]،

صادق محمد خان ہروی نے دھولپور کو جو آگرہ سے ۲۰ کوس کے فاصلہ پر ہے اپنا وطن بنایا تو وہان ایک سرا، ایک عمارت اور ایک شاندار مقبرہ بنوایا، اور آس پاس کے دیہات کو آباد کیا[۵۶]،

اسلامی دور مین فن تعمیر کی ترقی نے کتبہ نویسی کا ایک مستقل فن پیدا کر دیا تھا، اور دور اکبری مین میر معصوم بھکری نے اس مین خاص نام پیدا کیا تھا، وہ نہایت خوشخط کتبہ نویس تھے، اور ہندوستان سے لیکر تبریز و اصفہان کے راستون اور منزلون مین ہر جگہ مسجدون اور عمارتون کے پتھرون پر اپنے اشعا

---

[۵۱] آئین اکبری جلد دوم ص ۱۵۲ [۵۲] مآثر الامرا، جلد اول ص ۹۰ [۵۳] ایضاً جلد اول ص ۶۵۹ [۵۴] ایضاً جلد دوم ص ۱۳۱
[۵۵] ایضاً ص ۶۰۸ [۵۶] ایضاً ص ۷۲۹،

کندہ کئے تھے، قلعۂ اگرہ اور جامع مسجد فتحپور کے دروازے کے کتبے انھی کے ہاتھ کے لکھے ہوئے ہین، کتبہ نویسی کے ساتھ انھون نے نیک کامون کے لئے بہت سی عمارتین بھی بنوائین، بالخصوص شہر سکھر مین جو ان کا مولد تھا، اس قسم کی بہ کثرت عمارتین تعمیر کروائین، پنجاب مین بھکر کے گرد جو دریا واقع تھا، اس مین ایک عمارت سیتا سر نامی بنوائی جس کی نسبت صاحبِ مآثر الامراء لکھتے ہین:

"از نوادر روے زمین است، گنبد دریائی تاریخ آنست"[۵۱]

اسی زمانہ مین یوسف عادل شاہ نے بیجاپور مین قلعۂ ارک، عیدگاہ قدیم اور گلبرگہ مین شیخ محمد سراج جنیدی کا روضہ اور اس کے منارے بنوائے[۵۲]

اس کے بعد جہانگیر کا دورِ حکومت شروع ہوا، جو اگرچہ تعمیری حیثیت سے کچھ زیادہ شہرت نہین رکھتا، تاہم اس دور کی سب سے زیادہ مشہور عمارت سکندرہ یعنی اکبر کا مقبرہ ہے جس کو جہانگیر نے ۱۵ لاکھ کے صرف سے تعمیر کروایا تھا، اس کے علاوہ متفرق عمارتین ہین، جو اُس نے ہندوستان کے مختلف حصون مین تعمیر کروائین، مثلاً اجمیر مین ایک تالاب اناساگر نامی تھا، جہانگیر نے اُس کے کنارے متعدد عمارتین بنوائی تھین، اور شاہجہان نے اجمیر کے سفر مین انھی مین قیام کیا تھا[۵۳]

ایک سفر مین باباحسن ابدال کے پل اور اس کے پاس کی عمارتون کی تعمیر کے لئے زرِ وزن سے پانچ ہزار روپئے دیئے، اور حکم دیا کہ پل اور یہ عمارتین نہایت مستحکم طور پر بنوائی جائین[۵۴]

ایک بار سیر و شکار کے موقع پر خواجہ جہان کو حکم دیا، کہ ایک ایسی عمارت تیار کروائے جو اس کے ٹھہرنے کے قابل ہو، چنانچہ خواجہ جہان نے تین مہینے مین ایک عالی شان عمارت تعمیر کروادی جو جہانگیر کو نہایت پسند آئی[۵۵]

---

[۵۱] مآثر الامراء حصہ سوم ص ۳۲۸-[۵۲] بساتین السلاطین ص ۲۲-۲۳-[۵۳] بادشاہ نامہ حصہ اول صفحہ ۵۵،
[۵۴] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۷۷، [۵۵] ایضاً ص ۹۳-

جہانگیری دور کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس زمانہ میں نئی عمارتوں کے ساتھ شاہانِ ماضیہ کی عمارتوں کی مرمت و اصلاح بھی ہوئی مثلاً مانڈو میں سلاطینِ غوریہ اور خلجیہ کے جو آثار باقی تھے، جہانگیر نے اُن کی مرمت کروائی، اور وہاں جانے سے پہلے عبدالکریم معموری کو حکم دیا، کہ وہاں جاکر کچھ نئی عمارتیں بنوائے اور سلاطینِ ماضیہ کی عمارتوں کی مرمت کروائے[۱]، اس حکم کے مطابق اس نے چند روز میں بعض قدیم عمارتوں کی مرمت کرائی، اور بعض مقامات پر نئی عمارتیں بنوائیں تقریباً تین لاکھ روپیہ صرف ہوا، اور نہایت دلکش عمارتیں تیار ہوئیں چنانچہ خود جہانگیر لکھتا ہے،

"درہیچ جا بدان نزاہت و لطافت عمارتے معلوم نیست، بایں کہ این عمارت رفیع و شہرہائے رفیع کہ قابلیت نزول اجلال می داشت، واقع می بود[۲]"

صاحب مآثرالامرا لکھتے ہیں،

"و دران سال در ماندو بحکم بادشاہی عمارات دلکش ترتیب یافتہ نشیمنہائے سلاطینِ ماضیہ ترمیم پذیرفت[۳]"

گجرات میں کاکریہ ایک تال ہے جس کو سلطان احمد بانیٔ شہر احمدآباد کے نواسے قطب الدین محمد نے بنایا تھا، اور اس تال کے درمیان ایک باغیچہ اور ایک عمارت تعمیر کروائی تھی، اور آمد و رفت کے لئے تال کے کنارے سے اس عمارت تک ایک پل بندھوایا تھا، چونکہ امتدادِ زمانہ سے یہ عمارت گر پڑی تھی، اس لئے جب جہانگیر احمدآباد کی طرف روانہ ہوا تو صفی خان بخشی گجرات نے شاہی خزانہ سے اس کی مرمت کروائی، اور ایک جدید عمارت جس کا رُخ تال کی طرف تھا تعمیر کروائی، اور ایک باغیچہ لگوایا[۴]،

احمدآباد میں سلاطینِ گجرات نے جو عمارتیں بنوائی تھیں، چونکہ وہ بالکل ویران ہوگئی تھیں، اس لئے

---

[۱] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۱۳۸، [۲] ایضاً ص ۱۸۰ [۳] مآثرالامرا، جلد دوم ص ۵۳۸ [۴] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۲۱۰،

جہانگیر کے زمانہ میں مقرب خان نے اُن کو نئے سرے سے بنوایا، اور اس کے ساتھ دوسری ضروری عمارتیں بھی تعمیر کروائیں، چنانچہ جہانگیر تزک میں لکھتا ہے :

"منازل سلاطین گجرات کہ در دروں بدر واقع بود درین پنجاہ شش سال خراب شدہ واثرے از آنہا نماندہ غایتہ جمیع از بندہائے ما کہ بحکومت این ملک تعین بودند عمارات ساختہ اند درین ولا کہ از ماندو متوجہ احمد آباد شدم مقرب خان منازل قدیم را از سر نو تعمیر نمودہ نشیمنہا دیگر کہ ضروری بود مثل جھروکہ عام و خاص وغیرہ ترتیب داد۔"[۱]

جہانگیر نے کشمیر کے راستوں اور منزلوں میں بھی بہت سے مکانات بنوائے تاکہ خیمہ وغیرہ کی ضرورت نہ ہو، چنانچہ تزک میں منزل نورآباد کے متعلق لکھتا ہے،

"از گھاٹ بھٹ تا کشمیر بہ ستور یکہ تا پیر پنجال در راہ منزل بہ منزل خانہا و نشیمنہا ساختہ اند درین راہ نیز اساس یافتہ و اصلا بخیمہ و سائر رخوت فراشخانہ احتیاج نیست[۲]"

کشمیر میں ایک چشمہ آصف آباد تھا، جو مچھی بھون کے نام سے مشہور تھا، اس جگہ یمین الدولہ نے جہانگیر کے حکم سے بہت سی عمارتیں، حوض، نہر اور باغات تیار کرائے تھے، اور شاہجہان نے کشمیر کے سفر میں اسی جگہ قیام کیا تھا[۳]، جہانگیر نے کشمیر کی رونق و آبادی بڑھانے کے لئے جو عمارتیں تعمیر کرائیں اس کا اندازہ بادشاہ نامہ کی اس عبارت سے ہو سکتا ہے،

در زمان حضرت جنت مکانی کہ در اواخر سلطنت پنج مرتبہ تشریف فرمودند، چون توجہ والا مصروف تربیت این سرزمین نشاط آگین با فراختن عمارات و اصلاح درختان میوہ دار بہبودہ جزآن داشتند از آنچہ بود بسیار بہتر آمد[۴]

---

[۱] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۲۱۲ [۲] ایضاً مطبوعہ نولکشور ص ۴۰۶، [۳] بادشاہ نامہ حصہ اول ص ۵۰؛ [۴] ایضاً ص ۵۵۔

جہانگیر کا یہی تعمیری ذوق ہے جو اس کو سلاطین ماضیہ کی عمارتوں کی سیر پر اماذہ کرتا ہوا اور وہ نہایت ژرف نگاہی سے اُن کو دیکھتا ہے، اور ان کے ایک ایک جزئیات کی تفصیل کرتا ہے، چنانچہ تزک مین اس نے اس قسم کی متعدد عمارتون کا تذکرہ کیا ہے، ایک موقع پر لکھتا ہے،

"مانڈو مدتون اس ملک کے بادشاہون کا پایہ تخت رہا ہے، اور گذشتہ بادشاہون کے آثار و عمارات وہان اب تک موجود ہین اور ان کو اب تک کوئی نقصان نہین پہنچا ہے، مین ان بادشاہون کی عمارت کی سیر کے لئے روانہ ہوا، اور پہلے مسجد جامع مین جو سلطان ہوشنگ غوری کی تعمیر کردہ ہے، آیا نہایت عمدہ عمارت ہے، اور تمام تر پتھر تراش کر بنائی گئی ہے، اور باوجودیکہ ایک سو اسی سال اس کی تعمیر پر گذر چکا ہے لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے، کو گویا آج ہی معمار نے اس کی تعمیر کا کام ختم کیا ہے، اس کے بعد مین حکام خلجیہ کے مقبرے مین آیا"[1]

اسی طرح گجرات مین جامع مسجد کے دیکھنے کے لئے گیا ہے، اور اس کے ایک ایک جزئیات کی تفصیل کی ہے اور لکھا ہے کہ

"این مسجد از آثار سلطان احمد بانی شہر احمد آباد است، و الحق این مسجد بنائے است بغایت عالی"[2]

تیموری دور کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس دور سے ہندوستان مین ایک جدید طرز تعمیر کا رواج ہوا، اور وسیع اور پر فضا عمارتین تعمیر ہوئین، جہانگیر اگرچہ ہندوستان کا دلدادہ ہے، اور یہان کی بہت سی چیزون کو پسند کرتا ہے تاہم اس کو ہندوانہ طرز کی تنگ و تاریک عمارتین پسند نہین، بلکہ وہ عمارات مین وسعت اور فضائیت تلاش کرتا ہے، چنانچہ تزک مین ایک موقع پر لکھتا ہے،

"چون منازل و عمارات درون حصار بروش ہندوان اساس یافتہ و خانہا راہے ہوا

---

[1] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۱۸۱، [2] ایضاً ص ۲۱۲-۲۱۳،

وکم قضا ساختہ اند دلنشیں نیفتاد و خاطر نیز بتوقف راضی نشد، حمامے بنظر در آمدہ کہ یکے از نوکران رستم خان متصل بحصار قلعہ ساختہ باغچہ و نشیمنے مشرف بہ صحرا خالی از فضائے و ہوائے نیست[۵۱]

جہانگیر کے زمانہ مین امراء اور وابستگان دولت نے بھی بہت سی عمارتین بنوائین، چنانچہ ہلال نامی خواجہ سرا نے جو ابتدا مین جہانگیر کا میر تزک تھا، قصبہ رنگتہ مین جو آگرہ سے ۶ کوس کے فاصلہ پر واقع ہے، (یہ قصبہ اس کی جاگیر مین تھا،) ایک چھوٹا سا قلعہ تعمیر کیا، اور ایک پختہ سرائے بنوائی، اور اس کا نام ہلال آباد رکھا، اس نے آگرہ مین مدار دروازہ کی جانب بھی ایک بلند اور عمدہ عمارت بنوائی[۵۲]

امراے جہانگیری و اکبری مین شیخ فرید مرتضیٰ خان بخاری نے جو نہایت فیاض تھے،

۱- احمد آباد مین ایک محلہ آباد کیا جس کا نام بخارا تھا،

۲- شاہ وجیہ الدین گجراتی کا روضہ اور مسجد تعمیر کیا،

۳- دلی مین فرید آباد کو آباد کیا، اور اس مین تالاب اور عمارتین اپنی یادگار چھوڑین

۴- لاہور مین ایک محلہ آباد کیا،

۵- لاہور کے چوک مین ایک بڑا حمام بنوایا[۵۳]

اس عہد مین ملک عنبر نے موضع کھرکی مین جو دولت آباد یعنی اورنگ آباد سے پانچ کوس کے فاصلہ پر واقع تھا، تالاب، باغ اور بہت سی بلند عمارتین تعمیر کروائین، اور اس طرح اس کی آبادی مین غیر معمولی اضافہ ہو گیا[۵۴]

جہانگیر کے بعد شاہجہان کا دور حکومت شروع ہوا، جو تعمیری حیثیت سے خاص طور پر امتیاز رکھتا ہے، اس دور مین جو عمارتین تعمیر ہوئین، ان مین تاج محل جو شاہ جہان کی محبوب بیوی ارجمند بانو بیگم

---

[۵۱] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۳۵۸ [۵۲] مآثر الامراء حصہ دوم ص ۷۰۴ [۵۳] ایضاً جلد دوم صفحہ ۶۳۹، [۵۴] ایضاً حصہ سوم ص ۹۔

المخاطب بہ ممتاز محل کا مقبرہ ہے، نہایت مشہور ہے، ممتاز محل نے ۱۰۴۰ھ مین بہ مقام برہان پور انتقال کیا تھا، اور اُن کی لاش وہین باغ زین آباد مین بطور امانت کے دفن کی گئی تھی، اس کے ۶ مہینے کے بعد شاہزادہ محمد شجاع وزیر خان اور سنی خانم صدر النسار اس کو اکبرآباد مین لائے، اور دریائے جمنا کے جنوبی کنارہ پر دفن کیا، اور وہین یہ مقبرہ مکرمت خان کے اہتمام مین ۱۲ سال کی مدت مین پچاس لاکھ روپیہ کے صرف سے تعمیر کیا گیا، اور حویلی اکبرآباد اور پرگنہ نگرچند کے ۳۰ گانون جن کی مالگذاری ایک لاکھ روپیہ تھی، اور مقبرہ کے آس پاس کی دوکانین اور عمارتین جن کا کرایہ دو لاکھ تھا، اس کے مصارف کے لئے وقف کئے گئے[۱]

شاہجہانی عہد کی مشہور عمارتون مین دوسرا درجہ قلعہ شاہجہان آباد کا ہے، جو ساٹھ لاکھ روپیہ کے صرف سے آٹھ سال کی مدت مین تیار ہوا، تعمیر کا کام پہلے غیرت خان کے اہتمام مین شروع ہوا، پھر الہ وردی خان کی داروغگی مین اس کی تعمیر ہوئی، اور مکرمت خان کے اہتمام مین تکمیل کو پہنچا[۲]

اس قلعہ اور شہر کی فصیل کی تیاری کے بعد قلعہ کے متصل شاہجہان نے ایک عظیم الشان مسجد کی تعمیر کا حکم دیا، جس کی نظیر ابتدائے اسلام سے ہندوستان مین موجود نہ تھی، یہ مسجد دس لاکھ روپیہ کے صرف سے ۶ سال کی مدت مین تین چار امرا یعنی خلیل اللہ خان، جعفر خان، سعد اللہ خان اور روح اللہ خان کے اہتمام میں تعمیر ہوئی

ع "قبلۂ حاجات آمد مسجد شاہجہان"

اس کی تکمیل کی تاریخ ہے[۳]

اس قسم کی دوسری مسجد آگرہ کی جامع مسجد ہے، جو قلعہ اکبرآباد کے متصل ۳ لاکھ روپیہ کے صرف سے سات سال کی مدت میں سنگ سُرخ سے تعمیر کی گئی[۴]

شاہجہان نے خواجہ معین الدین چشتی رحمہ اللہ کے روضہ کی زیارت کی تو روضے کے مغربی جانب ایک

---

[۱] مآثر الامرا جلد اول ص ۶۰ و خافی خان حصہ اوّل ص ۵۹۶ [۲] خافی خان حصہ اوّل ص ۶۸۱، [۳] ایضاً حصہ اوّل ص ۵۴۷، [۴] ایضاً صفحہ ۶۲۸،

نہایت عمدہ مسجد سنگ مرمر کی بنوائی،[۱]

اکبر کے زمانہ سے لیکر جہانگیر کے زمانہ تک قلعہ اکبرآباد کے جھروکہ دولت خانہ خاص وعام کے سامنے کوئی ایسا ایوان نہ تھا، کہ اس مین تمام متوسلین سلطنت بیٹھکر بارش اور دھوپ سے محفوظ رہ سکین، بلکہ اس کے لئے کپڑے کا ایک ایوان کھڑا کر دیتے تھے، اور اسی مین تمام متوسلین سلطنت بیٹھتے تھے، لیکن شاہجہان کے حکم سے اس کے سامنے ۰ گز کا لمبا اور ۲۲ گز کا چوڑا ایک ایوان ۴۰ دن کی مدت مین تیار ہوا، اور اس کے تین طرف چاندی کے کٹہرے بنوائے گئے، اور ان مین تمام متوسلین سلطنت کیلئے جیسا کہ بادشاہ نامہ مین بہ تفصیل مذکور ہے، حسب مراتب جگہین مقرر کی گئین، طالب کلیم نے یہ رباعی اسی ایوان کے وصف مین لکھی ہے،

این تازہ بنا کہ عرش ہمسایہ اوست — رفعت حرفے ز رتبتِ پایہ اوست

باغیست کہ ہر ستون سبزش سرو ست — کاسایش خاص وعام در سایہ اوست

شاہجہان نے اسی قسم کا ایک ایوان دارالسلطنت لاہور اور برہان پور[۲] مین بھی جھروکہ دولت خانہ خاص وعام کے سامنے بنوایا، اور عمارت شاہ برج کی تکمیل کرائی، جس کے تفصیلی حالات بادشاہ نامہ مین مذکور ہین، اور ان سے معلوم ہوتا ہے، کہ اس مین ہر قسم کے نقش ونگار کے ساتھ مختلف شہرون اور اُن کے باغون کی تصویرین بھی بنی ہوئی تھین،[۳]

لاہور مین دولت خانہ خاص اور ارام گاہ دولت خانہ خالی کی جو عمارتین جہانگیر نے تعمیر کروائی تھین چونکہ وہ شاہجہان کو پسند نہ تھین، اس لئے زمانہ سفر کشمیر مین اُن کی جگہ نئی عمارتین بنوائین، اور ان کا نقشہ تیار کرکے وزیر خان، اور عمارات شاہی کے دوسرے عہدیدارون کے سپرد کیا، اور حکم دیا کہ کشمیر کی واپسی کے زمانہ تک تمام عمارتین مکمل ہوجائین،[۴] کشمیر مین ایک موضع کا نام وہ اچول تھا، جہان جہانگیر نے دولت خانہ

---

[۱] بادشاہ نامہ حصہ اول ص ۰، [۲] خافی خان حصہ اول ص ۴۰۴،

[۳] بادشاہ نامہ حصہ اول ۲۲۲ تا ۲۲۵ [۴] بادشاہ نامہ حصہ اول ص ۱۲، ۱۳

خاص تعمیر کروایا تھا لیکن یہ عمارت پرانی ہوگئی تھی، اور اس کا نقشہ بھی شاہجہان کے پسند کے موافق نہ تھا، اس لئے اثنائے سفر کشمیر مین حکم دیا کہ خاص شاہی قیام کے لئے دوسری عمارتین جن مین آبشار اور حوض ہون تعمیر کرائی جائین، اور اُن کے علاوہ دولت خانہ خاص وعام بھی تعمیر ہو، چنانچہ اس جگہ پہلے سے بہتر عمارتین تعمیر ہوگئین[1]

شاہانِ تیموریہ کو شکار کا نہایت شوق تھا، اور اس غرض سے خاص خاص مقامات شکار کے لئے مخصوص کرلئے گئے تھے، اور وہان کئی کئی دن قیام ہوتا تھا، اس لئے ان شکارگاہون مین قیام کرنے کے لئے لازمی طور پر عمارتین تعمیر کروانی پڑتی تھین، دارالسلطنت لاہور کے اطراف مین ایک شکارگاہ تھی جس کا اصلی نام جہانگیرآباد تھا، لیکن ہرن منارہ کے نام سے مشہور تھی، جہانگیر نے اپنے عہدِ حکومت مین اس جگہ ایک عمارت تعمیر کروائی تھی لیکن وہ شاہجہان کو پسند نہ آئی، اس لئے حکم دیا کہ اس جگہ دوسری عمارت تعمیر کردائی جاے، چنانچہ ایک سال مین اسی ہزار روپیہ کے صرف سے نہایت عمدہ عمارت تیار ہوگئی[2]

دارالسلطنت اکبرآباد کے پاس ایک اور شکارگاہ باری نامی تھی جس کے تالاب کے کنارے دوسال کی مدت مین ایک لاکھ چالیس ہزار روپیہ کے صرف سے شاہجہان نے عمارتین تعمیر کروائی تھین، چونکہ یہ عمارتین سنگ سُرخ سے تعمیر ہوئی تھین، اس لئے ایک شکار کے سفر مین شاہجہان نے ان مین قیام کیا تو ان کا نام عالی محل رکھا[3]

اودے پور مین رانا اودے سنگھ نے پہاڑ کے اوپر اور تالاب پچولہ اور تالاب اودے ساگر کے درمیان جو عمارتین تعمیر کرائی تھین، چونکہ وہ بالکل ہندوؤن کے طرزِ تعمیر کے مطابق تیار ہوئی تھین، اس لئے وہ شاہجہان کو پسند نہ تھین، اس کے ساتھ بعض لڑائیون مین ویران بھی ہوگئی تھین، اس لئے شاہجہان کے

---

[1] بادشاہ نامہ حصہ اول ص ۵۱ [2] ایضاً ص ۱۴ [3] ایضاً ۲۳۴

حکم سے ان کھنڈرون کی جگہ تیموری طرزِ تعمیر کے مطابق نئی عمارتین تعمیر ہوئین، اور پہاڑ کے اوپر بھی تال کے سامنے عمدہ عمارتین بنوائی گئین، اور امرا و متوسلین نے بھی دولت خانہ کے اردگرد بلند عمارتین بنوائین[1]، اور اس طرح گویا ایک پورا شہر جدید طرزِ تعمیر کے مطابق آباد ہوگیا،

اس دور مین ایرانی طرزِ تعمیر کے مطابق پشاور مین جو عمارتین تیار ہوئی تھین، وہ اگرچہ اثنائے سفر کابل مین شاہجہان کو پسند نہ آئین لیکن علی مردان خان نے اصفہانی طرزِ تعمیر کے مطابق بازار مین جو مسقف راستے بنوائے تھے، اور بازار کے چارون طرف کو ثمن بغدادی کے طریقے پر آراستہ کیا تھا، وہ اس کو نہایت پسند آئے اس لئے ان کو دیکھا تو حکم دیا کہ اس کا نقشہ مکرمت خان ناظم دہلی کے پاس جس کے اہتمام مین شاہجہان آباد کا نو تعمیر قلعہ مین رہا تھا، روانہ کیا جائے[2]،

شاہجہانی عہد مین جو عمارتین تعمیر ہوئین، اُن کے مصارف کی تعداد ہمارے مورخین نے ڈھائی کروڑ بتائی ہے، اور ان کی تقسیم اس طرح کی ہے،

تاج گنج	۵۰ لاکھ
آگرہ کی دوسری عمارتین	۵۲ لاکھ
قلعہ شاہجہان آباد	۵۰ لاکھ
جامع مسجد دہلی	۱۰ لاکھ
عمارات و باغاتِ لاہور	۵۰ لاکھ
عماراتِ کابل	۱۲ لاکھ
کشمیر کی سیرگاہین	۸ لاکھ
قندھار کی عمارتین	۸ لاکھ

---

[1] عمل صالح جلد اوّل ص ۴، [2] خافی خان حصہ اوّل ص ۲۶۰

احمد آباد اور اجمیر وغیرہ کی عمارتیں[1] ۱۰ لاکھ

بادشاہ نامہ کے مصنف نے اگرچہ مجموعی تعداد بھی رکھی ہے لیکن تقسیم میں کسی قدر اختلاف کیا ہے، اوسکی تصریح کے مطابق اس کی تقسیم یہ ہے:

عمارات آگرہ	ایک کرور دس لاکھ	اس میں سے ساٹھ لاکھ روپئے، اندرون قلعہ کی مسجد پر جو سنگ مرمر کی ہے، اور دولت خانہ اور دوسری عمارتوں اور باغوں پر صرف ہوئے اور پچاس لاکھ تاج محل پر،
عمارات شاہجہان آباد	پچاس لاکھ	جامع مسجد کی تعمیر کے مصارف اس سے الگ ہیں،
عمارات و باغات لاہور	"	
عمارات کابل	۱۲ - لاکھ	
عمارات کشمیر	۸ - لاکھ	
حصار قندھار و بست زمیندار،	۸ - لاکھ	
عمارات اجمیر و احمد آباد[2]	۱۲ - لاکھ	

لیکن اکثر یورپین مورخ اور یورپین سیاح اس تعداد کو صحیح نہیں سمجھتے اور سلاطین تیموریہ پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ انھوں نے معماروں اور مزدوروں کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کیا، اور ان سے بطور بیگار کے کام لیا، لیکن واقعہ یہ ہے کہ اس زمانہ میں غلہ کی ارزانی کی وجہ سے معماروں اور مزدوروں کی شرح اجرت بہت

---

[1] مآثر الامرا، جلد دوم ص ۶۱۶ [2] بادشاہ نامہ حصہ دوم صفحہ ۴۱۲،

کم تھی، اور غالباً تاریخون اور کتبون مین صرف معمارون اور مزدورون اور مصالح کے اخراجات کی تعداد درج ہے ان کے علاوہ جو مصارف تھے وہ ان سے الگ ہین، مثلاً تعمیرات کے اسٹاف یعنی اعلیٰ عہدہ دارون کی تنخواہ اس سے الگ ہی، پتھر شاہی کانون سے لائے جاتے تھے، لکڑی بھی شاہی جنگلون سے آتی تھی، بلور اور جواہرات کا بار خزانۂ عامرہ پر تھا لیکن بہرحال اگر مصارف کی تعداد اس سے زیادہ ہو تو اس کو تسلیم کر لینے مین ہمارا کوئی ہرج نہین بلکہ اس سے سلاطین تیموریہ کی بلند حوصلگی اور فیاضی کا مزید ثبوت ملتا ہی،

(باقی)

سلسلۂ الضحا

اُسوۂ صحابہ جلد اول

حضرات صحابہؓ کے عقائد، عبادات، اخلاق، معاشرت کی صحیح تصویر اور قرون اولی کے اسلام کا عملی خاکہ (زیر طبع)

اسوۂ صحابہ جلد دوم

صحابۂ کرام کے سیاسی، انتظامی، اور علمی کارنامون کی تفصیل، ضخامت ۵۶۰ صفحے

قیمت:- چار روپیہ آٹھ آنہ، (للعہ)

سیر الصحابیات

ازواجِ مطہراتؓ، بناتِ طاہراتؓ اور عام صحابیاتؓ کی سوانح عمریان، اور ان کے علمی و اخلاقی کارنامے، قیمت:- عہ

"منیجر"

حضرت خواجہ نصیر الدین محمود رحمۃ اللہ علیہ

چراغ دہلی

از

جناب سید صباح الدین عبد الرحمٰن صاحب، ا م - اے

نام و نسب اسم مبارک محمود، نصیر الدین محمود گنج اور چراغ دہلی القاب تھے، آپکے جد بزرگوار شیخ عبد اللطیف یزدی خراسان سے لاہور آئے، حضرت نصیر الدین محمود کے والد بزرگوار شیخ محمود یحییٰ اسی شہر مین پیدا ہوئے، اور سن شعور مین اودھ منتقل ہوگئے تھے[1] یہان وہ پشمینہ کی تجارت کرتے تھے جس مین اُن کو بڑا فروغ حاصل ہوا، ان کے پاس بہت سے غلام تھے[2]

حضرت نصیر الدین محمود کی ولادت باسعادت اسی خطہ مین ہوئی بعض تذکرہ نگارون نے مقام پیدائش اجودھیا، اور بعض نے بارہ بنکی لکھا ہے، اسی لئے نام کے ساتھ اودھی لکھا جاتا ہے، خزینۃ الاصفیا مین ہے کہ آپ سادات حسنی مین سے تھے[3]

ابتدائی تعلیم نو سال کے تھے کہ والد بزرگوار کا سایہ سر سے اٹھ گیا تعلیم و تربیت کا فرض والدہ ماجدہ نے انجام دیا، اُن کے زہد و تقوی کے اثر سے بچپن ہی مین نماز باجماعت کے پابند ہوگئے تھے، جو کسی حال مین بھی فوت نہین ہوتی تھی، خیر المجالس کے ایک ملفوظ مین ہے کہ فقہ کی مشہور کتاب بزودی قاضی محی الدین کاشانی سے

---

[1] سیر العارفین ص ۴۰ [2] سیر الاولیاء ص ۲۳۸ [3] خزینۃ الاصفیا، ص ۳۵۳،

پڑھی،[1] لیکن سیر العارفین مین ہے کہ ابتدا مین "مولانا عبدالکریم شیروانی علامۂ زمان سے ہدایہ اور بزودی کو پڑھا بعد وفات مولانا افتخار الدین محمد گیلانی سے جمیع علوم حاصل کئے" (جلد ۲ ص ۴۰)

ترک و تجرید | پچیس سال کی عمر مین ترک و تجرید اختیار فرمائی، اور محاسبۂ نفس مین مشغول ہوئے کردونواح کے جنگل و بیابان مین ایک درویش کے ہمراہ آٹھ سال تک گھومتے رہے، اس صحرانوردی مین بھی نماز باجماعت کے پابند رہے، روزے بھی ترک نہین ہوئے، برگ سبنھالو سے افطار کیا کرتے تھے،

بیعت | سیر العارفین اور مراۃ الاسرار مین ہے کہ ۳۴ سال کی عمر مین حضرت خواجہ نظام الدین اولیا کی خدمت مین حاضر ہوکر شرف بیعت حاصل کیا، بیعت کے ابتدائی زمانہ کا واقعہ ہے کہ ایک مرتبہ حضرت شیخ محمود حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ کی قیام گاہ کے پاس ایک درخت کے نیچے متحیر کھڑے تھے، حضرت خواجہ نظام الدین اولیا بالاخانہ سے نیچے اتر رہے تھے، کہ شیخ محمود پر اُن کی نظر پڑی، خادم خاص کے ذریعہ خلوت مین بلاکر دل کی کیفیت پوچھی، عرض کیا درویشون کی جوتیان سیدھی کرنے آیا ہون، اس جواب سے حضرت خواجہ نظام الدین اولیا نے شیخ محمود مین سچی طلب محسوس کرکے اُن کی جانب توجہ فرمائی، اثنائے گفتگو مین فرمایا جب مین اپنے مرشد کی خدمت مین رہتا تھا، تو اوجودھن مین میرے ایک ہم سبق نے میرے پھٹے کپڑے دیکھ کر کہا تمھارا یہ کیا حال ہے؟ اگر تم اس شہر مین لڑکون ہی کو پڑھایا کرتے تو بھی

---

[1] مجلس چہل و ششم مین ہے، (اردو ترجمہ ص ۱۰۹)

"جناب خواجہ ذکرہ اللہ تعالیٰ بالخیر قاضی محی الدین کاشانی کے ذکر مین تھے، فرمایا مین نے بزودی انھی سے پڑھی ہے، پھر ان کے طبع رسا اور دقت نظر کا بیان کیا کہ بڑے محقق تھے، اس مجلس مین ایک مرید جناب سلطان المشائخ کا حاضر تھا، اوس نے یہ قصہ بیان کیا، کہ ایک بار قاضی محی الدین کاشانی سخت بیمار ہوئے کہ یارون نے ان کی صحت دشوار جانی، حضرت سلطان الاولیا رسن کر اُن کی عیادت کو تشریف لائے وہ دیکھ کر اٹھے اور اپنے آپ کو سنبھال کر شیخ کی تعظیم کی، اسی وقت سے مرض مین تخفیف ہوگئی، جب حضرت شیخ لوٹ گئے تو کہا شیخ بظاہر میری عیادت کو آئے تھے، مگر دیکھو کس طرح درپردہ سبب مرض کرگئے،

تمھین فارغ البالی ہو جاتی، مین نے اس کا کوئی جواب نہین دیا، اور مرشد کی خدمت مین حاضر ہوا، آپ نے دیکھ کر فرمایا نظام الدین! اگر تمھارا کوئی دوست تمھارا یہ حال دیکھ کر تم سے پوچھے کہ آخر یہ کیا حالت ہے؟ تعلیم دینے سے تم کو فارغ البالی حاصل ہو جاتی، اس کو کیون ترک کر دیا، تو اس کا کیا جواب دوگے، مین نے عرض کیا جو ارشاد ہو، فرمایا یہ شعر جواب مین پڑھ دینا،

نہ ہمراہی تو مرا راہ خویش گیرد و برد

ترا سعادتے باد ازانگون ساری

اس کے بعد ایک خوان طلب فرمایا، اور مجھ سے کہا اس کو سر پر رکھ کر جہان تمھارا دوست ہے وہان لیجاؤ، مین نے ایسا ہی کیا، دوست نے میرا یہ حال دیکھ کر کہا تمھین یہ صحبت اور یہ حالت مبارک ہو،[1]

حضرت شیخ محمود نے یہ واقعہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کی زبانی سُنا تو دل مین عشق الٰہی کی آگ شعلہ زن ہونے کے ساتھ مرشد کی محبت بھی پیوست ہو گئی، اور بیعت کے بعد بڑی دل سوزی سے مرشد کی خدمت شب و روز کرتے رہے، اسی لئے تمام درویش اُن کو نصیر الدین محمود گنج کہا کرتے اور بہت محبوب رکھتے تھے،[2]

حضرت نصیر الدین محمود کو اپنے مرشد سے جو والہانہ شیفتگی تھی، اس کا ایک واقعہ یہ بھی بیان کیا جاتا ہے، کہ ایک مرتبہ حضرت محبوب الٰہی کی خانقاہ مین حضرت خواجہ بہاء الدین زکریا ملتانی کے ایک مرید خواجہ محمد گاذرونی آکر مقیم ہوئے، وہ تہجد کی نماز کے لئے اٹھے تو جماعت خانہ مین کپڑے رکھ کر وضو کرنے گئے، واپس ہوئے تو کپڑے غائب تھے، اُن کی تلاش مین شور و شغب کرنے لگے، حضرت شیخ نصیر الدین محمود خانقاہ کے ایک گوشہ مین عبادت مین مشغول تھے، خیال ہوا کہ اس شور و شغب سے مرشد کی عبادت مین خلل پڑے گا، اس لئے خواجہ محمد گاذرونی کے پاس پہنچے اور اپنے کپڑے اتار کر ان کو دیدیئے، صبح کو

---

[1] سیر الاولیاء ص ۱۴۰، ۱۴۱، [2] سیر العارفین جلد ۲ ص ۴۰،

جب یہ واقعہ حضرت محبوب الٰہی کو معلوم ہوا تو حضرت نصیرالدین محمود کو بالاخانہ پر طلب کرکے اپنی خاص پوشاک عطا کی، اور اُن کے لئے دعاے خیر کی[۱]

ریاضت | بیعت کے بعد مرشد کی ہدایت کے بموجب ریاضت و مجاہدہ کا سلسلہ جاری رکھا، دس دس روز گذر جاتے اور کچھ نہ تناول فرماتے، اور جب خواہشات کا غلبہ ہوتا تو لیموں کا عرق پی لیتے[۲]

سیرالعارفین میں ہے کہ کچھ دنوں مرشد کی خدمت میں رہنے کے بعد والدہ ماجدہ کے پاس چلے گئے[۳] لیکن یہاں خلق اللہ کے ہجوم سے یادِ الٰہی میں سکون میسر نہیں ہوتا، اس لئے حضرت امیر خسرو کے ذریعہ مرشد کی خدمت میں عرض حال کرکے جنگل میں جاکر عبادت کرنے کی اجازت مانگی، حکم ملا کہ وہ خلق کے درمیان ہی میں رہیں، اور خلق کی جفاؤں کو برداشت کریں، اس ایثار کا بدلہ ان کو ملے گا، اسی سلسلہ میں حضرت محبوب الٰہی نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ مختلف افراد مختلف کاموں کے لئے موزوں ہوتے ہیں، اسی لئے میں کسی سے تو یہ کہتا ہوں کہ اپنے لب کو بھی بند رکھے، اور اپنے دروازے کو بھی کسی سے ہدایت کرتا ہوں کہ وہ مریدوں کی تعداد بڑھائے، اور کسی کو یہ حکم دیتا ہوں کہ خلق اللہ کے درمیان ہی میں رہے، اور اُن کی جفاؤں کو برداشت کرتے ہوئے اُن سے حُسن سلوک سے پیش آئے، یہی مقام انبیاء و اولیا ہے[۴]

حضرت شیخ نصیرالدین نے مرشد کے حکم کی تعمیل کی، اور آبادی میں رہ کر عبادت و ریاضت کو جاری رکھا، ملفوظات خیرالمجالس (مرتبہ حمید شاعر معروف بہ قلندر) میں ہے:

---

[۱] سیرالاولیاص ۲۳۶، بعض تذکروں میں یہ روایت کسی اور موقع پر درج ہے لیکن سیرالاولیاء میں یہ روایت ان الفاظ سے شروع ہوتی ہے "در ابتداے بہ نظر خاص سلطان المشائخ محمد فاگشتہ بود....." اور روایتوں میں بھی کہیں کہیں تقدیم و تاخیر ہوگئی ہے اگر عاجز راقم..... سے بھی روایتوں کی ترتیب میں تقدیم و تاخیر ہوگئی ہو تو وہ ناظرین سے معذرت کا خواہاں ہے [۲] سیرالاولیاص ۲۴۱، اخبارالاخیار ص ۵، [۳] سیرالعارفین ص ۱۳

[۴] سیرالاولیاص ۲۳۸،

"سالہاسال مجکو یہ آرزو رہی کہ ایک تہ بند و کرتہ پہن کر کلاہ سر پر رکھ کر کوہ و بیابان یا کسی مسجد و مزار مین جا بیٹھون، پھر شہر کو یاد کرکے فرمایا کہ وہان بہت خطرے و دلپسند ہین، وہان مجھکو خلوت سے بہت راحت و تسکین ہوتی تھی، ان دنون وہ مزار اور خطرے نہین رہے، سنتا ہون کہ وہ سب مقامات دلکش خراب و برباد ہوگئے ہین، پھر فرمایا کہ خواجہ محمود والد معین الدین جو بھانجا مولانا کمال الدین کا ہے، میرے ہمراہ ہوا کرتا، ہمیشہ نماز صبح مسجد مین پڑھ کر ہم نکلتے اور وظیفہ پڑھتے جاتے، راہ مین جب کسی مزار پر پہنچتے، تو مین محمود سے کہتا اب تم جا ہو مکان جاؤ، جا ہو کسی اور مزار پر تنہا مشغول ہو، وہ میرا کہنا قبول کرکے جدا کسی مزار پر ظہر تک جاکر مشغول ہو جاتا، پھر ہم نماز کے وقت طہارت کو نکلتے، اذان کہتے، دس بارہ درویش اپنے مقام مشغولی سے آکر جمع ہو جاتے، نماز باجماعت پڑھتے، اور مجکو امام بناتے، پھر باقی روز ذکر و شغل مین گذرتا، یہان تک کہ نماز مغرب و عشا، زمین صحرا مین ہوتی، پھر وظیفہ پڑھتے ہوئے گھر آتے، اور جب جنگل مین دن کو قیلولہ کرتے، تو گرد چند درختون کے رسی گھیر دیتے اور درمیان مین سو رہتے، نہ درندے کا ڈر ہوتا، نہ چور کا، کہ بدھنا یا جوتا لیجائیگا، شب کو گھرون مین ایک جگہ مقرر تھی، وہان مشغول رہتے، اسی راحت و آرام مین چند سال گذر گئے، جناب خواجہ رحمۃ اللہ علیہ اس وقت کا ذکر بڑے ذوق و شوق سے بیان فرماتے تھے، پھر کہا کہ اگر حکم حضرت پیر و مرشد کا نہ ہوتا کہ تو مخلوق کے درمیان رہنا، جفا و تعنائے خلق گوارا کرنا" تو کہان مین تھا، اور کہان یہ شہر، کسی کوہ و بیابان مین روپوش رہتا، مین نے عرض کی کہ حق وہی ہے جو حضور ارشاد فرماتے ہین، مگر آپ کو یہان رہنے کی تاکید اس واسطے فرمایا کہ ہم لوگ سعادت حاصل کرین[1]"

---

[1] دیکھو مجلس پنجاہ خیر المجالس کا اردو ترجمہ سراج المجالس کے نام سے مولانا احمد علی صاحب ٹونکی نے کیا ہے۔

حضرت شیخ نصیر الدینؒ مرشد سے فیوض و برکات حاصل کرنے کے لئے وقتاً فوقتاً وطن سے دہلی آتے رہتے تھے، یہاں ہر جگہ اُن کی بڑی پذیرائی ہوتی، یارانِ طریقت جس لطف و کرم سے ان کے ساتھ پیش آتے، اس کو اپنی زندگی کے آخری ایام میں بڑے ذوق و لذت سے یاد فرماتے ہیں،

"جب میں اودھ سے آیا کرتا، تو اکثر یار میری دعوت کیا کرتے، مولانا برہان الدین غریب طاب ثراہ اور امیر خسرو اور امیر حسن وغیرہ احباب جب میرا آنا سنتے، تو دعا گو کی چند روز تک متواتر دعوت کیا کرتے، اور شیخ سے استدعا کرتے، فلانے کو اجازت دعوت کھانے کی ہو، اور ایک دن پہلے مجھ سے کہدیتے کہ کل ہمارے یہاں دعوت ہے کہ اگر اسی دن غیاث پور سے شہر کو جاؤں تو تھک جاؤں تو اس روز مولانا برہان الدین کے گھر میں رہا کرتا، دوسرے دن اُن کے ہمراہ جاتا اور دعوت ظہر تک ہوا کرتی، کبھی عصر تک بھی رہنا ہوتا، جب لوٹتا تو بے وقت ہو جاتا تھا، غیاث پور تک پہنچنا نہ ہوتا، اس رات بھی مولانا برہان الدین کے گھر میں رہنا ہوتا، کبھی تیسرے دن بھی صبح کو کوئی یار آجاتا، اور کہتا ذرا توقف کرو ناشتہ لاتا ہوں، غرض چاشت تک ٹھہرنا ہوتا، غرض دوپہر کو غیاث پور پہنچتا، پھر اس دن بھی شیخ کی زیارت کو نہ جا سکتا"

جب مرشد کی زیارت نہ ہوتی، تو بڑی تکلیف محسوس کرتے، فرماتے ہیں :-

"ان دنوں میں ایسا ہی ہوا کہ متواتر تین دعوتیں ہوئیں، اور ہر دعوت میں تین تین دن شہر دن میں رہنا پڑا، اور نور روز تک زیارت شیخ میسر نہ ہوتی، ہر جگہ سے پیام دعوت آتا، اور شیخ سے واسطے اجازت کے عرض کرتے، شاید ان دنوں یاد ہوتا ہے کہ خادم نصیر نائی تھا"

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۶۷) جو مسلم پریس دہلی میں چھپا تھا، یہ ترجمہ اگرچہ پرانے طرز کا ہے، لیکن عاجز راقم کو اس میں بڑی کیفیت و تاثیر نظر آئی اسلئے اسی کو بغیر کسی ترمیم کے ہر جگہ نقل کر دیا ہے،

فرمان شیخ پہنچا کہ فلان جا دعوت ہین جا، مین نے عرض کی کہ مجھ کو کچھ خدمت مین عرض ہے، اس پر مجھکو طلب فرمایا، مین خدمت مین حاضر ہوا تو فرمایا کیا کہتا ہے، مین نے عرض داشت کی کہ غلام کو آپ سے اس اشتیاق مین آتا ہے کہ چند روز زیر قدم خواجہ رہے، اور ہر روز آپ کو دیکھون، یہان ہر کوئی دعوت کرتا ہے اور حضرت شیخ کی خدمت مین عرض کرتا ہے، مجھ کو حکم آتا ہے کہ دعوت مین جا، صبح سے جاتا ہون اور مولانا برہان الدین غریب کے گھر مین شب کو رہتا ہون، دوسرا دن دعوت کا ہوتا ہے، اس دن بھی حضرت کی خدمت مین آنہین سکتا، تیسرے دن بھی لوگ روکتے ہین کہ ذرا ٹھہرو، ناشتہ کر لو، دوپہر کو یہان آنا ہوتا ہے، اس دن بھی زیارت نصیب نہین ہوتی، تین دن مفت جاتے ہین یہ سُن کر شیخ نے خادم سے فرمایا کہ جو کوئی مولانا کو بلانے آیا ہے اُسے لوٹا دو، اور کہدو کہ یاران شہر کی دعوت کرین، اور اُن کو معذور رکھین[1]"

خود مرشد کو اپنے مرید کی راحت اور خاطرداری کا بہت خیال رہتا تھا، فرماتے ہین :-

"ایک بار مین اودھ سے آیا تھا، اور بھائی یعنی پدر خواجہ یوسف بھی ہمراہ تھے، اور ان دنون مین نے تقلیل طعام کی تھی، بھائی نے مبشر سے کہدیا کہ فلانے نے کھانا چھوڑ دیا ہے، اور معرض تلف مین پڑا ہے، خدمت شیخ مین عرض کر دے، مبشر نے خدمت شیخ مین اور بڑھا کر عرض کی کہ جب رکابی بھر کر فلانے کے واسطے لیجاتا ہون تو بلا کم و کاست ویسے ہی لوٹ آتی ہے، جناب شیخ نے افطار کے وقت ایک قرص قریب دو سیر کا مجھے دیا، اور بہت سا حلوا اس پر رکھا تھا، جن یارون کا صوم دوام ہوتا، ان کو حضرت شیخ کے یہان سے سوائے رمضان شریف سحری ملا کرتی، چنانچہ مولانا فخرالدین زرادی اور مولانا حسام الدین ملتانی اور مولانا شہاب الدین کو کہ یہ ہمیشہ روزہ دار ہوتے تھے، مگر مولانا برہان الدین غریب کے

---

[1] مجلس پنجاہ و پنجم ص ۱۴۱-۱۴۲،

بسبب ضعف جسم کے روزے سے معذور رہتے، ان کو ماہ رمضان میں سحری ملتی اور سحری کو کھچڑی روغن پڑی ہوئی آیا کرتی، یار جمع ہوتے، اور ہاتھ دھو کر کھچڑی کھاتے، غرض جب شیخ نے مجھکو وہ قرص دیا تو میں حیران ہوا کہ اسکو کس طرح کھاؤں گا، بیمار نہ ہو جاؤں، یہ قرص تو میرے بیس دن بلکہ زائد کو کافی ہے، بعد عشا وہ قرص میں نے روبرو رکھا اور کچھ کچھ کھانا شروع کیا، بعد آدھی رات کے تھوڑی آنکھ لگی تھی کہ فی الفور اٹھ کر وضو کیا اور تہجد کی نماز پڑھی، پھر وہ قرص لے کر کھانے بیٹھا، برکت ولایت شیخ سے صبح تک سب کھا لیا، اور کوئی زحمت نہیں ہوئی۔"[۱]

قیام دہلی | والدہ ماجدہ کی وفات کے بعد وطن چھوڑ کر مستقل طور پر دہلی تشریف لے آئے، اور مرشد کے خاص حجرہ میں سکونت اختیار فرمائی، یہ حجرہ جماعت خانہ میں تھا[۲]، مرشد کی صحبت میں فقر، صبر، تسلیم و رضا کی تمام درویشانہ صفتیں پایۂ تکمیل کو پہنچ گئیں، چنانچہ جیسا کہ سیر العارفین کے مولف کا بیان ہے، "حضرت شیخ نظام الدین اولیاء کے خلفا اپنے مرشد اور شیخ نصیر الدین کی ذات پر فخر کیا کرتے تھے۔" (ص ۴۲، ج ۲)

مرشد کی جانشینی | جب حضرت محبوب الٰہی نے حضرت شیخ نصیر الدین میں وہ تمام باتیں بدرجۂ کمال پائیں جو جانشینی کے لئے موزوں تھیں، تو اُن کو دہلی میں اپنا جانشین مقرر فرمایا، اور وفات کے وقت آپ کو خاص جگہ سے جو خرقہ، عصا، کاسہ اور نعلین ملی تھیں، اُن کو عطا کر کے دہلی کے لوگوں کی جفاؤں کو صبر و سکون سے تحمل کرنے کی تلقین فرمائی[۳]، حضرت محبوب الٰہی کی وفات کے بعد جماعت خانہ ان کی بہن کی اولاد کو ترکہ میں ملا، اس لئے حضرت نصیر الدین نے اپنی قیامگاہ کے لئے وہ جگہ منتخب کی، جہاں آپ کی ابدی خوابگاہ ہے۔

تنگی معاش | جانشینی کا ابتدائی زمانہ بہت ہی تکلیف اور عسرت میں گذرا، اپنے ملفوظات میں ان ایام کا

---

[۱] خیر المجالس مجلس پنجاہ و پنجم ص ۱۴۲-۱۴۱ [۲] سیر العارفین ج ۲ ص ۴۰ [۳] ایضاً ص ۴۴-۴۲،

ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہین کہ مین نے ایک بار روزہ رکھا، دو دن گذر گئے لیکن کچھ کھانے کو نہ ملا، میرا ایک آشنا نھونو نامی تھا، وہ دو روٹیان اور ترکاری دسترخوان مین لپیٹ کر میرے پاس لایا، اس حال مین اس کھانے نے وہ مزہ دیا کہ بیان نہین ہوسکتا، اکثر راتون کو میرے گھر مین چراغ روشن نہ ہوتا، چند دن متواتر چولھا نہ سلگتا، میرے اعزہ سامان معاش کرنا چاہتے، لیکن مین ان کو کرنے نہ دیتا، وہ میرا مزاج پہچان گئے تھے کہ مین مشقت اور بے سروسامانی ہی مین خوش رہتا ہون، اس لئے میرا خیال چھوڑ دیا، اگر کوئی دنیادار مجھ سے ملنے آتا تو مین شیخ کا جبہ پہن کر بیٹھ جاتا، جب وہ چلا جاتا، تو کھاروے کا لباس پہن لیتا، جامۂ شیخ پہن کر وضو کرنا پسند نہ کرتا، لیکن اس کو پہن کر لوگون سے اپنا فقر پوشیدہ رکھتا تھا،[۱]

فارغ البالی | کچھ دنون کے بعد یہ تنگی جاتی رہی، اور اچھے دن آئے، مگر حضرت خواجہ نصیرالدین ان عسرت بھرے دنون کو یاد برابر کرتے تھے، دو دن کے فاقہ کے بعد ان کو جو روٹی اور ترکاری ملی تھی، اس کے مزے کو یاد کرکے سر ہلاتے اور فرماتے سبحان اللہ یہ فقر بھی کیا نعمت ہے، اس کے اول اور آخر دونون خوب ہین، وہ کیا عمدہ دن اور پر ذوق زمانہ تھا، یہ کہہ کر رہ دیتے، گویا وہ ذوق پھر حاصل کرلیتے،[۲]

فارغ البالی کے زمانہ مین مہمانون اور مریدون کے لئے دسترخوان پر اچھے اچھے کھانے ہوتے، خود تو صائم الدہر ہوتے لیکن مہمانون کو بڑے لطف وکرم سے لذیذ کھانے کھلاتے، کبھی کبھی کسی مہمان کی خاطر افطار کرلیتے، ایک بار دسترخوان پر حلوے کی کئی قسمین تھین، ایک حاجی نے عرب کے کھانے بھی اس موقع پر پیش کئے، حاضرین مین ایک صاحب نفل روزہ رکھے ہوئے تھے، حضرت خواجہ نے اُن کی خاطر افطار کرلیا، اور یارون کو خوب کھانے کی تاکید فرمائی،[۳]

تلقین | مہمانون کو لذیذ کھانا کھلاتے وقت پند ونصیحت کا سلسلہ جاری رکھتے، ایک بار دسترخوان پر عمدہ پلاؤ تھا، حاضرین کو بڑی شفقت ومحبت سے کھلا رہے تھے، دست مبارک سے پلاؤ برخوان

---

[۱] خیرالمجالس مجلس شصت وسیم [۲] خیرالمجالس [۳] ایضاً مجلس ہفتاد ویکم

مین ڈالتے جاتے، اور تاکید فرماتے بارو خوب کھاؤ، جب لوگ کھا چکے تو فرمایا کہ طعام حلال و طیب وہ ہے کہ کھانا کھاتے وقت یہ خیال رہے کہ خدائے تعالیٰ دیکھتا ہے، خدا کے واسطے کھائے اور نیت کرے کہ جو قوت اس سے پیدا ہوگی، وہ طاعت و عبادت مین صرف ہوگی، تو وہ شخص عین عبادت و نماز مین ہوگا، فرمایا ایک دن صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم نے خدمتِ نبوی مین حاضر ہوکر عرض کیا کہ یارسول اللہ ہم کھانا کھاتے ہین مگر ہمارا پیٹ نہین بھرتا، آپنے فرمایا شاید تم تنہا کھاتے ہو، عرض کیا، ہان ہر شخص الگ الگ کھاتا ہے آپ نے فرمایا اب اکٹھا ہوکر کھایا کرو اور پہلے بسم اللہ کہا کرو اللہ تعالیٰ برکت دیگا،[1]

ایک بار عید اضحیٰ کے دن بہت سے لوگ ملنے کو آئے، اُن کی خاطر دسترخوان بچھایا گیا جس پر اچھے کھانے اور اچھے حلوے تھے، حضرت خواجہ نصیر الدین نے اس موقع پر یہ حکایت سُنائی کہ ایک بار ایک درویش شیخ ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت مین حاضر ہوا اُن کے سامانِ امارت مین بارگاہ شاہی، طنابہاے ریشمی اور میخ ہاے زرین دیکھکر دل مین سوچنے لگا کہ یہ کیسی درویشی ہے، یہ تو کسی بادشاہ کو بھی میسر نہین، حضرت ابوسعید نے اُس کے خیال کو نور باطن سے معلوم کرلیا، اور اس سے مخاطب ہوکر فرمایا، اے درویش ہم نے خیمہ کی میخ دل مین نہین نصب کی ہے، زمین مین گاڑی ہے، یہ بھی فرمایا کہ دنیا کی مثال تیرے سایہ کی ہے اگر اس کی طرف تو رُخ کرے، تو تیرے پیچھے ہوگا، اور اس کی طرف پشت کرے تو تیرے آگے ہوگا،

ایک اور موقع پر حضرت چراغ کے معتقدین آپکے سامنے پالودہ (فالودہ) نوش کر رہے تھے حضرت نے حسب دستور پند و موعظت شروع کی اور فرمایا کہ ایک بار حضرت خواجہ ابراہیم بن ادہم قدس سرہ العزیز ایک بادشاہ کے حضور مین پیش کئے گئے،[2] بادشاہ نے اُن کے لئے کھانا منگوایا، ایک آراستہ دسترخوان پر پہلے ان کے سامنے پالودہ کا پیالہ رکھا گیا، حضرت خواجہ ابراہیم نے پیالہ کو غور سے دیکھا، مگر اس مین سے

لیتر بکاس
بطس پکاہ دم تو

---

[1] حضرت ابراہیم بن ادہم ایک شہر کی مسجد مین مقیم تھے، رات کو دروازہ کھول کر باہر نکلے، چوکیدار نے چور سمجھ کر پکڑ لیا اور کوتوال نے بادشاہ کے حضور مین پیش کیا،

کچھ کھانا پسند نہ کیا، بادشاہ نے پوچھا پالودہ کو آپ دیکھتے ہین لیکن کھاتے نہین ہین، حضرت خواجہ ابراہیم نے فرمایا، پالودے سے قیامت یاد آتی ہے، بادشاہ نے پوچھا کس طرح فرمایا، اس دن دو گروہ ہونگے ایک پالودہ اور ایک آلودہ، فریق فی الجنۃ و فریق فی السعیر کا اشارہ اسی طرف ہے جس نے اپنے آپ کو دنیا مین مجاہدہ، طاعت و عبادت مین پالودہ کیا، وہ تو بہشت مین جائین گے، اور جو آلودۂ معصیت ہین اُن کو آتشِ دوزخ مین پاک و صاف کرکے بہشت لے جائین گے، بادشاہ نے یہ سُن کر کہا کہ اے درویش آپ کی باتون سے میرا دل ہل گیا[1]

چراغِ دہلی کا لقب رفتہ رفتہ حضرت خواجہ نصیر الدین کے رشد و ہدایت کی شہرت چار دانگ عالم مین پھیلی، جب حضرت مخدوم جہانیان سید جلال الدین بخاری مکہ معظمہ تشریف لے گئے، تو وہان کے شیخ امام عبد اللہ یافعی سے ایک عرصہ تک تعلیم و تربیت حاصل کرتے رہے، ایک موقع پر شیخ مکہ نے حضرت جلال الدین سے فرمایا اگرچہ شہر دہلی کے بڑے بڑے مشائخ اُٹھ گئے، تاہم اُن کی برکت کا اثر شیخ نصیر الدین محمود کے اندر موجود ہے، اُن کی ذات بابرکات بہت غنیمت ہے، وہ چراغ دہلی ہین اور مشائخ کی رسمون کو زندہ کرنے والے ہین، حضرت سید جلال الدین بخاری نے جب سُنا تو اُن کو حضرت خواجہ نصیر الدین محمود سے ملنے کا اشتیاق پیدا ہوا، اور وہ مکہ معظمہ سے دہلی آئے، اور حضرت خواجہ نصیر الدین کی قدمبوسی کرکے شیخ مکہ نے جو کچھ کہا تھا اس کو بیان کیا، اسی کے بعد حضرت خواجہ نصیر الدین محمود کا لقب چراغ دہلی بھی ہوگیا اور اسی لقب سے مشہور ہوئے[2]

رشد و ہدایت جیسی روحانی استفادہ کے لئے ہندو بیرون ہند کے مختلف مقامات سے ہر طبقہ کے افراد آتے، اور حضرت چراغ دہلی حسب مراتب ان کی تربیت فرماتے،

ایک مرتبہ ایک صاحب علم بیعت کے لئے آئے، یہ ہدایہ بزودی اور کشاف پڑھ چکے تھے بیعت کے

---

[1] مجلس ہفتادم، [2] سیر العارفین جلد دوم ص ۴۰

وقت حضرت چراغ دہلی نے ارشاد فرمایا جب کوئی طریقت مین داخل ہو تو اُس کو چاہئے کہ اپنی آستین چھوٹی کرے، دامن اونچا رکھے اور سر منڈائے، آستین چھوٹی کرنے سے یہ مراد ہے کہ اُس نے اپنا ہاتھ کاٹ ڈالا ہے تاکہ اس کو مخلوق کے سامنے نہ پھیلا سکے، دامن اونچا کرنے سے یہ مطلب ہے کہ اُس نے اپنا پاؤن قطع کر لیا ہے تاکہ کسی ایسی جگہ نہ جا سکے جو بری ہو، اور جہان معصیت ہوتی ہو، سر منڈانے کے یہ معنی ہین کہ راہ حق مین اُس نے اپنا سر کاٹ لیا ہے، اور اس سے کوئی بات خلاف شرع ظہور مین آئے[۵۱]

ایک بزرگ بیعت کے لئے آئے، جو نسباً سید اور جوہری بازار کے داروغہ تھے، حضرت چراغ دہلی نے کلاہ منگائی، دست مبارک بیعت کے لئے آگے بڑھایا، اقرار لیا، دوگانہ نماز پڑھوائی، نماز کے بعد مخاطب کرکے فرمایا ہر بات مین پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت کرنی چاہئے، اور تمھارے لئے اور ضروری ہے کہ تم آل رسول سے ہو، رسول کی متابعت دو چیزون مین ہے، جو کچھ خدا اور رسول نے کہا اس کو کرنا اور جس سے خدا اور رسول نے منع کیا اس سے بچنا، پھر فرمایا خرید و فروخت مین ہرگز جھوٹ بات زبان پر نہ آنی چاہئے، مثلاً ایک چیز پانچ درم کی خریدی ہوئی ہے، جب کسی خریدار کو اس کے لینے پر آمادہ دیکھے، تو یہ نہ کہے کہ مین نے چھ درم مین لی ہے، سات درم مین دون گا، اس سے کچھ برکت نہین ہوتی ہے، بلکہ نقصان ہوتا ہے، ہان اگر یہ کہے کہ پانچ درم ایک دانگ مین دون گا تو اس کے ایک دام مین برکت ہو گی، اور اس کا مال اس طرح بڑھے گا کہ اس کو خود خبر نہ ہو گی کہ کہان سے بڑھا[۵۲]

ایک مرتبہ ایک عالم موضع سہانے سے آئے، حضرت چراغ دہلی نے پوچھا کہان سے آتے ہو، عالم نے کہا سہانے سے، جہان کے اکثر لوگ آپ کے مرید ہین، اور وہان کی عورتین بھی نہین سے بیعت رکھتی ہین، اور وہ مردون سے زیادہ صالح ہین، پھر پوچھا کیا شغل رکھتے ہو، عالم نے کہا لڑکون کو پڑھاتا ہون، فرمایا یہ عمدہ کام ہے، مطالعۂ کتب مین مشغول رہنا اور دوسرون کو قرآن مجید پڑھانا اچھی بات ہے،

---

[۵۱] خیر المجالس پانزدہم [۵۲] خیر المجالس بست و ہشتم،

لیکن جو دوسروں کو کلام پاک پڑھائے اُس کو ہمیشہ باوضو رہنا چاہئے،[۱]

ایک درویش یمن سے آیا، حضرت چراغ دہلی نے اس کو اپنا پیراہن عطا کیا، اور اپنے پاس بٹھایا، درویش نے کہا آج میں نے خواب میں دیکھا تھا، کہ کوئی مجھکو پیراہن پہناتا ہے، اور کہتا ہے، یہ جامہ شیخ محمود کا ہے، اسی موقع پر مریدوں کو مہمان نوازی کی تلقین کی، اور فرمایا مہمانوں کی تعظیم و تکریم سے اُن کے دلوں میں یگانگت اور محبت پیدا ہوتی ہے،[۲]

ایک مرتبہ ایک خاتون آئیں اور ایک شخص کی معرفت مرید ہونے کا پیام کہلا بھیجا، حضرت چراغ دہلی نے پانی کا ایک کوزہ منگوایا، اس کو اپنے سامنے رکھ کر کچھ پڑھا، پھر اس میں اپنی انگشت شہادت ڈبوئی، اور اس شخص کو کوزہ دیکر کہا کہ اس کو خاتون کے پاس لیجاؤ، اُن سے سلام کہنا، اور کہنا کہ اپنی شہادت کی انگلی پانی میں ڈال کر کہیں کہ میں فلان کی مرید ہوئی، اسی کے ساتھ خاتون کو یہ بھی کہلا بھیجا کہ وہ برابر نماز پڑھتی رہیں اور ایام بیض کے روزے رکھیں، غلام و لونڈی کو نہ ستائیں، نماز میں نہ کریں، اور اپنوں اور بیگانوں سے اخلاق سے ملتی رہیں،[۳]

ایک مرتبہ ایک کاشتکار آیا، تو اس سے پوچھا کیا کرتے ہو، اس نے عرض کیا زراعت کرتا ہوں فرمایا بہتر زراعت اچھا پیشہ ہے، اور بہت سے کاشتکار صاحب حال گذرے ہیں، اس کے بعد ایک کاشتکار کی حکایت بیان فرمائی جس میں یہ نصیحت تھی کہ تخم ریزی کے وقت دل شاکر اور زبان ذاکر ہونی چاہئے، اسی سلسلہ میں فرمایا کوئی کام بغیر نیک نیت کے کرنا درست نہیں، اگر کوئی اس نیت سے نماز پڑھے کہ لوگ اس کو دیکھ کر نمازی کہیں تو اس کی نماز روا نہیں، اور بعض کے نزدیک وہ کافر ہو جاتا ہے کہ اس نے عبادت خدا میں اور کو بھی شریک کیا،[۴]

ایک مرتبہ شاہ پور سے ایک بزرگ آئے، حال پوچھنے پر عرض کیا کہ قناعت و توکل کی زندگی

---

[۱] مجلس سی و دوم ص ۵، [۲] مجلس سی و ہفتم ص ۱۸۶، [۳] مجلس چہلم [۴] مجلس چہل و ہشتم،

بسر کرتے ہیں، حضرت چراغ دہلی نے فرمایا ایک درویش کو چاہئے، کہ اگر اس پر فاقہ گذرے تو بھی اپنی حاجت غیروں سے نہ بیان کرے، اور اگر کوئی اس کے پاس آئے، تو اپنے منہ پر طمانچہ مار کر گالوں کو سُرخ کرلے کہ دیکھنے والا اس کے فقر و فاقہ سے مطلع نہ ہو، بیان کیا کہ ایک بار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صحابۂ کرام کے ساتھ بیٹھے تھے، فرمایا ہے کوئی جو ایک بات کی ذمہ داری لے تاکہ میں اس کے لئے جنت کی ذمہ داری لوں، ثوبان رضی اللہ عنہ نے کہا یا رسول اللہ! وہ میں ہوں رسول اللہ صلعم نے ارشاد فرمایا کسی سے کچھ سوال نہ کرنا، ثوبان رضی اللہ عنہ نے اس حکم کو قبول کرکے کسی سے کوئی سوال نہ کرنے کا عہد کرلیا، ایک روز وہ گھوڑے پر سوار جارہے تھے کہ چابک ہاتھ سے گر پڑا، دوسرے سے اٹھا کر نہ مانگا، خود اتر کر اٹھایا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی سے سوال کرنے سے منع فرمایا تھا، اس موقع پر حضرت چراغ دہلی کی مجلس میں ایک درویش نے پوچھا، جس چیز سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کو منع کیا ہو وہ امر کیا اور دوں کے لئے بھی لازم ہو جاتا ہے، حضرت چراغ دہلی نے فرمایا، ہاں سب کے حق میں حکم ممانعت ہوتا ہے[۱]

ایک درویش آیا اور کسی کے ظلم کی شکایت کی حضرت چراغ دہلی نے فرمایا تحمل سے کام لو اگر اور جفا کرے تو بھی معاف کردو کیونکہ ایک درویش کا یہی شیوہ ہوتا ہے[۲]

ایک جوان عرب آیا اُس نے ایک کنگھی نذر کی، حضرت چراغ دہلی نے دستِ مبارک سے شانہ دان اٹھا کر پرانی کنگھی نکالی، اور اس میں نئی رکھی، اور جب رکھ لی، تو حاضرین سے پوچھا کہ کنگھی پہلے کس طرف سے رکھی، پھر خود ہی فرمایا دندانوں کی طرف سے پہلے رکھنا چاہئے، کیونکہ وہ بالوں کی تفریق کا باعث بنے پس جو چیز باعثِ تفریق ہو اس کو دور رکھنا مناسب ہے[۳]

ایک مرتبہ عرب سے ایک عالم آئے، حضرت چراغ دہلی نے پوچھا کیا کام کرتے ہو، عرض کیا مقنع بافی کرتا ہوں، حضرت چراغ دہلی نے فرمایا شیخ احمد نصرو الہ رحمۃ اللہ علیہ بھی

---

[۱] مجلس چہل و نہم [۲] مجلس پنجاہ و دوم [۳] ایضاً

فرمانی کیا کرتے تھے، کبھی کبھی کرگہہ پر کام کرتے ہوئے ان پر ایسا حال طاری ہو جاتا کہ غائب ہو جاتے، اور جب موجود ہوتے تو کپڑا بُنا ہوا تیار پاتے، اس کے بعد کچھ حکایتیں بیان کیں اور فرمایا کسب و ہنر کا لقمہ پاکیزہ ہے' ابدال اللہ جو کہستان میں رہتے ہیں، پہاڑ سے لکڑی گھاس جنگلی دوائیں، پہاڑی میوے وغیرہ لاکر شہر میں بیچتے ہیں، اور کھانا مول لے کر واپس جاتے ہیں[1]

حضرت چراغ دہلی اپنی مجلسوں میں زیادہ تر کلام پاک اور احادیث نبوی کی تعلیمات پر گفتگو فرماتے ایک موقع پر فرمایا کہ لوگوں نے قرآن و حدیث کو چھوڑ دیا ہے، اس پر عمل نہیں کرتے، اس لئے خراب و پریشان ہیں[2]، اور اس کا اعادہ بار بار کیا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو قول اور فعل صادر ہوا، وہ سزاوار متابعت ہے، فرمایا ایک مسلمان کے ایمان کی بنیاد صرف دو چیزوں پر ہے، جو خدا اور رسول نے فرمایا ہو اس کی متابعت کرے، اور جس سے منع کیا ہے، اس کو ترک کردے[3]

تارک نماز کے متعلق مریدوں کو ہدایت دی کہ اگر وہ محفل میں آکر بیٹھے تو اس کی تعظیم نہ کریں، اور سلام کے جواب میں علیک نہ کہیں تاکہ اس کی اہانت ہو اور وہ شرمائے[4]، نہ صرف نماز بلکہ نماز باجماعت کی بھی سخت تاکید فرماتے تھے، خود بھی تمام عمر نماز باجماعت کے پابند رہے، ایک مجلس میں یہ حکایت بیان کی، کہ ایک بزرگ بڑے اچھے واعظ تھے، ان کے وعظ سے لوگ بکثرت تائب ہوئے، اور کپڑے پھاڑ کر بیہوش ہو جاتے، وہ بزرگ زیارت کعبہ کو تشریف لے گئے، وہاں سے واپسی پر ان کا وعظ سننے کے لئے لوگ اور بھی ذوق و شوق سے جمع ہوئے، لیکن اُن کے وعظ میں پہلی سی تاثیر مطلق نہ تھی، لوگوں نے اُن سے کہا کہ زیارت کعبہ کے بعد ہم تو متوقع تھے، کہ وعظ میں صد گونہ تاثیر اور بھی بڑھ گئی ہوگی، وہ بولے، سفر حج میں مجھ سے ایک قصور ہو گیا تھا، جب ہی جان لیا تھا، کہ مجھ سے یہ نعمت چھین لی جائے گی، وہ قصور یہ تھا، کہ راستے

---

[1] مجلس نود و ہفتم، [2] مجلس سی و ہفتم [3] مجلس ہشتاد و یکم، نیز دیکھو مجلس ہشتاد و ہشتم [4] مجلس پنجاہ و یکم، [5] مجلس پنجاہ و ہفتم،

مین مجھ سے ایک بار نماز باجماعت فوت ہوگئی تھی، یہ محرومی اسی شامت کی بنا پر ہے، اس حکایت کو بیان کرکے حضرت چراغ دہلی اس قدر روئے کہ حاضرین بھی رونے لگے، اور جب آنسو رکے تو فرمایا کہ لوگ جماعت مین بالکل نہین جاتے، ان کا کیا حال ہوگا، وہ کتنی نعمتون سے محروم رہتے ہونگے، اور پھر ایک اور حکایت بیان کی کہ ایک بزرگ کے پاس لوگون کا ہجوم رہا کرتا تھا بزرگ نے دل مین خیال کیا کہ خداوندا! مجھ مین نہ کچھ طاعت ہے، اور نہ عبادت ہے، پھر میرے پاس لوگون کا اژدحام کیون رہتا ہے، آواز آئی کہ اس کا یہ سبب ہے کہ تو جماعت مین شریک ہونے کی کوشش کیا کرتا ہے، اور اس خیال سے پریشان رہتا ہے کہ مبادا فوت نہ ہوجائے، یہ بات ہم کو پسند آئی، اور اسی لئے تجھ کو یہ مقبولیت عطا کی[1]

نماز کے متعلق فرمایا یہ حضور قلب کے ساتھ پڑھی جائے، نماز کے وقت اعضاء کا قبلہ کعبہ شریف ہوتا ہے، اگر اعضا اس طرف نہ ہون تو نماز درست نہین ہوتی، اس طرح دل کا قبلہ ذات پاک حق تعالیٰ ہے، اگر دل اپنے قبلہ سے پھر جائے تو پھر یہ کیسی نماز ہوگی[2] (باقی)

---

[1] مجلس ششم، [2] مجلس ہشتاد و ششم،

فیہ ما فیہ

ملفوظات مولانا روم جو ایک نایاب کتاب تھی، مولانا عبد الماجد صاحب دریابادی نے مختلف نسخون سے مقابلہ کرکے اس کو مرتب کیا، اور معارف پریس اعظم گڈھ مین چھپوایا،

ضخامت :- صفحے، قیمت :- عار

تصوفِ اسلام جدید اڈیشن، قیمت عا

"منیجر"

سنگِ شبام

یہود اور حمیر کی تاریخ کا ایک مشترکہ ورق

از

جناب مولانا ابوالجلال صاحب ندوی

کتبِ سابقہ ہنود، یہود، نصاریٰ، غرض کسی پرانی ملت کے مقدس نوشتوں پر نظر ڈالو، تو اُن میں برحق و دلکش باتوں کے ساتھ کچھ ناپسندیدہ باتیں بھی ملیں گی، اس کی توجیہ قرآن مجید کے اس خدائی یہ کلیہ فرمائی ہے کہ

وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُوْلٍ	تم سے پہلے ہم نے جتنے بھی رسول یا نبی بھیجے،
وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ	اُن میں سے کسی نے جب بھی کوئی بات کہی
فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي	تو مخالف نے اس کی بات میں کچھ نہ کچھ ملا دیا،
الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ	اللہ اب مخالف کی ملاوٹ کو مٹاتا ہے، پھر
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝	اللہ اپنی آیتوں کو بے آمیز کرتا ہے، اور
(حج)	اللہ دانا ہے دانشمند ہے،

توراۃ توراۃ کی موجودہ تالیف ایسی ہے کہ مدینہ کے یہود کی بابت خدا نے فرمایا:-

يَلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ	وہ کتاب کے ساتھ اپنی زبانیں مروڑتے ہیں

مِنَ الکتابِ وَمَا هُوَ مِنَ الکتابِ وَیَقُولُونَ هُوَ مِنْ عِندِ اللهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِندِ اللهِ وَیَقُولُونَ عَلَی اللهِ الکَذِبَ وَهُمْ یَعْلَمُونَ، (آلِ عمران)

تاکہ تم اُسے بھی کتاب مین سے خیال کرو، حالانکہ وہ کتاب مین سے نہین ہے، اور وہ کہتے ہین کہ وہ اللہ کی طرف سے ہے، حالانکہ وہ اللہ کی طرف سے نہین ہے اور وہ اللہ پر جان بوجھ کر جھوٹا الزام لگاتے ہین،

اس سے ظاہر ہے کہ اہلِ مدینہ توراۃ کے ایک حصہ کو ایک خاص لحن سے، اور دوسرے حصہ کو دوسرے لحن سے پڑھتے تھے، موجودہ توراۃ کو غور سے پڑھو تو زبان، گرامر، مضامین اور طرزِ ادا کے فرق اور تضاد سے پتہ چل جائے گا کہ کم از کم حضرت موسیٰ کی طرف منسوب کتابون مین سے ہر ایک (الف، ب، جیم) تین مختلف متنون کا مخلوط مجموعہ ہے، یورپین محققین اسے تسلیم کرتے ہین میرے نزدیک ان مین سے ایک اصل کتاب اللہ ہے، اور دو مختلف روایات ہین جن کو جامع نے آیات کے پس وپیش اور درمیان بطور تفسیر کے رکھا تھا، اہلِ مدینہ کتاب اللہ اور زواید کے فرق کو جان کر کتاب اللہ کو ایک لہجہ سے اور زوائد کو دوسرے لہجہ سے پڑھتے تھے لیکن کبھی کبھی علما مطلب کے موافق زوائد کو بھی کتاب اللہ کے لہجے مین پڑھ کر عوام سے اپنی مرضی منوایا کرتے تھے، اور کہتے تھے کہ یہ بھی کتاب اللہ مین سے ہے، اللہ تعالیٰ نے ان آیات مین علماے یہود کی اسی روش سے لوگون کو آگاہ کیا ہے، سورۂ حج کی آیت مین انھین غلط باتون کو خدا نے مایلقی الشیطان کا لقب دیا ہے، اور توراۃ انجیل اور زبور کی تمام بنیادی باتون کو آمیزشون سے پاک کرکے قرآن مین دہرایا ہے، اور بڑی حد تک ہم کو بائبل سے بے نیاز کر دیا ہے، چنانچہ خدا نے فرمایا ہے:

رَسُولٌ مِنَ اللهِ یَتْلُوا صُحُفًا مُطَهَّرَةً فِیهَا کُتُبٌ قَیِّمَةٌ۔ (بینہ)

اللہ کا ایک رسول پاکیزہ صحیفے سناتا ہے، جن مین استوار کتابین ہین،

لیکن اس کے معنی یہ نہین ہین، کہ قرآن مجید مین کتب سابقہ کی ساری باتین آگئین، کیونکہ یہ بھی فرمایا ہے کہ

یا اھل الکتاب قد جاءکم	اے اہل کتاب تمھارے پاس ہمارا رسول
رسولنا یبین لکم کثیرا مما	پہنچا جو تم کو کھول کھول کر بہتیری باتین بتاتا
تخفون من الکتاب ویعفوا عن	ہے، جن کو تم چھپاتے ہو، اور وہ تمھاری
کثیر،	کتاب مین ہے اور بہت باتون سے درگذر
(ع ۳ - مائدہ ۵)	فرماتا ہے،

اس سے ظاہر ہے کہ توراۃ، زبور، اور انجیل مین چند ایسی باتین بھی ہین، جو برحق اور من جانب اللہ ہین مگر قرآن مین نہین دہرائی گئی ہین، ایسی باتون مین جو آمیزش کلام غیر کی پائی جاتی ہے، ان کا سُراغ لگانا سخت مشکل ہے،

اس سلسلہ مین مجھے ایک قدیم دستاویز مل گئی جس کے نام کو مین نے مضمون کا سرنامہ بنایا ہے، اس سے توراۃ کی ایک ایسی ہی بات کی حقیقت پر روشنی پڑتی ہے، لیکن اس دستاویز کے ذکر سے پہلے توراۃ کے قصہ کو سمجھا دینا ضروری ہے،

توراتی قصہ قرآن پاک مین اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے،

یا ایھا الذین آمنوا اذا جاءکم	اے مسلمانو! اگر تمھارے پاس کوئی بدکار
فاسق بنبإ فتبینوا ان تصیبوا	کوئی بُری خبر لائے تو خوب پرکھ لیا کرو،
قوما بجھالۃ فتصبحوا علی ما	ایسا نہ ہو کہ تم نادانی مین کسی قوم پر
فعلتم نادمین،	کوئی آفت ڈھا دو۔ پھر اپنے کئے پر تم
(حجرات)	کو پشیمان ہونا پڑے،

اس آیت مین جو تعلیم دی گئی ہے، توراۃ مین اسی بات کی تعلیم یہ فرما کر دی گئی تھی کہ حضرت یعقوب فدان ارم سے واپس آئے، تو "شلم شہر شلم" کے سامنے ایک کھیت مین انھون نے اپنا خیمہ نصب کیا،

"اور لیاہ کی بیٹی دینہ بنت یعقوب اس دیس کی لڑکیون کو دیکھنے کے لئے باہر نکلی، (۱) اور اس علاقہ کے رئیس حمور حوی کے فرزند شکم نے اس کو دیکھا، ××××(۲) اور اس کا جی یعقوب کی بیٹی دینہ سے اٹک گیا، اور وہ اس سے محبت کرنے لگا، اور اس چھوکری کے دل کے اوپر بھی بولا (۳) اور یعقوب نے سنا کہ اس نے اس کی بیٹی دینہ کو بے حرمت کر دیا، مگر اُس کے فرزند اس کے جانورون کے ساتھ چراگاہ مین تھے، سو یعقوب اُن کے آنے تک خاموش رہا۔ (۵) اور یعقوب کے بیٹے خبر سنتے ہی لوٹے اور وہ مرد نہایت برہم اور پر غضب تھے، کہ اُس نے بنت یعقوب کے ساتھ سو کرا سرائیل کے ساتھ بُرائی کی، حالانکہ اُس نے ایسا نہین کیا تھا، (۷) اور تیسرے دن ××× شمعون ولاوی فرزندان یعقوب برادران دینہ نے اپنی تلوارین لین اور شہر پر آ پڑے ××× (۲۵) اور یعقوب نے شمعون اور لاوی سے کہا تم نے مجھے دکھ دیا ہے، اس سرزمین کے رہنے والون کنعانیون اور فرزیون کے درمیان مجھے گھنونا کر دیا ہے،..... (۳۰) باب ۳۴ شمعون اور لاوی ہین، تو (تمہارے) سگے بھائی مگر ان کی مکاریان اُن کے ظلم کے ہتھیار ہین، (۵) اے میری جان ان سے مجمع مین شامل نہ ہو، اے میرے دل اُن کے جتھے مین شریک نہ ہو، کیونکہ اپنے قہر مین انھون نے خون بہایا، آدمی کا، اور کونچین کاٹین سانڈ کی، (۶) لعنت ان کے غضب پر کہ تند تھا، اور اُن کے قہر پر کہ سخت تھا، مین ان کو یعقوب کے درمیان پراگندہ اور اسرائیل کے درمیان تتر بتر کر دون گا (۷) باب ۴۹ تکوین،

ناظرین اگر اس عبارت کا تورات کے متداول ترجمہ سے مقابلہ کرین گے تو (۳) اور (۷) کے آخری رکن کو مختلف پائین گے، چونکہ جامع تورات نے ان آیتون کے درمیان جا بجا خلائین پیدا کر کے دو

روایتون کے فقرون کو جن مین سے ایک سرتاپا غلط ہے نقل کیا تھا اور چونکہ متن اور تفسیر کے اس نشان فارق کو جس سے مدینہ کے یہود واقف تھے، اب معدوم کر دیا گیا ہے، اس لئے یہ فقرے سیاق اور سباق سے لڑ پڑے اور اصل متن اور تفسیر زائد کے تضاد کو (۳) و (۷) کے ترجمہ بدل کر رفع کیا گیا ہے سفر تکوین کے جامع نے اصلی قصہ کے اہم ترین جزو کو اس جگہ سے ہٹا کر وصایائے یعقوب مین لکھا ہے جس کی وجہ سے وہ آئینی ہدایت قطعاً گم ہو گئی جو کلام کا مقصود تھی، اور مقصود کلام کو گم کرنے مین اس غلط خبر کی آمیزش نے جسے حضرت یعقوب نے سُنا تھا، اور جسے وہ غلط باور کرتے تھے، اور بھی خدمت انجام دی ہے،

زوائد توراۃ | جامع تکوین نے ان آیتون کے آگے اور پیچھے اور بیچ مین جو باتین روایات کی مدد سے درج کی ہین، پہلے اُن کے صحیح حصہ کو پڑھئے،

"اور یعقوب فدان ارم سے چلا تو شلم عیر شکم" کے پاس آیا، اور شہر کے باہر اپنا خیمہ نصب کیا (۱۸) اور جس کھیت مین اس کا خیمہ تھا، اسے حمور ابی شکم کے فرزندون سے سو قسیطہ پر خرید (۱۹) اور وہان ایک مذبح نصب کیا، اور اس کا نام رکھا، اَل الوہی یشرئیل (۲۰)"

"اور شکم نے اپنے باپ حمور سے کہا کہ اس لڑکی کو میری جورو کے طور پر حاصل کیجئے (۴) اور شکم کا باپ حمور یعقوب سے باتین کرنے کو روانہ ہوا، اور حمور نے کہا میرے بیٹے شکم کا دل تمھاری بیٹی سے اٹک گیا ہے، سو اُسے اس کے ساتھ بیاہ دو (۸) اور ہم سے سمدھیانہ کرو اور ہمین بیٹیان دو اور ہم سے بیٹیان لو، (۹) ہمارے ساتھ رہو سہو، یہ زمین تمھارے آگے ہے، اس مین بسو اور ملکیت حاصل کرو اور تجارت کرو (۱۰) پھر اس لڑکی کے باپ اور بھائیون سے شکم نے کہا کاش مین تم لوگون کا منظور نظر ہو جاؤن، جو کہو تم کو دون (۱۱) جتنا عطیہ اور مہر بتاؤ تمھاری مرضی کے مطابق حاضر کرون مگر لڑکی مجھے دیدو، (۱۲) یعقوب کے فرزندون نے شکم اور حمور کو ×× جواب دیا، ××× (۱۳) اور کہا ہم ایسا نہین کر سکتے، کہ اپنی بہن ایک نامختون کو دین

اس مین ہمارے لئے عار کی بات ہے، (۱۴) لیکن اس پر ہم تم سے راضی ہو جائین گے، اگر تم ہم جیسے ہو جاؤ، کہ تم مین سے ہر شخص اپنا اپنا ختنہ کرائے (۱۵) ایسا کر دگے تو ہم تم کو اپنی بیٹیاں دین گے، اور تم سے بیٹیاں لین گے، اور تمھارے ساتھ رہین گے، اور ہم تم مل کر ایک قوم بن جائین گے (۱۶) (باب ۳۴ تکوین)

غور کرو کتنا مربوط اور مسلسل کلام ہے، مگر یہ ارتباط (۵) اور (۷) کو حذف کرنے سے پیدا ہوا ہے، چونکہ جامع تکوین نے (۷) کی مکذوب کہانی کو بطور تفسیر قبول کر لیا ہے، اسلئے (۱۳) کے درمیان خلا پیدا کر کے ایسی تفسیر بڑھا دی ہے جس سے یہ وعدہ جھوٹا ہو گیا لیکن یہ وعدہ جھوٹا نہ تھا، سچا وعدہ تھا،

حمور اور اس کے بیٹے شکم نے ان کی باتین پسند کین اور اس جوان نے اس بات کے کرنے مین دیر نہ کی کیونکہ وہ بنت یعقوب کا شیدا تھا، اور اپنے باپ کے گھرانے مین سب سے عزت دار تھا، (۱۹) (باب ۳۴ تکوین)

شکم نے بخوشی ختنہ منظور کیا اور نہ صرف اسی نے بلکہ اس کے اور حمور کے سمجھانے سے "جتنے لوگ اس کے شہر کے پھاٹک سے آمد و رفت رکھتے تھے، سبنے اپنا اپنا ختنہ کرایا (۲۴) (باب ۳۴ تکوین)،

تیسرے زائد کا ناظرین کو اندازہ ہو چکا ہے، اس کے ذکر سے پہلے اشخاص کا تعارف کرا دینا ضروری ہے

حمور حوری | حمور ابی شکم (حضرت دینہ کا خسر جس شہر کا حاکم تھا، (۳۳: ۱۸) مین اس کا نام "شلم غیر شکم" ہے، لفظی ترجمہ اس کا ہے، شکم کا شہر شالم" یہ بادشاہ یا رئیس اسی طرح ملکی صدق ملکی شالم کا گدی نشین تھا، جسے حضرت ابراہیمؑ نے وہ یکی دی تھی، جس طرح حضرت یعقوبؑ حضرت ابراہیمؑ کے جانشین تھے، حضرت ابراہیم اپنے وقت کے نبی تھے (تکوین ۲۰، ۷) اور ملکی صدق خداوند تعالیٰ کے

کاہن تھے (تکوین ۱۴: ۱۸) کاہن کے لئے اگرچہ نبی ہونا ضروری نہیں لیکن بائبل کی اصطلاح میں کاہن خود شارع نہونے کے باوجود شارع سے کچھ ہی فروتر ہوتا ہے، کاہن نبی نہ ہونے کے باوجود رب الافواج کا رسول ہوتا ہے، لوگوں پر لازم ہے کہ کاہن کے منہ سے خداوند تعالیٰ کی شریعت تلاش کریں کاہن کا فرض تھا کہ اپنے ہونٹوں میں شریعت کو محفوظ رکھے، (ملاکی ۲: ۷) جس معنی میں حضرت موسیٰ نبی تھے، اور جس معنی میں حضرت ہارون کاہن تھے، یعنی شریعت موسیٰ کو اپنے ہونٹوں میں محفوظ رکھتے تھے، اور لوگ ان کے منہ سے شریعت ڈھونڈتے تھے، اسی معنی میں جناب ملکی صدق شریعت ابراہیم کے شارح اور محافظ تھے، حمورابی شکم کا یہ عہدہ تو نہ تھا، پھر بھی وہ ملکی صدق کے شہر کا فرمانروا اور ان کا سیاسی جانشین تھا،

حمورابی شکم کو تکوین ۳۴: ۲ میں حوی رئیس بتایا گیا ہے، اسی طرح ۳۶: ۲ میں صبعون حوری کو بھی حوی لکھا گیا ہے حمورابی شکم بھی حوری تھا، اور اس لئے وہ حضرت یعقوبؑ کی بھاوج اہلیبامہ اور الیفز بن عیسو کی بی بی تمنع کا قریبی رشتہ دار تھا، خاندان یعقوب کا وہ اب سے پہلے ہم قوم بن چکا تھا، صرف ختنہ کی کسر رہ گئی تھی،

اس قوم کا مورثِ اعلیٰ حور تھا جس کو اہلِ مصر ایک دیوتا قرار دے کر پوجتے تھے، یہ دیوتا مصری افسانہ کے مطابق پونت سے آیا تھا، پونت مصری تحریروں کے مطابق ملک سبا یعنی جنوبی عرب کا نام تھا، جہاں کے باشندے خود کو عموماً حمیر بن سبا کی اولاد بتاتے ہیں،

حور برادر حمیر عربوں کی روایت کے مطابق حمیر بن سبا کا ایک بھائی ایک زمانہ میں ملک مصر کا فرمانروا تھا، عربوں کے اس برادر حمیر کو ہم مصری تحریر کے اس دیوتا حور کی نسل سے تطبیق دے سکتے ہیں جس نے پونت (تورانی فوطہ) سے آکر دیوتا ست کو شکست دی تھی اور ملک مصر پر قبضہ کر لیا تھا، حور کوئی فرضی وجود نہیں تھا، بلکہ جس طرح اہلِ مصر نے ہر فرعون کو رب اعلیٰ قرار دے رکھا تھا اسی طرح نوحوری جن کو نبوفوط بھی کہا جا سکتا ہے، اپنے ایک مورث کو دیوتاؤں میں شامل کر لیا تھا، پہلا انسان فرعون مینا نوحور

مین سے تھا، احمد بک کمال نے اپنی کتاب الحضارۃ القدیمہ مین بہت سے حمیری بادشاہون کے علم کی شکلین دی ہین جن مین سے ایک کی صورت یون ہے کہ ایک چوکھٹے کے اندر حمیر و غلافی حروف مین سے خم اب لکھا ہوا ہے اور چوکھٹے کے اوپر باز کی شکل ہے، جسے حور پڑھا جاتا ہے، چوکھٹا اس بات کی علامت ہے کہ وہ شخص اپنے وقت مین بادشاہ اور فرمانروا تھا، احمد بک کمال نے اس بادشاہ کا نام الملک سندا لکھا ہے، سندا اس کا غیر سرکاری نام تھا، لیکن سرکاری نام اس کا حور سخم اب تھا،

حمیر یا حمور | عبرانی شین دوسری سامی زبانون مین سین سے بدل جاتی ہے، اور کاف کا عبرانی تلفظ غیر مشدد ہونے کی صورت مین خ جیسا ہوتا ہے،

اب حور سخم اب اور حمورابی سکم حمدی کے ساتھ ساتھ بابل کے بادشاہ حمورابی فرزند سن موبلیت فرزند عابل سن کے نامون کا مقابلہ حمیر ابو وائل کے نام سے کرو تم کو صریحًا ان نامون مین اتحاد خاندان کا سراغ ملے گا، اس کے ساتھ عربون کے اس قصہ پر بھی نظر رکھو کہ

سبا اکبر نے بابل کو فتح کرنے کے بعد مصر کو فتح کیا، اور وہان کا حاکم اپنے بیٹے بابلیون کو مقرر کیا، سبا کے مرنے کے بعد حمیر بادشاہ ہوا جس نے بابلیون کی درخواست پر شام کو بھی فتح کر کے وہان والون کو اپنا باج گذار بنایا، اور اہل مصر کو بابلیون کی اطاعت پر مجبور کر دیا، اس کے مرنے کے بعد یمن مین وایل بن حمیر بادشاہ ہوا، اور بابل پر حسان بن حراشس بن عمیل نے قبضہ کر لیا، (یتجان محضا)

اس بیان کا حاصل طرز بیان کے فرق کو حذف کرنے کے بعد یہی ہوا کہ باشندگان یمن کے ایک گروہ نے مصر پر حکومت کی یہ گروہ حمیر کا ہم خاندان تھا، اس گروہ کو ہم حور سخم اب اور اس کے خاندان سے تطبیق دیسکتے ہین ایک گروہ نے جو حمیر ہی کا ایک حصہ تھا، شام پر حکومت کی، اسے ہم حمورابی سکم حمدی کا خاندان قرار دیسکتے ہین حمیر ابو وائل وہ گروہ ہے، جو یمن ہی مین رہ گیا، وائل بن حمیر کے معاصر حسان کا دادا عمیل بن عابر قطعًا تا نخ بابل

کا عامل سن ہے، اور حسّان (بڑا اچھا آدمی) حمورابی کا نام تھا، اس نام کا ترجمہ یہ ہے کہ حمور میرا باپ ہے، یعنی حمور کی نسل سے ہون،

حمیر اور حمور دونون ہم مادہ اور ہم معنی الفاظ ہین، دونون کے معنی ہین سرخ، حمورابی سکم حوری کے خاندان مین حضرت عیسو بن اسحاق جا بسے تو ادوم (سرخ) کہلائے، قوط سے مصر مین بسنے والے حرشسو (اتباع حور) کی بابت احمد بک کمال نے لکھا ہے کہ ان لوگون کا رنگ سرخ تھا، اس خاندان کو اپنے رنگ پر بہت ناز تھا، اس رنگ کے سرنام کو خوبصورت کا مرادف بنا لیا گیا تھا،

مذہب حمور | حمورابی سکم حوری کے خاندان کا وہ حصہ جو مصر پر حکومت کرتا تھا، حضرت ابراہیمؑ سے پہلے بحیثیت حکمران گروہ کے ختم ہو چکا تھا، لیکن ملک شام مین اس خاندان کی آبادیان تھین اور ہر شہر بذات خود ایک سلطنت تھا، جن دنون حضرت ابراہیمؑ اس دیار مین آئے، کدرلاعمر وغیرہ بادشاہون نے حوریون کو اُن کے کوہ شعیر سے اہل فاران تک جو بیابان کے کنارے ہے مارا" (تکوین باب ۱۴) اس جنگ مین نبور حور کے ساتھ حضرت لوطؑ بھی شریک تھے جن کو دشمنون نے گرفتار کر لیا تھا، اس کی خبر حضرت ابراہیمؑ کو دی گئی تو وہ بھی شریک جنگ ہو گئے، اور دشمنون کو شکست فاش دیکر اور تمام اسیرون کو رہائی دلا کر واپس لوٹے (تکوین باب ۱۴) نبو حور کے ساتھ دو دو پیغمبرون کا اُن کی طرف سے شریک جنگ ہونا اور نبو حورین سے ایک کا حضرت ابراہیمؑ کی نظر مین محترم ہونا، اور ان مین حضرت یعقوبؑ کے بھائی بھتیجون کا بطور جزو قوم کے مدغم ہو جانا اس بات کا ثبوت ہے خاندان حمورابی سکم اور خاندان یعقوب مین پہلے سے مذہبی یگانگت تھی، صرف مختون اور نامختون ہونے کا فرق رہ گیا تھا، نبو حور حضرت ابراہیمؑ کے ہم قسم بھی تھے (تکوین باب ۱۴) اس بنا پر ہم کو باور کرنا چاہئے کہ (تکوین ۳۴: ۱۴) کا فقرہ جس خبر کی تردید کرتا تھا، یقیناً غلط تھی اور یقیناً اس خبر کی تغلیط کے بعد حسب وعدہ برادران یوسف نے اپنی بہن کو سکم بن حمور کے ساتھ بیاہ دیا،

نبو سکم | اس واقعہ کے کچھ عرصہ کے بعد حضرت یوسف علیہ السلام بطور غلام کے مصر مین بکتے ہین، ایک شخص

اُن کو خریدتا ہے جس کا قرآنی لقب العزیز ہے، توراۃ مین اس کا نام فوطیفر ہے (تکوین ۳۹: ۱) کچھ دنون کے بعد حضرت یوسف خود العزیز ہو جاتے ہین، اور ان کی شادی فوطی فرع کی بیٹی سے ہو جاتی ہے (تکوین ۴۱: ۴۵) ان کے خریدار اور حُسر کے نامون مین صرف ع کا فرق ہے، بہتون کی رائے ہے کہ پہلے موقع پر

منشی نوکہ نوع را بطرز نو نوشت مین خلا کرد

فوطی فرع کے معنی ہین نسل فوحا (پونت) کا فرعون، یہ شخص اپنے زمانہ کا بہادر شاہ تھا، اور وہ شخص جس کا ذکر قرآن مین ملک مصر کی حیثیت سے آیا ہے، گویا لارڈ کلایو تھا، فوطی خاندان یا بالفاظ دیگر حورسخم اب کے گھرانے والون کا آفتاب اقبال ڈوب چکا تھا، وہان اب نہ کوئی حور حکومت کرتا تھا، نہ حمور نہ ابوسکم حضرت یوسف کے عزیز مصر ہونیکے بعد خاندان بنو اسرائیل سارے کا سارا مصر چلا گیا، حضرت یعقوب کے ساتھ جانے والون مین حضرت دینہ بنت یعقوب بھی تھین جن کے بطن سے پیدا ہونے والون کا نام بنوسکم تھا،

حضرت یوسف مصر کے بارہوین خانوادہ کے معاصر تھے، حضرت موسیٰ اٹھارہوین خانوادہ کے اور تیرہوان اور چودہوان خانوادہ درحقیقت ہمعصر اور ایک دوسرے سے برسرآزما نوابو کے گھرانے تھے، جو معاصر تھے پندرہوین اور سولہوین خانوادہ کے جن کو مکسوس کہا جاتا ہے، سترہوان خانوادہ نام ہے اٹھارہوین ہی خانوادہ کے اس دور کا جب وہ سولہوین خانوادہ یعنی پندرہوین خانوادہ کے دور آخر سے لڑ رہا تھا، حضرت یوسف کے بعد ملک مصر چھوٹی چھوٹی کئی ریاستون مین منقسم ہو گیا اس دور مین مصر کے اندر جن لوگون نے حکومت کی ان مین سے چند کے نام احمد بک کمال کی کتاب حضارۃ القدیمہ سے ہم یہان نقل کرتے ہین

خانوادہ نمبر ۱۳	بادشاہ نمبر ۱		سخم کاری،
خانوادہ نمبر ۱۳	"	۱۶	سخم خوتاویری سبک چپت نمبر ۳
"	"	۲۱	سخم رنوتیری " " نمبر ۴

خانوادہ نمبر ۱۳	بادشاہ نمبر ۳۲	مرشمری ان رن،
〃	〃 〃 ۸۱	شمر...ری
〃 نمبر ۱۴	〃 〃 ۲۱	شمرری
〃 〃	〃 〃 ۳۱	شمرری
〃 〃	〃 〃 ۳۲	شمرری
〃 〃	〃 〃 ۳۸	شمرحموری

یہ نام بتاتے ہین کہ حورشمر اب یا حمورابی شمر حوری کی نسل پھر مصر مین برسراقتدار آئی،

بنی اسرائیل کے مصر سے خروج کے بعد پھر کسی شمر ری کا مصر مین سراغ نہیں ملتا لیکن ارض موعود مین بنی اسرائیل کے ساتھ جن لوگون کو حصہ ملتا ہے، ان مین بنی سکم بھی نظر آتے ہین،

منسی بن یوسف کے پہلوٹے کمیر کو چونکہ وہ جنگی مرد تھا، جلعاد اور بسن ملے، باقی بنو منسی کو بھی ان کے گھرانے کے مطابق حصہ ملا، یوسف کے بیٹے منسی کے فرزند نرینہ یہ ہین، بنی ابیعزر بنی خلق، بنی اسری ایل، بنی سکم، بنی حفر، اور بنی سمدع" (یوشع ۲:۱۶)

سفر یوشع کے جامع نے بنو سکم کو بنی منسی کے ساتھ رہنے سہنے کی وجہ سے بنو منسی مین گنا ہے، ممکن ہے کہ ان نون بنو شکم کے ایک ایک فرد کا مادری نسب منسی بن یوسف تک منتہی ہو گیا ہو، لیکن یہ لوگ شکم بن حمور اور دینہ بنت یعقوب کی اولاد سے تھے، چنانچہ سفر قضاۃ مین ہے کہ ابی ملک بن یرب بعل جدعون ابی عزری نے جب کہ وہ بادشاہ ہوا، بنو شکم کا گورنر ایک شخص زبول کو مقرر کیا، اس پر جعلی بن عبد نے کہا،

"کیا چیز ہے شکم اور کیا چیز ہے ابی ملک، ہم اس کی بندگی کیون کرین، کیا وہ یرب بعل کا بیٹا نہین ہے، کیا زبول اس کا منصبدار نہین ہے، تم لوگ حمور ابی شکم کے آدمیون کی بندگی کرو" (قاضیون ۹:۲۸)

اس سے ثابت ہو کہ خود بنو سکم اپنے آپ کو بنو منسی نہیں بلکہ بنو حمور ابی سکم کہتے تھے جبل بن عبد کے بھڑکانے سے بنو سکم نے بغاوت کر دی جبل بن عبد نے ابی ملک کو چیلنج دیا کہ اپنی فوجیں کثیر کر اور لڑنے کو آ (قاضیون ۹: ۲۹) چنانچہ جنگ ہوئی نتیجہ یہ ہوا کہ جبل بن عبد نے شکست کھائی، اور راہ فرار اختیار کی، (قاضیون ۹: ۳۹) ابی ملک نے شہر کو ڈھا کے خاک سیاہ کر دیا (۹: ۴۵) سکم کے برج میں جتنے لوگ تھے جل مرے، (۹: ۴۹) اس واقعہ کے بعد سے بنو سکم پھر بنو اسرائیل کے ساتھ نظر نہیں آتے،

یہ واقعہ حضرت سلیمانؑ کے زمانہ سے تقریباً ۱۵۰ برس پہلے کا ہے، اسی زمانہ میں بنو سکم کی اصل نسل کی بابت بنو اسرائیل کے تعصب نے (تکوین ۴۶: ۷) کی مکذوب خبر کو از سر نو شہرت دی، اور وہ خبر یہ تھی، کہ سکم اور دینہ کا ایک دوسرے سے جائز تعلق نہیں تھا سکم کے ساتھ دینہ کی شادی نہیں ہوئی تھی، بلکہ واقعہ یہ تھا کہ سکم نے دینہ کو دیکھا تھا،

ویقح اوتاہ، ویشکب اوتاہ — اور اسے لیا، اور اس کے ساتھ سویا، اور اس

ویعنہ، — پر جبر کیا، (۳۴-۲:)

نکاح کی بات چیت جو ہوئی تھی، اور شرط ختنہ کے ساتھ فرزندان یعقوب نے جو وعدہ کیا تھا، وہ ان کا فریب تھا، (۳۴: ۱۳) اس فریب میں آکر سارے اہل شہر نے اپنا اپنا ختنہ کرایا، تیسرے دن جب سب مرد مبتلائے درد تھے شمعون اور لاوی نے سکم اور حمور اور سارے مردوں کو قتل کر دیا، دینہ کو اور خاندان حمور کی عورتوں اور بچوں کو لوٹ لائے، اس پر حضرت یعقوبؑ نے اظہار ناراضی کیا، تو انھوں نے حضرت یعقوبؑ کو یہ کہکر قائل کیا، کیا اسے مناسب تھا کہ ہماری بہن کے ساتھ بازاری عورت کا سا برتاؤ کرتا، (تکوین ۳۴: ۲۵ تا ۳۱ ملخصاً) جامع تکوین نے اس جھوٹے قصہ کو بھی بطور تفسیر آیتوں کے درمیان لکھ لیا، جہاں تک دو آدمیوں کے شہر بھر کو قتل کر دینے کی خبر کا تعلق ہے، اس ناممکن کو یوں ممکن بنایا گیا، کہ اس قصہ کو واقعہ ختنہ کے بعد رکھا گیا لیکن سوال یہ ہے کہ عورتیں اور بچے کیوں نہ ان دو مردوں کے

ٹوٹ پڑے، علاوہ برین یہ بیان حضرت یعقوبؑ کے اس الہامی قول کے خلاف ہے کہ

ہر جو ایش خون کیا ایک آدمی کا

وعقر وشور کو بچھن کا ٹین (ایک) بیل کی،

اگر ایک سے زیادہ بیل اور آدمی کا انھوں نے خون کیا ہوتا، تو اس مین ایش اور شور کی بجائے "ایشیم" اور "شوریم" ہوتا،

(۳۴: ۲) کا فقرہ دینہ (اسے ستایا، اس پر جبر کیا،) (۳۴: ۳) کے اس فقرے کے خلاف ہے کہ

و یدبر علی لب هنعرا

اور بولا اوپر دل چھوکری (کے)

ان دونون فقرون کے تضاد کو تبدیل ترجمہ کے زور سے دفع کیا گیا ہے، اردو اور انگریزی ترجمون پر بحث کی چنداں ضرورت نہین، (۳۴: ۳) کے فقرے کا عربی بائبل مین ترجمہ کیا گیا ہے، لاطفا "یعنی اسکے ساتھ مہربانی کی، حالانکہ اس کا لغوی ترجمہ یہ ہوسکتا تھا،

وتکلم علی قلب الفتاۃ

یا محاورہ قرآنی الفاظ مین اس کا ترجمہ کیا جا سکتا تھا،

و قد شغفها حبا،

(اس عورت کے شغافت دل مین اس کی محبت بس گئی)،

اس کے ترجمہ مین تحریف تو کی ہی گئی (۳۴: ۲) کے آخری فقرہ کی بھی ترجمہ مین اصلاح کی گئی، دینہ کا صحیح ترجمہ ہے اُسے دکھ دیا، یا اس پر جبر کیا، لیکن اس کا ترجمہ عربی مین (اذلہا) اور اردو مین (بے حرمت کیا اسے) کیا گیا ہے،

(۳۴: ۲) کا پورا مضمون ۳۴: ۷ کے اسی فقرہ کا ضد ہے، کہ

و کین لا یعشه

اور ایسا نہین کیا اُس نے

عشہ (کیا اُس نے) یعشہ (کرتا ہے وہ) واؤ عطف نے مضارع کو ماضی بنا دیا، عربی ترجمہ اس کا یہ کیا گیا ہے

و هکذا لا یصنع

اور ایسا نہین کیا جاتا

اگر مراد یہی ہوتی تو یعشہ کی جگہ نعشہ ہوتا، ان آیتون مین تضاد کے پائے جانے سے یہ فیصلہ کرنا چاہئے تھا، کہ قصہ کا نامناسب جز اصل کے برخلاف جھوٹی روایتون کا اضافہ ہے، لیکن چونکہ اس زائد قبیح کی بابت بھی مترجمین کا یہ عقیدہ ہے کہ

هو من عند الله، وہ اللہ کی طرف سے ہے،

اس لئے بزور ترجمہ دونون کے تضاد کو رفع کر دیا گیا لیکن اس کے باوجود کوئی مفسر توراۃ یہ نہین بتاتا، کہ اگر شمعون اور لاوی نے اس جرم کی پاداش مین جو سکم سے سرزد ہوا تھا،

ہر جو ایش ایک آدمی کا خون کیا،

وعقروشور اور ایک بیل کو کاٹ دیا،

تو کون سا اخلاقی جرم کیا جس کی بنا پر حضرت یعقوب کی زبان وحی ترجمان ان دونون پر اتنا برہم ہوئی، کہ اُن کے قہر پر لعنت کی اور لوگون کو ان کے جتھے مین شرکت سے منع کیا، اور دونون کی نسل کو ہمیشہ بنی یعقوب مین بکھیرے رکھنے کی پیشین گوئی کی کہ یہ لوگ کبھی ایک مضبوط جتھا بن کر اپنی جداگانہ ہستی قائم نہ رکھ سکین گے،

اس اضافہ کے غلط ہونے کا سنگ شیام نہایت واضح ثبوت ہے، (باقی)

یحییٰ بن آدم اور ان کی کتاب الخراج

از

جناب مولوی حافظ حبیب اللہ صاحب ندوی رفیق دارالمصنفین

خراج اسلامی حکومت کی آمدنی کا ایک شعبہ ہے، اس کا قیام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ ہی میں ہو چکا تھا حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں اس میں کوئی خاص تغیر نہیں ہوا، حضرت عمرؓ نے البتہ حکومت کے دوسرے شعبوں کی طرح اس کو ایک حد تک منظم کیا، اور اس کے انتظام میں بہت سے تغیرات کئے، اس کے بعد برابر اس شعبہ میں اصلاح و ترقی ہوتی رہی، لیکن ڈیڑھ صدی تک اس کا کوئی مکمل تحریری دستور مرتب نہیں ہوا، ۱۷۰ھ میں جب ہارون خلیفہ ہوا، تو اس نے اس کام کی طرف توجہ کی، اور قاضی ابو یوسف سے اس موضوع پر ایک خاص کتاب لکھنے کی درخواست کی، انھوں نے اس مبارک کام کو اپنے ذمہ لیا، اور کتاب الخراج کے نام سے ایک کتاب لکھ کر ہارون کے سامنے پیش کی، کتاب کے نام سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب صرف خراج یعنی اسلامی زرعی ٹیکس سے متعلق ہوگی، لیکن ایسا نہیں ہے بلکہ یہ کتاب اسلامی حکومت کی مالی آمدنی کا ایک مکمل دستور ہے،

امام ابو یوسف ہی کے زمانہ یا اس کے قریب قریب اس موضوع پر متعدد کتابیں لکھی گئیں جن میں یحییٰ بن آدم کی کتاب الخراج اور ابو عبید کی کتاب الاموال زیادہ مشہور ہیں،

اول الذکر یعنی امام ابو یوسف اور ان کی کتاب سے ہر خاص و عام واقف ہے لیکن ثانی الذکر مصنفین کی شخصیت اور ان کے کارناموں سے کم لوگ واقف ہیں، اس لئے اس مضمون میں انہی

دونون اماموں کے سوانح حیات اور ان کے علمی کارنامون کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے،

یحییٰ بن آدم | یحییٰ نام، ابوزکریا کنیت، پورا سلسلۂ نسب یہ ہے یحییٰ بن آدم[۱] بن سلیمان الاموی[۲] یحییٰ کے دادا سلیمان کا کوئی تذکرہ رجال کی کتابون مین نہین ملتا، ان کے والد آدم البتہ حدیث کے ثقہ راویون مین ہین، ابن سعد اور تہذیب[۳] مین ان کا تذکرہ موجود ہے صحیح مسلم مین وکیع کی سند سے اُن کی ایک روایت بھی موجود ہے،

سنہ ولادت | اہلِ تذکرہ نے یحییٰ کے سنِ ولادت کی کوئی تصریح نہیں کی ہے، لیکن بعض قوی قرائن سے معلوم ہوتا ہے، کہ ۱۳۰ھ یا اس کے کچھ قبل یا بعد ان کی ولادت ہوئی، وہ قرائن یہ ہین،

۱- تمام اہلِ تذکرہ متفق ہین، کہ ان کی وفات ۲۰۳ھ مین ہوئی،

۲- اُن کے قدیم شیوخ مین معمر بن کدام متوفی ۱۵۵ھ یا ۱۵۳ھ اور قطر بن خلیفہ متوفی ۱۵۵ھ ہین، اس حساب سے ان کے اور یحییٰ کے سنہ وفات مین تقریباً ۵۰ برس کا فرق ہے،

۳- یہ بھی معلوم ہے کہ اس وقت تک بالکل چھوٹے بچون کو سماع حدیث (حدیث سنانے) کا دستور نہین شروع ہوا تھا، بلکہ جب وہ سن شعور کو پہنچ جاتے تب شیوخ انھین اپنے حلقۂ درس مین

---

[۱] تہذیب التہذیب ج ۱۱ ص ۱۷۵، امام نووی نے آدم اور سلیمان کے درمیان علی کے نام کا اضافہ کیا ہے، جو عام تذکرون کے بیان کے خلاف ہے [۲] اموی نسبت ولائی ہے نسبی نہین یعنی ان کے والد آدم خالد بن خالد اموی کے غلام تھے، اس وقت یہ عام دستور تھا کہ غلام اپنے آقا کی نسبت کے ساتھ منسوب ہوتے تھے، اس طرح یحییٰ بھی غلامان اسلام کی فہرست مین داخل ہین لیکن خود خالد اور اس کے باپ اور دادا کے متعلق اہلِ تذکرہ خاموش ہین۔ خالد کا جد اعلیٰ عقبہ بن معیط جو رسول اللہ کی دشمنی مین مشہور تھا، بدر کے روز گرفتار ہوا اور قتل کیا گیا، البتہ اس کے لڑکے ولید نے فتح مکہ کے روز اسلام قبول کیا۔ خالد کا مختصر تذکرہ ابن سعد نے کیا ہے (ج ۶ ص ۲۳۳)

[۳] تہذیب جلد اول ص ۱۹۶

لیتے تھے، اس لئے ظاہر ہے کہ مسعر بن کدام (م ۱۵۵ھ یا ۱۵۳ھ) وغیرہ سے سماع کے وقت کم از کم اُن کی عمر ۱۵ برس کی رہی ہوگی،

اس اعتبار سے اگر مسعر بن کدام کی وفات ۱۵۳ھ قرار دیا جائے تو وفات کے وقت یحییٰ کی عمر ۶۵ سال اور اگر ۱۵۵ھ قرار دیا جائے تو ۶۳ برس کی تھی، اس لئے ظاہر ہے کہ زمانہ ولادت ۱۳۸ھ یا ۱۴۰ھ قرار دینا پڑے گا، واللہ اعلم بالصواب،

تعلیم و تربیت تذکروں سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ اُن کی تعلیم و تربیت کہاں اور کس کی نگرانی میں ہوئی، اور انھوں نے کیا کیا علوم حاصل کئے لیکن اُن کے شیوخ کی فہرست اور ان کی کتاب کے دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ انھوں نے خالص دینی علوم کی طرف اپنی توجہ مبذول رکھی تھی، اور اس کے حصول کے لئے تقریباً تمام علمی مراکز مثلاً مکہ، مدینہ، کوفہ، حمص وغیرہ میں پہنچے، اور خصوصیت سے قرآن، حدیث اور کسی حد تک فقہ میں بھی دسترس بہم پہنچائی،

اُن کے شیوخ کی فہرست میں حمزہ بن حبیب الزیات بھی ہیں، جو علم قرأت کے امام ہیں اُن کے تلمذ کی وجہ سے قیاس ہوتا ہے، کہ شاید انھوں نے علم قرأت میں بھی کچھ دستگاہ بہم پہنچائی ہو،

شیوخ کی فہرست اُن کے شیوخ کے جو نام مل سکے ہیں، اُن کی تعداد ۹۰ ہے جن میں سے ۳۰ سے انھوں نے کتاب الخراج میں اور باقی، اسے دوسری کتابوں میں روایت کی ہے، ان کے نام ذیل میں درج کئے جاتے ہیں؛

ابراہیم بن حمید بن عبدالرحمٰن الرؤاسی - ابراہیم بن حمید الرزبرقانی التیمی، ابراہیم بن محمد بن ابی یحییٰ الاسلمی، اسرائیل بن یونس بن ابی اسحاق السبیعی، اسماعیل بن ابراہیم بن مقسم بن علیۃ، اسماعیل بن عیاش بن سلم العنسی الحمصی - ابو ایاس (عبدالملک بن جویہ)، ایوب بن جابر بن سیار الحنفی الیمامی - ابوبکر ابن عیاش بن سالم الاسدی، ابوبکر بن النہشلی الکوفی، جویبر بن عبدالحمید الضبی، جعفر بن زیاد الاحمر،

حاتم بن اسماعیل المدنی الحارثی - حیان بن علی العنزی الکوفی - حسن بن ثابت الثعلبی الاحول - الحسن ابن صالح بن صالح بن حی ابو عبد اللہ الثوری الکوفی - الحسن بن عیاش بن سالم الاسدی الکوفی، حسین بن زید بن علی بن الحسین - حفص بن غیاث بن طلق القاضی - حماد بن زید بن درہم - حماد بن سلمہ ابن دینار ابو سلمہ - حمید بن عبد الرحمن بن حمید الرواسی - زہیر بن معاویہ الجعفی الکوفی - زیاد بن عبد اللہ بن الطفیل البکائی، سعید بن سالم بن ابی الہیغار - سعد بن عبد الجبار الزبیدی الحمصی، سفیان بن سعید بن مسروق الثوری الامام - سفیان بن عیینہ بن ابی عمران الہلالی - سلام بن سلیم ابو الاحوص الحنفی الکوفی - سلمان بن ہارون ابرجمی - شریک بن عبد اللہ بن ابی شریک القاضی النخعی - الصلت بن عبد الرحمن الزبیدی، عباد بن العوام بن عمر، عبثر بن القاسم الزبیدی ابو زبید، عبد اللہ بن ادریس بن یزید الاودی - عبد اللہ بن المبارک، عبد ربہ بن نافع الکنانی ابو شہاب الحناط الاصغر - عبد الرحمن بن حمید بن عبد الرحمن الرواسی - عبد الرحمن بن ابی الزناد - عبد الرحمن القاری عبد الرحیم بن سلیمان المروزی الاشل - عبد السلام بن حرب بن سلم الکوفی - عبد الملک بن جویۃ ابو ایاس - عبدۃ بن سلیمان الکلابی - عبید اللہ بن عبید الرحمن الاشجعی - عتاب بن بشیر الجزری - عثمان بن مقسم البری - علی بن ہاشم بن البرید - عمار بن رزیق الضبی ابو الاحوص الکوفی - عمر بن ہارون البلخی الخراسانی - عمرو بن ثابت بن ہرمز بن ابی المقدام، فضیل بن عیاض بن مسعود بن بشر التمیمی - قرآن بن تمام الاسدی الوالبی - قیس بن الربیع الاسدی، مبارک بن فضالہ - محمد بن الحسن بن فرقد الشیبانی صاحب ابی حنیفہ - محمد بن خازم التمیمی ابو معاویۃ الضریر - محمد بن طلحہ بن مصرف الیامی - محمد بن فضیل بن غزوان الضبی - مسعود بن سعد الجعفی الکوفی مفضل بن صدقہ الکوفی ابو احماد الحنفی - مفضل بن مہلہل السعدی ابو عبد الرحمن - مندل بن علی العنزی الکوفی - ہیثم بن بشیر بن القاسم السلمی ابو معاویہ - ابن واقد المدنی - ورقاء بن عمر بن کلیب الیشکری

ابن مبارک کے شیخ ہیں - وضاح بن عبداللہ الیشکری ابوعوانہ - وکیع بن الجراح بن ملیح الرواسی ' وہیب بن خالد بن عجلان الباہلی - یحیٰی بن زکریا بن ابی زائدہ - یزید بن ابراہیم التستری ابوسعید یزید ابن عبدالعزیز بن سیاہ الاسدی الحمانی - یونس بن یزید بن ابی النجاد الایلی -

یہ ان شیوخ کی فہرست تھی - جن سے انھوں نے کتاب الخراج میں روایت کی ہے، کتاب الخراج کے علاوہ جن شیوخ سے روایت کی ہے، ان کے نام یہ ہیں -

ابراہیم بن سعد بن ابراہیم الزہری - بشر بن السری ابوعمرو الافوہ - جریر بن حازم بن عبداللہ الازدی - حسین بن علی بن الولید الجعفی - حمزہ بن حبیب الزیات - سعید بن سالم القداح ابوعثمان المکی - عبداللہ بن عثمان البصری - عبدالعزیز بن سیاہ الاسدی الحمانی - عیسیٰ بن طہمان فضیل بن مرزوق الاغر - قطر بن خلیفہ المخزومی الحناط - قطبہ بن عبدالعزیز بن سیاہ - مالک بن مغول بن عاصم البجلی - محمد بن اسماعیل بن رجاء الزبیدی الکوفی - مسعر بن الکدام بن ظہیر العامری - موسیٰ بن قیس الحضرمی الفراء عصفورۃ الجنۃ - یونس بن ابی اسحاق السبیعی -

ان شیوخ میں بعض ایسے لوگوں کے نام بھی ہیں - جو اُن کے اصحاب واحباب میں شمار ہوتے ہیں ' مثلاً حسن بن صالح جن سے انھوں نے تقریباً پچاس سے زاید جگہ روایت کی ہے لیکن ابن حزم نے ان کو یحیٰی کے اصحاب میں شمار کیا ہے،

محدثین کے دستور کے مطابق انھوں نے اپنے ہمعصروں اور چھوٹوں[1] سے بھی روایتیں کی ہیں - اور بعض جگہ تو باپ اور بیٹے دونوں سے روایت کرتے ہیں - مثلاً عبدالرحمٰن بن حمید الرواسی سے بھی روایت کی ہے اور ان کے لڑکے حمید سے بھی اسی طرح عبدالعزیز بن سیارہ اور ان کے دونوں لڑکے یزید اور قطبہ سے روایتیں کی ہیں،

---

[1] محدثین کو اگر اپنے اصاغر سے بھی روایتیں مل جاتی تھیں - تو وہ روایت کر لیتے تھے،

تلامذہ | یحییٰ کی روایات اور اُن کے تلامذہ کی کثرت سے پتہ چلتا ہے کہ ان کا حلقۂ درس وسیع رہا ہوگا، لیکن اہلِ تذکرہ مین سے کسی نے بھی اُن کے درس و تدریس کے متعلق کوئی تصریح نہین کی ہے، ان کے تلامذہ کی فہرست مین بعض بڑے بڑے ائمۂ حدیث مثلاً اسحاق بن راہویہ، یحییٰ بن معین بھی شامل ہین، تلامذہ کی فہرست بہت لمبی ہے، ان مین سے چند نام درج کئے جاتے ہین۔ جن سے صحاح مین روایت موجود ہے،

احمد بن ابی رجا عبید اللہ الھروی۔ احمد بن سلیمان الرہاوی۔ احمد بن عمر الواقدی۔ احمد بن محمد بن حنبل۔ اسحاق بن ابراہیم البخاری۔ اسحاق بن راہویہ مشہور امام حدیث۔ بشر بن خالد العسکری، حسن ابن علی بن عفان العامری۔ الحسن بن علی الخلال حافظ حدیث۔ الحسین بن علی بن الاسود العجلی۔ حفص بن عمر المہرقانی یہ ابو حاتم اور ابو زرعہ کے شیخ ہین۔ سفیان بن وکیع بن الجراح۔ عباس بن حسین القطربلی، ابو بکر عبد اللہ بن ابی شیبہ، عبد اللہ بن محمد المسندی عبد الاعلیٰ بن واصل الاسدی۔ عبد الرحمٰن بن صالح الازدی عبید بن حمید۔ عبدہ بن عبد اللہ الخزاعی الصفار۔ عبید بن یعیش الحمانی، عثمان بن ابی شیبہ۔ عصمۃ بن الفضل النیشاپوری۔ علی بن عبد اللہ بن المدینی۔ علی بن محمد الطنافسی۔ محمد بن اسمٰعیل ابو بکر بن علیہ۔ محمد بن عبد اللہ بن المبارک المخرمی۔ محمد بن رافع النیشاپوری۔ ابو کریب محمد بن العلاء الھمدانی محمد بن عمر بن الولید الکندی محمد بن الولید بن ابی ولید لقمام محمود بن غیلان المروزی، موسیٰ بن حزام مشہور فقیہ تھے موسیٰ بن عبد الرحمٰن المسروقی۔ ہارون بن عبد اللہ الحمال حافظ حدیث تھے۔ واصل بن عبد الاعلیٰ ابن ہلال الاسدی۔ یحییٰ بن معین۔ جرح و تعدیل کے امام تھے،

دربار سے بے تعلقی | یحییٰ نے تقریباً ۶ خلفاء منصور، ہادی۔ مہدی۔ ہارون امین، مامون کا زمانہ پایا، لیکن ان مین سے کسی خلیفہ کے دربار سے انھون نے اپنا تعلق قائم نہین کیا۔ اور نہ حکومت کا کوئی عہدہ قبول کیا۔

علم وفضل | علم وفضل کے لحاظ سے یحییٰ ممتاز حیثیت رکھتے تھے، امام ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ مین ان کو طبقہ سابعہ مین شمار کیا ہے جس مین امام شافعی، عبدالرحمٰن بن مہدی، ابوداؤد طیالسی وغیرہ ہین۔

امام ذہبی نے علی بن المدینی سے جو ائمہ حدیث مین سے ہین۔ روایت کی ہے، کہ حدیث کی سند کا مدار زیادہ تر چھ آدمیون پر ہے، اہل مدینہ مین ابن شہاب زہری۔ اہل مکہ سے عمرو بن دینار، اہل بصرہ مین قتادہ اور یحییٰ بن ابی کثیر، اہل کوفہ مین ابو اسحاق اور اعمش، پھر ان چھ کا علم ان بارہ آدمیون مین پھیلا، اہل مدینہ مین امام مالک اور ابن اسحاق اور اہل مکہ مین ابن جریج اور ابن عیینہ اور اہل بصرہ مین سعید بن ابی عروبہ وحماد بن سلمہ وابوعوانہ وشعبہ ومعمر اور اہل کوفہ مین سفیان ثوری اور اہل شام مین امام اوزاعی اور واسطہ مین ہشیم پھر ان ائمہ کا علم تین آدمیون یحییٰ القطان یحییٰ بن زکریا۔ اور وکیع بن جراح مین سمٹ آیا، اور پھر ان تینون سے یہ امانت عبداللہ بن مبارک، عبدالرحمٰن بن مہدی اور یحییٰ بن آدم کی طرف منتقل ہوئی،[1]

یعقوب بن شیبہ فرماتے ہین کہ وہ ثقہ کثیر الحدیث اور بہت بڑے فقیہ تھے، حالانکہ ان کا سن بہت زیادہ نہین تھا، علی بن المدینی فرمایا کرتے تھے، کہ ان کے پاس علم تھا، ابو اسامہ فرماتے ہین، کہ مین جب یحییٰ بن آدم کو دیکھتا ہون تو امام شعبی یاد آجاتے ہین، یعنی وہ امام شعبی کی طرح جامع العلوم تھے، ابن سعد، یحییٰ بن معین، ابو حاتم، ابن حبان وغیرہ نے ان کی توثیق کی ہے یحییٰ بن ابی شیبہ کے الفاظ ہین کہ

ثقہ، صدوق، ثبت، حجۃ[2]، یحییٰ قابل اعتماد اور حجت تھے، ان کے علم وفضل کے متعلق ان ائمہ کی رائے سب سے بڑی سند ہے،

مسلک | ان کے زمانہ تک تعصب اور عامیانہ تقلید کا دور شروع نہین ہوا تھا، اور نہ اس وقت محدثین اور فقہاء اپنے کو اس لقب کو پسند کرتے تھے، بلکہ علماء قرآن اور حدیث کی روشنی مین اپنی بصیرت کے

---

[1] تذکرۃ الحفاظ جلد ۱ ص ۳۳۰ [2] ایضاً ص ۳۳۰، تہذیب التہذیب ج ۱۱ ص ۱۷۵،

مطابق فتوی دیتے تھے، اگر کسی مسئلہ مین وہ خود رائے قائم نہین کرپاتے تھے، تو ائمہ مین سے جن کی رائے انھین پسند ہوتی اس کو اختیار کرلیتے تھے، اس کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ اس زمانہ مین تشنگانِ علم بغیر کسی عصبیت اور تعصب کے مختلف شیوخ سے سماع حدیث مختلف الخیال فقہا کی خدمت مین جاکر تحصیل فقہ کرتے تھے اسلئے انھین کورانہ تقلید و رنگ نظری پیدا نہیں ہونے پاتی تھی، امام محمد حدیث مین امام مالک کے شاگرد تھے، اسد بن فرات اور امام شافعی نے امام محمد سے فقہ کی تحصیل کی تھی۔ خود امام ابوحنیفہ اور امام مالک کے درمیان علمی مذاکرے ہوتے رہتے تھے، امام احمد بن حنبل امام ابو یوسف کے شاگرد تھے، ایسی بہت سی مثالین پیش کی جاسکتی ہین،

یحییٰ بن آدم نے بھی مختلف الخیال محدثین اور فقہا سے تحصیل علم کی تھی ایک طرف وہ امام محمد سے روایت کرتے ہین، دوسری طرف حسن بن صالح ہین کو امام محمد سے شدید اختلاف تھا، خاص تلامذہ مین تھے، شاید یہی وجہ تھی کہ وہ کسی خاص امام کے مسلک کے پابند نہین ہوسکے، اور نہ انھون نے اپنی کتاب کو کسی خاص مسلک تک محدود رکھا۔ ان کے مسلک کے متعلق یہ کہنا زیادہ صحیح ہوگا کہ ان کا تعلق محدثین کی جماعت سے تھا۔ چنانچہ کتاب[۵۳] مین جہان جہان عندنا یا عند اصحابنا یا جماعۃ من اصحابنا وغیرہ کے الفاظ استعمال کئے ہین، اس سے بھی یہ پتہ چلتا ہے کہ مسائل مین ان کا نقطۂ نظر محدثانہ تھا،

---

[۵۳] اس وقت تک دو مسلک حنفی اور مالکی رواج پاچکے تھے یحییٰ اپنی کتاب مین دونون مین سے ہر ایک کی کسی جگہ موافقت اور کسی جگہ مخالفت کرتے ہین ۵۲ ص ۱۰، ص ۱۲۵، اور ص ۱۲۷ مین اس کی تصریح موجود ہے

تاریخ فقہ اسلامی

مصری عالم خضری کی تاریخ التشریع الاسلامی کا ترجمہ جس مین ہر دور کی فقہ اور فقہا پر مکمل اور ایسا تبصرہ ہے جس سے جدید فقہ کی ترتیب مین مدد مل سکتی ہے، قیمت :- ہے

"منیجر"

ادبیات

عیدِ قربان

از جناب سید محمود حسن قیصر امروہوی

اے مسلمان! ہو مبارک عید قربانی تجھے — یہ نشاطِ روح یہ تقریبِ ایمانی تجھے
نذر ہو تیری قبولِ بارگاہِ کردگار — جادۂ حق و صداقت پر رہے تو استوار

اوکہ تو ہے منزلِ عزم و عمل سے دور تر
عید قربان کے معانی سے نہیں تو بہرہ ور

تو سمجھتا ہے کہ چہرہ کی بشاشت عید ہے — پان کی لالی میں ہونٹوں کی طراوت عید ہے
عید کو سمجھا ہے تو ملبوس دیبا و حریر — عید ہے تیری نظر میں ایک جشنِ دلپذیر
بانک چوٹی، عطر، غازہ، طرۂ تاج و کلاہ — عید قربان کا یہی مقصد ہے کیا او کم نگاہ؟
کیا مذاقِ نغمہ و مے، لطفِ صحبت عید ہے؟ — مہوشوں کی بزم میں حرف و حکایت عید ہے؟
التفاتِ بت بہ طرزِ محرمانہ عید ہے — عشوہ و انداز و ناز دلبرانہ عید ہے؟
تو سمجھتا ہے شکوہ بادشاہی عید ہے — طنطنہ، نخوت، تبختر، کج کلاہی عید ہے؟
تندخوئی، تمکنت، عجب و تفاخر برتری — سچ بتا! کیا عید ہے مردِ مسلمان کی یہی

عید اک انعامِ ایزد ہے مجاہد کے لئے!
بندگیِ حق کا اک تمغہ ہے عابد کے لئے!

بندۂ زر کے لئے توقیر و خلعت عید ہے — مردِ حق کو غازۂ خونِ شہادت عید ہے
تودۂ نصرت، نوید کامرانی عید ہے — جرأتِ حق، عزم و ہمت کی جوانی عید ہے

آ دکھاتا ہوں تجھے اہلِ وفا کا حوصلا!
ہے منیٰ میں آج جشنِ عید قربانی بپا!

آ رہا ہے سر جھکائے ایک مردِ حق نیوش — رہروِ عزم و طلب، غازیٔ مجاہد سرفروش
شاد و خرم مطمئن، بشاش، خنداں سرخرو — موجزن رُخ پر نشاطِ کامرانی کا لہو
سرو قامت، نرم سیر، آہستہ رو، فرخندہ گام — پاک طینت، پاک باطن، پاک دل نیکو مرام
رُخ پہ گردِ راہ منزل غازۂ رویِ حیات — ماتھے پر قطرے عرق کے آبروئے کائنات
صرصرِ باطل میں وہ ایمان کا تابندہ چراغ — شرک کی محراب میں اخلاص کا روشن ایاغ
پیاس سے سوکھے ہوئے لب ذکرِ حق سے تر زبان — قوتِ کونین بازو میں بظاہر ناتوان
حرفِ شکرِ حق زبان پر، ہاتھ میں تیغ و رسن — قلزمِ اخلاص کا سینہ میں طوفان موج زن
مرضیِ مولا کو تاجِ مکرمت سمجھے ہوئے — حکمِ ذبحِ نخت دل کو مرحمت سمجھے ہوئے
ضبط کے ماتھے پہ ہمت نے شکن آنے نہ دی — بے تامل پھیر دی بیٹے کی گردن پر چھری
رہ گئے ششدر ملک، تھرا اٹھے ارض و سما — غش ہوئے لوح و قلم، بننے لگا عرشِ خدا

ساحتِ تقدیس میں گونجی صدائے آفریں
جھک گئی عزمِ خلیلی پر دو عالم کی جبیں

غزل

جناب شفیق صدیقی جونپوری

وہ سعیِ ضبط کبھی، آہ ناتمام کبھی — خدا دکھائے نہ دشمن کو بھی وہ شام کبھی

روان دواں ہے شب و روز قافلہ اپنا
ہوا نہ فیصلۂ منزل و مقام کبھی

چمن کے پھولوں میں بھی اب نہیں وہ رنگینی
تھے آشیانے کے تنکے بھی لالہ فام کبھی

یہ کہہ کے آخری محفل میں رو دیا ساقی
کہ پی لو آج سے ہوگا نہ دور جام کبھی

انہی کے ساتھ گئی ان کے شہر کی رونق
گلی گلی تھی معطر کنِ مشام کبھی

طوافِ خیمۂ محبوب کو زمانہ ہوا
وہ بھولتی نہیں وادی کی صبح و شام کبھی

ہزار بار گئی تا درِ حبیب صبا
نہ لے گئی دلِ بیمار کا پیام کبھی

مہک رہے ہیں ابھی تک مری در و دیوار
بکھر گیا تھا وہ گیسوئے مشک فام کبھی

عجب طویل کہانی ہے اے مرے قاصد
کہ ساری عمر لکھوں خط نہ ہو تمام کبھی

نسیمِ صبح ہمارا سلام کہہ دینا
اگر ملے وہ نگارِ چمن مقام کبھی

کبھی کبھی وہ جگہ یاد آ ہی جاتی ہے
جہاں ہوئی تھی مری قافلے کی شام کبھی

ہم اجنبی نہیں اے ساکنانِ کوچۂ دوست
اسی گلی میں ہمارا بھی تھا قیام کبھی

سلام رہ گذرِ شوق کی ہواؤں کو
اسی طرف سے گیا تھا وہ خوشخرام کبھی

نہ میرے خانۂ ویران میں چاندنی آئی
نہ بن سکا کوئی جگنو چراغِ شام کبھی

خوشی گلے سے لگانے کو بار بار آئی
گیا نہ دل سے تری غم کا احترام کبھی

شفیق سے بھی ہیں یارانِ میکدہ واقف
یہ پاکباز ہوا تھا شریکِ جام کبھی

باب التقریظ والانتقاد

ترجمان السنۃ

"از مولانا بدر عالم صاحب، تقطیع بڑی ضخامت ۵۹۲ صفحے، کاغذ کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد بارہ روپئے، غیر مجلد دس روپے، پتہ: ندوۃ المصنفین دہلی،

ندوۃ المصنفین دہلی بہت دنوں سے اسلامی لٹریچر کی قابلِ قدر خدمت انجام دے رہا ہے حال مین ایک تازہ کتاب ترجمان السنۃ، شائع ہوئی ہے، اس کے مؤلف استاذ الحدیث مولانا محمد بدر عالم صاحب ہین، انھون نے موجودہ زمانہ کی ضروریات کو ملحوظ رکھتے ہوئے، احادیث کی نئی تبویب فرمائی ہے، خدا ان کو جزاے خیر دے، اور دوسرے اہلِ علم کو اُن کی تقلید کی توفیق عطا فرمائے، مصنف نے پیش لفظ مین نئی تبویب کی ضرورت بتاتے ہوئے ٹھیک فرمایا ہے کہ

"اگر امام بخاری اس زمانہ مین ہوتے، تو اپنی مجتہدانہ شان، دقت رسی، دقیقہ سنجی، اور امت کی ضرورتون کے متعلق صحیح نبض شناسی اور دردمندی کی وجہ سے اپنے بابرکت ترجموں اور عنوانون کا رُخ جمعیت واعتزال کی تردید کے بجائے یقیناً انھی مسائل کی طرف پھیر دیتے، جو ہمارے وقت کے الجھے ہوئے مسائل کہلاتے ہین" (ص ۱۱)

یہ بالکل صحیح ہے کہ زمانہ کی ضروریات کے پیشِ نظر فقہ وحدیث کی نئی تبویب نہایت ضروری ہے، اسلام ہماری تمام مشکلات کو حل کرسکتا ہے، اور کوئی الجھا ہوا مسئلہ ایسا نہین ہے جس کے سلجھانے سے

احادیث شریفہ عاجز ہون ضرورت ہے کہ عہد حاضر کے مسائل اور شریعت دونون سے یکسان واقفیت رکھنے والے اصحاب صرف مسلمانون ہی کے مفاد کے لئے نہین بلکہ تمام عالم کی بھلائی کے لئے احادیث و فقہ کی از سر نو ترتیب و تبویب مین فاضل مصنف کا ہاتھ بٹائین، یہ کام ایسا نہین ہے جس کو تنہا ایک شخص انجام دے سکے

فاضل مؤلف نے پیش لفظ مین اعتراف کیا ہے کہ انھون نے احادیث کے قبول کرنے مین نہ اتنی وسعت اختیار کی ہے کہ احادیث موضوعہ تک اس مین شامل ہو جائین، نہ اتنی شدت برتی ہے کہ احادیث کا ذخیرہ تلاش کرنا مشکل ہو جائے، جن احادیث کو کسی معتمد محدث نے صحیح یا حسن قرار دیا ہے، ان کو قبول کیا ہے، مؤلف کا یہ اصول درست ہو اور اس کی مقبولیت پر انھون نے جو دلیلین دی ہین، وہ بجا ہین لیکن یہ زمانہ شکوک اور شبہات کا ہے، اس لئے ہم کو قبول احادیث مین مشکلین کا بھی لحاظ رکھنا ضروری ہے جو احادیث صحیحین سے ماخوذ ہین، ان کا حوالہ کافی ہے لیکن ترمذی کی حدیثون کے ساتھ (رواہ الترمذی) لکھنا کافی نہین ہے بلکہ ان پر امام ترمذی نے جو حکم لگایا ہے، وہ بھی نقل کرنا چاہئے تھا، اور کتابون کی احادیث کے متعلق یہ بتانے کی ضرورت نہین ہے، کہ اس کے حسن یا صحیح ہونے پر کس امام نے نص فرمائی ہے، امید ہے کہ آیندہ اشاعت کے وقت فاضل مصنف اس کو ملحوظ رکھین گے، چونکہ معذرت مین مؤلف نے عجلت کا ذکر کیا ہے، اس لئے یہ کوتاہی سردست قابل درگذر ہے،

صفحہ ۲۱ سے لے کر ۳۱ تک مؤلف نے حدیث افتراق امت کی اسناد اور اس حدیث کی صحت کے معنوی قرائن پر نظر ڈالی ہے، اس باب مین جو کچھ لکھا ہے، وہ قابل قدر ہے، اس سلسلہ مین ص ۳۰ پر ابو واقد لیثی کی ایک حدیث کا ترجمہ دیا ہے، اس مین غالباً طباعت کی غلطی سے حدیبیہ کی جگہ خیبر چھپ گیا ہے، چونکہ مؤلف نے حدیث کا حوالہ اس جگہ نہین دیا ہے، اس لئے ہم تحقیق نہ کر سکے، کہ یہ غلطی طباعت کی ہے، یا کسی روایت ہی مین حدیبیہ کے بجائے خیبر ہے، اگر اصل روایت مین خیبر ہے، تب بھی حاشیہ مین اصلاح ضروری تھی کیونکہ جس درخت کا ذکر ہے، وہ ذات انواط کہلاتا تھا، اور کہ اور

حدیبیہ کے درمیان واقع تھا نہ کہ مدینہ اور خیبر کے درمیان،

ص ۳۲ سے ص ۶۰ تک مصنف نے لفظ اختلاف کی توضیح فرمائی ہے، پھر ص ۸۰ تک فرقہ ہائے مختلفہ کی تعیین کی سرخی کے تحت یہ بتایا ہے کہ ان فرقوں کی کسی حدیث میں تعیین نہیں کی گئی ہے، صفحہ ۹۰ سے ص ۹۱ تک فرقہ ناجیہ کی تعیین فرمائی ہے لیکن ان باتوں کا ذکر مقدمہ کے بجائے، وہاں جانا چاہئے تھا، جہاں اصل مجموعہ میں یہ حدیث ہے، ص ۹۲ سے ص ۱۰۲ تک حجیت حدیث پر سیر حاصل تبصرہ کیا ہے، جہاں تک مسلمانوں کا تعلق ہے، یہ تبصرہ اُن کے لئے یقیناً مفید ہے، اور ان متشککین کے خیالات کی اصلاح کے لئے کافی ہے، جن بعض منکرین حدیث کی تحریروں نے اثر ڈالا ہے لیکن ہمارے خیال میں حجیت حدیث کے منکروں کو سمجھانے کے لئے اس تصور کے ساتھ بحث کا آغاز نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ یہ ایک اندرونی فتنہ ہے، جو ہمارے افراد کے دلوں سے ابھرا ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ یورپ کے بعض اہل قلم نے ہمارے قدیم علماے جرح و تعدیل کی شدید نکتہ چینیوں سے غلط فائدہ اٹھا کر سرے سے مسلمانوں کی تمام روایات کو خود مسلمانوں کے اعتراف کی سند سے ناقابل تسلیم قرار دیا، ضرورت اس بات کی ہے کہ مسلمانوں کا اصول روایت اور خبروں کے قبول و رد کے اصول کو ایک سائنس کی صورت میں پیش کیا جائے، اور یورپ اور دیگر اقوام کی تاریخیں جس پایہ کی خبروں سے مرتب کی گئی ہیں، ان سے مقابلہ کرکے دکھایا جائے کہ احادیث مقبولہ کی صحت کا جو معیار ہے وہ تو الگ ہے، جن احادیث کو منکر اور بے اصل کہا جاتا ہے، اُن کے معیار پر بھی اگر غیر اقوام کی تاریخ کے مسلمات کو تولا جائے، تو اُن کا ایک بڑا حصہ کالعدم ہو جائے گا، ان میں بہت کم تاریخی واقعات ایسے ملیں گے جن کی سند مسلسل شہریت اقعہ تک پہنچائی جا سکے، مثلاً یہ بات تو اسلامی معیار پر ثابت ہو سکتی ہے کہ سکندر نے ہندوستان پر حملہ کیا، کیونکہ وہ متواتر خبر ہے، باقی اس کی تفصیلات مجہول راویوں کے بیانات ہونے کی وجہ سے ناقابل قبول قرار پائیں گی، ہماری احادیث کی حجیت کو مسترد کرنے کے بعد اقوام عالم کو اپنا تمام سرمایۂ سلف مسترد کر دینا ہوگا، حجیت حدیث کے خلاف اور جتنی باتیں کہی جاتی ہیں، وہ سب تعلیل کلام ہیں، اصل حقیقت

صرف یہ ہے کہ منکرین حدیث ان علماے مغرب سے متاثر ہیں، جو نامعلوم ماضی کے نامعلوم نقاشوں کے کندہ کئے ہوئے کتبات اور افسانوں کو سلجھا کر ان کے اندر سے برآمد کئے ہوئے معلومات سے تو ماضی بعید کی تاریخی صداقتیں پیش کرتے ہیں، مگر اُن کے نزدیک مسلمانوں کی روایت محض روایت ہے،

صفحہ ۱۹۳ سے صفحہ ۲۱۸ تک اسلام میں تنقید و تبصرہ کی توضیح ہے، اس باب میں مصنف نے جو کچھ لکھا ہے وہ قابلِ تحسین ہے لیکن کاش مولف نے حجیت حدیث اور خبر واحد پر جتنا وقت صرف کیا ہے، اتنا ہی نقد و تبصرہ پر بھی صرف کرتے، اسی چیز کو زیادہ پھیلا کر بیان کرنے کی ضرورت تھی، خبروں کے رد و قبول کا جو آئین قرآن و حدیث اور عقل و استدلال سے مسلمانوں نے مرتب کیا ہے، اس کو نئے پیرایہ میں پیش کرنا ضروری تھا، اس سے ہماری روایات کا درجۂ اعتماد لوگوں کو معلوم ہوتا، روایات اور بیانات کے قبول و رد کا اسلامی آئین ہم بالکل بھول گئے ہیں، یہی وجہ ہے کہ جو شخص جتنا زیادہ سفید جھوٹ بول سکتا اور اُسے شہرت دے سکتا ہے اسی قدر زیادہ کامیابی کے ساتھ قوم کو اپنی راہ پر لگا دیتا ہے، علماے اسلام کا اقوامِ عالم پر یہ بڑا احسان ہوگا، اگر وہ اپنی اس میراث کو صرف اپنی ملک قرار دینے کی بجائے وقفِ عام کر دیں، اور خبروں کے قبول و رد کے آئین کو معقول دلیلوں سے مزین کر کے دنیا کے سامنے پیش کر دیں،

ص ۲۱۹ سے ۲۷۲ تک فقہاے اربعہ اور کچھ محدثین کے تذکرے ہیں، اس کے بعد اصل کتاب شروع ہوتی ہے، سب سے پہلے کتاب التوحید کے ماتحت ۶۰ حدیثیں نقل کی گئی ہیں، اور ہر حدیث کا اردو ترجمہ بھی ہے، حاشیہ پر متعدد حدیثوں کے اہم نکات کی تشریح کی گئی ہے، اس کے بعد ایمان بالرسول سے متعلق احادیث ہیں (ص ۲۲۶) کتاب الایمان میں اگر آمنتُ باللہ و ملائکتہ و کتبہ و رسلہ کی ترتیب ملحوظ رکھی جاتی تو زیادہ بہتر ہوتا، خاتم النبیین کے ذکر سے پہلے انبیا کا مختصر ذکر مناسب تھا، موجودہ زمانوں کی بحثوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے ختمِ نبوت پر دلالت کرنے والی حدیثوں پر مؤلف نے خاص توجہ دی ہے، اور حواشی میں مقدور بھر اختصار کے ساتھ اُن کی عمدہ شرح کی ہے،

اس باب کی حدیث نمبر ۸ کے نیچے عربی میں جو تبصرہ ہے، اس کا ترجمہ اردو میں ہونا چاہئے تھا، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس تبصرہ کا اضافہ مؤلف نے عین طباعت کے وقت کیا ہے، اس بحث میں ترمذی والی حدیث تو میرے نزدیک صحیح ہے، یہ واقعہ ہے کہ بغض عرب بغض رسول بن جاسکتا ہے، مگر بیہقی والی حدیث کی صحت پر مجھے شک ہے، لیکن یہ صرف میری اپنی رائے ہے،

حدیث نمبر ۹ کے ترجمۃ الباب کے مفہوم سے تو نہیں مگر لفظ "ارتکاب العاصی لا ینافی محبۃ اللہ و رسولہ" سے اختلاف کی گنجایش ہے، شروع شروع میں جب شراب حرام ہوئی تھی، تو شراب کے پرانے عادی بھولے سے شراب پی لیتے تھے، پھر خود ہی اپنے کو سزا کے لئے پیش کرتے تھے، ان کا نسیان "لم" کی قسم میں داخل تھا نہ کہ عصیان اور نافرمانی کی قسم میں، اس کے باوجود مصنف کو اپنی رائے کی آزادی کا حق ہے،

ختم نبوت کی حدیث کے بعد مؤلف نے (صفۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی التوراۃ) کے ماتحت چند حدیثیں نقل کی ہیں، ظاہر ہے کہ اس قسم کی حدیثوں کے صحیح مخاطب اہل کتاب ہیں، ہم مسلمانوں کا ایمان بالنبی الامی توراۃ اور انجیل کی بشارتوں پر مبنی نہیں ہے، بلکہ کتب سابقہ اور انبیاء سلف پر ہم جو ایمان رکھتے ہیں وہ آخری کتاب اور آخری رسول پر ایمان کا نتیجہ ہے، مؤلف کو چونکہ ضروریاتِ زمانہ کا احساس ہے اسلئے ہم کو توقع تھی کہ حاشیہ میں ان احادیث کی تصدیق بائبل سے دکھائی ہوگی لیکن حاشیہ اتنا تشفی بخش نہیں ہوسکتا، کہ ایک غیر مسلم اُن احادیث کی صداقت کا قائل ہوسکے، واقعہ یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص اور کعب بجلی کے اقوال جن سے ان ابواب کا آغاز کیا گیا ہے، بائبل کے کسی ایک صحیفہ میں یکجا نہیں ملیں گے، ان اقوال میں متعدد صحیفوں کے مجموعی مضمون کا خلاصہ مذکور ہے،

ایسی حدیثیں جن کا مقصد حجیت حدیث کے منکروں کو قائل بھی کرنا ہے، اگر کسی کتاب میں لکھی جائیں تو اُن کے مطابق واقعہ ہونے کا ثبوت بھی دینا چاہئے،

اس کتاب کی تبویب، ترجمہ، اور تشریح میں مؤلف نے کافی محنت، دماغ سوزی اور خلوص سے

کام لیا ہے، مین نے جو چند مشورے دیے ہین، اُن سے کتاب کی قدر پر کوئی اثر نہین پڑتا، مسلمانون کے لئے اس کا مطالعہ نہایت مفید ہے،

مراۃ الشعراء ۱-ج

مرتبہ جناب مولوی محمد یحییٰ صاحب تنا تقطیع بڑی ضخامت ۵۰۰ صفحے، کاغذ سپید کتابت وطباعت معمولی قیمت مجلد دس روپیے، پتہ شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور،

مصنف اردو زبان کے پرانے اور مشہور خدمت گذار ہین، نثر اردو کی تاریخ پر سیر المصنفین ان کی معروف ومقبول تالیف ہے، اب انھون نے مراۃ الشعراء کے نام سے، اردو شاعرون کا تذکرہ مرتب کیا ہے، اردو مین تذکرون کی کمی نہین ہے، پرانے تذکرون کو چھوڑ کر آب حیات، گل رعنا، شعر الہند، تاریخ ادب اردو سکسینہ، اور خمخانۂ جاوید جدید دور کے مشہور تذکرے ہین، حیدرآباد مین دکنی شعراء کے مستقل تذکرے لکھے گئے ہین، اُن کے علاوہ درسی ضرورت کے لئے اردو نظم ونثر کی متعدد مختصر کتابین لکھی گئی ہین، اس طرح اردو شاعری پر معلومات کا کافی وافر ذخیرہ فراہم ہوگیا ہے، تاہم اس موضوع پر تلاش وتحقیق کا سلسلہ برابر جاری ہے، اور ہر تذکرہ نگار کا ذوق اور نقطۂ نظر جدا ہوتا ہے، اس لئے اس موضوع پر لکھنے کی گنجائش باقی ہے، مصنف کی تحریر کے مطابق اُن کے تذکرہ کی خصوصیات یہ ہین،

"اس میں بہت سے ایسے شعراء کا اضافہ ہے، جو تذکرون مین جگہ پانے کے لائق تھے، لیکن گذشتہ تذکرہ نگارون نے کسی سبب سے ان کو نظر انداز کر دیا، شاعرون کے حالات مختصر بیان کئے گئے ہین، لیکن انکے کلام پر کافی بحث ہے، اور اُن کی خوبیان اور برائیان من وعن ظاہر کی ہین، اور ان کا پورا کلام پڑھنے کے بعد ان کے بہترین شعر آخر مین درج کئے ہین اور دور کے لحاظ سے بھی گذشتہ تذکرون کی ترتیب سے فرق ہوگیا ہے"

تذکرہ کے شروع مین اردو زبان کی مختصر تاریخ اور اردو شاعری کے اصناف پر نقد وتبصرہ ہے،

اس کے بعد اصل تذکرہ شروع ہوتا ہے، جو ولی دکھنی سے شیفتہ تک چھ دورون، اور ہر دور دو طبقون اول و دوم مین تقسیم ہے، ہر دور کے شعرا، کے مختصر حالات اُن کے کلام کی خصوصیات اور اُن کے محاسن و معائب پر تبصرہ اور اشعار کا انتخاب ہے، ہر دور کی شاعری کی خصوصیات بھی تحریر کی گئی ہین جس سے اردو شاعری کے عہد بعہد کے تغیرات و خصوصیات اور ترقی کی تاریخ سامنے آجاتی ہے، اردو زبان کی تاریخ کے سلسلہ مین مصنف نے کوئی نئی بات نہین پیش کی ہے، بلکہ ان تمام معلومات کو جو اب تک حاصل ہو چکے ہین، سلیقہ کے ساتھ مرتب کر دیا ہے، شعرا، کے کلام کی خصوصیات اور تنقید مین اپنے ذوق سے بھی کام لیا ہے، اور گذشتہ تذکرہ نگارون کی رایون سے بھی استفادہ کیا ہے، اردو شاعری کی تنقید مین اس کے وہ نقائص جو مولانا حالی نے مقدمہ مین لکھے ہین، یا نئے طبقہ کی جانب سے اس پر جو عام اعتراض کئے جاتے ہین، انہی کو خفیف ردّ و بدل کے ساتھ دہرا دیا ہے، مثلاً "اردو شعرا کے دل قوم کے درد سے اور اسلامی اخوت سے خالی تھے، انھون نے قوم کو زندگی کا کوئی پیام نہین دیا، اردو شاعری محض فارسی کی نقالی ہے، بے مقصد ہے، ولی اور اُن کے متبعین نے رنگین طبیعتون کو ہوا و ہوس کا پیغام دیا، جس کی بنا پر محمد شاہ اور پوری قوم عیش پرستی مین مبتلا ہو گئی، اور تغزل اور قصیدہ نگاری نے ارکان حکومت کو فکر سلطنت سے آزاد کر دیا، اور تمام قوم مین تغزل سرایت کر دیا، شاعری کو سوسائٹی کا تابع نہ ہونا چاہیے بلکہ اسکی اصلاح کرنی چاہیے مسلمانون کی تباہی کا سبب غزل سرائی ہے اس لئے غزل کو ترک کر دینا چاہیے، اور مغربی اصلاح کے ساتھ قصیدہ اور مثنوی کو ترقی دینا چاہیے، اور خیالات مین مغربی شاعری کی تقلید کرنی چاہیے" (ملخصاً)

اور اعتراضات بھی اسی قبیل کے ہین، یہ اعتراضات صحت سے خالی نہین ہین لیکن ان مین غلط بحث زیادہ ہے، اس مین کوئی شبہہ نہین کہ پرانی اردو شاعری مین بعض نقائص ہین، جن کا مصلحین ادب کو عرصہ سے احساس ہے، اور اب ان کی اصلاح بھی شروع ہو گئی ہے، اور اس کی خامیان دور ہو چکی ہین اور

ابھی بعض نقائص باقی ہین جن کی اصلاح خود حالات کر رہے ہین لیکن مصنف کا یہ خیال صحیح نہین ہے کہ "ولی اور ان کے متبعین کے پیام بوالہوسی سے محمد شاہ اور پوری قوم عیش پرستی مین مبتلا ہوگئی اور تغزل اور قصیدہ نگاری نے ارکان حکومت کو فکر سلطنت سے آزاد کر دیا" اور مسلمانون کی تباہی کا سبب غزل سرائی ہے"

درحقیقت تغزل یعنی عاشقانہ جذبات سے دنیا کی کسی قوم اور کسی زبان کی شاعری خالی نہین بلکہ یہانتک کہا جاسکتا ہے کہ اسی جذبہ نے شاعری کو پیدا کیا، یا کم از کم اس کو ترقی دی یہ اور بات ہے کہ مختلف زبانون کی شاعری مین اس کے اظہار کے طریقے مختلف ہون، ولی اور اُن کے متبعین کے پیام بوالہوسی اور قصیدہ و غزل کے اثر سے محمد شاہ اور مسلمان قوم عیش پرستی مین مبتلا نہین ہوئی، بلکہ اس سے بہت پہلے مبتلا ہو چکی تھی، تغزل اور قصیدہ نگاری سے نہ ارکان حکومت فکر سلطنت سے آزاد ہوئے ہین، اور نہ کوئی قوم عیش پرستی مین مبتلا ہوتی ہے، اس کا سبب غفلت و جمود، بے عملی اور دوسرے طبعی اسباب ہوتے ہین، مصنف کا یہ نظریہ تو تاریخی واقعات کے سراسر خلاف ہے، یہ مصنف کو تسلیم ہے کہ اردو شاعری تمامتر فارسی شاعری کی نقل ہے، اس لئے یہی اثرات فارسی شاعری اور تغزل کے بھی ہونے چاہئین، حالانکہ عربی اور فارسی دونون زبانون کی شاعری کی اصلی ترقی کا زمانہ جو زیادہ تر قصیدہ اور غزل و نسیب پر مشتمل ہے، وہی ہے، جو اسلامی حکومتون کے عروج کا ہے، بلکہ مسلمان حکمرانون ہی کی قدردانی سے شاعری کو فروغ حاصل ہوا، بنی امیہ کے عہد سے لے کر تیموریون کے خاتمہ تک تمام مسلمان حکمران خاندان اور انکے بیشتر فرمانروا خود بھی شعر و ادب کا ذوق رکھتے تھے، اور شاعرون کے قدردان اور سرپرست تھے، عربی اور فارسی دونون زبانون کے تمام نامور شعراء اخطل جریر و فرزدق سے لے کر ابن الرومی، بحتری، ساجی، اور ابن العلاف تک اور رودکی اور دقیقی سے لیکر غنی کاشمیری اور ناصر علی سرہندی تک اپنے اپنے زمانہ کے سلاطین کے درباروں سے وابستہ یا کم از کم اُن کی فیاضیون سے بہرہ یاب تھے، حتی کہ حکیم سنائی، نظامی گنجوی، اور شیخ سعدی جیسے شعراء

کا بھی کچھ نہ کچھ سلاطین سے تعلق رہا تھا، اور عربی و فارسی کے تمام بڑے بڑے شعراء غزل گو بھی تھے، اور قصیدہ نگار بھی، ان میں سے بہتوں کی تغزل کی رنگینی اردو غزل سے بھی بڑھ کر تھی لیکن اُن کی غزل سرائی اور قصیدہ نگاری نے نہ ان سلاطین کو فکر سلطنت سے آزاد کیا اور نہ مسلمانوں کو عیش پرست بنایا۔ بلکہ یہی زمانہ مسلمانوں کے اوجِ شباب کا تھا۔ اور غزل اور قصیدہ کے قدردان سلاطین فوجوں کے سپہ سالار، ملکوں کے فاتح، اور جہانگیر و جہاندار تھے، شاعری اور شعراء کا سب سے زیادہ قدردان اور سرپرست محمود غزنوی تھا جس نے سب سے پہلے اپنی حکومت میں شاعری کا مستقل محکمہ قائم کیا، اور اس کے عہدہ دار مقرر کئے، کئی سو شعراء اس کے دامن دولت سے وابستہ تھے، یہی حال ہر دور میں رہا خود تیموریوں کے عہد میں فارسی شاعری کی ترقی کا زمانہ وہی ہے، جو تیموریوں کے عروج کا ہے، فیضی، عرفی، نظیری، طالب آملی، قدسی، ابو طالب کلیم، صائب، ناصر علی سرہندی اور غنی کاشمیری وغیرہ بڑے بڑے شعراء اکبر سے لے کر اورنگ زیب تک کے زمانہ میں پیدا ہوئے۔ عربی اور فارسی شاعری کا بہترین ذخیرہ مسلمانوں کے عہد عروج اور نامور سلاطین کی قدردانی کی یادگار ہے اسلئے یہ کہنا کہ قصیدہ نگاری اور تغزل نے مسلمان سلاطین کو فکر سلطنت سے آزاد اور مسلمانوں کو عیش میں مبتلا کیا صحیح نہیں ہے۔ قصائد تو ان سلاطین کی یادگار ہیں جن کی تلواروں نے دنیا کا نقشہ بدل دیا تھا۔ اس لئے قصائد سے بہادر شاہ کی شان میں ذوق اور غالب کے قصائد کیوں مراد لئے جائیں۔ اصلی قصائد تو محمود غزنوی سلطان سنجر، الپ ارسلان، ملک شاہ، اکبر و شاہجہان اور دوسرے نامور سلاطین کی یادگار ہیں اور قصائد کی ترقی کا اصلی دور یہی تھا۔ گو یہ قصائد مبالغہ سے خالی نہیں لیکن ان نامور سلاطین کے کارنامے اُن کے مستحق تھے، باقی ہر چیز کی طرح قصائد کی بھی اصلی روح رفتہ رفتہ غائب ہو گئی، اور محض نقالی رہ گئی اور جب وہ اولوالعزم اور نامور سلاطین اور وہ قصیدہ نگار شعراء بھی نہ رہ گئے تو قصیدہ نگاری کی اصلاح کا اب کیا سوال ہے، اب قصائد لکھے کس کے لئے جائیں گے،

درحقیقت مصنف نے اردو شاعری کی تنقید میں نتیجہ کو سبب قرار دیدیا ہے، یعنی سلاطین کی غفلت

اور مسلمانون کے تعیش اور ان کی تباہی کا سبب قصیدہ اور غزل نہین بلکہ اُن کی غفلت، بے عملی اور تن آسانی نے ان کو پہلے سے عیش پرست اور لطف و تفریح کے مشاغل مین مبتلا کر دیا تھا جن مین ایک شاعری اور تغزل بھی ہے، ورنہ جہد و عمل کے ساتھ قصیدہ اور غزل سے کوئی نقصان نہین پہنچتا، بلکہ افکار و خیالات کی تہذیب، ذوق کی لطافت اور تہذیب معاشرت کی نفاست کے لئے شعر و ادب ضروری ہے، البتہ جو قوم زندگی کی جد و جہد چھوڑ کر محض شعر و شاعری مین پڑ جائیگی۔ تو اس کا لازمی نتیجہ تباہی ہے، اس مین شاعری کا قصور نہین،

درحقیقت اردو شاعری پیدا اس زمانہ مین ہوئی، جب مسلمانون پر زوال طاری ہو چکا تھا، حکومت کا شیرازہ بکھر چکا تھا۔ اور شمالی ہند مین اردو شاعری کا آغاز محمد شاہی دور سے ہوا، جب مسلمانون کا اخلاقی مزاج بگڑ چکا تھا۔ اور وہ عیش پرستی مین مبتلا ہو چکے تھے، اور خواہ مصنف کو اس سے اختلاف ہو لیکن یہ واقعہ ہے کہ شعر و ادب سوسائٹی کے حالات کے تابع ہوتے ہین، جو رنگ سوسائٹی کا ہوگا، اسی کا پرتو شاعری مین نظر آئے گا، اس لئے اردو شاعری مین بھی مسلمانون کی زوال پذیر اخلاقی حالت کے اثرات نمایان ہوئے، اس سے انکار نہیں۔ کہ ہر زمانہ مین ایسے روشن ضمیر مصلحین پیدا ہوتے ہین، جو عوام کے ساتھ نہین بہتے، بلکہ ان کو اپنے راستہ پر چلانے کی کوشش کرتے ہین لیکن اس درجہ کے مصلحین طبقہ خواص یعنی علماء اور حکماء مین پیدا ہوتے ہین، اور اس دور کے شعراء مین کوئی اس درجہ کا نہ تھا، حکیم سنائی، خواجہ فریدالدین عطار اور مولانا روم اور اقبال جیسے مصلح اور مجدد شعراء کہیں صدیون مین پیدا ہوتے ہین مصنف نے کم از کم ہندوستان مین اس کے خلاف جو مثالین دی ہین، وہ صحیح نہین ہین، اوّلاً حالی اور اکبر وغیرہ پیشہ ور شاعر نہین، بلکہ طبقۂ خواص مین تھے، اور انھون نے شاعری کو اپنے خیالات کی اشاعت کا ذریعہ بنایا تھا، دوسرے وہ پرانی بوسیدہ سوسائٹی کی نہین، بلکہ نئے دور کی پیداوار تھے، ۱۸۵۷ء کے بعد پرانی بساط الٹ چکی تھی، نئی حکومت، نئے علوم اور نئی تحریکون کے اثر سے خیالات بدل چکے تھے،

اور ایک نئے دور کا آغاز ہو گیا تھا۔ حالی، اکبر اور شبلی، اسی دور کے نقیب اور اقبال اس کے خاتم الشعراء تھے، ان علماء و مجتہدین کے زمرہ مین اس دور مین بھی حضرت شاہ ولی اللہ حضرت سید احمد بریلوی اور مولانا اسماعیل شہید پیدا ہوئے، جنھون نے مسلمانون کی اصلاح و تجدید اور ان کو ابھارنے کی کوشش کی،

اس مین شبہہ نہین کہ شاعری قومی و ملی جذبات کو ابھارنے کا ایک موثر ذریعہ ہے، لیکن اردو کیا عربی اور فارسی کی شاعری بھی جس کی وہ متقدمہ ہے، اس قسم کے خیالات سے خالی ہے اپنے زمانہ مین اندلس اور بغداد کی خلافتون کے زوال کا واقعہ دنیاے اسلام کے لئے تیموریون کے زوال سے زیادہ اہم اور دردانگیز تھا، لیکن ان کے دو چار مرثیون کے علاوہ عربی اور فارسی مین اور کوئی قومی و ملی نظم نہین مل سکتی، اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اولاً اس زمانہ مین اس قسم کے قومی و ملی جذبات مسلمانون مین عام طور سے پیدا نہین ہوئے تھے، اور جس طبقہ مین تھے، تو اُن کے اظہار کا ذریعہ نظم کے بجاے نثر تھی،

عربی اور بالخصوص فارسی شاعری مین مروجہ اصناف اور اس کے خیالات سے ہٹ کر حکیمانہ اور عارفانہ خیالات بسنجیدہ اور بلند شاعری کا جوہر سمجھے جاتے تھے، چنانچہ یہ خیالات ابتدا سے فارسی شاعری مین موجود ہین، اور اس مین حکیم سنائی خواجہ فریدالدین عطار، شمس تبریز، مولانا روم، اوحدی کرمانی، ابوسعید ابوالخیر، عمر خیام، اور عراقی وغیرہ بڑے بڑے حکیم اور فلسفی شعراء پیدا ہوئے، اردو شاعری بھی اس سے خالی نہین ہے، لیکن اس کے ابتدائی دور مین اس کا اثر بہت کم ہے، اس کی وجہ یہ ہے، کہ فارسی شاعری مسلمانون کے دور عروج مین پیدا ہوئی، اور صدیون ترقی کرتی رہی، اس لئے اس مین بڑے بڑے حکیم شعراء پیدا ہوئے، اس کے مقابلہ مین اردو اولاً مسلمانون کے دور زوال کی پیداوار ہے، جب ان کی دماغی و ذہنی صلاحیتین اور اس کا جوش و ولولہ ختم ہو چکا تھا، دوسرے اس کی عمر بہت تھوڑی تھی، اور ابتدائی عمر مین بلند خیالات کی گنجایش بہت کم تھی، لیکن اس کی عمر جس قدر بڑھتی گئی، خیالات مین تنوع، گہرائی، اور بلندی پیدا ہوتی گئی، اور خود غزل

مین بھی جو مصنف کے نزدیک سب سے مطعون صنف ہے، حکیمانہ خیالات آتے گئے، ہر شاعر کے کلام مین ایسے کچھ نہ کچھ اشعار نکل آئین گے، اور خواجہ میر درد، غالب، اور آتش وغیرہ کا کلام تو حکیمانہ اور عارفانہ خیالات سے معمور ہے، اس کے علاوہ رباعی جو حکیمانہ اور اخلاقی خیالات کے لئے مخصوص ہے، وہ ابتداء سے اردو شاعری مین موجود ہے، اس لئے اردو شاعری سنجیدہ اور بلند خیالات سے کسی زمانہ مین یکسر خالی نہین رہی ہے،

درحقیقت فارسی کی طرح اردو شاعری مین بھی مختلف اصناف ہین، جو مختلف جذبات و خیالات کے لئے مخصوص ہین، مختصر عاشقانہ جذبات و قلبی واردات اور دوسرے مختلف تاثرات کے لئے غزل ہے، مسلسل معاملہ بندی کے لئے واسوخت، مدح کے لئے قصائد، جذبات غم کے اظہار کے لئے مرثیہ مسلسل داستان کے لئے مثنوی، مختصر حکیمانہ اور اخلاقی خیالات کے لئے رباعی، اسی طریقہ سے مختلف اصناف مختلف چیزون کے لئے مخصوص ہین، اس لئے ایک کی خصوصیات دوسرے مین تلاش کرنا خود اپنی غلطی ہے، البتہ ان سب کے حدود ہین، جن سے تجاوز کرنا صحیح نہین ہے، مثلاً اگر کوئی شاعر عاشقانہ جذبات کو بازاری پھکڑ بنا دیتا ہے، تو یہ اس کی غلطی ہے، اس سے غزل کی صنف مذموم نہین قرار دیجا سکتی، اور یہ چیز یقیناً قابل اصلاح ہے، یہ عجیب بات ہے کہ غزل جس کو اردو شاعری مین سب سے زیادہ تنگ اور محدود سمجھا جاتا ہے، اسی کا دامن سب سے زیادہ وسیع ہے، اور اس مین عاشقانہ جذبات کے علاوہ ہر قسم کے مختصر خیالات ظاہر کئے جا سکتے ہین اور کئے جاتے ہین،

یہ ایک ضمنی بحث ضرورت سے زیادہ طویل ہو گئی، اس کا مقصد اردو شاعری کے نقائص کی پردہ پوشی اور ان کی تاویل نہین ہے، اس کی بہت سی خامیان آج بھی مسلم ہین، لیکن ان کو ان کی حد میں رکھنا چاہئے، اس سے اردو شاعری کے پورے دفتر کو لغو اور بیکار نہین قرار دیدینا چاہئے، حالات اور زمانہ کی رفتار کے ساتھ بہت کچھ اس کی اصلاح ہو چکی ہے، اور اس کا سلسلہ برابر جاری ہے، خصوصاً تغزل کا

رنگ نو بہت نکھر گیا ہے، اور حسرت، فانی، جگر اور اصغر نے اس زمین کو آسمان تک پہنچا دیا ہے، ہر قسم کی مسلسل نظمون اور قومی و ملی شاعری کا بھی کافی ذخیرہ فراہم ہو گیا ہے، اور اب اردو شاعری صحیح راستہ پر لگ گئی ہے، اور اس کا دامن کافی وسیع ہو گیا ہے،

مصنف کے ان خیالات سے قطع نظر، اصل تذکرہ بہت قابل قدر ہے، انھون نے شعراء کے کلام اور ہر دور کی شاعری کی خصوصیات کو بڑی خوبی سے دکھایا ہے، ان کی رائین، اُن کے حسن ذوق اور دقتِ نظر کا ثبوت ہین، تذکرہ کا یہ حصہ غالب اور شیفتہ تک ہے، غالباً دوسرا حصہ داغ و امیر سے شروع ہو گا، لیکن ہمارے نزدیک صحیح تقسیم یہ ہوتی کہ اس حصہ مین دورِ قدیم کے تمام شعراء داغ و امیر و جلال تک لے لئے جاتے، اور دوسرا حصہ جدید دور کے شعراء جلیل ریاض اور حسرت وغیرہ سے شروع کیا جاتا تو زیادہ بہتر ہوتا،

"م"

شعر الہند جلد اوّل

جس مین قدما کے دور سے لے کر دور جدید تک اردو شاعری کے تمام تاریخی تغیرات و انقلابات کی تاریخ کی گئی ہے، اور ہر دور کے مشہور اساتذہ کے کلام کا باہم موازنہ و مقابلہ کیا گیا ہے،

قیمت:- للعہ

شعر الہند جلد دوم

جس مین اردو شاعری کے تمام اوصاف یعنی غزل، قصیدہ، مثنوی، اور مرثیہ وغیرہ پر تاریخی و ادبی حیثیت سے تنقید کی گئی ہے، (زیر طبع)

"منیجر"

مطبوعاتِ جدیدہ

فتوح السلاطین: مصحح جناب محمد یوشع صاحب، تقطیع بڑی ضخامت ۸۰، صفحے کاغذ سپیڈ ٹائپ بہتر، مجلد، قیمت تحریر نہیں :- پتہ مدراس یونیورسٹی، مدراس،

یہ کتاب آٹھویں صدی ہجری کے ایک مصنف مولانا عصامی کی فارسی میں ہندوستان کی منظوم تاریخ ہے، مصنف کے بیان کے مطابق وہ عباسی وزیر فخر الملک کی اولاد سے ہے، جو سلطان التمش کے زمانہ میں بغداد سے دلی آیا تھا، سلطان نے اس کی بڑی پذیرائی کی، اور فخر الملک اور اسکی اولاد سلطان التمش اور اس کے اخلاف کے درباروں سے متوسل رہی، عصامی دہلی میں پیدا ہوا، اور ابتدائی عمر میں جب سلطان محمد تغلق نے دلی کے باشندوں کو دیوگیر منتقل کیا تو عصامی بھی اپنے دادا عزالدین کے ساتھ وہاں چلا گیا، اور ایک مدت تک گمنامی کی زندگی بسر کرتا رہا، لیکن وہ تھا بڑا لائق اور جوہر قابل، اس کے ایک عرصہ کے بعد دولت آباد کے قاضی بہاء الدین کے توسط سے سلطان علاء الدین بہمنی کے دربار سے اس کا تعلق پیدا ہوگیا، اور اسی کی سرپرستی میں اس نے فتوح السلاطین لکھی، اس میں سلطان محمود غزنوی سے لیکر محمد بن تغلق تک ہندوستان میں اسلامی فتوحات کی تاریخ ہے، اس کتاب کے قلمی نسخے کمیاب تھے، آج سے دس بارہ سال پہلے محمد یوشع صاحب لکچرار فارسی مدراس یونیورسٹی نے اس کے دو نسخے حاصل کرکے ایڈٹ کرنا شروع کیا تھا، اور اسی زمانہ میں مصنف اور تصنیف دونوں کے تعارف میں عصامی نامہ کے نام سے ایک فارسی مثنوی مکرر شائع کی تھی، لیکن آگرہ کالج کے پروفیسر ڈاکٹر آغا مہدی حسن نے پیشقدمی کرکے ۱۹۳۹ء میں فتوح السلاطین ایک نسخہ لیتھو میں چھپوا کر شائع کردیا، مگر سید محمد یوشع نے اپنا کام جاری رکھا، اور اب دس سال کے بعد اُن کا تبدیہ و تصحیح کردہ نسخہ بڑے اہتمام سے مدراس یونیورسٹی نے شائع کیا ہے، یہ نسخہ تصحیح و ترتیب کی تمام جدید خوبیوں

سے آراستہ ہے، کتاب کے شروع مین مرتب کے قلم سے مصنف کے حالات، تصنیف کی خصوصیات اور اس کے قلمی نسخون کی تفصیل ہے، اور کتاب کے آخر مین اس کے مندرجہ اشخاص و مقامات کے ناموں اور القاب وعہدون کا انڈکس ہے، کتاب کے مشکل لغات کا فرہنگ بھی دیدیا ہے جس سے عام لوگون کے لئے بھی اس کتاب سے استفادہ آسان ہوگیا ہے، ڈاکٹر مہدی حسن کے شائع کردہ نسخہ کے سلسلہ مین عرصہ ہوا معارف کے کئی نمبرون مین اس کتاب پر مفصل تنقید شائع ہوچکی ہے اس لئے اس نسخہ پر کسی طویل تبصرہ کی ضرورت نہین، صرف اس کا تعارف مقصود ہے اس کتاب مین اگرچہ بعض غیر معتبر اور مبالغہ آمیز واقعات بھی ہین، لیکن عام طور سے صحیح و مستند ہین، اور بعض ایسے معلومات بھی ہین، جو متداول تاریخون مین نہین ملتے، اس لئے اس کتاب کی اشاعت سے سلاطین دہلی کے حالات مین ایک مستند اور مفید ماخذ کا اضافہ ہوا ہے ادبی حیثیت سے بھی یہ کتاب قابل قدر ہے، مصنف کو زبان پر پوری قدرت ہے، اور اتنی ضخیم کتاب اور گوناگون واقعات مین شروع سے آخر تک زبان و طرز بیان کا انداز یکسان ہے،

ضرورۃ القرآن جلد دوم، مرتبہ جناب قاضی زاہد الحسینی صاحب، تقطیع چھوٹی ضخامت ۹۰ صفحے کاغذ کتابت وطباعت بہتر مجلد قیمت تحریر نہین، پتہ:- غالباً حجازی پریس لاہور سے ملے گی،

کلام مجید انسانی زندگی کا مکمل دستور العمل ہے، اس مین پیدائش سے لے کر موت تک اُن کی جملہ دینی و دنیاوی مادی و روحانی اور اجتماعی و انفرادی معاملات کے متعلق دنیاوی قوانین اور ہدایات موجود ہین، اس کے مختلف پہلوون پر اہل علم و اصحاب قلم نے لکھا ہے، مذکورۂ بالا کتاب بھی اسی موضوع پر ہے اس مین انسان کی پیدائش اس کی جسمانی ضروریات، نکاح و طلاق خلع وغیرہ، معاشرتی معاملات اُن کے باہمی حقوق و فرایض اقتصادی و معاشی مسائل، صنعت و حرفت زراعت و تجارت، حکومت و سیاست، علوم و فنون غرض انسانی زندگی کی جملہ ضروریات کے متعلق قرآنی احکام اور اسکی تعلیمات کی وضاحت کی گئی ہے، آخر مین قرآن مجید کی صحت و حفاظت اور اس کے مقابلہ مین دوسرے مذہبی صحیفون کے تغیرات کے دلائل اور

کلام مجید کی صحت کے متعلق بعض شکوک کے جوابات دیئے ہین، یہ کتاب جامع تو بہت ہی لیکن مانع نہین ہے اور اس مین بہت سے ایسے مسائل زیر بحث آگئے ہین، جن کو کلام مجید سے کوئی علاقہ نہین ہے، روایتون مین بھی احتیاط نہین برتی گئی ہے، اور ہر قسم کی رطب و یابس بلکہ موضوع روایات تک سے استدلال کیا گیا ہے بعض مباحث عالمانہ اور سطحی ہین، مثلاً کلام مجید کی صحت اور حفاظت کے سلسلہ مین عربی زبان کے کمال اسکی جامعیت اور تمام انبیا کی زبان عربی ہونے کی بحث غیر متعلق بھی ہے، اور علمی استدلال سے بھی خالی ہے، اس سلسلہ کی سب روایتین غیر معتبر ہین، اسی طرح کلام مجید سے تمام علوم کا اثبات بھی ایک بے کار اور غیر ضروری چیز ہے اگر کسی حیثیت سے اس کو صحیح بھی مان لیا جائے تو اس سے کلام مجید کی عظمت مین کوئی اضافہ نہین ہوتا وہ ایک رشد و ہدایت کا صحیفہ ہے، نہ کہ علم و فن کی کتاب، اس کا کمال اس کی تعلیمات اور اس کی ہدایت مین ہے اس قبیل کی اور بھی غیر متعلق بحثین ہین جس سے کتاب کی علمی حیثیت ہلکی ہوگئی، تاہم مجموعی حیثیت سے مفید اور عام مسلمانون کے مطالعہ کے لائق ہے،

تمہید تفسیر قرآن و مقدمہ تفسیر قرآن | مترجمہ مولانا محمد اصغر حسین صاحب سابق پرنسپل مدرسہ شمس الہدیٰ پٹنہ تقطیع چھوٹی، کاغذ کتابت و طباعت بہتر ضخامت بالترتیب ۴۸، اور ۳۲ صفحے قیمت چار چار آنے، پتہ اقبال بک ڈپو پٹنہ نمبر ۶ و کتابستان آرہ،

کلام مجید کی بے شمار تفسیرین لکھی گئین اور مشہور و متداول تفسیرون کی بھی بڑی تعداد ہے، گو یہ تفسیرین فوائد سے خالی نہین، اور اُن کے مصنفین کی خدمت قرآن لائق تحسین ہے لیکن ان مین سے بہت کم تفسیرین صحیح تفسیری نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہین، بیشتر تفسیرون مین خالص تفسیر کے بجائے جو نفس فہم قرآن اور اس سے اثر پذیری کے لئے مفید ہو، مفسرین کی ذاتی ذوق و رجحان کے متفرق مسائل و مباحث زیادہ ہین جس سے اصل مقصود پوری طرح حاصل نہین ہوتا۔ اس زمانہ مین جو تفسیرین لکھی گئی ہین، ان مین علامہ رشید رضا مصری کی تفسیر المنار تفسیر کی غرض و غایت کے لحاظ سے سب سے بہتر ہے، اس تفسیر کی تمہید اور مقدمہ مین مصنف نے

قدیم تفسیرون کے نقائص دکھائے ہین، اور قرآن مجید کے اصل مقصود، اور تفسیرون کی اصل غرض بتا کر فہم قرآن اور تفسیر قرآن کے صحیح اصول بتائے ہین، لائق مترجم نے تمہید تفسیر قرآن، اور مقدمہ تفسیر قرآن کے نام سے الگ الگ اس کا اردو مین ترجمہ کر دیا ہے لیکن یہ دونون ایک ہی سلسلہ کی کڑیان ہین، اور کلام مجید کی تفسیر سے ذوق رکھنے والون کے مطالعہ کے لائق ہین، خصوصاً تفسیر کے مدرسین کے لئے ان کا مطالعہ زیادہ مفید اور کارآمد ہے لیکن ترجمہ بہت ناہموار ہے، اور اس مین زبان و بیان کی بڑی خامیان ہین،

ایران پاستان از جناب مولوی خلیل الرحمن صاحب مرحوم تقطیع اوسط ضخامت ۱۵۲ صفحے، کاغذ، کتابت وطباعت بہتر، قیمت تحریر نہین ہے، پتہ:- کتابستان، کراچی۔

اردو مین ایران کی قدیم تاریخ کے متعلق بہت کم معلومات ہین، اور پروفیسر آرتھر کرسٹن سن کی محققانہ کتاب (Empire deo Sassanides.) کے ترجمہ کے علاوہ جو پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال مرحوم نے "ایران بعہد ساسانیان" کے نام سے کیا تھا، اور کوئی قابل ذکر کتاب نہین ہے، لیکن یہ دراصل ساسانی عہد کی تاریخ ہے، اس مین قدیم اشکانی اور ہخامنشی خاندان کے حالات برائے نام ہین، اردو کے مشہور مصنف و مترجم مولوی خلیل الرحمن صاحب مرحوم نے عرصہ ہوا ایران پاستان کے نام سے قدیم ایران کی یہ مختصر تاریخ لکھی تھی، جس کو ان کی وفات کے ایک عرصہ کے بعد اُن کے لائق فرزند پروفیسر نعیم الرحمن صاحب نے نظر ثانی کر کے اب شائع کیا ہے، اس مین ایران کا قدیم جغرافیہ، زمانہ ماقبل تاریخ کے حالات، پیش دادی، کیانی، ہخامنشی، اشکانی اور ساسانی خاندانون کی مختصر سیاسی تاریخ ہے، اور جستہ جستہ مذہبی و انتظامی تمدنی حالات بھی آگئے ہین، ایران کی قدیم تاریخ افسانون مین اس قدر گم ہے کہ پیش دادی اور کیانی خاندان کے تمام حکمرانون کا تاریخی علم نہین ہو سکا ہے، اس لئے یہ مختصر تاریخ بھی اردو مین غنیمت ہے،

"م"

جلد ۶۴ ماہ محرم الحرام ۱۳۶۹ھ مطابق ماہ نومبر ۱۹۴۹ء عدد ۵

مضامین

شذرات	شاہ معین الدین احمد ندوی	۳۲۲-۳۲۴

مقالات

حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلی،	جناب سید صباح الدین عبد الرحمن صاحب بی اے	۳۲۵-۳۴۷
اسلامی ہند کے تمدنی کارنامے،	مولانا عبد السلام ندوی	۳۴۸-۳۵۵
سنگِ شبام	مولانا ابو الجلال ندوی رفیق دار المصنفین	۳۵۶-۳۶۶
یحییٰ بن آدم اور اُن کی کتاب الخراج،	مولوی حافظ مجیب اللہ صاحب ندوی رفیق دار المصنفین	۳۶۷-۳۷۵
"ارگجہ"	جناب سید عزیز مہدی صاحب بخاری بنگلوری	۳۷۶-۳۸۶

ادبیات

حشر جذبات	جناب سید ابو محمد صاحب ثاقب کانپوری	۳۸۷

باب التقریظ والانتقاد

مشکلات القرآن	مولانا ابو الجلال ندوی	۳۸۸-۳۹۶

وفیات

مولانا اصغر حسین صاحب مرحوم سابق پرنسپل مدرسہ شمس الہدیٰ پٹنہ،	جناب ابو محفوظ الکریم صاحب معصومی	۹۷
مطبوعات جدیدہ	"م"	۳۹۸-۴۰۰

شذرات

دارالمصنفین جس نازک دور سے گذر رہا ہے اس کی تفصیل ان اوراق مین تحریر کیجا چکی ہے اور اخبارات مین بھی شائع ہو چکی ہے لیکن ابھی اس کا خاطر خواہ نتیجہ نہین نکلا تھا، کہ ایک دوسری بڑی دشواری پیش آگئی، یہ لکھا جا چکا ہے کہ دارالمصنفین کی کتابون کی خریداری زیادہ تر پنجاب دہلی اور حیدرآباد مین تھی اس لئے ان مقامون کے انقلابات اور اس کے نتائج خصوصًا پاکستان اور ہندوستان کے درمیان بنکنگ کی بندش کا اثر کتابون کی تجارت پر بھی پڑا، تاہم کچھ نہ کچھ کتابین ڈاک کے ذریعہ چلی جاتی تھین، لیکن دونون ملکون کے درمیان سکہ کے اختلاف سے اس کا سلسلہ بھی بالکل بند ہو گیا ہے، اور نہین کہا جا سکتا کہ یہ صورت کب تک قائم رہے گی، اگر ہندوستان کے مسلمانون نے اس کی تلافی کی صورت نہ پیدا کی تو دارالمصنفین کو اور بھی دشواریون کا سامنا کرنا پڑے گا، یہ تنہا دارالمصنفین کی بقا کا مسئلہ نہین بلکہ مسلمانون کی غیرت وحمیت کا امتحان ہے، اس کی امداد کی بہتر شکل اس کی ممبری ہے، جس مین ممبری کی مدت تک رسالہ معارف اور نئی مطبوعات ممبرون کی خدمت مین پیش کیجائین گی، اس طرح دارالمصنفین کی بھی مدد ہو جائے گی، اور ممبرون کو اُن کی ممبری کی رقم کا معاوضہ بھی ملجائے گا عام ممبری کی فیس تیس اور خاص کی پچاس روپیہ سالانہ ہے،

کلکتہ کا مشہور اور قدیم عربی مدرسہ عالیہ اگرچہ ندوۃ العلماء لکھنؤ دارالعلوم دیوبند اور مظاہر العلوم سہارنپور کی طرح خالص دینی نہ تھا، اور اس کو حکومت چلاتی تھی، اور ایک عرصہ تک اس کے پرنسپل جدید

تعلیم یافتہ بلکہ انگریز تک ہوتے رہے، تاہم اس کے ذریعہ بنگال مین اسلامی علوم وفنون کی کافی خدمت و اشاعت ہوئی جس سے وہان کے مسلمانون کو بڑا فائدہ پہنچا، قیام پاکستان کے بعد یہ مدرسہ ڈھاکہ منتقل ہوگیا تھا، لیکن مغربی بنگال کے مسلمانون کے لئے پہلے سے بھی زیادہ اس کی ضرورت تھی، اس لئے مولانا ابو الکلام کوشش سے دوبارہ یہ مدرسہ قائم ہوگیا ہے، اور ہمارے فاضل دوست مولانا سعید احمد صاحب اکبرآبادی اسکے پرنسپل اور مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی صدر مدرس مقرر ہوئے ہین، یہ دونون اصحاب علم کے ساتھ عمل کے زیور سے بھی آراستہ ہین، اس لئے یقین ہے کہ اب یہ مدرسہ اسلامی علوم وفنون کی تعلیم کے ساتھ دین کا بھی مرکز اور اسلامی روح کا مظہر ہوگا،

انگریزی مین لونڈ کی شائع کردہ اسلامی انسائیکلوپیڈیا عرصہ سے موجود ہے لیکن اس کے مقابلہ مین زیادہ تر یورپین فضلا ہین، عرصہ ہوا مصر سے بھی عربی مین ایک دائرۃ المعارف نکلنا شروع ہوئی تھی جو ترمیم واضافہ کے ساتھ انگریزی کی اسلامی انسائیکلوپیڈیا سے ماخوذ تھی، ادھر کئی سال سے اس کا کوئی جز نظر سے نہین گذرا، اس سے پہلے الف کا حرف بھی ختم نہین ہوا تھا، اب معلوم نہین کس منزل مین ہے علمائے مغرب کے علمی کمالات سے انکار نہین لیکن ہر قوم اپنی انسائیکلوپیڈیا صحیح نقطۂ نظر سے خود ہی لکھ سکتی ہے اس لئے اسلامی انسائیکلوپیڈیا کی ضرورت اب بھی باقی ہے،

لاہور یونیورسٹی کے ایک مراسلہ سے یہ معلوم کرکے مسرت ہوئی کہ اس نے اس اہم کام کا بیڑا اٹھایا ہے اور اس کے لئے کمیٹی بھی بن گئی ہے، علمی کمیٹی کے چیرمین لاہور یونیورسٹی وائس چانسلر ڈاکٹر ملک ہین، اور مالی کمیٹی کے کنوینر ہمارے لائق دوست ڈاکٹر سید محمد عبداللہ کمیٹی کی جانب سے ہندوستان اور بیرون ہند کے مسلمان علماء ومشاہیر کے پاس انسائیکلوپیڈیا کے مباحث کا خاکہ مشورہ کے لئے بھیجا گیا ہے درحقیقت

یہ کام علمی اور مالی دونون حیثیتون سے اتنا اہتمام بالشان ہے کہ مشرقی ملکون مین حکومت کی مدد کے بغیر اسکا انجام پانا دشوار ہے، لاہور یونیورسٹی کے پاس ایسے ذرائع ہین کہ وہ اس کام کو کر سکتی ہو اگر اُس نے اس کو تکمیل تک پہنچا دیا، تو یہ اس کا بڑا علمی کارنامہ ہوگا،

یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ پیر جوان ہمت بابائے اردو ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب کی کوشش سے پاکستان مین انجمن ترقی اردو کے سارے کام شروع ہوگئے ہین، اس کا پندرہ روزہ اخبار قومی زبان پاکستان مین اردو زبان کی ترویج و اشاعت کی جدوجہد مین مصروف ہے، اس کے مشہور رسالے اردو اور معاشیات بھی اپنی تمام خصوصیات کیساتھ جاری ہوگئے ہین، ایک سائنس باقی رہ گیا ہے، امید ہے کہ وہ بھی دیر سویر نکلے گا، اور پاکستان مین انجمن کی کوششون کے نتائج جلد ظاہر ہون گے،

ہندوستان مین اس کی جانشین انجمن ترقی اردو علی گڈھ کی ایک اطلاع سے معلوم ہوا کہ اسکی جانب سے بھی انجمن کا پرانا اخبار ہماری زبان عنقریب نکلنے والا ہے، گو اب ہندوستان مین اردو کی پرانی حیثیت ختم ہوگئی ہے، اس لئے قدرۃً انجمن کے کامون اور طریقۂ کار کی نوعیت بھی کچھ بدل جائے گی، لیکن اس نئے دائرہ مین بھی اردو کے تعمیری کامون کی بڑی گنجایش ہے، ہماری زبان کے اجرا سے اس مین پوری مدد ملے گی، یقین ہے کہ یہ نئی انجمن پرانی انجمن کی علمی اور ادبی روایات کو قائم رکھے گی،

دارالمصنفین نے اکبرنامہ کا ایک نہایت خوشخط مصور اور مطلا نسخہ خریدا ہے اسکی تقطیع ۱۸½×۲۲ انچ اور ضخامت ۸۳۴ صفحات ہے اس مین اکبر کے مختلف مناظر کے متعدد مرقعے ہین جو مصوری کا اعلیٰ نمونہ ہین رنگون کی تازگی کا یہ حال ہے کہ معلوم ہوتا ہے مصور نے ابھی قلم رکھا ہے لیکن افسوس ہے کہ وہ تمام مہرین اور تحریرین مٹی ہوئی ہین جن سے زمانۂ کتابت کا پتہ چلتا مگر خط اور کاغذ دونون قدیم ہین، نسخہ کے حسن و نفاست سے ظاہر ہوتا ہے کہ کسی بڑے شائق امیر کے لئے لکھا گیا ہے، عجب کیا ہے کہ اکبر یا جہانگیر ہی کے لئے لکھا گیا ہو،

مقالات

حضرت خواجہ نصیر الدین محمودؒ

چراغ دہلی

جناب سید صباح الدین عبد الرحمٰن صاحب ایم اے

(۲)

شاہی ملازمون کی اصلاح

حضرت چراغ دہلی شاہی ملازمت کو روحانیت کے منافی سمجھتے تھے لیکن شاہی ملازمون مین سے جس کسی کو سچی طلب ہوتی، اس کی اخلاقی، مذہبی اور روحانی حالت کو سنوارنے مین دریغ بھی نہین فرماتے تھے،

خیر المجالس مجلس ہفتاد و ہشتم مین ہے کہ ایک سید مرید ہونے آیا، وہ شاہی اہل قلم کے زمرہ مین شامل تھا، حضرت چراغ نے اس کو مرید کیا، اور فرمایا نماز باجماعت پڑھا کرو، جمعہ کی نماز فوت نہ ہو، ایام بیض کے روزون کو لازم جانو، جو شخص ایام بیض کے روزے رکھتا ہے اس کی روزی بڑھتی ہے۔ میرے اور مریدون کو بھی یہ وصیت ہے کہ جو کام خدا اور رسول نے منع کیا ہے، وہ نہ کرین، پھر فرمایا دنیا کی دولت مین بے ثباتی ہے، تم یہ خیال کرلو کہ تمھارے پایگاہ کے گھوڑے تمھارے خدمت گار، تمھارے دینار و درم یہ ساری چیزین ایک روز تم سے چھوٹ جائین گی، پھر چھوٹنے والی چیزون کا فکر اور غم کرنا بے فائدہ ہے، فکر اور غم اس چیز کے لئے کرنا چاہیے، جو ہمیشہ باقی رہے گی، غور سے دیکھو ہمارے سامنے کتنے تخو

اور کتنے چلے گئے، آخر ہم سے پہلے تھے، اور ہم سے پہلے چل دیئے پھر اس سید سے پوچھا کہ کیا کرتے ہو جواب دیا قرآن مجید پڑھا کرتا ہوں، سید کے ایک ہمراہی نے کہا یہ حافظ ہیں، اور ان کے والد بھی حافظ اور صالح بزرگ تھے، حضرت چراغ دہلی نے فرمایا اگر کوئی گھر یا راہ میں شب و روز قرآن پڑھتا رہے اور ذکر خدا میں مشغول رہے، تو اس کے لئے نوکری حجاب نہیں، وہ صوفی ہے اور اسی کے بعد حضرت سعدی کا یہ شعر پڑھا،

مرا و اہل طریقت لباس ظاہر نیست کمر بخدمت سلطان بہ بند صوفی باش

ایک بار ایک عالم نے آکر عرض کیا کہ فلان شاہی سردار (ملک) نے سلام عرض کیا ہے، حضرت چراغ نے پوچھا اس کا کیا حال ہے، عالم نے کہا کہ زر سرکاری کے مطالبہ میں اس کو قید کر دیا گیا ہے، اور اس کو زدوکوب کی جاتی ہے، حضرت چراغ دہلی نے فرمایا شغل دنیا بھی پھل دیتا ہے، اگلے زمانہ میں کام کرنیوالے صرف خدا تعالیٰ کے لئے کام انجام دیا کرتے تھے، اور وہ معاملات میں جنید و شبلی ہوتے تھے[1]

ایک لشکری آیا تو اس کو مخاطب کرکے فرمایا اگر طلب دنیا میں نیت اچھی ہو تو وہ فی الحقیقت طلب آخرت ہے[2]

سیر الاولیاء (ص ۲۴۴) میں ہے کہ خواجہ قوام الدین حضرت شیخ نصیر الدین کے مرید صادق تھے شاہی ملازمت میں داخل ہوئے تو کچھ دنوں کے بعد کسی الزام میں موقوف کر دیئے گئے، ان پر سخت وقت پڑا، عزیزوں اور دوستوں کی نظریں ان سے بدل گئیں، ضرورت کے وقت اپنی کوئی چیز فروخت کرنے کے لئے بازار جاتے، تو کوئی خریدنے کے لئے تیار نہ ہوتا اسی پریشانی میں مرشد یاد آئے، چنانچہ وہ حضرت چراغ دہلی کی خدمت میں پہونچے، لیکن وہ اپنا مدعا کہنے بھی نہ پائے تھے، کہ حضرت چراغ دہلی نے یہ قطعہ پڑھا

دنیا چو مقدر است، نخرد شی بہ رزقے تو رسد بوقت کم کوشی بہ
چیزے کہ نمی خرند، نفروشی بہ گفتہ تو نمی کنند، خاموشی بہ

---

[1] مجلس بست و پنجم [2] مجلس ہشتاد و پنجم،

خواجہ قوام الدین کا خود بیان ہے کہ میرے دل مین جو بات تھی اس کو حضرت خواجہ نے اپنے نور باطن سے اس قطعہ مین ظاہر کر دیا، اور مین نے سر جھکا کر عرض کیا کہ حضرت مخدوم نے جو کچھ فرمایا ہے وہی بندہ کے دل مین ہے، خواجہ قوام الدین کا یہی بیان ہے کہ حضرت مخدوم کی اس کرامت سے میرے دل کو بڑی تقویت پہونچی،

رجوع خلق سے ریاضت مین خلل

رشد و ہدایت کا سلسلہ اتنا بڑھتا گیا کہ حضرت چراغ دہلی کو ریاضت و مجاہدہ مین اگلی سے محنت شاقہ کرنے کے لئے وقت نہ ملتا تھا، خیر المجالس کے مرتب مولانا حمید شاعر کو ایک روز مخاطب کر کے فرمایا اب مجھ کو خلوت مین عبادت کرنے کی فرصت نہین ملتی، دن بھر اللہ کی مخلوق کے ساتھ رہتا ہون، اکثر قیلولہ بھی میسر نہین آتا، قیلولہ کرنا چاہتا ہون تو لوگ آکر جگا دیتے ہین، کہ فلان آیا ہے، تم لوگون کو فرصت ہے، عبادت مین مشغول رہو، مولانا حمید شاعر نے یہ سن کر عرض کیا، کہ ہر چند جناب کا ظاہر خلق اللہ سے مشغول معلوم ہوتا ہے لیکن باطن شریف ہمیشہ حق سے مشغول رہتا ہے، حضرت چراغ دہلی نے فرمایا رات کو البتہ کچھ ذکر یا وظیفہ ہو جاتا ہے، لیکن دن مین کچھ نہین ہوتا، پھر بھی عنایت ربانی سے ناامید نہین ہون، مولانا حمید شاعر کا بیان ہے کہ یہ بات فرما کر حضرت خواجہ نہایت شکستہ دلی سے رونے لگے، اور پھر یہ شعر پڑھا،

این دلو تہی کہ در چہ انداختہ ام　　فو امیدنیم کہ پر بر آید روزے

حضرت چراغ دہلی کی ذات اقدس سے فیوض و برکات کا حشیہ برابر جھنا رہا، پھر بھی وہ فرماتے کہ مین کس لائق ہون کہ شیخ بنون اب یہ کام بچون کا کھیل ہو گیا ہے، اور اسی کے ساتھ حضرت ثنائی کا یہ شعر پڑھتے،

مسلمانان مسلمانان مسلمانی مسلمانی　　ازین آئین بے دینان بہ پشیمانی پشیمانی

سلہ خیر المجالس مجلس دوازدہم ص ۵۲ اخبار الاخیار ص ۶،

شاہی دربار سے تعلقات معاصر تاریخون مین تو نہین لیکن بعض تذکرون مین ہے کہ سلطان محمد تغلق نے حضرت چراغ دہلی کو ایذا پہنچانے کی کوشش کی سیر العارفین مین ہے[1]۔

"ایک روز سلطان محمد تغلق نے ابتداء زمانہ سلطنت مین حضرت شیخ نصیر الدین محمود کو اپنے گھر بلا کر اپنی داہنی جانب بٹھلایا، اور التماس کیا مین خراسان کی طرف جانے والا ہون مجھے منظور ہے کہ تم بھی میرے ہمراہ چلو، یہ سن کر شیخ نے فرمایا انشاء اللہ تعالیٰ تب بادشاہ نے کہا یہ لفظ انشاء اللہ تعالیٰ کا واسطے تبعید کے واقع ہوا ہے شیخ نے فرمایا، ہرگز یہ کلمہ کہنے سے کسی کام مین تبعید واقع نہین ہوتی، بلکہ یہ لفظ واسطے تاکید ہی، اس درمیان مین سلطان نے طعام طلب فرمایا، اور یہ قصد کیا کہ اگر شیخ کھاوین تو اُن کو ایذا پہنچاؤن جب دسترخوان بچھایا گیا، حضرت شیخ نے بکراہت تمام کھانا شروع کیا، اس کے بعد سلطان نے کہا یا شیخ مجھے کوئی نصیحت ایسی کیجئے جس پر مین عمل کرون شیخ نے فرمایا کہ یہ درندون کا سا غصہ جو تمھاری عادت اور طبیعت مین داخل ہے، اس کو چھوڑ دو بعد اس کے سلطان نے ایک بدرہ زر سفید کا اور دو قطعہ صوف سبز اور سیاہ کے شیخ کے پیش نظر کئے، مقصود اس کا یہ تھا کہ شیخ یہ عطیہ خود اٹھاوین لیکن شیخ بالکل متوجہ نہ ہوئے، اسی اثنار مین خواجہ نظام الدین دبیر مقرب خاص سلطانی جو حضرت شیخ نظام الدین اولیاء قدس سرہٗ کا مرید تھا، اُس نے حضرت شیخ کے آگے سے وہ صوف اور زر نقد اٹھا لیا، اور کفش شیخ درست کر کے سامنے رکھدین، جب حضرت شیخ سلطان کی مجلس سے باہر آئے، مقرب سلطانی نے وہ صوف اور زر نقد خادم کے سپرد کیا، اور پیشانی اپنی شیخ کے خاکپا پر مل کر رخصت حاصل کی، بادشاہ مقرب نظام الدین پر ازحد غیظ و غضب مین ہوا، یہان تک نوبت پہنچی کہ تلوار پر ہاتھ لے گیا، اور لال ہو کر کہا اے بیشک

---

[1] یہ عبارت سیر العارفین کے ترجمہ کی نقل ہے، ج دوم ص ۴۴۔

تیری کیا مجال اور قدرت تھی جو تو نے بدرۃ اور صوف شیخ کے سامنے اٹھا کر اُن کی کفشین میرے سامنے لاکر درست کرکے رکھدین خواجہ نظام الدین مذکور میانہ قد تھا، اور حضرت شیخ نظام الدین اولیا، قدس سرہ کا منظور نظر تھا، اور شعر گوئی مین حضرت خواجہ امیر خسرو علیہ الرحمہ کا شاگرد تھا، فی الفور بادشاہ کو جواب دیا کہ اگر مین اس صوف اور زر نقد کو نہ اٹھاتا تو وہ آپ کے ڈولچہ ہی مین پڑا رہتا، اور شیخ ہرگز اپنا ہاتھ اس پر نہ بڑھاتے اور کفشون کا درست کرکے رکھنا یہ میرا عین فخر تھا، واللہ اگر اس وقت سلطان عالم مجھکو قتل بھی فرما دین گے تو مین نہایت خوشنود اور راضی ہون گا، اس واسطے کہ آپ کی ننگ صحبت سے مجھکو قیامت تک کے واسطے خلاصی ہو جائے گی، یہ سب کچھ کہہ گیا اور شیخ کی برکت سے بادشاہ اس کا کچھ نہ کرسکا"

حضرت خواجہ نصیر الدین کی طبیعت بڑی نرم اور میٹھی تھی، اس لئے سلطان کو اُن کا جواب اوپر نقل کیا گیا ہے اُن کی طبیعت اور فطرت کے خلاف معلوم ہوتا ہے، یہ روایت اس لئے بھی مشکوک معلوم ہوتی ہے کہ یہ تمام باتین حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کے ایک دوسرے خلیفہ حضرت مولانا فخر الدین زرادی کے حالات مین بھی بیان کی جاتی ہین، اخبار الاخیار مین ہے،

"جب محمد تغلق نے دہلی کے لوگون کو دیوگیر بھیجا تو ان ہی دنون یہ چاہا کہ ملک ترکستان اور خراسان کو تسخیر کرکے وہان سے چنگیز خانیون کو نکال دے، شہر کے صدور اور اکابر کو حکم دیا کہ جمع ہون اور ایک بڑا خیمہ نصب کرکے اس کے نیچے اپنے بیٹھنے کے لئے ایک منبر رکھا، تاکہ اس منبر پر لوگون کو جہاد کی ترغیب دے، اسی دن مولانا فخر الدین زرادی، شیخ شمس الدین یحیٰی اور شیخ نصیر الدین محمود کو بھی بلایا، خواجہ قطب الدین دبیر جو شیخ نظام الدین اولیا کے مریدون مین اور مولانا فخر الدین زرادی کے شاگرد تھے، مولانا کو

سب سے آگے سلطان کے دربار مین لے گئے، مولانا بارہا فرماتے تھے، مین اپنے سر کو اس مرد کے سامنے پڑا ہوا دیکھتا ہون، مین اس کی موافقت کرنی نہین چاہتا، جب سلطان سے مولانا کی ملاقات ہوئی، تو خواجہ قطب الدین دبیر نے مولانا کی جوتیان اٹھا کر بغل مین لے لین، اور کھڑے ہو گئے، سلطان نے یہ دیکھ کر کچھ نہ کہا، اور مولانا فخر الدین زرادی سے باتون مین مشغول ہوا اُس نے کہا مین یہ چاہتا ہون کہ چنگیز خانیون کو نکال دون، آپ اس کام مین میرے ساتھ دین گے، مولانا نے فرمایا، انشاء اللہ تعالیٰ، سلطان نے کہا یہ تو کلمہ شک ہے، مولانا نے کہا آنے والی بات کے لئے یہی کہا جاتا ہے، سلطان نے پیچ و تاب کھایا، اور کہا آپ مجھکو نصیحت کیجئے، تاکہ مین اس پر عمل کرون، مولانا نے فرمایا اپنا غیض و غضب روکو، سلطان نے کہا کونسا غیظ و غضب، مولانا نے کہا وحشیانہ، سلطان کو بڑا غصہ آیا، لیکن اُس نے حکم دیا کہ کھانا لاؤ، جب کھانا لایا گیا تو مولانا نے کراہت کے ساتھ تھوڑا سا کھانا کھایا، جب کھانا ختم ہو چکا تو ان بزرگون کو جو وہان موجود تھے، ایک ایک جامۂ صوف اور ایک ایک بدرۂ سیم پیش کیا گیا، شیخ نصیر الدین محمود اور مولانا شمس الدین یحییٰ اور دوسرے بزرگ جیسا کہ مشہور ہے، ان چیزون کو ہاتھون مین لے کر باہر نکلے، لیکن مولانا فخر الدین کے جامہ و سیم کو خواجہ قطب الدین دبیر نے خود لے لیا، وہ جانتے تھے، کہ مولانا نہین لین گے، اور اُن کی ہتک ہو گی، جب یہ تمام بزرگ واپس گئے تو سلطان محمد نے خواجہ قطب الدین دبیر سے کہا اے فریبی، بدبخت! تو نے یہ کیا حرکت کی کہ فخر الدین زرادی کو میری تلوار سے خلاصی دلا دی، خواجہ قطب الدین نے کہا وہ میرے استاد ہین اور میرے مرشد کے خلیفہ ہین، مجھ پر لازم تھا کہ مین اُن کا ادب کرتا، سلطان نے کہا، ایسے کفر آمیز عقیدون کو چھوڑ دو، ورنہ تجھ کو مار ڈالون گا، خواجہ قطب الدین نے کہا زہے قسمت کہ مین اپنے مخدوم کی خاطر مارا جاؤن (ص ۸۶-۸۵)

اسی اخبار الاخیار مین سلطان محمد تغلق اور حضرت خواجہ نصیر الدین کے ناخوشگوار تعلقات کا جو ذکر ہے، وہ سیر العارفین کے بیانات سے مختلف ہے، ملاحظہ ہو:-

"بیان کیا جاتا ہے کہ سلطان محمد تغلق حضرت شیخ نصیر الدین محمود کو اُن کے کمالات کے باوجود ایذائین دیتا، اور اپنے ساتھ سفر مین لیجاتا، کہتے ہیں کہ سلطان نے ان کا اپنا جامہ دار مقرر کیا تھا، وہ ان تمام باتون کو اپنے پیر کی وصیت کے مطابق برداشت کرتے، اور دم نہ مارتے تھے، ایک دفعہ سلطان محمد تغلق نے شیخ نصیر الدین محمود کے لئے سونے چاندی کے برتنون مین کھانا بھیجا، مقصد صرف تکلیف پہنچانا تھا، کہ اگر وہ کھانا نہ کھائین گے تو ان سے پوچھا جائے گا کہ کیون نہین کھایا، اور اگر کھالیا، تو سوال کیا جائے گا، کہ سونے چاندی کے برتنون مین کھاکر خلاف شرع کام کیون کیا، جب کھانا شیخ کے سامنے پیش کیا گیا تو کچھ نہ بولے، لیکن سونے کے پیالہ سے کچھ یخنی نکال کر اپنی ہتھیلی پر رکھی، اور پھر اس کو چکھا، دشمن ناکام واپس ہوئے، (ص ۷۵)

تاریخ فرشتہ مین تو بعض ایسی عجیب وغریب باتین ہین جو اور تذکرون مین نہین ہین، چنانچہ وہ لکھتا ہے:-

"بادشاہ محمد تغلق شاہ اپنے قتل وخون کی وجہ سے خونی کہلاتا تھا، اس کو درویشون سے بھی سوءظن تھا، چنانچہ اُس نے حکم دیا کہ تمام درویش خدمت گارون کی طرح اس کی خدمت کرین، ایک اس کو پان کھلائین، ایک اس کی دستار باندھین، اسی طرح بہت سے مشائخ کو مختلف کامون کے لئے مقرر کیا، شیخ نصیر الدین اودھی المشہور بہ چراغ دہلی کو کپڑا پہنانے پر مامور کیا، لیکن انھون نے اس خدمت کو انجام دینے سے انکار کیا، سلطان کو غصہ آیا، اور ان کو قید کردیا، شیخ کو اپنے پیر شیخ نظام الدین اولیاء کی

بات یاد آئی، اور وہ مجبوراً سلطان کی خدمت کرنے پر راضی ہوگئے، قید سے اُن کو نجات ملی، اسی مدت مین سلطان کو طرح طرح کے جھگڑے پیش آئے، اور اس کی موت جلد ہوگئی، جس سے خدا کے بندون کو نجات ہوئی، (تاریخ فرشتہ جلد دوم ص ۳۹۹)

حضرت چراغ دہلی کے پیر بھائی خواجہ سید مبارک امیر خورد اپنی تصنیف سیر الاولیاء مین حضرت چراغ دہلی اور سلطان کے تعلقات کا ذکر اس مختصر طریقہ پر کرتے ہین،

"سلطان محمد تغلق نے جس نے مملکت ہندوستان کے طول و عرض کو اپنے قبضہ مین کر لیا تھا، شیخ نصیر الدین محمود رحمہ اللہ کو جن کو تمام عالم بالاتفاق شیخ عصر تسلیم کرتا تھا، اور جن کے بہت سے لوگ مرید تھے، ایذائین پہونچائین، لیکن شیخ نصیر الدین محمود نے اپنے پیرون کے اتباع مین تمام باتون کو برداشت کیا، اور بدلہ لینے کی کوشش نہین کی، بادشاہ نے اپنی عمر کے آخری زمانہ مین ٹھٹھہ کی مہم پر گیا، جو شہر دہلی سے ہزار کروہ پر واقع تھا، وہان پہنچ کر شیخ نصیر الدین محمود کو علما، اور بزرگان دین کے ساتھ طلب کیا، اور بجا طور پر ان کا احترام نہین کیا، ان لوگون نے تحمل سے کام لیا جس کا نتیجہ یہ ہوا، کہ اس کو تخت سلطنت سے اُتار کر تختہ تابوت پر شہر لائے، شیخ نصیر الدین محمود رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا کہ آپ کو اس بادشاہ نے ایذا کیون پہنچائی، تو انھون نے فرمایا کہ یہ معاملہ میرے اور حق جل و علیٰ کے درمیان تھا، اس کو اسی طرح مین نے برداشت کیا (ص ۲۴۶-۲۴۵)

تعجب ہے کہ سلطان محمد تغلق نے حضرت شیخ نصیر الدین کو ایذائین دین، کیونکہ اس کو خود سلسلۂ چشتیہ مین حضرت شیخ علاء الدین نبیرۂ حضرت شیخ فرید الدینؒ سے ارادت تھی، اس کے علاوہ وہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کا بھی معتقد رہا، ایک روایت کے مطابق آپ کے جنازہ کو کاندھا بھی دیا، حضرت خواجہ صاحب کے روضۂ مبارک کی عمارت اسی نے بنوائی، (سیر الاولیاء ص ۱۵۴) ایسی

حالت مین اُن کے جانشین کو ایذا دینا موجب حیرت ہی، اس کو اولیاء اللہ سے عقیدت بھی تھی، چنانچہ حضرت شرف الدین یحییٰ منیریؒ کے لئے زبردستی خانقاہ بنوائی، اور ان کو جاگیر دی،

اسی طرح حضرت شیخ رکن الدین کی وفات کے بعد اُن کے مزار کے پاس ایک خانقاہ تعمیر کی، اور اس کے لئے کچھ گاؤن وقف کئے (الدرالمنظوم ملفوظات حضرت جہانیان جہان گشت (اردو ترجمہ ص ۵۲۵)

اوپر کے اقتباسات سے بھی ظاہر ہوگا کہ دربار مین بزرگان دین آتے، تو ان کو خلعت اور نذرانے بھی دیتا،

حضرت برہان الدین غریب سے اس کی خوش عقیدگی کا ذکر پہلے گذر چکا ہے، اسی طرح اُس نے حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کے ایک دوسرے خلیفہ شیخ قطب الدین منورؒ سے بھی اپنی عقیدت کا اظہار کیا، ان کے پاس چند گاؤن کا فرمان قاضی کمال الدین صدر جہان کے معرفت بھیجا، لیکن انھون نے اس کے قبول کرنے سے انکار کر دیا اور فرمایا میرے خواجگان ایسی چیزون کو قبول نہین کرتے تھے، ان گاؤن کے جو عالب ہون ان ہی کو دو، سلطان محمد تغلق ایک موقع پر ہانسی گیا، یہان حضرت قطب الدین کی خانقاہ تھی لیکن سلطان ان سے مل نہ سکا تو ان کو دہلی آنے کی دعوت دی، چنانچہ وہ بادل ناخواستہ دہلی تشریف لے گئے، اور جب دربار مین پہنچے، تو اخبار الاخیار کے مصنف کا بیان ہے،

"چون سلطان ..... شیخ را دید طاقت نیاورد، بہ تعظیم تمام پیش آمد و مصافحہ کرد،

سلطان پر شیخ کا ایسا رعب طاری ہوا، کہ وہ ان کا بیحد معتقد ہو گیا، اور عرض کیا کہ مین جب آپکے شہر مین حاضر ہوا تو آپ نے کچھ تربیت نہین فرمائی، اور نہ اپنی ملاقات کا شرف بخشا، شیخ نے فرمایا پہلے ہانسی کو دیکھو پھر درویش بچہ ہانسی کو، یہ درویش اپنے کو اس لایق نہین سمجھتا ہے کہ بادشاہون سے ملاقات کرے، ایک گوشہ مین بیٹھا بادشاہون اور تمام اہل اسلام کے لئے دعائین کرتا رہتا ہے، اس کو معذور رکھنا چاہیئے، سلطان اس بات سے متاثر ہوا، اور شہزادہ فیروز سے جو اس وقت موجود تھا کہا،

"آنچنان کہ مقصود شیخ است بجا آرند،

شیخ نے فرمایا میرا مقصود فقرا در باپ دادا کا گوشہ ہے، جب شیخ سلطان کے یہان سے واپس تشریف لے گئے، تو اس نے شہزادہ فیروز اور مولانا ضیاء الدین برنی کو ایک لاکھ تنکہ اور کران کے پاس بھیجا، شیخ نے اتنی بڑی رقم دیکھکر فرمایا، یہ درویش ایک لاکھ تنکے لیکر کیا کرے گا، شہزادہ فیروز اور مولانا ضیاء الدین برنی سلطان کے پاس واپس گئے، سلطان نے پچاس ہزار تنکے دیکر پھر دونون کو بھیجا، شیخ نے اُن کو بھی قبول نہین کیا، بالآخر دو ہزار تنکے بھیجے گئے، لیکن ان کو بھی قبول نہین کیا، اور فرمایا درویش کے لئے دو سیر کھچڑی اور ایک سیر روغن کافی ہے، دو ہزار ون لے کر کیا کرے گا، لیکن جب شہزادہ فیروز اور مولانا ضیاء الدین برنی نے بہت اصرار کیا تو دو ہزار کی رقم لیلی، کچھ تو مرشد کے مزار کے لئے محفوظ رکھی، اور بقیہ فقرا مین تقسیم کر دی،

مذکورۂ بالا واقعات کا ذکر کرتے ہوئے تذکرہ نویس لکھتے ہین کہ سلطان نے یہ تمام باتین حضرت شیخ قطب الدین منور کو ایذا دینے کے لئے کین[1] جو بظاہر قرین قیاس نہین ہے، عام طور سے تذکرہ نگار جب بدیا نشینون اور تخت نشینون کے تعلقات کا ذکر کرتے ہین، تو کچھ نہ کچھ ایسی باتین ضرور قلمبند کر دیتے ہین جن سے ان کے خیال مین درویشی کی شان عظمت و جلالت بڑھ جاتی ہے، اس لئے کیا عجب کہ حضرت خواجہ نصیر الدین محمود اور سلطان محمد تغلق کے تعلقات کے دکھانے مین بھی یہی صورت اختیار کی ہو، اس قسم کے واقعات مغلیہ دور کی تصانیف مین زیادہ پائے جاتے ہین، جن کے مصنفین کو تیموریون سے پہلے کے سلاطین کو کسی نہ کسی حیثیت سے مجروح کرنے مین لطف حاصل ہوتا تھا،

شمس سراج عفیف کی تاریخ فیروز شاہی سے صاف اندازہ ہوتا ہے کہ سلطان محمد تغلق نے حضرت نصیر الدین کو ایذا دینے کے لئے ٹھٹھہ نہین بلایا تھا، بلکہ وہان اپنے ساتھ لے گیا تھا،

"چو سلطان محمد دینال طغی در ٹھٹھہ رفت خدمت شیخ نصیر الدین را برابر خود برد"[2]

---

[1] اخبار الاخیار ص ۸۰-۸۱ [2] تاریخ فیروز شاہی ص ۲۹،

آگے چل کر مقدمۂ دوازدہم مین ہے،

"خدمت شیخ نصیرالدین محمود علیہ الرحمۃ الغفران را سلطان محمد در ٹھٹھ برابر خود بردہ بود و اندران ایام کہ سلطان محمد در زمین ٹھٹھ بحضرت الوہیت واصل شد حضرت فیروز شاہ بعون اللہ بر بادشاہی نشست خدمت شیخ نصیرالدین محمد برابر سلطان فیروز گشت"[1]

حضرت چراغ دہلی اور سلطان فیروز شاہ

مولانا ضیاءالدین برنی کی تاریخ فیروز شاہی (ص ۵۳۵) سے صرف اتنا پتہ چلتا ہے کہ حضرت شیخ نصیرالدین محمود ان علماء و مشائخ و اکابر کے ساتھ شریک تھے جنھوں نے ٹھٹھ مین بالاتفاق فیروز شاہ کو سلطان محمد کا جانشین بنایا، لیکن شمس سراج عفیف کی تاریخ فیروز شاہی کے بیانات نسبتہً زیادہ واضح ہین، فیروز شاہ کی تخت نشینی کے سلسلہ مین ہے،

"جب سلطان محمد تغلق ملتی کی بغاوت کو فرو کرنے کے لئے ٹھٹھ گیا، تو وہ حضرت شیخ نصیرالدین کو اپنے ساتھ لے گیا، سلطان محمد نے ٹھٹھ مین وفات پائی، اور سلطان فیروز شاہ بادشاہ ہوا، حضرت شیخ نصیرالدین نے سلطان فیروز شاہ کو پیغام دیا کہ آپ وعدہ کرین کہ خلق کے ساتھ عدل و انصاف کرین گے، ورنہ ان بیکس بندون کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ سے دوسرا فرمانروا طلب کیا جائے، سلطان فیروز نے جواب کہلا بھیجا کہ مین خداوند تعالیٰ کے بندون سے حلم و بردباری کے ساتھ پیش آؤن گا، اور اُن پر انصاف و محبت سے حکومت کرون گا، حضرت شیخ نے یہ جواب سُنا تو کہلایا کہ اگر آپ خلق کے ساتھ خلق و مروت سے پیش آئین گے، تو ہم بھی، اللہ تبارک و تعالیٰ سے آپ کے لئے چالیس سال کی حکومت کے لئے دعا کرین گے، اور آخر کار وہی ہوا، جو حضرت شیخ نے فرمایا تھا، سلطان فیروز نے چالیس سال تک حکومت کی، ایک روایت یہ بھی ہے کہ شیخ نصیرالدین محمود نے سلطان فیروز شاہ کو انتالیس خرمے بھیجے،

---

[1] تاریخ فیروز شاہی ص ۸۲،

جو بشارت پر بشارت خیال کی گئی، (ص ۲۹)

حضرت چراغ دہلی اور خانجہان

سلطان فیروز شاہ کا لائق وزیر خانجہان حضرت چراغ دہلی کا مرید تھا، یہ نسباً تلنگی ہندو تھا، سلطان محمد تغلق کے پاس حاضر ہو کر ایمان لایا، اور اپنی غیر معمولی استعداد اور صلاحیت کی بنا پر ترقی کر کے محمد تغلق ہی کے زمانہ مین وزارت کے عہدہ پر مامور ہوا، فیروز شاہ کے عہد مین بھی وزارت کی باگ اسی کے ہاتھ مین رہی، جب وہ حضرت چراغ دہلی کے حلقۂ ارادت مین داخل ہوا تو مرشد سے اپنے لئے عبادت و ریاضت کی تفصیل پوچھی، حضرت چراغ دہلی نے فرمایا تم وزیر مملکت ہو، تمھاری عبادت یہی ہے کہ حاجت مندون کی حاجت برآری مین انتہائی کوشش کرو، خانجہان نے اوراد و وظائف کے لئے اصرار کیا، فرمایا اگر تم ہمیشہ باوضو رہو تو تمھارے لئے یہی بہتر ہے، چنانچہ خانجہان مرشد کی ہدایت کے مطابق ہمیشہ باوضو رہنے لگا، شمس سراج عفیف مصنف تاریخ فیروز شاہی کا بیان ہے کہ اس امر مین خانجہان اتنی احتیاط کرتا تھا کہ اگر دربار مین مسند وزارت پر اس کو وضو کی حاجت ہو جاتی، تو فوراً اٹھ کر وضو کر لیتا، اور رات کو جب اپنے بستر حریر پر سونے کے لئے جاتا، تو پلنگ کے پاس ایک آفتابہ اور ایک طشت رکھوا لیتا، اور جب آنکھ کھلتی فوراً پلنگ سے اتر کر وضو کر لیتا، وفات کے بعد حضرت شیخ نظام الدین اولیاء کے قریب دفن ہوا، تمام خلقت خدا نے اس کے لئے ماتم کیا، اور جیسا کہ شمس سراج عفیف کا بیان ہے کہ ہر شخص تعزیت مین مسجدون اور مقبرون مین جا بیٹھا، لیکن یہ کہنا صحیح ہوگا کہ خانجہان کی خدا ترسی اور عدل پروری حضرت چراغ دہلی ہی کے فیض صحبت کا نتیجہ تھی، اس کے اوصاف کا ذکر کرتے ہوئے شمس سراج عفیف رقمطراز ہے،

خانجہان وزیر صاحب تدبیر اور خدا ترس تھا، ہر وقت رعایا کی بہتری و فلاح کی کوشش میں لگا رہتا، کسی شخص پر ذرہ برابر بھی ظلم روا نہ رکھتا، اگر کوئی مقطع ظلم کرتا اور مال لے کر آتا، تو خانجہان مال کے اس اضافہ کو پسند نہ کرتا، ہر وقت رعیت کی راحت رسانی

ہیں سرگرم رہتا، کام کرنے والے گروہ کی حمایت کرتا اور دل وجان سے اس کے تصور کی پردہ پوشی کرتا، اور اگر کسی عامل سے کوئی جرم سرزد ہو جاتا تو نہایت عمدہ طریقہ پر اس کا حال بادشاہ سے عرض کرکے اس کو شاہی بازپرس سے بری کرا دیتا، خانجہان کی وفات پر تمام خلقت خدا نے ماتم کیا، حقیقت یہ ہے کہ یہ تمام آثار اُس کی منفرت کی دلیل ہیں'

(تاریخ فیروز شاہی ص ۴۲۲ و ۴۲۳)

حضرت چراغ دہلی اور حضرت قطب الدین منور کی ملاقات

جب حضرت چراغ دہلی سلطان فیروز شاہ کے ساتھ ٹھٹھے سے واپس ہو رہے تھے، تو انھوں نے حضرت قطب الدین منور کی ملاقات کے لئے ہانسی کا رُخ کیا، حضرت قطب الدین منور کو جب معلوم ہوا کہ حضرت چراغ اُن کی خانقاہ کے قریب پہنچ گئے ہیں، تو برہنہ پا دوڑے، اور دونوں ایک دوسرے سے بغل گیر ہوئے، حضرت منور نے حضرت چراغ کے قدموں کی جانب ہاتھ بڑھایا، اور حضرت چراغ نے شیخ منور کے قدم لینے کا ارادہ کیا، اس تواضع کے بعد دونوں بڑی محبت و یگانگت کے ساتھ ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑے ہوئے خانقاہ تشریف لائے، اور اپنے پیر و مرشد کو یاد کرکے بہت روئے، اس کے بعد محفل سماع منعقد ہوئی جس میں دونوں بزرگوں پر سکر کا عالم طاری ہوا، سماع کے بعد عصر کی نماز کا وقت آیا، تو حضرت شیخ منور نے حضرت چراغ کا ہاتھ پکڑ کر کہا کہ آپ امامت کریں' حضرت چراغ نے حضرت منور کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیکر کہا امامت آپ کے لئے زیبا ہے، یہ بھی فرمایا، کہ اگرچہ پیر و مرشد نے ہم دونوں بھائیوں کو ایک ہی روز خرقۂ خلافت عطا کیا تھا لیکن آپ کو چاشت کے وقت خلافت ملی اور مجھ کو ظہر کی نماز کے وقت مشرف فرمایا اس لئے امامت کے لئے بھی آپ ہی کا حق مقدم ہے مرشد کے ذکر پر حضرت شیخ منور امامت کے لئے آگے بڑھے، شمس سراج عفیف کا بیان ہے کہ جب دونوں عارفان حق نماز ادا کر رہے تھے، تو معلوم ہوتا تھا کہ فرش زمین پر قران السعدین ہے'

دونون بزرگان دین میں شروع سے آخر تک غیر معمولی محبت رہی، حضرت شیخ منور کے یہان جب حضرت چراغ دہلی کا کوئی مرید آتا، تو فرماتے آؤ میرے قریب بیٹھو، تم میرے برادر زادہ ہو پھر اس پر بیحد کرم فرماتے، اسی طرح اگر کوئی شخص ہانسی سے حضرت چراغ کی قدمبوسی کے لئے آتا تو آپ اُس کو اپنی آغوش شفقت میں لیتے، اور اپنی خانقاہ میں اعزاز و اکرام کے ساتھ مہمان رکھتے[1]

ذوق سماع | خواجگان چشت کی طرح حضرت چراغ بھی سماع کا ذوق رکھتے تھے، ایک مرتبہ خانقاہ کی ایک مجلس سماع میں حسب ذیل شعر پر وجد آیا،

جفا بر عاشقان گفتی نخواہم کرد ہم کردی
قلم بے دلان گفتی نہ خواہم راند ہم راندی

مولانا مغیث شاعر نے ایک رسالہ میں اس محفل کا پورا حال بیان کرکے یہ اعتراض کیا کہ اس شعر میں کوئی بات نہیں ہے، اگر جور وجفا کی نسبت خداوند تعالی کی جانب کی جائے، تو یہ کفر ہے، اس قسم کے اور اعتراضات بھی تھے، مولانا مغیث نے یہ رسالہ مولانا معین الدین عمرانی کو دیا، انھون نے حضرت چراغ دہلی کی خدمت میں پیش کیا، حضرت نے اس کو پڑھا لیکن کچھ ارشاد نہیں فرمایا، اور رسالہ واپس کر دیا، کچھ دنون کے بعد ایک اور مجلس میں حضرت چراغ کو اس شعر پر بڑی بے قراری ہوئی،

ما طفل مغانہ دوش بے باک زدیم — عالی علمش بر سر افلاک زدیم
از بہر یکے مغ بچہ ای خوارہ — صد بار کلاہ توبہ بر خاک زدیم

اور اسی بے قراری کے عالم میں چھت پر تشریف لے گئے، اور مولانا مغیث کو بلایا، جب وہ سامنے آئے تو فرمایا "ہان مولانا بنویس این جا چہ جہل بود"[2]

---

[1] تاریخ فیروز شاہی از شمس سراج عفیف ص ۸۴ [2] جوامع الکلم ملفوظات حضرت گیسو دراز، و اخبار الاخیار ص ۷۶،

جب کبھی سماع کی وجہ سے سکر کا عالم طاری ہوتا، تو بھی نماز قضا نہ ہونے پاتی، ایک بار ظہر کے وقت وجد آیا، جو تہجد کی نماز تک قائم رہا، لیکن اس اثنا میں جب نماز کا وقت آتا، تو ہر بار وضو کرکے نماز ادا فرماتے[1]

سماع کے ساتھ مزامیر پسند نہیں فرماتے تھے، ایک روز حضرت محبوب الٰہی کے مریدوں نے مجلس سماع منعقد کی، قوالوں نے وقت کے ساتھ گانا شروع کیا تو حضرت چراغ اسی وقت اٹھ کھڑے ہوئے، لوگوں نے بیٹھنے کی درخواست کی تو فرمایا یہ خلاف سنت ہے، حضرت محبوب الٰہی رح کو یہ واقعہ سنایا گیا، تو آپ نے فرمایا وہ سچ کہتے ہیں، اور حق وہی ہے جو وہ کہتے ہیں[2]

ایک بار کسی نے مجلس سماع میں آپ سے مزامیر ادف، رباب اور رقص کے متعلق استفسار کیا، تو فرمایا مزامیر بالاجماع مباح نہیں ہیں، اگر کوئی طریقت سے گرے، تو کم سے کم شریعت میں رہے اور اگر شریعت کا بھی نہ ہوگا، تو پھر کہاں کا رہے گا، اول تو سماع ہی میں علماء کا اختلاف ہے اگرچہ کچھ شرائط کے ساتھ اس کو مباح کہا گیا ہے، لیکن مزامیر تو بالاتفاق حرام ہیں،

سماع کے متعلق فرمایا،

دارد وے دردمندان است[3]

اور سماع میں ذوق درد دل سے ہوتا ہے نہ کہ مزامیر سے،

قاتلانہ حملہ ایک روز حضرت چراغ نماز ظہر کے بعد جماعت خانہ سے آکر اپنے حجرۂ خاص میں مراقبہ میں مشغول تھے کہ ایک قلندر مسمی تاب وہاں پہنچا، اور چھری سے پے در پے آپ پر حملے کئے، خون حجرے کے باہر بہنے لگا، لیکن آپ کے استغراق میں فرق نہیں آیا، خون دیکھ کر مریدین حجرے میں گئے، اور قلندر کو سزا دینی چاہی، لیکن حضرت چراغ نے روکا، اور اپنے مریدین خاص قاضی عبد المقتدر، شیخ

---

[1] مفتاح العاشقین ص ۲۵، [2] اخبار الاخیار ص ۶۰ [3] خیر المجالس مجلس ہشتم و اخبار الاخیار ص ۶۰،

صدر الدین طبیب اور شیخ زین الدین علی کو پاس بلاکر قسم دی، کہ کوئی شخص قلندر کو ایذا نہ پہنچائے پھر قلندر سے معذرت کی کہ اگر چپریاں مارتے وقت تمہارے ہاتھ کو تکلیف پہونچی ہو تو معاف کرنا، اور بیس تنکہ زر دے کر اس کو رخصت کیا، ان ہی اوصاف کی بنا پر کہا جاتا ہے، کہ چشتیہ سلسلہ میں صبر رضا و تسلیم کا خاتمہ آپ پر ہو گیا،[1]

وصال | اس قاتلانہ حملہ کے بعد تین سال تک خلق اللہ کے رشد و ہدایت میں مشغول رہے، ۱۸ ربیع الثانی المبارک شب جمعہ ۷۵۷ھ میں رحلت فرمائی،

وفات سے پہلے مولانا زین الدین علی نے عرض کیا، کہ آپ کے اکثر مرید اہل کمال ہیں، کسی کو سجادہ نشین مقرر فرمادیں تاکہ سلسلہ جاری رہے، فرمایا ان درویشوں کے نام لکھ کر لاؤ جن کو تم اس لائق سمجھتے ہو، مولانا زین الدین نے تین قسم کے درویشوں کا انتخاب کیا، اعلیٰ، اوسط، اور ادنیٰ، حضرت خواجہ نے ان کے نام دیکھ کر فرمایا، یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے دین کا غم کھائیں گے، لیکن دوسروں کا بار نہ اٹھا سکیں گے، اس کے بعد وصیت فرمائی کہ دفن کرتے وقت حضرت شیخ نظام الدین قدس سرہٗ کا خرقۂ مبارک میرے سینہ پر، ان کا عصا میرے پہلو میں، ان کی تسبیح میری شہادت کی انگلی میں، ان کا کاسۂ چشت کے بجائے میرے سر کے نیچے اور ان کی چوبین نعلین میرے بغل میں رکھدی جائیں، چنانچہ ایسا ہی کیا گیا، حضرت خواجہ سید محمد گیسو دراز نے غسل دیا، اور جس پلنگ پر غسل دیا گیا، اس کی ڈوریاں پلنگ سے جدا کرکے اپنی گردن میں ڈال لیں، کہ میرے لئے یہی خرقہ ہے، اور یہی کافی ہے، مزار اقدس دہلی میں ہے،

لطافت طبع | آپ کی طبیعت میں بہت پاکیزگی اور مزاج میں بڑی نظافت تھی، آپ کے مرید حضرت سید گیسو دراز اپنے ملفوظات جوامع الکلم (ص ۱۱۲) میں فرماتے ہیں کہ جس جگہ وہ بیٹھتے وہ بہت ہی پاک صاف اور روشن ہوتی، وہاں ایک تنکہ بھی دکھائی نہیں دیتا، کسی وقت یہ نہیں معلوم ہوتا، کہ جسم مبارک

---

[1] سیر العارفین ج ۲ ص ۴۴،

پر جو کپڑا ہے، وہ کل زیب تن فرمایا ہے، یا آج پہنا ہے، دامن اور آستینوں کی شکن سے کچھ اندازہ ہوتا، کہ دو دن کا پہنا ہوا ہے، دائین بائین پھولون کا انبار لگا رہتا تھا،

تجرد | مرشد کی سنت کی پیروی میں تمام عمر ازدواجی تعلق سے آزاد رہے،

بزرگی | خیر المجالس کے مرتب مولانا حمید قلندر رقمطراز ہین کہ حضرت خواجہ نصیر الدین محمود علم بین ابو حنیفۂ وقت اور زہد و ورع مین حضرت شیخ نظام الدین کی جگہ پر تھے[۱]، مفتاح العاشقین کے مرتب مولانا محب اللہ نے حضرت خواجہ کو عمدۃ الابرار قدوۃ اخیار، ملک السالکین، برہان العاشقین اور خیر المشائخ کے القاب سے یاد کیا ہے[۲]،

لطائف اشرفی مین ہے:- (ص ۳۶۲)

"حضرت قدوۃ الکبری می فرمودند کہ ہرچند کہ خلفاء حضرت سلطان المشائخ ہمہ بر مسند شیخوخیت وارشاد و بر جادۂ شریعت و اتقیا بودند، اما حضرت شیخ نصیر الدین محمود را حق تعالیٰ ولایتے کرامت کردہ بود کہ بدان رتبہ ہیچ کس از خلفاء نتواند رسید، و آن مقدار آثار ولایت و کرامت و انوار ہدایت و عظامت کہ از حضرت شیخ نصیر الدین ظہور پیوست از ہیچکس ظاہر نشد، بلکہ در ہمہ ہندوستان ہیچ صاحب ولایتے مقاومت ایشان نتوانست،

سیر العارفین مین ہے کہ

"وہ مبارز بزرو جہاد اکبر، وہ شاہد شہود اظہر، وہ صنوبر ریاض ریاضت، وہ نیلوفر فیوض انابت، وہ مثال تنزیہ و تشبیہ، وہ عامل تنقیح و توضیح وہ برگزیدہ معبود، عبد الواحد، وہ مشائخ کبار مین ممتاز و مستثنیٰ مجردان روزگار مین اولی الابصار تھے[۳]،

---

[۱] خیر المجالس مجلس دوم [۲] مفتاح العاشقین، تمہید،

[۳] سیر العارفین جلد دوم صفحہ ۷،

مولانا عبدالحق نے اخبار الاخیار مین حضرت خواجہ کو مستغرق بحر شہود کے لقب سے یاد کیا ہے اور لکھا ہے کہ وہ اپنے شیخ کا بہت اتباع کرتے تھے، ان کا طریقہ فقر، صبر، رضا اور تسلیم تھا[1]، سفینۃ الاولیا (ص ۱۷۱) مین ہے کہ حضرت خواجہ سے اتنی کرامتین صادر ہوئین، کہ سلطان المشائخ کے کسی مرید سے اتنی ظاہر نہ ہوئی ہون گی، خزینۃ الاصفیا مین ہے،

"صاحب الاسرار زبدۃ الابرار و عابد عظیم و زاہد کریم بود (ص ۳۵۳)

ملفوظات حضرت چراغ کے ملفوظات کے دو مجموعے مشہور ہوئے، (۱) خیر المجالس مرتبہ مولانا حمید قلندر شاعر (۲) مفتاح العاشقین مرتبہ مولانا محب اللہ ان دونون مین خیر المجالس زیادہ مقبول ہوئی اس مین ۷۵۵ھ سے ۷۵۶ھ تک کی سو مجلسون کے ملفوظات ہین، تمام صوفیانہ رموز و نکات لذیذ حکایتون کے پیرایہ مین واضح کئے گئے ہین، اس لئے پوری کتاب شروع سے آخر تک دلچسپ ہے، گذشتہ صفحات مین اس کی تعلیمات کا ذکر جستہ جستہ آچکا ہے، جگہ کی قلت کی وجہ سے ہم اس کے اور مسائل کو تفصیل کے ساتھ قلم بند کرنے سے معذور ہین، پھر بھی کچھ مباحث ہدیۂ ناظرین ہین،

جذب و سلوک فرمایا سلوک مین ارادت ضروری شرط ہے، تاکہ مرشد طریقۂ ذکر و فکر کی تعلیم دیکے، اور جہان ایک سالک کو وقفہ عارض ہو، وہان مرشد دست گیری کرے، ایک سالک متدارک بجذبہ اور اور ایک مجذوب متدارک بہ سلوک ہوتا ہے، سالک متدارک بجذبہ وہ ہے، جو علم، عمل اور ارادت کی قوت سے پہلے سلوک اور پھر بعد مین جذبہ حاصل کرتا ہے، وہ اپنے اعمال مین خون جگر پیتا ہے، رنج و تعب اٹھاتا ہے، اس کو نفس اور شیطان معصیت مین آلودہ کرنا چاہتے ہین، لیکن وہ تائب ہوکر عابد و زاہد رہتا ہے، اور مجذوب متدارک بہ سلوک وہ ہے، جو پہلے جذبہ اور آخر مین سلوک حاصل کرتا ہے، وہ جو کچھ کرتا ہے، جذبہ کی قوت سے کرتا ہے، شیطان اور نفس دونون کو اس کے یہان دخل نہین، حضرت چراغ کی رائے ہے کہ سالک متدارک بجذبہ اور متدارک بہ سلوک دونون

---

[1] اخبار الاخیار ص ۷۴،

کی متابعت کی جاسکتی ہے، لیکن مجذوب مطلق اور سالک نامتدارک جذبہ اتباع کے لائق نہیں ہوتے،
حضرت چراغ کے نزدیک سالک متدارک بجذبہ مجذوب متدارک بسلوک سے افضل تر ہے، سالک
کی ایک قسم واقف بھی ہوتی ہے، جو علم اور مجاہدہ کے زور سے سلوک حاصل کرلیتا ہے، لیکن کسی لغزش
کی وجہ سے آگے نہیں بڑھنے پاتا، ایسی حالت میں مرشد مدد کرتا ہے، ورنہ اس کو شیطان طمانچے مارتا ہے[۱]

حال و مقام فرمایا ایک مبتدی تلاوتِ کلام پاک، نماز اور فکر میں وقت صرف کرتا ہے، اور
جب وہ اپنے اوقات کو عبادت و ریاضت سے معمور کرلیتا ہے، تو وہ صاحب وقت کہلاتا ہے،
اس کے بعد ایک حال قائم ہوتا ہے جس میں انوار نازل ہوتے ہیں اس کا اثر دل پر پہنچتا ہے، اور
دل سے اعضا میں سرایت کرتا ہے، لیکن اس حال میں دوام نہیں ہوتا، اگر اس کو دوام
حاصل ہوجاتا ہے، تو یہ مقام ہے، اور جب مقام کو دوام حاصل ہوتا ہے، تو مبتدی منتہی کے درجہ پر
پہنچ جاتا ہے، اور وہ صاحبِ انفاس کہلاتا ہے[۲] اس کی ہر سانس پاکیزہ ہوتی ہے، اور وہ غیر حق
کے تمام خیالات دل سے محو کردیتا ہے،

صحتِ نفس حضرت چراغ نے نفس کی تربیت پر بڑا زور دیا، فرمایا محافظت نفس کے لئے مخالفتِ
نفس ضروری ہے، چنانچہ ایک موقع پر اپنی ساری تعلیم کا لُبِّ لباب اس شعر میں پیش کیا،

صحتِ نفس وقت یک روزہ
بہتر از تاج و تخت فیروزہ[۳]

مفتاح العاشقین مرتبہ مولانا محب اللہ اٹھائیس صفحے کا ایک مختصر رسالہ جو مطبع مجتبائی
دہلی میں چھپ گیا ہے، اس کے مطبوعہ نسخہ کے آخر میں ہے:-

"تمام شد ملفوظ حضرت سلطان المشائخ شیخ نصیر الحق والشرع والدین قدس اللہ سرہ العزیز

---

[۱] خیر المجالس مجلس دہم و مجلس سی و نہم [۲] ایضاً مجلس دوازدہم [۳] ایضاً مجلس دوازدہم و سی و نہم،

تاریخ سیزدہم ماہ صفر ۸۸۸ھ ہجری نبوی روز پنجشنبہ وقت نماز ظہر،

۸۸۸ھ کتابت وطباعت کی غلطی معلوم ہوتی ہے کیونکہ حضرت چراغ کا وصال ۷۵۷ھ مین ہوا،

مفتاح العاشقین مین صرف دس مجلسون کے ملفوظات ہین، اس مین سے بھی کچھ باتین پیش کیجاتی ہین،

غسل کی قسمین | فرمایا ایک مرید کے لئے تین قسمون کا غسل ضروری ہے، (۱) غسل شریعت، یعنی جسم سے ناپاکی کو دور کرنا، (۲) غسل طریقت، یعنی تجرد اختیار کرنا، (۳) غسل حقیقت یعنی باطن کا توبہ کرنا، (ص ۴)

چار عالم | فرمایا ایک مرید کو راہ سلوک مین حسب ذیل چار عالم سے واقف ہونا ضروری ہے، اور اگر وہ واقف نہین ہے تو وہ دروغ گو ہے،

(۱) ناسوت (۲) ملکوت (۳) جبروت (۴) لاہوت،

عالم ناسوت حیوانات اور نفس کی دنیا ہے، اس مین حواس خمسہ سے افعال صادر ہوتے ہین، سالک اپنی ریاضت اور مجاہدہ سے اس عالم سے گذر کر عالم ملکوت مین پہنچتا ہے، جہان اس کے افعال صرف تسبیح، تہلیل، قیام، رکوع اور سجود تک محدود ہوتے ہین، اس عالم کو طے کرکے وہ عالم جبروت مین آتا ہے، جہان صرف شوق، ذوق، محبت، اشتیاق، طلب وجد، سکر، صحو، تجدا محو کے سوا کچھ اور نہین ہوتا، اس کے بعد وہ عالم لاہوت مین داخل ہوتا ہے، جو بالکل لامکان ہے، یہان نہ گفتگو ہے، اور نہ جستجو، عالم ناسوت نفس کی صفت، عالم ملکوت دل کی صفت، عالم جبروت روح کی صفت اور عالم لاہوت "نظر رحمان" کی صفت ہے،

تجلیہ روح | ایک دوسری جگہ فرمایا کہ سالک جب تک تزکیہ، تصفیہ اور تجلیہ حاصل نہین کرتا، اس

مین درویشی کا جوہر پیدا نہین ہوتا، ان ہی کے ذریعہ سے شریعت، طریقت اور حقیقت کے مراتب حاصل ہوتے ہین، حصولِ شریعت سے تزکیۂ نفس ہوتا ہے، اور اس کے لئے کم کھانا، اور رات کو نوافل پڑھنا ضروری ہے، حصولِ طریقت سے تصفیہ دل ہوتا ہے، اس کے لئے نماز پڑھنا، روزہ رکھنا، اور ذکر جلی کرنا لازمی ہے، حصولِ حقیقت سے تحلیہ روح ہوتا ہے،

اس کے لئے روزے رکھنا اور ذکر خفی کرنا ضروری ہے، تجلیۂ روح سے مراد دل کے سات گوہر کا روشن ہونا ہے، وہ سات گوہر یہ ہین،

(۱) گوہر ذکر (۲) گوہر عشق (۳) گوہر محبت (۴) گوہر سیر (۵) گوہر روح، (۶) گوہر معرفت، (۷) گوہر فقر،

گوہر ذکر کی روشنی سے سالک موجودات کی کل چیزون مین منفرد ہو جاتا ہے جس کے بعد گوہر عشق روشن ہو جاتا ہے، اس مین شوق اشتیاق، درد اندوہ حیرانی اور بیخودی رہتی ہے، اس کے بعد گوہر محبت مین روشنی پیدا ہوتی ہے جس سے سالک کے دل مین خدا کے سوا کسی اور کی محبت نہین رہتی ہے، اور وہ ہر حال مین راضی برضا ہوتا ہے، اسی اثنا مین وہ واردات اور مواہب الٰہی سے آگاہ و سرفراز کیا جاتا ہے جس سے گوہر سر روشن ہوتا ہے، اس کے بعد روح کا گوہر چمکتا ہے جب کے سالک کا کوئی لمحہ خدا کی طاعت سے خالی نہین رہتا ہے، پھر گوہر معرفت اور آخر مین گوہر فقر روشن ہوتے ہین، گوہر معرفت کے روشن ہونے پر سالک جو کچھ سنتا ہے، خدا سے سنتا ہے، جو کچھ کہتا ہے خدا سے کہتا ہے، جب کبھی چلتا ہے تو خدا کے لئے چلتا ہے، اور جب فقر کا گوہر روشن ہوتا ہے تو سالک دنیا اور دنیا کی تمام چیزون سے مستغنی ہو جاتا ہے،

اور جب سالک ان مراتب کو پہنچتا ہے، تو انوار تجلی سے متصف ہو کر اٹھارہ ہزار دنیا کو اپنی دو انگلیون کے درمیان پاتا ہے، اور وہان خدا کی قدرت سے چرن اور چگون کا تماشا دیکھتا ہے

قدرتِ خداوندی مین جو کچھ چیزین ہین، وہ اُس کی "روزی" ہوتی ہے، مگر سالک کو احتیاط رکھنا چاہیئے کہ کہ اس سعادت سے محروم (بے نصیب) نہ ہوجائے (ص ۱۲)

محبت کی قسمین | ایک مجلس مین خالصۃً محبت پر ارشادات ہین، فرمایا کہ محبت کی دو قسمین ہین، محبت ذات، محبت صفات، محبت ذات وہبی، اور محبت صفات کسبی ہے، ابتدا مین سالک کو خلق، دنیا نفس اور شیطان جادۂ محبت سے گمراہ کرتے ہین، مگر خلق سے پرہیز کے لئے عزلت نشینی، دنیا کو نظر انداز کرنے کے لئے قناعت پسندی اور نفس اور شیطان سے بچنے کے لئے عبادت گذاری ضروری ہے،

خاص محبت وہ ہے کہ دوست کے لئے دنیا کی ہر چیز ایثار کردے، اور محبت مین صادق وہی ہے کہ اگر اس کو کاٹ کر ریزہ ریزہ کردیا جائے، یا آگ مین جلا دیا جائے تو بھی وہ ثابت قدم رہے،

خلفار | حضرت چراغ دہلی کے جلیل القدر خلفار مین حضرت سید محمد بن جعفر الکی الحسینی بھی تھے، ان کے متعلق اخبار الاخیار مین ہے،

"حضرت شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلی نور اللہ مرقدہٗ کے جلیل القدر خلفار مین سے ہین، توحید و تفرید مین مقام عالی رکھتے تھے، اُن کا شمار منفرد اولیار مین کیا گیا ہے، انھون نے اپنے ظاہر و باطن کے جو احوال لکھے ہین، اُن کو پڑھ کر عقل حیران رہتی ہے، اگر بغیر کسی تاویل کے صرف ان کا ظاہر مراد ہے تو اپنے زمانہ کے بڑے کامل تھے، اُن کی ایک تصنیف بحر المعانی ہے جس مین حقائقِ توحید، علوم قوم اور اسرار معرفت بیان کئے گئے ہین، طرزِ بیان مستانہ ہے، اسی کتاب مین دو اور کتابون دقائق المعانی اور حقائق المعانی کے لکھنے کا وعدہ کیا گیا ہے، خدا ہی جانتا ہے کہ یہ دونون کتابین لکھی گئین یا نہین، ان کے علاوہ اور بھی تصانیف ہین، ایک رسالہ روح کے بیان مین لکھا ہے، اس کا نام پنج نکات ہے، بحر الآفتاب نام کی بھی ایک تصنیف ہے، اس مین اہل بیت و رسالت کا نسب نامہ ہے، جس مین اپنے نسب کو

بھی ملایا ہے، وہ صاحب دعوی کثیر ہین، اور اُن کے بیانات سے اُن کے دعوی کی تصدیق ہوتی ہے، بڑی عمر پائی، محمد تغلق کے زمانہ سے سلطان بہلول لودی کے زمانہ تک زندہ تھے، اس حساب سے ان کا سن سو سال سے زیادہ ہوتا ہی، آبا و اجداد مکہ معظمہ کے اشراف مین سے تھے، وہان سے دہلی آئے، پھر سرہند مین اقامت گزین ہوئے، اور یہین مدفن ہے، (ص ۱۲۸)

حضرت سید محمد کے مزید حالات اور اُن کی تصنیف بحر المعانی کے کچھ اقتباسات مذکورۂ بالا تذکرہ مین ملین گے، (دیکھو اخبار الاخیار ص ۱۲۳-۱۲۸)

حضرت چراغ کے بعض اور خلفاء کے اسمائے گرامی یہ ہین :-

حضرت میر سید محمد گیسو دراز (گلبرگہ شریف) خواجہ کمال الدین (احمد آباد گجرات بھیجے گئے، یہان کے اطراف و جوانب مین لوگون کو اسلامی تعلیمات کے ذریعہ اپنا معتقد بنایا - مزار دہلی ہی مین ہے) شیخ دانیال (سترکھ) شیخ صدرالدین علم طب مین اُن کی ایک تصنیف فصیح و متین مشہور ہے، دہلی مین مدفون ہین) خواجہ معین الدین خورد (مرگہا) شیخ سراج الدین (پاک پٹن) شیخ یوسف حسینی (علم دین مین اُن کی ایک کتاب فیض انتساب تحفۃ النصائح مشہور ہے) شیخ عبد المقتدر (مناقب الصدیقین مین اپنے مرشد کے فضائل تحریر کئے، خانقاہ جونپور مین ہے) حضرت شیخ سعد اللہ کیسہ دار، حضرت مولانا خواجگی (کالپی) شیخ احمد تھانیسری (کالپی) شیخ محمد متوکل کنتوری (بہرائچ) شیخ قوام الدین (لکھنؤ)

تصوف اسلام: جدید اڈیشن قیمت:- عہ ضخامت صفحے،
"منیجر"

اسلامی ہند کے تمدنی کارنامے

عمارتیں

از

مولانا عبدالسلام ندوی

(۴)

شاہجہان کے علاوہ امرائے شاہجہانی میں جن لوگوں نے مختلف مقامات میں عمدہ عمارتیں بنوائیں اُن کے نام حسب ذیل ہیں:-

اعتقاد خان اس نے آگرہ میں جدید وضع کی ایک حویلی تعمیر کروائی، جو وہاں کی اور حویلیوں سے بہتر تھی، مآثرالامرا میں لکھا ہے کہ سب سے پہلے آگرہ میں تین شخصوں یعنی خواجہ جہان جہانگیری خواجہ دلیسی دیوان سلطان پرویز اور اعتقاد خان نے جدید وضع کی حویلیوں کی بنیاد ڈالی، لیکن ان میں سب سے بہتر حویلی اعتقاد خان کی تھی، چونکہ وہ شاہجہان کو پسند آئی، اس لئے اعتقاد خان نے بطور پیشکش کے اس کو شاہجہان کی نذر کیا، اور بعد کو شاہجہان نے امیرالامرا علی مردان خان کو بطور انعام کے دیا[1]،

احمد نیازی خان بڑا نیا خاں امیر تھا، اس کے باپنے اشی برار میں توطن اختیار کیا تھا، اور وہیں اس کی قبر تھی، اس تعلق سے احمد نیازی خان نے اس قصبہ کی آبادی بڑھانے کی کوشش کی اور ایک باغ لگوایا، ایک عظیم الشان مسجد تعمیر کی، اور اپنے باپ کا مقبرہ بنوایا[2]،

---

[1] مآثرالامرا، جلد اول ص ۱۸۲ [2] ایضاً ص ۱۸۸،

شاہجہانی عہد مین بھرجی بیرم شاہ) ایک امیر تھا، جو بیکلانہ کا زمیندار تھا، جب اس کا انتقال ہوگیا تو اس کے لڑکے بیرم شاہ کو شاہ جہان نے مسلمان کرکے دولت مند خان کا خطاب دیا، اور پرگنہ پونار خاندیس کو بطور انعام کے مرحمت کیا، اوس نے اوس قصبہ مین نہایت پرتکلف عمارتین بنوائین جن کے آثار صاحب مآثر الامرا کے زمانہ تک باقی تھے[۱]

خان دوران نصرت جنگ | دکن کا صوبہ دار تھا اس نے دکن کا انتظام اس خوبی سے کیا کہ قدیم نظام بالکل بدل گیا، اور ملک کی آبادی ترقی کرگئی، چنانچہ برہانپور کی تمام عمدہ عمارتین اسی کے دور کی یادگار ہین، صاحب مآثر الامرا لکھتے ہین:-

"بیشتر عمارات عمدہ برہانپور در وقت او شدہ، مندوی زمین آباد کنار زمینی از دست داز سرو تیج تا برہانپور بدہ کروہی سراہا ساختہ او ست[۲]"

رشید خان انصاری | بڑا فیاض امیر تھا، اس نے برہان پور کی عیدگاہ کی توسیع کرائی، اور اس مین نہر کا پانی لایا[۳]

سرفراز خان دکنی | مضافات ناندیر مین پرگنہ لوہ گانون اس کی جاگیر مین تھا، اس نے اس پرگنہ کے ایک گانون بلولی نامی مین توطن اختیار کیا، اور اس مین ایک مسجد اور دوسری بلند عمارتین بنوائین جن کی وجہ سے اس گانون کو دوسرے قصبات پر تفوق حاصل ہوگیا[۴]

وزیر خان حکیم علیم الدین | پنجاب کے ایک قصبہ چنیوٹ مین پیدا ہوا تھا، ۱۰۵۰ھ مین انتقال کیا، اور نہایت کثرت سے عمارتین اپنی یادگار چھوڑین، چنانچہ لاہور مین حمام، بازار اور متعدد حویلیان اور ایک جامع مسجد بنوائی، لاہور کے پاس وزیرآباد کے نام سے ایک قصبہ آباد کیا، اور قصبہ چنیوٹ کے گرد ایک پختہ فصیل قائم کی، اور بہت سی پختہ عمارتین بنوا کر وہان کے لوگون کو دین، بازارون مین سڑکین دوکانین

---

[۱] مآثر الامرا حصہ اول ص ۳۱۴ [۲] ایضاً ص ۵۶، ۵۷، [۳] مآثر الامرا ج ۲ ص ۲۵۰ [۴] ایضاً ص ۴۷،

مسجدین، مدرسے، شفاخانے، کنوئین اور حوض بنوا کر وہان کے لوگون پر وقف کئے، غرض صاحب مآثر الامرا کے الفاظ ہین :-

"و نوعے وطن را آراستہ کہ این دولت بہیچ امیرے دیگر در ہندوستان میسر نشدہ"[۵۱]

اسلام خان اس کو میر محمد نعمان رحمۃ اللہ کے ساتھ خاص عقیدت تھی، اس لئے ان کے مزار کے پاس ۱۰۵۵ھ مین ایک عظیم الشان مسجد بنوائی، کشمیر کی عیدگاہ بھی اسی کی بنوائی ہوئی ہے[۵۲]

شاہجہان کے بعد عالمگیر کا دور حکومت آیا، جو سادگی اور کفایت شعاری کا دور ہے، اس لئے اس دور مین جدید عمارتین بہت کم تعمیر ہوئین، صرف ضروری عمارتون کی تعمیر اور مرمت و اصلاح کی گئی، مثلاً شہر بیجاپور اور اس کے آس پاس کی آبادیان چونکہ مسلسل لڑائیون کی وجہ سے بالکل ویران ہوگئی تھین، اس لئے عالمگیر نے وہان چھاونی قائم کی، اور عمارتین بنوائین[۵۳]، قلعہ ستارہ اور قلعہ پرلی مین شاہان بیجاپور نے جو مشہور مسجدین تعمیر کی تھین چونکہ ہندوؤن کی دست برد سے بالکل ویران ہوگئی تھین، اس لئے عالمگیر نے دوبارہ اُن کی تعمیر کا حکم دیا[۵۴]، اسی طرح جلوس کے پہلے ہی سال جب اس کو اطلاع ملی کہ بہت سی مسجدین اور عبادتگاہین بے رونق اور ویران ہوگئی ہین، تو حکم دیا کہ ممالک محروسہ مین جہان کہین اس قسم کی مسجدین پائی جائین، اُن کی ترمیم و تجدید کی جائے، اور امام موذن اور نوکر اور فرش اور روشنی کے مصارف مقرر کئے جائین[۵۵]، چنانچہ اس حکم کے موافق احمد آباد کی بہت سی مسجدون کی مرمت ہوئی[۵۶]

سلاطین تیموریہ کے عہد مین جدید عمارتون کی تعمیر کا ذوق لازمۂ امارت ہوگیا تھا، لیکن عالمگیر نے شرعی حیثیت سے عہد قدیم کے تمام امیرانہ و شاہانہ ساز و سامان کی اصلاح کی، اور اپنے جلوس کے اکیسوین سال حکم دیا کہ

---

۵۱ مآثر الامرا، حصہ سوم ص ۹۳۵-۹۳۶ ۵۲ ایضاً حصہ اول ص ۲۱۹-۲۲۰ ۵۳ خافی خان حصہ دوم ص ۳۱۰

۵۴ ایضاً ص ۲۰۴، ۵۵ عالمگیر نامہ جلد دوم ص ۱۰۸۵ ۵۶ مرآۃ احمدی جلد دوم ص ۷،

(۱) اہلِ قلم نقرئی دوات کے بجائے چینی و سنگ ملع کی دوات استعمال کرین،

(۲) طلائی و نقرئی عود سوز دربار خاص و عام مین نہ سلگائے جائین،

(۳) انعامات کی رقمین بجائے خوانہائے نقرہ کے سپر مین رکھ کر ملاحظہ عالی مین لائی جائین،

(۴) خلعت خانہ مین بجائے مغرق کپڑون کے کلابتونی کپڑے استعمال کئے جائین،

اور انہی احکام کے سلسلہ مین امراء کے تعمیری ذوق پر بھی پابندی عائد کی، اور حکم دیا، کہ چہار صدی سے بالاتر امراء بلا حکم شاہی جدید عمارتون کے تعمیر کی جرأت نہ کرین[۱]،

چہار صدی سے بالاتر امراء کی تخصیص سے ثابت ہوتا ہی کہ بڑے بڑے امراء جو عمارتین تعمیر کرواتے تھے، اُن سے صرف نام و نمود کا اظہار مقصود ہوتا تھا، جو شرعی حیثیت سے ناپسندیدہ امر تھا، اس لئے عالمگیر نے ان پر پابندی عائد کردی تاکہ غیر ضروری عمارتون کے بجائے ضروری عمارتین تعمیر ہون، لیکن باین ہمہ عالمگیری دور بھی امراء کی تعمیرات سے خالی نہین ہی، اور اس دور مین بھی متعدد امراء نے عمارتین تعمیر کروائی ہین، چنانچہ اُن کے نام حسب ذیل ہین،

خانزمان | اس نے برار کی صوبہ داری کے زمانہ مین موضع ہرم مین توطن اختیار کرلیا تھا، اور اس کا نام خانزمان نگر رکھا تھا، اور یہان بہت سی شاندار عمارتین بنوائی تھین، جن کے آثار صاحب مآثر الامراء کے زمانے تک باقی تھے، اُس نے برہان پور مین بھی ایک حویلی بنوائی تھی[۲]،

عبدالنبی | عالمگیر کے زمانہ مین متھرا کا فوجدار تھا، اور وہان ایک مسجد بنوائی تھی[۳]، عالمگیر کے بعد اگرچہ تنزل کا دور شروع ہوگیا، تاہم اس دور مین بھی امراء کا ذوق تعمیر قائم رہا، اور انھون نے متعدد عمارتین بنوائین، چنانچہ امراے محمد شاہی مین امین الدولہ امین الدین خان سنبھلی نے اپنے وطن مین نہایت عمدہ عمارت، باغ اور سرائے بنوائی[۴]، عضد الدولہ عوض خان نے شاہ گنج واقع شہر خجستہ بنیاد مین ایک مسجد

---

[۱] ترجمہ مآثر عالمگیری ص ۱۱۱ [۲] مآثر الامراء حصہ اول ص ۹۲، [۳] ایضاً جلد دوم ص ۴۴۲ [۴] رحصہ اول ص ۲۵۰

بنوائی مسجد کے سامنے جو حوض پڑتا تھا، اس کو اگرچہ حسین علی خان نے بنوایا تھا لیکن عوض خان نے اس کو اور وسیع کیا، اس شہر مین اُن کی حویلی اور بارہ دری بھی مشہور تھی[۱]

نواب آصف جاہ نے ۱۱۴۱ھ مین برہانپور کی شہر پناہ کی بنیاد ڈالی، جو مدتون مین تیار ہوئی، اس کے علاوہ مسجد کاردان سرا اور دولت خانہ بنوایا[۲]

ہندوستان کے طول و عرض مین مسلمانون نے جو عمارتین تعمیر کرائین، یہ اُن کی نہایت مختصر اور نامکمل تاریخ ہی، کیونکہ

۱- اس سلسلہ مین ہمارے مورخین نے صرف ان امرا و سلاطین کا نام لیا ہے جنھون نے تعمیرات مین خاص شہرت و نامودی حاصل کی ہے لیکن یہ ظاہر ہے کہ جو امرا و سلاطین اس معاملہ مین بہت یا ذرا شہرت نہین رکھتے تھے انھون نے بھی کچھ نہ کچھ عمارتین ضرور تعمیر کروائی ہون گی،

۲- مشہور سلاطین و امرا کی تمام عمارتون کا تفصیلی ذکر بھی تاریخ کی کتابون مین نہین ہے بلکہ ضمنی موقعون پر خاص خاص عمارتون کے نام آگئے ہین،

۳- رفاہ عام کے سلسلہ مین جو عمارتین تعمیر ہوئین، وہ اس سے الگ ہین،

۴- مسلمان امرا و سلاطین نے جو شہر اور قصبے آباد کئے، اُن کی عمارتین بھی اس مین داخل نہین، تاہم عمارتون کی کثرت اور وسعت کا اندازہ مختلف طریقون سے ہوسکتا ہی مثلاً

شفاخانے | جہانگیر نے تمام بڑے بڑے شہرون مین شفاخانے تعمیر کروائے تھے، دوسرے امرا و سلاطین نے جو شفاخانے بنوائے تھے، وہ اس سے الگ ہین،

سرائین | سرایون کا ایک طویل سلسلہ دلی سے دولت آباد، اور لاہور تک بنگالہ اور سنارگانون سے آب سند تک، اورنگ آباد سے اکبرآباد تک اور لاہور سے کابل تک پھیلا ہوا تھا ان مین

---

[۱] مآثر الامرا، حصہ دوم ص ۸۳۴ [۲] ایضاً حصہ سوم ص ۸۸۲،

شیرشاہ نے دہلی سے لاہور تک دو دو کوس اور بنگالہ اور سنارگاؤن سے آب سند تک اور آگرہ سے مانڈو تک کوس کوس بھر کے فاصلہ پر سرائین بنوائین اور چونکہ بنگالہ اور آب سند کی درمیانی مسافت ڈیڑھ ہزار کوس اور آگرہ سے مانڈو تک کی مسافت تین سو کوس کی ہے، اس لئے بنگال اور سندھ کے راستہ مین ڈیڑھ ہزار اور آگرہ اور مانڈو کے راستہ مین تین سو سرائین تعمیر ہوئین، شیرشاہ نے بنگال کے راستہ مین جو سرائین تعمیر کروائی تھین، اُن مین دو سرایون کے درمیان اس کے جانشین سلیم شاہ نے ایک اور سرائے کا بھی اضافہ کیا، اور اس طرح یہ تعداد اور بھی زیادہ ہوگئی، متفرق سرائین اُن سے الگ ہین، اور مہمان خانے بھی اسی سلسلہ مین داخل ہین،

حمام | متفرق حمامون کے علاوہ عالمگیر نے اورنگ آباد سے اکبرآباد تک اور لاہور سے کابل تک جو سرائین بنوائی تھین، ان مین ہر سرائے کے ساتھ ایک حمام اور ایک بازار کا ہونا لازمی تھا، سکندر لودی نے ان تمام مقامات مین جہان ہندو اشنان کرتے تھے، بازار قائم کئے تھے،

مساجد | سکندر لودی نے ان مقامات پر مسجدین بھی تعمیر کروائی تھین، اور عالمگیر کی تعمیر کردہ سرایون مین ہر سرائے کے ساتھ ایک مسجد بھی تعمیر کی گئی تھی، اُن کے علاوہ مسجدون کی کثرت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے، کہ سلطان احمد نے احمد آباد کے باہر جو گانون آباد کرائے تھے، اُن مین ایک ہزار مسجدین تھین،

مقبرے | مقبرون کی تعداد غیر محدود تھی، دارالسلطنتون اور ان شہرون مین جہان امراء و سلاطین کے ساتھ علماء، مشائخ، اور فقراء و صوفیہ کثرت سے رہتے تھے، ان کی تعداد بہت زیادہ تھی، آگرہ مین شہر کے چارون طرف خصوصاً طالب جنا کو سون تک باغات کے اندر ان مقابر کا سلسلہ چلا گیا تھا اب امتداد زمانہ سے اگرچہ اکثر مقبرے منہدم ہوگئے ہین، تاہم اب بھی شہر کے قرب و جوار مین کوسون تک مقبرون کے شکستہ گنبد اور تہ خانے نظر آتے ہین، چونکہ یہ مقبرے اکثر زندگی ہی مین تعمیر کرائے

جاتے تھے، اس لئے ہر شخص اپنی یا اپنے محبوب کی آخری یادگار کو اعلیٰ سے اعلیٰ بنانے کی کوشش کرتا تھا، چنانچہ ابوالفضل دلی کے متعلق لکھتا ہے،

"وبسا زندگان برائے خواب واپسین دل گزین چاہا و باغہا برساختہ اند"

یہ ذوق اس قدر ترقی کر گیا تھا، کہ انسان تو انسان گھوڑوں، کتوں اور ہرنوں وغیرہ کی یادگار میں بڑی بڑی عمارتیں اور مورتیں بنائی جاتی تھیں، چنانچہ آگرہ میں اس قسم کی متعدد یادگاریں موجود ہیں،

اس قسم کی عمارتیں زیادہ تر امرا و سلاطین تعمیر کرواتے تھے، عام رعایا کی عمارتیں اُن سے الگ ہیں، اور اُن کا اندازہ صرف مورخین کے اجمالی بیانات سے ہو سکتا ہے مثلاً جہانگیر تزک میں آگرہ کی نسبت لکھتا ہے کہ

"اس کی کثرت عمارت کا یہ حال ہے کہ عراق خراسان اور ماوراء النہر کے شہروں کے مثل متعدد شہر آباد ہو سکتے ہیں، اکثر آدمیوں نے سہ منزلہ اور چہار منزلہ عمارتیں بنوائی ہیں، آدمیوں کی کثرت کا یہ حال ہے کہ کوچہ و بازار میں بمشکل چل پھر سکتے ہیں"[1]

ابوالفضل آئین اکبری میں دلی کے متعلق لکھتا ہے،

"وعمارات عالی از سنگ وخشت فروغ افزائے چشم وعشرت فرزوں"[2]

پل، تالاب، حوض، کنوئیں، اور منارے سلسلۂ عمارات سے الگ ہیں، اور ان سب کے مجموعے نے سلاطین ہندوستان کا جو نقشہ قائم کر دیا تھا، وہ صاحب خلاصۃ التواریخ کے الفاظ میں حسب ذیل ہے:-

"ہندوستان اس قدر وسیع ملک ہے کہ دوسرے ممالک اس کی عشر عشیر وسعت بھی

---

[1] تزک جہانگیری مطبوعہ نولکشور ص ۲۱۳ [2] آئین اکبری ج ۲ ص ۱۳۴

نہین رکھتے لیکن باوجود اس وسعت کے ہر جگہ آباد ہے اور ہر طرف، ہر ضلع مین، ہر شہر مین، ہر قصبے اور گاؤن مین اور ہر رباط اور قلعے مین مسجدین، عبادتگاہین، خانقاہین، صومعے، اور دوسری قسم کی عمدہ عمارتین، باغات، درخت ہری بھری زراعت اور نہرین اس کثرت سے ہین کہ دوسرے ممالک مین اس قسم کی آبادی کا بہت کم پتہ چلتا ہے،

عام گذرگاہون مین ہر نہر اور ہر نالے پر مضبوط پل بندھے ہوئے ہین، اور دریاؤن مین کشتیان تیار رہتی ہین، ہر کوس کے فاصلہ پر بلند مینارے بنے ہوئے ہین، جو کوس کی علامت ہین، اور اُن سے راستون کی رہنمائی بھی ہوتی ہے، دو کوس کے فاصلہ پر مسافرون کے اترنے اور آرام کرنے کے لئے سرائین بنی ہوئی ہین جن مین ہر وقت کھانے پینے کی چیزین، دوائین عطر اور دوسرے ضروری سامان موجود رہتے ہین، تمام راستون مین سایہ دار اور میوہ دار درخت، کنوئین اور تالاب ہین جو خوشگوار پانی سے لبریز رہتے ہین، مسافر درختون کے سایہ مین سیر کرتے ہوئے، میوے کھاتے ہوئے، سرد پانی پیتے ہوئے گویا باغ کی روشون پر چلتے ہین

مقدمۂ رقعات عالمگیر

اس مین رقعات پر مختلف حیثیتون سے تبصرہ کیا گیا ہے، جس سے اسلامی فن انشا اور شاہانہ مراسلات کی تاریخ ہندوستان کے صیغۂ انشا کے اصول نہایت تفصیل سے معلوم ہوتے ہین، بالخصوص خود عالمگیر کے انشا اور اس کی تاریخ کے مآخذ اور عالمگیر کی ولادت سے برادرانہ جنگ تک کے تمام واقعات وسوانح پر خود ان خطوط واقعات کی روشنی مین تنقیدی بحث کی گئی ہے، قیمت: عہ

منیجر

سنگِ شبام

یہود و حمیر کی تاریخ کا ایک مشترک ورق

از

جناب مولانا ابوالجلال صاحب ندوی،

(۲)

یہ پتھر جس کو ہم نے سنگِ شبام کا نام دیا ہے، اگرچہ حضرموت کی وادی مین ملا لیکن اس کی تحریر کا مضمون بتاتا ہے، کہ یہ وہی پتھر ہے جس کا ذکر تکوین ۳۳-۲۰ مین ہے، اور جس کا نام ہے،

اَل = ہرگز نہین[1]،

الوہی = اے معبود

یشرائیل = اسرائیل،

یہ نام اس پتھر کو اس لئے دیا گیا تھا، کہ لوگون نے اس مقدس پتھر کے پاس جمع ہو کر (تکوین ۳۵:۲) کے اندر مذکورہ خبر کی تکذیب کی تھی، جس تکذیب کی بنا پر یہ فیصلہ سنایا گیا تھا کہ

وکین = اور ایسا

---

[1] ؎ کو تین طرح سے پڑھا جا سکتا ہے، ؎ اَل ہم نے ایسا ہی پڑھا ہے، ؎ اِل بمعنی تک ایسا کسی نے نہین پڑھا ؎ ایل (خدا) نصرانی مترجمون نے ایسا ہی پڑھکر اس کا ترجمہ کیا ہے "خدا اسرائیل کا معبود" ایک پتھر کو یہ نام دینے مین یہود سے شرک آتی ہے،


لا ۔ نہین

یعشہ کیا تھا اس نے (تکوین ۳۴ : ۷)

شنگ شبام | ۱۸۹۲ء مین مسز تھیوڈور بنٹ نے اپنے شوہر کے ساتھ وادی حضرموت کے ایک شہر شبام کی زیارت کی وہ فرماتی ہین کہ

"۲۵ جنوری کو ہم شبام کو روانہ ہوئے، یہ مقام القطن سے ۱۲ میل کے فاصلہ پر ہے، اور وادی حضرموت کے بڑے شہرون مین سے ہے..... قدیم عرب مؤلفین ہم کو بتاتے ہین کہ اس مقام مین بنو جیر عیسوی سنہ کے آغاز مین شہور ہوئے لیکن ہم کو یہان اس سے زیادہ قدامت کا ثبوت ایک مہر کی شکل مین اور ایک دوسرے کتبہ کی شکل مین ملا، جس کے اندر شبام کا نام ہے، اور جس کا زمانہ یقیناً تیسری صدی قبل مسیح ہے، (سدن عربیاص ۱۴۲ و ص ۱۴۳)

افسوس ہے کہ موصوفہ نے اس کی وجہ نہین بتائی کہ انھون نے کیون اس کو ۳۰۰ ق م کا کتبہ قرار دیا، یہ دوسرا کتبہ ایک مذبح ہے، اس کے وسط مین خون کے جمع ہونے کا ایک حوض ہے، ایک طرف ایک نالی ہے، جس پر جانور ذبح ہوتا تھا، ایک حاشیہ پر ایک سطر منقوش ہے،



ذ شکم ما عهر ال اذی شبلم ذ عوبا

یہ سطر خون کی نالی پر ختم ہوتی ہے، دوسرے حاشیہ پر خون کی نالی کے پاس جب ذیل عبارت منقوش ہے،



...نسا و قتینا عم سلم هعنا ذی سمای



نأذت خر نحن شش ما نعم نصی عصینا

الفاظ کتبہ | اَل (نہین) عم (قوم) ھنا (رنجیدہ کیا) ششں (چھ) کے معانی عبرانی لغت سے معلوم ہوئے، شکم، سلم (شالم) حوّہ توراتی اسمامین شبام بھی نام ہے، ما (نہین) عصر (زنا کی) نسا (عورتین) ذو اوذی (صاحب) نحن (ہم) مائہ (سو) نعم (انعام) نصیبہ (چنا ہوا) (عصینا (تلوار سے کاٹا ہم نے متعارف عربی کے الفاظ ہین، قنیت الجاریۃ کے معنی ہین لڑکی شادی کے قابل ہوگئی، اس لئے پردہ مین بٹھا دی گئی، اسی سے قنحا کو مشتق مانا جاسکتا ہے، راذت کے معنی نہ عربی لغت سے معلوم ہوئے، نہ عبرانی سے، دوسری سامی زبانون کا کوئی لغت میرے سامنے نہین ہے چونکہ اس مین خطا کی قربانی کا ذکر ہے، جو خطا معاف کرانے کی غرض سے کی جاتی تھی، اس لئے قیاس کہتا ہے، کہ راذت کے معنی ہین خطا معاف کر،

ذعوبسا جان کا لفظ ہے بابلی اور مصری کتبات مین سا اور بس فارسی ضمیرش کا مرادف ہے، ذعوب کو ہم داعب کی قدیم شکل باور کرسکتے ہین،

عربون مین ایک کھیل نہایت قدیم زمانہ سے جاری تھا، جسے طنبہ کہتے تھے، غالبًا ذعوبسا لکھ کر اسی قسم کے کھیل کا ذکر ہے، ایلہ کے ایک کتبہ مین جس کی ابھی صرف چند سطرین حل کرسکا ہون آخر مین لکھا ہے،

"وآمنتاشیمنی - وآمنتاحیوناو موتنا شکذا خلقا کطبنن"

چونکہ ابھی پورا کتبہ حل نہین ہوا ہے، اس لئے نہین کہہ سکتا کہ (آمنتا) عربی صیغہ آمَنّا (دہ دونون ایمان لائین) یا عبرانی صیغہ سَبقنا (سبقت) جیسا اس وقت صیغہ واحد حاضر قرار دیکر اس کا ترجمہ کرتا ہون،

ایمان لائے تو تقدیر پر اور ایمان لائے تو کہ ہماری زندگی اور موت، دو کھلاڑی جن کی خلقت طابون کی سی ہے،

کھلاڑی کے لئے شکذا کا لفظ ہے، جسے ہم شاکزان (دو انگلی کرڑونے والے) سمجھ سکتے ہین،

معلوم ہوتا ہے کہ طبنہ کے کھیل مین ایک دوسرے کو چھو دینے کی کوشش کرتا تھا،

طبنہ ایک گول دائرہ ہوتا تھا، جوہری کا بیان ہے کہ اسے فارسی مین سہ درہ کہتے تھے اس لئے اس دائرہ کی شکل ایسی ○ فرض کی جاسکتی ہے اس کھیل کو رحی (چکی) بھی کہتے تھے، اس سے ظاہر ہے کہ لڑکے اس دائرہ کے گرد اس طرح کھیلتے تھے، جیسے کہ چکی کا پاٹ گھوم رہا ہو،

طبن کے معنی گڈھے مین راکھ تپے آگ دفن کرنا بھی ہین، جس شخص کو طابن چھو دیتا وہ مطبون یعنی طبنہ کے اندر قید ہو جاتا تھا، یہ کھیل زیادہ تر لڑکیان ہی آپس مین کھیلتی تھین،

یبتن یلعبن حوالی الطبن

کبھی کبھی لڑکیون کے ساتھ لڑکے بھی اس کھیل مین شریک ہو جاتے تھے، چنانچہ ایک شاعر کہتا ہے :-

تل کلت بعدی والھتھا الطبن

ونحن نعدو بالخبار والجرن

میرے بعد اوس نے کسی اور کو میر نہ ہونے دیا، حالانکہ وہ طبنہ کھیلتی رہی اور ہم سب نرم وسخت زمین مین دوڑتے رہے،

کنواری لڑکیون کے ساتھ جب کنوارے لڑکے اس کھیل مین شریک ہو جاتے تو یہی کھیل نکاح اور مستقل اتحاد کی تمہید بن جاتا تھا، لڑکی جس لڑکے کو پسند کر لیتی، اس کو چھوڑ کر سب کے لئے دکلہ بن جاتی، طبانۃ کے معنی ہین کہ

ان ینظر الرجل الی حلیلتہ فاما	مرد اپنی بی بی کو عزیز کر دیکھے پھر اسے یا
ان یخطل واما ان یغضب	تو باہر نہ نکلنے دے، یا خفا ہو جائے،

اس سے معلوم ہوا کہ ہوتا یہ تھا کہ لڑکی کو جب لڑکا چھو دیتا تو وہ طبنہ کے اندر قید ہو جاتی اور موقع پاکر تین دروازون مین سے کسی سے باہر نکل جانے کی کوشش کرتی، طاہن فوراً دروازہ پہنچ کر اسے غوبنا، اگر وہ اس کا منظور نظر ہوتا تو وہ باہر نکلنے سے باز رہتی گویا اس کی حکومت اپنے اوپر تسلیم کرلیتی، ورنہ دکلہ (بے سری) بن جاتی اور اُسے فریب دیکر باہر آجاتی، شاعر نے جو یہ کہا، کہ میرے بسعدہ دکلہ بن گئی تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس نے کسی اور کی ہونا پسند نہین کیا،

اس کھیل مین عموماً ایسا ہوتا کہ لڑکا ایک خاص لڑکی کے لئے طبنہ کھیلتا تھا، اور اسی کو جیتنے کے لئے چن لیتا تھا، اسی طرح لڑکی ایک خاص لڑکے کو اس کے مقابل ہارنے کے لئے چن لیتی تھی، اس طرح کھیل ہی کھیل مین دونون میان بیوی بن جاتے تھے، اسی کھیل مین کسی لڑکے کا کسی لڑکی کو بار بار جیت لینا گویا فریقین کے بزرگان خاندان کو یہ مشورہ دینا تھا کہ ہم دونون کی شادی کردی جائے پست درجہ کے لوگون مین یہ کھیل ہی گویا شادی تھا،

طبن لها فجاءت بولد، اس کے لئے کھیلا پھر اس نے ایک لڑکا جنا،

اس کھیل مین لڑکے کے کسی لڑکی کو جیتنے کی خبر جیسا کہ ایلہ کے کتبہ سے ظاہر ہوتا ہے "شکزہا" کہکر دی جاتی تھی، صراح مین ہے کہ "شکز" (ربع د ل ص ۲) انگشت خلانیدن و بزبان ریخانیدن و نیزہ زدن وجماع کردن"

"ذعوبسا" لکھ کر کاتب نے اگر اسی کھیل کا ذکر کیا ہے، اور یقیناً اسی کا ذکر کیا ہے تو لفظ نسا کے پہلے کوئی ایسا لفظ تھا جس کے معنی تھے، دُوار تھی بولین،

ترجمہ | اب کتبہ کا ترجمہ پڑھئے،

"صاحب شکم نے زنا نہین کی شہم کو نہین ستایا، اس کو کھیل مین جیتا، دُوار تھی بولین عورتین اور لڑکیان، باشندگان سلم نے آسمان کے خدا کو ناراض کردیا، خطا معاف کر جورکی، ہم نے

۶ سو جانور چیدہ قربان کئے،

توراۃ اور کہنے کا مقابلہ | دیکھو اس کتبہ کا مفہوم توراتی قصہ سے کتنا گہرا تعلق رکھتا ہے تکوین ۳۴: ۲ مین شکم پر حضرت دینہ کی بابت الزام ہے کہ

ویلقح اوتا ویشکب اوتا، اسے لیا اور اس کے ساتھ سویا،

یہ کتبہ اس کی تردید کرتا ہے، اور کہتا ہے،

ذو شکم ماعهر صاحب شکم نے زنا نہین کی

اس تردید کی تصدیق تکوین ۳۴: ۷ کا یہ فقرہ کرتا ہے،

وکین لا یعشه ایسا اُس نے نہین کیا،

تکوین ۳۴: ۲ مین ہے کہ

ویعنه، اور اسے ستایا،

یہ کتبہ اس کی تردید کرتا ہے، اور کہتا ہے،

الا ذی شبلم شبام کو نہین ستایا،

توراۃ کے مقابلہ سے معلوم ہو گیا کہ شبام حضرت دینہ کا لقب ہی، شبام ایک گھاس ہے جس سے مہندی کے رنگ کو تشبیہ دی جاتی ہے، حضرت یعقوب کے بھائی حضرت عیسو کو ادوم (سرخ) کہا جاتا تھا، ادوم کی بھتیجی اور حمور (سرخ) کی بہو کا شبام (سرخ) کہلانا کوئی حیرتناک بات نہین ہے،

توراۃ کے غیر مکذوب اور صحیح جزو نے ہم کو یہ خبر دی کہ دینہ اور شکم کی بابت ایک بری خبر حضرت یعقوب کے کانون تک پہنچی جو غلط تھی لیکن اس خبر کی بنیاد نہین معلوم ہوئی، یہ کتبہ حقیقت واقعہ بتاتا ہے، کہ دونون ایک کھیل کھیلے جس مین شکم نے شبام کو جیت لیا، اور دونون آپس کی آزاد مرضی سے کھیل ہی مین میان اور بیوی بن گئے، شرفاء کے دستور کے مطابق صرف والد شکم اور والد شبام کی توثیق

کی کسر باقی رہگئی تھی جو توراۃ کے بیان کے مطابق پوری ہوگئی،

شکم اور شبام مین سے ایک یا دونون خدا کی نظر مین ایسے محبوب تھے کہ کھیل کے نتیجہ کی خبر دو ارتھی الفاظ مین مشہور کرنے کی وجہ سے آسمان کا خدا سلم (شالم) کے باشندون سے ناراض ہوگیا توراۃ کے بیان کے مطابق شمعون اور لاوی کو غصہ آگیا تھا، ممکن ہے انہی پیغمبرزادون کی ناراضی کو خدا کی ناراضی کا قرینہ قرار دیا گیا ہو،

اس کتبہ کی روشنی مین توراۃ کو پڑھیے پورا قصہ یون تھا کہ حضرت دینہ شہر شالم کی لڑکیون سے ملنے گئین، شکم نے ان کو اور انھون نے شکم کو دیکھا، دونون نے ایک دوسرے کو پسند کیا، حضرت یعقوب اور حمور حوی کو ایک دوسرے کی پسند سے باخبر کرنے کے لئے دونون نے طینہ کے کھیل کا انتظام کیا، اس کھیل مین جان بوجھ کر جناب دینہ نے شکم کو موقع دیا کہ وہ ان کو جیت لے، چنانچہ اس نے ان کو جیت کر کھیل والے گھروندے مین بند کر دیا، اس کی اطلاع حضرت یعقوبؑ کو ایسے الفاظ مین پہنچی، جو عربی لفظ "شکز ہا" جیسا دوارتھی تھا، حضرت یعقوبؑ اصل حقیقت سمجھ گئے، اور اپنے لڑکون کی آمد کا انتظار کرنے لگے، اور کچھ نہین کہا، حمور کے کان مین یہ خبر پہنچی، تو اپنے لڑکے کو لیکر حضرت یعقوبؑ کے پاس آیا، لیکن حضرت یعقوب کے بیٹے شمعون و لاوی نے حقیقتِ ماجرا کو نہین سمجھا، غصہ مین آکر ایک آدمی اور ایک بیل کا خون کر دیا، غالباً آدمی وہ ہوگا جس نے اُن کو اس واقعہ کی برے الفاظ مین خبر دی تھی، حضرت یعقوب نے اپنے فرزندون کو اس جلد بازی پر ملامت کی، اور بشرط ختنہ نکاح کو منظور کیا، لوگون نے شکم کے سمجھانے سے ملت ابراہیم قبول کی، اور ہر شخص نے اپنا اپنا ختنہ کرایا، ختنہ کیساتھ قربانی کا بھی رواج تھا، اور ہے، لوگون نے ۶۰۰ جانور بطور خطا کی قربانی کے ذبح کئے اور شبام و شکم کی پاک دامنی کا مستقل ثبوت مہیا کرنے کے لئے اس بات کو اختصار کے ساتھ پتھر پر منقوش کر دیا،

زادۂ تحریر | مسز تھیوڈور بنٹ نے اگر اس کتبہ مین شبام کے علاوہ کچھ اور بھی پڑھا ہو تو، اور

اس کتبہ کے مضمون کا توراۃ سے مقابلہ کیا ہوتا، تو وہ اس کا زمانہ تحریر ۱۰۰۰ ق م قرار نہ دیتین، بلکہ اس کتبہ کی بنا پر یہ بھی کہتین کہ یوروپین قیاس بازون کا یہ کہنا بے جا ہے، کہ

"سبائی نقوش فینیقی سے ماخوذ ہین فینیقی حروف کی قدامت ۱۰۰۰ ق م پہنچتی ہے اسلئے سبائی تحریرون کی قدامت ۱۰۰۰ ق م تک قرار دینا بے خطر ہوگا (عرب قبل محمد ص ۵۹)

اس کتبہ کا زمانہ تحریر حضرت یعقوب کے ورود مصر سے پہلے بادر کیا جا سکتا ہے، حضرت سلیمان کے زمانہ سے (۴۰۰ × ۴۳۰) ۹۱۰ برس پہلے یعنی ۱۹۰۰ ق م یا اس سے دس بیس برس پہلے کو اس کتبہ کا زمانہ تحریر قرار دینا چاہیئے،

زبان کتبہ کتبہ کی زبان عبرانی نہین معلوم ہوتی، حجازی عربی سے بہت مشابہ ہے، یمن کے جو کتبات پڑھے گئے ہین، اُن سے اُس کی زبان زیادہ صاف ہے، یہ قدیم حمیری ہے جس مین ابھی حبشی اور ایرانی الفاظ کی آمیزش نہین ہوئی تھی، ہم جس عبرانی سے واقف ہین، وہ تورانی عبرانی ہے جس پر مصری زبان کا نیز بابلی بولی کا اور ایک حد تک لاطینی کا کافی اثر ہے، اس مین صرف ذعوبسا کی ضمیر واحد مونث غائب بابلی اور مصری سے اثر پذیری ظاہر کرتی ہے جس زمانہ کا یہ کتبہ ہے اُن دنون شام کے تین قومین باقاعدہ برسرپیکار تھین (۱) اہل بابل جن کے حملہ کا حضرت ابراہیمؑ کے تذکرہ مین بیان آیا ہے (۲) ہنوحورا اور اُن کے خلفا جن کو شاہان بابل نے شکست دی، (۳) اہل مصر جن کو حضرت موسیٰؑ سے پہلے آثار مصر کی شہادت اور بعض قرآنی آیات کے اشارون کے مطابق ہم اس دیار پر جو بنی اسرائیل کو بطور میراث ملا، فرمان روا پاتے ہین، ہنوحورا اور اُن کے خلفا کو حضرت یعقوبؑ کے زمانہ کے بعد تاریخ عرب کے اندر ہم عرب کے مختلف حصون مین آباد دیکھتے ہین، اس لئے اس کتبہ کی زبان کا عہد قرآن کی حجازی عربی اور عبرانی کا آمیزہ ہونا حیرتناک نہین ہے،

شام ویمن اب سوال یہ ہے کہ کتبہ تو لکھا گیا اس شہر مین جس کا نام پہلے شالم تھا، پھر سکم ہوا

پھر نابلس کہا جانے لگا، پھر یہ نام کیون ملا، اس سوال کا جواب ہم کو شام و مین کے تعلقات ..... کی تاریخ پر اجمالی نظر ڈالنے سے مل سکتا ہے،

حضرت ابراہیمؑ کے زمانہ مین دیار شام کے اندر جو قومین آباد تھین، اُن مین دس کے نام تکوین ۱۵: ۱۹ و ۲۰ مین مذکور ہین، چار اقوام کے نام تقویم ۱۴: ۵ و ۶ مین مذکور ہین، حضرت ابراہیمؑ کے زمانہ سے حضرت یعقوب کے زمانہ تک اس دیار مین چودہ قومین آباد تھین، حضرت موسیٰ جب اس دیار مین آئے تو ان چودہ مین سے آٹھ کو موجود پایا، غائب شدہ چھ مین سے تین کا ذکر توراۃ مین نہین ہے کہ وہ کیا ہوئین، ان اقوام کا قرآن کریم نے المؤتفکات (الٹی پلٹی بستیون) کے نام سے ذکر کیا ہے، باقی تین اقوام کی بابت توراۃ مین ہے، کہ

۱- حوریون کو بنو عیسو نے ان کے دیار سے نکال دیا (تثنیہ ۲: ۱۲)

۲- ایمیم کو بنو موآب نے ان کے دیار سے نکال دیا، (تثنیہ ۲: ۱۰)

۳- زمزومیم کو بنو عمون نے ان کے دیار سے نکال دیا، (تثنیہ ۲: ۲۰)

یہ سب کچھ بنو اسرائیل کے مصر سے واپس آنے کے پہلے کا واقعہ ہے، زمزومیم کا نام چاہ زمزم کے نام سے بہت مشابہ ہے، سفر تثنیہ مین تو ان کا یہ نام ہے، بنو عمون ان کو زمزومیم کہتے تھے، لیکن سفر تکوین مین ان کا نام زوزیم ہے، اور مذکور ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کے زمانہ مین ان کو کدرلاعمر وغیرہ بادشاہون نے اُن کے نام مین مارا (تکوین ۱۴: ۵) ہام ان کے شہر یا علاقہ کا نام تھا، باشندہ ہام کی عبرانی جیر ہام ہوتی ہے، اب تاریخ مکہ مین دیکھو نابت بن اسماعیل کے بعد مکہ مین زمزم کے پاس جرہم ملین گے، جو اپنا نسب قحطانی یعنی توراتی یقطان تک پہنچاتے تھے، بنو قحطان کی ایک شاخ ہام مین جابسی جیر ہام کہلائی پھر زمزم کے پاس آبسی اس لئے عمونیون کی زبان پر زمزومیم کہلائی،

ایمیم تاریخ عرب کی تباہ شدہ قوم ایمیم تھے جو جنوبی عرب کے شرقی حصہ مین آباد تھے،

حوریم کے قبائل میں سے ایک کا توراتی نام بنو حمورابی سکم ہے، حضرت یعقوبؑ وغیرہ جب مصر جانے لگے، تو اُن کے ساتھ بنو سکم بن حمور مصر چلے گئے، باقی بنو حمور نہیں رہ گئے، حضرت موسیٰؑ کے خروج سے بہت پہلے بنو عیسو اور بنو حمور وغیرہ دوسرے حوریون سے جنگ ہوئی، اور وہ اس دیار سے نکلے، اسی قوم کو بعد مین ہم حمیر اصغر کے نام سے یمن کے اندر آباد پاتے ہین بنو حورین سے ایک شخص یا ایک خاندان کا نام توراۃ مین ہم کو حمدان ملتا ہے، (تکوین ۳۶: ۲۶) اس قوم کو ہم بنو ہمدان کی شکل مین یمن کے اندر آباد دیکھتے ہین بنو عیسو نے جب حوریون کو ملک بدر کیا، تو خود بنو عیسو کے بعض قبائل نے بنو حمور کا ساتھ دیا، حضرت ایوبؑ بنو عیسو سے تھے، ان کی بیٹی کا نام یمامہ تھا جس کی نسل نے یمامہ کو اسکا نام دیا حضرت عیسوؑ کے ایک پوتے کا نام تھا یتین بن الیفز۔ اس نام کا ترجمہ ہے، الیفز کا بیٹا یمن کو روانہ ہوا،

تیمن کی ماں کا نام تمنع تھا، جو لوطان حوری کی بہن تھی، (تکوین ۳۶: ۲۱) بلنی نے اس نام کے ایک شہر کا یہود یہ کے ساحلی شہر غازہ سے ۴۳۶ میل یا اونٹون کی رفتار سے ۶۵ میل کی مسافت پر حضر موت کے مغرب مین پتہ دیا ہے،

زیر بحث کتبہ جس مقام پر ملا، وہ اب تو شبام کہلاتا ہے لیکن یہ مقام بعینہ وہی جگہ ہے، جس کا نام بلنی کے زمانہ مین تمنع تھا، اس کتبہ کے ساتھ جو مہر ملی، اس پر تبصرہ کرتے ہوئے مسٹر تھیوڈور بنٹ نے لکھا ہے،

"یہ مہر خاص طور پر دلچسپ ہے اس پر سہل رئیس شبام کا نام کندہ ہے، ہالیوی نے جو کتبات شائع کئے ہین، ان مین اس نام کے دو شخصون اور اس خاندان کے کئی افراد کے نام شاہان جبانتی کے ماتحت رئیسون کی حیثیت سے ملتے ہین، جبانتی کا پایۂ تخت بلنی کے بیان کے مطابق تمنع تھا، اس مہر سے قدیم جغرافیہ نویس کے بیان کی تصدیق ہوتی ہے کہ تمنع جبانتی کا پایۂ تخت تھا، جبانتی ایک حمیری قبیلہ تھا جو حضر موت کے مغرب مین بستا تھا"

یرسحل کے نام پر غور کرو بالکل یروشلم جیسا نام ہے جس کے معنی ہیں "جوار سلامتی" جس طرح ہندو تیرتھ شہروں کے نام پراگ، اجودھیا، کاشی اور متھرا اشخاص کے نام بھی ہوتے ہیں اسی طرح مقامات کے نام عرب میں بھی شخصوں اور قوموں کے نام بن جاتے تھے، یرسحل (سحل کا جوار) پہلے شخص کا نام نہیں بلکہ شہر کا نام تھا، سحل کے نام کی عربی شکل .... سحول ہے، یہ ایک قبیلہ کا نام تھا، جو بنو قطن سے تھا، جن کے نام سے القطن کو اس کا نام دیا، یہ شبام سے ۱۲ میل کے فاصلہ پر ایک شہر کا نام ہے بنو قطن کو بنو حمیر بن سبا کی اولاد بتایا جاتا ہے، (معجم البلدان)

یمن میں جو قومیں بستی تھیں، اُن میں سے ایک کا نام سنحم اور ایک کا نام شبام بتایا جاتا ہے، ایک مقام کا نام شبام سنحیم ہے، عربوں کی روایت کے مطابق اس شہر میں شبام اور سنحیم دو مردوں کی نسلیں ملی جلی بستی تھیں، مگر ہم بتا چکے ہیں، کہ شکم کے نام کا دوسرا تلفظ سنحم ہے، پس کتبہ سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ شبام اور سنحیم دو مختلف قوموں کے نام نہ تھے، بلکہ شبام سنحیم ایک ہی قوم کا نام تھا، جو شبام زوجہ سنحم کی نسل سے تھی،

بنو شکم جو باپون کی طرف سے بنو حمور یعنی بنو حمیر سے تھے، مگر ماؤں کی طرف سے بنو یعقوب، بنو یوسف اور بنو منسی تھے، ۱۲۰۰ ق م کے قریب ابی ملک کے مقابلہ میں جنگ کر کے جب ناکام ہوئے تو ارض اسرائیل سے نکلے، اور بنو تمنع کے پاس آکر آباد ہوئے، بنو تمنع باپون کی طرف سے بنی حمور حوری کے قرابت مند تھے، ماؤں کی طرف سے وہ بنو ابراہیم سے تھے، اس لئے بنو شکم نے ان کے جوار کو پسند کیا اور وہاں سے چلے تو اپنے ساتھ یہ مقدس پتھر بھی لیتے آئے،

ارض القرآن حصہ دوم

قرآن مجید کے اندر جن قوموں کا ذکر ہے ان میں سے مدین اصحاب لایکہ، قوم ایوب، بنو اسمٰعیل، اصحاب الرس اصحاب الحجر، بنو قیدار انصار اور قریش کی تاریخ وغیرہ پر تفصیلی مباحث (زیر طبع) "فیجر"

یحییٰ بن آدم اور ان کی کتاب الخراج

اور

جناب مولوی مجیب اللہ صاحب ندوی رفیق دار المصنفین

(۲)

تصانیف | امام نووی نے یحییٰ کی تصنیفات مین صرف کتاب الخراج کا تذکرہ کیا ہی، امام ذہبی نے لکھا ہی کہ "ھُوَ صاحب التصانیف" وہ صاحبِ تصانیف ہین، لیکن انھون نے بھی کتاب الخراج کے علاوہ کسی دوسری کتاب کا تذکرہ نہین کیا ہی، ابن ندیم[۵۱] نے کتاب الخراج کے علاوہ دو اور کتابون کا بھی تذکرہ کیا ہی کتاب الزوال اور کتاب[۵۲] الفرائض، اس کے متعلق لکھا ہے کہ یہ بہت بڑی کتاب ہی، مگر ان مین کتاب الخراج کے علاوہ کسی کتاب کے موجود ہونے کا کوئی علم نہین ہے،

کتاب الخراج بھی اب تک ناپید تھی، لیکن ایک فرانسیسی مستشرق ڈاکٹر جانبول (M. Juynboll) کے ذریعہ چند سال ہوے سامنے آئی ہی،

ڈاکٹر جانبول کو کتاب الخراج کا ایک قدیم نسخہ ایم شارل شیفر (M. Charles Schefer) کے یہان جو پیرس مین علوم مشرقیہ کے صدر ہین ملا، انھون نے بڑی دیدہ ریزی سے اس کی تصحیح کی، اور اس پر فرنچ مین ایک مقدمہ لکھ کر ۱۸۹۸ء مین مطبعہ بریل، لیڈن سے شائع کیا، یہ نسخہ پانچوین صدی کے آخر کا لکھا ہوا ہے، اور اس کی ضخامت ۹۵ صفحات ہے،

---

[۵۱] تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۳۲۷ [۵۲] ڈاکٹر جیو نبول اور ابو الاشبال دونون مصححین مین سے کسی کی نظر ابن ندیم

کتاب سے صاحب نسخہ کے نام کا پتہ نہین چلتا، لیکن کتاب کی پشت پر انھون نے اپنے شیخ اور اپنے معاصرین کی سماع کی جو یادداشت لکھی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صاحب نسخہ نے ابو عبدالرحمن بن علی البسری سے جو کتاب کے مرتب اور جن پر اس کتاب کی تمام سندین منتہی ہوتی ہین، براہ راست سماع کیا ہے، شیخ بسری کے سماع کی یادداشت یہ ہے،

سمعت بقراءۃ محمد بن علی	مین نے محمد بن علی کی قرأت سے اس کتاب
بن مخلد الی اٰخرہ و سمع ذالک	کو آخر تک سنا ہے، اور میرے علاوہ ابوالقاسم
ابوالقاسم علی بن احمد بن البسری	شیخ بسری کے پوتے، اور ان کے لڑکے ابو
الیہ اروہ لہ ابوعبداللہ	عبداللہ اور نوفل وغیرہ نے بھی سماع کیا
الحسین و نوفل بن علی محمد بن علی	ہے، اور یہ سماع محرم ۴۱۶ھ مین ہوا،
الاسائی[1] فی المحرم سنۃ ست عشرۃ	

دوسری یادداشت میں کچھ اپنے ہم عصر سامعین کے نام بھی لکھے ہین اُن کے نام کے ذکر کے بعد لکھتے ہین کہ ان لوگون نے جمادی الاولیٰ ۴۰۴ھ مین سماع کیا ہے، غالباً یہ اختتام سماع کی تاریخ ہے لیکن کہین بھی اپنے سماع کی تاریخ نہین لکھی ہے، کتاب کے ہر حصہ کے شروع مین

اَخبرنا الشیخ ابوعبداللہ البسری	شیخ بسری نے ہم سے بیان کیا،

کے الفاظ سے پتہ چلتا ہے کہ ان کا سماع شیخ بسری سے براہ راست ہے، اور چونکہ ۴۰۴ھ سے پہلے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۶۷) نہیں تھی اسی لئے انھون نے تصنیفات مین صرف کتاب الخراج کا تذکرہ کیا ہے ۵۳ ابن ندیم مین کتاب الفرائض کے بعد ڈیش ہے، اس کے بعد کبیر الگ ڈیش کے ساتھ لکھا ہوا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دو کتابین ہین لیکن مین نے اس کو طباعت کی غلطی سمجھ کر کبیر کو کتاب الفرائض کی صفت قرار دیدیا ہے،

[1] اصل مین اس طرح لکھا ہوا ہے کسی مصحح نے اس کے متعلق کچھ کہا بھی نہین ہے لیکن میرا ذاتی خیال ہے کہ یہ اسنائی ہے،

انھون نے اپنے یا کسی دوسرے کے سماع کی تاریخ نہین لکھی ہے، اس لئے قیاس ہوتا ہے کہ ۳۸۴ھ ہی اُن کے سماع کی بھی تاریخ ہوگی،

بسری[1] نے اس کتاب کا سماع اپنے شیخ ابو محمد عبد اللہ بن یحیٰی السکری سے ۳۱۶ھ مین کیا تھا، سماع کے وقت اُن کی عمر ۷۰ برس سے زائد نہین تھی، ظاہر ہے کہ اس عمر کی روایات پر پورے طور پر اعتماد نہین کیا جاسکتا، لیکن بسری کی مرویات کو اس درجہ قبولیت حاصل ہوئی کہ ان کی کم عمری اعتماد و اعتبار کے لئے مانع نہین رہی،

ڈاکٹر جانبول نے کتاب کی تصحیح و تحشیہ مین کافی محنت کی تھی، لیکن پھر بھی اس مین کچھ نہ کچھ خامیان رہ گئی تھین، اس لئے قاضی ابو الاشبال احمد شاکر مصری نے دوبارہ اس کی تصحیح کی، جہان جہان ڈاکٹر صاحب کی تصحیح مین غلطی تھی، اس کی نشاندہی[2] کی اور دوسرے ماخذون سے ہر مسئلہ کی مراجعت کرکے اسکی تخریج کی، اور یحیٰی بن آدم کے سوانح حیات اور اُن کے شیوخ و تلامذہ کی فہرست کے ساتھ ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۹۲۸ء مین دوبارہ مطبعہ سلفیہ قاہرہ سے شائع کیا، فجزاہ اللہ احسن الجزاء،

قاضی صاحب نے اس سلسلہ مین سب سے بڑا کام یہ کیا ہے کہ کتاب کے رجال کی پوری تحقیق کی ہے اور اُن کی تعدیل و جرح کے سلسلہ مین جو کچھ کہا گیا ہے، اس کو نقل کر دیا ہے، علاوہ بریں جو مسائل امام ابو یوسف اور یحیٰی کی کتابون مین مشترک ہین، حاشیہ مین ان کی بھی تصریح کر دی ہے، یہ حاشیہ اپنی افادیت کے لحاظ سے کتاب کی ایک مختصر شرح ہے، لیکن انھون نے یہ نہیں لکھا کہ اس کتاب کا کیا درجہ ہے؟ اس کی خصوصیات کیا ہین اور امام ابو یوسف اور یحیٰی کی کتابون مین ... جو ایک ہی موضوع سے متعلق ہین کیا فرق ہے،

---

[1] بسری بغداد کے مشہور محدثین مین ہین، ۳۰۹ھ یا ۳۱۱ھ مین اُن کی ولادت ہوئی تھی، اور ۳۹۶ھ مین وفات پائی، سمعانی نے ان کا تذکرہ کیا ہے، (ص ۸۱) [2] مثلاً ص ۶۳ ص ۱۲۲، و ص ۱۲۳ مین اس کی تفصیل موجود ہے،

آیندہ سطور مین اسی کے متعلق کچھ عرض کرنا ہے،

پوری کتاب چار حصون مین ہے جن مین ۲۳ ابواب اور ۴۰۰ مسئلے ہین، مؤلف نے صرف دو آخری حصون کی تبویب کی تھی، باقی دو حصون کی تبویب مصحح نے کی ہے، اور اوپر حاشیہ مین عنوانات کی سُرخیان قائم کردی ہین،

یحییٰ کی روایات اور ان کے اقوال عام طور پر مشہور ہین، اور تمام متقدم اور متاخر محدثین نے اپنی اپنی کتابون مین ان کو جگہ دی ہے لیکن بعض قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ قرون اولیٰ مین انکی کتاب الخراج کے ساتھ زیادہ اعتنا نہین کیا گیا اور نہ اس کے نسخے زیادہ مروج تھے، چنانچہ امام مسلم، ابوداؤد، ابن ماجہ، امام نووی، حافظ ابن حجر، بلاذری وغیرہ نے متعدد جگہ اُن کی روایات اور اُن کے اقوال اپنی اپنی کتابون مین نقل کئے ہین لیکن اُن مین سے کسی نے بھی کتاب الخراج کا ذکر نہین کیا ہے، اور نہ کہین اس کا حوالہ دیا ہے،

کتاب کی خصوصیت اور امام ابو یوسف اور ان کی کتاب مین فرق

(۱) اسلامی مالیات کے جن شعبون کے متعلق قرآن پاک کی آیات مین اشارات موجود ہین، یحییٰ بن آدم نے ہر عنوان کے تحت ان آیات کا تذکرہ کیا ہے، اس کے بعد حدیث و آثار سے استدلال کیا ہے، مثلاً فئی، غنیمت، تجارت، زراعت، صدقات، مایکرہ فی الصدقہ، جذاذ، حصاد وغیرہ کے سلسلہ مین اس کی تفصیل مل سکتی ہے،

(۲) طریقۂ تصنیف محدثانہ ہے یعنی ہر مسئلہ مین انھون نے اپنے شیوخ یا تابعین کے اقوال یا پھر صحابہ کے آثار یا احادیث نبوی کا تذکرہ کیا ہے، اور خود اپنی رائے پوری کتاب مین مشکل سے دو چار جگہ دی ہے،

(۳) فقہ مین کسی خاص مسلک کے پابند نہین تھے، لیکن پھر بھی انھون نے متعدد جگہ امام ابوحنیفہ اور امام مالک کی رائے سے اختلاف کیا ہے، اور اس کے بعد محدثین کی رائے کو پیش کرکے اس کو ترجیح دی ہے، مگر جہان بھی اختلاف کیا ہے، وہان امام صاحب کا نام نہین لیا ہے، بلکہ بعض وغیرہ کا لفظ استعمال کیا ہے،

مثلاً اس مسئلہ میں کہ اگر کوئی مسلم پرتی زمین کو آباد کرنا چاہے تو وہ کر سکتا ہے یا نہیں، دوسرے ائمہ کی رائے ہے کہ اس کو اختیار ہے کہ وہ آباد کرلے اور وہ اس زمین کا مالک ہوگا، خود امام ابو یوسف اور امام محمد کی رائے بھی یہی ہے لیکن امام صاحب کے نزدیک اس میں امام کی اجازت کی ضرورت ہے، طرفین کے اقوال ذکر کرنے کے بعد یحییٰ نے دوسرے ائمہ کے اقوال کی تائید میں یہ حدیث ذکر کی ہے،

من احیا ارضًا میتۃً فی غیر حق	جو کسی ایسی پرتی زمین کو آباد کرے جو کسی مسلم یا
مسلم ولا معاھدٍ فھی لہ[1] (ص)	مجاہد کی نہ ہو تو وہ زمین اس کی ہے،

اس کے بعد لکھا ہے کہ "حدیث میں امام سے اجازت کا ذکر نہیں ہے"، جس سے معلوم ہوا کہ امام صاحب کی رائے اُن کے نزدیک صحیح نہیں ہے،

بعض جگہ وہ دوسرے ائمہ کی بھی مخالفت کرتے ہیں، مثلاً اس مسئلہ میں کہ خراج کی زمین دوسرے محاصل عائد کئے جا سکتے ہیں یا نہیں، ائمہ ثلاثہ کی رائے ہے کہ دوسرے محاصل عشر وغیرہ اس میں لئے جا سکتے ہیں، امام صاحب کی رائے ہے کہ خراجی زمین میں خراج کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں لی جا سکتی، اس مسئلہ میں یحییٰ امام صاحب کے ساتھ ہیں، اور فریقین کے استدلالات ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں،

قال جماعۃ من اصحابنا لیس ما	ہمارے اصحاب میں سے بعض لوگوں نے کہا
علی الارض الخراج عشر انما	ہے کہ خراب زمین پر عشر نہیں ہے، اس پر
علی الارض الخراج والیس فی	صرف خراج ہے، اور اس زمین کی زراعت
زرعھا ولا فی ثمارھا شیٌ	اور اس کے پھل میں کوئی محصول نہیں ہے،

---

[1] زراعت کے سلسلہ میں آج کل اس قسم کے قوانین روزانہ بنتے رہتے ہیں لیکن اسلام نے آج سے تیرہ سو برس پہلے یہ قانون دنیا کے سامنے پیش کر دیا تھا لیکن بُرا ہو تعصب کا کہ اُس نے دنیا کو اندھا کر دیا ہے،

لمسلم او لغیرہ (صفحہ ۱۶۷) وہ زمین مسلمان کی ہو یا غیر مسلم کی،

دوسری جگہ اس مسلک کی تائید کرتے ہوئے فرماتے ہین، کہ میرے بعض بصری اصحاب کی بھی یہی رائے ہے" (ص ۱۶۰)

زکوٰۃ کے سلسلہ مین یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے کہ اگر مختلف قسم کے غلے اتنی تھوڑی مقدار مین پیدا ہون کہ نصاب زکوٰۃ تک نہ پہنچتے ہون لیکن اگر ان سب کو یا ان کی قیمت کو ملا دیا جائے تو وہ نصاب تک پہنچ جاتے ہون، تو ایسا کرنا چاہئے یا نہین، امام صاحب تو غلہ مین سرے سے نصاب کے قائل ہی نہین ہین، اُن کے نزدیک غلہ کی جتنی مقدار بھی ہو اس مین عشر یا نصف عشر دینا چاہئے، بقیہ ائمہ غلہ کا نصاب پانچ وسق مقرر کرتے ہین، اس لئے ان کے یہان یہ سوال اہمیت رکھتا ہے، امام شافعیؒ ایک غلہ کو دوسرے غلہ سے یا اس کی قیمت کو ملا کر عشر ادا کرنے کو جائز نہین سمجھتے، امام احمد کا خیال ہے کہ ایک دوسرے کو ملا کر زکوٰۃ ادا کرنی چاہئے، امام مالک صرف جو اور گیہون کو ایک دوسرے سے ملانے کے قائل ہین یحییٰ چونکہ مطلق ایک کو دوسرے کے ساتھ ملانے کے قائل نہین ہین، اس لئے انھون نے امام مالک کے مسلک کو بھی پسند نہین کیا، چنانچہ وہ فرماتے ہین کہ اصحاب امام مالک نے جو اور گیہون کو یکسان سمجھا ہے لیکن یہ بھی جائز نہین ہے" یہی مسلک امام شافعیؒ نے اختیار کیا، اور بعد مین یہ انہی کی طرف منسوب ہو گیا،

۴- کتاب مین بعض ایسی روایتین بھی ہین جن مین مصنف منفرد ہین، مثلاً یہ روایت

من احیا ارضا میتۃً فھی لہ و جو پرتی زمین کو آباد کرے، وہ

لیس لعرق ظالم حق (صفحہ ۵۵) اس کی ہے،

ان الفاظ کے ساتھ کسی نے بھی یہ روایت نہین کی ہے، ابن حجر نے فتح الباری ج ۵ ص ۱۳ مین یحییٰ کی اس روایت کو نقل کیا ہے، لیکن انھون نے بھی یحییٰ کے علاوہ کسی دوسرے سلسلۂ سند کا ذکر نہین کیا ہے،

اسی طرح "بعل والعشری اور الغذی" والی حدیث مین بھی غالباً صاحب کتاب منفرد ہین، ابن ماجہ نے اس روایت کو اپنی کتاب مین نقل کیا ہے، لیکن ان کا سلسلۂ سند بھی یحیٰی ہی پر ختم ہوتا ہی (صف ۱۲۳)

امام ابو یوسف اور یحیٰی کی کتاب مین چند ظاہری اور معنوی فروق یہ ہین،

(۱) اوپر لکھا جا چکا ہے کہ یحیٰی کی کتاب الخراج کی طرف علماء نے بہت کم اعتنا کیا ہے بخلاف اس کے امام ابو یوسف کی کتاب الخراج کو تمام متقدمین و متاخرین ائمہ کے نزدیک ایک خاص درجہ حاصل رہا ہے اور مشکل سے حدیث و فقہ کی کوئی کتاب اس کتاب کے ذکر سے خالی ہو گی،

(۲) امام ابو یوسف کی کتاب مین ۳۷ ابواب اور یحیٰی کی کتاب مین کل ۳۳ ابواب ہین، اس ظاہری فرق کے علاوہ معنوی حیثیت سے بھی امام ابو یوسف کی کتاب بہت بلند ہے، اس مین ہر عنوان کے تحت جزئیات اور بہت سے مجتہدانہ نکات اور متنوع مسائل ملتے ہین،

(۳) امام ابو یوسف کی کتاب مین بعض مباحث ضمناً آگئے ہین لیکن یحیٰی نے ان کے مستقل ابواب قائم کئے ہین، مثلاً تجیر، شراب کی تجارت پر ذمیون سے ٹیکس لینے جذا ذوحصاد یا بسری مین زکوٰۃ وغیرہ کے مباحث کو امام ابو یوسف نے ضمناً ذکر کیا ہے، لیکن یحیٰی نے ان کے لئے الگ الگ ابواب قائم کئے ہین،

(۴) امام ابو یوسف کی کتاب مین گو جزئیات اور متنوع مسائل زیادہ ہین لیکن پوری کتاب تقریباً تمام تر حنفی مسلک کے مسائل تک محدود ہے، اس کے مقابلہ مین یحیٰی کا طریقہ تصنیف محدثانہ ہے، اور وہ ہر عنوان کے تحت مختلف احادیث، آثار اور اقوال نقل کر دیتے ہین اور خود اس کا فیصلہ بہت کم کرتے ہین اس سے یہ فائدہ ہے کہ پڑھنے والے کو ہر موضوع پر خود سوچکر کسی امام کی رائے کو راجح یا مرجوح قرار دینے کا موقع ملتا ہے،

علمی حیثیت سے کتاب مین بعض تسامحات بھی ہین مثلاً

۱- زکوٰۃ پر بحث کی ہے لیکن زکوٰۃ کے مصرف کے بارے مین کچھ نہین لکھا ہے یا دریا سے حاصل کی ہوئی اشیاء کے بارے مین کوئی بحث نہین ہے،

۲- ان کے شیوخ اور سلسلہ سند کے رواۃ مین بہت سے ضعیف اور بعض مجہول اشخاص بھی ہین، مثلاً شیوخ مین محمد بن ابی یحیی الاسلمی ایوب بن جابر بن سیار عبد الجبار الزبیدی ان کو کذاب تک کہا گیا ہے، سنان بن ہارون، الصلت بن عبد الرحمن، عثمان بن مقسم، عمر بن ہارون، عمرو بن ثابت بن ہرمز، قیس بن الربیع، مفضل بن صدقہ وغیرہ عام رواۃ مین مغفل (ص ۲) جن کا تذکرہ رجال کی کسی کتاب مین نہین ملتا، عبد الرحمن القاری (ص ۵۱) کا تذکرہ بھی کسی کتاب مین نہین ہے، اسی طرح محمد بن مساور عبادہ بن نعمان ابو علی الصفار وغیرہ کا تذکرہ بھی متداول کتابون مین موجود نہین ہے، اسی طرح ابراہیم بن محمد (ص ۳) عبد الرحمن بن معاویہ (ص ۳۷) اسماعیل بن ابی سیخر (ص ۱۰۴) ابو حماد (ص ۵۰) وغیرہ کو علماء نے ضعیف اور اُن مین سے بعض کو وضاع حدیث تک لکھا ہے،

پوری کتاب مین سیکڑون لغات اور فقرے ایسے ہین، جن کی مکمل تشریح کی ضرورت تھی، ان کے حل کئے بغیر عبارت کا مفہوم واضح نہین ہوتا، ضرورت تھی کہ کتاب کے ساتھ ایسے الفاظ کی ایک فہرست بھی منسلک ہوتی، مثلاً اس اثر

لیس علی عربی ملك یعنی عربی النسل پر کسی کی ملکیت نہین ہے،

کے نقل کرنے کے بعد یہ جملہ ہے،

ولکنا نقومہ لنملۃ خمیس من الابل کا مطلب بالکل واضح نہین ہوتا، مصنف سے اس آیت "قری ظاہرہ" کی تشریح کے سلسلہ مین بھی فروگذاشت ہوگئی ہے، گو عام ائمہ تفسیر کی طرح انھون نے بھی اس کی تشریح "قری عربیہ" کے لفظ سے کی ہے، مگر انھون نے اس سے ایک خاص

سرزمین مراد لی ہے جو صحیح نہین ہے،

تفسیر ابن کثیر سے ابن عباسؓ کی یہ روایت موجود ہے کہ

هی قری عربیة بین المدینة والشام	مدینہ اور شام کے درمیان جو آبادیان ہین
قری ظاهرة ای بینة واضحة یعرفها المسافرون.	وہی قری عربیہ ہین، اس کو ظاہرہ اسلئے کہا گیا ہے کہ ان کو مسافرین عام طور پر

جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کسی مخصوص خطہ کا نام نہین ہے، بلکہ مدینہ و شام کے درمیان کی آبادیون کو قری ظاہرہ کہتے ہین، پھر معجم البلدان کتب لغت تاریخ وغیرہ مین کوئی مقام اس نام کا نہین ملتا، اس لئے ظاہر ہے کہ مصنف کو اس مین سہو ہو گیا ہے،

تاریخ فقہ اسلامی

مصری عالم خضری کی تاریخ التشریع الاسلامی کا ترجمہ جس مین ہر دور کی فقہ اور فقہاء پر مکمل اور ایسا تبصرہ ہے جس سے جدید فقہ کی ترتیب مین مدد مل سکتی ہے،

قیمت :- ۸ر

القضاء فی الاسلام

اس مین طریقہ شہادت اور انفصال مقدمات کے متعلق قرآن حدیث اور فقہ کی کتابون سے اخذ کرکے اسلامی اصول اور قوانین کی تشریح کی گئی ہے، اور قانون پیشہ حضرات کے لئے اس کا مطالعہ بیحد مفید ہے، ضخامت: ۹۲ صفحے، قیمت :- ۱۲ر

"منیجر"

ارگجہ

(ایک نایاب مخطوطہ)

از

جناب سید عزیز مہدی صاحب بخاری بنگلوری

"فارسی زبان کی شاعری خصوصاً اس کی شاعرانہ صنعتوں کا مذاق ہندوستان سے بالکل اٹھتا جاتا ہے، اور گو اس قسم کی شاعری تصنع سے خالی نہیں ہوتی، لیکن اس کے ادبی کمال ہونے سے انکار نہیں کیا جا سکتا، اس لئے اس کے کچھ قدیم نمونے یادگار پاستان کی حیثیت سے شائع کئے جاتے ہیں"۔ (م)

ارگجا ہندی لفظ ہے، اس کے معنی ایک خوشبو مرکب کے ہیں، جو مشک، عنبر، گلاب، صندل، کافور وغیرہ سے بنایا جاتا ہے، آخر کے الف کو ہاے ہوز سے بدل کر اس کو مفرس کر لیا گیا ہے،

نواب حیدر علی خان بہادر بانی سلطنت خداداد سرینگ پٹن کے عہد حکومت میں محمد کمال بن نور محمد مہدوی ایک باکمال شاعر گذرے ہیں، اُن کے آبا و اجداد کا وطن برار تھا، نواب سعادت اللہ خان نواب آرکاٹ کے عہد میں محمد کمال برار سے ارکاٹ آئے، پھر وہاں سے سرینگ پٹن آکر یہاں سکونت اختیار کر لی، انھوں نے ایک بیاض میں بہت سے اولیاء اللہ صوفیاے کرام اور متقدمین شعراء کا فارسی اور دکنی منظوم کلام جمع کیا ہے، اس بیاض کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں دکنی شعراء مثلاً وجہی، نصرتی، ہاشمی، مومن، یوسف، سراج، سلطان عبد اللہ قطب شاہ وغیرہ ریختہ گو شعراء کا بے شمار نایاب کلام موجود ہے،

یہ منظوم کلام مختلف اصناف سخن مثلاً رباعی مخمس، مثمن، ترجیع بند مستزاد، ہرجنیات، قصائد، کبت، دوہرہ، بحر طویل جھولنا وغیرہ پر مشتمل ہے، کلام کی اس ہیئت مجموعی کے لحاظ سے جامع نے اس بیاض کو ارگجہ کے نام سے موسوم کیا ہے،

مرزا عبداللہ بیگ ایک ہمعصر شاعر نے اس بیاض پر بتیس اشعار کا ایک قصیدہ دکنی زبان میں لکھا ہے، مرزا عبداللہ بیگ نے نفس ارگجہ کی تعریف کے لحاظ سے اس بیاض کے الفاظ فقرون مصرعون اور اشعار کو مختلف عطریات اوران کے خوشبودار اجزا کی ترکیبی سے تشبیہ دی ہے، پھر انھون نے اس بیاض کو ایک رنگین چمن قرار دیکر اس کے اشعار کو چمن کے لوازمات یعنی مختلف اقسام کے پھولون پھلون اور اشجار سے تشبیہ دی ہے، غرض یہ قصیدہ بہت دلچسپ ہی، اس قصیدے کے چھٹے اور ساتوین شعر مین انھون نے اس امر کا اشارہ کیا ہے، کہ حافظ محمد کمال نے اس بیاض کو ترتیب دیکر کسی حاکم وقت کو نذر گذرانی تھی، اگرچہ حاکم وقت کے نام کی صراحت نہین ہے تاہم قیاس کیا جاتا ہی کہ غالباً نواب حیدر علی خان بہادر کو نذر گذرانی ہوگی،

اس بیاض کی تقطیع ۶ × ۳ انچ ہے، اور تقریباً چھ سو صفحات کی ضخامت رکھتی ہے، اس پر حافظ محمد کمال کی مہر جا بجا لگی ہوئی ہے، مہر کے اندر ۱۱۶۱ھ کندہ ہے، جلد چمڑے کی ہے، جو نہایت دلآویز ہی اسکے دونون پشتون کے حاشیہ پر ڈیڑھ یا دو انچ لمبی مہر کا نقش ہے جس مین لا یمسہ الا المطہرون لکھا ہوا ہے،

مذکورہ بیاض مین سے تھوڑا سا نایاب کلام انتخاب کرکے بغرض اشاعت مرسل ہے، امید ہی کہ آنجناب ازراہ علم پروری اس کو معارف مین شائع کرکے ممنون فرمائیں گے،

یہ قصیدے جناب یحییٰ نورالدین المتخلص بہ یحییٰ کے ہین، جو جامع بیاض حافظ محمد کمال کے فرزند ارشد ہین یحییٰ عربی فارسی اور ترکی زبانون مین خاصی مہارت رکھتے تھے، اور نواب حیدر علی خان بہادر کے عہد کے سرآمد شعرائے وقت سے تھے، انھین دکنی یعنی ریختہ شاعری مین بھی ید طولیٰ حاصل تھا،

حافظ محمد کمال کے پیر و مرشد بندگی سید یحییٰ تھے، جن کا قیام آرکاٹ مین تھا، اور جن کا انتقال

سنہ ۱۱۴۵ھ میں ہوا ہے، غالباً حافظ صاحب نے اپنے فرزند ارجمند کا نام اپنے پیر و مرشد کے نام پر رکھا ہے یکتی صاحب کی پیدائش اور انتقال کی تاریخ نہیں معلوم ہو سکی، انکے بچپن اور تحصیل علم کے بارے میں بھی معلومات فراہم نہ ہو سکے، البتہ انھوں نے مختلف اشعار میں چند اشارات کئے ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ ..... اپنے والد بزرگوار سے تحصیل علم کی ہے،

مخمس در منقبت شاہ مردان علی مرتضی کرم اللہ وجہہ

در مصرع اوّل مرصع

اے نہ رواق خطۂ خضرائے زرنگار — وے ہفت طاق قطعۂ غبرائے نوبہار
از یک اشارت سخنش گشت استوار — افروخت شمعہا ز مہ و مہر تابدار
وز لعلہا و گوہر کمنون و شاہوار

مرصع

خمخانہا ز نشۂ میش شکرین مذاق — پروانہا ز شمع رخش آتشیں نطاق
ویرانہا ز نور مش خوشترین رواق — افسانہا ز عشق لبش برترین وثاق
روشن چو کرد خیر رسل سرور کبار

مجنس

صد تحفہ درود مبارک بآنجناب — با دا نزول از حرم کبریا نقاب
اے دل بسوی مدحت آنصف شکن شتاب — الہام گر ضیای ذکایش فگند و تاب
یعنی علی ولی علی شاہ ذوالفقار

(شیر حق برآید از توشیح)

شاہے سریر سلطنت دادگستری — یوسف بحسن طلعت او یافت برتری

روشن زلمعہ اش شدہ خورشید خاوری خاجت روائے ہر دو جہان شد زصفدری

قدرش قوی و قبلۂ ارباب اعتبار

لاحق تجنیس

اے صاد صفدری شدہ از صولت صحیح وے صارم تو صیحۂ روح الامین صحیح

صدق صفائے صفوت تو صادر صریح صدر النہار صفحۂ تو صبح را صریح

صیت صلابتست زصمصامت اشکار

مرصع مجنس

روشن زماہتاب کمال تو شمع طور گلشن زآب وتاب جمال تو جمع حور

ایمن زآفتاب جلال تو لمع نور معدن زکامیاب مقال تو سمع دور

مخزن زامتتاب لآل تو دمع زار

معاد ردالعجز علی الصدر

گیسوے عنبر بیش معنبر چو لیل قدر قدرے فزود مطلع مہرش بصبح فجر

فجرے روان گلاب طرازش بر دے صدر صدرش زنور قدس خدا روشنی چو بدر

بدرش بمرداده ضیاے بیادگار

تجنیس مکرر

زور شک گلشن تو بہ گلنار ناز ناز از تیغ دوزبانت بکار کار کاز

شد پردہ نوات برخسار سار ساز بربود شفقتت توزادبار بار باز

زاصحاب مصطفےٰ شدہ زاخبار یاد باز

مصرع اول مقلوب مخ دوم مقلوب کل وسیوم وچہارم مقلوب بعض وپنجم مقلوب مستوی

ماهی سپهر اوج همایون بنعل هما | قندیل عرش شرع ز امن است رهنما
شکر ز شکر شربت لبهات از خوا | رشک به نیشکر بفزود ای شه علا

ران باز حرفزا بلب از فرح ز اب نار

مقطع مصل

آورده روح در دم اول در او درود | دارد و دا دآدم و در واح را و دود
آرام روح در ارم در دا و درود | ادراک را دوارد در درک وبع رود

رودا ده روح را در او را و دار

موصل دو حرفی

مرقومه مدحت کرمش پی ندیدشد | موشح بزیب موکب عالی پدیدشد
تا یافت هاله تابش ماهش فزیدشد | با فر فرجدلیش چو مومن مریدشد

باشد صریح صدمت نامش هزیمبار

موصل سه حرفی

نعل لبش قلم سطر سلک سین کشد | نعل یمن بناصیهٔ مهر چین کشد
کلکِ قضا بخط خفی نسخ کین کشد | مشکِ ختن علم بسر تخت چین کشد

شمس ضحی خمش بمه حسن او شمار

مجنس موصل چهار حرفی

لطفش محیط چنبر نیلم چسنیس متین | حلمش نهفت پنجهٔ بیضا جبین مبین
چیند نسیم غنچه ز شبنم نکین نکین، | بلبل بعشق بسمل تیغش همین بکین

گلشن شگفت تخته فیضش سپهر وار

مجنس موصل پنج حرفی

تشبیہ طلعتش بتبسم بنفشہ یافت — تمکین شعشعہ بتکلم بنفشہ تافت
کیفیت جنبش طلسمی شگفتہ تافت — تفتح مشتمل ز سنجل شکستہ یافت

بینش مشتہر بشہنشاہ کامگار

موصل تمام مصرع

تشبیہ طینتش بہ ختن مشک نے پسند — لعل عین بہ لعل لبش علی سیم گند
بے غم جبین گلے ست تخنث بسے بلند — فیضش مبین بشعشعہ غیبے قیل (؟) بند

بہ تشک بہ گنج فیض یقین معلی ہزار

مصرع اول مقطع و دوم موصل دو حرفی و سیوم سہ حرفی و علی ہذا القیاس

دارد و در آرزوے درشش دل نزدوق نہ — چرخے ببرقی بہ تریش بس بریں چو مہ
ہین فیض بخش خضر نسق لطف بین ہمہ — پیشش بصبح طلعت صبحے بتصفیہ

منظور مصطفےٰ است مکرم باقتدار

موشح موصل الشفتین کہ بطریق مدوّر نگارند

مہر منیر مرکز تمت معی معاد — مظہر مسیح مسجد معمورہ مستفاد
معنی مفید مالک ملک ملک مواد — مارا مبین مکارم مہرش مبین مراد

مشہور میر معرکہ محتشم مدار

رقطا

آن صبح فرخ بفرجدی سیر تحفه یاب — زائر بحضرت عظم قرب از سیاب (؟)
عبرت رباے از اثر بوش شکناب — دیدم نسیم باغ وی از مشک شد خوشاب

نعت منارش لب حیران کند هزار

خیفا

دارد جبین فرز فیضش مرادها — آرد بتخت دهر ز تبین عمادها
معمور جیش حلم زبختش سوادها — آمد شفیق برهمه ضیفی ارادها

سالار غیب سرور پشین مار کار

تجنیس خط

اے روشن از جبین مبین شمس سان توئی — وی گلشن زمان زمن چون جنان توئی
شیرین مذاق وذوق تو خوش چشان توئی — وی معدن امان وامین لعل کان توئی

زین صحن چون چمن گل خندان توئی بهار

واسع الشقتین

اے شهسوار صفت دیران اصفهان — سرلشکر جنود دلاور عضنفران
سازند سجده درگه اورا سخنوران — عالی قدر دلیل نکوئی شه شهان

زینت فضاے تخته این تازه لاله زار

معرب ومخرج

اول مصراع فتحات متوالیه وثانی کسرات وثالث ضمات ورابع سفوی وخامس نونی،

ای سطح چرخ از حرم عظمتش سرسا — میر بهشت گیر ز زیبی می صنیا

گلشن شگفت خوش گل او چون خوبی ماه سپهر برتری با منظرش بپا

شایسته صفدری زسیادت ذوالافتخار

مکرر

برچرخ از شعاع مهت آنچه رفت رفت برلعل از صفای خطت آنچه رفت رفت

برباغ از نسیم رخت آنچه رفت رفت برمشک از شمیم لبت آنچه رفت رفت

هم آنچه رفت رفت سوی خطهٔ تتار

ملمع

ان یلتفت کمالہ بالشرح والکتاب بیند چو مهر دشن وچون آئینه بتاب

ان یمتطر غمامہ فی البحر والحباب انور کند زنور چو مهتاب وآفتاب

للارض بالنور کالليل والنهار

معنی اول بر دوم و ۲ و بر ۳ و ۳ بر ۴ و ۴ بر ۵ موقوف

آید بدرگہ کرمش آفتاب تا سازد زنور انور او اقتباس یا

صد سجده از نیاز گذارد بخاک پا صدق طویت دبرود برسپهر تا

بر دشمنان چرخ زند کوس اشتهار

ترجمہ

کہ دو مصرع اول ترکی، دو سیوم و چہارم معنی اول بفارسی و علی ہذا القیاس

آئی گلک کرسدن دغریت یلدزے یو باقی یول آتلہ آغرشن تزے

مہتاب آسمان ہدی رست اخترے رنگ رہی سوار نبردی بزوودے

اق کندزی شدہ یقین اسفید چون نہار

سیاق اعداد و مقما

دہ چند کرد روشنیش نہ سپہر را — از ہشت باغ کردہ چو ہر ہفت شش سرا
پنج اصبعش چہار عناصر نمودہ وا — ہر سہ حروف تہجی اعداد ہلال را

از تاج زر بسر شدہ یک زاویش (؟) قرار

بیت خواجہ حافظ

افگندہ پر توی تو ضیا بر بہشت و تُست — پرہائے شاہباز بہ پروازت سست
طبعم ز قول خواجہ بصدر تو حیلہ جست — زانجا کہ پردہ پوشی خلق کریم تست

بر قلب ما بنجش کہ نقدیست کم عیار

معنی ہر مصرع بر پنجم موقوف

بارد ز ابر قطرۂ لولوے زر فشان — بجہد ز مین ز معدن خود لعلہا بجان
خیزد ز خاکِ غنچہ درستی شدہ عیان — آرد ہزار بدرۂ زر صبح ز آسمان

قصد عطا اگرچہ کند آن علا وقار

بند ہندی کہ مصرع پنجم فارسی

لالہ کے لب سے لیکے عقیقی کٹوریان — نرگس کے پھول سے جو کرین قہوہ خوریان
مرغولہ ریز اوس کی ننا سے ہو قمریان — ..... ہو رہشت چمن مین ہو حوریان

آرند از و اگرچہ ے ارغوان بکار

حسنِ مقطع

اے قصر بر تریش بسا برتر از ہلال — وے مہر انوریش بسا انور از جلال

یحییٰ بوارقات سخن یافت از کمال[1] ازابر رحمتش شده سرسبز چون نہال

یارب دوام سایۂ اوزر فشان بدار

در مدح حیدر علی بہادر

اے تازگی ز فتحت دین پیری را دے روشنی ز تیغت خورشید خاوری را

فرمان پذیر گردد این چار دانگ عالم بکشی چو از نیامت صمصام صفدری را

عدلت علم کشد چون بر خط کواکب از بیخ چرخ کند طرح ستمگری را

بکشاید از نگینت قلاع ہفت اقلیم تیرت کند مشبک سد سکندری را

تا گشت قایحہ زن بواز شیم خلقت درخلق شد رواجی این مشک اذفری را

مجموعۂ صنایع پیرانشخۂ ز بانت دیباچۂ شود خوش نخز مخشری را

در جوئبار حسرت غرقے کند سراسر رفتار خوشخرامت سرو صنوبری را

زیور طراز گلشن وقت تفرج تو شوید بآب شبنم رخسار عبہری را

از گفتگوے تازی شرمستایش تو آرد بیاد خاطر اشعار انوری را

شیرازۂ شفق را صحاف چرخ بندد برصفحہ بیاض وصف تو زیوری را

اے کامیاب مطلب امداد غوث و اقطاب حرز یمانی آمد بازوے برتری را

چلہ نشین گردون پرکرد و الکتابہ بر دور رایت تو تعویذ یاوری را

از فیض بخشی تو عالم شود تونگر بکشاید ار ز بدرہ دینار جعفری را

ریزی چو گنج جوہر بر جندیان پر دل ہم چون صدف شود وا دست بآذری را

---

[1] اس آخری بند کے تیسرے مصرع میں جو لفظ کمال آیا ہے وہ اُن کے والد کی جانب اشارہ کرتا ہے جن کا اسم گرامی حافظ محمد کمال المتخلص بہ کمال تھا،

در وار ملک دوران در داده دولت تو — در ہر دمے دہادم داد دلاوری را
افواج غیب دایم حامی عسکر تو — نصرت خدات بخشد طرز تہوری را
چو آہوان صحرا بر مد سپاہ دشمن — یابد چو در بیابان بوے غضنفری را
روز مصاف اعدا از بہر خوردن خون — باشد دہن کشادہ خرغام اژدری را
بر قلعۂ مقرنس عزم یورش چو سازی — بیم ہلاکت آمد مریخ و مشتری را
از دست دست تیغت دستان تگدستان — دستے دہد اگرچہ دست تو داوری را
در بحر خون اعدا از بس بسالت تو — گلگون برق تازد خواہد شناوری را
اے فیض بخش عالم جم جاہ با تہور — جمشید حشمت آمد افواج صرصری را
نواب ذوالمناقب حیدر علی بہادر — بفزودہ آب از تو نام بہادری را
ہر چند انتظام مدح مبارک تو — رونق فزا شدہ خوش مراسخ (؟) دریرا
در چار بیت آخر از گفتگوے تازی — ریزم بصحن معنی گنج ہنر دری را
یحیی لہذہ الشعرا ختم علی الجملۃ — قل یا الٰہی اعطہ من فضلک کثیرا
یا مالک الملک اجلہ من جلوس — توجہ بالعدالت زین برسترا (؟) برا
نورہ من فیوض ایدلک الٰہی — کالبدر فی الظلام والشمس مستنیرا

کرمہ یا کرم فتحہ یا مفتح[1]

واعزہ یا معزز وانصرہ یا نصیرا

---

[1] اس نظم کے جن مصرعوں یا الفاظ کی صحت میں شبہہ تھا، ان پر سوالیہ نشان بنا دیا گیا ہے۔

ادبیات

حشر جذبات

از جناب سید ابو محمد صاحب ثاقب کانپوری

ہجر مین تیرے مین بے تاب و تواں اور سہی
یعنی غم مین مری ہستی کا زیاں اور سہی

گل ہین افسردہ بہارون سے چمن ہی محروم
ہی یہی رنگ خزان کا تو خزان اور سہی

محرم جلوۂ رنگین دل وا رفتہ ہی
یہ تجلی ہے تو وہ جلوہ کنان اور سہی

لب ہین خشک آنکھ ہی خونبا فشان میری
جذبۂ غم میری صورت سے عیان اور سہی

رنگ عشرت مین تو اہون سے نہ ہوگا کوئی فرق
تیری محفل مین مری ایک فغان اور سہی

اب تو اخفاے محبت کی بھی کوشش ہی فضول
جب ہی صورت سے عیان افک روان اور سہی

آستان مین ہین تری جذب ہزارون سجدے
مرے سجدی کا وہان ایک نشان اور سہی

یون تو ہین سیکڑون تنک تیری طرف سے لیکن
اس محبت مین ترا وہم و گمان اور سہی

مری صورت سے سمجھنا تو نہ تھا کچھ دشوار
مین نے مانا کہ محبت کی زبان اور سہی

یون تو دلکش ہی ترے وعدۂ رنگین کا فریب
دل کی تسکین کے لئے حسن بیان اور سہی

آشیان جب ہے مرا برق کی زد مین ثاقب
نالۂ غم مرا اک شعلہ فشان اور سہی

باب التقریظ والانتقاد

مشکلات القرآن

از جناب مولانا داؤد اکبر صاحب اصلاحی تقطیع چھوٹی ضخامت ۱۹۰ صفحے، قیمت: عا، پتہ:-

ابوالخیر صاحب مدرسہ احیاء العلوم مبارکپور ضلع اعظم گڈھ،

یہ مولانا داؤد اکبر اصلاحی کے چند مضامین کا مجموعہ ہے، جو مختلف اوقات میں ترجمان القرآن (لاہور) وغیرہ میں شائع ہوئے،

اس مجموعہ میں ۱۲ مضامین ہیں جن میں سے ۷ کا تعلق قرآن مجید کی اقسام سے ہے ان کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مضمون نگار نے مولانا فراہی کی تحریروں سے کافی استفادہ کیا ہے، ایک مضمون سورۂ قمر کی ایک آیت (ولقد یسرنا القرآن) سے متعلق ہے، ایک مضمون سورۂ اعراف کی ایک آیت پر روشنی ڈالتا ہے، ان مضامین پر کوئی خاص تبصرہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن تین مضامین سے مجھے تھوڑا اختلاف ہے جس کو ظاہر کر دینا ضروری سمجھتا ہوں ممکن ہے بلکہ مجھے یقین ہے کہ مولانا داؤد اکبر اگر غور فرمائیں گے تو اپنی رائے سے میری بات کی طرف رجوع کرنے میں کوئی دشواری محسوس نہ کریں گے،

ذبح بقر اور قتل نفس | ذکر بقرہ ۸: ۶ تا ۱۰ میں خدا نے ایک گائے کے ذبح کرنے میں بنو اسرائیل کی ٹال مٹول کا ذکر کیا ہے، پھر بقرہ ۹: ۱ و ۲ میں ایک قتل نفس کا تذکرہ ہے، عام مفسرین کے نزدیک یہ دونوں قصے ایک ہی واقعہ کی دو کڑیاں ہیں، مفسرین کا بیان ہے کہ ایک قاتل کا سراغ دینے میں لوگوں نے حیلے بہانوں سے

کام لیا، تو ایک گائے کے ذبح کرنے کا حکم دیا گیا، اس حکم کی بار بار کے سوال وجواب کے بعد تعمیل کی گئی، پھر خدا نے حکم دیا، اور گائے کے لوتھڑوں سے مقتول کو مارا گیا، تو وہ جی اٹھا، اور اس نے اپنے قاتل کا نام بتا دیا، مولانا کو اس تفسیر کی صحت تسلیم نہیں ہے۔ اس میں وہ حق بجانب ہیں، لیکن ان کا یہ ارشاد نظر ثانی کا محتاج ہے کہ

"بظاہر تو ان ٹکڑوں سے ایسا ہی معلوم ہوتا ہے کہ گائے کے گوشت کے ٹکڑے سے حسب حکم مقتول پر ضرب لگائی گئی اور وہ زندہ ہو گیا، (ص ۱۰)

اگر قرآن سے بظاہر ایسا ہی معلوم ہوتا ہے تو پھر یہ کہنا جسارت ہے کہ

"لیکن بات یوں نہیں ہے بلکہ (اضربوہ ببعضہا) میں ہ کا مرجع بناویل مذکر مقتول ہے اور ھا کا مرجع نفس غیر مقتول ہے یعنی جس کسی پر شبہہ ہو اور اس کے قاتل ہونے کی قوی قرائن سے تائید ہوتی ہے، اس سے مقتول پر ضرب لگاؤ یعنی چسپاں کرو، چنانچہ تفتیش ہوئی اور قاتل کا سراغ لگ گیا، ایسا ہوتا تھا کہ یکایک پوری جماعت بنی اسرائیل جو بمنزلہ ہوتے (مردہ) کے تھی اسے زندگی نصیب ہو گئی، (ص ۱۰)

افسوس ہے کہ صاحب مضمون نے زیر بحث آیتیں یک جا لکھ کر ان کا ترجمہ نہیں کیا ہے، یہ نہیں معلوم کہ (اضربوہ ببعضہا) کو اردو میں وہ کیسے ادا کرتے" مارو اس (مذکر) کو اس (مونث) کے بعض سے" کا مطلب نہ معلوم یہ کہاں سے ہو گیا کہ جس پر قاتل ہونے کا شبہہ ہو اس سے مقتول پر ضرب لگاؤ یعنی چسپاں کرو، اس عجیب عبارت کا مفہوم شاید ناظرین سمجھ سکتے ہوں، میں تو فہم سے قاصر ہوں،

مولانا فرماتے ہیں کہ "قرآن پاک اور کلام عرب میں اذ مستقل واقعہ کی تعبیر کے لئے آتا ہے (ص ۱۰) عام خیال کی رو سے ترتیب واقعہ وہ نہ ہونی چاہئے جو پائی جاتی ہے، بلکہ پہلے قتل نفس، پھر ذبح بقرہ کا ذکر ہونا چاہئے (ص ۱۲) اذ کے استعمال اور بیان واقعہ کی ترتیب کا اقتضا ہے کہ ذبح بقرہ اور قتل نفس کو دو مستقل واقعہ قرار دیا جائے، اور دونوں کے ذکر کی مصلحت جدا جدا ٹھہرائی جائے، (ص ۱۰) لیکن میرے خیال میں مولانا کو اپنی دلیل

کے ان عناصر پر از سر نو غور کرنا چاہئے بقرہ ۲: ۶۷، مین (واذ قتلتم نفسا) فرما کر پھر ۲: ۷۲ مین (واذ قتلتم نفسا) بول کر ایک ہی واقعہ کی دو کڑیون کا جدا جدا ذکر کیا گیا ہے، واقعہ کے آخری جز کا بیان مین مقدم ہونا کوئی عجیب بات نہین ہے، بقرہ ۲: ۶ کو اگر مولانا کا اصول تسلیم کر لیا جائے، تو (۶: ۷) کے بعد ہونا چاہئے کیونکہ بنی اسرائیل کا گناہ تو (۶: ۷) کے حکم کی تعمیل کے بعد معاف ہوا،

ذبح بقرہ کے حکم کی بابت مولانا نے فرض کیا ہے کہ "یہ خطا کی قربانی ہے" (ص ۵) لیکن یہ حکم اس لئے دیا گیا تھا کہ یہودی قوم کی جانب سے گوسالہ پرستی کے گناہ کا کفارہ ہو" (ص ۱۶) لیکن آیت کے سیاق و سباق سے اس مفروضہ کی کوئی گنجایش نہین نکلتی، یہ سچ ہے کہ بنی اسرائیل مین خطا کی معافی کے لئے دعا کرتے وقت قربانی کا دستور تھا، مگر گئو سالہ پوجنا وہ گناہ نہ تھا جو خطا کی قربانی سے معاف ہو جاتا (بقرہ ۶: ۷، اور خروج ۳۲: ۳۰ یا ۲۹ کے مطابق اس گناہ کا کفارہ یہ تھا کہ ۳ ہزار اشخاص جنھون نے گوسالہ کو پوجا تھا قتل کئے گئے،

خطا کی قربانی کے لئے خاص قسم کی بچھیا یا بچھوے کی تعیین نہ تھی (تثنیہ ۲۱: ۱ یا ۹) کے مطابق آئین تھا کہ جب قتل ثابت ہو جاتا، قاتل کا پتہ نہ لگتا، تو ایک مادہ بچھیا ذبح کی جاتی، اور اس بچھیا پر اپنے اپنے ہاتھ دھو کر لوگ قسم کھاتے تھے کہ ہمارے ہاتھ نے یہ کام نہین کیا ہے، اور نہ ہماری آنکھون نے دیکھا ہے، اس بچھیا کے لئے ضروری تھا کہ اس سے ہنوز کچھ خدمت نہ لی گئی ہو، اور جوے تلے نہ آئی ہو، اس خصوصیت کو سمجھ کر جب ہم قرآنی الفاظ (لا ذلول تثیر الارض و لا تسقی الحرث) پر غور کرتے ہین، تو صاف نظر آتا ہے، بقرہ ۲: ۶۸ تا مین اسی تثنیہ ۲۱: ۳ تا ۹ کی بچھیا کا کچھ مزید خصوصیات کے ساتھ ذکر ہے، اور اس لئے میرے نزدیک واقعہ کی صورت یہ تھی کہ ایک شخص کے قاتل کا سراغ لگانے کی غرض سے بنی اسرائیل کو ایک گائے ذبح کرنے کا حکم دیا گیا وہ جانتے تھے کہ اس حکم کا مقصد کیا ہے اس لئے ٹال مٹول کی باتین شروع کین کہ ان کے جواب مین ایسی خصوصیات کا اضافہ کیا گیا جن کی بدولت وہ مصر کی زرین معبودہ ہاتور یا حاتور بن گئی اور تلاش کر کے ذبح

کی گئی، اس واقعہ کے ذکر کے بعد (بقرہ ع ۸) مین منقول حکم کی علت خدا نے یہ فرما کر بیان دلائی کہ

واذ قتلتم نفسا فادّارأتم	اور (یہ بھی یاد کرو کہ) جب تم نے ایک شخص
فیھا واللہ مخرج ما کنتم	کو مار ڈالا تھا پھر ہر ایک تم مین سے الزام ٹالنے
تکتمون فقلنا اضربوہ	لگا تھا، اور اللہ اس کو ظاہر کرکے رہنے والا
ببعضھا،	تھا جسے تم چھپاتے، چنانچہ (وہ ظاہر ہوگیا)
	ہم نے کہا اُسے اِس کے بعض سے مارو،

اضربوہ کی ضمیر کا مرجع ما کنتم تکتمون ہے اور ببعضھا کا مرجع یقیناً بقرہ صفرا ہے، اس گائے کے مل جانے پر خواہ مقاتلت کی وجہ سے خواہ اس وجہ سے کہ یہی گائے وجہ قتل تھی، معلوم قاتل کی ہستی جو چھپایا جا رہا تھا ظاہر ہوگئی خدا نے فرمایا اُسے (جسے تم چھپاتے تھے) اس (گائے) کے بعض سے مارو، تلوار سے قصاص لینے کی بجائے گائے کی ہڈیون کے ذریعہ انتقام لیا گیا کیونکہ کیونکہ آئین یہ تھا کہ مقتول جس طرح سے قتل ہوا ہو قاتل کو بھی اسی طرح کی سزا دیجائے، چونکہ یہ گائے کا حکم دراصل قصاص کا حکم تھا، اس لئے اس کے بعد خدا نے فرمایا،

وکذلک یحیی اللہ الموتی و	اور اس طرح (قصاص کے ذریعہ) اللہ مرنے والون
یریکم ایتہ لعلکم تعقلون	کو زندہ رکھتا ہے اور تم کو اپنی آیتین دکھاتا
	ہے تاکہ تم لوگ سمجھو،

اس آیت مین خدا نے کسی متعین مردے کے جی اٹھنے کا نہین بلکہ احیاے موتے کے ایک طریقہ کا ذکر کیا ہے، اس لئے "موتی" سے مراد "من ماتو" نہین بلکہ (من قضی علیھم الموت) ہے، اور احیاے موتی سے مراد جلانا نہین بلکہ زندہ رکھنا مراد ہے مردون کا جی اٹھنا کوئی عجیب بات نہین ہے، اگر اس جگہ (فاحیاہ اللہ) ہوتا تو ہم بھی یہ ماننے پر مجبور تھے، کہ مردہ جی اٹھا اور اس نے قاتل کا نام بتا دیا، لیکن قرآن مجید کے الفاظ ایسا نہین بتاتے، بلکہ بتاتے ہین کہ اس طریقہ سے اللہ مرنے والون کو مارے جانے سے بچاتا ہے،

قصہ اسیرانِ بدر | تیسرا مضمون انفال ۹: ۳ تا ۵ پر روشنی ڈالتا ہے، ان آیتوں کی عام تفسیر یہ ہے کہ حضرت رسول خدا نے اسیرانِ بدر کی بابت صحابہؓ سے رائے لی، حضرت عمرؓ نے سب کو قتل کر دینے کی رائے دی حضرت ابوبکرؓ نے فدیہ لے کر چھوڑ دینے کا مشورہ دیا تھا، اُنکی رائے پر عمل کیا گیا، تو یہ آیتیں عام مسلمانوں پر عتاب کے لئے نازل ہوئیں، اگر تفسیر اسی حد تک ہوتی تو معقول بات تھی، مگر روایات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ خدا کو حضرت عمرؓ کی رائے پسند تھی، حضرت ابوبکرؓ کی رائے جسے رسول نے پسند کیا تھا، خدا کو پسند نہیں تھی، فاضل مضمون نگار نے اس روایتی تفسیر کے ناقابل تسلیم ہونے پر جو دلیلیں دی ہیں، وہ قوی اور حق بجانب ہیں لیکن خود جو تفسیر کی ہے وہ تسلی بخش نہیں ہے، اُن کے نزدیک یہ آیتیں یہود کے ایک اعتراض کے جواب میں نازل ہوئیں، ان کے بیان کئے ہوئے مطلب پر اعتراض اور اُن کی رائے سے اختلاف کی وجہیں بتانے میں ناظرین کا کافی وقت لینا ہوگا، اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے، کہ اختصار کے ساتھ اپنی تفسیر پیش کردوں،

ان آیتوں کے نزول سے پیشتر خدا نے حکم دیا تھا کہ

فَاِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَضَرْبَ	جب (میدانِ جنگ میں) کافروں سے
الرِّقَابِ حَتّٰى اِذَا اَثْخَنْتُمُوهُمْ فَشُدُّوا	مڈبھیڑ ہو تو گردنیں مارنا یہاں تک کہ جب
الْوَثَاقَ فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاءً	اُن سے جنگ کر چکو تو مضبوط جکڑ لینا پھر
حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا	یا تو احسان کرنا، یا فدیہ لینا، تا آنکہ لڑائی
(محمد ۱: ۴)	اپنے اوزار رکھدے،

سورۂ انفال میں اس آیت کی طرف اشارہ موجود ہے، میدانِ بدر میں کچھ لوگ اسیر ہوئے ان اسیر ہونے والوں میں حضرت عباسؓ اور حضرت عقیلؓ وغیرہ بھی تھے، جو لڑنے کو جبراً لائے گئے تھے ان لوگوں نے لڑے بھڑے بغیر اپنے آپ کو اسیر ہو جانے دیا، چاہئے تو یہ تھا کہ ان کو محض احسان و تبرع کے ساتھ چھوڑ دیا جاتا، لیکن رائے عامہ کے مطابق ان سے فدیہ لیا گیا، اس لئے واقعہ پر عتاب کے لئے

نہیں بلکہ آیندہ احتیاط برتنے کی ہدایت دینے کے لئے خدا نے فرمایا،

ما کان لنبیٍّ ان یکون لہ اسری حتّٰی یثخن فی الارض تریدون عرض الدنیا واللہ یرید الاخرۃ واللہ عزیز حکیم لولا کتاب من اللہ سبق لمسکم فیما اخذتم عذاب عظیم، فکلوا ممّا غنمتم حلالًا طیبًا واتقوا اللہ واللہ غفور رحیم،	کسی نبی کے لئے مناسب نہیں کہ زمین (یعنی میدان جنگ) میں خوب جنگ کرنے سے پیشتر اس کے پاس اسیر ہوں، تم لوگ دنیا کی دولت چاہتے ہو اور خدا آخرت چاہتا ہے، اور اللہ عزیز ہے، حکیم ہے، اگر پہلے سے اللہ کا ایک نوشتہ (محمد ا: م) موجود نہ ہوتا تو تم نے جو (فدیہ) لیا ہے، اس کی بدولت تم کو بڑا عذاب چھوتا، مگر (اب) کھاؤ اس چیز میں سے جو تم کو غنیمت ملی ہے حلال (اور) طیب (جان کر) اور (آیندہ) اللہ سے ڈرتے رہنا، بیشک اللہ غفور ہے رحیم ہے

اس کے بعد کی آیت میں اسیرون کو تسکین دی گئی ہے، کہ اگر تمھارے قلوب میں خیر ہے تو وہ تم کو اس سے بہتر دے گا، جو تم سے لیا گیا ہے "کتاب من اللہ سبق" کی تعیین کے لئے قرآن کی ورق گردانی کے بدلے اقوال کی جستجو اور "اثخان" کا ترجمہ "جنگ" کی بجائے "خونریزی" سمجھنے سے آیت کا مفہوم جو کسی مزید تشریح کا محتاج نہیں ہو دشوار ہو گیا تھا، اس آیت کے سیاق و سباق میں کوئی ایسی آیت نہیں ہے جس کی وجہ سے اسے یہود کے کسی اعتراض کا جواب سمجھا جائے، یہ آیت یقیناً مسلمانوں کو مخاطب کرتی ہے، فدیہ لینا روا تھا، مگر اس سے بہتر احسان تھا، زیادہ بہتر کام پر مسلمانوں نے کم بہتر کو ترجیح دی تھی، اور وجہ ترجیح خیال آخرت نہیں، بلکہ دنیاوی مفاد کی محبت تھی، یہ بات مسلمانوں کے لئے زیبا

نہین تھی، اسی حقیقت کو بتانے کے لئے یہ آیتین اُتریں، ان آیتون کو عتاب سمجھنا کسی طرح بھی ٹھیک نہین ہے، اللہ نے ان آیتون مین قہر و غضب کے اعلان کی بجائے مغفرت و رحمت کا اعلان کیا ہے، مغفرت کا لفظ بتاتا ہی کہ جو ہوا وہ مناسب نہ تھا، لیکن پھر بھی قابل درگذر کام تھا، اگر یہی کام کتاب اللہ کی روایات سے استدلال کے بغیر بطور خود مفاد دنیا کی خاطر ہوا ہوتا تو یقیناً موجب عذاب ہوتا، یہ تنبیہ ہے نہ کہ عتاب

ایذاے موسیٰؑ | چوتھا مضمون سورۂ احزاب کی آیت (لا تکونوا کالذین اٰذوا موسیٰ) کی بابت ہے فاضل مضمون نگار نے کافی غور سے کام لیا ہے، آیت کے اندر مذکور ایذا کی تعیین مین جو حضرت موسیٰ کو دی گئی تھی، موصوف کو ناکامی ہوئی، اس لئے فیصلہ کیا ہے کہ "نہین کہا جا سکتا، کہ ایذا کی کی فلان سی نوعیت موسیٰ علیہ السلام کو دکھ دینے کی استعمال کی گئی"، اس فیصلہ کا ان کو یقیناً حق تھا، لیکن شاید ان کا یہ اُٹھنا دائرہ حد سے تجاوز ہی ہوگا کہ جو کچھ بھی اس باب مین کہا جائے گا ظن قیاس سے زیادہ اس کی حیثیت نہوگی"، میرے خیال مین ان کو باور کرنا چاہئے، کہ فوق کل ذی علم علیم ہو سکتا ہے، کہ آیت کے ابتدائی مخاطبون کی طرح اب بھی کسی کو اس خاص اذیت کا علم ہو جس کی طرف خدا نے اشارہ کیا ہی، یہ آیت (یا ایھا الذین اٰمنوا) سے شروع ہوتی ہے عہد نبوت کے مومنین صادقین کی بابت ضرور ہم کو بہت بلند قسم کا حسن ظن رکھنا چاہئے، لیکن اس حسن ظن کو ایسا بھی نہ ہونا چاہئے کہ جن کو خدا نے (الذین اٰمنوا) کہا ان کو ہم بزور تاویل (الذین نافقوا) بنا دین، عہد نبوت مین جو لوگ مسلمان ہوئے وہ اپنے ایمان کی آخری منزل تک بتدریج پہنچے، ایمان و اسلام کے ابتدائی مرحلہ مین ایسے مسلمانون نے جو بعد مین شیخین کی نظیر بن گئے، اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یا حضرت موسیٰ کی شان مین کوئی بات ایسی کہہ دی ہو جو مناسب نہ تھی تو اس مین کیا استبعاد ہے؟

حضرت موسیٰؑ کو بنی اسرائیل کے اذیت دینے کا ذکر قرآن کی دو آیتون مین ہے، سورۂ صف

ہیں ہے کہ حضرت موسیٰؑ نے کہا "لم تؤذونني" اس آیت کی تفسیر کے لئے کسی معین واقعہ کی تلاش ضروری نہیں ہے، قولاً اور فعلاً جو اذیت بھی حضرت موسیٰؑ کو دی گئی تھی اسی مراد لیا جا سکتا ہے لیکن سورۂ احزاب میں خدا نے مسلمانوں سے فرمایا،

لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَىٰ	ان جیسے نہ بنو جنھوں نے موسیٰ کو اذیت
فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ	دی، پھر اللہ نے موسیٰ کو ان کے قول سے
عِندَ اللَّهِ وَجِيهًا	بری کیا اور وہ اس کے پاس وجیہ تھے،

حضرت موسیٰ کی وجاہت کے برخلاف اُن کی شان میں ایک تکلیف دہ بات کہی گئی جو بالکل غلط تھی، یہ آیت سورہ احزاب میں ہے جس کے اندر حضرت زینبؓ کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح کی بابت لوگوں کی چہ میگوئیاں کا جواب ہے، ما كان على النبي من حرج (۵۰۵) سے پتہ چلتا ہے کہ بعض لوگ اس نکاح کو ایام جاہلیت کے دستور کی ترازو پر تولتے تھے، اور اس نکاح کو جائز خیال نہیں کرتے تھے، بعینہ اسی طرح ایک زمانہ میں سفر عدد کے بیان کے مطابق

"مریم اور ہارون نے موسیٰ کا شکوہ اس کوشی عورت کی بابت کہا تھا، جو اُس نے لی تھی، کیونکہ اس نے ایک کوشی عورت لی تھی، ① ..... چنانچہ خداوند نے یہ سنا ② سو خداوند نے ناگہاں موسیٰ کو، ہارون کو اور مریم کو فرمایا ..... ③ ..... میرا بندہ موسیٰ ایسا نہیں ہے، وہ میرے سارے گھر میں امانت دار ہے، ④ ب۱۲ عدد،

سورۂ احزاب کی آیت میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے، آیت احزاب میں سفر عدد کے مولف کی اس بیان کی اصلاح بھی کر دی گئی ہے، حضرت موسیٰؑ کی شان میں ایک کوشی عورت کے ساتھ نکاح کرنے کی بابت نامناسب بات کہنے والوں میں حضرت ہارون اور ان کی بہن مریم شامل تھیں قرآن کے بیان کے مطابق وہ عام بنو اسرائیل تھے جنھوں نے نامناسب بات کہی تھی،

اب رہے وہ الفاظ جو حضرت موسیٰ کی شان میں کہے گئے وہ نہ تو توراۃ میں مذکور ہیں، اور نہ قرآن میں، اتنا سمجھ لینا ہمارے لئے بس ہے کہ کوشی عورت کے ساتھ نکاح کو تکلیف دہ پیرایہ بیان میں نامناسب بتایا گیا تھا، ٹھیک الفاظ تصنیف کرنے کا ہم کو حق نہیں ہے، حضرت رسول خدا کی شان میں جو الفاظ کہے گئے تھے، ان کی تلاش روایات میں کی جاسکتی ہے لیکن یہ آپ کی شان میں ہماری گستاخی ہوگی، فہم قرآن کے لئے صرف نوعیت کا علم کافی ہے،

مولانا کے اور مضامین کے اندر بھی کچھ باتیں ایسی ہیں جن سے اختلاف کیا جاسکتا ہے، ہر دو آدمی کے فہم میں تباین ہونا قدرتی بات ہے میرے نزدیک ہر اختلاف رائے واجب الاظہار نہیں ہوتا، ان تین مضامین کے متعلق چونکہ میں توقع رکھتا ہوں کہ فاضل مضمون نویس صاحب کو اپنی رائے پر اصرار نہ ہوگا اور وہ غور فرمائیں گے تو میرے مؤید ہو جائیں گے، اس لئے میں نے یہ سطریں لکھیں، باوجود اس کوشش کے کہ تبصرہ مختصر تر ہو، اچھا خاصہ طویل ہو گیا ہے،

بہرحال اس اختلاف رائے کے باوجود فاضل صاحب قلم کو میں یہی رائے دوں گا کہ وہ قرآن پر غور و تفکر کا سلسلہ جاری رکھیں اور اس قسم کے مضامین سے لوگوں کو استفادہ کا موقع دیتے رہیں، دل میں اگر تقوی اور خلوص ہے تو یقیناً اُن کو اجر اور پڑھنے والوں کو قرآن فہمی نصیب ہوتی رہیگی

سیرت سید احمد شہید بریلویؒ

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی استاذ ندوۃ العلماء کی مشہور تالیف جس میں مسلمانوں کے جہاد آزادی اس راہ میں اُن کی قربانیوں اور ہندوستانی مسلمانوں کی تجدید و اصلاح کی مفصل تاریخ بیان کی گئی ہے، قیمت للعہ دارالمصنفین سے طلب کیجئے،

"منیجر"

وفیات

مولانا اصغر حسین صاحب مرحوم سابق پرنسپل مدرسہ شمس الہدیٰ پٹنہ

از جناب ابو محفوظ الکریم صاحب معصومی

افسوس ہے کہ ۱۲ ذوالحجہ شب جمعہ کو بوقت نماز عشاء مولانا اصغر حسین بنولوی سابق پرنسپل مدرسہ شمس الہدیٰ پٹنہ نے داعی اجل کو لبیک کہا انا للہ وانا الیہ راجعون مرحوم محلہ بنولیہ بہار شریف کے رہنے والے اور صوبۂ بہار کے طبقۂ علیا کے فضلاء میں سے تھے معقولات کیساتھ منقولات میں بھی بدطولی رکھتے تھے، حدیث و سنن سے خاص شغف تھا،

طالب علمی میں عسرت کی زندگی بسر کی، آپ کی تعلیم کے ابتدائی مراحل مدرسہ اسلامیہ بہار شریف میں طے ہوئے امیر شریعت حضرت مولانا سجاد صاحب مرحوم و مغفور سے شرف تلمذ تھا، دار العلوم دیوبند میں تکمیل کی تھی اور حضرت حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسنؒ کے مشکوۃ علم و عمل سے اقتباس نور کیا تھا، فراغت کے بعد مدرسہ اسلامیہ بہار میں درس و تدریس کے مسند پر جلوہ فرما ہوئے یہیں سے مدرسہ شمس الہدیٰ پٹنہ گئے اور مولانا حاجی معین الدین ندوی مرحوم کے بعد اس کے پرنسپل ہوئے تقریباً دو برس ہوئے اس سے سبکدوش ہوئے اور اپنے وطن میں تبلیغ دین و تصنیف و تالیف میں مصروف تھے کہ ۱۲ ذوالحجہ کو سفر آخرت کیا، کل نفس ذائقۃ الموت "موصوف کی یادگار صرف لڑکیاں ہیں اولاد ذکور میں کوئی نہیں"

آپ کو تصنیف و تالیف کا بھی ذوق تھا، مدرسہ کے فرائض اور ذمہ داریوں کے باوجود آپنے جو قلمی کام کئے وہ اگرچہ مختصر لیکن مفید و قابل قدر ہیں، سوال و جواب کی شکل میں ترمذی شریف کی ایک مفید شرح لکھی جس کا نام تنزل الثوبی ہے، شرح اگرچہ نامکمل چھپی ہے لیکن اپنے اختصار و جامعیت کی وجہ سے عربی درسگاہوں میں مشہور و متعارف ہے اس کا اردو ایڈیشن بھی شائع ہو چکا ہے، سفرنامۂ حجاز بھی مرتب کیا تھا جس کا نام ارمغان حجاز ہے اسکی اشاعت بھی ہو چکی ہے فی الحال تفسیر المنار کو اردو کا جامہ پہنا رہے تھے، کہ زندگی کی آخری منزل ہی طے ہو گئی، اس ترجمہ کے بعض اجزاء مثلاً تمہید تفسیر قرآن و مقدمۂ تفسیر قرآن شائع ہو چکے ہیں،

مطبوعاتِ جدیدہ

جب خون بہ رہا تھا: از جناب ابوسعید صاحب بزمی ایم اے، تقطیع چھوٹی ضخامت:- ۲۵۵ صفحے، کاغذ کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد سے رپتہ کتاب منزل کشمیری بازار لاہور،

مصنف اخبار مدینہ کے مشہور اڈیٹر اور مخلص قوم پرور تھے، آزادی ہند کی جد وجہد مین بڑی مصیبتین جھیلین، لیگ کے عروج کے زمانہ مین تحریک پاکستان کے شدید مخالف تھے، پھر کانگریس کے تقسیم ہند کی تجویز مان لینے کے بعد ان کے خیالات بدل گئے، اور وہ پاکستان کے حامی بن گئے، اُن کی عمر کا بڑا حصہ سیاست وصحافت کے میدان مین گذرا، اس لئے ہندوستان کی سیاست کے جملہ نشیب وفراز اور اس کے ہر گوشہ پر اُن کی نگاہ تھی، چنانچہ اس کتاب مین انھون نے پاکستان کے قیام کی تاریخ تحریر کی ہے، اور واقعات سے دکھایا ہے، کہ اس کی ذمہ داری تنہا مسلمانون پر نہین بلکہ ہندوستان کی عام فرقہ وارانہ ذہنیت پر ہے، اس سلسلہ مین تحریک پاکستان کے اسباب، قیام پاکستان کے پہلے کے حالات اس کے بعد جو خونین واقعات پیش آئے، اور لیگ کے لیڈرون کی غلطیون سے جو نقصانات اٹھانا پڑے، اُن کی تفصیل ہے، اور پاکستان کی مخالفت کے خطرناک سیاسی واقتصادی نتائج پاکستانیون کے فرایض اُن کی ذمہ داریون اور پاکستان کے آیندہ نظام پر بحث کی ہے، اور قیام پاکستان کے جو نقصانات ظاہر کئے جاتے ہین، اُن کی تردید کی ہے، اس کے علاوہ پاکستان کے ماضی حال

اور مستقبل کے تمام اہم واقعات اور مسائل پر نگاہ ڈالی ہے، مصنف کہنہ مشق صاحبِ قلم ہین، اس لئے ان خشک سیاسی مباحث مین بھی پوری ادبی شان قائم ہے، مصنف نے ایک مورخ کی حیثیت سے اپنا فرض ادا کردیا، اس پر نقد و تبصرہ آیندہ مورخین کا کام ہے لیکن اب ماضی سے زیادہ حال اور مستقبل پر غور کرنے کی ضرورت ہے، جو کچھ ہونا تھا، وہ ہوچکا، اب دونون حکومتون کی بھلائی اسی مین ہے کہ وہ گذشتہ تلخیون کو فراموش کرکے اتحاد و اتفاق کے ساتھ اپنے اپنے ملکون کی ترقی کی کوشش کرین کہ وہی ان کی فلاح کا صحیح راستہ ہے،

Persian Psalms (یعنی زبورِ عجم کا انگریزی ترجمہ) از آرتھر جے۔ آربری، استاذ عربی، کیمبرج یونیورسٹی، ضخامت ۱۲۰ صفحے، لکھائی چھپائی اور کاغذ عمدہ، قیمت:- معمولی، پتہ:- محمد اشرف کشمیری بازار، لاہور،

کیمبرج یونیورسٹی کے عربی کے پروفیسر ڈاکٹر آرتھر جے۔ اربری، ڈاکٹر اقبال کی شاعری کے بڑے قدردانون مین ہین، زبورِ عجم کے انگریزی ترجمہ سے پہلے انھون نے اقبال کی نظم لالہ طور کا بھی انگریزی ترجمہ کیا ہے، زبورِ عجم مین ان کو بہت سی خوبیان نظر آئین چنانچہ لکھتے ہین:-

"کہ زبورِ عجم کی غزلون مین بڑی تازگی اور خوبصورتی ہے، ان کے اظہارِ بیان میں بڑی وسعت اور گہرائی ہے، پڑھنے والے ان مین خیالات و جذبات کی ایک نئی دنیا پاتے ہین، وہ ان مین ایک ایسا عالم دیکھتے ہین، جو امید اور بلند ہمتی سے لبریز ہے، وہ ان مین ایک ایسی چیز محسوس کرتے ہین، جس مین ایک بڑے مفکر نے اپنے خیالات پیش کرکے یہ بتایا ہے، کہ اس آلام و مصائب کے زمانہ مین ایک نئے زمانہ کی صبح نمودار ہونے والی ہے"!

فاضل مترجم نے ان ہی تاثرات کی بنا پر زبورِ عجم کا انگریزی ترجمہ شروع کیا، یہ ترجمہ نظم ہے، کسی نظم کا نظم مین ترجمہ کرنا بہت مشکل کام ہے، کیونکہ منظوم ترجمون مین ایک شاعر

کے معانی و مطالب تو بیان کئے جا سکتے ہین، لیکن اس کی شاعری کے صوری اور لفظی محاسن زائل ہو جاتے ہین، اس لئے عام طور سے اس قسم کی کوشش کامیاب نہین ہوتی، تاہم فاضل مترجم کا بیان ہے کہ ترجمہ مین انھون نے کافی احتیاط مدنظر رکھی ہے، اور ایک غیر زبان مین ترجمہ کی دقتون کو سامنے رکھتے ہوئے حتی الوسع اقبال کے خیالات کی پوری ترجمانی کرنے کی کوشش کی ہے، سب سے پہلے ڈاکٹر نکلسن نے اسرار خودی کا انگریزی مین ترجمہ کرکے اقبال کا فلسفۂ خودی اہلِ مغرب کو سمجھانے کی کوشش کی تھی، امید ہے کہ زیر تبصرہ کے اس انگریزی ترجمہ کے ذریعہ سے وہ اقبال کے دوسرے افکار و تصورات کے سمجھنے کی کوشش کرین گے، اور لائق مترجم کی یہ محنت مشکور ہوگی،

ارمغان آلام از جناب ڈاکٹر سید محمود صاحب وزیر ترقیات صوبہ بہار تقطیع چھوٹی ضخامت: ۱۹۲ صفحے، کاغذ کتابت و طباعت بہتر، قیمت تحریر نہین، پتہ: نظامی پریس بدایون،

فاضل مؤلف سیاسیات کے ساتھ علم و ادب کا بھی سنجیدہ اور ستھرا مذاق رکھتے ہین، جس سے اصحابِ علم واقف ہین، قلعہ احمد نگر کی اسیری کی تنہائی مین انھون نے اردو فارسی اور کچھ عربی اور ہندی کے پسندیدہ اشعار کا انتخاب کیا تھا، اور نثر مین بھی اپنے بعض خیالات و تاثرات قلمبند کئے تھے، جس کو نظامی پریس بدایون نے بیاض کے طور پر شائع کر دیا ہے، اس کی تحریر کے وقت اس کی اشاعت کا کوئی خیال نہین تھا، اس لئے اشعار مین کوئی ترتیب نہین ہے، اشعار کی پسند کا تعلق انفرادی ذوق سے ہے، یہ ضروری نہین ہے، کہ ایک شخص کا انتخاب دوسرے کے لئے بھی پسندیدہ ہو، لیکن مجموعی حیثیت سے اس انتخاب مین مصنف کا حسن مذاق نمایان ہے؛ نثر کا حصہ اگرچہ برائے نام ہے تاہم اس سے بھی مصنف کے افکار و تصورات کا اندازہ ہوتا ہے،

(م)

جلد ۶۴ ماہ صفر المظفر ۱۳۶۸ھ مطابق ماہ دسمبر ۱۹۴۸ء عدد ۶

مضامین

شذرات	شاہ معین الدین احمد ندوی	۴۰۲-۴۰۴

مقالات

ہندوستان میں توپ کی تاریخ	مولانا سید ابوظفر صاحب ندوی	۴۰۵-۴۲۹
عربی نظم و نثر کی تاریخ،	مولانا عبد السلام ندوی	۴۳۰-۴۵۰
ابوحنیفہ دینوری کی کتاب النبات	جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب ایم اے، پی۔ ایچ۔ ڈی،	۴۵۱-۴۶۳
تاریخ یمن کی ایک سطر	مولانا ابو الجلال صاحب ندوی رفیق دار المصنفین	۴۶۴-۴۷۴

ادبیات

درس حیات	جناب شفیق جونپوری	۴۷۵-۴۷۶
غزل	جناب سید شاہ ولی الرحمن صاحب ایم اے آرہ	۴۷۶
مطبوعاتِ جدیدہ	"م"	۴۷۷-۴۸۰

شذرات

افسوس ہو کہ گذشتہ مہینہ جماعت اہلحدیث کے مشہور و ممتاز عالم اور نامور مناظر مولانا محمد ابو القاسم صاحب سیف بنارسی نے ۶۱ سال کی عمر مین انتقال کیا، مرحوم کی ساری عمر دین و علوم دینیہ کی خدمت مین گذری، مدرسہ سعیدیہ بنارس مین چالیس سال تک حدیث نبوی کا درس دیا، جو اُن کی سب سے بڑی فضیلت ہی، درس و تدریس کے ساتھ وعظ و تبلیغ اور تالیف و تصنیف کا شغل بھی تھا لیکن اُن کی بیشتر تصانیف مناظرانہ ہین، آریون عیسائیون اور قادیانیون سے بڑے معرکہ کے مناظرے کئے، اخباف سے بھی اسکی نوبت آجاتی تھی ادھر چند برسون کے اندر ان پر فالج کے کئی ہلکے حملے ہوئے جس سے اُن کی صحت بگڑ گئی تھی اس کے باوجود اُن کے علمی و تعلیمی مشاغل جاری تھے، کہ گذشتہ ۲۵ نومبر کو جمعہ کے دن پھر اچانک حملہ ہوا اور چند گھنٹون کے اندر قال اللہ و قال الرسول کی یہ آواز ہمیشہ کیلئے خاموش ہوگئی، مرحوم کے انتقال سے ہندوستان کے طبقۂ علماء مین ایک ممتاز جگہ خالی ہوگئی، اللھم اغفرہ مغفرۃ واسعۃ،

دوسرا قومی حادثہ مدراس کے مشہور اور مخیر سیٹھ جمال محمد کی وفات ہی مسلمانون مین صاحب ثروت تاجرون کی کمی نہین لیکن مرحوم کے اوصاف و خصوصیات کی مثال مشکل سے ملیگی، دولت دنیا کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے اُن کو دینداری کی دولت بھی عطا فرمائی تھی، اور ان کا دل ملک و ملت کی محبت سے بھی معمور تھا، انھون نے بڑی دولت پیدا کی اور اسی فیاضی سے اس کو قوم و ملک کی راہ مین صرف کیا، ہندوستان مین مسلمانون کی کوئی ایسی تحریک نہین تھی جس مین اُن کی امداد شامل نہ رہی ہو، مذہبی اور تعلیمی کامون سے خصوصیت کیساتھ بڑی

دلچسپی تھی، ندوۃ العلماء لکھنؤ، دار العلوم دیوبند، مدرسۃ العلوم علی گڈھ مسلم یونیورسٹی آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس، جامعہ ملیہ اور اس قسم کے تمام دوسرے اداروں کے وہ معاون و مددگار تھے، شہر مدراس اور اس کے مضافات میں کئی عربی مدرسے اپنے صرف سے چلاتے تھے، مدراس میں انگریزی خواں مسلمان طالب علموں کے لئے ایک ہوسٹل بنوایا جس میں اُن کی مذہبی تعلیم و تربیت کا بھی انتظام تھا، سیکڑوں غریب طالب علموں کو وظائف دیتے تھے، حضرۃ الاستاذ مدظلہ کے خطبات مدراس، محمد مارماڈیوک پکتھال اور سر اقبال مرحوم کے انگریزی خطبات بھی مرحوم ہی کے جذبۂ دینی کی یادگار ہیں

مرحوم کو سیاسی کاموں سے بھی دلچسپی تھی، تحریک خلافت میں اُن کا بڑا حصہ تھا، اس میں انھوں نے یکمشت ایک لاکھ کا عطیہ دیا تھا، ایک زمانہ تک کانگریس کے بھی سرگرم رکن رہے لیکن پھر سیاست سے الگ ہو گئے تھے، اپنی زندگی میں انھوں نے لاکھوں روپے دین و ملت کی راہ میں خرچ کئے، مدراس میں اُن کا دولتکدہ اہلِ حاجت کا ملجا و ماویٰ تھا، لیکن اس دولت و ثروت کے ساتھ خود اُن کی زندگی نہایت سادہ تھی ادھر چند برسوں سے ان کا کاروبار بگڑ گیا تھا، لیکن اس حالت میں بھی جو پہلے کے مقابلہ میں گویا غربت کی حالت تھی، اُن کی فیاضی میں فرق نہیں آیا، افسوس ہے کہ ۹ نومبر کو اس محسنِ قوم کا انتقال ہو گیا، اللہ تعالیٰ اُن کے حسنات کے طفیل میں عالمِ آخرت کی تونگری عطا فرمائے،

حکومتِ افغانستان حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمۂ قرآن پاک اور مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کے حاشیہ موضح الفرقان کا فارسی ترجمہ مع متن قرآنی بڑے اہتمام سے شائع کر رہی ہے، یہ ترجمہ و تفسیر تین جلدوں میں ہے، دس دس پاروں کی ایک جلد ہے، اس کی پہلی جلد کئی سال ہوئے شائع ہوئی تھی، اور دار المصنفین میں ہدیۃً آئی تھی، اب دوسری جلد موصول ہوئی ہے، غالباً تیسری جلد بھی جلد شائع ہو، اللہ تعالیٰ حکومت افغانستان کی اس دینی خدمت کو قبول فرمائے،

ہمارے رفیق سید صباح الدین عبدالرحمٰن صاحب نے بزم صوفیہ کے نام سے ہندوستان کے قدیم صاحب تصنیف صوفیائے کرام کے حالات مین ایک کتاب لکھی ہے، اردو مین صوفیہ کے تذکروں کی کمی نہین، لیکن وہ عموماً کشف وکرامات کے حالات پر مشتمل ہین، بزم صوفیہ تاریخی نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہے، اور اس مین صوفیائے کرام کی مذہبی وعلمی زندگی، اُن کے اخلاق وسیرت اور تعلیمات کو پیش کیا گیا ہے، اس موضوع پر اردو مین اس نوعیت کی پہلی کتاب ہوگی، یہ کتاب قریب قریب چھپ کر تیار ہوگئی ہے، امید ہے کہ اس مہینہ کے آخر تک شائع ہو جائیگی،

اردو زبان کی موجودہ حالت کا اس کے حامیون کو پورا احساس ہے، اور اُن کے دل مین اسکی بقا وترقی کا جذبہ بھی ہے لیکن ابھی تک، اس کے لئے کوئی عملی قدم نہین اٹھایا گیا ہے، ضرورت ہے کہ اردو کے اصحاب علم وقلم کم از کم اس کی بقا وترقی کے ذرائع پر اپنے خیالات پیش کرین تاکہ اردو کے عام ہمدردون کے سامنے بھی اس کے سب پہلو آجائین، اس کے لئے معارف کے صفحات حاضر ہین، اردو کے اصحاب فکر ادیبون کو خصوصیت کے ساتھ اس کی جانب توجہ کرنے کی ضرورت ہے،

گذشتہ مہینہ ارکان دارالمصنفین کی درخواست پر بزرگ محترم مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی مدظلہ تشریف لائے تھے لیکن فرصت کی قلت کی بنا پر موصوف کا قیام مختصر رہا، تاہم اس مختصر قیام مین رفقا کے کامون کو ملاحظہ اور مفید علمی مشورون سے مستفید فرمایا، حضرت الاستاذ مدظلہ حج کے بعد مدینہ طیبہ حاضر ہوئے تھے، اور وہان عام معمول سے کچھ زیادہ قیام کا ارادہ تھا، اس لئے ابھی تک ان کی واپسی کی کوئی اطلاع نہین ہے لیکن یقین ہے کہ وسط دسمبر تک انشاءاللہ مراجعت ہو جائیگی،

مقالات

ہندوستان مین توپ کی تاریخ

از

مولانا سید ابو ظفر صاحب ندوی

"اس مضمون کا انگریزی ترجمہ اسلامک کلچر حیدرآباد مین شائع ہوچکا ہے مضمون کی اہمیت کے لحاظ سے اصل اردو معارف مین شائع کیا جاتا ہے" "م"

ہندوستان مین توپ ہندوستان مین توپ کا استعمال کب سے شروع ہوا، اس کے متعلق کوئی صحیح تاریخ (سنہ) نہین بتائی جاسکتی، البتہ ضیاء برنی نے محاصرۂ رنتھبور ۶۹۹ھ کے موقع پر ایک جگہ تحریر کیا ہے

روزے نصرت خان نزدیک حصار	ایک دن نصرت خان قلعہ کے پاس
رفتہ بود و در بستن پاشیب و برآوردن گرگ	گیا ہوا تھا، اور سرکوب اور دمدمہ بنانے
جدی کرد، واز درون حصار سنگ مغربی	کی فکر مین مشغول تھا، اور قلعہ سے سنگ
روان می داشتند، ناگاہ سنگے بر نصرت خان	مغربی برابر آرہے تھے کہ اچانک ایک
رسید و او بدان مجروح گشت[1]،	پتھر نصرت خان پر گرا جس سے وہ زخمی ہوگیا"

آگے چل کر ایک دوسری جگہ اسی واقعہ کی نسبت تحریر کرتا ہے کہ جب محاصرہ مین زیادہ دن گذر گئے

---

[1] فیروز شاہی ص ۲۷۲ کلکتہ،

توریت بھر کر خندق کو پاٹنے کی کوشش کی گئی، اس حالت مین راجپوت اندرونِ قلعہ سے آگ اور پتھر برساتے تھے،

واز اطرافِ ممالک حیریان آوردند	اطرافِ ممالک سے بورے اور تھیلے طلب
وخریطہا فندہ بر لشکر قسمت نمودند وخریطہا	کرکے فوج مین تقسیم کئے، ان مین ریت بھر کر
را ریگ پر کردند، و در خارمی انداختند، و	غار کو پاٹنے لگے، اور ان پر سرکوب اور
وبہاٹ ہائے پاشیب می بستند، و گرگج بر	دمدمے تیار کئے گئے، اور سنگ مغربی
می آوردند و سنگ مغربی ہا نصب کردہ بودند	نصب کئے گئے، اور اسی سے دمدمون
وبسنگِ مغربی پاشیب را خراب می کردند	کو خراب کرتے تھے، اور قلعہ کے اوپر سے
واز بالا حصار آتش می ریختند،[1]	آگ برساتے تھے،

سنگِ مغربی کی تحقیق اس سے بہت پہلے منجنیق اور آگ کا استعمال ہندوستان مین عام ہو چکا تھا، اسلئے یہ بات ضرور قابلِ غور ہے کہ یہ سنگ یا سنگِ مغربی کیا چیز ہے، فرشتہ نے اس کو منجنیق قرار دیا ہے لیکن اگر واقعی یہ منجنیق ہی تھی، تو ضیا، برنی کو اس جدید لفظ کے استعمال کی کیا حاجت تھی، وہ منجنیق ہی استعمال کر سکتا تھا، جیسا کہ جابجا استعمال کیا ہے، میرا خیال ہے کہ درحقیقت یہ توپ تھی، جو چھٹی صدی ہجری مین ایجاد ہو چکی تھی، اور ساتوین صدی کے آخر اور آٹھوین صدی کی ابتدا مین، ایشیا، افریقہ، مصر اور عربون مین رائج تھی، چونکہ یہ جدید آلہ ایشیا اور افریقہ سے دوسرے ملکون مین رواج پذیر ہوا، اور ان ممالک کو عربی مین "ممالک مغربی" کہتے ہین، اس لئے اس کا نام سنگِ مغربی رکھا جس کو عربی مین "مدفع" کہتے ہین، محمد بن عمر کی جو عرصہ تک عرب مین مقیم رہ چکا ہے، اپنی تاریخ مین جو ۶۹۹ھ کے محاصرہ جھابن کے متعلق ہے لکھتا ہے،

---

[1] فیروز شاہی ص ۲۷۲،

درتب یوما نصرت خان ودار بالمعسکر وقف علی المدافع لمقابلة البرج الذی یکون فیه ہنبر دیو وکان اذ ذاک محمد شاہ فی جانب منه فلما رای نصرت خان عرفه فقال ہنبر دیو ذاک الراکب فلان فمالی منک ان اصبته قال قلادتی، هذه، واشار باصبعه الیها وکانت من ذهب مرصعة بجواهر مثمنة، فرماه بالمدافع فاصابه، فتمایل عن سرجه ولحق بالارض فضج اهل البرج استحسانا وفرحا بسقوط الفارس[1]

اور ایک دن نصرت خان نے لشکر کو مرتب کیا، اور لشکر گاہ (کیمپ) یا چھاؤنی کے گرد گھوم کر اس توپ کے پاس کھڑا ہوا جو ہنبر دیو کے برج کے سامنے تھا، اور اسوقت اس مین محمد شاہ موجود تھا، اُس نے جب نصرت خان کو شناخت کیا، تو ہنبر دیو سے کہا کہ یہ فلان سوار ہے، اگر مین اس کو قتل کر دون تو کیا انعام دوگے؟ اس نے اپنے ہاتھ کے اشارہ سے کہا کہ یہ گلوبند جو قیمتی جڑاؤ سونے کا تھا، اس نے تاک کر ایک گولہ مارا جس سے اس کا خاتمہ ہو گیا، جب وہ زین سے گر کر زمین پر آیا، تو اس کے گرنے کی خوشی مین برج والے چیخ اٹھے، اور ایک شور برپا ہو گیا،

یہی مصنف ایک دوسری جگہ لکھتا ہے:-

وجدّ فی ارتفاع المدافع الی فتح القلعة وکن الساباط فکانت المدافع تضرب وتخوب بین الجانبین

قلعہ کو فتح کرنے کے لئے توپ اور دمدمہ کو بلندی پر لیجانے کی کوشش کرنے لگے غرض توپین دونون طرف سے چل رہی

---

[1] ظفر الواله ص ۸۰۰ مجلد لیڈن،

ویسلط اهل القلعة علی تخریب السباط وحرقه والقاء الاعمال النّاریّة،

تھین، اور نقصان پہنچا رہی تھین، اور قلعہ والے دمدمہ کو تباہ کرنے جلانے اور آگ برسانے مین زیادہ کامیاب ہو رہے تھے

اس بیان سے یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ فرشتہ کی طرح مصنف نے بھی غلطی کی، اور سنگ مغربی کا ترجمہ بجائے منجنیق کے مدفع کر دیا، بلکہ مورخ ضیا برنی نے جہان منجنیق استعمال کیا ہے مصنف نے بھی منجنیق ہی لکھا ہے، چنانچہ سلطان علاء الدین خلجی کے ابتدائی حالات مین لکھتا ہے،

خرج علاء الدّین من کڑہ الی ان نزل بظاهر دهلی کان قطّا المال یسایره امامه، والمنجنیق معه، فمن استقبله من الملوك والامراء الجلالیة امر باکیاس التّنکة الذهب توضع فی المنجنیق ویرمٰی بها الیه[1]

علاء الدین کڑہ سے چل کر دہلی کے سامنے مقیم ہوا، اور مال والون کی صفین اس کے آگے آگے رہتی تھین، اس کے ساتھ منجنیق تھی، ملوک اور امرا مین سے جو اس سے ملنے آتا، تو اشرفیون کی تھیلیان منجنیق کے ذریعہ اس کی طرف پھینکی جاتین،

مصنف عرصہ تک عرب مین رہ چکا تھا، اور سنگِ مغربی سے واقف تھا، اسی لئے اس نے صحیح ترجمہ مدفع کیا، چنانچہ وہ لکھتا ہے،

امّا ضیاء برنی فروی انّه رکب یومًا الی الحصار ودنا منه وبینهما یجتهدُ فی رفع السباط، اصابته

ضیا برنی نے لکھا ہے کہ ایک دن وہ سوار ہو کر قلعہ کے پاس گیا، اور اس کے قریب دمدمے کو بلند کرنے کی کوشش

---

[1] ظفر الوالہ ص ۹۷۹،

جر المدفع ومات بعد یومین[1] کر رہا تھا کہ توپ کا ایک پتھر لگا اور دو دن کے بعد مر گیا،

اس تحریر سے یہ بات واضح ہو گئی کہ مصنف نے ضیاء برنی کے "سنگ مغربی" کا ترجمہ مدفع تحقیقی علم کے ساتھ کیا ہے، مصنف کے بیان کی تائید طبقات بہادر شاہی سے بھی ہوتی ہے، اس کا مصنف بابر اور ہمایون کا ہم عصر ہے،

سلیمان، کبک خان نے جب سلطان علاء الدین کو قتل کر کے تخت پر قبضہ کرنے کی کوشش کی اور علاؤالدین بگڑ کر اپنے خیمہ کے پاس چلا آیا، اور اس کے لشکر والوں نے اس کو دیکھ کر جس طرح خوشی منائی ہے اس کو مصنف مذکور اس طرح ادا کرتا ہے،

وکان فی العسکر من الفرح بہ ما کان یشبہ ضجۃ البعث النفیر من جانب والنقارۃ من جانب والنداء من جانب والاہ فیال من جانب وقرقعۃ البنادق من جانب وسرعد المدافع من جانب[2]

چھاؤنی میں خوشی کی ایسی دھوم تھی کہ گویا حشر برپا ہے، کہیں نفیری اور نقارہ کی آواز، کہیں انسانوں اور ہاتھیوں کی چیخ، کسی طرف بندوقوں کی آواز اور کسی جانب توپوں کی گرج تھی،

یہ توپ اس قدر وزنی تھی کہ اس کو ایک سو بیل کھینچتے تھے جس وقت چلتی تھی تو زمین ہل جاتی تھی، یہ تعداد میں چار تھیں[3]

علاء الدین کے عہد میں دکن کی حالت | سلطان علاء الدین خلجی متوفی ۷۱۶ھ کے عہد میں جنوبی ہند

---

[1] ظفرالوالہ ص ۸۰۰ [2] طبقات بہادر شاہی بحوالہ ظفرالوالہ جلد ثانی صفحہ ۸۰۳، لیڈن

[3] الیٹ جلد ششم ضمیمہ ص ۴۶۶،

(دکن) کی چھ ریاستین مشہور تھین، تلنگانہ، مہاراشٹر، چولا، پانڈیا، چیرہ، ہوسیالا لیکن کچھ ہی عرصہ کے بعد پانڈیا خاندان معبر (مدراس) کی چولا سلطنت مین مدغم ہوگئی، اور مہاراشٹر کو جس کا پایہ تخت دیوگیر (دولت آباد) تھا، علاء الدین خلجی نے اپنے مقبوضات مین شامل کرلیا، باقی تمام ریاستین باجگذار ہوگئین قطب الدین خلجی متوفی ۷۲۰ھ کے عہد مین ان ریاستون نے بغاوت کی جس کے تدارک کے لئے خسروخان پہنچا، اوس نے معبر کو فتح کرلیا اور باقی ریاستین بدستور باجگذار رہین،

سلطان محمد تغلق متوفی ۷۵۱ھ کے زمانہ مین دولت آباد (مہاراشٹر) اور معبر (مدراس) کی دو اسلامی ریاستین پیدا ہوئین جن کا پایہ تخت گلبرگہ اور مدورا تھا، باقی تین ریاستین رہ گئی تھین، ان مین سے چیرہ کے محاصل کا بڑا حصہ چونکہ مسلمان تاجرون کے ذریعہ حاصل ہوتا تھا، اس لئے وہان کا راجہ ان کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آتا تھا، یہ ریاست نواب حیدر علی تک قائم رہی، باقی دو ریاستین ایک تلنگانہ جس کا پایہ تخت ورنگل تھا، اور ہوسیالا خاندان کی جس کا پایہ تخت دھورسمندر تھا، کافی طاقتور تھین،

مسلمانون کے بار بار حملہ سے دھورسمندر اپنی رونق کھو بیٹھا تھا، اس لئے یہان کا راجہ تنور چلا گیا[1]، محمد تغلق کے عہد مین گرشاسپ کی بغاوت کے وقت راجہ کمپلہ کی ریاست جو ہوسیالا خاندان کے ماتحت تھی، اسلامی مقبوضات مین شامل ہوگئی تھی،

فرشتہ راوی ہے کہ ورنگل کی حکومت بھی بغاوت کی وجہ سے محمد تغلق نے فتح کرلی، اور اس کا راجہ کشنا (کرشنا) بن لدر دیو بھاگ کر ہوسیالا خاندان کے راجہ بلال دیو کے پاس تنور پہنچا، اور اس سے امداد طلب کی، اور دونون کی راے سے یہ طے پایا، کہ بلال دیو، تنور کو چھوڑ کر اسلامی مقبوضات کی سرحد پر پایہ تخت بنائے، اور کرشنا کو مدد دیکر ورنگل پر قبضہ کرادے، چنانچہ اُس نے اپنے لڑکے بیجن کے نام پر بیجن نگر آباد کیا، جو آخر مین بیجانگر ہوگیا،

---

[1] سفرنامہ ابن بطوطہ کا حاشیہ ص ۱۶۴ دہلی،

اس زمانہ مین محمد تغلق پے درپے بغاوتون کے باعث پریشان تھا، اس سے فائدہ اٹھاکر بلال یونے کرشنا کا ورنگل پر قبضہ کرادیا، اس وقت دکن مین بہمنی سلطنت کی ابتدا ہوچکی تھی، اسی کے دوش بدوش بیجانگر نے جلد جلد ترقی شروع کردی اور آخر چند ہی دنون کے بعد دھورسمندر اور معبر کی اسلامی ریاستون کا خاتمہ کردیا، اوران اطراف کے تمام علاقون پر قبضہ کرکے بڑا طاقتور راجہ بن گیا، سول وجیانگر مین ہی کرشنا ۱۳۲۳ء مین ورنگل فتح ہوا تو ہری ہر اور بکا دو بھائی وہان سے بھاگ نکلے، اور کمپلہ مین آکر ملازم ہوگئے، اور فتح کمپلہ کے بعد جب یہان کی حکومت مسلمان نہ سنبھال سکے، تو ان دونون بھائیون کو دیدی، جو درجہ بدرجہ ترقی کرتے ہوئے وزارت تک پہنچ چکے تھے، ہری ہر جو راجہ ہوگیا تھا، اُس نے اپنے گرو ودیارانیا کے نام پر ایک شہر بسایا، جس کا نام ودیاجی رکھا، جو بیجانگر ہوگیا،

دکن مین بندوق دکن کے متعلق اس قدر سمجھ لینے کے بعد اب یہ معلوم کرنا ہے کہ یہان توپ کب سے استعمال کی گئی، یون تو دکن مین بھی ہر قسم کے آلاتِ حرب کا استعمال رائج تھا، چنانچہ محمد شاہ بہمنی نے جنگ تلنگانہ ۷۶۳ھ مین منجنیق استعمال کی تھی[۵۱]، مگر توپ کے متعلق کوئی صحیح تاریخ نہین بتائی جاسکتی البتہ یہ صحیح ہے کہ دکن مین عرصہ سے یہ مستعمل تھی، اور یہان کے راجے اس سے بخوبی واقف تھے، مسلمانون کو سب سے پہلے محمد شاہ بہمنی کے عہد مین اس سے سابقہ پڑا کیونکہ اس زمانہ مین بندوق کا بھی عام رواج ہوچکا تھا، چنانچہ تلنگیون نے واپسی کے وقت محمد شاہ بہمنی کے لشکر کو اس سے سخت نقصان پہنچایا، یہان تک کہ خود محمد شاہ کے بازو پر بھی اس سے چوٹ آئی[۵۲]،

بیجانگر مین توپ خانہ توپ کا بھی استعمال دکن مین جاری تھا، اور طاقتور راجے اس کو کام مین لاتے تھے، ۷۶۷ھ کی جنگ بیجانگر مین راجہ میدان جنگ مین کوئی سو توپین لایا تھا، جو شکست کے بعد محمد شاہ بہمنی کے ہاتھ لگین، فرشتہ لکھتا ہے[۵۳]:

---

[۵۱] بحوالہ تاریخ معبر علی گڈھ [۵۲] فرشتہ ص ۲۸۶ [۵۳] فرشتہ ص ۲۸۶ لکھنؤ [۵۴] ایضاً ص ۲۸۶

بروایت تحفۃ السلاطین دو ہزار فیل و سی
صد ارابہ توپ و ضرب زن و ہفت صد آب
و یک صد سنگاس مرصع و اصل سکارہ
بادشاہی شدہ، باقی غنائم را امرا متصرف
گردیدند،

تحفۃ السلاطین کی روایت کے مطابق
دو ہزار ہاتھی، اور تین سو گاڑی توپ
سات سو گھوڑے ایک سو جڑاؤ پالکی شاہی
ملکیت مین داخل ہوئی، باقی پر امرا
قابض ہوئے،

سلاطین بہمنی کا توپ خانہ اس کے بعد فرشتہ لکھتا ہے کہ محمد شاہ بہمنی نے اس کی طرف خاص توجہ کی، اور اس کے لئے ایک مخصوص محکمہ قائم کیا، اور ایک اعلیٰ افسر کا تقرر عمل مین لایا جس کا نام مقرب خان تھا، جو سیستان کا رہنے والا تھا، اس کے الفاظ یہ ہین،

سلطان محمد شاہ (بہمنی) بصلاح خان محمد
عمل کردہ بیرامون تسخیر قلعہ نگردید و
فرامین مطاعہ بجمیع قلعہ و ممالک محروسہ
مرسول داشتہ توپ و ضرب زن بسیار طلب
کردہ کارخانہ آتشبازی را کہ پیش ازان
در دکن میان مسلمانان شائع نہ بود محل اعتما
ساختہ سرکار آنرا بمقرب خان ولد صفدر
خان سیستانی کہ از امرائے معتمد بود رجوع
فرمود، و جمیع رومیان و فرنگیان[1] کہ ملازم
آن موکب منصور بودند تابع مقرب خان شدہ

سلطان محمد شاہ بہمنی بمشورہ خان محمد قلعہ
فتح کرنے کے پیچھے نہ پڑا، اور تمام ملک اور
قلعون مین فرمان بھیج کر توپین طلب کین،
اور آتش بازی (توپ سازی) کا کارخانہ
(جو دکن کے مسلمانون مین اس وقت
تک رائج نہ تھا) قائم کرکے اس کا علحدہ
ایک محکمہ بنایا، اور مقرب خان ولد صفدر
خان سیستانی کو جو معتمد امراء مین سے تھا،
اس کا افسر بنایا، اور تمام رومی (ترکی)
اور فرنگی (؟) کو جو اس لشکر مین نوکر تھے،

---

[1] فرنگی اس عہد مین ہندوستان نہین آئے تھے، غالباً سہو مصنف یا کاتب ہے،

توپ خانہ بزرگ ترتیب یافت، اس کے ماتحت بنایا، اور اس طرح ان لوگون کے ذریعہ ایک بڑا توپ خانہ تیار کرلیا،

اس عبارت سے ظاہر ہوتا ہے کہ تمام صوبہ دکن (جنوبی ہند) مین اس سے قبل توپ کا رواج نہ تھا، غالبًا اس سے فرشتہ کی مراد سلطنت بہمنی ہے، جو صرف چند سالون سے قائم ہوئی تھی، ورنہ اس سے پہلے جنوبی ہند مین توپ رائج ہوچکی تھی، جیسا کہ خود فرشتہ نے لکھا ہے کہ راجہ بیجانگر نے تین سو توپین میدان جنگ مین چھوڑین، جو اس کا ثبوت ہے کہ جنوبی ہند مین اس کا عام رواج ہوچکا تھا، ورنہ ہندو ریاست بیجانگر مین اتنی توپین کہان سے آتین، درحقیقت جنوبی ہند کے مسلمان اس کو عرصہ سے استعمال کررہے تھے،

یہ مسلمان زیادہ تر تین، بصرہ، عراق، مصر اور ایران کے تھے، جیسا کہ تمام عرب سیاحون نے اس کا تفصیل ذکر کیا ہے،

جنوبی ہندوستان مین مسلمانون کی آبادی

جنوبی ہندوستان مین ہر جگہ مسلمان پھیلے ہوئے تھے، اور تقریبًا تمام جنوبی ہندوستان مین ہندو راجاؤن کی حکومت تھی لیکن مسلمان بڑے بڑے عہدون پر مامور تھے، ان حکومتون کے عرصۂ دراز تک شمالی ہندوستان کے مسلمانون کے مقابل قائم رہنے کا سبب بھی انہی مسلمانون کا وجود تھا، جو ملازم کی حیثیت سے ان راجاؤن کے پاس رہتے تھے، ابن بطوطہ جس نے آٹھوین صدی کے وسط مین ہندوستان کی سیر کی ہے، لکھتا ہے:-

"دو دن کے بعد ہم فاکنور پہنچے، (جس کو آج کل برکور کہتے ہین احاطۂ مدراس مین داخل ہے، بیجانگر کے ماتحت تھا)..... اس شہر مین بہت سے مسلمان ہین، ان مین سب سے بڑا حسین سلطا ہے..... اس شہر کے راجہ کا نام "باسدیو" ہے، تیس جنگی جہاز اس کے پاس ہین، لیکن سب کا افسر تولاذ (تولو) نامی مسلمان ہے، (ابن بطوطہ ج ۲ ص ۳۷۶ مطبوعہ مصر)

ایک دوسری جگہ لکھتا ہے،

"شہر ہنور کے (یہ بیجانگر کے ماتحت تھا، اب اس کو ہونور کہتے ہین، اور علاقہ بمبئی مین شامل ہے) مسلمان باشندے شافعی مذہب ہین، وہ دیندار نیک، اور بحری طاقت کے لئے مشہور ہین، یہان ایک خانقاہ ہے جس کے منتظم شیخ محمد ناگوری ہین، فقیہ کا نام اسماعیل ہے، عہدۂ قضا پر مولانا نورالدین ہین، ایک عالم خطیب بھی مقرر ہین، شہر مین ۲۳ مدرسے لڑکون کے اور ۱۳ لڑکیون کے لئے ہین، لڑکیان اکثر حافظ قرآن ہوتی ہین، مالابار کے لوگ سلطان جمال الدین کو کچھ خراج بھی دیتے ہین، کیونکہ اُن کے پاس بحری طاقت بہت بڑی ہے، وہ چھ ہزار پیادہ اور سوار بھی رکھتا ہے، یہ بڑا نیک بخت ہے، اور ایک ہندو راجہ کا ماتحت ہے جس کا نام "ہربب" ہے[1] (صحیح نام ہری ہر ہے جو بیجانگر کا راجہ تھا)

شہر منگلور کے حال مین لکھتا ہے :-

"اس شہر مین فارس اور یمن کے اکثر سوداگر آتے ہین، ..... یہان کا راجہ مالابار مین سب سے بڑا حکمران ہے، اس کا نام "رامدیو" ہے، اس شہر مین چار ہزار مسلمان رہتے ہین، اُن کی آبادی شہر کے باہر ہے، کبھی کبھی شہر والون سے اُن کی لڑائی بھی ہو جاتی ہے، تو راجہ دونون مین صلح کرا دیتا ہے، شہر کا شافعی قاضی بدرالدین معبری نامی ہے اس کا بیان ہے کہ فاکنور مین مسلمانون کی آبادی کم اور اُن کی قوت کچھ نہین ہے لیکن اس شہر مین راجہ ہم سے خود خوف کھاتا ہے، اور اس لئے کسی پر غمال کی ضرورت نہین[2]

کالی کٹ بہت بڑا بندرگاہ ہے، یہان یمن فارس بلکہ تمام دنیا کے جہاز آتے ہین، یہان

---

[1] ابن بطوطہ جلد ۲ مطبوعہ مصر ص ۱۳۲ [2] ایضاً ص ۱۳۷۔

کا راجہ ہندو ہے جس کا نام سامری ہے، یہان کے پورٹ کمشنر کا نام ملک التجار ابراہیم ہے، شہر کا قاضی فخرالدین عثمان اور خانقاہ کا ناظم شیخ شہاب الدین گاذرونی ہے، ناخدا شقال تاجر اعظم اسی شہر مین رہتا ہے جس کے جہازات ہندوستان چین مین، فارس جاتے ہین[1]

فتح گورا (سندا پور) کے موقع پر لکھتا ہے،

سلطان جمال الدین (والی ہنور ماتحت بیجانگر) کے پاس ۵۲ جنگی جہاز تھے،..... شنبہ کے دن چل کر منگل کے دن ہم سندا پور پہنچے، اور کھاڑی مین داخل ہوئے، معلوم ہوا، کہ سندا پور کے باشندے لڑائی کے لئے تیار ہین، اور منجنیق لگائے ہوئے ہین، رات کو ہم ٹھہرے صبح ہی جنگ شروع ہوگئی، اور دشمنون نے جہاز پر منجنیق سے پتھر پھینکنے شروع کر دیئے ایک شخص جو بادشاہ کے قریب تھا، اس کو پتھر لگا،..... ہم تلوار پکڑ کر شہر مین داخل ہوئے، اکثر ہندو اپنے راجہ کے محل مین پناہ گزین ہوگئے، ہم نے ان پر آگ برسائی تو وہ نکل پڑے، ان سب کو گرفتار کر لیا گیا، جو دس ہزار کے قریب تھے[2]،

وصاف نے معبر کے (مدراس) حال مین لکھا ہے، کہ وہان کے راجہ کا نام سندر پانڈے ہے[3] وزیر کا تقی الدین عبدالرحمن ہے، ۱۲۹۳ء مین اس راجہ کی وفات ہوئی" مدورا اس کا پایہ تخت تھا، ۱۳۱۱ء مین جب کافور نے معبر (مدراس) کو مطیع کیا تو یہان کے راجہ کا نام "ویرا پانڈے" تھا[4]، ۷۱۶ھ/۱۳۱۶ء مین راجہ کے سرکشی پر ملک خسرو خان گجراتی نے سلطان قطب الدین خلجی کے عہد مین اس ملک کو ممالک اسلامیہ مین داخل کر لیا، ۷۳۵ھ مین سید حسین کنتھلی نے یہان خود مختار حکومت قائم کی، جس کو راجہ بیجانگر نے آہستہ آہستہ دبانا شروع کیا، تا آنکہ ۷۸۰ھ/۱۳۷۸ء مین اس کا بالکل خاتمہ کر دیا، بیجانگر کے اس راجہ کا نام "ہری ہر دوم" تھا[5]،

---

[1] ابن بطوطہ ۲ ص ۱۴۰، [2] ملخص ابن بطوطہ ۱۴۵، [3] حاشیہ ابن بطوطہ ص ۳۶۲ دہلی [4] تاریخ معبر ص ۱۹ علی گڈھ،

مبر کے حال مین ابن بطوطہ لکھتا ہے،

"اس بادشاہ (غیاث الدین شاہ مبر) کے قرب وجوار مین ایک راجہ بلال دیو تھا، یہ عظیم الشان راجہ تھا، اس کا لشکر ایک لاکھ کے قریب تھا، ان مین سے بیس ہزار مسلمان تھے"[۱]

یہ بلال دیو دھور سمندر کا راجہ تھا جیسا کہ دوسری تاریخون مین تحریر ہے،

مندرجۂ بالا بیان سے یہ واضح ہوتا ہے، کہ جنوبی ہندوستان کی ہندو ریاستون مین مسلمان ملکی اور فوجی اعلیٰ عہدون پر فائز تھے، اور ان کے تعلقات ان تمام اسلامی ملکون کے ساتھ قائم تھے، جہان توپون کا رواج عام طور پر ہو چکا تھا،

دکن مین توپون کا رواج نہ صرف بیجانگر مین تھا، بلکہ دوسری ہندو ریاستون نے بھی اسکی تقلید کی، چنانچہ چولا خاندان نے بھی اپنی فوج مین توپون کو رائج کیا، یہ توپین بڑی بھی ہوتی تھین اور چھوٹی بھی، انھی مین سے ایک توپ آج کل تنجور (مدراس) کے قدیم قلعہ مین رکھی ہے، جس کا نام راج گوپال ہے، اس توپ کی لمبائی ۲۲ فٹ ۶ انچ اور قطر ۳ فٹ ۹ انچ ہے، اگرچہ اس کے ڈھالنے کی تاریخ معلوم نہین ہے، لیکن قیاس ہے، کہ "جنگ تالی کوٹہ" کے بعد ڈھالی گئی ہے، اسی لیے وہ عادل شاہی توپ لم چھڑی اور لنڈے قصاب اور نظام شاہی توپ ملک میدان کے لگ بھگ ہے"[۲]

آٹھوین صدی کے آخر اور نوین صدی کی ابتدا مین توپ خانہ اس قدر ترقی کر گیا کہ مجاہد شاہ متوفی ۷۹۹ھ فیروز شاہ بہمنی متوفی ۸۲۵ھ اور ہندوستان کے دوسرے بادشاہون کے فتوحات کا دار و مدار اسی پر ہو گیا تھا، اور اب توپ خانہ کا استعمال قلعہ شکنی کے کام کے علاوہ میدان جنگ مین

---

[۱] ابن بطوطہ ص ۴، اصر ۲ [۲] رپورٹ محکمۂ آثار قدیمہ ہند ۱۹۳۰ء (بحوالہ زمیندار یکم نومبر ۱۹۳۰ء)

مختلف طریقون سے ہونے لگا تھا،

توپون کا قلعہ ۸۲۵ھ کی جنگ بیجانگر مین احمد شاہ بہمنی نے جب دیکھا کہ دشمنون کی تعداد بہت زیادہ ہی، اور شب کو لوٹ مار کر بازار زیادہ گرم ہو جاتا ہے، تو اُس نے توپ خانہ کا حصار قائم کیا، یعنی فوج کے چارون طرف اس طرح سے توپین نصب کین کہ دشمن قریب نہ آسکے، یہ طریقہ غالباً ترکون کی ایجاد ہے، اسی لئے اس طریقہ جنگ کو رومی طرز کہتے ہین،

فرشتہ لکھتا ہے :-

و بنا بر آن کہ قریب ۵ لک پیادہ و	قریب دس لاکھ پیادہ اور توپچی، اور
توپچی و کماندار در لشکر غنیم بود، و ہر شب	کماندار دشمن کے لشکر مین موجود تھے جو
بطریق دزدان خرابی بسیار می کردند	چورون کی طرح لشکر مین گھسکر نقصان
و اسپ و آدم می کشتند، ہر ائینہ سلطان	پہنچاتے، گھوڑون اور آدمیون کو مار ڈالتے،
احمد شاہ بطریق رومی عرادہاے آتش	سلطان احمد شاہ رومی طریقہ پر توپون کو
خانہ کہ عدد آن قریب دو ہزار بود در	جن کی تعداد تقریباً دو ہزار تھی، لشکر کے
لشکر کشیدہ مدت چہل روز بہ نشست[1]	ارد گرد قائم کرکے چالیس روز بیٹھا رہا،

کشمیر مین توپ ۸۲۶ھ مین کشمیر کے بادشاہ سلطان زین العابدین کے پاس جب (رجب) نامی ایک شخص نے جو اس فن کا بڑا ماہر شخص تھا، اس کو کشمیر مین بڑی ترقی دی، اور بارود بنانا، اور توپ اور بندوق ڈھالنا کشمیریون کو سکھایا، اس کی اس فیاضانہ تعلیم سے کشمیر مین اس فن کے بڑے بڑے ماہر پیدا ہوگئے، فرشتہ لکھتا ہے،

در عہد سلطان (زین العابدین) جب	سلطان زین العابدین کے زمانہ مین جب

---

[1] فرشتہ ص ۳۲۰ نولکشور، [2] کتاب مذکور ص ۳۴۴،

نام آتشبازے پیدا شد کہ چشم روزگار پیش ازان ندیدہ بود، و در فن آتشبازی اختراعات کردہ کہ مردم حیران ماندند و در کشمیر تفنگ او پیدا کرد، و در حضور سلطان دارو ہا ساخت و ہنر ہا نمود، و مردم را تعلیم داد[1]

(رجب) نامی ایک ایسا آتش باز کشمیر مین آیا، کہ زمانہ مین اس کی مثال نہ تھی، اس نے ایسی ایسی ایجادین کین کہ لوگ متحیر ہوگئے، کشمیر مین بندوق اُسی نے ایجاد کی، بادشاہ کے سامنے بارود سے مختلف قسم کے ہنر دکھائے، اور پھر لوگون کو اسکی تعلیم دی،

اس بادشاہ کے آخر عہد مین توپ خانہ اس قدر ترقی کر گیا تھا، کہ کشمیر اور تبت جیسے پہاڑی مقام کے اکثر قلعے اسی کے ذریعہ سے فتح ہوئے، اور سلطان کا بڑا لڑکا آدم خان اسی کے ذریعہ اپنی فتح کا ڈنکا بجاتا رہا۔ فرشتہ مین ہے،

وآدم خان پسر بزرگ سلطان از کشمیر بحکم پدر برآمد، بجمعیت تمام از سوار و پیادہ و توپچی و تیر انداز بہم رسانید، و ولایت تبت را بآسانی فتح نمود، و غنائم بے شمار نزد شاہ آورد[2]

سلطان کا بڑا لڑکا آدم خان اپنے باپ کے حکم سے سوار، پیادہ توپچی، اور تیر انداز کا لشکر لیکر کشمیر سے نکلا، اور تبت کو آسانی کے ساتھ فتح کر ڈالا، اور بے شمار لوٹ کا مال باپ کے پاس لایا،

گجرات مین توپ گجرات مین توپ کا استعمال ہوگیا تھا، اور سلطان احمد شاہ اول نے ۸۲۵ھ کی جنگ مالوہ مین اس کا استعمال کیا، اور غالبًا اسی کی بدولت تمام گجرات کے راجاؤن اور ہمسایہ سلطنتون پر اس کو تفوق حاصل تھا، فرشتہ احمد شاہ کے حال مین لکھتا ہے،

واز گجرات آلات قلعہ کشائی از منجنیق و

اور گجرات سے قلعہ فتح کرنے کا سامان

---

[1] فرشتہ ص ۳۴۴ نولکشور [2] ایضاً ص ۳۴۵،

ارابہ وغیرہ طلب نمود[۵۱] مثلاً منجنیق، ارابہ وغیرہ طلب کیا،

یون تو ارابہ کے لغوی معنی "گاڑی" کے ہین[۵۲] لیکن اصطلاح مین خاص اس گاڑی کو کہتے ہین جس پر توپ رکھی جاتی تھی، ظفرالوالہ مین ہے،

والارابۃ عبارۃ عن آلۃ الحمل ذات العجل تسیر بین حیوانین وعلیہا الحمل بالہند[۵۳] اور ارابہ سے مطلب ایسی ہی گاڑیان ہین جن کو دو جانور (بیل) کھینچتے ہین اور ہندوستان مین اسی پر حمل (توپ) کو رکھتے ہین

اس کی تائید گجرات کی ایک قلمی تاریخ سے بھی ہوتی ہے جس مین احمد شاہی افسرون کی ایک فہرست مع تنخواہ کے دی ہے، جس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے، کہ اس عہد مین توپین اتنی وزنی تھین کہ اس کو ہاتھی کھینچتے تھے، چنانچہ کتاب مذکور مین لکھا ہے کہ تنخواہ داروغہ توپ خانہ فیل دو ہزار تنکہ تھی[۵۴]

مالوہ مین توپ | مالوہ مین بھی توپ کا رواج ہو چکا تھا، اور قلعہ کشائی کے موقع پر اس کو استعمال مین لاتے تھے، سلطان محمود خلجی شاہ مالوہ کے حال مین فرشتہ نے لکھا ہے کہ محاصرہ منڈل گڑھ کے وقت توپون کے صدمہ سے حوض کا پانی خشک ہوگیا، چنانچہ ۸۶۲ھ کی جنگ کے متعلق لکھتا ہے، کہ

ودر اندک مدت حصار را بدستیاری توفیق کشودند، اما خلق کثیر اسیر گشت و بقتل رسید، وراجپوتان بقلعہ دیگر کہ برکوہ بود، پناہ بردہ، باستحکام وتحصن آن مغرور گشتند، وچون آب حوضہاے بالاے قلعہ بواسطہ صداے توپ فرو رفت

تھوڑی مدت مین قلعہ فتح کرلیا، لیکن بہت آدمی قید اور قتل ہوئے، راجپوت دوسرے قلعہ مین جو پہاڑ پر تھا چلے گئے، اور اس کو مخوف اور مستحکم کرکے متعرض ہو بیٹھے، مگر جب توپ کی دھمک سے قلعہ کے تالاب کا پانی زمین کے اندر چلا گیا

---

[۵۱] فرشتہ ص ۱۸۶ جلد دوم [۵۲] لغات کشوری [۵۳] ظفرالوالہ ص ۲۶۳ دفتر اول لیڈن [۵۴] تاریخ گجرات قلمی مملوکہ بی بی فضل النساء موضع دوڑیا متصل بھروچ،

وآبے کہ در قلعہ ماؤل بود بدست لشکر محمود	اور پہلے قلعہ کا پانی محمود کے قبضہ مین ہوگیا
افتاد دازبے آبی نالہ وفغان برداشتہ	تو پانی نہ ہونے کے باعث لوگ پیاسے مرنے
العطش گویان امان خواستند[1]	لگے، اور امان مانگنے پر مجبور ہوگئے،

محمود شاہی توپین گجرات مین سلطان محمود بیگڑہ کا عہد انتظام مملکت اور ترقی کے لحاظ سے بڑا مبارک خیال کیا جاتا ہے، اس زمانہ مین اس کا توپخانہ اتنا طاقتور اور اعلیٰ درجہ کا تھا کہ ہمسایہ سلطنتون مین کوئی بھی اس کی ہمسری نہین کرسکتا تھا، اس کے پاس ہر قسم کی توپین تھین، محاصرہ کی توپ اور میدانی توپ کے علاوہ بحری بیڑے کے لئے بھی توپین تیار کی گئی تھین، مالابار کی بحری لڑائی مین اس کے استعمال سے نمایان فتح حاصل کی، فرشتہ مین ہے،

در ماہ رجب ۸۸۸ھ داعیہ نمود کہ جمعے را	رجب ۸۸۸ھ مین خیال تھا کہ کچھ فوج
در آنجا گذاشتہ عازم تسخیر چانپانیر گردید،	اس جگہ چھوڑکر چانپانیر کو فتح کرے کہ
ازان اثنا خبر رسید کہ ملبباریان کشتی بسیار	اس کو خبر ملی کہ مالاباری لوگ کچھ کشتیون
گرد آوردہ می خواہند کہ مترددین دریارا	کے ذریعہ مسافرون کو تکلیف دینا چاہتے
آزار و مزاحمت رسانند، سلطان فسخ عزیمت	ہین، سلطان نے ارادہ بدل دیا، اور
مذکور کردہ، در جہاز سوار شد و باچندین	جہاز پر سوار ہوگیا، اور چند جہازون کو
جہاز آراستہ، و دیگر مشحون از مردان کار	جنگی آدمیون، توپ، تیر و کمان وغیرہ
و توپ و تفنگ و تیر و کمان بسیار بدفع	سے بھر کر اُن لوگون کو نکالنے کے لئے
آن جماعت روانہ شد[2]	روانہ کیا،

گجرات کے مشہور ترین قلعہ چانپانیر کو جو اس عہد تک کسی سے فتح نہ ہوسکا تھا ۸۸۹ھ مین

---

[1] فرشتہ جلد دوم ص ۲۵۱ [2] ایضاً ص ۲۰۱،

محمود بیگڑے کے توپ خانہ نے اس طرح نقصان پہنچایا کہ آخر مفتوح ہوگیا، فرشتہ لکھتا ہے،

اتفاقاً قبل ازان بچند روز از مغرب رویہ	اتفاقاً چند روز پہلے مغرب کی طرف ایک بڑی
توپے بزرگ بر دیوار قلعہ بزرگ انداختہ بودند	توپ سے قلعہ کی دیوار گرا دی تھی جس سے شگاف
شگافہا در آن پدید آمدہ دور آن روز ملک	ہوگیا تھا، اس دن ملک ایاز سلطانی موقع
ایاز سلطانی فرصت یافتہ باتفاق جمعے	دیکھ کر کچھ سپاہیون کے ساتھ اس شگاف
از سپاہیان خود بآن شگاف رسانید	سے بڑے قلعہ مین پہنچ گیا،
از آنجا بحصار بزرگ در آمد[1]	

۹۱۳ھ مین سلطان کا بحری بیڑا زبردست ہوگیا تھا، کاٹھیاواڑ سے لے کر مالابار کی سرحد تک اس کے ذریعہ حفاظت ہوتی تھی، ملک ایاز اس زمانہ مین امیر البحر تھا، جب پرتگیزون نے ایک ساحلی مقام پر قلعہ تعمیر کرانا چاہا اور اسلامی ملکون کے جہازون کی آمد و رفت پرتگیزون کی لوٹ مار سے بند ہونے لگی، تو ایک طرف سے ترکی سلطان نے اپنا جنگی بیڑا پرتگیزون کو شکست دینے کے لئے روانہ کیا، اور دوسری طرف سے سلطان محمود نے ملک ایاز کو حکم دیا کہ دیو بندر دمن اور تھانہ وغیرہ کے بیڑے لے کر رومی (ترکی) جہازون کے ساتھ ملکر جنگ کرے، چنانچہ اس جنگ مین ترکی اور گجراتی توپ خانہ نے اپنی آتش فشانی سے متعدد جہاز غرق کرکے کامل فتح حاصل کی، فرشتہ نے لکھا ہے،

سلطان غلام خود ایاز را کہ امیر الامرا و	سلطان نے اپنے غلام ایاز کو جو امیر الامرا
سپہ سالار بود از بندر دیپ (دیو) با چند	اور سپہ سالار بھی تھا، دیو بندر سے چند
کشتی خاصہ مشحونہ از ابطال رجال و	کشتیون کے ساتھ جو جنگی سپاہیون
مملو از آلات قتال بدفع فرنگیان	اور جنگی آلات سے بھری تھین، فرنگیون

[1] فرشتہ جلد دوم ص ۲۰۲؛

(پرتگیز) نام زد فرمودہ، وہ جہاز بزرگ
رومی (ترکی) کہ از جانب خون کار روم
(سلطان ترک) بہ غزا آمدہ بودند با ایاز
ہمراہی کردہ، وایاز تا بندر چیول رفتہ با
عیسویان (پرتگیز) بمقابلہ پیوست و یک
جہاز بزرگ فرنگان کہ یک کرور متاع
داشت و بزرگ ایشان (افسر) دران
بود بہ توپ مسلمان شکستہ در دریا غرق شد[1]

کو نکالنے کے لئے نامزد کیا، اور دس برس
جہاز جو سلطان روم کی طرف سے جہاد
کے لئے آئے ہوئے تھے، اس کے ساتھ
کر دیئے، اور ایاز نے بندر چیول پہنچ کر
پرتگیزون سے مقابلہ کیا، اور فرنگیون کا
ایک بڑا جہاز جس مین ایک کروڑ کا مال
تھا، اور ان کا افسر بھی اسی مین تھا مسلمانون
کی توپ گولون سے ٹوٹ کر دریا مین غرق ہوگیا،

۹۲۳ھ مین سلطان مظفر حلیم بن سلطان محمود اوّل نے جب میدنی رائے کے ظلم و ستم سے مسلمانون کو نجات دلانے کے لئے مالوہ پر حملہ کیا، تو قلعہ کے محاصرہ مین توپین موجود تھین، اس سے اس نے پورا کام لیا ہے، درحقیقت محمود بیگڑا کے ترتیب دیئے ہوئے اعلیٰ درجہ کے توپ خانہ ہی سے یہ مضبوط قلعہ فتح ہوا، ورنہ اس سے پہلے کسی گجراتی بادشاہ کا قدم وہان تک نہین پہنچا تھا،

محاصرہ کے متعلق اسی عہد کی کتاب مظفر شاہی مین ملا ملالی لکھتے ہین :-

ونفط اندازان بہ سنگ مغربی کوہ را
سرمہ دیدۂ جنگ آوران می ساختند
وشکوہ گولہ رعد آتش در دل کوہ
می انداخت،
چون چند کرت آتش باز سپہر غلولہ مرا

اور نفط اندازون نے سنگ مغربی
(توپون) سے پہاڑ کو سپاہیون کے لئے
سرمہ بنا دیا، اور توپ کے گولہ کا دبدبہ
پہاڑ کے دل مین بٹھایا،
جب متعدد دفعہ آسمان نے چاند کے

---

[1] فرشتہ جلد دوم ص ۲۰۴،

از کارخانۂ مشرق بر عرصۂ مغرب روان
گردانید، از صدمہ گولہ صدمنی سنگِ مغربی
کوہ سنگے دل بلرزہ درآمد و دیوار حصار
از زخم سنگ دہن باز کردہ نالہ شکستگان
آزاد نہاد، و سرہاے برج چو دندان ہاے
سین دہنہ دہنہ شد[1]

گولہ کے مشرق کے کارخانہ سے مغرب کے
میدان مین بھیجا، تو سنگ دل پہاڑ
بھی صدمنی گولون کے صدمہ سے لرز
اٹھا، اور قلعہ کی دیوار نے منہ کھول کر
پتھر کے زخم سے اپنے ٹوٹنے کا شکوہ شروع
کیا، اور برجون کے سر سین (س) کے دندانہ
کی طرح سوراخ دار ہو گئے،

بہادر شاہی توپین سلاطین گجرات مین بہادر شاہ گجراتی کو توسیع مملکت مین سب پر فوقیت حاصل تھی، بحر عرب (کاٹھیاواڑ، گجرات) سے لے کر اجمیر اور بیانہ تک اور سرحد سندھ سے دکن تک کا علاقہ اس کے زیر نگین تھا، اس کو توپ سے عشق تھا، اس نے طرح طرح کی توپین جمع کی تھین، خوش قسمتی سے اسکو فرنگی خان اور رومی خان دو ماہر فن بھی مل گئے تھے، رومی خان نے ایسی ایسی توپین ڈھالین کہ ہندوستان مین آج تک کسی نے نہین دیکھی تھین، مرآۃ سکندری مین ہے کہ رومی خان نے فتح چتوڑ مین ایسے ایسے کرتب دکھائے کہ لوگ دنگ رہ گئے، چنانچہ ایک جگہ ہے کہ

می گویند حکمت ہائے کہ رومی خان در
محاصرہ قلعہ چتوڑی نمود کسے نہ دیدہ بود
دنشنیدہ، چہ در برآوردن توپہا بالاے
کوہ حاذی قلعہ، وچہ در کشیدن نقبہا
وچہ در رآوردن سابا طہا کہ در اندک

لوگ کہتے ہین کہ قلعہ چتوڑ کے محاصرہ
مین رومی خان نے ایسے ایسے کرتب
دکھائے کہ آج تک نہ کسی نے دیکھے
نہ سنے تھے، چنانچہ توپون کو بلند پہاڑ پر
قلعہ کے مقابل بٹھا کر اور نقب لگا کے

---

[1] مظفر شاہی قلمی جو کہ بھولا ناتھ لائبریری احمد آباد،

مدت کفار قلعہ عاجز آمدند[1] اور دمدمون کو اس طرح تیار کر دیا کہ تھوڑی ہی مدت مین قلعہ کے لوگ عاجز آگئے

رومی خاں ترکمان خاندان سے تھا، اس کا اصلی نام مصطفےٰ خان ہی، جو کسی غلامون کی طرف سے مصر مین تھا، وہان سے یمن آیا، پھر عدن مین رہا۔ کچھ دنون کے بعد ۹۳۷ھ مین بندر دیو (کاٹھیاواڑ) پہنچا، یہان بہادر شاہ گجراتی نے اس کی بڑی قدردانی کی، اور رومی خان کا خطاب دے کر افسر توپ خانہ بنایا،[2]

رومی خان اپنے ساتھ ایک بہت بڑی توپ لایا تھا، اس کا نام عام طور پر لوگون نے بعد کو مصری توپ رکھا، اس کے متعلق مراۃ سکندری مین ہے،

سلطان بخطہ دیو شریف بردواز دیو توپ کلان مصری کہ رومی خان آوردہ بود آن توپ را بجانب محمدآباد فرستاد مع صد کہ وراگاؤان بسیار کہ بآن می بستند سی صد نفر کہ آن را می کشیدند تا از جای خنبید[3]

سلطان دیو پہنچا اور چتوڑ فتح کرنے کی نیت سے وہ مصری بڑی توپ جو رومی خان لایا تھا، دیو سے محمدآباد مع دوسری سو توپون کے بھجوایا، کہتے ہین کہ علاوہ بہت سے بیلون کے جو اس مین جوتے گئے تھے تین سو کہار اس کو کھینچتے تھے تاکہ اپنی جگہ سے جنبش کرے،

اس توپ کا اصلی نام "لیلیٰ" تھا، سلطان ترکمان نے اس کو مصر مین سلطان سلیمان ترکی کے نام سے تیار کرایا، جب کامران کے قریب سلطان شہید ہو گیا، تو امیر مصطفےٰ توپ خانہ اور جہاز لے کر بندر دیو چلا آیا، اور بہادر شاہ کے حکم سے ایک دوسری توپ اس کے مقابل کی تیار کرائی جس کا نام "مجنون" رکھا،

---

[1] مراۃ سکندری ص ۲۳۴ بمبئی طبع دوم [2] ظفر الوالہ ص ۲۱۸، جلد اول لیڈن [3] مراۃ سکندری صفحہ ۲۳۲،

ظفر الوالہ مین ہے:-

وکان من ھدیتہ لہ مدفع صبتہ	اور اس کے تحفون مین سے سلطان کے لئے
سلمان باسم سلیمان صاحب	ایک توپ تھی، جس کو سلمان نے سلطان
الروم سماہ لیلی، فصب مدفعاً	روم سلیمان کے نام سے ڈھال کر اُس
باسم بھا در سماہ مجنون وکان	کا نام لیلی رکھا تھا، اُس نے ایک دوسری
کمجنون ولیلی یضرب بھا	توپ بہادر شاہ کے نام سے تیار کی
المثل[1]	جس کا نام مجنون رکھا، اور دونون
	مثل مجنون اور لیلی کے تھے،

یہ مصری توپ عہد اکبری مین چانپانیر مین تھی، یہان سے سورت بندر پہنچی، اور آج کل جوناگڈھ کے قلعہ مین مسجد کے سامنے رکھی ہے، کتابون مین گو اس کو سلیمانی توپ کہتے ہین، مگر کرمانال کے نام سے عوام مین مشہور ہے، یہ توپ ۱۳ فٹ سات بالشت لمبی ہے، اور تقریباً ۲ فٹ کا دہانہ ہے، اس کا گولہ پتھر کا تھا، جو کئی من وزن کا ہوتا تھا، جب مین پہلی مرتبہ جوناگڈھ ۱۹۲۶ء مین گیا تھا، تو عجائب خانہ کے دروازے پر اس کا گولا بطور نمونہ کے پڑا تھا، آج کل یہ توپ بیکار کردی گئی ہے، اس کے ڈھالنے والے کا نام "محمد بن حمزہ" ہے، ہندو عوام اس کی پرستش کرتے تھے، چنانچہ مین نے جب اس کو دیکھا تو اس وقت بھی سیندور لگا تھا،

اس توپ پر مندرجہ ذیل عبارت منقوش ہے،

امر بعمل ھذہ المکحلۃ فی	یہ توپ خدا کی راہ مین (کام کرنے کے لئے)
سبیل اللہ تعالیٰ سلطان العرب	بحکم عرب اور عجم کے بادشاہ سلطان سلیمان خان

[1] ظفر الوالہ دفتر اول ص ۲۲۰،

والعجم سلطان سلیمان خان ابن سلیم خان (خدا اس کی مدد کو غالب کرے)

محمد بن سلیم خان عز نصرہ خدا اور دین کے دشمن ہند میں داخل ہونے

لقھر اعداء اللہ والدین الکفار والے ملعون پرتگالیون کو شکست دینے

الداخلین بلاد الھند پرتغال کے لئے مصر میں ڈھالی گئی، سنہ ۹۳۷ھ

اللعین فی محروسۃ مصر سنہ ۹۳۷ھ بنانے والا محمد بن حمزہ،

عملہ محمد بن حمزہ

ایک دوسری توپ اسی عہد کی مگر اس سے چھوٹی قلعہ کی فصیل پر اُس جگہ رکھی ہے، جہان پانی کے حوض بنائے گئے ہین، اس کا بنانے والا بھی محمد بن حمزہ ہے، اس کا گولہ ایک من کا ہوتا تھا، جیسا کہ اس کے اوپر کندہ ہے،

لیلیٰ کا حال تو آپ نے معلوم کر لیا، مجنون کی سرگذشت بھی سُن لیجئے، مجنون کا دوسرا نام توپ بہادر شاہی ہے، یہ توپ چانپانیر (گجرات) مین رکھی ہوئی تھی، جب بہادر شاہ گجراتی ہمایون سے شکست کھاکر جزیرہ دیو مین پناہ گزین ہوا اور ہمایون چانپانیر پہنچا، تو قلعہ والون نے تمام توپین اندر کرلین، اس توپ کو وسط کوہ تک لے کر پہنچے تھے کہ ہمایون نے قلعہ کا محاصرہ کر لیا، اہل قلعہ نے توپ کو کیل مار کر بے کار کر دیا، ہمایون اس کو دیکھ کر مایوس ہو گیا، لیکن جب رومی خان نے (جو سلطان بہادر شاہ سے غداری کرکے ہمایون سے مل گیا تھا) اسکو دیکھا تو کہا مین اس کا علاج کر دون گا، اور اس کی مرمت کرکے درست کر دیا، لیکن پہلے کے بہ نسبت قد مین چھوٹی ہو گئی، بارود بھی کم لینے لگی، مگر اس پر بھی اس کا جو حال تھا، اس کا اندازہ مرآۃ سکندری کے بیان سے ہو سکتا ہے،

امّا ان قدر کہ ہم ماندہ بود آفت دبلائے خدا لیکن جو کچھ بھی باقی رہ گئی تھی، وہ

بود، می گویند کہ چون رومی خان مجرا کرد
بضرب اوّل دروازہ اوّل را بر انداخت،
و بضرب دوم درخت عظیم قریب دروازہ
بود آن را از بیخ و بُن بر انداخت درمیان
اہلِ قلعہ از مشاہدہ این حال زلزلہ افتاد[1]

آفت اور بلاے آسمانی تھی، کہتے ہین کہ
جب رومی خان نے اس کو چھوڑا تو پہلے
ہی گولہ سے آگے کے دروازہ کو گرا دیا،
اور دوسرے گولہ سے ایک عظیم الشان
درخت جو دروازے کے قریب تھا، جڑ
سے گر گیا، اس کو دیکھ کر قلعہ والون
پر لرزہ طاری ہو گیا،

یہ حال دیکھ کر اختیار خان وزیر بہت پریشان ہوا، لیکن رومی خان کے حریف فرنگ خان نے کہا کہ پریشان ہونے کی ضرورت نہین ہے، مین اس توپ کو ابھی بیکار کئے دیتا ہون، اختیار خان نے کہا کہ اگر تم نے بے کار کر دیا تو مین تم کو نہال کر دون گا، چنانچہ فرنگ خان نے اس پر تاک کر ایسا گولہ مارا کہ یہ بہادر شاہی توپ ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی، مرآۃ سکندری مین ہے،

اختیار خان گفت اگر تو بتوانی ترا نہال
خواہم کرد، او بجراے اوّل چنان زد بر
دہن دیگ کہ پارہ پارہ گشت اہلِ قلعہ
خوش شدند، اختیار خان چیزے کم
بہ او داد، اما راجہ نرسنگھ دیو، ہفت
من طلا با و انعام نمود[2]

اختیار خان نے کہا کہ اگر تم یہ ہو سکے
تو تم کو نہال کر دون گا، اس نے نشانہ
لگا کر اس کے دہانہ پر ایسا مارا کہ پہلے
ہی گولہ مین ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی، قلعہ
والون کو اس سے بڑی خوشی ہوئی،
اختیار خان نے اس کو کچھ کم دیا، لیکن
راجہ نرسنگھ دیو نے سات من سونا

[1] مرآۃ سکندری ص ۲۵۱ بمبئی [2] ایضاً

سنہ ۹۴۰ھ مین بہادر شاہ کو معلوم ہوا کہ پرتگیز دیو پر قبضہ کرنا چاہتے ہین، اس وقت وہ مالوہ مین تھا، چنانچہ یلغار کرتا ہوا، جزیرہ دیو مین پہنچا، پرتگیز اس کی آمد کو سُن کر اس بدحواسی سے بھاگے کہ اپنی سب سے بڑی توپ چھوڑ گئے، اور یہ توپ بہادر شاہ کے ہاتھ لگی، جس کو اس نے چانپانیر بھجوادیا، اس کے متعلق فرشتہ کا بیان ہے،

چو قریب بہ بندر دیو رسید فرنگیان فرار	جب بندر دیو کے قریب پہنچا تو فرنگی بھاگ
نمودند و توپ بزرگ ایشان کہ بہ	گئے، اور اپنی ایک بہت بڑی توپ
کلانی آن توپ در دیار ہندوستان	جس کے مقابل مین ہندوستان مین کوئی
نہ بود بدست آمد، شاہ اورا بہ جرثقیل	توپ نہ تھی؛ چھوڑ گئے، بادشاہ نے اس کو
بمحمد آباد چانپانیر فرستاد،[1]	آلہ جرثقیل کے ذریعہ محمد آباد چانپانیر بھجوادیا،

اس کا نام توپ فرنگ رکھا گیا،

یہ کس قدر عجیب بات ہے کہ بہادر شاہ گجراتی جس کے پاس بہتر سے بہتر توپ خانہ تھا، آخر اسی کی بدولت اس کا زوال ہوا، فتح چتوڑ کے بعد جب ہمایون نے بہادر شاہ پر حملہ کیا ہے تو رومی خان کے مشورہ سے توپون کا قلعہ بنا کر بہادر شاہ مع تمام لشکر کے بیچ مین ہو گیا، ہمایون نے یہ تدبیر کی کہ اس کا محاصرہ کر کے خاموش بیٹھ رہا۔ اور رسد کی آمد و رفت بند کر دی، جس سے لشکر مین ایسا قحط پڑ گیا، کہ آخر سلطان بہادر کو بھاگ جانا پڑا، اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اس وقت سلطان کے پاس کتنی بڑی تعداد مین توپین موجود تھین،

اس وقت تک توپ سے قلعہ اور میدان مین کام لیا جاتا تھا، لیکن مجرمون کو سزا دینے کیلئے کبھی استعمال نہین کیگئی تھی، جب سلطان سکندر گجراتی قتل کر دیا گیا، اور سلطان بہادر شاہ تخت نشین ہوا،

---

[1] فرشتہ جلد دوم ص ۲۲۲، نولکشور،

اور قاتل پکڑا کر اس کے سامنے لائے گئے، تو اُس نے قاتل عماد الملک حوش قدم کو توپ سے اڑانے کا حکم دیا ہے، گجرات مین یہ پہلا واقعہ ہے،

ظفر الوالہ مین ہے:-

وفی اثناء ذلک جئی بعماد الملک	اس درمیان مین عماد الملک حاضر کیا
وامر بہ فی فم المدفع ففعل	گیا، حکم ہوا کہ توپ کے منہ پر رکھ کر اس
بہ مایفعل بالعطب قوس	کو اڑا دو، جب توپ چھٹی، تو وہ ایسا
النداف[1]	تھا، جیسے نداف روئی دھنک دیتا ہے،

[1] ظفر الوالہ و مظفر اول ص ۴۰، لیڈن،

(باقی)

مقدمۂ رقعات عالمگیر

اس مین رقعات پر مختلف حیثیتوں سے تبصرہ کیا گیا ہے جس سے اسلامی فنِ انشا اور شاہانہ مراسلات کی تاریخ ہندوستان کے صیغۂ انشاء کے اصول نہایت تفصیل سے معلوم ہوتے ہین، بالخصوص خود عالمگیر کے انشاء اور اس کی تاریخ کے ماخذ اور عالمگیر کی ولادت سے برادرانہ جنگ تک کے تمام رقعات وسوانح پر خود ان خطوط اور رقعات کی روشنی مین تنقیدی بحث کیگئی ہے، قیمت:- صہ

رقعات عالمگیر

اورنگ زیب عالمگیر کے خطوط و رقعات جو زمانہ شہزادگی سے برادرانہ جنگ تک اعزہ کے نام لکھے گئے ہین، اس جلد مین جمع کئے گئے ہین، اور ان سے علم و ادب، سیاست اور تاریخ کے بیسیون حقایق کا انکشاف ہوتا ہے، قیمت للعہ رضخامت ۴۸۰ صفحے،

"منیجر"

عربی نظم و نثر کی مختصر تاریخ

دورِ جاہلیت

از

مولانا عبد السلام ندوی

یہ بتانا سخت مشکل ہے کہ زمانۂ جاہلیت مین عربی شاعری کی ابتدا کب سے ہوئی ؟ کیونکہ قدرتی طور پر ہر چیز ابتدا مین ناقص ہوتی ہے، پھر رفتہ رفتہ ترقی کرکے درجۂ کمال کو پہنچتی ہے لیکن زمانۂ جاہلیت کے جو اشعار ہم تک پہنچے ہین، وہ صورۃً اور معنًی ہر حیثیت سے مکمل ہین، نہ اُن کے وزن مین کوئی خرابی ہے، اور نہ اُن کے معنی مین کوئی نقص ہے، نہ طریقۂ ادا مین کوئی ناہمواری ہے، جس سے ثابت ہوتا ہو کہ ان اشعار سے پہلے شعرا کا ایسا کلام ضرور موجود رہا ہوگا جس مین اس قسم کے تمام نقائص موجود رہے ہون گے، پھر رفتہ رفتہ ترقی کرکے اس نے موجودہ قصائد اور معلقات کی شکل اختیار کی ہوگی، عرب کے قدیم ترین شعرا کے کلام سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ اُن سے پہلے بھی چند شعرا موجود تھے، جن کا کلام ہم تک نہین پہنچا، مثلاً امرالقیس جو عربی زبان کا پُرانا شاعر ہے کہتا ہے :-

عوجا علی الطلل المحیل لعلنا ۔۔۔ نبکی الدیار کما بکی ابن خزام

"ٹھہر جاؤ کہ ہم اُن اجڑے ہوے گھرون پہ ابن خزام کی طرح روئین"

لیکن ابن خذام کا کوئی شعر ہم تک نہین پہنچا ہے،

عنترہ کہتا ہے :-

هل غادر الشعراء من متردم

کیا شعراء نے کوئی مضمون چھوڑ دیا ہے

لیکن ان شعراء کے کلام سے ہم ناواقف ہین،

عربی زبان کے قدیم ترین اشعار جو ہم تک پہنچے ہین، وہ جنگ بسوس کے زمانہ مین یا اوس سے کچھ پہلے کہے گئے ہین، یعنی ہجرت سے ایک سو تیس سال پہلے کے اشعار کا ہم کو علم ہے، لیکن اس زمانہ سے پہلے جو شعراء گذرے ہین، اُن کے کلام کا کوئی علم نہین، تاہم اس زمانہ کے شعراء جو کچھ کہتے تھے، اُن کی تعداد چند اشعار سے زیادہ نہین ہوتی تھی، اس کے بعد دوسرے شعراء نے ترقی کی، اور قصائد کہنے لگے، اور تورخین کے بیان کے مطابق سب سے پہلے امرؤالقیس کے ماموں مہلہل بن ربیعہ اور خود امرؤالقیس نے پانچوین صدی عیسوی کے اخیر مین طویل قصائد لکھے، بہرحال عربی شاعری کی ابتدا رجز سے ہوئی جس کی بحر نہایت آسان تھی، اس کے بعد شعراء نے دوسری بحرون مین اشعار کہے، اور زمانۂ جاہلیت مین نہایت کثرت سے شعراء پیدا ہوئے اور تقریباً ہر قبیلہ مین شعراء کی ایک خاصی تعداد موجود تھی لیکن سب کے سب کو عام شہرت حاصل نہین ہوئی، بلکہ جن شعراء نے حاصل کی وہ سب کے سب شمال یعنی حجاز اور اس کے ملحقات کے باشندے تھے، ان مین بعض تو یمنی تھے، جو شمال مین آکر آباد ہوگئے تھے، مثلاً امرؤالقیس، اعشیٰ ہمدانی اور حاتم طائی یمنی قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے لیکن انھون نے شمال مین آکر شہرت حاصل کی، اور بعض عدنانی قبائل سے تعلق رکھتے تھے، مثلاً مہلہل، مرقش اکبر، مرقش اصغر، طرفہ، حارث بن حلزہ، متلمس اور اعشیٰ قبیلہ ربیعہ کے شاعر تھے اور بعض کا تعلق قبیلہ مضر سے تھا،

جن قبائل مین مشہور شعراء پیدا ہوئے، وہ صرف دو ہین،

۱- قیس:- نابغہ ذبیانی، زہیر بن ابی سلمیٰ، کعب لبید اور حطیہ اسی قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے،

۲- تمیم:- اوس بن حجر اسی قبیلہ سے تھا،

مورخین ادب کا بیان ہے کہ سب سے پہلے شاعری قبیلہ ربیعہ سے شروع ہوئی، پھر قبیلہ قیس مین منتقل ہوگئی اس کے بعد قبیلہ تمیم مین جاکر پختگی حاصل کی،

اہل عرب کی زندگی پر شاعری کا اثر

عرب مین شاعر ہر قبیلہ کے لئے ایک ضروری شخص تھا، جو اس کے فضائل کا اعلان کرتا تھا، اپنے اشعار کے ذریعہ سے اس کے دشمنون کی چالون کو ناکامیاب بناتا تھا، لڑائیون مین اس کو جوش دلاتا تھا، اور صلح مین اس کو سوجھ بوجھ کی باتین سکھاتا تھا، اس لئے ہمارے زمانہ مین مختلف پارٹیون کے اخبارات کا جو درجہ ہے، وہی زمانۂ جاہلیت مین ہر قبیلہ کے شاعر کا تھا، بالخصوص جنگ کے زمانہ مین وہ ایک فوجی باجہ تھا، جو لڑنے اور مرنے کا جوش دلون مین پیدا کرتا تھا، یہی وجہ ہے کہ ہر قبیلہ اپنے شاعر پر فخر کرتا تھا، ابن رشیق نے کتاب العمدہ مین لکھا ہے، کہ

"جب عرب کے کسی قبیلہ مین کوئی اچھا شاعر پیدا ہوتا تھا، تو تمام قبائل آآکر اس کو مبارکباد دیتے تھے، دعوتین ہوتی تھین، عورتین شادی بیاہ کی تقریبات کی طرح جمع ہوکر گاتی بجاتی تھین، مرد اور بچے سب کے سب خوشیان مناتے تھے"

شاعر کی مدح و ذم کا یہ اثر تھا کہ وہ اپنی مدح کے ذریعہ پست درجہ اشخاص کو بلند اور ہجو کے ذریعہ بلند رتبہ اشخاص کو پست کر دیتا تھا، یہی وجہ ہے کہ لوگ شعراء کی بڑی عزت کرتے تھے تاکہ اُن کی ہجو سے بچ جائین، یا ان کی مدح سے متمتع ہون،

اس کے علاوہ زمانۂ جاہلیت کے شعراء ذہنی اور عقلی حیثیت سے بھی ممتاز ہوتے تھے، اور انھوں نے زندگی کے بہت سے مسائل کو اور لوگوں سے بہتر طریقہ پر سمجھا، اور اُن کو شاعرانہ قالب میں ڈھالا، بہت سے مسائل ایسے تھے جن کو اہلِ عرب سمجھتے تو تھے لیکن ان کو بہترین طریقہ پر بیان نہیں کر سکتے تھے لیکن شعراء نے اون کے جذبات اور محسوسات کو عمدگی کے ساتھ بیان کیا، غیر متمدن قوموں میں شعراء کی حیثیت وہی ہوتی ہے، جو متمدن قوموں میں علماء و حکماء کی ہوتی ہے، اور زمانۂ جاہلیت کے شعراء نے عرب میں یہی حیثیت حاصل کر لی تھی،

زمانۂ جاہلیت کے انواع شاعری اہلِ یورپ نے شعر کی چار قسمیں کی ہیں،

۱- رزمیہ جس میں صرف جنگی اور فوجی واقعات بیان کئے جاتے ہیں،

۲- تاریخی جس میں قومی مفاخر قصے کی صورت میں بیان کئے جاتے ہیں، مثلاً ہومر کی الیڈ اور فردوسی کا شاہ نامہ،

۳- غنائی جس میں ایک شاعر صرف اپنے جذبات کو ظاہر کرتا ہے، مثلاً غزل اور فخریہ،

۴- تمثیلی یعنی ڈرامہ جس میں چند اشخاص کسی واقعہ کو مجسم شکل میں نمایاں کرتے ہیں،

ان اقسام میں زمانہ جاہلیت کے شعراء نے طویل رزمیہ نظمیں نہیں لکھیں، اگرچہ زمانۂ جاہلیت میں اس کثرت سے لڑائیاں ہوئیں کہ اگر اُن کے واقعات نظم کئے جاتے، تو طویل رزمیہ داستانیں تیار ہو جاتیں، لیکن ابھی تک اہلِ عرب کے تخیل میں اس قدر وسعت پیدا نہیں ہوئی تھی کہ وہ ان طویل واقعات کو شاعرانہ قالب میں ڈھال سکتے، اس کا سب سے بڑا سبب یہ تھا کہ رزمیہ شاعری ایک قسم کی ادبی تاریخ ہوتی ہے، یعنی تاریخی واقعات کو شاعرانہ قالب میں ڈھالنا پڑتا ہے، لیکن تاریخی واقعات کی نظم و ترتیب کے لئے تمدنی ترقی کی ضرورت ہے، اور اہلِ عرب نے اس قدر تمدنی ترقی نہیں کی تھی، بایں ہمہ چھوٹے چھوٹے سادہ قصے عربی شعراء نے نظم کئے ہیں

مثلاً عمرو بن کلثوم اور حارث بن حلزہ کے معلقات مین اس قسم کے قصے موجود ہین

یہ بات بھی تعجب انگیز ہے کہ دورِ جاہلیت کی شاعری مذہبی اثرات سے بالکل خالی ہے، عرب ایک بت پرست قوم تھی، اور وہان سیکڑون بُت پوجے جاتے تھے، لیکن اُن کی شاعری مین کہین ان بتون کا نام اور اُن کی پرستش کے طریقون کا ذکر نہین آتا، کبھی کبھی وہ لات و عزیٰ کی قسم تو کھا لیتے ہین، لیکن عام طور پر اُن کی شاعری مذہبی تاثرات و جذبات سے خالی ہے، غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ دورِ جاہلیت کے شعراء ہر زمانہ کے شعراء کی طرح آزاد خیال اور مذہبی جذبات سے خالی ہوتے تھے، اس کا دوسرا سبب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ زمانۂ اسلام کے راویانِ اشعار نے اس قسم کے اشعار کی روایت کو مذہب کے خلاف سمجھ کر چھانٹ دیا، بہرحال دورِ جاہلیت کی شاعری تاریخی واقعات اور مذہبی اثرات سے خالی ہے، عام طور پر اُن کی شاعری غنائی ہے اور اس صنف کے تحت مین غزل، فخریہ، مرثیہ، مدح و ذم اور وصف داخل ہین، اور دورِ جاہلیت کی عربی شاعری کا تمامتر سرمایہ یہی ہے، بقیہ انواع جستہ جستہ اُن کے کلام مین پائے جاتے ہین، لیکن ان اصناف مین بھی ہجو کا عنصر عربی شاعری کا جزو غالب ہے، کیونکہ قبائلِ عرب مین متصل لڑائیون کا سلسلہ جاری رہتا تھا، اور جاہلی شعراء تلوار کی زبان کا جواب اپنی شاعرانہ زبان سے دیا کرتے تھے، اسی سلسلہ مین اگر ایک طرف وہ اپنے دشمنون کے معائب کو دل کھول کر بیان کرتے تھے، تو دوسری طرف اپنی قوم کے محاسن کو خوب چمکاتے تھے، اس لئے ہجو کے بعد فخر یہ ان کی شاعری کا دوسرا نمایان عنصر تھا،

یہی حال غزل کا بھی تھا کہ وہ قصائد کی تشبیب مین عورتون کے حسن و جمال اور اپنے عشق و محبت کے واقعات کا ذکر کرتے تھے، البتہ اس صنف مین شعراء کی حالت مختلف تھی، امرء القیس کے مضامین مین عریانی اور فحاشی پائی جاتی تھی، اس کے بخلاف عنترہ اور زہیر کے عاشقانہ

خیالات، نہایت متین، سنجیدہ اور پاکیزہ ہوتے تھے، لیکن یہ عجیب بات ہے کہ شعرائے جاہلیت کے کلام مین شراب و کباب کا ذکر بہت کم آتا ہے، اور جہان آتا ہے اس کا تعلق ایرانی شاعری کی طرح بزم عیش کی رنگینیون سے نہین ہوتا، بلکہ اس پردے مین وہ اپنی فیاضی پر فخر کرتے ہین، وہ حکیمانہ اور اخلاقی شاعری بھی کرتے تھے، اور شنفری اور زہیر نے اس صنف مین امتیازی حیثیت پیدا کی ہے،

اپنے گرد و پیش کے مناظر کی تصویر بھی جس کو شاعرانہ اصطلاح مین وصف کہتے ہین، وہ نہایت خوبی کے ساتھ کھینچتے تھے، مثلاً امرؤ القیس نے رات، لبید، اور طرفہ نے اونٹنی کی، خنار، شنفری نے بھوکے بھیڑیون، نابغہ نے نہر فرات، عنترہ نے تیزون کے چلنے کی حالت اور کیفیت کا منظر نہایت خوبی کے ساتھ دکھایا ہے، اور اس صنف مین انھون نے نہایت عمدہ تشبیہات پیدا کی ہین، جو بالکل خیالی نہین ہین،

لفظی اور معنوی حیثیت سے دورِ جاہلیت کی شاعری کی خصوصیات

دورِ جاہلیت کی شاعری اہلِ عرب کی اجتماعی زندگی کا نہایت صحیح مرقع تھی، اسی بنا پر کہا گیا ہے کہ شاعری عرب کا دفتر تھی، جس مین اُن کی لڑائی، تاریخ، اخلاق و عادات، عقل و ذہانت کے رجسٹر مرتب کرکے رکھے جاتے تھے، اور دورِ جاہلیت کا ہر شاعر ان رجسٹرون مین وہی واقعات درج کرتا تھا، جن کو وہ آنکھون سے دیکھتا تھا، اور دل سے محسوس کرتا تھا، اور ان واقعات کو وہ انھی الفاظ مین بیان کرتا تھا، جو نہایت صحت کے ساتھ ان پر دلالت کرتے تھے، یہ وہ خصوصیت ہے جس مین دورِ جاہلیت کے شعراء کا کلام بعد کی عربی شاعری سے علانیہ ممتاز نظر آتا ہے، کیونکہ جاہلی شعراء کا کلام ایجاد تھا، تقلید نہ تھا، لیکن بعد کے عربی شعراء نے صرف اُن کی تقلید کی، اس لئے ان کی شاعری اُن کی زندگی کی اصلی تصویر نہ تھی،

شعرائے جاہلیت کے کلام کی ایک اور خصوصیت بے تکلفی اور سادگی ہے، اور یہ اُن کی سادہ بدویانہ زندگی کا لازمی نتیجہ ہے، اس بنا پر اُن کے اشعار غلو اور مبالغہ سے خالی ہوتے ہین، اُن کے الفاظ مین بھی یہی سادگی ہوتی ہے، اس لئے ان کے کلام مین لفظی صناعیان بہت کم پائی جاتی ہین،

اگر ہم مرثیہ کو مستثنیٰ کر لین تو ان کے قصائد کا ایک ہی انداز ہوتا ہے، پہلے وہ کسی عورت کے ساتھ تشبیب کرتے ہین، اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ وہ ایک جگہ سے سفر کرتے ہین، راہ مین معشوق کے کھنڈر پر گذر ہوتا ہے، تو وہان ٹھہر کر گریہ وزاری کرتے ہین، اور اسی سلسلے مین اس کے حسن و جمال اور اپنے عشق و محبت کا ذکر بھی کرتے ہین، پھر اپنے گھوڑے یا اونٹنی کی تیز رفتاری کا تذکرہ کرتے ہین، اور اُن کو اُن جنگلی جانورون سے تشبیہ دیتے ہین جن سے وہ واقف ہوتے ہین، جو چیزین راستہ مین اُن کی نظر سے گذرتی ہین، اُن کا ذکر بھی کرتے ہین، اس کے بعد اصل مطلب پر آتے ہین، لیکن اُن کی تشبیب اور گریز مین کوئی ربط و علاقہ نہین ہوتا، قصیدے کا خاتمہ بھی اسی بے تکلفی سے کرتے ہین، کبھی کبھی قصیدے کے اخیر مین چند حکیمانہ شعر بھی کہہ جاتے ہین،

ان تمام خصوصیات کی واضح ترین مثال وہ قصائد ہین، جو "معلقات" کے نام سے مشہور ہین، ان مین سب سے بڑے قصیدہ کے اشعار کی تعداد ایک سو پانچ شعر اور سب سے چھوٹے قصیدہ کے اشعار کی تعداد ۶۹ ہے،

اس موقع پر دو باتون کا ذکر نہایت ضروری معلوم ہوتا ہے،

۱- ایک یہ کہ شعرائے جاہلیت کا کلام خلافت عباسیہ کے پہلے دور مین قید تحریر مین آیا، اس دور سے پہلے اس کی روایت زبانی طور پر کی جاتی تھی، کیونکہ زمانہ جاہلیت مین ہر شاعر کے اشعار کا ایک خاص راوی ہوتا تھا، جو اس کے اشعار کو یاد کرتا اور اس کی روایت کرتا تھا، اور اکثر ایسا ہوتا تھا کہ جو شخص راوی ہوتا تھا، وہ خود بھی شاعر ہوتا تھا، مثلاً امرؤ القیس ابی

دواد الایادی ، زہیر اوس بن حجر تمیمی اور حطیہ عیسیٰ زہیر مزنی کے راوی تھے ، اور خود بھی بہت بڑے شاعر تھے لیکن چونکہ شعر کہنے کے ساتھ ہی اشعار جاہلیت قید تحریر مین نہین لائے جاتے تھے اس لئے شعراے جاہلیت کے بعض اشعار مشکوک سمجھے جاتے ہین اور بہت سے اشعار کی روایت مختلف الفاظ مین کی جاتی ہے ،

۲- دوسرے یہ کہ زمانۂ جاہلیت کے تمام اشعار ہم تک عدنانی زبان مین پہنچے ہین یمنی زبان کا کوئی شعر ہم تک نہین پہنچا ہے ، حالانکہ یمنی زبان عدنانی زبان سے بہت سی باتون مین مختلف تھی اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جزیرۂ عرب کا شمالی حصہ دور جاہلیت کی شاعری کا مرکزی مقام تھا ، اور اسلام سے بہت پہلے ایسے مؤثرات پیدا ہوگئے تھے جنھون نے عرب کی زبانون میں اتحاد پیدا کر دیا تھا ، اور قریش کی زبان کو ان سب پر فضیلت حاصل ہوگئی تھی ،

۱- ان مین پہلا موثر تو یہ تھا کہ بہت سے یمنی قبائل قبیلۂ مضر کے وطن یعنی شمال مین ہجرت کر کے آگئے تھے ، اور انھی کی زبان بولنے لگے تھے ، خانۂ کعبہ کی زیارت کے لئے قریش کے وطن مکہ مین جو مختلف قبائل آتے رہتے تھے وہ بھی قریش کی زبان سے متاثر ہوتے رہتے تھے ،

۲- دوسرا موثر یہ تھا کہ عرب کے مختلف بازارون اور میلون مین عرب کے قبائل جمع ہو کر اپنے اشعار اور اپنے خطبات پیش کرتے تھے ، اور ان مین سب سے اہم عکاظ کا بازار تھا جو مکہ کے قریب تھا ،

۳- تیسرا سبب یہ تھا کہ قرآن قریش ہی کی زبان مین نازل ہوا تھا ، اس لئے راویون نے اس زبان کے علاوہ دوسری زبانون کے اشعار کی روایت ہی نہین کی ، کیونکہ ان زبانون کے اشعار سند مین پیش نہین کئے جا سکتے تھے ، اور حمیر کی زبان مضر کی زبان کے مقابل مین ایک عجمی زبان سمجھی جاتی تھی ، بایں ہمہ یمنی شعراء کے اشعار حمیری الفاظ سے بالکل خالی نہین ہین ، مثلاً امرء القیس جو یمنی قبائل سے تعلق

رکھتا ہے کہتا ہے :-

"وان شفائی عبرۃ مھراقۃ"

اس شعر مین "مہراق" کا فعل یمنی زبان کا لفظ ہے، اس کے برخلاف مضری زبان کا لفظ "اراق" ہے،

معلقات | شعرائے جاہلیت کے قصائد مین چند طویل قصیدون کا نام "معلقات" ہے جس کے معنی لٹکائے جانے کے ہین اور اُن کا یہ نام اس لئے رکھا گیا ہے کہ اہل عرب نے قدیم شاعری کے سات قصیدون کا انتخاب کیا، اور اُن کو عمدہ ریشمی کپڑون مین سنہرے حروف سے لکھ کر خانہ کعبہ کے پردون مین آویزان کیا، اسی بنا پر ان قصیدون کو معلقات کی طرح مذہبات بھی کہا جاتا ہے یعنی وہ قصیدے جو سنہرے حروف مین لکھکر خانہ کعبہ کے پردون مین لٹکائے گئے، ابن عبد ربہ نے اپنی کتاب عقد الفرید مین ابن رشیق نے اپنی کتاب العمدہ مین اور ابن خلدون نے اپنے مقدمہ مین اسی روایت کی تائید کی ہے، اور یہ تینون مصنف مغرب یعنی اندلس کے رہنے والے ہین لیکن بہت سے علماء نے اس روایت کا انکار کیا ہے، اور ان کا خیال ہے کہ عباسی دور مین حماد راویہ المتوفی ۱۵۶ھ نے جب دیکھا کہ لوگون مین شاعری کا ذوق کم ہو رہا ہے، تو اس نے ان قصائد کو جمع کیا، اور ان کا نام "مشہورات" رکھا بہرحال ان علماء کے نزدیک یہ روایت صحیح نہین ہے کہ یہ قصائد خانہ کعبہ کے پردون مین آویزان کئے گئے اس مسئلہ مین دور جدید کے محققین مین بھی باہم اختلاف ہے، اور سب نے مختلف دلائل سے اپنے اپنے نظریہ کی تائید کی ہے،

ان قصائد اور ان قصائد کے کہنے والے شعراء کی تعداد مین بھی اختلاف ہے، بعض کے نزدیک اُن کی تعداد آٹھ اور بعض کے نزدیک دس ہے، لیکن اُن کی مشہور تعداد سات ہے، اور جن شعراء نے یہ قصائد کہے ہین، ان کے نام یہ ہین، امرء القیس، زہیر، طرفہ، لبید، عنترہ، عمرو بن کلثوم، حارث بن حلزہ،

۱- امرء القیس | امرء القیس شاہی خاندان کا آدمی تھا اور رندانہ زندگی بسر کرتا تھا، اس لئے اسکی شاعری اس کی زندگی کا صحیح مرقع ہے جس مین سیر و شکار، شراب و کباب اور معشوقون کے اختلاط اور میل جول کا ذکر اکثر آتا ہے لیکن وہ عاشقانہ مضامین کو اس قدر عریانی اور بیباکی کے ساتھ بیان کرتا ہے، جو فحاشی کی حد تک پہنچ جاتی ہے، با این ہمہ تمام مورخین ادب کے نزدیک سب سے پہلے اس نے عربی شاعری مین نئے نئے مضامین پیدا کئے، اور اس مین نئے نئے اصناف کا اضافہ کیا، سب سے پہلے اس نے غزل کی ابتدا کی، اور مناظر قدرت پر طویل نظمین لکھین، اور نئی نئی تشبیہیں پیدا کین، اس کے مجموعۂ اشعار مین سب سے زیادہ شہرت اس کے معلقہ کو حاصل ہے جس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُس نے اس کو اپنے ایام شباب مین کہا ہے اور اس مین اپنی چچا زاد بہن عنیزہ کے ساتھ اپنے عشق و محبت کا واقعہ بیان کیا ہے، اس مین سب سے پہلے اس نے معشوق کے کھنڈر پر گریہ وزاری کی ہے، پھر عاشقانہ خیالات کا سلسلہ شروع کیا ہے، اور دوستون کے ساتھ اپنی رندانہ صحبتون بالخصوص دارجلجل کے دن کا ذکر نہایت عریان الفاظ مین کیا ہے، اس کے بعد بہت سے قدرتی مناظر دکھائے ہین، اور اس سلسلہ مین سب سے پہلے رات کی درازی کی تصویر کھینچی ہے، پھر ایک ویران میدان کا نقشہ کھینچا ہے، اس کے بعد اپنے گھوڑے کے ڈیل ڈول اور اس کی تیز رفتاری کا منظر دکھایا ہے، پھر نیل گاؤ کے شکار کا ذکر کیا ہے، اس کے بعد بجلی کے چمکنے اور پانی کے برسنے کی کیفیت دکھائی ہے، اور ان سب کا خاتمہ اس پر کیا ہے کہ چڑیون نے جب بارش اور بارش کی پیدا کی ہوئی تر و تازگی دیکھی ہے تو چہچہانے لگی ہین،

اس کے دیوان مین اور بھی بہت سے بڑے بڑے قصیدے ہین جن کا امتیازی وصف منظر نگاری ہے، بالخصوص وہ گھوڑے، اور سیر و شکار کا منظر نہایت خوبی کے ساتھ دکھاتا ہے، اسی طرح وہ نئی نئی تشبیہات کا ڈھیر بھی لگا دیتا ہے، مثلاً عورتون کو ہرن، اور انڈے سے اور گھوڑے کو عقاب اور

عصا سے سب سے پہلے اُسی نے تشبیہ دی ہے، اور اس کے بہت کم اشعار تشبیہ سے خالی ہوتے ہین، اُس نے شام اور عین کے جو بہت سے سفر کئے ہین، انھون نے بھی اُس کے خیالات مین وسعت پیدا کی ہے، اور نئے نئے الفاظ کے استعمال کا موقع دیا ہے، چنانچہ اُس نے اپنے محبوب کے جلوون کو راہب کے چراغ اور اس کے سینے کو سنجل سے تشبیہ دی ہے، اور یہ سنجل رومی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی آئینہ کے ہین،

امرء القیس نے بہت سے اشعار ایسے لکھے ہین، جو عربی زبان مین ضرب المثل ہوگئے ہین،

۱۰ طرفہ | طرفہ قبیلہ ربیعہ کا شاعر ہے اور وہ اپنی قوم کے ساتھ بحرین مین رہتا تھا اور مختلف شہرون کی سیاحت کرکے رندانہ زندگی بسر کرتا تھا، اس طرح جب اُس نے شراب و کباب مین اپنا سارا مال ضائع کردیا تو پھر اپنے اعزہ و اقربا کے پاس واپس آیا، اور اس کے بھائی نے اس کی مالی امداد کی لیکن اس مال کو بھی اُس نے اُڑا دیا، اس کے بعد اس نے عمرو بن ہند کے دربار کا قصد کیا، جو ۵۵۳ء مین تخت نشین ہوا تھا، اور شعراء کا بڑا قدردان تھا، عمرو بن ہند نے اس کا خیر مقدم کیا، اور اپنے بھائی قابوس کا مصاحب بنا دیا، جو رندانہ زندگی بسر کرتا تھا، اور سیر و شکار کا بڑا شوقین تھا، طرفہ بھی اس کی رنگین صحبتون مین شریک ہوتا تھا، اور اُس کے ساتھ سیر و شکار کو بھی جاتا تھا، لیکن وہ بذات خود ایک آزاد شخص تھا، اور مصاحبت کی ذلیل زندگی کو ناپسند کرتا تھا، اس لئے اُس نے عمرو بن ہند اور اس کے بھائی قابوس کی ہجو لکھی، جس کے پاداش مین عمرو بن ہند نے اُس کو حیلہ سے قتل کرا دیا،

اس نوجوان شاعر کا جس نے ۲۶ سال کی عمر مین وفات پائی ہے بڑا شاعرانہ کارنامہ اس کا ہی طویل معلقہ ہے جس کے اشعار کی تعداد ۱۰۵ ہے، بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُس نے عمرو بن ہند کے دربار مین پہنچنے سے پہلے اس معلقہ کو لکھا ہے جب کہ وہ اپنا تمام مال رندی اور اوباشی مین تلف کرچکا تھا، اور اپنی قوم مین خالی ہاتھ واپس آیا ہے، اس کے معلقہ کا موضوع خود اس کے ذاتی حالات اور زندگی سے متعلق اس کا خاص زاویۂ نگاہ ہے، اُس نے اس مین کسی کی مدح نہین کی ہے، اور تغزل کے جو

اشعار اوس نے لکھے ہین، وہ صرف رسمی ہین، خود اس کے معلقہ کا اصلی موضوع نہین ہے، اس کے اشعار سے علانیہ اس کے وطن اور اس کے ماحول پر روشنی پڑتی ہے، کیونکہ ہم ابھی بیان کر چکے ہین کہ وہ بحرین یعنی خلیج فارس کا باشندہ تھا، جہان کشتی رانی کا منظر ہمیشہ اس کی آنکھون کے سامنے رہتا تھا، اسی لئے اُس نے اپنے معشوقہ خولہ کی سواری کو کشتی سے اور اونٹ کی رفتار کو کشتی کے چلنے سے تشبیہ دی ہے، اوس نے اپنی معشوقہ کی اونٹنی کے وصف کو بھی نہایت طول دیکر لکھا ہے اور اس کے متعلق ۲۸ شعر لکھے ہین جس مین نئی نئی تشبیہین پیدا کی ہین، مثلاً اس کی ہڈیون کو تابوت کے تختے سے اُس کے دُم کے بال کو گدھ کے سفیدی مائل پرون سے، اس کی رانون کو شاندار محل کے پھاٹک سے، اس کے قد و قامت کی بلندی کو رومی پل سے اور اس کی گردن کو کشتی کے پتوار سے تشبیہ دی ہے، اس کے بعد اس نے قصیدہ کے اصل مقصد کی طرف گریز کی ہے یعنی اپنی ذات پر فخر کیا ہے، اور اپنے اوصاف گنائے ہین، اور یہ دکھایا ہے کہ اوس نے زندگی کو کس نگاہ سے دیکھا ہے، اس کے ذاتی اوصاف یہ ہین کہ وہ بڑا بہادر، بڑا فیاض، صاحب رائے اور بڑا عالی نسب ہے، اس نے اپنی رندی و ہوسناکی کا تذکرہ بھی کیا ہے کہ وہ اس مین اس قدر منہمک ہوا کہ اس کو اسکی قوم نے برادری سے خارج کر دیا، پھر ان لوگون پر خود لعنت ملامت کرتا ہے کہ جب زندگی چار دن کی چاندنی ہے، تو اس کو لطف و مسرت کے ساتھ کیون نہ گذارا جائے، گویا وہ پہلا عربی شاعر ہے جس نے سب سے پہلے خواجہ حافظ اور خیام کے فلسفۂ زندگی کی بنیاد قائم کی، سب سے اخیر مین اس نے چند حکیمانہ اشعار پر اس قصیدہ کو ختم کیا ہے، بہرحال یہ قصیدہ عرب کے بہترین قصائد مین اسلئے شمار کیا جاتا ہے کہ وہ چند جدید مضامین پر مشتمل ہے، جو الفاظ کی سلاست اور معانی کی وضاحت کے ساتھ بیان کئے گئے ہین، اور قبیلہ ربیعہ کی تمام شاعری کا یہ امتیازی وصف ہے، اس قصیدہ کا ایک خاص امتیازی وصف یہ بھی ہے کہ وہ عرب کے ایک خاص طبقہ یعنی لذت پرست لوگون کی

اجتماعی زندگی کا نہایت عمدہ خاکہ قائم کرتا ہے، جو شراب و کباب پر اپنی دولت کو قربان کردینا اور چند روزہ زندگی کو بیچ سمجھتا ہے، اس کے برعکس عرب مین ایک طبقہ اور بھی تھا جس کی زندگی کی شرح و تفسیر جیسا کہ آگے آئے گا زہیر کرتا ہے،

۳- عمرو بن کلثوم | قبیلۂ تغلب سے تعلق رکھتا ہے، جو جزیرہ اور جزیرہ کے اطراف مین رہتا تھا اور عرب کا معزز ترین قبیلہ شمار کیا جاتا تھا، اس کا باپ اپنی قوم کا سردار تھا، اور اسکی ماں عر کے مشہور شاعر مہلہل کی بیٹی تھی، قبیلہ تغلب اور قبیلہ بکر مین ہمیشہ جنگ رہا کرتی تھی، اور جنگ جو عرب کی مشہور لڑائیون مین ہے، انہی دونون قبیلون مین ہوئی تھی لیکن حیرہ کے بادشا منذر نے ان دونون قبائل مین مصالحت کرادی، اور جب اس کا بیٹا عمرو بن ہند اس کی ج حیرہ کا بادشاہ ہوا، تو اس نے بھی اپنے باپ کی تقلید کی، سو اتفاق سے ایک موقع پر پھر دونو قبیلون مین جنگ کی صورت پیدا ہوگئی جس مین قبیلۂ تغلب کے بہت سے لوگ کام آئے، قبی تغلب نے قبیلۂ بکر سے اُن کی دیت طلب کی، اور عمرو بن ہند کے سامنے اس معاملہ کو فیصلہ کے پیش کیا، اور دونون قبیلون نے اس موقع پر باہم مفاخرت کی، اس وقت قبیلۂ تغلب کا سردا عمرو بن کلثوم اور قبیلۂ بکر کا شاعر حارث بن حلزہ تھا، اسی موقع پر عمرو بن کلثوم اور حارث بن حلز نے اپنے اپنے معلقہ کا ایک حصہ کہا جس مین دونون نے اپنے اپنے قبیلے کے مفاخر بیان کئے،

ایک روایت یہ ہے کہ حیرہ کے بادشاہ عمرو بن ہند نے ایک بار اپنے ہمنشینون سے کہا کہ کیا تمھارے علم مین عرب کا کوئی شخص ایسا بھی ہے، جس کی ماں میری ماں کی خدمت گذاری کو اپنے لئے عار سمجھے، اُن سب نے کہا کہ صرف عمرو بن کلثوم کی ماں لیلی ایک ایسی عورت ہے کیونکہ اس کا باپ مہلہل اور اس کا چچا کلیب وائل عرب مین سب سے زیادہ معزز سمجھے جاتے ہین، اور اس کا شوہر کلثوم بن عتاب عرب کا سب سے بڑا شہسوار اور اس کا بیٹا عمرو بن کلثوم اپنے قبی

کا سردار ہے" یہ سُن کر عمرو بن ہند نے عمرو بن کلثوم سے ملاقات کی خواہش کی، اور ساتھ ساتھ یہ پیغام بھی دیا کہ اس کی ماں بھی اس کی ماں سے ملاقات کرے، اور عمرو بن ہند نے اس کی خواہش پوری کر دی، عمرو بن ہند نے پہلے ہی سے اپنی ماں کو سمجھا دیا تھا کہ وہ خادموں کو اپنے پاس سے ہٹا دے اور جب لیلی آئے، تو اس سے خدمت گذاری کا کام لے، اس بنا پر عمرو بن ہند کی ماں نے لیلی سے کہا کہ "مجھے یہ طشت اٹھا کر دیدو" لیلی نے کہا کہ صاحب حاجت کو اپنی حاجت خود پوری کرنی چاہیئے، اس نے پھر یہی خواہش کی، اب لیلی بے اختیار پکار اٹھی کہ "ہائے قبیلۂ تغلب کی ذلت" عمرو بن کلثوم نے اپنی ماں کی یہ آواز سُنی تو غصہ سے تلملا اوٹھا، اور خود عمرو بن ہند کی تلوار سے جو سامنے لٹک رہی تھی، عمرو بن ہند کا کام تمام کر دیا، اور اُس نے اپنے معلقہ کے ایک حصہ میں اسی واقعہ کا ذکر کیا ہے، اگرچہ عمرو بن کلثوم نے بڑی عمر پائی، لیکن اس معلقہ کے سوا اس کے بہت کم اشعار ہم تک پہونچے ہیں، اس معلقہ کی ابتدا میں اس نے اپنی شراب خواری کا ذکر کیا ہے، اس کے بعد چند شعر غزل کے کہے ہیں، پھر قصیدہ کے اصل موضوع کی طرف رجوع کیا ہے، اور بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس موضوع کے دو حصے ہیں، اور دونوں مختلف اوقات میں کہے گئے ہیں، پہلا حصہ اس وقت کہا گیا ہے، جب اس کی قوم کا معاملہ فیصلہ کے لئے عمرو بن ہند کے سامنے پیش کیا گیا ہے، اور اس موقع پر قبیلہ بکر و تغلب میں مفاخرت ہوئی ہے، اور اس نے اپنی ذات، اپنی قوم اور اپنی قوم کے جنگی کارناموں پر فخر کیا ہے،

اس معلقہ کا امتیازی وصف سلاست، زور بیان اور اپنے اور اپنی قوم پر انتہائی تفاخر ہے، اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اشعار ایک قوم کے سردار کے دل و زبان سے نکلے ہیں،

قبیلۂ تغلب پر اس معلقہ کا نہایت گہرا اثر پڑا، اور انھوں نے اس کو اپنا قومی ترانہ بنا لیا،

۴- حارث بن حلزہ | حارث بن حلزہ قبیلہ بکر کا سردار تھا، اور جیسا کہ ہم نے ابھی ابھی بیان

کیا ہے، قبیلہ بکر و تغلب مین باہم سخت دشمنی تھی، جس نے لڑائیون کا ایک طویل سلسلہ قائم کر دیا تھا جس کے انسداد کے لئے لوگون نے مصالحت آمیز کوششین کین، لیکن یہ مصالحت بہت دنون تک قائم نہ رہ سکی،

ہم نے عمرو بن کلثوم کے تذکرے مین بیان کیا ہے کہ عمرو بن کلثوم قبیلہ تغلب کا سردار اور شاعر اور حارث بن حلزہ قبیلہ بکر کا شاعر تھا، اس لئے جب دونون قبیلون کا معاملہ تصفیہ کے لئے عمرو بن ہند کے سامنے پیش ہوا، تو اس موقع پر عمرو بن کلثوم نے اپنے فخریہ معلقہ کا ایک حصہ کہا، اور اس کے جواب مین حارث بن حلزہ نے اپنی قوم کے فخر آمیز کارنامے بیان کئے، اور عمرو ابن کلثوم کے قول کی تردید کی، اور عمرو بن ہند کے سامنے اپنا معلقہ پڑھ کر سنایا،

اگرچہ عمرو بن کلثوم نے اپنے قصیدے مین نہایت پرزور طریقہ پر فخاری کی، لیکن عمرو بن ہند نے اس کی طرف توجہ نہین کی، اور اس کی اور اس کی قوم کی عظمت کا اعتراف نہین کیا، بلکہ اسکے اشعار مین ایک قسم کا اوچھا پن پایا جاتا ہے، لیکن حارث بن حلزہ ایک باوقار، بردبار اور مسن شخص ہے، اس لئے وہ عمرو بن کلثوم کی تردید بھی باوقار طریقہ پر کرتا ہے، لیکن اس کی مٹھاس مین تلخی بھی پائی جاتی ہے، وہ اپنی قوم کے جنگی کارنامون کو گنتا ہے، تو جنگ کے ناگوار نتائج کو تغلب کے سر تھوپ دیتا ہے، اور آہستہ آہستہ عمرو بن ہند کو اپنی جانبداری کی طرف مائل کرتا ہے، اس لئے اس کی اور اُس کی قوم کی مدح کرتا ہے، یہان تک کہ اپنا مقصد حاصل کر لیتا ہے، اور اس سے اپنے قبیلہ کے موافق فیصلہ کرا لیتا ہے،

اوس نے معلقہ کی ابتدا رغزل یعنی تشبیب سے کی ہے، اور اپنی اونٹنی کے اوصاف گنائے ہین، لیکن اس سے سرسری طور پر گذر کر اپنا اصل مقصد شروع کر دیا ہے، اور اخیر مین بہت سے ایسے اشعار لکھے ہین، جو تاریخی اور سیاسی حیثیت سے بہت اہم سمجھے جاتے ہین، بہرحال عمرو بن کلثوم نہایت

خوددار اور بلند مرتبہ شخص تھا جس نے اپنی ذات اور اپنی قوم کو عمرو بن ہند کی ذات اور اس کی قوم کے ہم پلہ بنا دیا ہے لیکن حارث بن حلزہ ایک ہوشیار مدبر شخص ہے جس نے اپنے سامنے ایک مقصد رکھا ہے جس کو تدبر، اشارات اور خوشامد سے حاصل کر لیا ہے،

۵۔ عنترہ | وہ قبیلہ مضر کے ایک مشہور قبیلہ عبس سے تعلق رکھتا ہے جو نجد میں رہتا تھا، اس کی ماں جس کا نام "زبیبہ" تھا، ایک حبشی لونڈی تھی، اور اہل عرب لونڈیوں کی اولاد کو اپنا غلام سمجھتے تھے، البتہ اگر وہ کوئی بڑا کام کرتے تھے، تو اُن کو اپنا لڑکا تسلیم کر لیتے تھے، اسی طریقہ کے مطابق عنترہ کا اس کا باپ اپنا غلام سمجھتا تھا لیکن ایک بار قبیلہ طے کے کچھ لوگ قبیلہ عبس کے کچھ اونٹ لوٹ لے گئے، تو عنترہ نے ان پر حملہ کیا، اور اونٹوں کو واپس لایا، اس کارنامہ کے صلہ میں اس کے باپ نے اس کو آزاد کر دیا، اور اپنا بیٹا تسلیم کر لیا،

عنترہ اپنی ماں کی طرح سیاہ فام تھا، اور اس جسمانی عیب پر اپنی بہادری اور شجاعت سے پردہ ڈالتا تھا، وہ اپنی آزادی سے پہلے اپنی چچازاد بہن عبلہ پر فریفتہ تھا لیکن اُس کا چچا اپنی بیٹی کو ایک غلام کے نکاح میں دینا پسند نہیں کرتا تھا، اس لئے عنترہ غلامی کے اس داغ کے مٹانے کے لئے مجد و شرف کے حاصل کرنے کی سعی بلیغ کرتا تھا، اور اس جد و جہد نے اس کی شاعرانہ قوت کو ابھار دیا، اور اوس میں شاعری، غیر معمولی بہادری اور مروت کے جوہر پیدا ہو گئے، اور اس طرح جب وہ ایک آزاد سردار ہو گیا، تو اُس کے چچا نے عبلہ سے اس کی شادی کر دی،

اوس نے داحس اور غبرا کی لڑائی میں بھی شرکت کی، اور اس میں اپنی پامردی سے اپنی قوم کے نام کو روشن کیا،

اس کے اشعار میں اس کا معلقہ سب سے زیادہ شہرت رکھتا ہے جس کا امتیازی وصف شجاعت اور بدویانہ اخلاق فیاضی اور مروت کی تعریف ہے، اس معلقہ کی ابتدا اُس نے عبلہ کے عشق و محبت

سے کی ہے، اور چونکہ اپنے حسن و جمال اور اصل و نسب کے ذریعہ سے اس کو اپنی طرف مائل نہیں کر سکتا تھا، اس لئے اپنے جنگی کارناموں کے ذریعہ سے اس کو اپنی طرف مائل کیا ہے، ان جنگی کارناموں کے علاوہ اس معلقہ میں وہ اکثر مکارم اخلاق کا ذکر بھی کرتا ہے،

اس کی شجاعت نے اس قدر دلچسپی پیدا کر لی کہ لوگوں نے اس کے متعلق بہت سے من گڑھت قصے بنائے، اور اس کے دیوان میں ایسے بہت سے قصائد شامل کر دیے جو ثقات کے نزدیک صحیح نہیں ہیں، بالخصوص عنترہ کے قصہ میں جو واقعات اور اشعار مذکور ہیں، وہ بالکل خیالی ہیں،

۶۔ زہیر | وہ مضر کے ایک قبیلہ مزینہ سے تعلق رکھتا ہے، جو بلاد غطفان میں آباد تھا، وہ ایک ایسے خاندان کا آدمی ہے جس میں بہ کثرت شعراء پیدا ہوئے، مثلاً اس کے باپ کا ماموں بشامہ ابن الغدیر شاعر تھا، اور شاعری کے ساتھ حکیمانہ خیالات رکھتا تھا، اور صائب الرائے تھا، اس لئے قبیلۂ غطفان کے لوگ جب جنگ کرنا چاہتے تھے، تو اس سے مشورہ لیتے تھے، اور اس کے مشورہ پر عمل کرتے تھے، اور جب جنگ کر کے واپس آتے تھے، تو مال غنیمت میں سے اس کو وہی حصہ دیتے تھے، جو اپنے بہترین شخص کو دیتے تھے، زہیر نے اس کی صحبت میں اپنے اندر یہ دونوں خصوصیتیں پیدا کیں، اسی طرح اس کی ماں کا شوہر اوس بن حجر، اس کا باپ، اس کی بہن سلمیٰ، اور اس کے دونوں بیٹے کعب اور بجیر سب کے سب شاعر تھے،

قبیلۂ غطفان کے دو قبیلے عبس و ذبیان میں سخت عداوت تھی، اور اس عداوت نے غطفان کے ملک کو ایک میدان جنگ بنا دیا تھا، اور اس جنگ نے زمانۂ جاہلیت کے ادبی سرمایہ میں بڑا اضافہ کر دیا تھا، اور اس سلسلہ میں بہت سے فخریہ اشعار لکھے گئے تھے، بہت سی ہجوئیں لکھی گئی تھیں، بہت سے اشعار کے ذریعہ سے جنگ و انتقام پر بھڑکایا گیا تھا، اور واقعات جنگ نے رزمیہ داستانوں کا ایک ذخیرہ مہیا کر دیا تھا، عنترہ عبسی کے بہت سے اشعار اسی جنگ کے آخری حالات سے تعلق رکھتے ہیں،

اور زہیر نے بہت سے اشعار کے ذریعہ سے ان دونون قبیلون کو مصالحت کی طرف مائل کیا ہے، قبیلۂ ذبیان کے دو سردار ہرم بن سنان اور حارث بن عوف نے ان دونون قبیلون مین صلح کرانے کی انتہائی کوشش کی تھی، اور مقتولین کی دیت کا بار بھی اپنے سر لیا تھا، اس بنا پر زہیر نے بھی اُن کی تائید کی اور ان دونون کی مدح مین اشعار کہے، بالخصوص ہرم بن سنان کی بہت زیادہ مدح کی، اور ہرم نے بھی اس کو گران قدر صلے دیئے،

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ زہیر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پیشتر وفات پائی، زہیر کی شاعرانہ خصوصیات یہ ہین کہ وہ ہرزہ گوئی سے نہایت احتراز کرتا تھا، بہت سے معنی کو تھوڑے سے الفاظ مین بیان کر دیتا تھا، غیر فصیح اور نامانوس الفاظ کو استعمال نہین کرتا تھا، اور ہر شخص کی مدح انہی اوصاف کے ساتھ کرتا تھا، جو درحقیقت اس مین موجود ہوتے تھے، وہ نہایت غور و فکر کے ساتھ شعر کہتا تھا، چنانچہ ایک مہینہ مین ایک قصیدہ لکھتا تھا، اور پورے ایک سال تک اسکی کانٹ چھانٹ مین مصروف رہتا تھا، اس بنا پر لوگ اس کے قصائد کو "حولیاتِ زہیر" کہتے تھے، لیکن بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس قسم کا محو و اثبات اس کے معلقہ اور چار طویل قصائد کے ساتھ مخصوص ہے، تاہم غور و فکر کا اثر اس کے تمام اشعار سے علانیہ ظاہر ہوتا ہے، اور اس کے اس غور و فکر مین دقت اور سنجیدگی کے آثار نمایان ہوتے ہین، وہ اپنے موضوع کے مناسب مضامین کا انتخاب کرتا ہے، اور ان مضامین کو بہترین الفاظ مین بیان کرتا ہے، نرمی کے مواقع پر نرمی سے اور سختی کے مواقع پر سختی سے کام لیتا ہے،

اسی طرح اس کا میلان حکیمانہ خیالات کی طرف پایا جاتا ہے، اُس نے زمانہ کا خوب تجربہ کیا ہے، اور لوگون کی نفسیات کا بڑا ماہر ہے، اور ایسے مضامین ایجاد کئے ہین، جو اس سے پہلے کسی کے خیال مین نہین آئے تھے، ابتداے اسلام مین مسلمانون نے اس کے حکیمانہ خیالات کو

بہت پسند کیا ہے، اور بعض مسلمانوں نے اس کو تمام شعراء پر ترجیح دی ہے، کیونکہ اس کے کلام میں صداقت پائی جاتی ہے، اور اس کے بعض خیالات اسلامی اصول کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں،

اس کا بہترین قصیدہ اس کا ہی معلقہ ہے، جس کے اشعار کی تعداد ۵۹ ہے، اس کا موضوع قبیلۂ عبس و ذبیان میں مصالحت کرانا اور ہرم بن سنان اور حارث بن عوف کی مدح کرنا ہے، جنھوں نے اس مصالحت کے لئے کوششیں کی ہیں، اس معلقہ کے ابتدائی ۱۵ اشعار میں اُس نے اُم اوفیٰ کے ساتھ تشبیب کی ہے، جو اس کی بی بی تھی، پھر ۱۰ اشعار ہرم بن سنان اور حارث ابن عوف کی مدح میں کہے ہیں، اس کے بعد آٹھ شعروں میں دونوں جنگجو گروہوں کو مخاطب کیا ہے، اور اُن کو مصالحت کی ترغیب دی ہے، اور ان اشعار میں جنگ کے مصائب اور صلح کی فضیلت کو نہایت خوبی کے ساتھ بیان کیا ہے، پھر حصین بن ضمضم پر چوٹ کی ہے جس نے فریقین کے آمادۂ صلح ہو جانے کے بعد دوبارہ آتش جنگ کو بھڑکانا چاہا ہے، ۱۰ شعر تک پہنچکر اس نے چند حکیمانہ اشعار پر اپنے معلقہ کو ختم کیا ہے، اور ان میں بعض اشعار اُن کے اصل موضوع یعنی دعوتِ صلح سے مناسبت رکھتے ہیں،

لیکن اس کے بعض اشعار بظاہر اس موضوع کے مخالف ہیں، مثلاً اس شعر میں:-

ومن لا یذد عن حوضہ بسلاحہ یھدم ومن لا یظلم یظلم

جو شخص اپنے حوض کی مدافعت اپنے ہتھیار سے نہیں کرتا، اس کا حوض ڈھا دیا جاتا ہے، اور جو شخص ظلم نہیں کرتا اوس پر ظلم کیا جاتا ہے"،

اُس نے ظلم کرنے اور ہتھیار اٹھانے کی ترغیب دی ہے، اور غالباً اس نے اپنے موضوع کو چھوڑ کر اہلِ عرب کی اصلی زندگی کو نمایاں کیا ہے،

۷۔ لبید | وہ مضری قبیلہ کا آدمی ہے، اور اس کی مان قبیلہ بنو عبس سے تعلق رکھتی ہے،

زمانۂ جاہلیت مین وہ ایک بہادر اور فیاض شاعر تھا، اور زمانۂ اسلام مین مسلمان ہوکر مدتون زندہ رہا یہان تک کہ حضرت امیر معاویہؓ کی خلافت مین وفات پائی، اوس نے زیادہ تر اشعار زمانۂ اسلام سے پہلے کہے ہین، اور اسلام لانے کے بعد اُس نے بہت کم شعر کہے، وہ ایک بدوی شاعر ہے، اور اپنے اشعار مین بدویانہ صحرائی زندگی کا وصف بیان کرتا ہے، اس کے معلقہ مین اسی زندگی کے خال وخط نظر آتے ہین، اور بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اوس نے اس کو اپنے عہدِ شباب مین لکھا ہے، اور اس سے قبیلۂ مضر کی شاعرانہ متانت اور قوت کا اظہار ہوتا ہے،

اس معلقہ مین اوس نے سب سے پہلے اہل عرب کے عام دستور کے مطابق معشوق کے مٹے ہوئے کھنڈر پر ٹھہر کر گریہ وزاری کی ہے، پھر اپنی اونٹنی کے اوصاف بیان کئے ہین، اور اس کی تیز رفتاری کو بہت سی تشبیہات کے ذریعہ سے نمایان کیا ہے، کبھی اس کو بادل سے جس کو دکن کی ہوا اڑائے ہوئے لئے جارہی ہے، کبھی جنگلی گدھے سے کبھی نیل گاؤ سے جس کا بچہ گم ہوگیا ہے، اور وہ اس کی تلاش مین دوڑ دھوپ کررہی ہے، تشبیہ دی ہے، اور ہر تشبیہ مین مشبہ بہ کے تمام اوصاف کا استقصار کیا ہے، جن سے ان تشبیہات مین نہایت زور اور مبالغہ پیدا ہوگیا ہے، اس کے بعد اپنی خودداری اور فیاضی کا ذکر کیا ہے، پھر اپنی قوم کی شجاعت، ذہانت اور دیانت کی تعریف کی ہے،

اپنے دورِ شباب کے بعد اُس نے ادھیڑ عمر یا بڑھاپے مین جو اشعار کہے ہین، اُن مین حکمت اور مذہبی احساسات کے آثار نمایان ہین،

اصحابِ معلقات کے علاوہ اور بھی بہت سے جاہلی شعراء ہین جو اُن سے شاعری اور شہرت مین کسی طرح کم نہین، لیکن اُن مین نابغہ ذبیانی اور اعشیٰ سب سے زیادہ مشہور ہین، اور بعض علماء نے ان کو بھی اصحابِ معلقات مین داخل کیا ہے،

نابغہ اس درجہ کا شاعر ہے کہ عکاظ کے میلے مین اس کے لئے چمڑے کا ایک خیمہ نصب کیا جاتا تھا،

اور اس میں عرب کے تمام شعراء جمع ہو کر اس کو اپنے اپنے قصائد سناتے تھے، اور وہ یہ فیصلہ کرتا تھا کہ ان میں بہترین قصیدہ کس کا ہے، امرء القیس کے بعد نابغہ نے عربی شاعری کی ترقی کا ایک قدم اور آگے بڑھایا اور سلاست، جزالت اور سادگی کے ساتھ نئے نئے مضامین پیدا کئے، اور وصف نگاری میں خاص شہرت حاصل کی، اعشیٰ ایک سیاح شاعر ہے، اور اس نے تمام جزیرۂ عرب کی سیاحت کی ہے، اور اس سیاحت نے اس کے علم و تجربہ میں بڑا اضافہ کیا ہے، اور اس نے چند تاریخی واقعات نظم کئے ہیں، اوس کے اشعار میں چند فارسی الفاظ پائے جاتے ہیں، اور غالباً اس نے حیرہ کی سیاحت میں یہ الفاظ سیکھے ہیں، اس نے شراب و کباب، ندیم، ساقی، رقص و سرود کے متعلق بھی بہ کثرت اشعار لکھے ہیں، یہاں تک کہ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ وہ شراب بناتا تھا، اور اس کی تجارت کرتا تھا، بہرحال خمریات کی صنف میں وہ اخطل اور ابونواس کا پیشرو ہے، (باقی)

اعلان

یہ طے پایا ہے کہ خاص خاص موضوعوں کی ہندی اور اردو مطبوعہ کتابوں پر ہندستانی اکیڈیمی کے ذریعہ دیئے جانے والے سالانہ انعام پھر سے جاری کئے جائیں، ۱۹۴۹-۵۰ء کے انعام اپریل ۱۹۴۵ء کے بعد کے چھپے ہوئے افسانوں (ناول اور کہانیوں) کی بہترین کتابوں پر دیئے جائیں گے،

یہ انعام پانچ پانچ سو روپیہ کے ہوں گے، ایک انعام ہندی اور ایک اردو کے لئے ہے، مصنفین، پبلشر، اور عام اصحاب سے التماس ہے کہ مطبوعہ کتابوں کے نام مع ضروری اطلاعات کے ۱۵ دسمبر ۱۹۴۹ء تک جب کہ ان کا ابتدائی انتخاب ہوگا، بھیجنے کی زحمت فرمائیں، ابتدائی انتخاب کی منظور شدہ کتابوں پر ایک فیصلہ کرنے والی کمیٹی اپنی رائے کا اظہار کرے گی، اور امید کیجاتی ہے کہ انعامون کا اعلان مارچ ۱۹۵۰ء تک ہوگا۔

دھریندر ورما ایم اے ڈی لٹ (پیرس) معتمد و خازن ہندستانی اکیڈیمی یوپی الہ آباد،

ابوحنیفہ دینوری کی کتاب النبات

از

جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب (بم اے پی ایچ ڈی)

مؤلف | دینوری نے "کتاب النبات" کے نام سے نباتیات کی جو انسائیکلوپیڈیا مرتب کی تھی وہ عربی زبان کے اُن شہکاروں میں سے ہے، جو عرصہ سے ناپید ہیں، اس کا ایک ٹکڑا ابھی ابھی برآمد ہوا ہے، اور وہی ان سطروں کے لکھنے کا محرک ہے،

اس کے مؤلف ابوحنیفہ احمد بن داؤد بن ونند کی ولادت شہر دینور میں ہوئی، جو عراق عجم میں ہے، صحیح تاریخ تو معلوم نہیں لیکن تیسری صدی ہجری کے پہلے عشرے کا قیاس ہے، وفات یا فوت (معجم الادباء) کے بیان کے مطابق ۲۶ جمادی الاولیٰ ۲۸۲ھ کو ہوئی، اُن کے دادا کا نام ونند ہے جس کے معنی پرانی فارسی میں "فتحیاب" کے بیان کئے گئے ہیں،

بنوامیہ کے خاتمہ کے بعد جب عباسیوں کی طویل حکومت میں مستحکم امن میسر ہوا، تو جہاں کوفے اور بصرے کی علمی خانہ جنگی کم ہوئی، وہیں مکتب بغداد کے اصول خذ ما صفا میں پلنے والے عربی زبان کی ہمہ جہتی ترقی میں، اتنا حصہ لینے لگے کہ یہ دور تاریخ میں سنہرا دور سمجھا جاتا ہے، ہمارے مؤلف کے ہمعصروں میں امام بخاری، امام احمد بن حنبل، امام قشیری، بایزید بسطامی، جاحظ، محمد بن حبیب، ابن قتیبہ، ابوزید بلخی اور دیگر انگنت مقتدر شخصیتیں نظر آتی ہیں، اور اپنے شعبے کی حد تک دینوری کا کارنامہ اور کاوش تحقیق بجز چند محدثین کرام کے کسی بھی بڑے سے بڑے مؤلف سے کم تو کیا کم ہی لوگ اس کی برابری کا دعویٰ

کر سکتے ہین،

ہمارے "ہرفن مولیٰ" مولف کو اگر تاریخ اور جغرافیہ سے دلچسپی تھی، تو ساتھ ساتھ ریاضی اور جبر و مقابلہ و ہیئت سے بھی، لسانیات اور بلاغت سے بھی، طب و نباتات سے بھی،

لسانیات اور صرف و نحو کی تعلیم السکیت اور ابن السکیت سے پانے کا ذکر تو ہمارے مآخذ کرتے ہین، لیکن دیگر علوم کے متعلق وہ خاموش ہین، اگر دینوری کی سب تالیفین ملتین تو ان مین ذکر کردہ اسناد سے اُن کے دیگر علوم کے اساتذہ کا بھی پتہ چل جاتا، جہان تک نباتیات کا تعلق ہے، ہم کہہ سکتے ہین کہ انھون نے اپنی کتاب کی تالیف مین اپنے پیشروؤن سے بھی استفادہ کیا ہے اور معاصرون سے بھی اور خود ذاتی تحقیق اور مشاہدے سے بھی،

ابن ندیم کے بیان کے مطابق ابو علی الحسن بن عبداللہ الاصفہانی کے رفیق درس تھے، اور الفراء[1] کے راوی کا فرض بھی انجام دیا، یاقوت کے بیان کے مطابق دینوری اپنی زندگی ہی مین بطلمیوس پر دازکے جاحظ کے حریف تسلیم کئے جاتے تھے، علم ہیئت کے رصدی مشاہدے انھون نے پچیس سال کی عمر مین کرکے اپنا سکہ بٹھا دیا تھا، اور دینور مین ان کی خانگی رصدگاہ اُن کے بعد بھی صدیون کام دیتی رہی،

اصل تالیف | بعض حوالون سے پتہ چلتا ہے کہ اصل کتاب النبات چھے ضخیم جلدون مین تھی، مجھے اب اس مین کوئی شبہہ نہین رہا، ہمین اب جو تین باب دستیاب ہوئے ہین، ان کے اقتباسات ابن سیدہ کی کتاب المخصص مین بھی ہین لیکن اس تناسب سے کہ ہماری (۴۰۷) سطرون سے وہان صرف (۱۹۰) سطرین نقل ہوئی ہین،

---

[1] ایک غیر متعلق مگر دلچسپ اطلاع یہ عرض کرنی ہے کہ الفراء (المتوفی ۲۰۷ھ) کی تفسیر قرآن مجید مل گئی ہے، اور کتب خانۂ وہبی آفندی استانبول (تفسیر نمبر ۶۶) میں موجود ہے، مشتبہ تفسیر ابن عباسؓ کو چھوڑ کر اب یہ محفوظ و موجود تفسیرون مین قدیم ترین ہو جاتی ہے، حتی کہ امام زید بن علی سے بھی قدیم تر،

اور ابن سیدہ مین دینوری کی کتاب النبات کے جو اقتباسات ہین، وہ کم سے کم دو سو صفحون کی جلد مین سما سکتے ہین، یہ امر قابل وضاحت ہو کہ دینوری نے پودون کے نباتاتی حالات زیادہ دیئے ہین، اور متعلقہ اصطلاحات کی لسانیاتی اور صرفی ونحوی تشریح جو محض ضمنی ہے، مختصر آدی ہے، اور ابن سیدہ نے زیادہ تر صرف آخری حصہ کو نقل کرکے باقی کو ترک کر دیا ہے، ان حالات مین کتاب النبات کا چھے ضخیم جلدون مین ہونا بعید از قیاس بالکل نہین معلوم ہوتا، البتہ کشف الظنون کا یہ بیان کہ ابن اخت غانم نے کتاب النبات کی شرح ساٹھ جلدون مین لکھی تھی حسن ظن سے بھی کام لین، تو ساٹھ کراسون سے عبارت معلوم ہوتی ہین،

چند سال قبل ۱۹۱۰ء مین برسلاؤ (جرمنی) کے ایک طالب علم زلبرگ نے ابن سیدہ لسان العرب وغیرہ سے دینوری کے اقتباسات اکٹھے کرکے ایک مقالہ اپنے امتحان ڈاکٹریٹ کے لئے لکھا تھا، جو ۱۹۱۱ء مین اشٹراسبورگ کے جرمن رسالے "تسائت شریفت فیورا مورفولوگی" مین چھپا تھا، عربی زبان اور نباتیات دونون مین درک رکھنے اور بعض اچھے اساتذہ کے خانگی جمع کردہ مواد سے بھی نوازے جانے کے باعث اس کے خیالات اصل تالیف کے متعلق دلچسپی کے حامل ہین، اسے البتہ ہمارے تازہ مخطوطے کا علم نہ تھا،

اس کے پیشرو | قبل اس کے کہ زلبرگ کے کچھ اقتباس دیئے جائین، اپنا ایک ناچیز خیال پیش کرنا چاہتا ہون کہ دیگر علوم وفنون کی طرح مسلمانون مین نباتیات کا ذوق بھی قرآن مجید ہی سے پیدا ہوا ہوگا، دنیا کی مقدس اور الہامی مذہبی کتابون مین سے کسی مین بھی نباتات کا اتنا کثیر ذکر نہین ہو جتنا قرآن مجید مین ہے، ایک دو گھنٹے کی تلاش مین مجھے ایسے (۱۶۹) مقام ملے، ان کی مختصر تحلیل شاید بے محل نہ ہو،

"خدا سارے جہانون کا آقا (رب العالمین) ہے تو عالم نباتات کا بھی وہی آقا ہے یہی نہین

خدا نے اپنا وصف خود نحن الزارعون، نحن المنشئون کے الفاظ مین بیان کیا ہے، قرآن مین بہ کثرت تذکرے مردہ زمین، زندہ زمین ایک کا دوسرے مین مبدل ہونا اور اس کے اسباب دلچسپ انداز مین بیان ہوئے ہین، آب پاشی کے ذرائع مین سے چشمون، ندیون، کنوؤن، بارش شبنم کا ریتون بادلون وغیرہ کا ذکر ہے، تو باغون، کھیتون، چراگاہون، جنگلون، سبزہ زارون کا اُن کی زندگی کے مختلف ادوات مین بھی، قسم قسم اور رنگ برنگ کے میوے کھجور، انجیر، انگور، انار کا نام آتا ہے تو غلون ترکاریون مین قثاء فوم، عدس بصل، خردل، زنجبیل وغیرہ کا نیز چھلکون، چھالون کا کھجور کا تفصیلی ذکر، اس کا تنہ اس کے گچھے، خوشے، گٹھلی، قطمیر، وغیرہ وغیرہ کا ذکر عرب ناظر و سامع کے لئے ناگزیر ہی تھا، انگور کی بیلون، شراب، شہد، زیتون، رند و ریحان (زہرۃ الحیوٰۃ کے ذریعہ سے) پھولون کا قمر، متن، زقوم، سدرہ بھی مذکور ہین، لکڑی وغیرہ سے بننے والے سامان مین کرسی تخت، دروازہ، سیڑھی، تیر کمان، تکیے، قالین، قلم، ریشم، لباس، کاغذ، پکوان کے برتن کے ساتھ ساتھ چرنے والے جانورون مین اونٹ، بھیڑ، بکری، گائے، بیل (دودھ) گھوڑے، گدھے، خچر، بندر، سور، ہاتھی، گورخر، ہڈی، نیز، کھی، شہد کی مکھی، مکڑی بھی مذکور ہین، نقلے کے کاروان، کشتیان، تر و خشک ایندھن، لکڑی کا چقماق، ناگر، کٹائی، قحط، طوفان طغیانی، غرض بیسیون اور کے لیے لیے تذکرے ہین، اگرچہ ہمارے مؤلف نے پیش نظر مخطوطے مین (جس کو جامعہ کیمبرج یا برلن اکاڈیمی شاید شائع کرے گی) صرف چار ہی مرتبہ قرآنی آیات سے استدلال کیا ہے، لیکن اس ٹکڑے کی وارد شدہ اصطلاحات قرآن مجید مین بیسیون ہی ہین،

جاہلیت کا عرب شاعر باریک بینی کے لئے مشہور ہے، تو دہین اس کی زبان آنی متمول نظر آنی ہے، کہ وہ نباتات کے دقیق سے دقیق مسئلے کے لئے بھی کسی غیر زبان کے الفاظ کا محتاج نہیں ہوتا بعد کے علمی ترقی یافتہ دور مین بھی جاہے فلسفہ منطق طب وغیرہ مین عربون کو بیرونی اصطلاحات و الفاظ قبول اور رائج کرنے پڑے ہون لیکن فقہ ہی کی طرح نباتات مین بھی یونانی اور سنسکرت وغیرہ کا اثر ناپید ہے،

بجز اس کے کہ عرب یا عربون کی سفر گاہون مین پیدا نہ ہونے والے پودون کے نام ہون، عربی زبان کا یہ کمال عجیب اور حیرت انگیز تو ہے لیکن لغو اور بے وجہ نہین، بات یہ ہے کہ یونانیون کے برخلاف جو حضری اور شہر نشین ہو گئے، عرب مین بدویت اور خانہ بدوشی ہمیشہ باقی رہی، اور اس بے برگ و گیاہ صحرا مین ہر پودہ، پودے کا ہر جزو وہان کی انسانی اور حیوانی آبادی کو ہر وقت مطلوب ہوتا تھا، اس کے خوردنی یا ناخوردنی ہونے کی تحقیق آخری حد تک پہنچانی ناگزیر تھی، پھر کسی اور علمی مشغلے کی غیر موجودگی مین اندرونی لپک حساس طبیعتون کو ان مشاہدات کو نظم مین منتقل و محفوظ کرنے کی ہر ترغیب بھی موجود تھی

دینوری اور اس کے ہم عصر نباتیون پر تبصرہ کرتے ہوئے جہان زلبرگ یہ تسلیم کرتا ہے، کہ ان کی تالیفون مین نہایت ترقی یافتہ فنی اور اصطلاحی الفاظ ہر قدم پر ملتے ہین"، وہین وہ اس پر حیرت ظاہر کرتا ہے کہ کس طرح ایک جاہل بدوی ریگستان مین اونٹ کے قدم کے نشان" ہی کی طرح پودون کی ساخت کے نازک سے نازک پہلو اور جزو کو بھی اسی صحت، وضاحت اور پرگو انداز مین منظر عام پر لا سکتا ہے"، پھر یہ پوچھتا ہے،

"بہرحال یہ کافی حیرتناک ہے کہ زمانہ قدیم کے سارے نباتیاتی ادب مین ہماری کتب کے صرف دو ہی مماثل پیشرو ملتے ہین، یہ کیسے ہو گیا کہ مسلمان اس معاملہ مین اس قدر جلد اپنے بھرے یونانیون کے برابر ہی نہین ہو گئے، بلکہ اُن سے بڑھ ہی گئے؟..... دیگر قومون کے نباتیاتی ادب نے قوم کی ترقی کے زمانہ مین اپنی الگ فنی زبان پیدا کر لی لیکن یہان معاملہ الٹا ہے، بدویون کی زبان اس علم کے وجود مین آنے سے بھی پہلے تفصیلات تک کے لئے ایک خوب ہی پھیلے ہوئے ذخیرۂ اصطلاحات کی حامل تھی"

فنی لغتین | عام لغتون کے ساتھ ساتھ عربون مین خصوصی ایک فنی لغتون کا بھی کم از کم اصمعی کے دور سے روز افزون شوق پیدا ہو گیا تھا، کتاب الزرع والنخیل، کتاب الخیل، کتاب الابل، کتاب الحیات،

کتاب الوحوش، کتاب الحیوان، کتاب الانواء، کتاب الارض والسماء، غرض بیسیون ہی نام اس سلسلہ مین لئے جاسکتے ہین جن مین سے بعض اب تک محفوظ بھی ہین، اُن کے متعلق زمانۂ حال کے سب سے بڑے جرمن وراق یا کتب شناس بروکلمان نے ضمیمۂ تاریخ ادبیات عربی ۱۹۳۸ء مین لکھا ہے کہ اس طرح کی یک فنی کتون پر لسانیات کے نقطۂ نظر سے نہایت قیمتی ہونے کے باوجود یورپین زبانون مین آج تک بہت ہی کم توجہ ہوئی ہے،

ابتدائی عربی تالیفین | نباتات پر جن ابتدائی عربی تالیفون کا پتہ چلتا ہے، وہ ابن ندیم وغیرہ کے مطابق یہ ہین :-

(۱) ابو عمرو بن العلاء (المتوفی ۱۵۹ھ)؛ کتاب ہ (بعد والون کے ہان اسکے بکثرت حوالے ہین) (۲) ابو زید (المتوفی ۲۱۴ھ) کتاب الشجر والکلاء (بحوالہ مزہر سیوطی) (۳) ابو زیاد الاعرابی (ہمعصر خلیفہ مہدی) کتاب النوادر (نباتات سے جزء آبحث) (۴) الاصمعی (المتوفی ۲۱۶ھ) کتاب النبات والشجر (طبع بیروت) (۵) ابن الاعرابی (المتوفی ۲۳۱ھ) کتاب النبات (۶) ابو نصر الباہلی (المتوفی ۲۳۵ھ) کتاب الشجر والنبات (۷) ابن السکیت (المتوفی ۲۴۴ھ) کتاب النبات والشجر (۸) ابو حاتم السجستانی (المتوفی ۲۵۰ھ) کتاب الشجر والنبات (۹) العسکری (المتوفی ۲۷۵ھ) کتاب النبات (۱۰) دینوری (المتوفی ۲۸۲ھ) کتاب النبات،

ان کے علاوہ عام لغتون مین بھی نباتات کا کافی ذکر ہے، خلیل (المتوفی ۱۶۰ھ) سیبویہ (المتوفی ۱۶۱ھ) الکسائی (المتوفی ۱۸۹ھ) الفراء (المتوفی ۲۰۷ھ) ابو عبیدہ معمر (المتوفی ۲۰۸ھ) ابو عبید القاسم (المتوفی ۲۲۳ھ) ابو عمر الجرمی (المتوفی ۲۲۵ھ) کے نام خاص طور پر اس سلسلے مین لئے جاسکتے ہین، ان مین سے ہر ایک نے اپنے پیشروون اور اپنے ہمعصرون کی کتابون سے استفادہ کیا ہوگا، اور حسب عادت مالوفہ، ان کی کچھ چیزین بلا حوالہ نقل کی ہون گی تو کچھ اپنی

طرف سے اضافہ بھی کیا ہوگا، اور بہ حیثیت مجموعی علم کو زندہ رکھنے اور اس کی مزید ترقی میں حصہ لینے کا سلسلہ جاری رہا ہوگا،

افسوس ہے اب صرف تالیف نمبر ۴ اصمعی کی کتاب النبات والشجر ملتی ہے، کوئی چالیس برس ہوئے جرمن مستشرق ناگلبرگ نے ابوزید کی طرف منسوب کتاب النبات والشجر شائع کی لیکن اب اندرونی شہادت کی بنا پر کہا جاسکتا ہے کہ وہ یا تو ابن خالویہ (المتوفی ۳۷۰ھ) کی تالیف ہے یا کسی اور کی،

خوشہ چین | ابوحنیفہ دینوری کی یادگار تالیف نے سب کے قلم توڑ ڈالے اور اس کے بعد صرف اسی کے حوالہ سے پودوں اور جڑی بوٹیوں کے ذکر ہونے لگے، یہ اقتباسات بہت سے ہیں، اور انھی سے ایک ضخیم جلد دو تین سو صفحوں کی تیار ہوسکتی ہے،

(۱) ابن سیدہ: کتاب المخصص نیز کتاب محکم (۲) ابن سمجون: الجامع فی الادویۃ المفردہ، (۳) الغافقی: شرح الاقعار (خلاصہ ابن میمون الاسرائیلی) (۴) الصاغانی: العباب (۵) ابن منظور: لسان العرب (۶) فیروزابادی: القاموس، (۷) مرتضی زبیدی: تاج العروس (۸) ابن البیطار: مفردات الادویہ (۹) ابن العوام: کتاب الفلاحت (۱۰) علی البصری: التنبیہات علی الاغلاط (۱۱) یاقوت: معجم البلدان (۱۲) المرزوقی: الازمنۃ والامکنۃ،

میں خاص کر دینوری کے اقتباسات ملتے ہیں، اور ابن سیدہ کی کتاب المخصص میں سب سے زیادہ ہیں، جیسا کہ معلوم ہے اس کتاب میں ایک ایک عنوان لیا گیا ہے، جیسے انسان، زمین، اونٹ، پانی وغیرہ اور اُن کے تحت جملہ متعلقہ ہزاروں الفاظ مختصر توضیح کے ساتھ جمع کر دیئے گئے ہیں، اس کی بارہ پندرہ جلدوں کی ورق گردانی میں مجھے جن جن ابواب میں ابوحنیفہ دینوری کے اقتباس نظر آئے ہیں اُن کی بنیاد پر اصل کتاب النبات کی فہرست مضامین یا کم از کم اس کی وسعت کا کچھ نہ کچھ

اندازہ ہو جائے گا، ابن سیدہ کی جلد (۱۰ تا ۱۲) مین نباتات و متعلقات کا ذکر ہے، اور شاید یہ فرض کر لیا جا سکتا ہے کہ اصل کتاب النبات کی بھی ویسی ہی ترتیب ہوگی، البتہ ابن سیدہ کا مقصد المخصص مین کتاب النبات سے مختلف ہونے کے باعث کتاب النبات کے مواد کی المخصص مین تقسیم و انتشار بھی ناگزیر ہے، بہرحال المخصص مین دینوری کے اقتباسات زیادہ تر حسب ذیل ترتیب سے ہین،

کتاب النبات کی تحلیل | المخصص جلد (۴) مین نباتی دباغت پر بہت دلچسپ اور اہم مواد ہے،

" (۵) شہد، شہد کی مکھیان، کھانا، تے کرنا وغیرہ،

" (۶) تیر کمان کا طویل ذکر،

" (۷) اونٹون کا چرنا، اور ان کی بیماریان،

" (۸) ہرن، پرندے، ٹڈی، مکھیان وغیرہ،

" (۹) آب پاشی، اس کے "برتن" مثلاً ڈول وغیرہ، رسیان، پانی رکھنے یا لیجانے کا سامان جیسے مشک وغیرہ،

" (۱۰ تا ۱۲) حسب تفصیل ذیل،

پودون کیلئے مٹی کی ضرورت ہے، حتیٰ کہ آبی نباتات کے لئے بھی زیر آب زمین درکار ہے، اور چٹانون پر اگنے والے پودون کے لئے بھی پتھر پر جمی ہوئی گرد ناگزیر ہے، اسی لئے سب سے پہلے مٹیون اور زمینون کا تفصیلی ذکر ہے، آباد، غیر آباد، کم آباد، دبائی علاقے اور اس کے اسباب، موسم، اور محل وقوع کا اثر زمین پر وغیرہ بیان کرنے کے بعد ہمارا مؤلف پودون کی ایک بڑی اور بنیادی تقسیم بوئے ہوئے اور خودرو مین کرتا ہے، بونے کے سلسلے مین ناگر اور دیگر ذرائع سے زمین کو تیار کرنے کی تفصیل آئی ہے، پھر وادیون طغیانیون اور سیلابون کا ذکر ہے، آب پاشی کا ذکر ابن سیدہ نے

جلد (۹) مین منتقل کر دیا ہو جو غالباً اصل مین یہان ہونا چاہئے تھا، بارش کی پھتروں کا بھی یہان ذکر آتا ہے، لیکن دینوری نے اس پر کتاب الانواء کے نام سے ایک مستقل کتاب بھی لکھی تھی، زمین کا ذکر دوبارہ کرتے ہوے پھر اس کا ذکر ہے کہ کہان پودے جلد اُگتے ہین، کہان دیر سے اور کہان نباتی زندگی مشکل اور کہان ناممکن ہے، پھر زرخیز زمین کی عام خصوصیتون کی تفصیل آتی ہے، اور مختلف رنگ کی مٹی کے ذکر کے بعد امساک باران، پانی کی قلت، موسم کا اچھا یا بُرا ہونا، کاشت مین غیر مطلوب جنگلی خودرو پودون کا خود بخود اُگ آنا، وغیرہ بیان ہوے ہین،

اس کے بعد گویا اصل کتاب شروع ہوتی ہے، اور نباتات مین تر و خشک گھاس کا بیان کرنے کے بعد تنے والی نباتات یعنی درختون کا ذکر شروع ہوتا ہے، اور ان کے وہ اوصاف بھی بیان ہوے ہین، جو سب خاندانون مین مشترک ہین، اور وہ بھی جو بعض بعض سے مخصوص ہین، درختون کا اُگنا، پھولنا اور اُن پھولون کی خصوصیتین بیان کرنے کے بعد درختون کی ذیلی تقسیم یہ کی گئی ہے کہ کونسے پھلتے ہین، اور کن مین پھل نہین آتا، اور اس نوبت پر درخت کی ساخت، جڑ، تنہ، وغیرہ پر بحثین کر کے تنے پر ہونے والے مضر اثرات، کیڑے اور گھن وغیرہ کا ذکر ہے، اور کم عمر اور پرانے طویل العمر درختون کی تفصیل ہے،

تنے سے لئے جانے والے کامون کی بحث مین بہت سے اُمور آتے ہین، اور تیر کمان سے بحث کا آغاز ہوتا ہے، پھر شاخون تنون کو کاٹنے اور کاٹنے پھوڑنے چیرنے کے آلات کی پوری تفصیل ہے، اور ایندھن پر گویا یہ بحث ختم ہوتی ہے، بات مین بات ایندھن مین آگ کا ذکر آتا ہے، ایک بات اس پر ہے کہ کونسی لکڑیون سے چقماق کا کام (بجائے پتھر اور لوہے کے) لیا جاتا ہے، اور آگ کی داستان اس کی ولادت سے وفات تک ہے یعنی چنگاری، دھوان، راکھ، اُن آگ، اُس کے اسباب، گرمی کی زیادتی اور کمی، لکڑی کا جلنے مین چٹخنا، اور اس کا سبب

جنگلون مین بعض وقت خود بخود آگ کا لگ جانا، اور اس کے اسباب، آگ کو طویل عرصہ تک محفوظ رکھنا، اور اس کے طریقے جن سے بارش اور طوفان مین بھی وہ محفوظ رہے، وغیرہ وغیرہ، یہ دونون باب ہمارے مخطوطے مین ہین، اور ابن سیدہ مین بھی اسی ترتیب سے محفوظ ہین، گو جستہ جستہ جملون کی صورت مین،

پھر درختون کے جھنڈ اور جنگلون کا ذکر ہے، یہان مؤلف اہم درختون کا فرداً فرداً ذکر کرتا ہے، پھر بوئی جانے والی نباتات کا ذکر اس سلسلہ مین دوبارہ کیا ہے، بعد ازان زراعت، زرعی امراض، فصل کاٹنے، دانے اُسانے اور گوداموں مین محفوظ کرنے وغیرہ کی پوری تفصیل ہے، اس کے بعد غلون کا الگ الگ ذکر ہے، جیسے گیہون، جَو، سبزیان، ترکاریان وغیرہ،

اس کے بعد پھلون کا ذکر ہے، سب سے پہلے انگور اور اس کی کاشت اور ضمناً شراب سازی، شراب نوشی، بدمستی، اور اسکے نتائج بہت تفصیل سے آتے ہین، کوئی زاہد تو اس رند پر کفر ہی کا فتویٰ دیدے کہ وقتِ رز کے عین بعد مقدس کھجور کا ذکر آتا ہے، عربی مین نخلیات اور تمریات پر مواد کی کیا کمی ہو سکتی ہے، البتہ تفصیل کی نہ مجھے ہمت ہے نہ ناظرین کو صبر و تحمل ہو سکے گا، کھجور کے بعد سیب، بادام، پستے، انار، وغیرہ بہ کثرت پھلون اور میوون کا تفصیلی ذکر ہے،

اس کے بعد گویا کتاب کا حصہ دوم شروع ہوتا ہے، اور ایسے پودون کا ذکر ہے، جو چٹانون، پتھریلی زمینون، غیر مسطح یا مسطح میدانون مین اُگتے ہین، نیز وہ جو پانی مین یا پانی کے بہت قریب ہی اُگ سکتے ہین، ضمناً اُن کا بھی ذکر آگیا ہے، جو سمندر کے کھاری پانی ہی مین اُگتے ہین، حالانکہ عام طور پر کھاری پانی پودون کے لئے زہر قاتل ہے، پھر مختلف ایسے پودون کا ذکر ہے جن کے لئے محلِ پیدایش کی خصوصیت نہین، نیز وہ پودے جن کے پتون کی سبزی دیر تک رہتی ہے، اور انکی پت جھڑ دھوپ کالے کے ختم پر ہوتی ہے، پھر کاٹنے والی جھاڑیون کا ذکر اور اُن کی ذیلی قسمین آتی ہین، ہلیون

اور زمین پر پھیلنے والے پودوں کا بھی خصوصی ذکر ہے، مسواک اور ان درختوں کا جن سے وہ بنتی ہیں، الگ ذکر آتا ہے، اس کے بعد خوشبودار پودے آتے ہیں، اور یہ تفصیل بھی کہ کونسے عرب میں نہیں ہوتے اس کے ساتھ عطر سازی اور خوشبوؤں کی صنعت کا ذکر ناگزیر تھا، اور ذکر آیا ہے، اس کے بعد رنگوں کا ذکر اور رنگ سازی کی صنعت نیز بالوں کے خضاب میں کام آنے والے پودوں کی تفصیل ہے، پھر ایک اہم باب اُن درختوں کے ذکر میں ہے، جن سے عرق نکلتا ہے، اور مختلف قسم کے گوند، لوبان وغیرہ کی تفصیل ہے،

اس کے بعد ایسے پودوں کا ذکر ہے جن میں زیر زمین پھل آتا ہے یعنی جن کی جڑوں میں خوردنی و ناخوردنی گڈے نکلتے ہیں، یہ باب بھی ہمارے مخطوطے میں ہے،

حنظل اور دوسرے کڑوے پھلوں والے پودوں کے بعد کدو، کھیرے، پیاز اور دیگر طبّی نباتات کا ذکر آتا ہے، اور زہریلے پودوں کے ذکر کے بعد جانوروں کی غذا اور چراگاہوں پر دینوری کے اقتباسات ختم ہو جاتے ہیں،

بعض وقت حیرت بھی ہوتی ہے، مثلاً آم کا ذکر دینوری کڑوے اور کھٹے پھلوں (حنظل وغیرہ) کے ساتھ کرتا ہے، کیا اب سے ہزار برس پہلے ہمارا نخمی آم واقعی اتنا ہی غیر ترقی یافتہ تھا، پان کا ذکر خوشبودار پودوں میں بھی ہے، اور یقطین (کدو کی جنس) کے ساتھ بھی، اور عجیب عجیب خوش فہمیاں اس سے وابستہ کیگئی ہیں،

ابن سمجون الغافقی، اور ابن البیطار کے ہاں زیادہ تر طبّی مفاد کے اقتباسات ہیں، ان ممتاز طبیبوں نے دینوری کو جو وقعت دی ہے اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ مختلف جڑی بوٹیوں کے متعلق اقتباسات میں دینوری کا بیان سب سے پہلے آتا ہے، غالباً ہمالیہ تلے کے برّ اعظم کی طرح قدیم ایران و اندلس میں بھی ہر پڑھا لکھا مسلمان اپنے نصاب تعلیم میں طب کی کتابیں بھی پڑھتا تھا،

پادری خاص کو مشنری آج بھی اس پر عامل ہیں، مجھے اپنے سفروں میں ہمیشہ افسوس ہوتا رہا کہ کیوں میں مبادی طب سے واقف نہیں کہ مریض بندگان خدا کی جنگلوں صحراؤں وغیرہ میں کچھ ممکنہ خدمت کرنے اور اُن کی تکالیف کم کرنے میں حصہ لے سکتا، یہ ہماری جدید تعلیم ہے، مگر دینوری طب پیشہ چاہے نہ ہو، طب دان ضرور نظر آتا ہے، اور ہر پودے کے ذکر میں اس کی طبی خاصیت ضرور لکھتا ہے،

دینوری کا طریقہ بحث عربی تمدن اور ذوق کا عکس دینوری کی سطر سطر میں ہویدا ہے، مثلاً جب چقماق کی لکڑیوں کا ذکر شروع ہوتا ہے، تو وہ یکے بعد دیگرے ایسے ہر درخت کا نام لیتا ہے، اور جن لوگوں نے اس کو دیکھا ہے ان کے منثور و منظوم بیانات درج کرتا ہے، اور اگر اشعار اور ضرب الامثال میں کچھ تصحیف ہوں، یا نامانوس الفاظ غریب اللغات ہوں، تو اُن کی تشریح و توضیح کرتا ہے، جابجا قصے اور لطیفے بھی آجاتے ہیں، اور چونکہ ہر باب کے متعلق زبان کے جملہ متعلقہ اسماء و افعال کا یکجا کرنا مقصود ہے، اس لئے کچھ فصلیں عام ناظرین کے لئے خشک مگر لسانیات یا صرف و نحو کے طالب علم کے لئے معلومات کی کان بنی ہوئی بھی نظر آتی ہیں، مترادفات، اختلاف روایات، سابقہ مؤلفوں کی تردید و تصحیح سب ہی کچھ آتی ہے، اور بعض دلچسپ اور اہم ترین معلومات محض ضمناً اور بظاہر غیر متوقع مقام پر ملتے ہیں،

موجودہ مخطوطے کی اصلیت مجھے یہ مخطوطہ ایک مجموعۂ رسائل میں مدینہ منورہ میں ملا، اس کی صحت کو جانچنے کا کوئی ذریعہ ڈھونڈھتا تھا، دنیا میں کہیں بھی اس کے کسی اور نسخے کا تا حال پتہ نہیں، چند سال قبل کہتے ہیں کہ بیت المقدس میں اس کا ایک نسخہ تھا، جو ۱۹۳۹ء میں بھی لاپتہ تھا، نہ معلوم امریکا پہنچ گیا ہے یا یورپ، ابھی ابھی آکسفورڈ کے ایک استاد سے سنا کہ استانبول میں اوس کے کسی نسخے کا پتہ چلا ہے لیکن وہ استانبول کے دیگر قلمی نوادر کے ساتھ صندوقوں میں بند اناطولیہ میں تہ خانوں میں کسی جگہ چھپا ہوا ہوگا اور مجنونِ مغرب میں جنگ کا خطرہ گھٹنے تک اس سے استفادہ ممکن نہیں ہوگا،

میں نے یہ کہا کہ ابن سیدہ، لسان العرب، ابن البیطار وغیرہ (مذکورۂ صدر خوشہ چینوں) سے

دینوری کے اقتباسات، جو سکیڑوں ہیں، جمع کئے، اور مدینہ منورہ کے مخطوطہ میں جو مسائل ہیں ان کو وہاں ڈھونڈنے کی کوشش کی جو کامیاب رہی، بیسیوں اقتباسات ایک یا زائد متاخر ماخذوں میں دینوری کے حوالہ سے ملے، اور عبارت اتنی ہی ہو بہو اور یکساں ملی جتنی ایک ہی چیز کے متعدد ناقلوں کے ہاں ہو سکتی ہے، اس طرح کوئی شبہہ نہیں رہتا کہ مدینہ کا مخطوطہ اصلی اور واقعی دینوری کا ہے، بعد والوں کے ہاں بعض جگہ حذف و خلاصہ ہے لیکن ایسی کوئی چیز نہیں ملی جس سے یہ گمان ہو کہ مخطوطہ مدینہ کے ابواب بھی اصلی نہیں بلکہ اصل کا خلاصہ یا اقتباس ہوں،

مخطوطۂ مدینہ میں صرف تین باب ہیں، اور جیسا کہ اوپر بھی اشارہ ہوا، پہلا باب چقماق کی لکڑیوں پر ہے، (جس میں آگ جھاڑنے کا طریقہ بھی بتایا گیا ہے) دوسرا باب آگ اور شعلے اور دھوئیں اور راکھ کے رنگوں اور ان کے اختلاف کے اسباب پر ہے، اور تیسرا باب زیر زمین پھلدار پودوں پر ہے، میں نہ تو نباتیات کا طالب علم رہا ہوں اور نہ عربی ادب کا، محض عربی زبان کی کچھ واقفیت سے اس طرح کی فنی کتاب (جس میں بیسیوں نامعلوم پودوں کے نام اور دیگر اصطلاحیں ہیں) کو واحد مخطوطے کی مدد سے طباعت کے قابل بنانا بڑی جسارت ہے، بہرحال کسی اور اہل تر شخص کی آئندہ نظر ثانی کے بھروسہ پر خدا کا نام لے کر اسے ایڈٹ کر دیا گیا ہے، کام حسب دلخواہ نہیں ہوا، حوالے کی سب کتابیں نہیں ملیں، سفر نے الگ رکاوٹیں ڈالیں، جب تک اصل کتاب چھپے یہ تعارف شاید اہل علم کے لئے دلچسپی کا باعث ہو۔

حیاتِ شبلی

علامہ شبلی رحمۃ اللہ علیہ کے سوانح حیات اور علمی و عملی کارنامے، صفحات ۸۴۶، قیمت مجلد ۱۲ عہ

غیر مجلد ۹ عہ

"منیجر"

تاریخِ یمن کی ایک سطر

از

مولانا ابو الجلال صاحب ندوی

۱۸۳۴ء مین ایسٹ انڈیا کمپنی کے ملازمون کو حضرموت کے حصن غراب پر چند حمیری کتبے دکھائی دیئے، جن کی نقلین اتار کر ہندوستان اور انگلستان روانہ کین، یہ کتبے ۴ ہین، جن مین سے ایک تو صرف ایک طرح کا سامی نقش ہی، تین کتبے حمیری حروف کی تین تحریرین ہین، ۱۸۳۷ء مین جرمن پروفیسر روئیڈجر نے ۱۸۴۱ء مین پروفیسر جے سے نی اس نے اور ۱۸۵۳ء مین ریورنڈ چارلس فارسٹر نے ان کتبات کو پڑھا، فارسٹر صاحب نے اپنی کتاب تاریخی جغرافیۂ عرب مین پوری شرح وبسط کے ساتھ اپنی قرات پیش کی ہے، افسوس ہی کہ جرمن پروفیسرون کے مقالون کا ترجمہ میری نظر سے نہین گذرا، فارسٹر نے جغرافیہ عرب جلد ۲ صفحہ ۳۳۶ مین حاشیہ پر عبرانی حروف مین وہ سطری کتبہ کی ابتدائی دو سطرین روئیڈجر کی قرات کے مطابق نقل کی ہین، اور اُن کا ترجمہ جرمنی مین نقل کرکے لکھا ہے کہ پہلے لفظ کے خوش قسمت استثنا کے ساتھ اس قرات وتشریح کا لفظ تو ایک بھی اصل کتبہ مین نہین ہی، حروف بمشکل ایک دو ہین، پروفیسر جے، سے نی اِس کی بابت یہ بتایا ہے کہ ان کو اس کتبہ مین "شاہ حمیران" کا لفظ ملا ہے اور یہ غلط ہے، ان دونون پروفیسرون کی قرات کا ماحصل یہ بتایا ہے کہ اس وہ سطری کتبہ مین حبش اور حمیر کے تصادم کا ذکر ہے، خود قرات فرما کر یہ دعوی کیا ہے کہ یہ تحریرین قوم عاد کی ہین، اور زمانہ تحریر کا طوفان نوح سے ۵۰۰ برس بعد حضرت یوسف اور حضرت یعقوب کے عہد کو قرار دیا ہے،

پادری صاحب کی قرأت کے مطابق چونکہ کتبہ کے اندر حضرت ہودؑ کا ذکر ہے، اس لئے مسلمان علما نے اُن کی قرأت پر خوشی سے اعتماد کیا، ان اعتماد کرنے والوں میں استاذ محترم مولانا سید سلیمان کی ارض القرآن کی وجہ سے خود میں بھی ایک عرصہ تک تھا لیکن جب تاریخی جغرافیۂ عرب کے مطالعہ کی ضرورت پیش آئی، اور کتبہ کا عکس بچشم خود دیکھ کر پادری صاحب کی قرأت کو پرکھنے کا موقع ملا، تو اُن کی ساری قرأت جعل سازی نظر آئی، اُن کی قرأت پر توہین لیکن کتبہ کے زمانۂ تحریر کی بابت اُن کے استدلال پر ایک نظر ڈال لینا مناسب ہوگا، انھوں نے وہ سطری کتبہ کو جن دلیلوں سے عاد کی قرار دیا ہے، وہ دو ہیں،

۱۔ جن دونوں میں پر امیر معاویہؓ کی طرف سے عبدالرحمان بن الحکم گورنری کرتے تھے، عدن کے دو قلعوں پر دو تحریریں ملیں جن کے منظوم ترجمے نویری نے اپنی کتاب آثار البلاد واخبار العباد (لیڈن جلد ۱۲ ورق ۵۶ د، ۵۷) میں نقل کئے ہیں، وہ سطری کتبہ حصن غراب کا ان میں سے ایک نظم کی اصل ہے، نویری نے ان قلعوں کو جن پر یہ تحریریں منقوش تھیں، عاد کا قلعہ بتایا ہے لیکن پادری صاحب کو شاید یہ علم نہیں کہ عرب کی بول چال میں کسی چیز کو عادیہ کہنے کے معنی صرف "نہایت قدیم" کہنا ہوتے ہیں، ہمیشہ یہ بتانا مقصود نہیں ہوتا کہ یہ چیز اس قوم کے زمانہ کی ہے، جس کی طرف حضرت ہود علیہ السلام کو خدا نے اپنا پیغمبر بنا کر بھیجا تھا، اور جسے بادِ سموم بھیج کر ہلاک کر دیا گیا،

۲۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ کتبہ نمبر ۴ کا مضمون یہ ہے کہ حصّوں میں تقسیم کیا، دائیں سے بائیں لکھا، نقطے لگائے، اس ترانۂ فتح (یعنی کتبہ نمبر ۱) میں سرشؔ اور وزرعانے، بیدھا اور شکار کیا، اور سیاہ رو کیا، عوصؔ نے فرزندان عک کو" اور عوصؔ بن ارم ہی کو اہلِ عرب عاد کہتے تھے،

اس ترجمہ میں ایک فقرہ ایسا ہے، جو قرأت کو غلط ثابت کرنے کے لئے کافی ہے، وہ ہے "دائیں سے بائیں لکھا، اگر دستور یہی تھا تو اُسی لکھنے کی اور اگر یہ دستور نہ تھا تو نیا ڈھنگ اختیار کرنے کی حاجت نہ تھی

عہد یوسف کا کتبہ قرار دینے کی بھی دو دلیلیں ہیں ایک دلیل تو یہ ہے کہ اس کتبہ میں عک بن عدنان کا ذکر ہے، جو حضرت یوسفؑ کا معاصر تھا، دوسری دلیل یہ ہے کہ نویری کے ایک کتبہ میں عہد یوسف کے قحط کا ذکر ہے، یہ دونوں دلیلیں سخت مجروح ہیں،

عک بن عدنان کو حضرت یوسفؑ کا معاصر اس دلیل سے قرار دیا ہے کہ حضرت اُم سلمہؓ سے مروی ہے کہ عدنان کی بابت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ اود بن زند بن ایبری بن اعراق الثری کا فرزند تھا" اور حضرت اُم سلمہؓ نے فرمایا کہ زند نام تھا ہمیسع کا ایبری سے مراد نبت ہے، اور اعراق الثری حضرت اسماعیلؑ تھے، (الروض الانف) اس روایت کو نقل کئے بغیر پادری صاحب فرماتے ہیں کہ ام سلمہؓ کی حدیث کے مطابق معد اور اسماعیلؑ کے درمیان صرف چار پشتیں گذریں، ان پشتوں کی عمریں معمولی اور یوسف و یعقوب علیہما السلام کی طویل عمریں فرض کرکے زمانہ ایک کردیا حالانکہ یہ نسب مختصر ہے، حضرت مسیحؑ کے معاصرین ان کو ابن داؤد کہتے تھے، اسی طرح عرب کے لوگ بھی نسب ناموں میں صرف معروف اکابر کے اسماء محفوظ رکھتے تھے، معد بن عدنان اور حضرت ابراہیمؑ کے درمیان بہ پشتیں گذریں، جناب معد بخت نصر کے معاصر تھے، اس پر مورخین عرب کا تقریباً اجماع ہے،

دوسری دلیل بھی پوچ ہے، نویری کے منظوم ترجمہ میں قحط کا ذکر تو ہے لیکن قحط یوسف کا ذکر نہیں ہے، یہ ثابت کرنے کے لئے کہ عہد یوسف کا قحط یمن پر بھی اثر انداز ہوا تھا، ایک اور کتبہ کی روایت نقل کی ہے جس میں یمن کے قحط کے ساتھ حضرت یوسفؑ کا بھی ذکر ہے، فرض کیا کہ یہ روایت صحیح ہے، مگر اس سے یہ کہاں ثابت ہوگیا کہ نویری کی نظم میں عہد یوسف ہی کے قحط کا ذکر ہے، نویری کے جن شعروں میں قحط کا ذکر ہے، وہ یہ ہیں کہ

فعشنا بهذا القصر مبتهج احقب	باطيب عيش جل عن ذكره الوصف
فجاءت سنون محدبات قواحل	اذا ما مضى عام اتى آخر يقفو

اُس قصر مین، حقبون تک ہم آرام سے رہے، ایسا آرام جس کی تعریف ضروری نہین، پھر پے در پے کئی برس قحط و خشک سالی کے آئے"

عربی مین حقب اسی برس کی مدت کا نام ہے، جو ایک شخص کی طبیعی عمر خیال کی جاتی تھی، سات حقب کے معنی ہین ۹۸۰ برس، اگر یہ قحط حضرت یوسفؑ کے زمانہ کا تھا تو وہ قوم جس کے کاتب نے یہ تحریر لکھی حضرت یوسفؑ کے زمانہ سے ۴۵۰ برس قبل سے یہان آباد تھی، عوس و عمک کی لڑائی اب سے تین چار سو برس قبل کا واقعہ ہوگی لیکن پادری صاحب نے حقب کا ترجمہ برسون کرکے اپنی دشواری حل کرلی ہے،

وہ روایت جس کی بنا پر عہد یوسف کے قحط کو مین پر بھی اثر انداز دکھایا ہے، یہ ہے کہ ابن ہشام نے کہا کہ سیلاب سے یمن مین ایک قبر کھل گئی، جس مین ایک عورت پڑی تھی، جس کے گلے مین موتیون کے سات ہار تھے، پاؤن اور ہاتھون مین سات سات بازوبند اور کنگن اور پازیب تھے، ہر انگلی مین قیمتی جواہر جڑے ہوئے چھلے تھے، اس کے سر کے پاس مالامال ایک تابوت تھا، اور ایک لوح پر لکھا ہوا تھا،

باسمك اللّٰھمّ الحمیر	اے میرے خدا خدائے حمیر تیرے نام سے
انا تاجر بنت ذی شَفَر	مین ہون ذوشفر کی بیٹی تاجر (یوسف
بعثت (ما یرنا الی یوسف فبطأ	کے پاس مین نے اپنا خادم بھیجا، جس نے
علینا فبعثتُ) لاذتی (بعد من	لوٹنے مین دیر کی تب) مین نے اپنی
ورق التا تینی بعد من طحین	لونڈی کو بھیجا کہ (ایک مد چاندی
(فلم تجد لا فبعثت) بعد من	دے کر) میرے لئے ایک مد آٹا لائے
ذھب فلم تجد لا فبعثت)	(مگر اسے نہین ملا، تب مین نے ایک مد
بعد من بحری فلم	سونا دے کر بھیجا، مگر اُسے نہین ملا،

تبجد کہ (فاھرت بھ — تب مین نے اسے بھیجا کہ) ایک مد موتی
فطحن فلم انتفع بہ) فاثقلت — کے لئے (خریدلائے) مگر اس کو دستیاب نہ
فمن سمع بی فلیرحنی وایتہ — ہوا (تب مین نے حکم دیا کہ اسے پیسا جائے
امراۃ لبست حلیا من حلیی — مگر میرے لئے مفید نہ ہوا) تب مین نے
فلا ماتت الا میتتی، — پھانک بند کرلئے تو اب جو بھی میرا حال
سُنے مجھ پر رحم کرے، اور جو عورت بھی
میرا کوئی زیور پہنے اسے میری ہی[۴]

میری قرأت کے مطابق حصن غراب کا کتبہ نمبر ۳ چونکہ اسی کتبہ کے ذو مراثد کا ہے، اور کتبہ نمبر ۱ مین اس کے بھتیجے ذو شرح کا نام ہے اس لئے اس کتبہ کا زمانہ اور حصن غراب کے کتبون کا زمانہ تقریباً ایک ہے، اس لئے اس بیان کے نقائص کی طرف خاص توجہ دلانا چاہتا ہون،

پادری صاحب کی نقل کردہ روایت مین قوسین کا اضافہ مین نے کیا ہے کیونکہ قوسین کی درمیانی عبارتین راویون کا اضافہ ہین، بار بار چاندی، پھر سونا، پھر موتی بھیجنے کا ذکر محض مبالغہ در مبالغہ ہے، موتی پیسنے کے تذکرہ نے اس مبالغہ کو قطعی جھوٹ بنا دیا ہے، کسی زمانہ مین انسان روٹی پکاکر کھانے کیلئے موتی پیسنے کا تصور نہین کرسکتا تھا، روایت کے اس نقص پر پادری صاحب کی نظر نہین پڑی، البتہ ایک دوسری دشواری نظر آئی جس کا اُن کے دماغ سے باہر وجود نہین، کتبہ کی موجودہ شکل یہ بتاتی ہے کہ تاجر کا جو آدمی حضرت یوسفؑ کے پاس گیا تھا، اس کے لوٹنے سے پہلے اس نے بازار مین بار بار اپنی لونڈی کو بھیجا تھا، لیکن پادری صاحب کے دماغ مین یہ بات آئی کہ حضرت یوسفؑ نے تاجر کے ساتھ اچھا برتاؤ نہین کیا، یہ بات اُن کے دل مین کھٹکی، مگر سیاسی اغراض پر اخلاق قربان کرنے کی یورپی عادت نے اس کھٹک کا یہ جواب تصنیف کیا کہ

"یوسف کا حصہ اس کارروائی مین یقیناً وزیرانہ تھا، موسوی تاریخ سے ایسا نہین معلوم ہوتا کہ یوسف کے اخلاق بحیثیت خادم خدا اور اُن کے فرائض بحیثیت وزیر اعظم مصر مین کوئی تضاد تھا، ہم دیکھتے ہین کہ انھون نے ایک سیاس کی طرح اہلِ مصر کی بدقسمتی سے استفادہ کیا، فرعون کے لئے پہلے اُن کے مویشی کو پھر ان کھیتون کو پھر خود انھین خرید لیا بالفاظ دیگر محدود ملوکیت کو غیر محدود ملوکیت مین تبدیل کر دیا، اپنے بادشاہ کی خدمت کے لئے جو سلوک اہلِ ملک کے ساتھ روا رکھا، اہلِ یمن کے ساتھ بھی اسی قسم کا انھون نے سلوک کیا"

ہم کو پادری صاحب کی یورپ زاد طبیعت سے اس بات کی قطعی توقع تھی کہ حضرت یوسفؑ تو کیا "خداوند" کا بھی ایسا کیر کٹر تجویز کرنے پر وہ تیار ہون گے، جو غیر اقوام کے ساتھ لاانتہا برتنے کا روادار ہو، لیکن اس کی امید نہ تھی کہ بائبل کے ایک بڑی عالم ہونے کے باوجود حضرت یوسفؑ کو محض وزیر مصر سمجھین گے حالانکہ توراۃ مین صاف مذکور ہے،

ویوسف هو الحشليط عل	اور یوسف ہی اس ملک کا
هالص (تکوین ۴۲-۴۶)	سلطان ہے،

حضرت سلیمانؑ کے وقت سے حساب لگائیے، تو یوسفؑ اور سلاطین کا زمانہ بالکل ایک ہوتا ہے صرف چند برسون کا فرق ہے،

اصل یہ ہے کہ پادری صاحب نے روایت کا جو ورژن نقل کیا ہے، اس مین سے صرف اسی قدر صحیح ہے جس قدر ہم نے قوسین سے باہر لکھا ہے، اسی کتبہ کو اصل حمیری الفاظ بین الکلیل مین ہمدانی نے نقل کیا ہے کہ ایک قبر کی لوح پر مکتوب ملا تھا کہ

انا دیباجہ بنت نوف ذی شفر[1] بن ذو مرثد فهلك لا دی

امت عبدی

[1] نشوان نے اس کا ذکر ش ق ر کے مادہ مین کیا ہے،

شمرلی مند دوطحین بمندی بجری قد وسنه لی فاعتفلت
اشترلی مد بد لولو فم یجد اقفلت
معیری فمن سمع بی فیلحونی فایما اتیته لبست حتی لیکون
الباب امراۃ حلی
موتها مثل جنح موتی،

"میں ہون ذومرثد کے بیٹے، نوف ذوسفر کی بیٹی دیباجہ مین نے اپنے چھوکرے سے کہا کہ میرے لئے ایک مد موتی کے بدلے ایک مد آٹا خرید لا، مگر اُس نے اسے میرے لئے نایاب[1] پایا، پھر مین نے اپنا دروازہ مقفل کر لیا، تو اب جو بھی میرا حال سُنے، مجھ پر رحم کرے، اور جو عورت میرا کوئی زیور پہنے میری ہی موت مرے"

اصل حمیری الفاظ کے نیچے جو عربی الفاظ ہین وہ ہمدانی سے ماخوذ ہین، ایک لفظ فیلحونی کا ترجمہ ہمدانی نے نہین بتایا، سابق روایت مین اس کی جگہ فیلرحمنی ہے، ایسا نہ ہوتا تو مین اس کا ترجمہ "مجھ سے نفرت کرے" کرتا، کیونکہ وحر کے معنی عربی مین کینہ رکھنے کے ہین،

دیکھو اصل حمیری عبارت مین نہ تو حضرت یوسفؑ کا نام ہے، نہ بار بار چاندی سونا پھر موتی لے کر آٹا خریدنے کی کوشش کا ذکر ہے، نہ موتی پیسنے کا تذکرہ ہے، یہ تمام باتین بعد کے قصاصون کا اضافہ ہین، اور امور کے اضافے اس روایت مین کیسے مل گئے؟ اس سوال کا جواب ہمارے موضوع سے خارج ہے، حضرت یوسفؑ کے ذکر کی وجہ کتبہ کا لفظ "فاعتفلت" ہے، اعتفاد کے معنی ہین گھر کا دروازہ بند کر کے بھوکون مرجانا، نشوانؔ نے لکھا ہے،

الاعتفاد بلغۃ حمیر اغلاق	حمیر کی بولی مین اعتفاد یہ ہے کہ آدمی
الرجل علیہ باب دارہ لایخرج	اپنے گھر کا دروازہ بند کرلے پھر مرہی
منها حتی یموت وکانوا یفعلون	کے نکلے، ایسا حضرت یوسفؑ کے برسون

---

[1] یہ ترجمہ تفسیر ہمدانی اور روایت سابق کے مطابق ہو تو ٹھیک۔ ترجمہ ہو اُس نے میرے لئے بدبودار پایا،

ذلك وقت انقطاع الحب مِنّی — مین کیا جاتا تھا تاکہ سوال کی بے غیرتی

الیمن فی سنی یوسف علیہ السلام — سرزد نہ ہو، پھر دعورتون نے ادھار

تکبرا عن السؤال حتی سن السلف — لین دین کی ریت رائج کی،

اھل تان منھم (صفحہ ۳)

لفظ اعتقاد کی اس تشریح نے قصہ مین حضرت یوسفؑ کا نام ڈال دیا، ورنہ جس عورت کا ذکر ہے، اس کا نسب نامہ بتاتا ہے کہ وہ حضرت یوسفؑ کے عہد سے سیکڑون برس بعد گذری ہے "سنی یوسف" کہنے کا مطلب صرف "نہایت سخت قحط کے ایام ہین"، جس طرح ہندوستان کی عورتین فقر و فاقہ کے وقت کو پیغمبری وقت کہتی ہین، اسی طرح شدید قحط کے ایام کو سنی یوسف کہا جاتا تھا، "سنی یوسف" کی بجائے "ایام یوسف" ہوتا تو بھی مطلب یہی ہوتا کہ ایسا دستور عہد یوسف ہی مین تھا کبھی اور نہین تھا، لفظ اعتقاد کی اس تشریح نے حضرت یوسفؑ کے ذکر کی طرح روایت کے الفاظ مین تو نہین مگر پڑھنے والے کے تصور مین قحط کو بھی جگہ دی رکھی ہے لیکن کتبہ مین قحط کا ذکر کہین نہین ہے جس کا ترجمہ لم یجد کیا گیا ہے، وہ ہے،

قد وسنه لی

یقیناً اُس نے واسن پایا اس کو میرے لئے

"میرے لئے" کے الفاظ بتاتے ہین کہ خاص کر دیباجہ بنت نوف کے لئے "اٹاء واسن" تھا، سب کیلئے نہین "قد وسنه" کا صحیح ترجمہ لم یجد کی بجائے قد وجد کا واسنا ہے، صاحب صراح نے لکھا ہے:-

وسن الرجل غشی علیہ من — یعنی آدمی کنوئین کی بدبو سے بیہوش

نتن البئر مثل اسن" — ہو جائے تو کہا جائے گا وسن جس طرح

کہا جاتا ہے اسن،

اس سے معلوم ہوا کہ اَمسُن اور وَسُن دونون کے معنی بدبو تھے، بدبودار پانی کو عربی میں واسن آسن اور آجن کہا جاتا ہے، دیباجہ کے خادم کو آٹا ملا تھا، مگر بدبودار،

اس کتبہ مین جس عورت کا نام ہے وہ تاجہ نہین، تو دیباجہ خود تھی، یہ نام کتبہ کا عہد بتانے کے لئے کافی ہین، دونون نام ہین فارسی، اس لئے اس کتبہ کا زمانہ وہ قرار دینا چاہئے، جب کہ ایرانی تاجدارون کا طوطی بولتا تھا،

دیباجہ یا تاجہ کے باپ کا نام پادری صاحب کی منقولہ عبارت مین ذوشفر ہے، اکلیل مین ذوسفر چھپا ہے شمس العلوم مین ذوشقر ہے، لیکن ایک کتبہ کا عکس میرے سامنے ہے، جسے مین نے ابھی حل نہین کیا ہے، اس مین یہ نام ذوسقر ہے، سقر کے معنی ہین آگ قرآن پاک کی بدولت اب تو ذوسقر کا مطلب جہنمی ہے لیکن ظاہر ہے کہ کوئی شخص اپنا نام جہنمی نہین رکھ سکتا تھا، یہ کتبہ ایسے زمانہ کا ہے جب ایران کی مجوسیت نے یمن مین قدم جما رکھا تھا، اور آتش پرستی رائج ہو چکی تھی ذوسقر آتش خانہ کا رئیس تھا،

عام طور پر مورخین کو یہی معلوم ہے کہ ایران کا اثر یمن پر ظہور اسلام سے دس بارہ برس پہلے پڑا، لیکن کتبات یمن سے غفلت کا نتیجہ یہ خیال ہے،

وہ سطری کتبہ کے بائین حاشیہ پر چھٹی اور ساتوین سطر کے ہاین کے سامنے حسب ذیل نقوش ہین، ×۲۲۲

یہ ایک مہمل لفظ ہے، لیکن نبوسام مین نامعلوم زمانہ سے حروف کو اعداد اور برسون کے عددی اسماء کی طرح استعمال کرنے کا رواج تھا، ×۲۲۲ کو تہک ۴۲۵ پڑھنا چاہئے، کاف کے نیچے گول گول جو نقطے ہین، وہ عربی عقد انامل کی دسوین گرہ کی شکلین ہین، عربون نے عشراتی طریق حساب کو ایجاد کیا، تو اسے اکائی کے دائین رکھ کر (اکائی × ۱۰) کا مرادف بنا دیا، اور لامحدود حد تک

گنتیان لکھنے کا سہل طریقہ رائج کر دیا، فنیقی مین ۰۰ کے معنی ۴۰ ہین، اور ۰ کے معنی بیس، مگر عربون کے نزدیک عشراتی طریق کے رواج سے پہلے ۰ کے معنی ۱۰ تھے، اور ۰۰ کے معنی ۲۰، اس لئے ۲۰×۲۰ کے معنی ہوے ۴۰۰ حمیری یہ کتبہ یا کتبہ کے اندر مذکور واقعہ کا سال ہے، حمیری سن کی ابتدا ۱۱۵ ق م سے ہوتی ہے، اس لئے دو سطری کتبہ کا زمانہ ۳۳۰ء اور تین سطر والے مختصر کتبہ حصن غراب کا زمانہ اس سے کچھ پہلے اور دیباجہ یاتاجہ کا زمانہ اس کے کچھ عرصہ بعد ہونا چاہئے،

"خاندان ذومراثد" کا نسب نامہ نشوان کی شمس العلوم سے نقل کیا جاتا ہے، نشوان خود کو اسی خاندان کا بتاتا ہے،

بریل ذو سحر

شرحبیل	مرثد ایلفع	حسان ذومراثد
۳۳۰ء ذوشرح	(کتبہ نمبر احصن غراب)	نوف ذوسقر
ہدہاد		دیباجہ یاتاجہ
۳۴۵ء بلقیس		

یمن مین بلقیس نام کی کئی خاتونین گذری ہین، سب کو ایک مین ملا کر قصہ گویون نے ہر بلقیس کو عہد سلیمان کی بلقیس بنا دیا ہے، نشوان نے بھی اسے عہد سلیمان کی بلقیس قرار دیا ہے، لیکن ایک بلقیس وہ تھی جس کے باپ ہدہاد کو ۳۴۰ء مین حبش کے نجاشی علی اسکندری نے اور ۳۴۵ء مین علی عمیدہ نے شکست دی، جس کے بعد ایزانا اس نجاشی ہوا جس کا ایک کتبہ پڑھا جا چکا ہے، جس مین وہ خود کو حبش کے علاوہ یمن کا بھی بادشاہ بتاتا ہے، (تاریخ العرب قبل الاسلام جرجی زیدان وارض القرآن)

اکلیل مین دیباجہ یاتاجہ بنت ذوسقر کی پھوپھی کا بھی ایک کتبہ مذکور ہے، جس کی عبارت حسب ذیل ہے،

انا شمعه بنت ذی مراثد کنک اذا

مین شمعہ بنت ذی مراثد ہوتی تھی جب

وحمک اول فالقشم من ارض

پیٹ سے لایا جاتا خریف کا میوہ زمین

الھند بطله زاھدا

ہند سے مزے کا تازہ (اکلیل ص۱۹۲ ج۲)

مشکل الفاظ کی تشریح ہمدانی نے خود کر دی ہے،

پھوپھی کا یہ حال تھا بھتیجی کا یہ حال ہوا کہ موتی لے کر لونڈی آٹا خریدنے کو گئی مگر

خذ وسنه لی

یقیناً بدبودار پایا میرے لئے

ایسا کیوں ہوا؟ اس سوال کا جواب وہ سطری کتبہ کا مضمون دے گا،

ارض القرآن حصہ اوّل

عرب کا قدیم جغرافیہ، عاد، ثمود، سبا، اصحاب لایکہ، اصحاب الحجر، اصحاب الفیل کی تاریخ، اس طرح لکھی گئی ہے، جس سے قرآن مجید کے بیان کردہ واقعات کی یونانی، رومی۔ اسرائیلی لٹریچر اور موجودہ آثار قدیمہ کی تحقیقات سے تائید و تصدیق کی ہے،

ضخامت ۳۲۴ صفحے قیمت ہے

"منیجر"

ادبیات

درسِ حیات

از

از جناب شفیق صدیقی جونپوری

ستم وہ نازک مزاج نکہت جو پھولوں کے گود مین پلی ہو
اسی کو موجِ ہوا چمن سے نچھا کے زنجیر لے گئی ہو

اگر صداقت کے ساتھ آئو تو نظمِ نو سے مجھے خوشی ہو
کہ میری تہذیب زندگی کے ہر ایک سانچے مین ڈھل گئی ہو

ذرا سنبھل جائے موج مغرور جس کی رفتار مین کجی ہو
کہ ایک بیباک آندھی میرے سفینے مین سو رہی ہو

وہی حقیقت سے باخبر ہے وہی علمدارِ زندگی ہو
جو وقت کے ساتھ ساتھ بھی ہو جو وقت پر سخت گیر بھی ہو

یہ وقت کا انتقام بھی ہو یہ زندگی کا پیام بھی ہو
کہ آج خسرو کی سر کی ٹوپی کلاہ مزدور بن گئی ہو

نہ ہوگا طوفانِ ابر و باراں سے سر و بازار رنگ و نکہت
کہ آتشِ گل تری حرارت چمن کے سینے مین آج بھی ہو

خودی کا اپنی جو لے سہارا تو ہو وہ تنکا بھی ہم کو پیارا
ہو جس پہ یہ راز آشکارا کہ ہر تلاطم مین زندگی ہو

فضا معطر ہوئی تو کیا جب چمن کی مٹی کو بوئے بخشی
کہ شاخِ گل تیری پتی پتی زمین کے خون سے بنی ہو

کیے جو شبنم نے جھک کے سجدے تو پائی پرواز کی بلندی
جو گرم سورج نے سر اٹھایا تو ہر کرن منہ کو جل گئی ہو

ٹھہر کہ اے چاند جس نے بخشا ہے تجھ کو محبوبیت کا رتبہ
اسی پرندے کے آشیان سے دور تر تیری چاندنی ہو

بہم جو سرگوشیون مین پہیم ہین راز کی باتین چھپ چکے ہین
حریف کو ہو رہا ہے دھوکا کہ اپنی آواز دب گئی ہو

تری تباہی ہو موت کا خوف روحِ ایمان کھو نہ بیٹھے
تری دعا ذن کی جنبش لب سے موت بالین سے پھر گئی ہو

سحر کے دیوانے جھومتے ہین کہ صبح کا قافلہ ہے نزدیک
مگر ستارے سکوت مین ہین کہ چاندنی رات ڈھل رہی ہے

فلک سے کہدو کہ آشیان کے قریب اب بجلیان نہ آئین
کہ ایک خوابیدہ نوجوانی چمن مین کروٹ بدل رہی ہے

چلو اگر سیر گلستان کو تو دیدۂ امتیاز بھی ہو
بہار بھی شانہ کر رہی ہے خزان بھی گیسو سنوارتی ہے

حجاز کے میر کارواں نے شفیق کو داد دی یہ کہکر
کہ اس حدی خوان نے نہ بدلی ہزار منزل بدل گئی ہے

غزل

از

جناب سید شاہ ولی الرحمن صاحب ایم۔ اے۔ آرہ

قلب و نظر کو دے جلا تیغ خودی کو تیز کر
گوشۂ عافیت سے اُٹھ جرأت رستخیز کر

کوس رحیل بج چکا گرم سفر ہے قافلہ
تلوے فگار ہین تو کیا اور قدم کو تیز کر

قلب حقیقت آشنا فکر مجاز تا کجا
چھوڑ دربتان کو چھوڑ سوے حرم گریز کر

خطرے مین گر ہے بوستان زد پہ اگر ہے آشیان
برق و شرر سے ڈر نہ جا حوصلہ ستیز کر

زیست کا لطف کیا ولی گر نہ ہو سوز عاشقی
قلب و جگر کو کر تپان چشم کو اشک ریز کر

مطبوعاتِ جدیدہ

تاریخ انقلابِ عالم جلد اول مؤلفہ جناب سید ابو سعید صاحب بزمی، تقطیع بڑی ضخامت ۵۴۰ صفحے، کاغذ، کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد دس روپے، پتہ:- کتب منزل کشمیری بازار لاہور،

انسانی تاریخ کے آغاز سے اس وقت تک دنیا میں خیر و شر، تعمیر و تخریب، روحانیت و مادیت اور اخلاق و نفس پرستی کی کشمکش برابر جاری ہے، اور دنیا کے سارے مذہبی و اخلاقی، سیاسی و معاشی، عمرانی و سماجی انقلابات اسی کا نتیجہ ہیں، شر کی طاقتیں اپنے جاہ و اقتدار اور ہوا و ہوس کے لئے انسانی الوہیت، طبقاتی تقسیم، بلند و پست، حاکم و محکوم، ملوکیت و بادشاہت، جمہوریت و آمریت، قومیت و وطنیت، اقتصادیات و معاشیات حتی کہ غلط مذہب تک کے پھندے بناتی رہیں، اس کی اصلاح کے لئے انبیاء و رسل، صلحا و اخیار اور مفکرین و مصلحین سچی خدا شناسی، اخلاق و روحانیت اور انسانی اخوت و مساوات کا درس دیتے رہے، دنیا کے تمام بڑے بڑے انقلابات خیر و شر کی اسی کشمکش کا نتیجہ ہیں، اردو میں قوموں اور ملکوں کی تاریخوں کی کمی نہیں لیکن مذکورہ بالا نقطۂ نظر سے دنیا کے انقلابات اور ان کے اسباب اور اثرات و نتائج پر کوئی مستقل کتاب نہیں ہے، زیر نظر کتاب اسی نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہے اس میں لائق مولف نے انسانی تاریخ کے آغاز یعنی اس دور سے جب انسان مظاہر فطرت کی پرستش کرتا تھا، اور دنیا دی بادشاہ خدائی کے مدعی تھے، خیر و شر کی پہلی کشمکش بابل و قابیل کی جنگ سے اس دور کی ہابیلی و قابیلی کشمکش، گذشتہ جنگِ عظیم کے خاتمہ تک عرب، عراق، شام، فلسطین، مصر، ترکی، ایران، افغانستان، طرابلس، مراکش، تونس، فرانس، جرمنی، اٹلی، روس اور امریکہ وغیرہ کے پرانے مذہبی و سیاسی نظاموں، ان کے مذموم اثرات، انبیاء علیہم السلام اور مفکرین و مصلحین کی

تعلیمات کے انقلاب انگیز نتائج، یورپ کے قرونِ مظلمہ کے حالات، اسلام کا ظہور اس کے عالمگیر اثرات یورپ کی نشأۃ ثانیہ، نئے علمی افکار و تصورات، صنعتی دور کا آغاز، موجودہ دور کے سیاسی و معاشی نظریات وغیرہ کے اسباب و علل اور اُن کے اثرات و نتائج کی پوری تفصیل بیان کی ہے جس سے دنیا کے انقلابات کا پورا نقشہ سامنے آجاتا ہے، اردو مین اس موضوع پر یہ پہلی جامع کتاب ہے، اور اپنے مفید معلومات کے لحاظ سے ہر پڑھے لکھے شخص کے مطالعہ کے لائق ہے، طرزِ تحریر دلکش اور انشا پردازانہ ہے، اس کی دوسری جلد مین انگلستان، امریکہ، اسٹریلیا، جاپان، چین، انڈونیشیا، فلپائن، انڈوچائنا، سیام، ملایا، وسطی و جنوبی افریقہ اور ہندوستان و پاکستان کے حالات اور جنگِ عظیم کے بعد کے انقلابات کی تفصیل ہوگی،

اسلام کے عالمگیر اصول مترجمہ جناب سید احمد حسن صاحب نقوی، تقطیع اوسط، ضخامت ۲۶۲ صفحے کاغذ کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد سے رتبہ کتاب منزل کشمیری بازار لاہور،

موجودہ زمانہ مین مذاہب کی صحت و صداقت کو بھی علم و سائنس کی روشنی مین جانچا جاتا ہے، اگرچہ ان دونون کے دائرے الگ الگ ہین، اور سائنس کی بہت سے نظریات قطعی اور یقینی نہین، اور وہ برابر بدلتے رہتے ہین اس لئے اُن کو مذہب کی صحت کا معیار بنانا صحیح نہین ہے، لیکن زمانہ کے مذاق کو نہین بدلا جاسکتا اس لئے اس زمانہ مین وہی مذہب قائم رہے گا، جو ہر طوفان کا مقابلہ کرسکے، اور ہر دور کی ضروریات و مشکلات کا حل پیش کرسکے، جس سے اکثر مذاہب اسلئے قاصر ہین کہ اُن کی تعلیمات وقتی اور محدود ہین، اور وہ بھی زمانہ کے ہاتھون مسخ ہوچکی ہین، صرف اسلام ایک ایسا مذہب ہے، جو دائمی اور عالمگیر ہے، اور اسکی بنیاد عالمگیر صداقتون پر ہے، اور اسکی صحیح تعلیمات اب تک محفوظ ہین، اس لئے وہ علم و سائنس کا بھی مقابلہ کرسکتا ہے، اور اسکے پاس نئے مسائل کا حل بھی ہے، مصر کے نامور اہلِ قلم فرید وجدی نے جو دینی علوم اور نئے فنون دونون کے فاضل اور نئے مسائل کی روشنی مین اسلامی تعلیمات کے اچھے شارح ہین، اسی نقطۂ نظر سے اسلام کے مختلف پہلوؤن پر متعدد کتابین لکھی ہین، ان مین سے ایک کتاب "الاسلام دین خالدۃ" بھی ہے مذکورۂ بالا

کتاب اسی کا ترجمہ ہے، اس مین دکھایا گیا ہے کہ اسلام کا کوئی عقیدہ اور اسلامی شریعت کا کوئی قانون نہ صرف علم و سائنس اور صحیح عقلی مطالبات کے خلاف نہین ہے، بلکہ وہ علم و سائنس اور انسانی ترقی کا معاون ہے، اس مین زمانہ کے نئے تقاضون اور مسائل کا بھی حل ہے، اس لئے وہ انسانی ترقی کے ہر مرحلہ مین اس کی رہنمائی کر سکتا ہے، آخر مین ان اعتراضون کا جواب ہے، جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور دین اسلام اور جنگ و خونریزی، غلامی، حقوق نسوان، طلاق، تعداد ازدواج، توکل و فقر وغیرہ کے متعلق اسلامی تعلیمات پر کئے جاتے ہین، یہ تمام مباحث عالمانہ ہین، اور اسلامی تعلیمات کی تشریح مین، ان کو مسخ نہین کیا گیا ہے، ترجمہ صاف اور سلیس اور جدید تعلیم یافتہ طبقہ کے مطالعہ کے لائق ہے،

پیام مشرقی از امیر ولایت علی صاحب تقطیع اوسط ضخامت ۱۷۵ صفحے، کاغذ اور کتابت و طباعت معمولی قیمت مجلد:- عاریۃً:- نمبر ۳۲۱، اعظم پورہ روبرو مدرسہ اعزہ حیدرآباد دکن،

مرتب کتاب خاکسار تحریک کے بانی اور امیر عنایت اللہ خان مشرقی کے عقیدتمندون مین ہین، مذکورۂ بالا کتاب مین انھون نے مشرقی صاحب کی تصانیف اور اُن کے مضامین اور تقریرون سے اسلامی تعلیمات کے متعلق اُن کی تشریحات اور مسلمانون کی اصلاح و ترقی کے متعلق اُن کے خیالات کے اقتباسات جمع کر دیئے ہین، کتاب کے شروع مین مشرقی صاحب کے مختصر حالات ہین، اُن کے ذہین اور صاحب علم ہونے مین شبہہ نہین، اُن کے دل مین مسلمانون کا درد بھی ہے لیکن مذہبی علوم مین اُن کی استعداد ناقص، اور دینی بصیرت کی اُن مین بڑی کمی ہے، اُن کے خیالات مین بھی اعتدال و توازن نہین ہے اس لئے اُن کے مذہبی عقائد و خیالات مین حق، و باطل اور حقیقت و خرافات دونون کی آمیزش ہے، اور انھون نے اسلامی تعلیمات کی جو تشریحات کی ہین، اور مسلمانون کی تجدید و اصلاح کی جو تدبیرین بتائی ہین، وہ اگرچہ صحت سے خالی نہین ہین، لیکن اُن کی بہت سی تشریحات خوشنما

جن کو اسلام سے کوئی علاقہ نہین ہے، اس لئے اُن مین نفع کے ساتھ ضرر کا پہلو بھی ہے، پیام مشرق بھی اسی قسم کے متضاد اور مفید و مضر خیالات کا مجموعہ ہے، مرض کے ازالہ کے لئے طریقۂ علاج کی صحت بھی ضروری ہے، ورنہ علاج ہی ہلاکت کا سبب بن جاتا ہے،

قرآنی قاعدہ از جناب مولوی ابو محمد مصلح صاحب تقطیع چھوٹی ضخامت ۳۰ صفحے، کاغذ، کتابت وطباعت معمولی، قیمت فی جلد ۲ر پتہ:- ادارۂ عالمگیر تحریک قرآن حیدرآباد دکن،

دنیا کی بیشتر زبانون کی عبارت صحیح پڑھنے کے لئے اُن کے حروف کے مخارج، اصوات، حروف کی ترکیب کے صوتی تغیرات، حروف زائدہ وصل وفصل، وقف ابتدا، خاتمہ وغیرہ سے واقفیت ضروری ہے، عربی زبان مین اس پر اعراب کا اور اضافہ ہے، اس کے بغیر غیر عربی دان صحیح عربی عبارت نہین پڑھ سکتا، اس لئے عربی مین اعراب سے بھی واقفیت ضروری ہے، گو قرآن مجید کی صحیح قرأت کے لئے اس کی عبارت مین اعراب کے علاوہ اور بہت سی علامتین بھی ہوتی ہین، اس کے باوجود اُن کی عملی مشق کے بغیر صحیح قرأت مشکل ہے، لائق مولف نے جن کی خدمت قرآن محتاج تعارف نہین ہے، اس رسالہ مین ان تمام امور کو تحریر کر دیا ہے، جو قرآن مجید کی صحت قرأت کے لئے ضروری ہین، اس کی مشق سے ایک بچہ بھی آسانی کے ساتھ قرآن مجید کی صحیح قرات کر سکتا ہے، اس مین قرأت وتجوید کے قواعد کے علاوہ تلاوت قرآن کے متعلق اور مفید باتین بھی ہین،

نماز کی پہلی دوسری تیسری اور چوتھی کتاب مؤلفہ جناب عبدالنان صاحب بیدل تقطیع چھوٹی کاغذ کتابت وطباعت بہتر، قیمت تحریر نہین غالباً چارون رسالون کی قیمت عہ ہوگی، پتہ اقبال بک ڈپو پٹنہ،

ان چارون رسالون مین ترتیب کے ساتھ آسان زبان مین نماز کے ضروری مسائل، اسکے فوائد تحریر کئے جو مسلمان بچون کے پڑھانے کے لائق ہین،

"م" POST-GRADUATE